معالجاتِ باہ

المعروف بہ

اَدویاتِ باہ

تالیف و ترتیب

کوی ونود ویدبھوشن

پنڈت ٹھاکر دت شرما وید

ادویات باہ

حصہ اول ودوئم

تالیف وترتیب

کوی ونود وئید بھوشن

پنڈت ٹھاکردت شرماوئید

فیصل انٹرنیشنل دہلی

تمہید

مردوں کی امراض جنسی کی ادویات برصغیر میں جس قدر لوگوں کو معلوم ہیں۔ کتب جس قدر لکھی ہیں دوسرے ممالک کی اگر ساری دنیا کے نسخہ جات کو اکٹھا کیا جائے تو بھی اتنی نہیں بن سکتی ہیں۔ ساری دنیا چند چیزوں کے ارد گرد گھومتی ہے۔ ہمارا یہ ارادہ ہوا کہ ہم بڑی بڑی تمام کتب سے ویسے تمام نسخہ جات کو اکٹھا کر کے ایک کتابی شکل میں لے آئیں اور اسی میں بڑے بڑے وئیدوں، حکیموں سے حاصل کردہ نسخہ جات بھی درج کر دیں یہ ایک ایسی کتاب ہو جائے جس کی پہلے نظیر نہ ہو اور کوئی نسخہ ایسا نہ ہو جو اس میں نہ ہو تاکہ طبیب و مریض دونوں مستفیض ہوں کسی کو پھڑکنے کی ضرورت نہ رہے۔ جیسی دوائی چاہے بنائے استعمال کرے یا کراوے جمع کرنے کے بعد ہم کو معلوم ہوا کہ یہ کچھ ناممکن ہے۔ جب ہی ہم ختم کرنے لگیں تب ہی کوئی اور کتاب مل جائے جس میں اس سے بھی اچھے نسخہ جات ہوں۔۔ کتاب اس طرح سے بہت ضخیم ہوتی گئی۔ آخر ہم کو لاچار اس کو بند کرنا پڑا۔ اب یہ دعویٰ تو نہیں کر سکتے کہ کوئی نسخہ اس کتاب کے باہر نہ ہوگا مگر یہ ٹھیک ہے کہ اس سے پہلے کبھی اتنے نسخہ جات اکٹھے نہیں کئے اور اس حصے میں تمام چھپی کتب اور بے شمار قلمی کتب کے اچھے نسخہ جات لوگوں کے سینوں کے راز سب آگئے ہیں اس کتاب کو دو حصوں میں نکالنا پڑا ہے۔ حصہ اول میں چار بیان اس طرح پر دیئے ہیں۔

۱۔ حلوہ، پاک، معجون، جوارش، رب وغیرہ ۲۔ دوائے غذائے معہ حریرہ جات،
۳۔ حبوب یا گولیاں ۴۔ سفوف یا چورن۔

دوسرے حصہ میں روغن و گھی خوردنی مقوی، کشتہ جات ہیں، شربت، عرق، آسو، ارشٹ، شراب وغیرہ۔ بیرونی استعمال کی ادویہ طلاء ضماد، پٹی، ٹکور، ممسکات، منزلات، مجبلات، مضیقات وغیرہ۔ نیز انگریزی و ہومیو پیتھک نسخے درج کئے گئے ہیں۔

ٹھاکر دت شرما

قوت باہ کے نسخہ جات

بیان اول

نسخہ جات حلوا' پاک' مودک' معجون' اطریفل' جوارش' خمیرہ وغیرہ

ویدک میں پاک کہتے ہیں ایسی معجون کو جس میں ادویات کو دودھ میں پکایا ہو مثلاً کونچ بیج پیس کر دودھ میں پکا کر کھویہ کر کے گھی میں بھون کر یا ویسے ہی کچھ اور ادویات ملا کر صرف اسی کو چینی کے قوام میں یا شہد میں ملا لیا تو اس کا نام پاک ہے' یونانی کتب میں حلوا عام طور پر پاکوں کو ہی لکھا ہے' جب وہ ادویات کو دودھ میں پکاتے ہیں تو ایسی ادویات کو حلوا کہتے ہیں' حلوا آج کل اس دوائی کو بھی کہا جاتا ہے' جو کہ گھی میں بھون کر چینی کی چاشنی ڈال کر بناتے ہیں۔ جیسے کہ بازاروں میں بکتا ہے' جب ادویات پیس کر شہد میں یا شہد و چینی کے قوام میں ملا دیا جاتا ہے' اس کو معجون کہتے ہیں اگر ان ادویات میں ترپھلہ کا بھی جزو ہو تو اس کو اطریفل کہہ دیتے ہیں' جوارش بھی ایک طرح کی معجون ہے' فرق صرف یہ ہے کہ اس کے اجزاء خوش مزہ ہوتے ہیں اور قوام اس کا ذرا سخت رکھا جاتا ہے' معجون میں یہ ضروری نہیں' مودک لڈوؤں کو کہتے ہیں' خوشبودار د خوش ذائقہ ادویات ہوں' اور مانند برفی کے بنایا جائے' اس کو خمیرہ کہتے ہیں' یہ سب آپس میں دراصل ایک ہی ہیں' سب کو ایک ہی جگہ درج کرتے ہیں۔

حلوائے گاجر مقوی باہ

پانچ سیر گاجر سرخ یا نارنجی عمدہ پختہ اول کدوکش سے نکالیں اور بعد ازاں 10 سیر دودھ میں خوب جوش دے کر کھویا تیار کریں' اور 5 سیر چینی کے قوام میں ڈالیں' اور مغز بادام ایک پاؤ' مغز پستہ ایک پاؤ' مغز نارجیل (ناریل) ایک پاؤ' مغز کدو آدھ پاؤ' بج آدھ پاؤ' دانہ الائچی خورد تولہ' ورق نقرہ (چاندی) ایک درجن ملا کر ہر صبح و شام پاؤ ہمراہ ایک پاؤ گائے کے تازہ دودھ کے کھایا کریں' غذا گرم نیز کھٹائی سے پرہیز کریں۔

حلوا مقوی باہ

نافع بصارت و شنوائی' دافع زیادئی بلغم' فلفل دراز پیپل 1 سیر' چینی 1 سیر' جائفل 1 تولہ خشخاش 27 ماشہ' 10 سیر گائے کے دودھ میں جوش دیں اور خشک کر دیں اور کوٹ کر اس کے برابر شہد ملا دیں' ذرا مل کر رکھیں' خوراک 2 تولہ کے قریب صبح کو دودھ سے۔

حلواء نشاستہ

نشاستہ گندم ایک سیر' کھویا آدھ سیر' گھی ایک سیر کے اندر ان کو بھونیں' پھر مصری 2 سیر کا قوام کر کے اس میں مندرجہ بالا دوائی ڈال دیں' اور ساتھ ہی مندرجہ ذیل ادویہ ڈالیں۔

گوکھرو' تال مکھانہ' ثعلب' کونچ بیج' امبلی کے بیج' زیرہ کے بیج موصلی سیاہ ہر ایک 4 تولہ' مغز بادام' مغز کھیرا' مغز پستہ' مغز خربوزہ' مغز ناریل کشمش ہر ایک 5 تولہ۔

خوراک 5 تولہ صبح و شام کھائیں اور اوپر سے دودھ پی لیں یہ جسم انسانی کو مضبوط بناتا ہے دماغ کو مضبوط کرتا ہے اور امراض بیرج کو نافع ہے۔

حلوا مقوی باہ و بے نظیر

سفوف پوست خرما (چھوہارے) 1 ثار' شیر گائے 4 سیر میں پکا کر پکیں' نشاستہ آدھ سیر آرد نخود بریاں آدھ سیر روغن گائے ایک سیر میں بریاں کر کے شکر سفید کا قوام کر کے حلوا بنا دیں اور مغز بادام 4 تولہ' مغز فندق 4 تولہ' مغز چلغوزہ 4 تولہ' مغز پستہ 4 تولہ مغز اخروٹ ہر ایک 4 تولہ ریزہ ریزہ کر کے ملا دیں 4 تولہ نہار کھائیں' اور اوپر سے دودھ پئیں۔

حلواء ماش

دال ماش نیم سیر' دال نخود نیم سیر تین مرتبہ دودھ گائے میں تر و خشک کر کے بعد ازاں روغن گاؤ میش میں بریاں کر کے سب میوہ جات و مصری ہموزن ملا دیں۔ 20 تولہ نہار کھائیں۔

معجون کہ نہایت مقوی باہ ہے اور مقوی معدہ و جگر و قاطع بلغم خام ہے اشتہاء لاتی ہے' درد دنداں و تحلیل ریاح شکم کے بھی مفید ہے اور بقراط نے کہا ہے کہ جو شخص اس معجون کو کھائے' کیونکر محتاج طبیب کا ہوتا ہے

مصطگی رومی 3 ماشہ' لونگ 3 ماشہ' عقرقرحا 3 ماشہ' اگر 3 ماشہ' زردرد یعنی زیرہ گل گلاب 6 ماشہ' سونف رومی ڈھائی تولہ' اجمود ڈھائی تولہ' تخم سویا ڈھائی تولہ' تخم گاجر ڈھائی تولہ' کوٹ پیس کر سہ چنداں شہد سے معجون کریں' بعد پکڑنے مزاج کے استعمال کریں' خوراک 9 ماشہ۔

حلوائے سوہان (سوہن حلوا)

زن و مرد دونوں کے لئے موافق و کثیر الغذا ہے۔ صالح اور گاڑھا خون پیدا کرتا ہے' اور تقویت اعصاب و درد کمر کے لئے نافع ہے۔

گیہوں کو اتنے پانی میں بھگوئیں کہ گیہوں پھول جائے' ورنہ بصورت زیادتی پانی کے گیہوں کی قوت کم ہو جائے گی' اور بعد ازاں اس کو تھیلی میں رکھ کر دھوپ کریں' اور ہر دن تھوڑا پانی اس پر چھڑکیں کہ سبز ہونا شروع کریں' در پھر دھوپ میں خشک کر کے اس کا آٹا بنا دیں' اور نصف یا اس کے برابر گیہوں کا آٹا ملا دیں اور پانی کو جوش دے کر تھوڑا تھوڑا پانی اس پر گرا کر آگ پر پکائیں اور ہلاتے جائیں' یہاں تک کہ آٹا بالکل پک کر گاڑھا ہو جائے' پھر تھوڑا روغن طعام یا روغن تل اضافہ کریں' اور بعد جذب ہونے روغن تل کے شیرا شکر کا یا دو شاب انگور کا بقدر شیرینی کے اضافہ کریں' اور اس قدر جوش دیں کہ روغن جذب شدہ نکلنا شروع ہو جائے بعد ازاں مغز پستہ' مغز اخروٹ مغز ناریل' دار چینی' سونٹھ' پیپل جائفل' لونگ'

گول مرچ ایک ایک مقدار اضافہ کریں کہ ذائقہ موافق ہو۔

حلوائے مقوی باہ

از حد مقوی باہ ہے' بدن فربہ ہوتا ہے' سفید چنے کا آٹا دھلے ہوئے گیہوں کا آٹا ہر ایک 3 تولہ گائے کے گھی میں بریاں کریں اور نصف میں شکر سفید اور نصف میں پانی۔ دیگ میں ڈال کر کفچہ مارتے رہیں' اور نرم آگ پر پکائیں اور مغز بادام پاؤ سیر' زعفران 4 ماشہ مشک تبتی 6 رتی۔ عرق گلاب ایک پیالہ۔ آخر میں اضافہ کریں اور ہر روز صبح کے وقت 4 تولہ استعمال کریں۔

حلوا

کیکر (ببول) کی جڑ کا پوست' خام پھلی' گوند' پھول اور پتے سب کو باریک کر کے ان کے نصف وزن مغز تخم املی ملا دے تمام ادویہ کا وزن 1 تولہ ہونا چاہئے' ماش کا آٹا 2 تولہ بادام روغن 3 تولہ شہد 7 تولہ سب کو بطریق حلوا تیار کر کے 2 تولہ صبح 2 تولہ شام کو کھانا چاہئے۔

حلوا مبہی دافع جریان سرعت و رقت وغیرہ

گری سنگھاڑا خشک 2 تولہ' ثعلب مصری 2 تولہ' بنولوں کی گری 1 تولہ نبات مفید 3 تولہ ان تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر ملا دیں اور علی الصبح ایک چھٹانک گھی میں حلوا بنا کر کھائیں اور سوتے وقت گائے کا دودھ مل جائے تو بہتر ہے ورنہ بھینس کا دودھ گرم گرم پی کر سو رہیں۔ 7 روز میں تمام شکایت جاتی رہیں گی' اور گرم چیز سے پرہیز کریں' مباشرت سے بچیں' اگر دودھ ہضم نہ ہو یا نفخ کی شکایت ہو تو دودھ میں ماشہ دو ماشہ دار چینی ڈال کر گرم گرم پئیں۔

حلوا کہ باہ و پشت و گردہ کو طاقت دے

تودرین خشخاش سفید ہر ایک 9 ماشہ' حب الحلب (کھونی) زنجبیل (سونٹھ) قرفہ (نج) دار چینی' شقاقل ہر ایک ساڑھے چار ماشہ' چرونجی' بوزیدان' جوزم جندم' حب القلقل۔ جنگلی انار دانہ ہر ایک 7 ماشہ' زعفران 17 ماشہ مغز بادام و مغز فندق آرد برنج' شکر سفید ہر ایک 28 تولہ۔ مغز نارجیل' کتیرا' آرد باقلا' آرد نخود در روغن کنجد (تل) ہر ایک 14 تولہ۔ عسل (شہد) 56 تولہ معجون بنائیں۔

حلوائے ثعلب

بھنے ہوئے چنوں کا آٹا 2 تولہ' گیہوں کا معدہ ڈھائی تولہ گائے کا دودھ 3 تولہ۔ پہلے ان تینوں اشیاء کو گائے کے گھی میں بھونیں' اس کے بعد عرق کیوڑہ اور عرق بید مشک میں شکر سفید حل کر کے ملائیں' اور قوام کر کے ثعلب مصری کا برادہ 7 تولہ دار چینی تولہ' مشک عنبر ہر ایک ڈیڑھ ماشہ باریک کر کے شامل کریں' مقدار خوراک 10 تولہ ہمراہ عرق گذر (گاجر)

حلوائے مال کنگنی

تیل مال کنگنی 10 تولہ ' مصری 17 تولہ لے کر عرق بہار نارنج (نارنگی) عرق بید مشک ' گاجر کا پانی ان تینوں عرق میں سے بقدر ضرورت ' پیاز کا عرق 17 ماشہ میں یہاں تک پکائیں کہ قوام تیار ہو جائے ' پھر جائفل ' جوتری ہر ایک ساڑھے چار ماشہ ' زعفران ' مشک ہر ایک 7 رتی گھس کر شامل کریں ' مقدار خوراک ڈیڑھ تولہ یہ دوا باہ کے لیے مقوی ہے۔ منی کی افزائش کرتی ہے۔

معجون محرک باہ جو شدت سے انتشار پیدا کرتی ہے

عقر قرحا ' تخم پیاز ہر ایک 4 تولہ ' تخم شلغم 6 تولہ ' پیپل۔ سیاہ مرچ ' نارجیل ہر ایک 2 تولہ ' تودرین دس ماشہ ' خرول 2 تول ' تخم گذر 4 تولہ ' سیاہ دانہ 14 ماشہ ' پستہ 14 ماشہ پیس کر سہ چند شہد مصفی ملا کر معجون بنا کر رکھیں ' خوراک ایک تولہ صبح و ایک تولہ شام۔

نوٹ: یہ معجون عورت کو نہ کھلائیں ورنہ شدت سے خواہش پیدا ہوتی ہے۔

حلوائے مقوی باہ

اعضائے رئیسہ کے لیے مقوی ہے ' مغز چلغوزہ 10 ماشہ ' مغز بادام ' مغز پستہ مغز اخروٹ مغز ناریل ہر ایک 10 ماشہ مغز بنولہ تولہ سب کو پیس کر گائے کے گھی میں بھون کر شکر سفید کے قوام میں حلوا تیار کریں اور ہر روز 5 تولہ 40 روز تک استعمال کریں ' جماع سے پرہیز۔

حلوائے گذر

منوی اور فربہ کرنے والا ہے ' اعضائے رئیسہ کو بھی طاقت دیتا ہے ' گاجر شیریں سیاہ رنگ چھیلیں اور اندر سے ہڈی علیحدہ کر کے باریک باریک تراشیں اور دودھ میں پکائیں جب کھیر کے شکل ہو جائے تو گھی میں بھونیں اور شکر سفید کے قوام میں ملا کر مندرجہ ذیل دوائیں شامل کریں ' دار چینی ' لونگ ' تخم گاجر عقر قرحا ناریل ہر ایک 1 تولہ زعفران 10 ماشہ پیس کر ملا دیں ' خوراک 3 تولہ ہمراہ گائے کے دودھ کے جس میں چھوہارہ جوش کیا گیا ہو۔ گردہ اور باہ کو بھی مقوی ہے اور افزائش منی کی کرتا ہے۔

حلوائے زنجبیل

مقوی ہے رنگ رخسار صاف کرتا ہے ' سونٹھ پسی ہوئی اس پر لے کر گائے کے گھی میں اس قدر بھونیں کہ سرخ ہو جائے اور گھی علیحدہ ہو جائے ' پھر شہد سفید لے کر سونٹھ مذکور میں ملائیں اور یہ دوائیں پیس کر شامل کریں ' زعفران 3 ماشہ ' عنبر ' مشک ہر ایک 6 رتی خوراک 3 تولہ صبح و شام۔

حلوائے مسوی

یہ حلوا مقوی اور بھوک کا بڑھانے والا اور دائمی کھانسی دور کرنے والا ہے ' ایک مہینہ استعمال کرنے سے 6 ماہ قوت باقی رہتی ہے۔

گائے کا گھی ' شکر سفید ' گوند ببول ہر ایک 3 تولہ ' سونٹھ تولہ ' گوند کو گھی میں بھون کر نیم کوب کر کے شکر کے قوام میں ملائیں پھر سونٹھ مغز بادام مغز چرونجی ہر ایک 2 تولہ ' مغز اخروٹ 2 تولہ پیس کر اضافہ کریں خوراک 3 تولہ روزانہ کھائیں۔

حلوائے بادام

باہ گردے اور اعضائے رئیسہ کا مقوی ہے' ایک سیر گائے کا دودھ جوش دیں' جب تیسرا حصہ جل کر باقی رہے تو شکر سفید آدھ پاؤ ملا کر پکا دیں اور جب قوام اس کا حریرہ کے مثل ہو جائے تو مغز بادام 5 تولہ' مشک 1 ماشہ' عنبر ڈیڑھ تولہ' گلاب ڈیڑھ تولہ' ملا کر داخل قوام کریں' جس وقت کھویہ کی مانند ہو جائے مٹی کے پیالہ میں ڈال کر دیگچہ میں رکھ کر آگ پر رکھیں اور دیگچہ کا منہ تانبے کے ڈھکنے سے بند کر کے آگ جلائیں' جب پک کر سرخ ہو جائے تو تولہ سے 2 تولہ تک کھایا کریں۔

حلوائے انبہ

یہ حلوائے آم باہ کا مقوی اور رجولیت کا بڑھانے والا ہے' میٹھے اور پختہ آم کا شیرہ 3 سیر شکر سفید سیر بھر' گائے کے گھی آدھ سیر'' گائے کا دودھ سیر بھر' شہد پاؤ سیر' سب کو قوام کر کے سونٹھ بہمن سفید' موصلی سنبھل ستاور ہر ایک تولہ' گول مرچ' کلنجن' تیزپات ہر ایک 6 ماشہ ثعلب مصری' مغز بادام شیریں' چوب چینی' مغز تخم خربزہ' شقاقل مصری' سنگھاڑہ خشک خرما ہر ایک 4 تولہ سب کو پیس کر تیار قوام میں ملائیں' خوراک 3 تولہ

حلوائے مقوی باہ

مغز چلغوزہ 2 حصے تخم ترا تیزک' تخم خربزہ ہر ایک ایک حصہ سب کو کوٹ کر گھی میں بھونیں اس کے بعد پیپل' دار چینی باریک کرے اوپر چھڑکیں' پھر شہد بقدر ضرورت ڈال کر حلوا بنالیں۔

حلوائے نخود

چنے لے کے معمولی سادہ پانی یا تازہ دودھ یا ترا تیزک کے پانی یا گوکھرو تر کے پانی میں بھگوئیں جب پھول جائیں تو گائے کے گھی میں کسی قدر بھون لیں' پھر اس کے برابر چلغوزہ کا مغز۔ لے کے کوٹیں' اور ضرورت قدر شہد میں ملا کر کسیقدر مصطگی اور دار چینی داخل کر کے حلوا تیار کرائیں۔ خوراک 2 تولہ۔

حلوائے ماش برائے جریان

ماش کی چھلی دال' گائے کے تازہ دودھ میں بھگوئیں جب دودھ جذب ہو جائے تو سایہ میں سکھائیں' پھر موصلی سفید' تخم املی (جو چنوں کے مانند بھون کر چھیلے گئے ہوں) سنگھاڑہ کا آٹا برابر لے کر سفوف کر کے رکھیں اور ہر صبح بقدر 14 ماشہ لے کر ہمراہ گھی 14 ماشہ' شکر سفید 14 ماشہ ملا کر حلوا بنا کر تازہ تازہ کھائیں۔

حلوائے مقوی

گیہوں کا میدہ 2 سیر' گھی ہموزن بھون کر مغز بادام' مغز پستہ ہر ایک پاؤ سیر کوٹ کر اور گھی میں بریان کر کے دار چینی' جائفل' پستہ نجل' گل گاؤ زبان' گوند ڈھاک' موچرس' مکھان بیدمائیں خورد۔ مائیں کلاں' گل سپاری' دونوں تودری ہر ایک 3 ماشہ' لونگ' دانہ الائچی کلاں' دونوں بہمن کا کڑا سنگی' فوہ' مازو' چھالیا ہر ایک 1 ماشہ' الائچی خورد 14 ماشہ' سب کو کوٹ چھان کر اکٹھا کر کے شکر اس قدر ملائیں کہ مٹھاس کے لئے کافی ہو' اور 7 ماشہ سے 4 تولہ تک استعمال کریں۔

حلوائے آم (آمرپاگ)

نہایت مقوی باہ ہے۔ آم پختہ و شیریں کا رس چھ سیر اس میں 4 سیر مصری ڈالیں اور گھی ایک سیر ڈال کر مٹی کے برتن میں پکا کر گاڑھا سا کر لیں اور چاندی (یا چینی) کے برتن میں رکھیں، اور اس میں یہ دوائیں ڈالیں، سونٹھ، گول مرچ ہر ایک 6 تولہ، پیپل 14 ماشہ، تخم کشنیز خشک (دھنیا) 4 تولہ، زیرہ سیاہ، چرک، پترج، دار چینی، ناگیسر، الائچی، لونگ جائفل ہر ایک 2 تولہ، مشک 4 ماشہ کافور بھیم سینی 6 ماشہ، شہد خالص پاؤ سیر ان سب کو خوب باریک مخلوط کر کے مرتبان میں رکھیں، اور 2 تولہ ہر روز کھائیں۔

حلوائے گاجر

نہایت مقوی باہ ہے، ایک سیر گاجر سرخ رنگ چھیلیں اور ہڈی دور کریں، نیز چھوہارہ آدھ سیر گٹھلی علیحدہ کئے ہوئے، دونوں کو گائے کے دودھ میں پکائیں کہ گل جائے، پھر لکڑی کی اوکھلی میں کوٹیں کہ مثل مرہم کے ہو جائے، بعد اس کے گیہوں کا میدہ اور بھنے ہوئے چنوں کا آٹا ہر ایک 4 تولہ کسی قدر روغن میں بریاں کریں، اور شکر سفید ایک سیر، شہد خالص آدھ سیر کا قوام کر کے گاجر اور چھوہارا اس میں مخلوط کریں، دو تین جوش دے کر آگ سے اتار لیں، اور آپس میں ملائیں بعد اس کے مغز فندق مغز بادام مغز چلغوزہ، مغز ناریل ہر ایک 3 تولہ ثعلب مصری خوشہ خرما گوکھرو (مدبر کیا ہوا) دار چینی، سونٹھ کنجن ہر ایک 10 ماشہ، زعفران۔ مشک خالص ہر ایک 3 ماشہ باریک کر کے اس میں ملائیں، صبح کے وقت 3 تولہ پاؤ سیر دودھ کے ساتھ کھائیں۔

دیگر

گاجر سرخ ایک سیر، چھلکے اور ہڈی سے صاف کر کے چھوہارہ آدھ سیر گٹھلی نکال کر دونوں کو ایک سیر دودھ میں اس قدر جوش دیں کہ خوب گل جائے بعد ازاں آدھ پاؤ بھنے ہوئے چنے کا آٹا گھی میں سرخ کر کے علیحدہ رکھ لیں، مصری 2 سیر شہد خالص آدھ سیر کا قوام کر کے اول اس میں چنے کا 2 چھٹانک آٹا خوب ملا کر گاجر وغیرہ ملائیں اور جوش دیں، گرم قوام پتلا رکھیں زاں بعد فندق، مغز بادام، مغز چلغوزہ، مغز ناریل ہر ایک 3 تولہ، مغز پستہ 2 تولہ، سونٹھ، ثعلب مصری، دار چینی، پان کی جڑھ ہر ایک 9 ماشے، زعفران مشک خالص ہر ایک 3 ماشہ عرق گلاب میں حل کر کے ملا دیں ہر روز 3، 4 تولہ دودھ کے ساتھ کھائیں

حلوائے مقوی

مغز گاجر آدھ سیر۔ مغز سیب 2 سیر، مغز بہی، مغز ناشپاتی ہر ایک ایک چھٹانک، گاجر کے پانی میں جوش دیں، جب گل جائے تو گیہوں کا میدہ پاؤ سیر، روغن زرد ڈیڑھ پاؤ، شکر سفید 3 پاؤ ملا کر بدستور حلوہ تیار کریں اور مغز بادام 3 تولہ، مغز پستہ تولہ، مغز ناریل 2 تولہ باریک کر کے، ثنائے پکانے میں ملائیں، مشک خالص 4 رتی زعفران خالص 3 رتی اضافہ کریں۔

دیگر

گاجر صاف کیا ہوا 2 سیر، شلجم (صاف کیا ہوا) 2 سیر، خرما، منقی (گٹھلی علیحدہ کی ہوئی) کشمش سبز ہر ایک پاؤ سیر، گائے کے دودھ میں پکا کر خوب پیسیں اور 3 پاؤ گھی میں بریان کر کے قوام شکر سفید ایک سیر کا

ال کریں۔

حلوائے سمنک

نہایت مقوی باہ ہے، مغز گاجر سرخ رنگ 3 پاؤ، مربائے سیب مربائے بہی، مربائے ناشپاتی ہر ایک چھٹانک مربائے ادرک 3 تولہ سب کو کوٹ کر گاجر کے پانی آدھ سیر اور گائے کے دودھ ایک سیر میں جوش دیں، جب گل جائے تو مل چھان کر گیہوں کا میدہ پاؤ سیر کو روغن سکہ (گھی) ایک سیر تازہ میں بھون کر سب کو شکر سفید ایک سیر میں قوام کریں اور مغز بادام شیریں 5 تولہ مغز فندق، مغز پستہ، مغز ناریل، مغز چلغوزہ (مغز کدو) ہر ایک 3 تولہ سب کو باریک کر کے اس میں ملائیں اور کفگیر مارتے رہیں، تاکہ روغن کو چھوڑ دے، بعد مندرجہ ذیل دوائیں ملائیں، بہمن سرخ، بہمن سفید ہر ایک 9 ماشہ، شقاقل مصری ایک تولہ، ثعلب مصری 2 تولہ، دار چینی، جاوتری جائفل ہر ایک 6 ماشہ، ستاور موصلی سیاہ، موصلی سفید ہر ایک 1 تولہ کوٹ چھان کر اس میں ملائیں، بعد اس کے عنبر اشہب 3 ماشہ، مشک خالص 2 ماشے، زعفران 6 ماشے تھوڑے سے عرق گلاب میں حل کر کے ملائیں۔

دیگر حلوا مخترع حکیم علوی خان صاحب مقوی باہ

آرد نخود بریاں ڈیڑھ تولہ میدہ گندم ساڑھے سات تولہ، روغن گاؤ میں بریاں کریں، شہد خالص پانچ تولہ، مصری سفید بقدر حاجت عرق گاؤ زبان میں قوام کریں اور دار چینی بادیان بوزیدان ہر ایک ساڑھے چھ ماشہ، شقاقل بہمنین (دونوں بہمن) ہر ایک 9 ماشہ، خولنجان، زنجبیل جائفل، جاوتری، زعفران ہر ایک 10 ماشہ، مایہ شتر اعرابی 7 ماشہ، ثعلب مصری پانچ تولہ، مغز پستہ مغز جوز، مغز بادام مغز چلغوزہ، مغز حب الخضرا (بن) مغز کڑھندی مغز تخم خربزہ، مغز ناریل، ہر ایک ایک تولہ، عنبر اشہب دو ماشہ ملائیں، خوراک ایک تولہ وقت شام

حلوائے نہایت مغلظ

فوفل (سپاری چھالیہ) آدھ پاؤ کوٹ چھان کر شیر گاؤ تین سیر میں جوش کریں اور کفچہ سے چلاتے رہیں، بعد اس کے شکر سفید ایک سیر ملا کر پکائیں کہ قوام ہو جائے پس گرنا زج (مائیں کلاں) عزبہ (مائیں خورد) ہر ایک 3 تولہ، گل سپاری 2 تولہ، صمغ ڈھاک 3 تولہ گل دھاوہ ایک تولہ، بیج بند، مغز خستہ تمرہندی (مغز تخم املی) تال مکھانہ، صمغ عربی (گوند ببول) ہر ایک 3 تولہ کوٹ کر چھان کر اس میں ملائیں۔

دیگر حلوا نہایت مقوی باہ

شیر گاؤ چار سیر، شکر سفید ایک سیر آپس میں ملا کر مثل کھویہ کے پکائیں ستاور، کلیجن شقاقل، اسگند ناگوری ہر ایک 1 تولہ، خرما چھ تولہ، تال مکھانہ دو تولہ، مغز بادام، مغز چلغوزہ مغز پستہ، مغز چرونجی، ہر ایک 3 تولہ باریک پیس کر ملائیں خوراک چھ ماشہ۔

معجون دافع جریان کہنہ و ضعف مثانہ و تقطیر البول

یہ نسخہ اسرار مخفیہ اور کنوز صدریہ سے ہے، نسخہ کشتہ ابرک ایک تولہ لے کر 4 تولہ شیر برگد میں خوب رگڑ کر آمیز کریں اور دو تین چھوہاروں میں بند کر کے ناریل کے دھاگے یعنی ریشہ سے پختہ سی کر

دودھ گائے میں لٹکا کر نرم نرم آنچ دیتے رہیں حتیٰ کے شیر کھویہ ہو جائے" بعد ازاں نارجیل کو نکال کر خرموں کے اندر سے دوا نکال لیں' بقدر نیم ماشہ کھانا شروع کریں' جریان کی جملہ اقسام اور لاعلاج احتلام کے لئے عجیب التاثیر اور کمال سریع الاثر ہے' مجرب ہے۔

ترکیب کشتہ ابرک: طلق سالم ایک تولہ لے کر دودھ گائے میں 7 دفعہ بجھاؤ دیں اور برگ مغیلاں تازہ ایک پاؤ کے نغدے میں لپیٹ کر اوپر اس کے پرانے کپڑے کے ٹکڑے بقدر دو سیر لپیٹ کر 4 سیر اپلوں کی آگ دیں' سرد ہونے کے بعد نکالیں اور یہ کشتہ بغیر بجھاؤ دینے کے بھی برگ مغیلاں کے نغدے میں ایک دو آنچوں میں ہو جاتا ہے۔

حلوا موچرس نہایت مقوی و دافع جریان

زعفران' جائفل' جاوتری' ہر ایک ایک دام دار چینی الائچی خورد لونگ ہر ایک دو دام۔ پختہ سونٹھ' پیپل دراز ہر ایک ڈھائی تولہ' پوست بیخ اونٹ کٹارہ' تال مکھانہ' موصلی سیاہ مجیٹھ' گوند ڈھاک' مغز تخم اونگن ہر ایک نیم پاؤ' مغز ناریل' مغز چلغوزہ' مغز اخروٹ مغز پستہ' مغز بادام ہر ایک پاؤ سیر' آرد موچرس' آرد سنگھاڑہ آرد ماش' گوند ببول آرد مغز تخم کونچ' نشاستہ' گندم شہد خالص ہر ایک نیم سیر روغن گاؤ ایک سیر' شیر مادہ گاؤ۔ مصری ہر ایک 5 سیر' ورق سونا' ورق نقرہ جس قدر ہوں اچھا ہے' دوائیوں کو باریک کر کے شیر و شکر اور روغن کے ساتھ مثل حلوہ کے پکائیں' پس اتار کر اور سرد کر کے ظرف پاکیزہ میں رکھیں' صبح و شام بقدر طاقت کھائیں۔

حلوا بذر تمرہندی (تخم املی)

باہ کو زیادہ کرتا اور امساک پیدا کرتا ہے' تخم املی پوست دور کر کے خوب باریک کریں کہ مثل آرد کے ہو جائے اور پھر روغن میں بریاں کریں اور قند داخل کر کے حلوا کا قوام کریں اور آخر میں قدرے جائفل اور جاوتری' دار چینی' زعفران' لونگ باریک کر کے اضافہ کریں۔

دیگر نہایت مقوی باہ

خرما تخم بر آوردہ آدھ سیر دو چند شیر مادہ گاؤ میں پکا کے پیسیں اور نشاستہ گندم نخود ہر ایک ایک پاؤ سیر خشک بریاں کر کے مخلوط کریں اور آدھ سیر روغن گاؤ میں سب کو بریاں کر کے تین پاؤ شکر سفید کا قوام کر کے حلوہ تیار کریں' مغز بادام' مغز فندق' مغز چلغوزہ' مغز پستہ' مغز اخروٹ ہر ایک 5 تولہ نیم کوفتہ کر کے اس میں ملا دیں۔

حلوائے شکر قند مولد منی و مغلظ منی

شکر قند تازہ خشک کریں اور کوٹ چھان کر روغن اور شکر میں حلوہ کا قوام کریں اور بعض شکر قند بریان کو شکر اور روغن میں ملا کر حلوہ بناتے ہیں۔

حلوا دافع جریان منی و مذی و جریان رطوبت زناں

کافور مرچ سیاہ ناگ کیسر موتھ' پیپل' تج' اجوائن خراسانی' الائچی خورد' جوتری بنسلوچن' صندل سفید' مغز بنار (بیرا جائفل' زیرہ سفید' بیج بند' انجیر' گل نیلوفر مغز بنولہ' مغز تخم نیلوفر' لونگ کشنیز' پہلا مول

ہر ایک 10 ماشہ ' سنگھاڑہ ساڑھے تین تولہ ' ستاور ڈیڑھ تولہ ' کہیلہ 14 ماشہ ' تخم کھرنی 14 ماشہ ' مغز چرونجی 14 ماشہ ' مغز بادام 8 تولہ مغز پستہ 9 تولہ ' مویز منقی 12 تولہ ' سپاری دکھنی کوفتہ آدھ سیر ' مویز منقی کو پہلے شیر گاؤ 5 سیر میں جوش دیں ' پھر سپاری کو کوٹ کر اس میں ڈالیں جب کھویہ ہو جائے روغن زرد ایک سیر میں بریان کریں اور دو سیر شکر سفید کا قوام کر کے بطور حلوا پکائیں ' خوراک 2 تولہ صبح اور 2 تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ۔

حلوائے سیب مقوی باہ و مولد منی

سیب کشمیری 5 سیر صاف کر کے تراشیں اور روغن زرد ایک سیر میں بریاں کریں ' مغز پستہ پاؤ سیر ' مغز بادام پاؤ سیر کو ریزہ ریزہ کر کے نبات سفید 4 سیر کا قوام کر کے بدستور حلوا تیار کریں۔

حلوائے گذر مقوی باہ

گاجر 5 سیر صاف کر کے ریزہ ریزہ کریں اور ایک سیر گھی میں بھونیں ' مغز پستہ پاؤ سیر مغز چلغوزہ پاؤ سیر ' مغز حبتہ الخضر (بن) پاؤ سیر ' مغز اخروٹ پاؤ سیر ' مغز بادام پاؤ سیر ' مغز حب الزلم پاؤ سیر ' مغز نارجیل ' پاؤ سیر ' مغز فندق پاؤ سیر ' مغز چرونجی پاؤ سیر ' شکر سفید تین سیر ' شہد خالص ایک سیر کا قوام کر کے بدستور حلوا بنائیں ' چار پانچ تولہ علی الصبح پاؤ سیر شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں۔

حلوائے ثعلب

آرد نخود 11 تولہ میدہ گندم 11 تولہ آرد باقلا 11 تولہ تینوں کو روغن گاؤ 15 تولہ میں بریان کریں اور مغز پستہ 10 تولہ

مغز فندق 10 تولہ ' مغز چلغوزہ 10 تولہ مغز نارجیل 10 مغز چرونجی 10 تولہ مغز تخم کڑ 10 تولہ مغز حبتہ الخضراء 10 تولہ

مغز بادام 10 تولہ مغز حب الزلم 10 تولہ مغز خربزہ 20 تولہ مغز حب القلقل 10 تولہ مغز بنولہ 10 تولہ ثعلب مصری 10 تولہ

دار چینی 6 ماشہ مصطگی 6 ماشہ خولنجاں 6 ماشہ بہمن سرخ 6 ماشہ بہمن سفید 6 ماشہ شقاقل 6 ماشہ دانہ الائچی کلاں 6 ماشہ جائفل 3 ماشہ

جوتری 3 ماشہ زعفران 3 ماشہ مشک 3 ماشہ عنبر الشہب 3 ماشہ کوٹنے قابل دواؤں کے شکر سفید دو چند کے قوام میں ملا کر بدستور حلوا تیار کریں وغیرہ کو حل کر کے اضافہ کریں ' 4 تولہ صبح اور 4 تولہ شام کے وقت کھائیں۔

حلوا نہایت مقوی باہ

مغز پنبہ دانہ پاؤ سیر عرق پیاز پاؤ سیر ' تیل مال کنگنی ' جوتری آدھ پاؤ ' موصلی سفید ' موصلی سیاہ ہر ایک ایک چھٹانک اول بنولہ کو بریاں کر کے مغز نکالیں ' بعد ستاوری اور موصلی کا سفوف کریں اور نشاستہ کو روغن گاؤ میں بریان کر کے جملہ ادویہ معہ تیل مال کنگنی و قند سفید ڈھائی سیر داخل کر کے حلوہ تیار کریں۔
اس کے استعمال سے نامرد بھی مرد ہو جاتا ہے۔

معجون منشط در تقویت دل و دماغ و قوت باہ بینظیر است

مروارید ناسفتہ، مرجان یشب سبز، کہربا ہر ایک 2 تولہ، ثعلب مصری تولہ، شقاقل 2 تولہ دار چینی، قرنفل، بہمن سرخ، بہمن سفید ہر ایک 4 تولہ، مغز بادام، مغز چلغوزہ ہر ایک 5 تولہ ابریشم، طباشیر، مصطگی، الائچی خورد، آملہ، منقی تخم کشنیز درونج عقربی، پوست اترج گل گاؤ زبان، خشک مربی زراوند مدحرج، بیج بابونہ کستوری ہر ایک 2 تولہ، روغن بھنگ، گل سرخ ہر ایک 2 تولہ، ورق طلاء ورق نقرہ زعفران ہر ایک تولہ تولہ، برادہ صندل سفید 3 تولہ، عنبر 3 ماشہ، مایہ شتر اعرابی 2 تولہ، عرق بید مشک، بقدر حاجت نبات سفید سہ چند بطریق معروف معجون بنائیں، خوراک 2 تولہ تک۔

معجون برائے تقویت باہ و تولید منی از حد مجرب ہے

تال مکھانہ 9 تولہ تودری سرخ، تودری سفید، گوکھرو خورد، گوکھرو کلاں، موصلی سفید موصلی سیاہ، گاؤ زبان ہر ایک 2 تولہ، ثعلب مصری، سمندر سوکھ، اندر جو شیریں، موچرس الائچی سفید ہر ایک ایک تولہ، دار چینی، کباب چینی، سورنجاں شیریں، شقاقل مصری طباشیر سفید ہر ایک 9 ماشہ، چوب چینی 10 تولہ، بہمن سفید 1 تولہ، بہمن سرخ 1 تولہ، بوزیدان 2 ماشہ، مغز پستہ 2 ماشہ، مغز چلغوزہ 2 ماشہ، مغز بادام شیریں 1 ماشہ، نبات سفید سہ چند، اول تالمکھانہ کو شیر برگد میں دوبار تر کر کے سایہ میں خشک کر لے بعد ایک نارجیل کو لے کر اس میں سوراخ کرے اور کل تال مکھانہ کو اندر کر دے اور منہ اس کا خوب مستحکم آٹے سے بند کر دے کہ مثل باٹی کے ہو جائے، تو نرم آگ میں خوب پکائے، جب سرخ ہو جائے تو آٹا علیحدہ کر کے تال مکھانہ نکال کر سفوف کر لے اور نارجیل کا سفوف علیحدہ رکھے، اور سب ادویات کو خوب باریک پیس کر شکر سفید کے قوام میں ملا کر معجون تیار کر لے، خوراک ایک تولہ صبح کھایا کرے، ترشی بادی سے پرہیز کرے۔

لبوب مقوی باہ مجرب

مغز بادام، مغز پستہ، مغز نارجیل، مغز فندق، مغز چلغوزہ، مغز حبتہ الخضراء مغز گردگان ہر ایک واحد ڈیڑھ تولہ، ثعلب مصری، تخم اوتنگن، بہمن، طباشیر، شقاقل کشنیز مقشر، مایہ شتر اعرابی، کبابہ چینی، لسانہ العصافیر، مغز پنبہ دانہ ہر ایک واحد پانچ ماشہ، ریگ ماہی ایک تولہ، روبیاں چھ ماشہ، مشک خالص 4 ماشہ، تودری زرد، تودری سرخ ہر ایک پانچ ماشہ، ابریشم مقرض ایک تولہ، مصری ادویہ کے وزن کے برابر، شہد مساوی تلکوں کے تیل کے، نخود ایک چھٹانک، مصری اور شہد کا قوام کرو، اور تیل میں چنے بھون کر عنبر ڈال کر پگلاؤ، پھر سب ادویہ ڈال دو۔ خوراک 9 ماشہ۔

حلوائے چوب چینی مقوی باہ و مولد منی

آرد گندم ایک سیر کو روغن زیتون ایک پاؤ روغن گاؤ ایک پاؤ میں بریاں کریں، پھر مغز چلغوزہ 10 تولہ، مغز نارجیل 10 تولہ، چوب چینی آدھ سیر، لونگ 1 تولہ، دانہ الائچی کلاں 1 تولہ، دار چینی 1 تولہ، زرنباد 1 تولہ، بادیان 1 تولہ، سونٹھ 1 تولہ، انیسوں 1 تولہ، اجوائن 1 تولہ، اندر جو 1 تولہ سورنجاں شیریں 1 تولہ، پیپل 1 تولہ، خولنجاں 1 تولہ، ناگر موتھ 1 تولہ، شہد ڈیڑھ سیر میں قوام کر کے حلوا بنا دیں، اور ورق نقرہ 40 عدد اوپر سے ایک ایک کر کے اضافہ کر دیں، چار تولہ صبح اور 4 تولہ شام کے وقت کھائیں۔

حلوا مقوی باہ و مقوی دل و دماغ و جگر

آرد گند آدھ سیر' آرد نخود آدھ سیر' روغن گاؤ ایک سیر میں بریاں کریں' دار چینی 6 ماشہ' بہمن سرخ 6 ماشہ' بہمن سفید 6 ماشہ شقاقل 6 ماشہ' عود صلیب 6 ماشہ' دانہ الائچی کلاں 6 ماشہ' خولنجاں 6 ماشہ' بوزیدان 6 ماشہ' جاوتری 4 ماشہ' ثعلب مصری 4 ماشہ' سونٹھ 4 ماشہ' مشک خالص 3 ماشہ' مغز پستہ 2 تولہ' مغز بادام 2 تولہ' مغز فندق 2 تولہ مغز نارجیل 2 تولہ' مغز چلغوزہ 2 تولہ' نبات سفید 1 ثار' شہد ثار دونوں کا قوام کر کے حلوا بنا دیں۔ 2 تولہ صبح اور 2 تولہ شام کے وقت کھائیں۔

حلوائے مقوی باہ و دافع جریان

نخود عمدہ 10 تولہ لے کر ایک نارجیل (ناریل) خام میں سوراخ کر کے بھر دیں' نارجیل میں سے پانی نہ نکالیں' تین دن رات یا اس سے کسی قدر زائد عرصہ میں چنوں میں ناریل کا پانی جذب ہو جائے گا' اس کے بعد چنوں کو سائے میں خشک کر کے باریک پیس لیں' اور میدہ گندم 5 تولہ کے ہمراہ روغن گاؤ میں بھونیں' جیسا کہ حلوے کے واسطے بھونتے ہیں' بھوننے کے بعد 10 تولہ شیر اضافہ کریں' اور شکر سفید آدھ سیر بھی ملا دیں بعد ازاں ادویہ ذیل کا سفوف ملا کر حلوہ بنا لیں' ثعلب مصری 9 ماشہ' شقاقل مصری 6 ماشہ' تودری زرد 6 ماہ' تودری سرخ 6 ماشہ' گوند کیکر 6 ماشہ' زعفران 3 ماشہ' تال مکھانہ خورد 1 تولہ' کشمش سبز 10 تولہ'' مغز تخم کدوئے شیریں 4 تولہ' مغز تخم پیٹھہ 4 تولہ' دار چینی 6 ماشہ۔ خوراک دو تولہ سے 4 تولہ تک حسب قوت کھائیں۔

حلوا نہایت مفید بارہا تجربہ میں آیا ہے

آرد نخود پاؤ سیر' روغن گاؤ پاؤ سیر میں بریاں کریں' جس وقت بریاں ہو جائے شیر گاؤ ایک سیر' شہد خالص آدھ پاؤ' قند سفید پاؤ سیر داخل کر کے حلوا تیار کریں۔ دو تولہ نہار نوش کریں۔

حلوا نہایت مقوی باہ و رقت منی کو مفید ہے

میدہ گندم 15 تولہ' آرد نخود دس تولہ' دونوں کو روغن گائے میں بریاں کریں' بعد شہد خالص آدھ سیر' آب گاجر' آب شکر (گنے کا رس) میں قوام کر کے میدہ مذکورہ بالا میں ملائیں اور حلوا بنا کر دانہ الائچی سفید' شقاقل مصری' مصطگی' لودھ پٹھانی' بیج سنبل' تودری سفید' تودری زرد' تودری سرخ' عقر قرحا' کھلا کھلی' بہمن سفید' بہمن سرخ' موصلی سفید موصلی سیاہ' موصلی دکھنی' خولنجاں' جا نفل' مغز بادام' مغز چلغوزہ نارجیل (ناریل) تخم خشخاش' مغز پستہ' مغز اخروٹ ہر ایک 1 تولہ' ثعلب مصری'' دار چینی' جاوتری ہر ایک چھ چھ ماشہ مشک خالص تین ماشہ' مغز تخم تمر ہندی (املی) آدھ پاؤ سب کو بدستور پیس چھان کر حلوہ میں ملائیں اور بقدر مناسب کھائیں۔

حلوہ نہایت مقوی باہ

آرد سنگھاڑہ پاؤ سیر روغن سکہ پاؤ سیر میں بریان کریں' مربائے ہلیلہ' مربائے سیب ہر ایک چھٹانک' مربائے بہی مربائے ناشپاتی ہر ایک تین تولہ پانی میں دھو کر پیسیں۔ قند سفید پاؤ سیر' آب انارین (دونوں انار) دو سیر' آب گذر' (گاجر) آدھ پاؤ ملا کر دیگچی قلعی دار میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور قوام کریں' اور

میدہ بریاں اس میں ملائیں اور حلوا تیار کریں، تال مکھانہ موصلی سیاہ موصلی سفید، موصلی سنبھل، صمغ عربی (گوند ببول) ستارد گوند سنبھل، خار خسک (گوکھرو) خورد ابریشم، مقرض، طباشیر کبود، تخم خشخاش سفید، کہربائے شمعی، بیخ مرجان، تخم ہلیون شقاقل مصری، مغز تخم خربزہ ہر ایک چھ ماشہ گل پستہ اندرجو ہر ایک چار ماشہ، آملہ مقشر مغز تخم خیارین ہر ایک 9 ماشہ باریک کر کے اس میں ملائیں اور کفچہ سے ہلاتے رہیں بعد اس کے مغز بادام مغز پستہ ناریل ہر ایک 2 تولہ بطریق ہوائی اس میں داخل کریں، اور ظرف چینی میں رکھیں۔

حلوا چوب چینی جس کسی کو بعد عارضہ آتشک کے ضعف باہ ہو، مفید ہے۔

آرد گندم آدھ سیر روغن گاؤ پاؤ سیر، روغن کنجد (تل) سفید پاؤ سیر میں بریاں کریں، چوب چینی 12 تولہ، اندرجو، ثعلب مصری، شقاقل مصری، دار چینی، خولنجاں سعد کوفی (ناگر موتھ) بہمن سفید ہر ایک ایک تولہ، سفوف کر کے مخلوط کریں، شکر سفید تین پاؤ کا قوام کر کے شامل کریں مغز چلغوزہ مغز پستہ، مغز بادام ہر ایک چار تولہ بطریق ہوائی اس میں داخل کریں۔

حلوائے نہایت مبہی

دار چینی، سونٹھ، تخم جرجیر (تراتیزک) تخم خشخاش سفید ہر ایک ایک تولہ، آرد نخود پاؤ سیر، روغن زرد پاؤ سیر بدستور حلوہ تیار کریں، خوراک 9 ماشہ روز کھائیں۔

حلوا نہایت مقوی باہ

مربائے اناس، مربائے ناشپاتی مربائے ہلیلہ، ہر ایک پانچ تولہ، گرم پانی میں ہو کر عرق کیوڑہ میں پیسیں اور پارچہ بیز کریں، قند سفید پاؤ سیر ملا کر قوم کریں، طباشیر کبود سات ماشہ، جائفل جاوتری، ہر ایک تین ماشہ، بالچھڑ 4 ماشہ، صندلین (دونوں صندل) ایک تولہ، شقاقل مصری، دار چینی، صمغ عربی بریاں گل سیوتی، دانہ الائچی، خورد، تخم خرفہ بریاں ہر ایک 6 ماشہ باریک کر کے قوام میں ملائیں، ورق نقرہ چھ ماشہ ورق طلا ایک ماشہ زیادہ کریں، عنبر اشہب کافور ہر ایک ایک ماشہ اضافہ کر کے حلوا تیار کریں۔

حلوائے سنگھاڑہ، منی کو غلیظ کرتا ہے

سنگھاڑہ خشک کو پیس کر شکر اور روغن کے ساتھ حلوا بنائیں۔

حلوائے مغلظ و مقوی باہ

شیر گاؤ آدھ سیر آتش نرم میں جوش کریں، سپاری 4 تولہ کوٹ چھان کر اس میں ملائیں اور کفچہ سے ہلاتے رہیں، تاکہ خوب پک جائے بعد شکر و شہد ملا کر قوام کریں، پھر آگ سے اتار کر مائیں خورد، مائیں کلاں ہر ایک چھ ماشہ، گل سپاری ڈیڑھ تولہ، صمغ عربی دو تولہ، زعفران دو ماشہ، نشاستہ سفید، دار چینی ہر ایک 4 ماشہ، موصلی سیاہ، موصلی سفید ہر ایک 6 ماشہ، مصطگی تین ماشہ کوٹ چھان کر ملائیں۔

حلوہ منی کو زیادہ کرتا ہے

نشاستہ سفید، گوند ببول ہر ایک یک تولہ، مغز بادام دو تولہ، روغن گاؤ چار دام مصری دو دام بدستور حلوا بنائیں۔

حلوا مقوی باہ

مغز تخم خربزہ، تخم جرجیر (تراتیزک) ہر ایک ایک جز، مغز چلغوزہ دو جز کوٹ چھان کر روغن گاؤ میں بریاں کریں، اور قدرے دار فلفل اور سونٹھ بھی ڈالیں، اور شہد خالص کا قوام کر کے اس میں ملائیں اور بعض اوقات شقاقل بھی ڈالتے ہیں۔

حلوا نہایت مقوی باہ

پیاز کہنہ یا نو کہ خام نہ ہو، نخود بریاں مقشر روغن زرد شکر تری ہر ایک پاؤ سیر، اول پیاز کو گل حکمت کر کے خاکستر گرم میں رکھیں، جب کہ بریان ہو جائے روغن میں بریاں کریں بعد اس کے آرد نخود کو روغن میں بریاں کریں، بعد اس کے شکر تری ڈال کر رکھ چھوڑیں خوراک 2 تولہ۔

حلوا نہایت مقوی باہ

مغز بادام شیریں، مغز اخروٹ، مغز فندق، مغز پستہ، تل سیاہ، شاہدانہ، مغز حب الزلم، مغز ناریل مقشر، مغز چلغوزہ ہر ایک 2 تولے، روغن گاؤ، قند سفید ہر ایک پاؤ سیر بدستور حلوہ تیار کریں۔

دیگر

عاقر قرحا، لونگ، جائفل سمندر سوکھ کبابہ خنداں، چوب چینی، گھونگچی سفید، بزرا البنج (اجوائن خراسانی) سفید موچرس، تخم تلسی، دار چینی، مصطگی ہر ایک ایک تولہ، روغن گاؤ 5 تولہ، شہد خالص پاؤ سیر بدستور حلوہ تیار کریں، 6 ماشہ ہر روز نوش کریں۔

دیگر

موصلی سیاہ، موصلی سفید، موصلی سنبھل، بیج بند ہر ایک 5 تولہ، تخم اونگن میں تین تولہ، مغز کدو بہدانہ صمغ عربی، ثعلب مصری، مغز تخم تمر ہندی بریاں، مغز تخم بیٹھہ ہندی، السی الائچی خورد، بھوسی اسپغول، تخم خشخاش سیاہ، تخم خشخاش سفید، عود خام خطائی ہر ایک 4 تولے، سنگجراحت دو تولہ، طباشیر کبود (بنسلوچن نیلگوں) ایک تولہ بیخ مرجان، ابریشم مقرض ہر ایک دو تولہ، برگ ببول گل ببول ہر ایک 5 تولہ، مویز منقی ساٹھ دانے سب دوائیوں کو کوٹ چھان کر دوچند شکر سفید کا قوام کر کے حلوہ تیار کریں اور ایک تولہ ہر روز کھائیں۔

حلوا واسطے کثرت ادرار منی اور ندی کے مجرب ہے

زرد چوب ایک جزو، آرد گندم قند سفید روغن گاؤ ہر ایک تین جزو، آرد کو روغن گاؤ میں بریاں کریں اور پکا دیں کہ مثل تر حلوے کے ہو جائے، پس زرد چوب بریاں کر کے کوٹ چھان کر داخل کریں، ہر روز چار مثقال تناول کریں۔

حلوائے سنگھاڑہ نہایت مقوی باہ ہے

میدہ سنگھاڑہ پاؤ سیر، بسباسہ (جوتری) قرنفل، دار چینی، تیزپات، زعفران، الائچی کلاں، فلفل سفید ہر ایک یک تولہ سفوف کر کے اول میدہ سنگھاڑہ کو روغن گاؤ 5 تولہ میں خوب بریاں کریں، بعد ازاں اجزائے

مذکورہ مع شیر گاؤ آدھ سیر کے قند سفید ایک سیر شریک کر کے بدستور حلوہ تیار کریں، 9 ماشے ہر روز تناول کریں۔

حلوائے نہایت مقوی باہ

عسل خالص، پیاز کا پانی ہر ایک 5 سیر یک جا کر کے آتش نرم پر پکائیں، قوام کر کے ہر روز تیس درم کھائیں۔

حلوائے ترنجبین

جریان، تقویت باہ اور تقویت اعضائے رئیسہ کے واسطے کئی مرتبہ کا آزمودہ ہے، ترنجبین اصلی تین پاؤ کو چار سیر شیر گاؤ میں اول تر کریں، جب حل ہو جائے چھان کر پکائیں، جب کھویہ ہو جائے آدھ سیر روغن گاؤ میں بھونیں اور ڈیڑھ سیر شکر سفید کا قوام پکا کر ملائیں، بعد ثعلب مصری، بہمن سفید، دانہ الائچی خورد، موصلی سینبھل تودری، سرخ، بیج بند تال مکھانہ، اسگندھ ستاور کشتہ قلعی ہر ایک 1 تولہ باریک پیس کر چھان کر ملائیں، اور مغز بادام شیریں مقشر مغز ناریل ہر ایک 10 تولہ ریزہ ریزہ کر کے ملائیں، بعد زعفران 6 ماشہ حل کر کے ملائیں، اور بحفاظت چینی یا قلعی دار برتن میں رکھیں، 3 تولہ صبح اور 3 تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ کھائیں۔

حلوا مقوی و مغلظ

تال مکھانہ، تخم اونٹگن، بیج بند، بہو پھلی، چھڑیلہ، موصلی سفید، موصلی سیاہ، پوست درخت مولسری، گوند سہنجنہ، سپاری چھالیہ، سنگھاڑہ خشک، گل سینبھل، مغز اخروٹ ستاور، کتھیرا سفید، بہمن سفید، شقاقل مصری ہر ایک 6 ماشہ، تخم سروالی، دانہ الائچی، سمندر سوکھ، پیپل مازوئے سبز ہر ایک 4 ماشہ، اندر جو 2 ماشہ، ثعلب مصری، گوند سنبل مغز ناریل مغز بادام، گوند ببول، چرونجی، مغز پستہ، مغز چلغوزہ ہر ایک تولہ، تخم املی، پھلی ببول ہر ایک 9 ماشہ میدہ گیہوں مکھن تازہ ہر ایک آدھ پاؤ، شکر سفید 1 سیر، بدستور حلوہ بنائیں۔

حلوا بادام

بادام پاؤ بھر چھیل کر باریک پیس لیں، اور پاؤ بھر مصری کا قوام کر کے اس میں مندرجہ بالا بادام کی پیٹھی ڈال دیں، اور ہلاتے رہیں، جب خوب پک جائے، تو گرم گھی حسب ضرورت ڈال دیں، اور ذرا پکائیں، الائچی کشمش، گری، ورق چاندی، وغیرہ حسب ضرورت ملا دیں اور کھائیں جسم کا سورج بڑھے گا، دماغی اور جسمانی طاقت عود کر آئیں گی، اگر سردیوں میں آدھ پاؤ جو امیر روزانہ کھائیں، تندرست، بشاش اور سرخ چہرہ رہے اور اس کے کھانے کے بعد ضرور دودھ پینا چاہیے۔

حلوا مقوی باہ

دودھ ایک سیر، میدہ، یا نشاستہ ایک چھٹانک، گھی نیم پاؤ، مصری ایک سیر، مغز بادام 1 تولہ مغز پستہ ایک تولہ، چار مغز 10 تولہ، موصلی سفید 4 ماشہ، ثعلب مصری 3 ماشہ، بدستور معروف حلوہ تیار کریں، اور کھایا کریں، حافظہ قوت باہ اور منی میں زیادتی دیکھیں، حافظہ بڑھے۔

دیگر

گائے کے دودھ ایک سیر کو اس قدر جوش دیں کہ تیسرا حصہ جل جائے' بعد ازاں مایہ شتر اعرابی 4 تولہ ڈال کر چمچہ سے چلاتے رہیں اور یہاں تک پکائیں کہ وہ نصف کے قریب رہ جائے' نشاستہ سفید 7 ماشہ' روغن گاؤ 7 تولہ میں بریان کر کے اس میں ڈال کر چمچہ سے چلائیں' بعد ازاں دار چینی' زعفران' مشک خالص' عنبر اشہب ہر ایک 2 سرخ ثعلب مصری 6 ماشہ' نبات سفید بہ قدر حاجت باریک پیس کر اس میں ملا دیں اور عرق گلاب 3 تولہ اوپر اضافہ کریں۔

حلوائے آردماش مقوی باہ

اڑد کی دال کو گائے کے دودھ میں جوش دیں' یہاں تک کہ تمام دودھ جذب ہو جائے اس کے بعد شیر آملہ' گھی شکر ڈال کر حلوہ کر کے کھائیں۔

دیگر مقوی باہ

نہایت مبہی ہے' گل سرخ تخم خرفہ تخم گندر تخم شلغم ہر ایک 10 ماشہ شاہسفرم (نیازبود) بہمنین ہر ایک 14 ماشہ گاؤ زبان تخم خربزہ ہر ایک 17 ماشہ کوٹ چھان کر قند سفید یا ترنجبین کا قوام کر کے ملا دیں۔

حلوائے جوز

چینی ایک سیر کا پانی بقدر ضرورت اور 7 تولہ عرق گلاب سے قوام کر کے مغز اخروٹ 30 تولہ داخل کر کے کفچہ سے خوب ملائیں' اور کسیقدر مشک سے خوشبودار بھی کر دیں' اس کے بعد برتن میں رکھیں' اور حسب برداشت طبیعت استعمال کریں۔

حلوائے مغزی

مصری دو سیر' شہد ڈیڑھ سیر دونوں کا قوام غلیظ کر کے آگ سے نیچے اتار لیں' اور مغز بادام شیریں مقشر بریاں' مغز پستہ بریاں ہر ایک ایک سیر ملا کر خوب ملائیں' یہاں تک کہ سفید ہو جائے' اس کے بعد مغزیات دیگر داخل کر کے قرص بنا کر رکھیں اور استعمال کریں۔

حلوائے زنجبیل

سونٹھ دو تولہ 11 ماشہ عرق گلاب 29 تولہ 2 ماشہ' شیرہ قند 43 تولہ 9 ماشہ' میدہ گندم 3 تولہ گائے کا گھی 8 تولہ' سونٹھ کو پیس کر شیرہ قند اور گلاب میں ملا کر جوش دیں اور میدہ کو گھی میں بھونیں' اس کے بعد جوش دیئے ہوئے کو میدے بھنے ہوئے میں ڈالیں' اور خوب پکا کر اتار لیں۔

حلوائے دار چینی

شیرہ قند ایک سیر' دار چینی 29 تولہ 2 ماشہ' گھی 34 تولہ 9 ماشہ' آٹا 10 تولہ' گلاب 7 تولہ' مغز پستہ 3 تولہ' شیرہ قند کو دیگچی میں ڈال کر دار چینی کو نرم کوٹ کر ڈالیں اور جوش دیں اور آٹے کو گھی میں بھونیں' اور پکائے ہوئے شیرہ کو ڈال کر بدستور حلوا تیار کریں۔

حلوائے خرما

چھوہارہ ایک سیر، چاولوں کا آٹا 29 تولہ 2 ماشہ، گھی آدھ سیر دار چینی کوفتہ 14 تولہ 8 ماشہ۔ عرق گلاب 34 تولہ 9 ماشہ، خشخاش بریاں کردہ 3 تولہ، زعفران 2 ماشہ، چھوہاروں کو کوٹ کر ایک رات دن گلاب میں بھگو رکھیں، اور آٹے کو گھی میں بھونیں اور اس میں چھوہاروں کو ڈال کر پکائیں، اور آگ نرم رکھیں، اس کے بعد دار چینی، مغز پستہ، خشخاش، زعفران ملائیں اور باحتیاط رکھیں، حسب برداشت طبیعت کھائیں، حیوانات منی کو بڑھاتا اور قابل اولاد کرتا ہے۔

معجون کندر دافع سرعت انزال وسیلان منی ومذی ودافع تقطیر البول

دار چینی ایک تولہ، گوند کیکر، مرجان، بادیان، سونٹھ، تخم ریحان، گاؤ زبان ہر ایک دو تولہ، کندر، صندل سفید گل ارمنی، دم الاخوین، بادرنجبویہ (بلی لوٹن) تودری زرد ہر ایک ایک تولہ، تخم خشخاش سفید پانچ تولہ، شہد خالص صاف کی ہوئی وزن ادویہ تین گنا زیادہ ڈال کر معجون بنالیں۔

نوٹ: ادویہ کو باریک کوٹ چھان کر شہد ملانا چاہئے۔

برائے جریان کہنہ بارہادفعہ کا آزمایا ہوا

آرد ماش ایک پاؤ، آرد موصلی سفید 5 تولہ، دودھ بھینس ایک سیر، ادویات کو دودھ میں ڈال کر خوب جوش دیں، جب سب دودھ خشک ہو جائے، شیرہ آملہ ڈیڑھ پاؤ، روغن زرد ایک چھٹانک چینی دیسی ڈیڑھ پاؤ ڈال کر مانند حلوا تیار کریں اور قریباً نصف پاؤ روزانہ استعمال کیا کریں، مجرب ہے، پرہیز ترش گرم اشیاء جماع وغیرہ سے۔

حلوا دافع جریان

تخم املی مقشر، گوند ڈھاک، نشاستہ سفید ہر ایک ایک تولہ، شکر سرخ تولہ، روغن گاؤ 4 تولہ روغن کو گرم کر کے نشاستہ کو اس میں بھونیں، پھر تخم تمہندی (املی) اور گوند پیس کر اس میں ملا کر حلوہ تیار کریں، خوراک ایک تولہ سے دو تولہ تک۔

حلوائے نخود

بھنے ہوئے چنوں کا آٹا لے کر تھوڑی سی دیر گھی میں بھونیں اور دو سیر شکر ڈال کر ایک سیر چلغوزہ آدھ سیر نارجیل کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر ڈالیں، اور نیچے اتار کر دار چینی، لونگ عقر قرحا، شقاقل مصری ہر ایک 10 ماشہ باریک کر کے ملائیں، اور حسب برداشت طبیعت روزانہ استعمال کریں، نہایت مقوی باہ ہے۔

نسخہ معجون

موچرس، کمرکس، تال مکھانہ، ثعلب مصری، پوست خشخاش ہر ایک ایک تولہ، زعفران اصلی ایک ماشہ، مشک خالص 4 سرخ سب کو پیس کر چھان لیں اور تگنے وزن شہد خالص میں معجون تیار کریں اگر اس معجون میں 3 ماشہ ورق نقرہ اور آدھ ماشہ ورق طلا بھی شامل کر لیں تو عین مناسب ہے ورنہ بغیر اس کے بھی کوئی ہرج نہیں ہے، پرہیز کل گرم اور بادی ثقیل اشیاء سے اور آبدست کے لئے گرم پانی مناسب

ہے۔

حلوائے سوہان

گیہوں دو سیر بھگو کر خشک کر کے آٹا کریں' اور مرچ سیاہ' الائچی خورد' جائفل' جاوتری' دار چینی' پیپلا مول' اجوائن' بادیان ہر ایک ایک سیر' کوٹ چھان کر دو سیر کلونجی کے آٹے کے ہمراہ ملائیں' بعد ازاں پانچ سیر میتھی کو نیم کوب کر کے پانی میں جوش دیں اور اس کا پانی لے کر رکھیں' بعد دس سیر شہد خالص لے کر دس سیر پانی اضافہ کر کے جوش دیں جب پانچواں چھٹا حصہ رہ جائے تو آٹا مذکورہ ملائیں اور پانچ چھ جوش کے بعد دوسری ادویات کا آٹا ملائیں اور کفچہ سے خوب چلائیں' اس کے بعد شیرہ میتھی ملائیں اور چلاتے رہیں یہاں تک کہ قوام آجائے' بعد ازاں دس سیر گھی عمدہ اور مغز اخروٹ 5 سیر مغز نارجیل پانچ سیر اضافہ کر کے پکائیں' جب حلوا کا قوام آجائے آگ سے نیچے اتار کر رکھیں اور حسب برداشت طبیعت روز مرہ کھائیں۔

حلوائے جوز ماثل (دھتورہ)

تقویت باہ اور امساک کے واسطے نہایت مفید ہے' تخم دھتورہ سفید نصف سیر جو کوب شدہ پانچ سیر دودھ گائے میں تھوڑا سا پانی ڈال کر پکائیں' جب پانی جل جائے' پس نیچے اتار کر صاف کر کے ضامن دے کر سکہ نکالیں' اور ایک پاؤ پختہ زردہ تخم مرغ خام اور نصف سیر شہد مصفی ایک پاؤ پختہ میدہ نخود بریان اور ایک پاؤ روغن زرد (جو مذکورہ ترکیب سے نکالا گیا ہے) سب کو ملا کر بدستور حلوا پکائیں' بعد قوام آگ سے اتار کر سفوف دار چینی' جائفل جاوتری' سونف ہر ایک 6 ماشہ زعفران ایک درم اس میں ملائیں اور نگاہ رکھیں' خوراک 6 ماشہ سے 3 تولہ تک۔

حلوائے مقوی باہ

ہیلون 5 تولہ کو ایک سیر پانی میں ابالیں' جب پانی خشک ہو کر چہارم رہ جائے تو چولہے سے اتار لیں اور چھان لیں' پھر ایک سو مرغی کے انڈوں کی زردی کو نکال کر اس صاف کردہ ہیلون کے پانی میں ڈال کر حل کریں' پھر اس میں مصری حسب ذائقہ اور روغن بادام ایک چھٹانک گرم کر کے ڈال دیں اور حلوا بنالیں' اس کو 7 خوراک میں تقسیم کر لیں اور ایک خوراک یومیہ سات دن تک کھایا کریں۔

حلوائے آرد نخود

آرد چنے بریاں 5 تولہ' روغن بنولہ تین تولہ میں بھون کر 5 تولہ مصری 10 تولہ یا بالائی ڈال کر دو عدد کو کنار کا پانی ڈال کر نرم آگ پر پکائیں' اور قوام حلوے کا کر کے کھائیں اگر ضرورت ہو اوپر سے دودھ پئیں۔

حلوائے بادام

تقویت دماغ اور گردوں کے واسطے نہایت مفید ہے' اعلیٰ درجہ کا مولد و مغلظ منی ہے' مبہی ممسک اور مغلظ ہے' درد کمر جو ضعف گردہ اور کثرت جماع سے ہو دور کرتا ہے' بدن کو موٹا بناتا ہے' نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہے۔

نشاستہ اعلیٰ 15 تولہ کھویہ پونے دو سیر گوند ببول 5 تولہ، شکر سفید 2 سیر، مغز بادام مقشر آدھ سیر، مغز پستہ 10 تولہ، ملائی شیر گاؤ میش یا مادہ گاؤ ایک سیر، مکھن مادہ گاؤ میش 2 سیر، نشاستہ، کھویا، گوند ببول، بالائی کو علیحدہ علیحدہ مکھن میں بریاں کریں، لیکن گوند کو بریاں کرنے سے پہلے مکھن کا پانی جلالیں، ورنہ گوند خراب ہو جائے گا، بریاں کرکے سب کو ایک جگہ رکھیں، قند سفید کا غلیظ قوام بنادیں، اور اس میں پہلے کھویہ بریاں ملا کر پھر سب اجزاء شامل کریں، بعد مغز بادام مقشر تراشیدہ اور مغز پستہ تراشیدہ شامل کرکے مکھن ملادیں اور ایک جوش خفیف دے کر آگ سے نیچے اتار لیں خوراک 2 تولہ سے 5 تولہ تک۔

کثرت مطالعہ، دماغی محنت اور کثرت جماع سے جب افعال دماغی میں کمی اور ضعف دماغ و اعصاب کے شروع ہوں، ان کو دور کرکے دماغ و بصارت میں تر و تازگی اور تقویت پیدا کرنے میں بے نظیر حلوا ہے۔

معجون مقوی باہ مجرب

تخم کونچ، تخم اٹنگن، گوکھرو کلاں، جائفل، جاوتری، قرنفل ہر ایک ایک تولہ زعفران 9 ماشہ، عقرقرحا 1 تولہ، پیپلا مول 2 تولہ، زنجبیل 9 ماشہ، بچ ہر ایک تولہ، عنبر 2 ماشہ، بادام روغن 8 تولہ، شیر مادہ گاؤ ایک سیر پختہ، شہد 10 تولہ، کل ادویہ سے سفوف کرکے شیر مذکور میں زعفران ڈال کر خوب بریاں کریں، جب پانی جل جائے کھویا تیار ہو گیا، شہد داخل کرکے قوام کرو، بعد میں ادویات مذکورہ داخل کرکے کسی شیشے کے برتن میں رکھو، خوراک 2 ماشہ سے لے کر 5 ماشہ تک استعمال فرمائیں، اوپر سے شیر مادہ گاؤ قریب ثار نوش فرمائیں، انشاء اللہ تعالیٰ صحت کلی ہو گی۔

سپاری پاک

سپاری دکھنی 40 تولہ لے کر ان کو ریزہ ریزہ کرلیں، پھر پانی میں بھگو دیں، جب نرم ہو جائے تو کوٹ کر باریک سفوف کرلیں اور کپڑے میں چھان لیں، بعد ازاں گائے کے دودھ میں 16 تولہ گائے کا گھی ڈال کر اس میں اس سفوف کو ڈال کر پکائیں جب پکتے پکتے کھویہ بن جائے تب اس میں شکر سفید عمدہ 200 تولہ ملا دیں، جب اچھی طرح سے پک جائے تو چولہے سے نیچے اتار لیں اور اس میں الائچی، کنگھون بھیرنی پیپل، جائفل، لونگ، جاوتری، تیزپات، تالیس پتر، دار چینی سونٹھ، حسن، سگند بالا، ناگر موتھ، ہرڑ، بھیڑہ، آملہ بنسلوچن، ستاور، مغز تخم کونچ، داکھ، تالمکھانہ، گوکھرو کے بیج، چھوہارے، تواکھیر، دھنیا، کسیرو، مغز سنگھاڑہ، ملٹھی، زیری کلونجی اجوائن، مغز کنول گٹہ، بال چھڑ، سونف، میتھی، بداری کسنہ، موصلی سیاہ، اسگند کی جڑہ، کچور، نگ کیسر، مرچ مغز چرونجی، سنبھل کے بیج، گج، پیپل، چندن سفید، چندن لال، لونگ ہر ایک چار چار تولہ کا سفوف بنا کر ڈالیں اور عمدہ طور سے کیا ہوا پارہ کا کشتہ، کشتہ قلعی، کشتہ سیسہ، کشتہ لوہا کشتہ ابرک ان کو بھی وزن میں حسب خواہش لے کر ملائیں اور نیز کستوری اور بھیم سینی کافور بھی حسب حیثیت اضافہ کرے، اس کے بعد مقدار چار چار تولہ لڈو بنائے، ہضم طعام کے بعد حسب خواہش و طاقت یہ لڈو کھائے، ترشی کھانے سے بالکل پرہیز رکھیں، اس کے استعمال سے منی بہت زیادہ پیدا ہو کر باہ بڑھتی ہے، حرارت غریزی زیادہ ہو جاتی ہے، جسم میں نہایت طاقت آجاتی ہے، بوڑھا آدمی اس کے استعمال سے جوانوں کی مانند ہو جاتا ہے۔

معجون بادام سادہ

بادام ایک سیر کو دودھ میں رات کو بھگو کر صبح اس کا چھلکہ دور کریں اور مغز کوٹ لیں' اس کو پاؤ بھر گھی میں بھون کر برابر وزن کھانڈ ملائیں' خوراک دو سے 5 تولہ تک دودھ سے کھائیں' بدن کو موٹا کرے اور دماغ کو تقویت دے۔

معجون طلاء مجوزہ شیخ الرئیس

ورق طلا 5 تولہ' عنبر اشہب سوا تولہ مشک تبتی سوا تولہ' عقیق ☆ یمنی ڈھائی تولہ' ابریشم ڈھائی تولہ مروارید ناسفتہ ڈھائی تولہ' لعل بدخشانی ڈھائی تولہ' یاقوت رمانی ڈھائی تولہ' کہربائے شمعی ڈھائی تولہ' زمرد سبز ڈھائی تولہ' لاجورد مغسول ☆ ڈیڑھ تولہ' گلاب میں عنبر کو پگھلا کر اور مشک کو حل کر کے اور جواہروں کو سحق کر کے علیحدہ علیحدہ رکھیں' پھر سفید عسل خالص کا قوام کر کے آب انار شیریں اور آب انار ترش اور ادویہ مذکورہ بالا کو اس میں گوندھ ڈالیں' سوائے ورق طلا کے پھر چوب صندل سے جو کہ بے نمائی ہوئی تیار ہو' دو دو چار چار ورق طلاء معجون میں ملا ملا کر خوب کوٹیں' جب سب کٹ کٹا کر ایک ذات ہو جائے' بس تیار ہے' قدر شربت ½ ماشہ سے 9 ماشہ تک۔

دافع سرعت انزال' مقوی باہ مغلظ منی ہے' اس کے چند ہی روز کے استعمال سے منی جم جاتی ہے اور چہرہ کا رنگ بہت جلد تغیر پذیر ہو کر سرخی کی طرف میلان کرتا ہے' دل و دماغ اور جگر کو تقویت ہوتی ہے' عجیب چیز ہے۔

نوٹ: عقیق و نیز دیگر سنگ ہائے بغیر تحریک کے قابل سحق نہیں ہوتے ہیں۔ چنانچہ طریق احراق مبہی اختر ذیل میں بتائے دیتا ہے۔ عقیق کو چند بار آگ میں تپا کے پانی میں بجھائیں۔ جب اس کی چمک دمک اڑ جائے اور خشکی سی آجائے باریک حل کر لیں علیٰ ہذا القیاس یاقوت وغیرہ کو۔

نوٹ: لاجورد کے غسل کا یہ طریقہ ہے کہ اس کو باریک پیس کر پانی میں حل کریں جس قدر پانی میں مل جائے اس پانی کو دوسرے برتن میں لے کر تہ نشین کر لیں اور جو حصہ پانی میں نہ ملے اور تہ نشین ہو جائے اسے پھر پیس کر پانی میں گھولیں جب اس طریقہ سے سب تہ نشین ہو جائے کام میں لائیں۔ یہی مغسول ہے۔ (اختر علی عفی عنہ)

معجون حلبہ

آدھ سیر میتھرے لیں۔ پہلے ایک دو دفعہ دودھ بھینس میں بھگو کر جب نرم ہو جائے قریباً ایک شب و روز میں کام ہو جاتا ہے' پھر اس کو سایہ میں سوکھنے کے لئے بچھائیں لیکن اس وقت تک اس کو سوکھنے نہ دیں جب تک کہ اس کی کونپلیں نہ نکل آئیں' اس عرصہ میں بھینس کے دودھ کا وقتاً" فوقتاً" چھینٹا دے کر گیلا کرتے رہنا چاہئے جب میتھروں کی کونپلیں نکل آئیں اس کو سایہ میں سکھائیں جس طرح میتھروں کے ساتھ عمل کیا ہے' اسی طرح ماش سیر کے ساتھ دودھ گائے میں عمل کریں اور سکھا دیں اب ہر دو کو چکی میں پسوائیں یا اسی طرح کوٹیں مثل میدہ آٹا ہو جائے۔

اب گیہوں دو سیر کے قریب لے کر اس کے ساتھ پانی میں بھگو کر یہی عمل کریں' اور میدہ کرائیں' ان ہر سہ آٹوں کو گھی دو سیر میں بھون لینا چاہئے' 2 سیر شہد نے کر کچھ پانی ملا کر جوش دیں کہ قوام سا ہو جائے

اب اس میں ہر سہ آٹے اور دو سیر مغز اخروٹ اور دیگر میوہ جات ملا کر اتار لیں، صبح دو تولہ دودھ گائے سے استعمال کریں، خوراک کی خوراک اور دوا کی دوا ہے، ہر قسم کا جریان دور ہو جاتا ہے، اور سرعت انزال کو مفید ہے۔

نسخہ مقوی باہ برعایت دماغ

چونکہ اکثر وقت ضعف باہ دماغ کی کمزوری سے لاحق ہو جاتا ہے تو اس صورت میں صرف قوت باہ کے علاوہ علاجات سے مفید بڑا مشکل ہوتا ہے، کیونکہ اس کا باعث تو ضعف دماغ ہے اور جب اس کے سبب سے پہلو تہی کی جائے گی، تو نجات پانا محال ہو گا اس لئے میں ایک نسخہ مقوی دماغ یہاں لکھے بغیر نہیں رہ سکتا، جب اس کو پورے طور پر ضعف باہ بسبب ضعف دماغ کا معلوم کر کے استعمال کیا جائے گا، تو ضرور فائدے سے خالی نہ ہو گا۔

پوست ہلیلہ زرد 5 تولہ، سونف دیسی 5 تولہ، تخم کشنیز 5 تولہ، مغز پنبہ دانہ 5 تولہ مغز بادام 5 تولہ خشخاش 4 چھٹانک، مصری 4 چھٹانک ان سب کو کوٹ کر گھی میں ملائیں اور اس سے 4 تولہ صبح و 4 تولے شام کے وقت کھلایا جائے نہایت مفید ہو گا، (یکے از خریداران دیش اوپکارک)

برائے قوت باہ

کشتہ ابرک 6 تولہ، کشنیز فولاد، 6 تولہ کائفل کوٹھ، اسگند ناگوری، تخم کھرنی، تخم میتھی، موچرس، بدھاری کند، موصلی سیاہ، بنسلوچن، گوکھرو، مرچ سیاہ، کھیر، کنکول، کنول کند، ستاور، اجمود، دال ماش (مدبر در شیر) کنجد مقشر، کشنیز خشک، ملٹھی، ناگ بلا کچور، مشک بالا، مصطگی، نمک لاہوری، بہارنگی، کاکڑا سینگی، بھنگرہ سفید، سونٹھ پیپل، زیرہ سفید، زیرہ سیاہ، چترہ، عرق چنبہ، دارچینی، جائفل تیلیا چتری الائچی خورد ناگ کیسر گج پیپل، زعفران، لونگ مویز منقی تخم سن، مغز تخم کونچ، تال مکھانہ، بل بیج، مغز تخم انگن، لہسوڑہ خرد، سنگھاڑہ ہر ایک ایک ماشہ لے کر خوب باریک پیسیں اور شہد برابر ادویہ روغن جزو اعظم، بھنگ بقدر خوش اور مصری ہموزن شہد و مصری کا قوام کر کے آگ سے نیچے اتار کر ادویہ ملائی اور اگر چاہیں تو قدرے قدرے مغز پستہ، مغز بادام، مغز چلغوزہ، مغز اخروٹ، مغز نارجیل، مغز چرونجی بھی ڈالیں اور خوب مخلوط کر کے رکھیں، بمقدار تین چار ماشہ رات کے وقت کھائیں اور اوپر سے شیر مادہ گاؤ مصری ڈال کر پئیں، برگ تنبول بھی کھائیں، نہایت مقوی ہے۔

معجون برائے دفعیہ کمزوری کثرت جماع و غلط کاری

ہلیلہ، بلیلہ، آملہ 6'6 ماشہ، کشنیز (دھنیا) مقشر 4 تولہ، فلفل دراز (پیپل) 3 ماشہ، فلفل سیاہ 1 ماشہ، برادہ اسگندھ 2 ماشہ، کشتہ منور یعنی خبث الحدید 3 ماشہ، بادام مقشر 4 تولہ چلغوزہ مقشر 4 تولہ سب کو باریک کوٹ کر بادام روغن 4 تولہ چرب کرو، پھر 3 گنا شہد ملا کر 14 ہفتہ رکھ چھوڑو، پھر 3 ماشہ صبح 3 ماشہ شام رات کو دودھ کے ہمراہ کھایا کرو۔ آرام ہو گا۔

معجون مقوی باہ و مغلظ

موچرس 15 ماشہ، ثعلب 15 ماشہ، سمندر سوکھ 15 ماشہ، موصلی سیاہ 15 ماشہ، موصلی سفید 5 ماشہ، گری بادام 15 ماشہ، ستاور 20 ماشہ، سونٹھ 10 ماشہ، خولنجاں 10 ماشہ، کشمش آدھ سیر چینی ایک سیر، سب

ادویات کو پیس کر اور کشمش کو علیحدہ پیسیں' کھانڈ کا قوام دودھ ڈال کر کریں' پھر کل ادویات اس میں ملا کر تھوڑے دیر کے بعد اتاریں' خوراک 2 تولہ۔

معجون دافع ضعف دماغ و کثرت جریان

شیر گاؤ 14 ثار' شکر سفید 1 ثار ملا کر مثل کھویہ کے پکائیں' اور کلنجن 1 تولہ' ستاور 1 تولہ' اسگند 1 تولہ' خرما 6 تولہ' مکھانہ 2 تولہ' مغز بادام 3 تولہ' چلغوزہ 3 تولہ' مغز پستہ 3 تولہ' چرونجی 3 تولہ باریک پیس کر 6 ماشہ سے ایک تولہ تک ہر روز صبح کھایا کریں۔

معجون مقوی باہ و ممسک

آب پیاز ایک سیر' شہد ایک سیر دونوں کو پتیلہ قلعی دار میں ڈال کر نیچے آگ جلا دیں جب نصف رہے اتاریں اور اس میں ثعلب' بہمن سرخ' بہمن سفید' سونٹھ' تخم پیاز' تخم ترب (مولی) تخم خلفہ' تخم گندنا' تخم کھانہ' موصلی سیاہ' موصلی سفید ہر ایک 2 تولہ باریک کر کے کپڑ چھان کر ڈال دیں اور ذرا سا مشک بھی برائے خوشبو ڈال دیں' لکھا ہے کہ چند دنوں کے اندر ہی اتنی قوت ہوتی ہے کہ بیان سے باہر ہے۔

دیگر

مغز بادام 2 تولہ' مغز پستہ 5 تولہ' دار چینی 1 تولہ' خولنجاں (کلنجن) 1 تولہ' ثعلب مصری 1 تولہ' شقاقل 6 ماشہ' کندر 6 ماشہ' مصطگی 6 ماشہ' بہمن سرخ و بہمن سفید 6'6 ماشہ سونٹھ 1 تولہ' گوکھرو 1 تولہ' بھانگ 2 تولہ' مصری سفید' کل ادویہ سے سہ چند' خوراک 1 تولہ۔

معجون برائے تقویت باہ

ستاور 9 ماشہ' شقاقل 1 تولہ' بہمن سرخ 1 تولہ' بہمن سفید 1 تولہ سمندر سوکھ 4 تولہ' لہسوڑیاں 2 تولہ موچرس 6 تولہ' میتھی 9 ماشہ' تخم ترب (مولی) 6 ماشہ' تخم پیاز 6 ماشہ' تخم شلجم 6 ماشہ مصطگی 1 تولہ مصری ثعلب 1 تولہ' قند سیاہ سب کے برابر خوراک 1 تولہ گائے کے دودھ سے کھائیں آرام ہو جائے گا۔

معجون نشاط افزا

دار چینی 6 ماشہ' جاوتری 6 ماشہ' جائفل 6 ماشہ' لونگ 6 ماشہ' الائچی خورد 6 ماشہ' کستوری اصلی 1 ماشہ' شہد خالص 5 تولہ' کیسر 3 ماشہ' ثعلب مصری 1 تولہ' ستاور 2 تولہ' تخم کونچ 6 ماشہ' گوکھرو 3 تولہ' بنسلوچن 6 ماشہ' مغز بادام 2 تولہ' بھنگ کی پتی دھلی ہوئی 5 تولہ روغن زرد 12 تولہ' دودھ 5 سیر مصری دیسی چینی کی 3 سیر' کل ادویہ تعداد میں 18 ہیں۔

ترکیب: پہلے دودھ میں مصری ملا کر جب چاشنی کی طرح ہو جائے تو دار چینی جاوتری' جائفل' لونگ الائچی' ثعلب مصری ستاور' تخم کونچ' گوکھرو' بنسلوچن اور بھانگ کو باریک سفوف کر کے چاشنی میں چھوڑ دیں اور بادام کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے اس میں ڈالیں' اور گھونتے جائیں' جب دیکھیں کہ چاشنی گاڑھی ہو گئی ہے اور قریب تیاری کے ہے تو کیسر اور کستوری کو پیس کر اس میں ملا کر اتار لیں' جب سرد ہو جائے تو شہد ملا کر کسی کانچ یا چینی کے برتن میں ڈال دیں' خوراک ایک تولہ ہے اور بوقت صبح کھانی چاہئے اور پاؤ

بھر دودھ پینا چاہیے' اگر تولہ برداشت نہ کر سکیں' تو 6 ماشہ کھائیں' اس کے 40 روز کے استعمال سے رقت دور ہوتی ہے' اور بدن میں خوب ہی طاقت آ جاتی ہے' بھوک زیادہ لگتی ہے' اجابت خوب صاف ہوتی ہے' ایک دفعہ تو ہٹ کر جوانی کا مزہ حاصل ہو جاتا ہے' جماع وغیرہ سے پرہیز" اور کھٹائی وغیرہ نہ کھانی چاہیے' یاد رہے کہ روغن زرد بھی چاشنی میں ڈال دیں۔

معجون مقوی جو بدن کو موٹا کرنے میں بے نظیر ہے

مغز بادام شیریں 2 تولہ' مغز فندق 1 تولہ' مغز نارجیل تازہ مقشر 3 تولہ' مغز چلغوزہ تخم انار جنگلی' تخم کیکر' تخم قرطم (کڑ) مغز پستہ' کنجد (تل) مقشر'' تخم خشخاش سفید' مغز تخم خیارین' شقاقل مصری' ثعلب مصری' بہمن سرخ' بہمن سفید' اندرجو' تخم ہلیون' ہر ایک 1 تولہ' خشک گوکھرو 2 تولہ' دار چینی' زعفران' بوزیدان ہر ایک 6 ماشہ' جاوتری جوز بوا ہر ایک 6 ماشہ' آب انار شیریں 2 پاؤ' آب بہی' آب ناشپاتی ہر ایک چھ چھٹانک' قند سفید سہ چند' تمام ادویہ کوٹ چھان کر قند سیاہ میں آب ہائے داخل کر کے چاشنی کریں اور ادویہ مذکورہ ملا کر چینی کے برتن یا مرتبان میں رکھیں' خوراک 2 تولہ سے 4 تولہ تک ہے۔

معجون چوب چینی پاک

جو کہ علاوہ رقت و کمی باہ کو مفید ہونے کے آتشک درجہ دوم و سوم' زخمہائے خبیثہ' جذام خرابی خون' بھگندر' کھانسی" زکام' تپ دق درجہ دوم کو بھی فائدہ مند ہے۔

سفوف چوب چینی صاف عمدہ 48 تولہ' پیپل پلا مول' مرچ سیاہ' سونٹھ' دار چینی عقر قرحا' لونگ ہر ایک 1 تولہ شکر تری سب کے برابر' چینی کا قوام کر کے سب اشیاء باریک پیس کر ملا کر اس میں ڈال دیں' اور ایک جان کر دیں' خوراک 3 ماشہ سے 1 تولہ تک حسب طاقت مریض صبح و شام کھائیں۔

سیوتی پاک (معجون)

سفید سیوتی کے پھول ایک ہزار لے کر ایک سیر گھی میں پکائیں جب بھن جائے تو یہ ادویات ڈال دیں' مصری 19 تولہ دار چینی' تیج پات' الائچی خورد'' ناگ، کیسر ہر ایک 4 تولہ' شہد 32 تولہ' ست گلو 3 تولہ' سب ادویات کو علیحدہ علیحدہ کر کے شہد کے ساتھ ملا دیں خوراک 3 ماشہ سے 2 تولہ تک' حسب مزاج و طاقت' یہ سیوتی پاک پرانا بخار' دق' کھٹی' کمزوری ہاضمہ' پرمیہہ کثرت طمث امراض خون' بواسیر جذام کو نافع ہے' اور ان امراض کے ساتھ جن کو جریان ہو ان کو استعمال کرنا چاہیے۔

گھیکوار پاک (معجون)

گھیکوار 32 تولہ لے کر 4 گنا دودھ گائے میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں' حتیٰ کے دودھ جل جائے پھر اس کو چند دن سایہ میں رکھ کر سکھا دیں' اور سفوف کر کے' پیپل' مرچ سیاہ' سونٹھ ہر ایک 2 تولہ'' جائفل' جاوتری' لونگ' تینوں ملا کر 4 تولہ گوکھرو' ککڑی کے بیج' 4' 4 تولہ' چاتر جات (دار چینی' الائچی' تیج پات' ناگ کیسر) چاروں ملا کر 2 تولہ چترا 4 تولہ' کا باریک سفوف کر کے اس میں ملا دیں' تب مصری 80 تولہ' گھی گائے 40 تولہ' بھینس کا دودھ 40 تولہ' مندرجہ بالا سفوف ڈال کر کڑچھے سے ہلاتے جائیں اور نرم آنچ پر رکھیں' ب کشتہ فولاد 1 تولہ کشتہ سونا 1 تولہ' رس سندھورا 1 تولہ ملا کر برابر بیر کے گولیاں بنائیں' خوراک ایک گولی صبح و شام' پرانا بخار' کھانسی دمہ' بدہضمی آم بات' کثرت طمث' بے قاعدگی حیض' فسق وغیرہ کو

مفید ہے' بانجھ عورتوں کے اولاد ہوتی ہے' یہ اشونی کماروں کا تیار کیا ہوا ہے' بڑھی ہوئی تلی کے لئے بھی مفید ہے' اور بخار وغیرہ سے جو کمزور ہو چکے ہوں" اس کو دور کر کے قوت جسم و باہ لاتا ہے۔

جوارش ممسک دافع سرعت انزال

پوست ہلیلہ کابلی' ہلیلہ سیاہ' شطرج' تخم کرفس ہر ایک 6 درم' پوست بلیلہ آملہ منقی' نانخواہ' تودری سرخ' تودری زرد' دار فلفل' کنجد مقشر ہر ایک 4 درم' قرفہ سنبل الطیب' جوز بوا' زنجبیل فلفلموبہ ہر ایک 20 درم' ہیل خورد' قسط سلیخہ' قرنفل بسبابہ' خولنجاں' خار خسک ہر ایک 6 درم' سعد کوفی 4 درم' مشک تبتی 2 مشقال عنبر الشہب امشقال' خبث الحدید مدبر کل مجموعہ کے برابر روغن گاؤ 10 استار سب کو کوٹ کر روغن گاؤ سے چکنا لیں اور دو چند شہد کے ہمراہ جوارش بنائیں۔

حلوہ برائے تقویت باہ و انجماد منی

جوز بوا ایک عدد' موصلی سیاہ' موصلی سفید' موصلی سنبھل' کونپل درخت برھ پوست درخت فالسہ' گیری انبہ' لسوڑہ' پوست گولر' ہر ایک 6 ماشہ' سب کو کوٹ چھان کر روغن زرد 5 دام میں ملائیں اور 15 عدد چھوہارا اور سات عدد پان کے پتے داخل کریں اور ایک ہفتہ غلہ گندم میں دفن رکھ کر سب کو شیر گاؤ میں جوش دیں' جب کھیر کی صورت بن جائے چاروں مغز ہر ایک 2 دام' مویز بادام' چرونجی بادام شامل کریں اور اس کے پندرہ حصہ کریں اور ہر روز ایک حصہ کھائیں۔

آملہ پاک (معجون)

پکے ہوئے تازے آملے لے کر ان کو کانٹے سے بیندھیں' پھر ادرک کی رس میں ایک پوٹلی کے ذریعے لٹکا کر 2 پہر نرم آنچ پر پکائیں' پھر شہد میں ملا دیں' 20 دن کے بعد ان کو نکال کر اور نئے شہد میں ملا دیں' اور مصری' آملہ مقشر' گج پیپل الائچی خورد' طباشیر' کشتہ فولاد' کشتہ قلعی' ان اشیاء کو اس شہد میں ملا دیں شہد سمیت دو تین آملہ کھائیں' گرمی کو دور کرتا ہے اسی واسطے جریان اور سوزاک کو دور کرتا ہے' امراض خون' صفراء کو دور کرتا ہے' کمزوری اور دبلا پن بھی دور ہو جاتا ہے' مقوی باہ اور دافع سرعت ہے۔

معجون انگور

انگور دودھ مصری ہر ایک سیر' انگور کے دانے نکال ڈالیں' پھر تینوں ملا کر پکائیں" جب کھویا ہو جائے تو چاتر جات (دار چینی' الائچی خورد' تیج پات' ناگ کیسر) ترکٹا (مرچ' پیپل' سونٹھ) کستوری' کشتہ فولاد' کشتہ ابرک سیاہ' زعفران' جاوتری' جائفل' مرگانگ' کشتہ چاندی' دھنیا' صندل سفید ہر ایک 2' 2 تولہ ملا دیں' خوراک 2 ماشہ سے تولہ تک' عجیب دوا ہے' ذیابیطس (خواہ شکر آتی ہو) کے لئے اکسیر ہے سرعت، احتلام کا نافع ہے' جریان کو چند یوم میں قلع قمع کرتا ہے' مقوی باہ ہے اکثر امراض کو دور کرتا ہے' حرارت غریزی کو بڑھاتا ہے' اور دل و دماغ جگر سب کو مفید ہے۔

معجون پکھان بید

پکھان بید ایک سیر لے کر سفوف کر کے اور کپڑے سے چھان کر 4 سیر دودھ گاؤ میں ڈال کر پکائیں'

حتیٰ کہ کھویہ بن جائے پھر اسے پاؤ بھر گھی میں بھونیں اور مندرجہ ذیل اشیاء ڈال دیں' الائچی لونگ
ملٹھی' گنور پوست ہلیلہ' پت پاپڑہ' بانسہ' گوکھرو' سرپھنکہ' شونٹھی' جواکھار' پوست بہیڑہ' بالچھڑ
پات کشتہ قلعی' کشتہ فولاد' کشتہ ابرک سیاہ' کافور بھیم سینی' کچور' تالیس پتر' ناگ کیسر' دار چینی' سلاجیت
مصفی ہر ایک 2 تولہ اور تمام ادویہ کو 1 سیر چینی کی چاشنی میں ڈال دیں' یا ویسے ہی 1 سیر چینی اور ایک
شہد ملا دیں' خوراک 6 ماشہ سے تولہ تک' صبح کھائیں' گرم تیز اور تیل کی اشیاء سے پرہیز کریں' یہ
سوزاک بندش پیشاب' سلسل البول' ریگ گردہ و مثانہ' سنگ گردہ و مثانہ' ذیابیطس شکری' جریان' رکت
پت' امراض مثانہ وغیرہ کو مفید ہے' مقوی باہ ہے جن کو امراض مثانہ ہوں یا پتھری وغیرہ کا شک ہو
کمزوری باہ بوجہ ذیابیطس وغیرہ ہو اس کو استعمال کروائیں۔

جوارش مصطگی

درد شکم' ضعف معدہ' قراقر' سرفہ بلغمی' ضعف بصر' سستی' اعصاب' درد مفاصل' نقرس' عرق
النساء' وجع الورک' وجع الاعصاب' درد سینہ' درد قولنج' درد گردہ' تقطیر البول' مرگی' درد سر جو کہ بلغمی
اور دیگر امراض بلغمی و سوداوی کو زائل کرتی ہے رطوبت دماغی و معدہ کو چوستی ہے' بہق و برص کو دفع کرتی
ہے' سدے کھولتی ہے' عسر البول' گزیدگی جانوران زہردار کے واسطے مفید ہے' حیض کو کھولتی ہے' زہر
پائے خوردنی کے واسطے بھی نافع ہے' بدن کو مضبوط و خوبصورت بناتی اور پیشاب جاری کرتی ہے' جگر کو
طاقت بخشتی اور غم و فساد و حشت کو بر طرف کرتی ہے' منہ کی بدبو کو خوشبودار بناتی ہے' خفقان کو زائل
کرتی ہے' اجزاء یہ ہیں۔

پوست اجوائن ہندی' اجوائن خراسانی' کٹھ' خولنجاں ہر ایک 4 تولہ' تمام کو باریک کوٹ چھان کر
بھنگرہ کے شیرہ میں 9 پٹ دیں' ہر ایک پٹ میں شیرہ بھنگرہ ادویہ سے دو چند ڈال کر کھرل کر کے آفتاب
میں خشک کریں' بعد ازاں ادویہ دیگر مندرجہ ذیل کوٹ چھان کر ملائیں۔

کانپھل 12 تولہ' تیزپات 7 تولہ' بالچھڑ ساڑھے چار تولہ' ناگر موتھ 3 تولہ' مصطگی رومی 4 تولہ'
سونٹھ 4 تولہ' لونگ' تج' عقر قرحا' دیودار' بچھناگ تیلیا پیپلا مول چیتہ ہندی' پیپل مرچ سیاہ' الائچی خورد'
ناگ کیسر کبھیلا' اجمود' صندل سفید جائفل ہر ایک 2 تولہ' کشتہ خبث الحدید' کشتہ سونا مکھی ہر ایک 1 تولہ 8
ماشہ' گندھک آملہ سار مصفی 4 ماشہ' پارہ مصفی 6 ماشہ' اول گندھک اور پارہ کو کھرل کر کے کجلی بنائیں' پھر
باقی ادویہ کوٹ چھان کر ملائیں اور 4 تولہ روغن گائے سے چرب کریں' تمام کے ہموزن مصری اور دو چند
شہد خالص سے قوام کر کے بدستور معجون بنائیں' ایک ماشہ سے شروع کر کے حسب مزاج بڑھا کر
کھلائیں۔

معجون مقوی باہ عقل و صحت بڑھاتا ہے

سونٹھ ستو 31 تولہ' منڈی بوٹی 4 تولہ' عقر قرحا 1 تولہ' کباب چینی 1 تولہ' الائچی خورد 1 تولہ' مشک نافہ
خطائی 4 ماشہ' اگر غرقی 1 تولہ' دار چینی' زعفران' مصطگی' رومی ہر ایک 1 تولہ کنلہ کندا 1 تولہ 4 ماشہ' بدھاری
کند 1 تولہ 8 ماشہ' سربالہ 3 تولہ' تالیس پتر 2 تولہ 4 ماشہ' خولنجاں 2 تولہ 8 ماشہ' عنبر اشہب 1 تولہ 8 ماشہ'
بھیم سینی کافور 4 ماشہ' لونگ 1 تولہ' پوست ہلیلہ کلاں 4 تولہ' پوست بلیلہ 2 تولہ اجوائن خراسانی 8 ماشہ'
تال مکھانہ 1 تولہ' بابرنگ 1 تولہ 4 ماشہ' جوتری 3 تولہ مغز تخم کونج 1 تولہ 4 ماشہ' اجوائن ہندی 2 تولہ

مطبوخ ہندی چترہ) 3 تولہ، دودھی خورد 2 تولہ، رتن مالا 3 تولہ، پیپل 3 تولہ، مرچ سیاہ 3 تولہ، آملہ 7 تولہ ماشہ، مغز نارجیل 7 تولہ 4 ماشہ، اسگند ناگوری 7 تولہ 4 ماشہ، مال کنگنی 1 تولہ، موصلی سیاہ 1 تولہ 8 ماشہ صلی سفید 2 تولہ، صندل سرخ 2 تولہ ستاور 4 تولہ، مغز بادام شیریں مقشر 4 تولہ بھلا مول 1 تولہ، خرما دور کردہ 4 تولہ، ست گلو 7 تولہ 4 ماشہ، میتھی 1 تولہ، تج بل 1 تولہ، تال مکھانہ 4 تولہ، مویز منقیٰ 11 تولہ ماشہ، ہالوں 1 تولہ، بیخ تفاح 1 تولہ 8 ماشہ، کشتہ ابرک 1 تولہ، کشتہ فولاد 1 تولہ۔ جملہ ادویہ لے کر جو ادویہ وٹنے لائق ہوں۔ ان کو کوٹیں۔ چھانیں۔ اور جو اس قابل نہ ہو اس کا شیرہ حاصل کریں۔ اور بھنگ ف وزن ادویہ لے کر اول سنبھل کی جڑ کے شیرے میں اور پھر آب گلو اور پھر شیرہ بنولہ میں تین تین ت دیں۔ بعد ازاں پوٹلی باندھ کر دو چند شیر مادہ گاؤ میں لٹکائیں۔ جب دودھ چند جوش کھائے اور بھنگ کا رہ دودھ میں نکل آئے تو پوٹلی کو نکال ڈالیں اور دودھ کا کھویہ بنائیں۔ بعد ازاں شکرتری دو چند وزن جملہ ادویہ کا قوام بنائیں اور آگ سے نیچے اتار کر ادویہ ڈال کر کفچہ سے خوب ملائیں۔ جب سرد ہو جائے شہد لص شکرتری سے چوتھائی ڈال کر معجون بنا کر رکھیں۔ روزمرہ بقدر 5 - 7 ماشہ کے کھائیں اوپر سے شیر ہ گاؤ پئیں۔

معجون میتھی

میتھی 32 تولہ، سونٹھ 23 تولہ، دونوں کا سفوف کپڑ چھان کر کے 4 گنا دودھ میں پکائیں، جب کھویہ بن ئے، تو 32 تولہ گھی ڈال کر بھون لیں، پھر 256 تولہ مصری لے کر اس کی چاشنی کریں، اور اسی کے اوپر ویہ ڈالیں، اور نیچے اتار کر مندرجہ ذیل اشیاء کا سفوف بھی ڈال دیں، مرچ سیاہ پیپل، سونٹھ، چترا، بھلا ل، اجوائن، زیرہ، دھنیا، اجمود، سونف، جائفل، کچور، دار چینی، تیج پات، ناگر موتھ ہر ایک 4 تولہ، مرچ ہ و سونٹھ ہر ایک 10 تولہ، یہ میتھی پاک عورتوں اور مردوں کے لئے بھی مفید ہے، عورتوں کو طاقت دینے ان کے پرسوت، روگ وغیرہ کو دور کرنے کے لئے بے نظیر ہے، خوراک تولہ سے 4 تولہ تک ہے، کل راض بادی پرانے بخار، یرقان خون کی کمی، رنگ کی سفید" مرگی، ہلکاؤ، پاگل پن، ذیابیطس، جریان، کثرت ث وغیرہ امراض کو مفید ہے، لکھا ہے کہ جسم کو مضبوط کرتا ہے اور ویرج کو بڑھاتا ہے، اور کمزوری نہیں نے دیتا۔

دیگر

میتھی کا سفوف ایک سیر، ستاور 10 تولہ، تیزپات، چترک، سونٹھ، زیرہ سفید، پیپل، داکھ ہرڑ گوکھرو، ، گج پیپل، برینگو، موصلی، کونچ کے بیج ہر ایک چار تولہ، لے کر سب کا سفوف کر کے سب سے چار گنا دھ میں ڈال کر کھویہ بنائیں، پھر اس کو آدھ سیر گھی میں بھونیں، جب نرم آنچ پر بھجن کر تیار ہو جائے، تو کو کل سے دو چند چینی کی چاشنی میں ملا دیں، جب خوب قوام بن جائے آگ سے نیچے اتار لیں، اور ٹھنڈا کر کے اس میں چھوٹی الائچی، پستہ، لونگ، چھوارہ، بادام، چرونجی، جوتری ہر ایک 1 تولہ ملا دیں، اور نیز قلعی، کشتہ ابرک ہر ایک 2 تولہ اضافہ کریں، پھر اس کے لڈو بنا کر رکھیں اور قوت کے موافق روزانہ ئیں، اوپر سے شیر گاؤ پئیں۔

معجون مقوی باہ

مشک خالص 3 ماشہ' زعفران 3 ماشہ' لونگ 6 ماشہ' جائفل 9 ماشہ' الائچی خورد 5 ماشہ' تال مکھانہ
ماشہ' تخم انگن 5 ماشہ' تخم کونچ 5 ماشہ' پوست ہلیلہ زنگی 5 ماشہ' پوست ہلیلہ کابلی 5 ماشہ' بلیلہ 5 ما
سمندر پھل 5 ماشہ' گوکھرو خشک 5 ماشہ' ستاور 5 ماشہ' بیج بند 5 ماشہ' مدن مست 5 ماشہ' ناگیسر 5 ما
اجوائن خراسانی 5 ماشہ'' تخم دھتورہ 5 ماشہ' تخم گزر 5 ماشہ' مال کنگنی 5 ماشہ' سونٹھ 5 ماشہ گوکھرو 5 ما
عقرقرحا 5 ماشہ' سب کو کوٹ چھان کر شکر سفید سہ چند کا قوام بنا کر بدستور معجون بنائیں' مشک و زعفران
عرق بید مشک میں حل کر کے اضافہ کریں۔

معجون لبوب مقوی باہ

جند بید ستر 12 ماشہ'' انیسوں 1 تولہ' مرچ سیاہ 1 تولہ' تج 1 تولہ' حب الفار 1 تولہ' عقرقرحا 1 تولہ' ما
شتر اعرابی 4 ماشہ' [illegible]ری زرد 4 ماشہ' اندر جو 1 تولہ' انیسوں 1 تولہ' شقاقل 1 تولہ' بہمن سرخ 1 تولہ' بہ
سفید 1 تولہ' سمک صیدا 1 تولہ مغز بنولہ 1 تولہ' ماہی روبیان 1 تولہ' تخم ناگدون 1 تولہ' تخم شلغم 1 تولہ'
کاہو 1 تولہ' تخم کرنب 1 تولہ' تخم چقندر 1 تولہ' ریگ ماہی 1 تولہ' جدوار 1 تولہ' بیخ بنفشہ 1 تولہ' تیزپات
تولہ' ثعلب مصری 7 تولہ' مغز بادام شیریں مقشر 10 تولہ' مغز پستہ 10 تولہ' مغز فندق 10 تولہ' مغز تخم کر
تولہ' مغز چرونجی 10 تولہ' مغز تخم کڑ 10 تولہ' تخم خشخاش 10 تولہ' مغز بھلانوہ 10 تولہ' مغز چلغوزہ 10 تو
مغز بہدانہ 10 تولہ' مغز خربزہ 10 تولہ' مغز اخروٹ 10 تولہ' مغز بادام تلخ 10 تولہ' مغز تخم آڑو 10 تو
سب مغزیات کا روغن نکالیں پھر اس روغن میں دوائے مذکور کو بریاں کریں' پھر شہد خالص ڈیڑھ سیر کا قوا
کر کے لبوب بنائیں' خوراک 6 ماشے سے ایک تولہ تک صبح کے وقت کھائیں۔

معجون قوت باہ کے بڑھانے میں لاثانی ہے

اجوائن' تخم کرفس' کشنیز' مغز تخم بنولہ ہر ایک 5 تولہ 10 ماشہ' مرچ سیاہ' تخم مولی' اجمود' مغز تخم
انگن' مغز تخم کونچ ہر ایک 2 تولہ' اگر' گوند' سنبھل' سوٹھ' اندر جو شیریں' ہر ایک 7 ماشہ' لونگ 14 ماشہ
خولنجاں 1 تولہ' عقرقرحا' مصطگی' گل سرخ' جائفل ہر ایک 7 ماشہ' موصلی سیاہ' کلونجی 2 تولہ' کوٹ چھان کر
نصف وزن تمام ادویہ مصری اور دوچند وزن شکر تری کا قوام بنا کر معجون تیار کریں' روزانہ 1 تولہ سے ڈیڑھ
تولہ تک کھائیں۔

کچلہ پاک

بند کشاد ہے دفعیہ منی کو زیادہ کرنے اور قوت باہ کے بڑھانے کے واسطے مفید ہے' لونگ' جاوتری'
پترج' الائچی خورد' مرچ سیاہ' دار چینی' سونٹھ' سورنجاں شیریں' کوٹھ' بیج بل' ناگ کیسر' پیپل' جائفل' عقر
قرحا' موصلی سیاہ' موصلی سفید' سونٹھ استوا' زعفران ہر ایک 1 تولہ 8 ماشہ' بچھناک مدبر 10 ماشہ' کشتہ فولاد
8 ماشہ کشتہ ابرک 8 ماشہ' کشتہ تانبہ 8 ماشہ' کشتہ قلعی 8 ماشہ' کشتہ سیسہ 8 ماشہ ادویہ کو باریک کوٹ چھان
کر رکھیں اور ان میں کچلہ مدبر باریک شدہ 10 تولہ ملا کر دوچند وزن شکر سفید کا قوام بنا کر بدستور معجون
بنائیں' اور حسب طاقت روزانہ کھائیں۔

Scanned by CamScanner

معجون آم

پکے ہوئے میٹھے آم کا رس 16 سیر' مصری 4 سیر' گھی 1 سیر' سونٹھ 40 تولہ' مرچ سیاہ 20 تولہ' پیپل 10 تولہ' پانی 4 سیر' مرچ وغیرہ کا سفوف کر کے تمام کو ملا کر آنچ پر رکھے' حتیٰ کہ تمام پانی جذب ہو جائے' اور گھی الگ ہو جائے اور اچھی طرح سے پک جائے پھر مندرجہ ذیل پیس کر ڈال دیں' پوست بلیلہ" زیرہ سفید' دھنیا' چترا' ناگر موتھ' دار چینی' کلونجی' پیپلا مول' الائچی خورد' جائفل' لونگ' ناگ کیسر' کشتہ ابرک سیاہ ہر ایک 4 تولہ' ٹھنڈا ہونے پر 23 تولہ شہد ملا دیں' خوراک تقریباً 2 تولہ' نہایت مقوی باہ دوائی ہے' سنگرہنی' دمہ' کھانسی' گھی' پانڈو یرقان' بطلان شہوت طعام' بھس' ڈکار' رکت' پت وغیرہ کو آرام دیتا ہے۔

پیٹھہ پاک

پیٹھہ پکا ہوا عمدہ لے کر اس کے اندر سے بیج اس کی تاریں' بیج کا چھلکا سب دور کر کے پھر اس کے ٹکڑے کر لیں' اور گرم پانی سے دھوئیں' تب اگر یہ 400 تولہ ہے تو 10 سیر پانی ملا کر آنچ پر رکھیں' جب نصف پانی رہ جائے تو اتار کر ٹھنڈا کر کے ایک کپڑے میں سے چھان لیں' پانی کو علیحدہ رکھیں' اور ان ٹکڑوں کو ذرا دھوپ میں سکھا کر کانٹے سے ان کو چھید لیں' جیسا کہ مربے ڈالتے وقت بنایا کرتے ہیں' تب 4 سیر گھی تانبے کی کڑاہی میں ڈال کر ان کو بھون لیں' جب سرخ ہو جائیں' تب پہلا چھنا ہوا پانی ڈال دیں اور 5 سیر مصری بھی ساتھ ہی ڈال دیں' جب پک کر دودھ کی طرح گاڑھا ہو جائے' تب مندرجہ ادویہ کا سفوف اضافہ کریں' پیپل' سونٹھ' ریزہ ہر ایک 8 تولہ' دھنیا' تیج پات' الائچی مرچ سیاہ' دار چینی ہر ایک 3 تولہ' پھر اتار کر ٹھنڈا ہونے پر شہد آدھ سیر اور کشمش' بادام' گری آدھ آدھ پاؤ ڈالیں' 8 تولہ لونگ اور ایک تولہ کافور بھیم سینی بھی ملا دینا چاہئے' خوراک ایک تولہ سے 4 تولہ تک مقوی باہ' مولد' مغلظ' آواز کو صاف کرنے والا' رکت' پت' کھٹی کو دور کرنے والا سینہ کے امراض دور کرنے والا' دمہ' کھانسی' شدت پیاس'' بواسیر' خرابی رنگ' تپ دق' پرانا بخار دور کرنے والا ہے' معجون پیٹھہ اشونی کماروں کا تجویز کردہ ہے' لکھا ہے' بوڑھوں کو جوان کرتا ہے' کثرت جماع سے جو لوگ کمزور ہو گئے ہوں انہیں پھر سے طاقت ور بنا دیتا ہے۔

معجون برائے دفع بند کشاد جس قسم سے بھی ہو

جائفل' مصطگی عقر قرحا' جوتری' تخم ہلہل' مغز تخم انگن' دانہ اسپندر شیر مادہ گاؤ مدبر کردہ' سرمالیہ' گل سنبھل' تمام برابر وزن لے کر باریک پیس کر رکھیں اور کوکنار پوست خشخاش آدھ سیر لے کر آدھ سیر پانی میں تمام رات تر رکھیں' صبح کے وقت ہاتھ سے مل کر کپڑے سے چھان کر شہد خالص ادویہ سے دو چند ملا کر قوام بنائیں' اور ادویہ ملا کر معجون بنا کر رکھیں' روزمرہ بمقدار چار پانچ ماشہ کھائیں۔

دیگر

موصلی سیاہ' موصلی سفید' سورنجاں' مصری' عقر قرحا' موچرس' بہو پھلی' اندر جو شیریں' گوکھرو' لھسوڑہ خورد'' ست گلو' مغز تخم کونچ' مغز تخم انگن' بل بیج' تال مکھانہ' کباب چینی ثعلب مصری' جملہ ادویہ مساوی الوزن لے کر شکر تری ہم وزن ملا کر سفوف بنائیں' بمقدار تولہ ہمراہ شیر گاؤ روزانہ صبح کے وقت کھائیں۔

معجون چوب چینی

آتشک و رجع للفاصل کو دور کرنے کے علاوہ دافع جریان اور مقوی باہ ہے' چوب چینی 5 تولہ 10 ماشہ' دار چینی 7 ماشہ' ثعلب مصری 7 ماشہ' شقاقل مصری 7 ماشہ' بہمن سرخ 7 ماشہ' بہمن سفید 7 ماشہ ابریشم مقرض 7 ماشہ اگر 7 ماشہ' عقرقرحا 7 ماشہ' پوست آملہ 7 ماشہ' کشنیز خشک 7 ماشہ' مصطگی رومی 7 ماشہ' مغز کدوئے شیریں 7 ماشہ' صندل سرخ 7 ماشہ' گل سرخ 10 ماشہ' بنسلوچن 7 ماشہ' بسد سرخ 2 تولہ' جائفل 14 ماشہ' لونگ 14 ماشہ' وج ترکی 7 ماشہ' الائچی خورد 14 ماشہ' تال مکھانہ 14 ماشہ' موصلی سفید 14 ماشہ' موصلی سیاہ 14 ماشہ' اسگند ناگوری 3 تولہ' جاوتری 7 ماشہ' تخم کاہو' 14 ماشہ' تخم کاسنی 14 ماشہ' بہدانہ شیریں 3 ماشہ تخم خشخاش سفید 14 ماشہ' فرنجمشک 14 ماشہ' زعفران 7 ماشہ' مغز بادام شیریں مقشر 10 تولہ' مغز تخم خربزہ 4 تولہ' مغز نارجیل 4 تولہ' چھوہارہ 8 تولہ' ورق طلا 6 ماشہ' ورق نقرہ 6 ماشہ' مشک خالص 4 ماشہ' عنبر اشہب 4 ماشہ' شہد خالص لف گرفتہ سہ چند لے کر بدستور معمول معجون بنائیں' 40 روز کے بعد استعمال کرنا شروع کریں' اور 7 ماشہ سے ایک تولہ تک روزانہ کھائیں۔

معجون مفرح نہایت مبہی ہے

لاجورد مغسول' بنسلوچن کبود' زہر مہرہ' مونگہ ہر ایک 7 ماشہ' موتی ان بدھے 6 ماشہ عرق کیوڑہ میں کھرل کریں' جائفل' جوتری' پوست زرور نگرہ' پوست بیروں پستہ شاہ بلوط' شقاقل مصری' ابریشم خام مصطگی' وزوود (گلاب زیرہ) کندر' ثعلب مصری' گل سرخ' گل سیوتی' آملہ مقشر' دانہ الائچی خورد' دار چینی' بیج بند' ہر ایک 7 ماشہ شکر سفید' ڈیڑھ پاؤ کا قوام کر کے لکڑی کے دستہ سے مرہم کریں' ورق سونا 2 ماشہ ورق چاندی 3 ماشہ' عنبر اشہب' مشک خالص ہر ایک 1 ماشہ' باریک کر کے ملا کر بدستور مفرح تیار کریں۔

دیگر

نہایت مقوی باہ ہے' تخم گاجر' تخم شلجم' تخم مولی' تج' ثعلب' مصری' مغز چلغوزہ بنسلوچن' کبود' تخم اونگن' ہر ایک 7 ماشہ' دونوں بہمن' دونوں تودری ہر ایک 14 ماشہ تخم بلیون' ستاور' شقاق' دانہ الائچی خورد' سونٹھ جائفل' جوتری' مغز تخم کدو اور مغز تخم تربوز' مغز تخم خربوزہ ہر ایک 7 ماشہ' کوٹ چھان کر کشمش سبز مویز منقیٰ ہر ایک 2 تولہ پانی میں پیس کر شکر سفید چھٹانک کم آدھ سیر ڈال کر قوام کریں اور دوائیں اس میں ملائیں اور لکڑی کے دستہ سے ہلائیں' ورق چاندی ورق سونا ہر ایک 6 ماشہ ملا کر شیرہ مغز بادام شیریں 1 تولہ زیادہ کریں' عرق کیوڑہ 10 تولہ ملا کر مفرح تیار کریں۔

معجون مخلصہ تسمین بدن

تقویت باہ' تولید منی' تصفیہ خون' ہاضمہ کے واسطے مفید ہے' مقوی اعضائے رئیسہ ہے' ثعلب مصری 14 ماشہ' شقاقل مصری ساڑھے چار تولہ' خولنجاں 7 ماشہ' بہمن سرخ' بہمن سفید ہر ایک ساڑھے چار تولہ درونج عقربی 1 تولہ 4 ماشہ' الائچی خورد' الائچی کلاں ہر ایک ساڑھے تین ماشہ' دار چینی 1 ماشہ' لونگ 1 ماشہ' جوتری' رام پتری' مغز بادام' مغز اخروٹ' مغز چلغوزہ' مغز فندق ہر ایک 3 ماشہ بھنگ 2 تولہ' مشک خالص 3 ماشہ' کشن خرما 8 تولہ' پوست بیخ مخلصہ ساڑھے سات تولہ' پوست بلیلہ کابلی' پوست ہلیلہ زرد' پوست آملہ ہر ایک 4 ماشہ' بہی سیب انار' عناب مربائے انبہ ہر ایک ساڑھے سات تولہ' ورق نقرہ' عنبر

زعفران، مایہ شترا عرابی ہر ایک 5 ماشہ، شہد خالص برابر وزن ادویہ، مصری دو چند ادویہ، بطریق معروف معجون تیار کریں، خوراک 1 تولہ۔

معجون مقوی دافع جریان

کشتہ قلعی 1 تولہ، بسنلوچن کبود 1 تولہ، گل سپاری 1 تولہ، گل پستہ 1 تولہ، پھلی ببول 1 تولہ، ستاور 1 تولہ، موصلی سفید 1 تولہ، مغز بنولہ 1 تولہ، تخم خشخاش 1 تولہ، موصلی سینبھل 1 تولہ، مغز تخم املی 1 تولہ، تال مکھانہ 1 تولہ، مصطگی رومی 3 ماشہ، کندر 3 ماشہ، اگر 3 ماشہ، انیسوں 3 ماشہ، پودینہ خشک 3 ماشہ، تخم گندر 3 ماشہ، ثعلب مصری 4 ماشہ، شقاقل مصری 4 ماشہ ماہی روبیان 4 ماشہ، ریگ ماہی 4 ماشہ اندر جو شیریں 4 تولہ تمام ادویہ کوٹ چھان کر شہد خالص 15 تولہ، مصری 20 تولہ کا آب گذر میں قوام کر کے ادویہ ملا کر بدستور معجون تیار کریں، خوراک 1 تولہ۔

معجون مقوی باہ و مقوی اعضائے رئیسہ

الائچی خورد 5 تولہ، موصلی سفید 5 تولہ، ستاور 5 تولہ، گوند کتیرا 5 تولہ، تال مکھانہ 5 تولہ کمر کس 5 تولہ، پوست کوکنار 2 تولہ، گوند ہلیل بریان 3 تولہ، کشتہ فولاد 6 ماشہ، ورق طلا 25 عدد ورق نقرہ 60 عدد، روغن بادام 5 تولہ، شہد جملہ ادویہ سے سہ چند لے کر قوام بنائیں اور سب اشیاء کوٹ کر ملائیں، اور پھر روغن بادام ملا کر شہد ڈال دیں، بعد ازاں ایک ایک کر کے ورق ملائیں، تین ہفتہ کے بعد نیچے کی طرف سے روزانہ 3 ماشہ گائے کے دودھ کے ہمراہ کھانا شروع کریں اور قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں۔

نسخہ معجون جو کہ مقوی باہ مشتہی اور مقوی اعضائے رئیسہ ہے

مشک خالص 14 ماشہ، زعفران 2 تولہ، جاوتری 4 تولہ، دار چینی 4 ماشہ، کباب چینی 9 تولہ، جائفل 4 تولہ، مشک زعفران کے علاوہ باقی ادویہ باریک پیس کر شیر گاؤ 10 سیر میں بھنگ ایک پاؤ کی پوٹلی باندھ کر ڈال دیں اور پکائیں جب نصف دودھ جل جائے تو پوٹلی نکال کر پھینک دیں، اور دودھ کا دہی جما کر مکھن نکالیں، اب مشک و زعفران کو اس کے ساتھ کھرل کرو، بعد اس گھی کے برابر شہد خالص اور نصف آب لیموں کاغذی ملا کر دواؤں کا سفوف ملا کر خوب کھرل کریں،" پھر اکیس مرتبہ سات سات ورق طلا ڈال ڈال کر کھرل کرتے رہیں، جب یک ذات ہو جائیں، تو حفاظت سے شیشہ کے برتن میں رکھیں، خوراک ایک ماشہ، منقی میں رکھ کر کھلائیں، اوپر سے ملائی 2 تولہ، جلیبی 5 تولہ باہم ملا کر کھلائیں، اکیس یوم تک استعمال کریں، اثنائے استعمال میں جماع سے پرہیز رکھیں۔

معجون اکسیر الاجسام، فوائد بیحد رکھتی ہے

ایک عدد پیٹھہ جس کی شیرینی بنتی ہے وزنی ڈھائی سیر لے کر چھیل کر کدو کش کریں اور اس کا پانی نکال کر اس میں نخود سیاہ خام 3 چھٹانک اور ماش سیاہ خام 3 چھٹانک بھگو دیں۔ بعد 3 یوم کے چھلکا دور کر کے سائے میں خشک کریں اور ثعلب مصری 4 تولہ کو آب دودھی خورد میں 4 یوم بھگو کر خشک کریں اور تخم مہندی 5 تولہ کو ایک ہفتہ تک شیر بز میں بھگوئیں، روزانہ تازہ دودھ تبدیل کرتے رہیں اس کے بعد چھیل کر سفوف بنالیں، اور پوست بیخ کنیر سفید 4 تولہ بھلانوہ کلاہ دور کردہ 4 تولہ، پوست اونٹ کٹارہ 4 تولہ ان کو پوٹلی بنا کر 6 سیر شیر گاؤ میں جوش دے کر بدستور معروف دہی جما کر مکھن نکال کر گھی بنالیں، بعد تخم انگن

2 تولہ ' سورنجان شیریں 2 تولہ ' ترنجبین اصلی 3 تولہ ' اندرجو شیریں 1 تولہ ' مصطگی رومی 1 تولہ مال کنگنی بریان 2 تولہ موصلی سفید 1 تولہ ' موصلی سیاہ 1 تولہ ' موصلی سنبھل 1 تولہ ' سمندر سوکھ 1 تولہ ' تخم سروالی 1 تولہ تخم بلیون اصل 1 تولہ ' جاوتری 4 ماشہ زعفران 4 ماشہ ' موچرس 1 تولہ گوند ڈھاک 1 تولہ کونپل ڈھاک خشک شدہ 2 تولہ تخم ترہ تیزک 1 تولہ ' سونٹھ تولہ ' گری سنگھاڑا 2 تولہ تخم کونچ 2 تولہ اسگندھ ناگوری 1 تولہ دارچینی 6 ماشہ عقرقرحا 1 تولہ ' لونگ 6 ماشہ ' مغز بنولہ 1 تولہ تخم گذر 1 تولہ ' تخم پیاز 1 تولہ ' تخم مولی 1 تولہ ' مغز بادام شیریں 5 تولہ ' چھوارہ 5 تولہ ' مغز فندق 5 تولہ مغز چلغوزہ 2 تولہ ' مغز پستہ 2 تولہ ' مغز کدو شیریں 2 تولہ ' تالمکھانہ 1 تولہ ' ستاور 4 تولہ زہر مہرہ خطائی 4 ماشہ ' کشتہ قلعی 1 تولہ ' کشتہ مرجان 1 تولہ ' جملہ ادویہ کو سفوف بنائیں اول سفوف نخود سیاہ مدبر اور سفوف ماش سیاہ مدبر (جو اوپر مذکور ہوئے) کو روغن مذکور میں بریاں کریں بعد شہد خالص پاؤ سیر مصری سفید ایک سیر کا عرق گلاب قسم اول پاؤ سیر عرق گاؤ زبان پاؤ سیر میں قوام کر کے جملہ ادویہ کا سفوف ایک جگہ کر کے ملا دیں اور ورق نقرہ 15 عدد مربائے آملہ 5 تولہ ' مربائے گذر 5 تولہ باریک پیس کر ملا کر لڈو بنائیں ' یا معجون تیار کریں ' ایک تولہ صبح و شام شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں ' یہ معجون اعلیٰ درجہ کی مبہی ' مشتہی اور مغلظ ہے ' از کار رفتہ آدمی اس کے کھانے سے کامیاب ہو جاتے ہیں ' جریان و سرعت انزال کے واسطے بھی مفید ہے۔

معجون مقوی مبہی ممسک اور مغلظ ہے

جریان و احتلام کو دور کرتی ہے ' شقاقل مصری ' تودری سفید ' موصلی سفید ناگدون اندر جو ہر ایک 8 ماشہ ' ثعلب مصری ' تخم انٹگن ' موچرس ' مصطگی رومی ہر ایک 1 تولہ ' تخم شلغم ' تخم مولی ' تخم ترہ تیزک ' تخم گذر ' تخم پیاز ' تخم سویہ ' تخم بیج بند ' تخم ہالوں ' تخم مکھانہ ' رائی ' خولنجاں ' سونٹھ ' جائفل ' دارچینی ' زعفران ' بہمن سفید ' پیپل عقرقرحا ' اجوائن خراسانی ' تخم گندنا ہر ایک 2 تولہ 9 ماشہ جملہ ادویہ کوٹ چھان کر شہد خالص ہموزن اور شکر سفید دو چند کے قوام میں ملا کر رکھیں 6 ماشہ سے 2 تولہ تک دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

معجون مقوی باہ و بدن ہے

جریان ' سرعت و رقت و قلت کے واسطے بھی نہایت مفید ہے ' موچرس 5 تولہ ' سنگھاڑہ 5 تولہ ' دال ماش 5 تولہ ' مغز تخم کونچ 5 تولہ نشاستہ گندم 5 تولہ ' گوند کیکر 5 تولہ ' پوست بیخ اونٹ کٹارہ 3 تولہ ' موصلی سیاہ 3 تولہ ' مجیٹھ 3 تولہ ' گوند ڈھاک 3 تولہ تخم انٹگن 3 تولہ ' رتن جوت 3 تولہ ' سونٹھ 1 تولہ ' پیپل 1 تولہ ' دارچینی 10 ماشہ ' زعفران 5 ماشہ ' جائفل 5 ماشہ ' جلوتری 5 ماشہ ' مغز نارجیل 5 تولہ ' مغز پستہ 5 تولہ ' مغز چلغوزہ 5 تولہ مغز اخروٹ 5 تولہ ' مغز بادام شیریں مقشر 5 تولہ ' مغز بنولہ 5 تولہ روغن گاؤ ' شیر گاؤ ' 2 سیر شہد خالص ' سیر شکر سفید 1 سیر ' پہلی چھ دواؤں کو گھی میں بھونیں اور دودھ کا کھویہ بنائیں بعد شکر سفید اور شکر کا قوام کر کے کھویا اور آٹا ملا کر پکائیں اور دوا کوٹ چھان کر ملا دیں ' 1 تولہ سے 2 تولہ تک صبح و شام کھائیں۔

معجون تالمکھانہ مفید تقویت باہ و مغلظ منی

تال مکھانہ 9 تولہ لے کر اس میں دودھ بز اتنا ڈالیں جو کہ اوپر تک آ جائے ' اور تال مکھانہ پورے

طور سے ڈھک جائے، جب دودھ تال مکھانہ میں جذب ہو کر خشک ہو جائے تو پھر بطریق اول دودھ ڈالیں، یہ عمل تین بار کریں، یعنی 3 بار دودھ ڈالیں اور تین بار تال مکھانہ کو خشک کریں، بعد تال مکھانہ کو گوزر مغز نارجیل میں سوراخ کر کے بھر دیں، پھر سوراخ نارجیل کو بند کر دیں، پھر نارجیل کے اوپر کپڑا لپیٹ کر ان کے اوپر آرد گندم گوندھ کر لیپ کر دیں، پھر نرم آگ میں گولہ مذکور رکھ دیں، جب آٹا پک کر سرخ ہو جائے، تو اس کو آگ سے نکالیں، آٹا پختہ اتار کر تال مکھانہ نکالیں اور باریک پیس لیں اور مغز نارجیل کو علیحدہ برتن میں پیس لیں، پھر سفوف تال مکھانہ نکال لیں اور باریک پیس لیں اور مغز نارجیل کو علیحدہ برتن میں پیس لیں، پھر سفوف تال مکھانہ اور سفوف نارجیل آپس میں ملا دیں، بعد تودری سفید، تودری سرخ، گوکھرو خورد کلاں، موصلی سیاہ، موصلی سفید، گاؤ زبان ہر ایک، دو تولہ، ثعلب مصری، سمندر سوکھ، اندر جو، موچرس الائچی خورد ہر واحد ایک تولہ، دار چینی، کباب چینی، سورنجاں، شقاقل مصری، طباشیر ہر ایک 9 ماشہ، چوب چینی دو چھٹانک، بہمن سرخ، بہمن سفید ہر واحد ڈیڑھ تولہ، سب کو کوٹ چھان کر ملا دو، زاں بعد مصری سفید آدھ سیر کا قوام کرو اور کل ادویہ اس میں بخوبی ملا دو، خوراک ایک تولہ، پرہیز ترشی و بادی۔

معجون مقوی

جو کہ مقوی بدن اور مغلظ منی ہے، شہوت کو تیز کرتی ہے، بھوک بڑھاتی ہے، تمام امراض شکم سے نجات دلواتی ہے، تمام بلغمی اور ریاحی امراض کو دور کرتی ہے، فالج کو مفید ہے اور مقوی باہ اور بے حد ممسک ہے، بنائیں، اور فائدہ اٹھائیں، حب الغراب مدبر 1 تولہ، فلفل سفید 5 تولہ، فلفل سیاہ 5 تولہ، دار چینی 5 تولہ، دار فلفل 5 تولہ، جوزبوا 5 تولہ، بسباسہ 5 تولہ، مصطگی 5 تولہ، سعد ہندی، زنجبیل 5 تولہ، قرنفل 5 تولہ، آملہ 5 تولہ، سنبل الطیب 5 تولہ، دانہ الائچی کلاں 5 تولہ، نانخواہ 5 تولہ، رازیانہ 5 تولہ۔

معجون صمغ مفید برائے قوت باہ و دافع سرعت انزال و سیلان منی و مغلظ منی

مجرب، صمغ عربی (گوند کیکر) سنگھاڑہ کا آٹا کھجور کا آٹا، ہر ایک ایک سیر، مغز نارجیل، مغز پستہ مغز بادام، مغز چلغوزہ ہر ایک 4 تولہ، الائچی خورد، دار چینی، سونٹھ ہر ایک 1 تولہ، لونگ 9 ماشہ، فلفل دراز (مگھاں) 4 ماشہ، مصری سفید و شہد خالص، ہموزن نصفانصف سہ چند از وزن جملہ ادویات کو کوٹ چھان کر مصری اور شہد کے قوام میں معجون بنالیں، مقدار خوراک ایک تولہ سے لے کر 2 تولہ۔

جوارش خبث الحدید ممسک مفید سرعت انزال و ریاح بواسیر و قاطع خون بواسیر

ہلیلہ کابلی، ہلیلہ سیاہ، شیطرح ہندی، تخم کرفس ہر ایک چھ تولہ، پوست ہلیلہ، آملہ منقی، نانخواہ، تودری سرخ و زرد، دار فلفل، کنجد مقشر ہر ایک چار تولہ، خرفہ، سنبل الطیب، جوزبوا، زنجبیل، فلفل مویہ ہر ایک 20 تولہ، ہیل بوا، قسط سلیخہ، بسباسہ، خولنجاں، نارمشک ہر ایک چھ تولہ، سعد کوفی 4 تولہ، مشک تبتی دو مثقال، عنبر اشہب ایک مثقال خبث الحدید مدبر بوزن مجموع ادویہ روغن گاؤ 5 تولہ، سب ادویہ کوٹ چھان کر روغن گائے میں چرب کریں اور سہ چند شہد صاف کیا ہوا ملا دیں، خوراک 7 ماشہ سے ایک تولہ تک دودھ گائے یا لسی وہی جس سے مکھن نکال لیا گیا ہو کھائیں۔

معجون برائے قوت باہ مجرب و آزمودہ

مروارید ناسفتہ 4 ماشہ بیخ مرجان 4 ماشہ، بیخ کانچ 3 ماشہ، بیخ عشق پیچہ 3 ماشہ، شگوفہ اذخر 3 ماشہ،

ناگر موتھا 2 ماشہ 'مائیں کلاں 2 ماشہ 'دار چینی 2 ماشہ 'تگر 2 ماشہ 'مصطگی رومی 2 ماشہ 'صمغ عربی 1 ماشہ کتیرا 1 ماشہ 'بادیان رومی 10 ماشہ 'بہمن سفید 10 ماشہ شہد عمدہ ہموزن ادویہ کو کوٹ چھان کر شہد میں ملائیں اور جماع سے نصف گھنٹہ پیشتر 4 ماشہ نیم گرم پانی کے ساتھ کھالیا کریں 'پھر لطف عظیم مشاہدہ فرمائیں گے نعوظ پیدا کرتی ہے 'پٹھوں کو بہت قوت پہنچاتی ہے 'سختی لاتی ہے 'محل منی کو کھولتی ہے 'اور مرد کی تمام قوتوں کو درست کرتی ہے 'میرے تجربہ میں اس سے بہتر معجون کوئی ثابت نہیں ہوئی۔

معجون فلک سیر مسکر مشتہی و مبہی ممسک مجرب ہے

زعفران' دانہ الائچی کلاں' دار چینی' قرنفل ہر ایک 1 ماشہ 'لوبان' شقاقل مصری اندر جو شیریں' جوز الطیب ہر ایک دو تولہ 'مغز بادام مقشر 5 تولہ 'مشک خالص تبتی 4 ماشہ 'مصری اثار پختہ' روغن بیخ شوکراں 5 تولہ 'شہد 20 تولہ 'ادویہ کوفتہ بیختہ معلومہ معجون سازند قدرے شربت برائے مرد قوی الجثہ ازیک سرخ تا چہار سرخ واسط از سرخ تا سہ سرخ تا یک سرخ سازند۔

معجون فلک سیر 'مقوی' مبہی 'ملذذ' ممسک

مغز بادام شیریں 'مغز فندق' مغز چلغوزہ 'مغز گردگاں' افیون' بھنگ 'مغز تخم کدو' مغز کاہو' ہر ایک 6 ماشہ 'جوزبوا' بسباسہ' ہر ایک 4 تولہ 'مشک عنبر ہر ایک 6 رتی' شہد 3 تولہ 'حسب معمول معجون بنائیں' خوراک ایک ماشہ بوقت صبح و شام بہ ہمراہ شیر۔

معجون مقوی و ممسک مکیف

مروارید ناسفتہ' یاقوت رمانی' مرجان' کہربائے شمعی' زمرد سبز' عقیق زرد' لعل بدخشانی' شب سبز' لاجور و مغسول ہر ایک 2 مثقال' گاؤ زبان گیلانی' گل گاؤ زبان ابریشم مقرض' بہمنین' تودرین' شقاقل مصری' خصیتہ الثعلب' مصطگی' قرنفل' دار چینی' سرد'لہ' زعفران' مشک' عنبر اشہب ہر ایک امثقال' ورق نقرہ' ورق طلا ہر ایک 2 درم' چوب چینی قسم اول 25 مثقال' صندلین' خار خسک پر دردہ' تخم خشخاش تخم ہلیون' مغز پستہ ہر ایک 2 مثقال' شہد مصفی ترنجبین خراسانی' قند سفید' سہ و نیم وزن ادویہ روغن چرس در یک آثار ہشت تولہ' حسب دستور معجون بنالیں۔

نوٹ: روغن چرس' چرس کو 20 گنے دودھ میں حل کر کے یک شبانہ روز رکھ کر دہی جمائیں اور حسب دستور مکھن نکال لیں' بدبو کھونے کے واسطے مکھن میں اظفار الطیب برگ تنبول قرنفل' جوز الطیب ڈال کر مکرر جوش دیں۔

معجون مفرح کہ قوت باہ زیادہ کند و نعوظ آرد و منی بیفزائید و گردہ و مثانہ را

پاک کند و جگر را قوت دہد و دافع ضرر جماع و کدورت حواس است۔

شقاقل مصری' خولنجاں' خصیتہ الثعلب' بہمن سرخ' بہمن سفید' دج ترکی' تودری زرد' تودری سرخ' لسان العصافیر' تخم ہلیون خشک' ایک 3 دام' حب الیان' حب ہلسان' فلفل سفید' تخم گذر' مغز تخم خیارین' مغز تخم خربوزہ' تخم جرجیر' تخم شلغم تخم اسپست' خشخاش سفید' خسکدانہ' تخم ترہ تیزک' دار چینی ہر ایک 2 دام' قرنفل سنبل الطیب' کباب چینی' اساروں' بسباسہ' سعد کوفی' دار فلفل' جوزبوا'

نارمشک، عود خام، عنبر اشہب، زعفران، مشک خالص، زنجبیل، بوزیدان، قسط شیریں مغز حب الزلم ہر ایک ادرم، سرہ سقنقور 4 درم، مغز نارجیل، مغز بادام شیریں مغز پستہ، مغز چلغوزہ، مغز حب القطن، کنجد مقشر ہر ایک 5 درم، عسل مصفی سہ چند بدستور مقررہ مفرح بنائیں اور ہر روز موافق مزاج مقدار میں کھائیں۔

معجون عطر نہایت مبہی و منشط و ممسک ہے

عطر کشمیری (چرس) زعفران ہر ایک 1 درم، دار چینی، ثعلب مصری، قاقلہ صغار، مغز بادام، مغز نارجیل، مغز پنبہ دانہ، بہمن سفید ہر ایک 4 درم، جوزبوا صندل سفید، تودرین ہر ایک 2 درم، مشک نیم درم، قند سفید 1 رطل، شہد نصف رطل گلاب بقدر حاجت حسب دستور معجون بنالیں قدر شربت حسب حال۔

لبوب بارد بجہت نقصان باہ دقتیکہ سبب آں حرارت باشد مفید است

مغز بادام شیریں، مغز تخم خشخاش سفید ہر ایک 6 درم، مغز تخم کدو 5 درم، مغز تخم خربوزہ، مغز تخم بادرنگ، تخم خرفہ مقشر ہر ایک 3 دام، کتیرا 2 دام، تودری زرد، تودری سرخ، تخم گندر، تخم ہلیون، مغز چلغوزہ ہر ایک ایک درم، زنجبیل خولنجاں، شقاقل ہر ایک 5 درم، سب کو باریک کوٹ کر سہ چند ترنجبین کا قوام بنا کر اس میں ملائیں، خوراک 3 درم۔

جوارش مقوی باہ و دافع جریان

گل ببول 9 ماشہ، ثمر ببول 9 ماشہ، برگ ببول 9 ماشہ، چھال ببول تولہ، بہمن سرخ 6 ماشہ، بہمن سفید 6 ماشہ، تودری زرد 7 ماشہ، تودری سرخ 7 ماشہ، دار چینی 7 ماشہ، سوسن تولہ، اسپغول تولہ، مصطگی رومی 7 ماشہ، طباشیر کبود 7 ماشہ، موصلی سیاہ 6 ماشہ موصلی سفید 6 ماشہ، موصلی سینبھل 6 ماشہ، گولر خام، موچرس 7 ماشہ، مازو خار دار بریاں 9 ماشہ، کیلہ پھلی خشک تولہ، تخم ہلیھل 7 ماشہ، تخم حماض 7 ماشہ، تخم گندر، گل انبہ 7 7 ماشہ، گل تمرہندی مقشر بریاں تولہ، بہو پھلی 7 ماشہ، عقرقرحا 7 ماشہ، سب کو باریک باریک کوٹ چھان کر لیں، پھر کشتہ مرجان 3 ماشہ، کشتہ قلعی 3 ماشہ ملا کر جوارش بنائیں، خوراک ایک تولہ یومیہ۔

معجون مقوی باہ دافع سرعت و ضعف گردہ ضعف دماغ

بسباسہ 3 ماشہ، جوزبوا 3 ماشہ، ہیل 3 ماشہ، صندل سفید 3 ماشہ، ابریشم مقرض 3 ماشہ، خولنجاں 3 ماشہ، سورنجاں 3 ماشہ، مغز پنبہ دانہ 7 ماشہ، ثعلب مصری 1 تولہ، شقاقل مصری 9 ماشہ، اندرجو شیریں 7 ماشہ، زعفران 7 ماشہ، مصطگی رومی 3 ماشہ، دار چینی 3 ماشہ، مغز بادیان 7 ماشہ، مشک 3 ماشہ، اگر عرق بید مشک کی جگہ عرق ادرک ڈالیں تو نہایت مفید ہو گا، اگر نزلہ نہ ستاتا ہو تو شیر گاؤ اوپر سے پینا یا پلانا چاہیے، اگر عرق النساء یا وجع مفاصل کثرت جماع سے عارض ہو تو کچلہ بھی کوٹ چھان کر شامل کریں، ان دونوں صورتوں میں تجربہ ہو چکا ہے، مگر بدرقہ شیر گاؤ کا بدستور رہے، جہاں نزلہ شریک ہو۔

دیگر مفرح

اسطوخودوس 1 تولہ، برادہ چوب چینی آدھ پاؤ، برگ گاؤ زبان، برگ بادرنجبویہ (بلی لوٹن) ہر ایک

تولہ' ابریشم خام 9 ماشہ' گل بنفشہ 6 ماشہ' عناب 10 دانے' برسیاوشاں 6 ماشہ' عرق مکو' عرق گاؤ زبان میں بھگو کر جوش کر کے صاف کریں' شکر سفید آدھ سیر مویز منقی' کشمش' ہر ایک ایک چھٹانک' ہلیلہ مربی' آملہ مربی' سیب مربی ہر ایک 4 عدد' عرق گاؤ زبان میں پیس کر کپڑ چھان کر کے ملا کر قوام کریں' زرنب 7 ماشہ' جائفل جوتری' دار چینی ہر ایک 6 ماشہ' مغز بادام 5 ماشہ' مغز چلغوزہ' مغز حب الزلم (بن خام) تخم کدو' ہر ایک 9 ماشہ گل گاؤ زبان گل سیوتی دونوں بہمن' تودری' لونگ پوست زرد' رنگترہ پوست بیروں پستہ' ہر ایک 6 ماشہ باریک کر کے ملائیں اور لکڑی کے دستہ سے برہم کریں۔ عنبراشہب تین ماشہ' مشک خالص 2 ماشہ' ورق نقرہ چھ ماشہ' ورق طلاء 3 ماشہ' باریک کر کے ملا کر بدستور مفرح تیار کریں۔

دیگر

برگ گاؤ زبان دو ماشہ' مروارید ناسفتہ 1 ماشہ' یشب سبز 3 ماشہ' زہر مہرہ 29 ماشہ گل سیوتی 3 ماشہ' ابریشم مقرض 2 ماشہ' صندل سفید' تخم فرنجمشک' ہر ایک ڈیڑھ ماشہ' بہمن سفید 1 ماشہ' طباشیر کبود 2 ماشہ' عود غرقی (اگر) ڈیڑھ ماشہ' دانہ ہیل (الائچی خرد) 2 ماشہ' گل گاؤ زبان ڈیڑھ ماشہ' پوست بیرون پستہ' سنبل الطیب (بالچھڑ) ہر ایک 2 ماشہ قند سفید سہ چند' بدستور مفرح تیار کریں۔

دیگر

مروارید ناسفتہ' یاقوت رمانی' فیروزہ نیشاپوری' ہر ایک ایک ماشہ' زمرد سبز آدھ ماشہ' کہربائے شمعی' عقیق' بسد (بیخ مرجان) احمر ہر ایک تین ماشہ' لعل بدخشانی' ایک ماشہ' شقاقل مصری دو ماشہ' عنبراشہب 1 ماشہ' زہر مہرہ' طباشیر کبود یشب سبز' ہر ایک 3 ماشہ' یشب کافوری 2 ماشہ' زعفران 1 ماشہ' ثعلب مصری 2 ماشہ' صندل سفید 3 ماشہ' عود غرقی 2 ماشہ' برگ گاؤ زبان ابریشم مقرض' آملہ مقشر' کشنیز خشک ہر ایک 3 ماشہ' زرشک بہمن سفید ہر ایک چار ماشہ' ورق طلاء (سونا) 1 ماشہ' ورق نقرہ (چاندی) پوست بیرون پستہ ہر ایک 2 ماشہ' آب بہی شیریں ہر ایک ایک چھٹانک' آب انار شیریں' آب انار ترش' ہر ایک آدھ پاؤ' قند سفید سہ چند' عرق کیوڑہ' عرق بید مشک ہر یک پاؤ سیر بدستور مفرح تیار کریں۔

معجون مقوی دماغ دافع خشکی و ریاح' نافع سرعت انزال ہے

علاوہ ازیں مقوی اعصاب و مقوی معدہ اور مولد خون و مولد منی ہے' بہمن سفید 3 تولہ' تخم گاجر 3 تولہ' درونج ڈیڑھ تولہ' موصلی سفید 3 تولہ' ثعلب مصری 2 تولہ' انگن 1 تولہ' تودری سفید 1 تولہ' بنسلوچن 1 تولہ' دار چینی 1 تولہ' الائچی خورد 1 تولہ' الائچی کلاں 1 تولہ لونگ سادہ 9 تولہ' لونگ ٹوپی دار 1 تولہ' مغز ناریل 10 تولہ' مغز بادام شیریں 3 تولہ بھنگ 1 سیر' گھی آدھ سیر پانی 3 سیر' مصری 1 سیر۔

ترکیب ساخت

بھنگ' گھی' پانی ایک دیگ میں جس میں کم از کم 5 سیر پانی سماتا ہو' ڈال کر ایک تھالی سے منہ بند کر کے درزوں کو آٹے وغیرہ سے اچھی طرح سے بند کریں' اور تھالی کے اوپر وزنی پتھر رکھ کر اس کے نیچے بیری کی لکڑیوں کی نرم آنچ دو دن دو رات جلائیں' آنچ کم و بیش نہ ہو' یکساں تھوڑی تھوڑی جلتی رہے تین روز کے بعد آگ بند کر دیں چوتھے روز کھولیں سبز رنگ کا گھی جو اوپر تیرتا ہو ہاتھ سے اٹھالیں' باقی تمام کو ایک موٹے مضبوط کپڑے میں باندھ کر خوب نچوڑیں (کپڑے میں چھاننے سے پیشتر گرم کرنا چاہئے تاکہ گھی

پکھل کر اچھی طرح بر آمد ہو) پھر ایک دو گھنٹہ رہنے دیں' بعد جس قدر گھی ہو اٹھالیں پھر اس گھی کو اور اگلے گھی کو صاف کر کے ادویہ باریک شدہ میں ملائیں بعد مصری کا قوام بنا کر اس میں ملا دیں' نہایت عمدہ معجون خوشرنگ' خوشبودار اور خوش مزہ تیار ہو جائے گی' خوراک 3 ماشہ سے 6 ماشہ تک۔

معجون جو جریان کے واسطے نہایت مفید ہے

پھلی ببول 10 تولہ' پھول ببول 10 تولہ' گلنار 10 تولہ' تخم ریحاں بروغن زرد بریاں 3 تولہ' تخم شربتی 3 تولہ' پکھان بید 3 تولہ' تخم فرنجمشک 3 تولہ' گوند ڈھاک 3 تولہ' برگ گاؤ زبان 3 تولہ' مغز پستہ 10 تولہ' مغز بادام پاؤ سیر' کشمش پاؤ سیر' پلنگ توڑ 3 تولہ' خرما تازہ پاؤ سیر' ناریل تازہ 5 عدد' تال مکھانہ 2 تولہ' بیج بند سرخ 3 تولہ' تخم زردک پاؤ ثار' ثعلب مصری 3 تولہ' کمرکس 3 تولہ' موصلی سفید 3 تولہ' مغز تخم املی 10 تولہ' موصلی سیمبھل 3 تولہ' گوکھرو دکھنی 2 تولہ' سب کو کوٹ چھان کر آب انار شیریں ایک سیر' عرق کیوڑہ آدھ سیر' بہیدانہ 2 تولہ کا عرقوں میں لعاب نکال کر گھی 1 سیر شکر سفید 2 سیر کا قوام کر کے ادویہ ملا کر معجون تیار کریں' چالیس روز تک 2 تولہ روزانہ شیر گاؤ پاؤ سیر کے ہمراہ کھائیں۔

جوارش برائے جریان نہایت مفید ہے

دال ماش مقشر 7 تولہ کو رات کے وقت شیر گاؤ میں بھگوئیں اور تال مکھانہ 3 تولہ کو شیر 5 تولہ میں تر کر کے خشک کریں اور گھی 5 تولہ میں بھونیں' چھالیہ چکنی 5 تولہ' ریزہ ریزہ کر کے شیر گوسفند 5 تولہ میں اول بھگو دیں پھر خشک کر کے پیس لیں اور روغن گاؤ میں بھون لیں اور آرد ثعلب مصری' آرد چینا گوند' آرد نخود' گوند کیکر بریاں (روغن زرد 5 تولہ) 2 تولہ' سب کو ایک جگہ کر کے شکر سفید ایک سیر کے قوام میں ملائیں' بعد گل ببول 9 ماشہ' پھلی ببول 9 ماشہ' برگ ببول 9 ماشہ چھال ببول 1 تولہ' بہمن سرخ' بہمن سفید ہر ایک 6 ماشہ' تودری زرد' تودری سرخ دار چینی ہر ایک 7 ماشہ' بیخ سوسن ایک تولہ' اسپغول 1 تولہ' مصطگی رومی 7 ماشہ' بنسلوچن 7 ماشہ' موصلی سیاہ 6 ماشہ موصلی سفید 6 ماشہ' موصلی سیمبھل 6 ماشہ' گولر خام 1 تولہ موچرس 7 ماشہ' مازو خار دار بریاں 9 ماشہ کیلہ پھلی خشک 1 تولہ' تخم ہلہل 7 ماشہ' تخم حماض 7 ماشہ' تخم گندر 7 ماشہ گل انبہ 7 ماشہ' گل پستہ 6 ماشہ' ستاور 7 ماشہ تخم انگن 7 ماشہ' تخم خرفہ 9 ماشہ' مغز کدو 1 تولہ' مغز تخم املی 1 تولہ' بھو پھلی 7 ماشہ عقرقرحا 7 ماشہ' سب کو کوٹ چھان کر ملائیں' پیچھے سے کشتہ مرجان کشتہ قلعی ہر ایک 6 ماشہ ملا کر رکھیں' خوراک 1 تولہ۔

معجون دماغ افروز سرعت انزال' ضعف باہ' گردہ' ضعف دماغ کے واسطے اکسیر ہے

برگ بھنگ 3 تولہ' روغن بادام 3 تولہ میں ڈال کر آگ پر رکھیں' جب صندلی رنگ ہو جائے اتار لیں پھر عمدہ کچلے 10 تولہ ہفتہ بھر دودھ میں بھگوئیں' روزانہ دودھ بدلتے رہیں' بعد ازاں گرم پانی سے دھو کر چھیلیں اور ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالیں' بعد مسکہ گاؤ میں ڈال کر پکائیں' جب صندلی رنگ ہو جائے' مسکہ صاف کر کے رکھیں اور مغز بادام شیریں مقشر 5 تولہ' مغز چلغوزہ 5 تولہ مغز نارجیل تازہ نرم خام 5 تولہ (تخم خشخاش 5 تولہ) شیر گاؤ ڈیڑھ سیر میں پیس کر شیرہ نکال کر اس میں دار چینی 1 تولہ کا مسلم ٹکڑا اور موٹے چھوہارے 15 عدد ڈال کر نرم آگ پر پکائیں حتیٰ کے مرہ ہو جائیں' اس وقت اس کو کچلے کے گھی میں

بھونیں اور شہد خالص 25 تولہ شکر سفید 25 تولہ کا عرق بید مشک میں قوام تیار کر کے تمام ادویات ذیل ملائیں' جوتری 3 ماشہ' جائفل 3 ماشہ' دانہ الائچی خورد 3 ماشہ' صندل سفید 3 ماشہ' ابریشم مقرض 3 ماشہ' خولنجاں 3 ماشہ' سورنجاں شیریں 3 ماشہ' مغز بنولہ 7 ماشہ' ثعلب مصری 1 تولہ شقاقل مصری 7 ماشہ' اندرجو شیریں 7 ماشہ زعفران 7 ماشہ' مصطگی رومی 3 ماشہ دار چینی 3 ماشہ' مغز بادیان 7 ماشہ' مشک خالص 3 ماشہ' مشک زعفران کو عرق کیوڑہ میں ملا کر اضافہ کریں' اگر عرق بید مشک کی بجائے عرق گندر میں قوام کیا جائے تو نہایت مفید ہو گا' پہلے روز چھ ماشہ' تیسرے روز 9 ماشہ' نویں روز 1 تولہ' پھر روزانہ 1 تولہ کھائیں' اگر نزلہ ستاتا ہو تو معجون کھا کر اوپر سے شیر گاؤ پئیں اگر وجع المفاصل یا عرق النساء کثرت جماع سے ہو گیا ہو تو کچلہ بھی کوٹ چھان کر شامل کریں' اگر مرض نزلہ ہو تو یخنی نخود سے کھائیں۔

جوارش ممسک دافع جریان عتیقہ و سرعت انزال ہے اور بواسیر کو بھی مفید ہے

بالچھڑ 7 ماشہ' برگ سداب 7 ماشہ' آملہ خشک مقشر 7 ماشہ' اجوائن 9 ماشہ' ہلیلہ سیاہ 9 ماشہ' پوست بہیڑہ 9 ماشہ' ناگر موتھ 6 ماشہ' تج 6 ماشہ اسگندھ ناگوری 6 ماشہ' خبث الحدید مدبر 4 ماشہ' بسد محرق 2 ماشہ' کنجد مقشر 10 ماشہ' دانہ الائچی کلاں 1 تولہ' مغز بادام شیریں مقشر 3 تولہ' اول ہلیلہ جات کو گھی میں چرب کریں' بعد جملہ ادویات کوٹ چھان کر شہد خالص سہ چند کے قوام میں ملا کر گوندھیں خوراک 1 تولہ۔

معجون مقوی باہ و ممسک

ثعلب مصری پاؤ ثار مغز تخم املی پاؤ ثار مرچ سیاہ (مرچ سیاہ اس قدر لیں جس قدر تعداد میں مویز منقی کے بیج نکلیں) تینوں کو باریک کوٹ چھان کر رکھیں اور مغز بادام شیریں مقشر' مغز پستہ ہر ایک پاؤ سیر کو ایک جگہ میں کر رکھیں' بعدہ' شہد خالص پاؤ سیر مصری پاؤ سیر دونوں کو ملا کر حل کریں' بعد مویز منقی پاؤ سیر پیس کر ملائیں اور پھر ادویہ باریک شدہ ملا کر پیچھے مغز بادام و مغز پستہ باریک شدہ ملا کر رکھیں' خوراک 1 تولہ ہمراہ شیر گاؤ' نہایت مجرب ہے۔

معجون فلک سیر مغلظ ممسک و مقوی باہ

سونٹھ 3 ماشہ پیپل 3 ماشہ' ثعلب مصری 3 ماشہ' شقاقل مصری 3 ماشہ جائفل 3 ماشہ' اندرجو شیریں 3 ماشہ' مصطگی رومی 3 ماشہ' تودری سرخ 3 ماشہ تودری زرد 3 ماشہ' بہمن سفید 7 ماشہ' بہمن سرخ 7 ماشہ' کمرائے شمعی 6 ماشہ' بسد محرق 6 ماشہ' برگ بھنگ 2 تولہ (پانی سے دھو کر خشک کر کے کورے ٹھیکرے میں رکھ کر قدرے بریاں کریں جملہ ادویہ کوٹ چھان کر مصری 10 تولہ شہد خالص 10 تولہ شربت انار شیریں 5 تولہ گلاب 10 تولہ کا قوام بنا کر ادویہ باریک شدہ ملائیں۔ بعدہ' زعفران 4 ماشہ گلاب میں حل کر کے اضافہ کریں اور ورق نقرہ 20 عدد ایک ایک کر کے ملائیں خوراک 1 ماشہ سے 12 ماشہ تک۔

جوارش مفید جریان

رال ماش مقشر 3 تولہ کو رات کو دودھ گائے میں بھگوئیں' پھر تال مکھانا 3 تولہ' آدھا سیر دودھ میں جھلو

کر خشک کریں' اور گھی ایک چھٹانک میں بھونیں' چھالیہ چکنی 5 تولہ ریزہ ریزہ کرکے دودھ بھیڑ ایک چھٹانک میں بھگو دیں' پھر خشک کرکے پیس لیں اور روغن گاؤ میں بھون لیں' اور ثعلب مصری 2 تولہ آرد چینا گوند 2 تولہ' آرد نخود 2 تولہ صمغ عربی بریان' روغن زرد 5 تولہ' سب کو ایک جا ملا کر شکر سفید ایک سیر ملا کر قوام بنالیں۔ مقدار خوراک 9 ماشہ سے ایک تولہ۔

معجون جو کہ تقویت باہ و تغلیظ منی اور ضعف پشت کی واسطے اکسیر ہے

بنسلوچن سفید' دانہ الائچی خورد' کمرکس' گوند کیکر' گوند ڈھاک' موچرس' تخم سروالی بیج بند' مغز تخم املی موصلی' سینبھل موصلی سیاہ' موصلی سفید' ستاور' ثعلب مصری شقاقل مصری ہر ایک 1 تولہ' جملہ ادویہ کوٹ چھان کر شہد خالص آدھ سیر شکر سفید پاؤ بھر کا قوام کرکے بدستور معجون تیار کریں' خوراک 1 تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔

معجون مفرح

طباشیر کبود 2 ماشہ' صندل سفید' بسد (بیخ مرجان)' احمر کہربائی شمعی' ہر ایک 1 ماشہ' آملہ مقشر' مغز پستہ' مغز بادام ہر ایک 2 ماشہ' بہمن سفید 1 ماشہ' مغز تخم کدوئے دراز 3 ماشہ' مغز تخم خیار 5 ماشہ' مغز تخم تربوز مغز نارجیل (ناریل) تازہ' مغز تخم خربزہ خار خسک (گوکھرو) خورد' ہر ایک 3 ماشہ' کنجد (تل) مقشر 2 ماشہ' تخم خرفہ برگ گاؤ زبان ہر ایک 3 ماشہ' تخم خشخاش سفید' گلسرخ' ستاور' ہر ایک 2 ماشہ ہلیلہ مربے' آملہ مربے' ہر ایک سات عدد سیب مربے پانچ عدد' آب انار شیریں' آب انار میخوش' (کھٹ مٹھا) ہر ایک پاؤ سیر' آب آملہ سبز آدھ پاؤ' قند سفید سہ چند' ورق نقرہ (چاندی) 20 عدد بدستور مفرح تیار کریں۔

دیگر

مروارید ناسفتہ (ان بیدھے موتی) 3 ماشہ' بسد (بیخ مرجان) احمر یاقوت رمانی' ہر ایک 2 ماشہ' سنگ یشب' لاجورد مغسول ہر ایک 3 ماشہ' زمرد سبز 1 ماشہ' فیروزہ' زعفران' عنبر اشہب ہر ایک 2 ماشہ' بسباسہ' (جوتری) آدھ ماشہ' زرشک' برگ گاؤ زبان' عود ہندی' ابریشم مقرض' طباشیر کبود ہر ایک 3 ماشہ مصطگی 1 ماشہ تخم فرنجمشک (تخم تلسی) دارچینی پیرمایہ شتراعرابی ہر ایک 2 ماشہ' آب سیب آب بہی ہر ایک آدھ پاؤ' آب انار شیریں ہر ایک پاؤ سیر' قند سفید' سہ چند ادویہ یا بعد ہ (خشک) بدستور معروف مفرح بنائیں۔

دیگر جو باہ کو زیادہ کرتا ہے

شقاقل مصری' خولنجاں' ثعلب مصری بہمن سرخ' بہمن سفید' درج' تودری سرخ' تودری زرد' اندر جو' تخم ہلیون' خشک مربے (گوکھرو پروردہ) ہر ایک 3 درم' حب البان (تخم بکائین)' حب بلسان' فلفل سفید' تخم جرجیر (ترہ تیزک) مغز تخم خیارین' تخم خربزہ' تخم شلغم' تخم اسپست' خشخاش سفید' مغز خسکدانہ' تخم ترہ تیزک دار چینی' ہر ایک 7 ماشہ' قرنفل (لونگ) سنبل الطیب (بالچھڑ)' کباب چینی اسارون (تگر) بسباسہ (جوتری) سعد کوفی' دار فلفل (پیپل) قرفہ (تج) جوزبوا (جائفل) نار مشک' (ناگکیسر) عود خام' عنبر

اشھب، زعفران مشک خالص، زنجبیل (سونٹھ)، بوزیدان (ستاوری) قسط (کٹھ) شیریں، مغز حب الزلم (بن خام) ہر ایک 3 ماشہ، سرہ مقنفور (بن ریہو کی ناف) چار درم مغز نارجیل (ناریل) مغز بادام شیریں، مغز پستہ، مغز چلغوزہ، مغز حب القطن (بنولہ) کنجد مقشر، ہر ایک 7 ماشہ شہد خالص سہ چند بدستور قوام کریں۔

معجون مقوی اعضائے رئیسہ جس سے باہ اور طاقت جسمانی کو فائدہ بہت زیادہ ہوتا ہے

اس معجون میں غذایت اور دوایت دونوں ہیں:۔ **نسخہ** اسطو خودوس، کاہو پوست ہلیلہ زرد، پوست بہیڑہ، آملہ مقشر، ملٹھی، چھڑیلہ، بالچھڑ ہر ایک 3 تولہ، عشبہ، پکھان بید، ہلیلہ سیاہ، برادہ صندل ہر ایک 3 تولہ، کشنیز 4 تولہ گاؤ زبان، عناب ہر ایک 5 تولہ مویز منقی پاؤ سیر مذکور الصدر جملہ ادویہ کو تین سیر آب گاجر میں رات کے وقت بھگو دیں اور علے الصبح ہاتھ سے مل کر چھان لیں بعدہ، اس میں 2 سیر مصری اور ایک سیر شہد خالص داخل کر کے معجون کا قوام بنائیں اور مندرجہ ذیل ادویہ داخل کر کے معجون تیار کریں، ثعلب مصری شقاقل مصری مغز بادام شیریں مقشر مغز پستہ، مغز چلغوزہ، مغز اخروٹ، مغز بنولہ، مغز خیارین ہر ایک 4 تولہ، گوکھرو، بہمن سفید، بہمن سرخ خولنجاں، آرد سنگھاڑہ، موصلی سفید، موصلی سیاہ تخم انٹگن، ستاور، درونج عقربی، تالمکھانہ، پوست خرما، مغز تربوز، تخم خشخاش، مغز کنول گٹہ، سبوس اسپغول، ابریشم مقرض، ہر ایک 3 تولہ الائچی دانہ، بنسلوچن، دار چینی، اندر جو گوند کیکر کتیرا گل گاؤ زبان، جائفل جاوتری، بوزیدان، ہر ایک 2 تولہ، چوب چینی 3 تولہ زیرہ سیاہ، اجوائن خراسانی، زہر مہرہ کہربا، سلاجیت، تخم بھنگ، ریگ ماہی، کشتہ قلعی کشتہ مرجان عقیق، کشتہ یشب، رب السوس، ہر ایک 1 تولہ، کشنیز مقشر 1 تولہ لونگ، زعفران ہر ایک 6 ماشہ، نشاستہ، 10 تولہ، آرد نخود بریاں، آرد روا ہر ایک 5 تولہ، آرد بنولہ 5 تولہ کھویہ شیر پاؤ سیر، روغن زرد پاؤ، ورق نقرہ ایک دفتری، عرق پیاز 2 سیر، ٹنکچر نکس وامیکا 1 تولہ، شراب برانڈی پاؤ سیر، حسب طریق معروف معجون تیار کریں، خوراک 3 تولہ صبح 3 تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

معجون مفرح نہایت مبہی

ہلیلہ مربے آملہ مربے ہر ایک سات عدد لیکر پیس کر عرق گاؤ زبان، عرق کیوڑہ ہر ایک آدھ سیر میں جوش کر کے مل کر صاف کریں، آب انار ترش، آب لیموں، شربت آلو بخارا، ترنجبین، شیر خشت ہر ایک پاؤ سیر، قند سفید آدھ سیر اضافہ کر کے شربت کا قوام کریں، شقاقل مصری ثعلب مصری، تودری ہر ایک دو درم، تخم گندر ڈیڑھ درم، مغز چلغوزہ، مغز تخم خربزہ، مغز تخم خیار، مغز تخم کدو دراز ہر ایک 7 ماشہ، مغز بادام، تخم خشخاش سفید، بہمنس، تخم ہلیون ہر ایک تین دم، مغز پستہ، مغز فندق ہر ایک 17 ماشہ، مغز نارجیل (ناریل) تین درم، کنجد (تل چھلی) مقشر 7 ماشہ، عود عرقی 5 ماشہ، ستاور، مغز حب الزلم (بن خام) جند بید ستر ہر ایک 7 ماشہ، مغز اخروٹ، 10 ماشہ، گائے کے گھی میں بریاں کریں، جھینگا مچھلی حب فلفل (جنگلی انار دانہ) برگ گاؤ زبان، طباشیر کبود، مغز تخم پیٹھہ مغز تخم تربوز، ہر ایک 7 ماشہ، زعفران جاوتری ہر ایک 5 ماشہ موتی ان بیدھے 10 ماشہ یاقوت رہانی 6 ماشہ، ورق سونا 1 ماشہ ورق چاندی 7 ماشہ، ابریشم

عرض 10 ماشہ، عنبر اشہب 5 ماشہ، بدستور معروف اضافہ کر کے معجون مفرح تیار کریں۔

معجون لبوب نہایت مقوی باہ ہے

مصطگی، جوتری، اندر جو، بالچھڑ، زعفران، سونٹھ، ناگسیر، تلسی، پیپل ہر ایک 10 ماشہ کرسنہ (مٹر) کھرو پرورده، خوشہ خرما (برادہ ریگ ماہی) ہر ایک 14 ماشہ کباب چینی، بچ، کلنجن، لونگ، شقاقل ہر 17 ماشہ بہمن سفید، بہمن سرخ، تخم بلیون تودری سرخ تودری زرد، تودری سفید، ستاوری، مغاث، شلجم، تخم اسپست، تخم پیاز، تخم گندنا، ہر ایک 2 تولہ مغز فندق، مغز پستہ، مغز حب قلفل، (جنگلی انار) ناریل، مغز حبۃ الخضرا (دین)، مغز اخروٹ، مغز کڑھنڈی، مغز تخم خربزہ، مغز حب الزلم (بن خام) چلی خشخاش، جند بیدستر، ثعلب مصری، ہر ایک 2 تولہ 9 ماشہ، شہد ر چند میں معجون بنائیں۔

معجون برائے تقویت باہ درد جسم نہایت مفید ہے

اسگندھ ناگوری، ثار موصلی سیاہ 5 ورم، سونٹھ 5 ورم، روغن مادہ گاؤ، ثار، شہد سہ چند ادویہ کوٹ ان کر اول روغن زرد میں تھوڑا سا بریاں کریں، پھر شہد میں ملا کو معجون تیار کریں 7-7 ماشہ صبح و شام کھائیں بھوک لگاتی اور چہرہ کے رنگ کو نکھارتی ہے۔

معجون مقوی باہ

گل سکری تازہ، ثعلب مصری، شقاقل مصری، ستاور، تخم انگن ہر ایک دو تولہ، تخم کونچ 2 تولہ، بنسلو 2 تولہ، بہمن سفید، 2 تولہ، بہمن سرخ 2 تولہ، تودری سفید 2 تولہ، تودری سرخ 2 تولہ کوٹ چھان کر شیر بھینس کے دودھ میں دو مرتبہ تر اور خشک کر کے جائفل 1 تولہ، جاوتری 1 تولہ پیس کر ملالیں اور شہد خالص آدھ پاؤ، مصری پاؤ بھر کا قوام کر کے مربائے سیب 10 تولہ، مربائے بہی 10 تولہ ملا کر دیگر ادویہ ملائیں، مشک خالص 1 ماشہ، زعفران 6 ماشہ، عرق کیوڑہ میں حل کر کے اضافہ کریں، اور ورق طلا 8 عدد، ورق نقرہ 12 عدد کشتہ قلعی 6 ماشہ کشتہ مرجان 6 ماشہ، اضافہ کر کے رکھیں، خوراک 2 تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔

معجون تقویت باہ اور تقویت اعضائے رئیسہ کے واسطے مجرب المجوب ہے۔ معجلوقوں وغیرہ کو مفید ہے

بہمن سرخ 6 ماشہ، بہمن سفید، 6 ماشہ، موصلی سفید 6 ماشہ، موصلی سیاہ 6 ماشہ، تودری زرد 6 ماشہ، تودری سرخ 6 ماشہ، ثعلب مصری 6 ماشہ، شقاقل مصری 6 ماشہ، برگ دودھی سبز 1 تولہ مصطگی رومی 6 ماشہ، ریگ ماہی 6 ماشہ، خراطین مصفیٰ 6 ماشہ، تخم شلجم 6 ماشہ، تخم گذر 6 ماشہ، تخم پیاز 6 ماشہ، پنیریا شتراء رابی 6 ماشہ، جند بیدستر 6 ماشہ، جاوتری 3 ماشہ، بیر بہوٹی 3 ماشہ، مال کنگنی 2 ماشہ، تالمکھانا 3 ماشہ، اسگندھ ناگوری 3 ماشہ، بیج بند 3 ماشہ، خولنجاں 3 ماشہ، مغز تخم املی 3 ماشہ، گوند انبہ 3 ماشہ، گوند ڈھاک 3 ماشہ، قلفل باریک کوٹ چھان کر رکھیں، بعدہ، مغز بادام شیریں مقشر 3 تولہ، پستہ 3 تولہ مغز اخروٹ 3 تولہ، مغز چلغوزہ 3 تولہ مغز فندق 2 تولہ مربائے ادرک پاؤ سیر، مربائے ثعلب پاؤ سیر کو آب گذر آدھ سیر، عرق بید مشک آدھ سیر میں پیس کر کپڑے سے چھان کر شہد خالص آدھ سیر ملا کر مغز بادام 25 عدد اور پیاز پاؤ پختہ ڈال کر قوام

کر کے آگ سے نیچے اتار کر باریک شدہ ادویات ملائیں' بعد ازاں زعفران 3 ماشہ' مشک خالص 3 ماشہ
عرق کیوڑہ میں حل کر کے ملائیں اور ورق نقرہ 6 ماشہ' ورق طلا 3 ماشہ' ایک ایک کر کے اضافہ کریں۔
خوراک 6 ماشہ صبح اور 6 ماشہ شام۔

لبوب منی کو زیاہ کرتا ہے

مغز بادام' مغز اخروٹ' مغز پستہ' مغز حبہ الخضرا (بن) مغز چلغوزہ' مغز حب الزلم (بن خام) مغز تخم پیاز' تخم شلجم' تخم سویا' ہردو بہمن سونٹھ' پیپل' لباب چینی' تج' دار چینی' شقاقل' کنجن' تخم لہسن' ہر ایک برابر شہد خالص دو چند

دیگر نہایت مبہی ہے

بوزیدان بہمنین' اندر جو' خولنجاں (کلنجن) دار چینی ہر ایک 7 ماشہ' مغز تخم خیارین 13 ماشہ مغز فندق' مغز پستہ' مغز چلغوزہ' مغز بادام مقشر' مغز تخم خربزہ' خشخاش سفید' ہر ایک 21 ماشہ' قند سفید 17 تولہ' عسل (شہد) خالص آدھ سیر خوراک 17 ماشہ۔

دیگر نہایت مقوی باہ ہے

موصلی سیاہ' اسگند ناگوری گل دھاوہ' موچرس' زنجبیل' تخم اوٹنگن' تخم زردک گل پستہ' تالمکھانہ' ہر ایک ایک تولہ' باریک پیس کر شکر خام برابر ملا کر سفوف بنائیں ہر روز ایک تولہ ہمراہ گائے کے دودھ کے کھائیں۔

دواء المسک بارد مقوی باہ ہے

موتی ان بیدھے' کہربائی شمعی' ہر ایک 4 ماشہ' ابریشم مقرض (کاٹا ہوا) بنسلوچن' سفید' گل سرخ' دھنیا خشک' تخم کدو' گل گاؤ زبان' مشک خالص' عنبر اشہب ہر ایک 9 ماشہ' رب سیب' 8 تولہ' شکر سفید 22 ماشہ' بدستور قوام کریں اور 4 ماشہ صبح کو کھایا کریں۔

دواء المسک دیگر مقوی باہ

ثعلب مصری بنسلوچن سفید' گل سرخ' دونوں صندل' دونوں تودری' پوست رنگترہ ابریشم زعفران مشک خالص ہر ایک 3 ماشہ' بالچھڑ' بہمن سرخ' الانجی خورد' الاچگی کلاں' لونگ ہر ایک 2 ماشہ' گاؤ زبان' کہربائی شمعی' دھنیا خشک بیخ مرجان سرخ' ہر ایک 4 ماشہ' تیج پات چھڑیلہ' نرکچور ہر ایک 1 ماشہ' دار چینی' عنبر اشہب 2 ماشہ' گلاب عرق بید مشک' ہر ایک پاؤ سیر' ورق سونا 1 ماشہ' ورق چاندی 4 ماشہ' خالص' مصری سفید سہ چند بدستور قوام کریں۔

کونچ پاک

مغز تخم کونچ سفوف 80 تولہ مصری 120 تولہ گائے کا گھی 32 تولہ' دودھ 4 سیر' سبکو ایک جگہ کے نرم آنچ پر پکا دیں جب پکتے پکتے کھوئے کی مانند ہو جائے تب نیچے لکھی ہوئی دواؤں کا سفوف ں' جانیفل ترکٹا (سونٹھ پیپل مرچ سیاہ) ترگندھ (دار چینی' الائچی تیزپات) لونگ عقر قرحا' جاوتری' مکھانہ' زعفران' پزنوا' بلا' اتی بلا' موصلی چند رددیہ' کشتہ فولاد' کشتہ ابرک ہر ایک 2 تولہ' چندن' اگر وری' کافور' ہر ایک 4 ماشہ' ان سب کو باریک کرکے ملائیں اور چکنے برتن یا چینی کے برتن میں رکھیں لہ روزانہ کھائیں' اور اوپر سے دودھ پئیں' پندرہ بیس روز کے استعمال سے بخوبی فائدہ ہوگا۔

کام سندر پاک

ستادر' موصلی' گوکھرو' تج' لونگ' چھوارے' الائچی پیپل' آملہ' کنول گٹہ' چندن کونچ کے بیج' پترج' کھ' سونٹھ' تالمکھانہ' دھنیا ہر ایک 1 تولہ' چکنی سپاری 8 تولہ' مصری 8 تولہ' کستوری' بھیم سینی' کافور سفید ایک 6 ماشہ' دھلی ہوئی مونگ 6 تولہ' ان سب کا بطریق معروف پاک بنا دیں' اور حسب قوت کھائیں' پر سے دودھ پئیں جریان دور ہوتا اور قوت بڑھتی ہے۔

رتی ولبھا پاک

دکھنی سپاری 4 تولہ لے کر کوٹ لیں پھر پانی میں بھگو کر آہستہ آہستہ کوٹ کر باریک سفوف کریں' اس سفوف کو سکھا کر کپڑچھان کریں پھر چار سیر گائے کے دودھ میں پکائیں اور 16 تولہ گائے کا گھی ملائیں اور 5 کلو مصری ملائیں' جب پکتے پکتے پاک بن کر تیار ہو' تو نیچے اتار کر یہ ادویہ کوٹ چھان کر ملائیں' الائچی ب بلا' بلا پیپل' جانیفل' جوتری' پترج' تج' دار چینی' سونٹھ' خس' نیتر بالا' ناگر موتھ' ترپھلہ سلوچن' ستادر' مغز تخم کونچ داکھ' تالمکھانہ' گوکھرو' کھجور' چھوارے' دھنیا' چھیر کاکولی' کسیرو' مہوا' نکھاڑا' زیرہ' کلونجی' اجوائن' بٹ کے بیج' جٹا مانسی' سونف' میتھی' بداری کند' موصلی اسگندھ کچور ناگ گیسر مرچ سیاہ' چرونج' سنبھل کے بیج' گج پیپل' کنول گٹہ' دونوں چندن لونگ ہر ایک چار تولہ لے کر سب کا سفوف کرکے پاک کی چاشنی میں ڈالیں' اور چند راودی کشتہ قلعی' کشتہ سیسہ' کشتہ فولاد' کشتہ ابرک' ستوری' بھیم سینی کافور' یہ تمام بقدر ضرورت یا جس قدر طبیب مناسب سمجھے ڈالے' اس کو کھانے سے پہلے کھائے' یہ نہایت مقوی باہ ہے۔ منی کو پیدا کرتا ہے اور غلیظ بناتا ہے۔ بدن خوبصورت بن جاتا ہے' مقدار خوراک حسب طاقت۔

دواء المسک دیگر باہ کے لئے عجیب و غریب ہے

موتی بے سوراخ' کہربائے' شمعی' بیخ مرجان سرخ' ابریشم مقرض (کاٹا ہوا) نرکچور' درونج عقربی ہر ایک 4 ماشہ۔ دونوں بہمن بالچھڑ' ہر ایک 10 ماشہ' الائچی کلاں' لونگ' تیج پات' چھڑیلہ' ہر ایک 3 ماشہ' جند بید ستر 3 ماشہ' پیپل' سونٹھ ہر ایک 1 ماشہ' مشک خالص 1 ماشہ' باریک کرکے شہد خالص میں معجون بنائیں' خوراک 4 ماشہ' تناول کریں' اسکی قوت 3 سال تک باقی رہتی ہے۔

معجون مقوی باہ

جانیفل لونگ' دار چینی ہر ایک 17 ماشہ' تل ... 21 ماشہ' شہد خالص میں ملائیں' اور وقت حاجت

کے ہر روز 10 ماشہ کھائیں تختی لاتا ہے۔

ارنڈ پاک یعنی معجون ارنڈ

تمام امراض باد و بلغم کے واسطے مفید ہے قبض کشا ہے، گنٹھیا، درد ہائے گھٹنہ، فتق، جہاڑوں کا
اور سوجا دغیرہ کو مفید ہے، اور جن لوگوں کو ہمیشہ قبض رہتی ہے وہ اس کو تیار کریں، کل امراض پیٹ
مفید ہے:۔

مغز بیج ارنڈ 64 تولہ پیس کر 512 تولہ دودھ میں پکائے، جب کھویہ ہو جائے اور سرخی پر آجائے
ازاں 128 تولہ کھانڈ کی چاشنی کر کے اس میں ڈال دے اور ساتھ ہی مندرجہ ذیل اشیاء باریک پیسکر
دے، سونٹھ، مرچ سیاہ، پیپل، دار چینی، الائچی، تیج پات، ناگ کیسر، پیلا مول، چترا، چب، دونو سونف،
بل گری، اجوائن، اجمود، زیرے دونوں۔ ہلدی دار ہلدی، اسگندھ، کھرنٹی، پاٹھا، ہاؤ بیر، بابڑنگ، پوکھر
گوکھرو، کلھد، ترپھلا، دیودار بدھارا، گلو، ستاوری ہر ایک 6 ماشہ اور چکنے برتن میں رکھے، خوراک 3
سے 9 ماشہ تک حسب مزاج استعمال کریں۔

معجون مسیحا کہ باہ کو قوت دے

اور سرعت کو دور کرے اور پشت اور درد پاء کو نافع ہے، اور معدے کو پاک کرے، اور بالوں کو
میں سفید ہونے دے اور سودا کو دفع کرے، گل سرخ، عقر قرحا، سعد (ناگر موتھ) قرنفل (لونگ)، سنبل
مصطگی، زرنباد (نرکچور) زعفران، جوزبوا، جائفل، قاقلتین (دونوں الائچی، جملہ برابر قند سفید و شہد نصف
نصف دو چند سب اجزاء کے پہلے قند کو گلاب میں بھگو کر ساتھ شہد کے قوام کریں اور بعد اس کے ادویہ
کوٹ چھان کر اس میں ملا دیں۔

معجون کہ باہ کو قوت دے اور

نفس کو خوش کرے اور بدن کو گرم اور ریاح معدہ کو فائدہ کرے اور حافظہ کو بڑھا دے اور گردے
تقویت دے، دار چینی، قسط شیریں ہر ایک 27 ماشہ، زعفران، عود ہندی ہر ایک 13 ماشہ، رازیانہ (بادیان)
زنجبیل، برگ صعتر، فودنہ (پودینہ) سلیخہ (تج) ہر ایک 12 ماشہ، ساذج ہندی (تیز پات) فلفل سیاہ
فلفل سفید، اساروں، تخم انجرہ (اونگن) کردیا، (کالی زیری) قرنفل (لونگ) خولنجاں، شقاقل ہر ایک
ماشہ، نصف عقر قرحا، تخم شلغم تخم ترب (مولی) ہر ایک 9 ماشہ، کنجد مقشر، مغز جوز، مغز پستہ، مغز بادام
مغز چلغوزہ ہر ایک 3 تولہ، قند سفید ہم چند ادویہ، عسل (شہد) مصفی دو چند ادویہ۔

لہسن پاک (معجون لہسن)

لہسن یا تھوم کو ویدک حکمت نے رسائن لکھا ہے، کل امراض باد و بلغم و حلق کو دور کرتی ہے، کمر
کو نافع ہے، آواز صاف کرتی ہے، ہمیشہ کی پیٹ درد، مرگی (چھاتی کی درد) گولا امراض پیٹ، قے، تلی
کرم شکم، اپھارا اور استسقا، بد ہضمی، ہچکی، دمہ، کھانسی اور ہرنگ، کبڑا پن، جبڑے کا اینٹھنا، وجع المفاصل
گنٹھیا دغیرہ کل امراض باد، بہرہ پن، امراض حلق دغیرہ کو یہ لہسن پاک نافع ہے:۔

اول لہسن کی بدبو کم کرنی چاہئے، اس کے واسطے چھوٹا چھوٹا کر کے رات کو چھاچھ میں بھگو دے اور
صبح دھو کر کوٹ کر 64 تولہ لے کر 124 تولہ دودھ ڈال کر اوٹا دے اور ہلاتا رہے جب کھویہ ہو جائے اور

پانی بالکل جذب ہو کر سرخی پہ آجائے تو 28 تولہ کھانڈ اسمیں ملا دے' اور ساتھ ہی مندرجہ ذیل اشیا باریک کرکے کوٹ پسکو کپڑچھان کرکے ملا دے۔ سونٹھ مرچ' پیپل' دار چینی' الائچی' ناگ کیسر' تج پات' پپلا مول' چب چینیا' بابڑنگ' ہلدی' دار ہلدی' ہاؤ بیر' بدھارا' پوہکر مول' دار' لونگ' سونٹھ' گوکھرو' نیم' راسنا' سونف ستاور' کچور' اسگندھ' کونچ مرچ ہر ایک 1 تولہ خوراک 3 ماشہ سے 1 تولہ تک صبح وشام استعمال کریں۔

معجون دافع احتلام

تخم خشخاش سفید 2 تولہ کشنیز خشک 2 تولہ شہدانہ 2 تولہ' جوزبوا' دار چینی الائچی کلاں مکد ہر ہر ایک 2 ماشہ شہد خالص' سہ وزن ادویہ معجون سازند اور یہ سفوف بھی مجرب ہے' پوست خشخاش خشخاش سفید' کشنیز خشک مقشر 2 تولہ' شکر سفید نصف وزن ادویہ خوراک 6 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ یا شیر بز۔

گوکھروپاک (معجون)

گوکھرو ایک سیر کا سفوف کرے اور 4 سیر دودھ میں اوٹا دے' حتیٰ کہ وہ کھویہ بن جائے بعد ازاں اس کھوئے کو دو سیر گائے کے گھی میں بھونیں' تین چار سیر دیسی چینی کی چاشنی تیار کرے اور اس میں اس کھوئے کو ڈال دے' پھر اتار کر مندرجہ ذیل اشیاء فوراً اچھی طرح سے ملا دے

جاوتری لونگ لودر (لودھ) مرچ' بھیم سینی کافور' ناگر موتھ' سمندر سوکھ' بیج دھتورہ ہلدی' آملہ' کیسر' ناگ کیسر' الائچی' پترج' افیون' کونچ بیج' اجوائن ہر ایک 8 ماشہ' بھانگ نصف تمام ادویہ کا سفوف کرکے ڈالدے' خوراک ایک ماشہ سے 3 تولہ تک دودھ کے ساتھ بوقت صبح کھائے تو بواسیر اور تمام کمزوریاں دور ہوں' عورت پسلے.... ممسک ہے' مغرور عورتوں کے غرور ہرن کے واسطے شیر کی طرح ہے' تمام رات کے امراض دور کرتا ہے اور سرعت کا اعلیٰ علاج ہے۔

کونچ پاک (معجون)

کونچ بیج 2 سیر 4 سیر پانی میں اوٹا دے اور پھر نکال کر ایک موٹے کپڑے میں خوب رگڑے یہاں تک کہ چھلکا بھی دور ہو جائے' پھر ان مغزوں کو سایہ میں خشک کرکے اور پیس لے اور بیس سیر دودھ میں اوٹا دے کہ کھویا بن جائے اور اس میں 4 سیر گھی ڈال کر نرم آنچ پر بھونے کہ جل نہ جائے اور نہ ہی کچا رہے' پھر 4 سیر چینی لے کر اس کی چاشنی تیار کرے اور اس میں مذکورہ کھویا بمعہ ادویہ ذیل کے ڈال دے۔

عقرقرحا' سونٹھ' لونگ' گوکھرو' کیسر' کشتہ شنگرف' کشتہ فولاد' اجوائن' موتھ' تج' تمال پتر' الائچی خورد' ناگ کیسر' کباب چینی' بل بیج' طباشیر' کشتہ قلعی' کشتہ ابرک سیاہ داکھ ہر ایک 2 تولہ' خوراک 2 تولہ ہمراہ دودھ رقت و سرعت کے واسطے خاص کر مفید ہے' منی بڑھانے اور مرض ذیابیطس کے دور کرنے میں بے مثال ہے' اور تمام امراض بادی کا قلع وقمع کرے۔

موصلی پاک بڑا (معجون)

سفید موصلی کا سفوف ایک سیر' آٹھ سیر دودھ میں اوٹا دے کہ کھویہ ہو جائے' پھر سیر گھی میں بھونے یاد رہے کہ موصلی بہت پھولتی ہے' دودھ میں ڈالتے ہی یہ معلوم ہونے لگتا ہے کہ اب کھویا بن گیا احتیاط کرنی چاہئے کہ دودھ کا کھویہ بن جائے' ورنہ بہت جلد خراب ہو جائے گی' گھی میں جب اچھی طرح بھون

لیں تو 4 سیر مصری کی چاشنی کرے اس میں کھویہ ڈالدیں اور ساتھ اس کے مندرجہ ذیل ادویہ کا سفوف بھی ملادیں' بادام' گری' میوہ جو ملانا چاہیں' پھینک دیں اور جو ادویہ ڈالنی ہیں وہ یہ ہیں۔

سونٹھ' مرچ سیاہ' الائچی' دار چینی' پترج' ہاؤ بیر' بادیان' ستاور' زیرہ' اجمود' چترک' گج پیپل' پہلا مول' اجوائن' آملہ' کچور' گوکھرو' اسگندھ' دھنیا' ہلیلہ' ناگر موتھا' سمندر سوکھ' جائفل' لونگ' جاوتری' ناگ کیسر' تال مکھانا' کھریٹی' ناگ بلا' اتی بلا' کونچ بیج' **ملٹھی** سنبھل کا گوند' سنگھاڑا' کنول گر' بنلوچن' اسگندھ بالا' کنکول' عقر قرحا کپور ہر ایک 1 تولہ' دھوئے ہوئے تل آدھ سیر' چندر اودے 2 تولہ' کشتہ ابرک سیاہ 2 تولہ خوراک 2 تولہ سے 5 تولہ تک بہ ہمراہ دودھ۔

فوائد: بدہضمی' گولہ' پرمیہ' دمہ' بواسیر' کھانسی' پھوڑا' پھنسی' **کھٹی**' دق کاملا یرقان' انیمیا' رتت' ضعف بصارت' سرعت' بات پت' کف' تینوں اخلاط کے روگ' نامردی اور عورتوں کے امراض متعلقہ حیض' سوزاک' پتھری' احتباس البول' ذیابیطس اپھارا دبلا پن' کمزوری' بات رکت' جریان و احتلام وغیرہ امراض دور ہو جائیں' اس سے قوت ہاضمہ وغیرہ بڑھتی ہے اور رنگت و روپ نکھارتی ہے اور کام دیو بڑھے۔ اشونی کماروں کا تجویز کردہ ہے' انہوں نے اسے بڑھاپے (سفید بالوں) کو دور کرنے کے واسطے بنایا تھا' کمزوری والے مرد اور عورت کو دیکھ کر اس کو بنایا گیا تھا' منی کو بڑھانے والی کوئی بھی دوائی اس کی برابری نہیں کر سکتی۔

معجون عنبر مقوی باہ ہے

عنبر اشہب' ثعلب مصری' ہر ایک 22 ماشہ' مصطگی' کندر' بہمن سرخ' بہمن سفید' ہر ایک 11 ماشہ' مشک خالص 6 ماشہ' زعفران 4 ماشہ' ورق نقرہ' ورق سونا' ہر ایک 9 ماشہ' شہد خالص 36 تولہ آب گذر میں قوام کر کے عنبر کو مصری میں پیس کر شہد خالص میں ملائیں' بعد اسکے تمام ادویہ کو ملائیں' مقدار 4 ماشہ سے 6 ماشہ تک۔

معجون خبث الحدید

واسطے سرعت انزال کے جسکا سبب ضعف قوت ماسکہ ہے (بشرطیکہ یہ کمزوری سردی اور تری سے پیدا ہوئی ہو) مفید ہے' ہلیلہ سیاہ' پوست ہلیلہ' آملہ مقشر' مرچ' سیاہ سونٹ' پیپل' **چیتہ**' ناگر موتھ' بال چھڑ ہر ایک 2 تولہ 9 ماشہ' تخم گندنا' تخم سویا ہر ایک 4 تولہ' خبث الحدید مدبر 2 تولہ 9 ماشہ' ان تمام کو کوٹ چھان کر بذریعہ روغن چرب کریں' اور شہد خالص میں ملائیں' اور بعد ازاں 7 ماشہ مشک خالص ملا کر چینی کے برتن میں رکھیں اور بعد 6 ماہ کے استعمال کریں' خوراک 7 ماشہ یا زیادہ ضرورت کے موافق دیں

جوارش مقوی باہ و مقوی معدہ و دافع سرعت انزال

آملہ مقشر 12 تولہ کو شیر گاؤ دو سیر میں پرورده کر کے خشک کریں' **بنسلو** چن' صندل سفید' سماق' زرشک' گل سرخ' بادر نجبویہ' پوست بیرون پستہ' دھنیا خشک' تخم خرفہ ہر ایک 13 ماشہ' مروارید تین ماشہ' عنبر اشہب تین ماشہ' ورق نقرہ 100 عدد ورق طلا 25 عدد مصری آدھ سیر' عرق بید مشک ایک پاؤ میں قوام کر کے ہمراہ چھ ماشہ' دار چینی 6 ماشہ' مصطگی دانہ الائچی سفید 6 ماشہ' ابریشم مقرض 6 ماشہ سب کو باریک پیسکر اضافہ کریں۔

موصلی پاک

موصلی سفید موصلی سیاہ دونوں کا سفوف ایک سیر 8 سیر گائے کے دودھ میں ڈال کر پکائیں' یہاں تک کہ کھویہ بن جائے' پھر اس کھوئے کو آدھ سیر گھی میں بھون لیں' بعد ازاں بقدر مناسب گوکھرو' تال مکھانا' ستاور ہرڑ' پیپل' کونچ کے بیج' پترج' لونگ' چھوہارہ جوتری' بادام پستہ' چرونجی' چندن' ڈاکھ' جائفل' الائچی خورد' کشتہ قلعی ہر ایک 4 تولہ' علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر رکھیں' اور کھانڈ جملہ ادویہ سے دوچند لیکر قوام بنا کر بطریق معروف تیار کریں' 4-4 تولہ کے لڈو بنا کر رکھیں' ایک لڈو صبح اور ایک شام کے وقت گھی اور شہد ملا کر کھائیں' تو بوڑھا بھی جوانی کے تماشے دیکھے اور جملہ امراض منی دور ہوں۔

ناریل پاک (معجون)

تخم دھتورہ' موصلی' اجوائن خراسانی' چرونجی' تخم اوٹنگن' گھی میں بھونے ہوئے بنولے کی گری' تخم کونچ' سب برابر وزن لے کر علیحدہ علیحدہ کوٹیں' ناریل یعنی کھوپرہ کے ایک طرف تھوڑا سا سوراخ کرے اس میں مندرجہ بالا ادویہ بھر دیں اور اوپر وہی ٹکڑا دے کر ذرا آٹا لگا دیں اور جب کھویہ ہونے پر آئے تو تور کر خوب ملا دیں کہ سب کھویہ بنا جائے پھر اس کھویہ کو آدھ سیر گھی میں بھون لیں اور آدھ سیر کھانڈ لے کر اس کی چاشنی تیار کر کے مندرجہ بالا کھویہ اور ذیل کی ادویہ کے ساتھ ڈال دیں' دانہ الائچی خورد پترج' ناگ کیسر' لونگ۔ جاوتری' جائیفل' ہر ایک مقدار خوراک دو تولہ' اس کو کھا کر اوپر سے دودھ پئیں تو امراض بادی' ذیابیطس' جریان اور سرعت کو مفید ہے' کمزوری دور ہو جاتی ہے' بوڑھا آدمی جوان ہو جاتا ہے' سرعت انزال کے واسطے ازحد نافع ہے۔

کام سندروٹی

بداری کند (سیالیاں) باراہی کند' سنگھاڑا' کسیرو' ہر ایک ایک سیر لے کر باریک سفوف کر لیں' گھی 4 سیر لے کر اس میں سفوف ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں' حتیٰ کہ سرخی پر آنے لگے' یعنی پک جائے' اس کے بعد طباشیر' تیج پات' لونگ پیپل' ناگ کیسر' ہر ایک 4 تولہ' لیں' مصری تمام ادویہ سے دگنی ہو' اور چاشنی کر کے تمام ادویہ ڈال دیں' خوراک 2 تولہ کھا کر اوپر سے دودھ پئیں' تو لکھا ہے کہ مولد منی ہے' نامردی دور کرتا ہے' ممسک ہے' جریان ذیابیطس وغیرہ اور کثرت طمث کو کافور کرتا ہے' دودھ بڑھانا' منی زیادہ کرنی' بدن کو طاقت دینی چہرہ کو سرخ کرنا اس کا کام ہے۔

پیٹھی پاک

عمدہ اڑد کی دال باریک پیسی ہوئی پیٹھی ایک سیر مونگ کی دال کی پیٹھی آدھ سیر گیہوں کا آٹا آدھ سیر' سب کو علیحدہ علیحدہ برابر وزن گھی میں بھون لیں پھر تین سیر عمدہ کھانڈ کی چاشنی بنا کر اس میں ملا لیں اور دونوں موصلی تالمکھانہ' اسگندھ ستاور بدھارا' کونچ کے بیج کی گری ہر ایک کو باریک پیس چھان کر 4-4 تولہ لیں' عقر قرحا' دار چینی' لونگ' کیسر' ناگ کیسر' کشتہ قلعی' کشتہ ابرک ہر ایک 1 تولہ سب کو چاشنی مذکور میں اچھی طرح ملا کر دس دس تولہ کے لڈو بنا دیں' ایک لڈو روزانہ کھائیں درد کمر دور ہو' قوت باہ بڑھے۔

رفیق دماغ برھمی ارشٹ

جو لوگ دماغ کو روشن کرنا چاہتے ہیں۔ ان کو مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کرنا چاہئے' قبض کشا بھی ہے' اور تاثیر میں معتدل ہے' ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے' اور مصفی خون ہے' اور چند دنوں میں دماغ میں خاص روشنی معلوم ہوتی ہے' اور جسم کے اندر ایک عجیب چستی آتی ہے' خود اس کو استعمال کر چکا ہوں اور پچھلے دنوں میں جب بنایا تھا' تو جس جس نے استعمال کیا تعریف کی تھی۔

ترکیب: برہمی جڑھ سمیت نیک آدمی اکھاڑ لے' اسیر ستاور' ہلدی' بداری' کند' پوست ہلیلہ خس' ادرک' بادیان (سونف) ہر ایک 2 تولہ' ان سب کو 16 سیر پانی میں پکا دے جب 1/4 پانی رہ جائے تو کل چھان کر شہد خالص 40 تلہ مصری 10 تولہ دھاوا کے پھول 20 تولہ' رینو کا' نسوت (تروی)' پیپل' لونگ نج کٹ' اسگندھ' بہیڑہ' گلو' الائچی' بابڑنگ' دار چینی ہر ایک ایک تولہ کوٹ کر اس گاڑھے میں ڈال دے' مگر اس کو سونے کے برتن میں رکھنا چاہئے' یہ نہ ہو تو اس صورت میں مٹی کے برتن کورے میں ڈال دیں' اور ورق سونا ڈال دیں' اور اس کا منہ بند کر کے مہینہ بھر تک رکھنا چاہئے' پھر چھان کر چکنے برتن میں رکھیں چونکہ ارشٹ ہے پرانا ہونے سے بے کار نہیں جاتا' سوھ بھیشج' رتناولی میں لکھا ہے کہ اپنے شاگردوں کی خاطر اسکو اول اول دھنونتری جی مہاراج نے بنایا تھا' یہ عمر' دیرج استقلال طاقت' عقل و رنگت نکھارتا ہے' اور آواز صاف کرتا ہے' اعلےٰ رسائین ہے' اور مقوی دل و دماغ ہے' بچہ' بوڑھا' جوان عورت اور مرد سب کو یکساں مفید ہے' بہت ہی بل (طاقت) دیتا ہے' آولز کا بھاری پن اور بحث الصوت اور لکنت کو دور کرتا ہے اسکو ہمیشہ کھانے سے کویل کی سی میٹھی آواز ہو جاتی ہے' اور امراض رج سے بیمار عورت اور امراض منی سے بیمار مردوں کو قابل اولاد بنا دیتا ہے' بہت مطالعہ اور گانے سے دماغ کمزور ہو تو حافظہ بہت بڑھ جاتا ہے' اور چت میں سنتوش ہوتا ہے' طاقت بڑھتی ہے' اس کے 2 ماہ کے استعمال سے تمام امراض دور ہوں اور سال بھر کے کھانے سے سب سدھیاں ہوں اکال موت سے بچنا چاہو' عورتوں کو پیارے ہونے کی خواہش ہو' استقلال' حافظہ اور صفائی آواز کی جو ابھلا شا (خواہش) ہو تو امرت روپ یہ ارشٹ استعمال کرو' خوراک اس کی 3 ماشہ سے ایک تولہ تک دودھ میں ہے۔

معجون کچلہ 40 دن بعد قوت باہ پیدا کرتا ہے

کچلہ کو 7 دن تک دودھ میں بھگوئیں اور چھیل کر آدھ پاؤ' اس میں سے لے کر اک پوٹلی باندھ کر 4 سیر دودھ میں پکا دیں اور نیچے آنچ کریں' جب دودھ گاڑھا ہو جائے تو پوٹلی نکالکر کچلہ کو دھو کر اسکے اندر کا پتہ دور کر کے سکھا کر ریتی سے ریت لیں' اور کوٹ کر باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں' مرچ سفید' مرچ سیاہ' دار چینی' جانیفل' جوتری' مصطگی' عود بلسان' آملہ ناگر موتھ' منقی' الائچی خورد' بالچھڑ' عود' سونٹھ اجوائن' بادیان' صندل سفید' زعفران' پیپل' سب برابر وزن لے کر باریک کپڑ چھان کر لیں' اور یہ اجزا کچلے کے سفوف برابر وزن لیں' سب سے تین گنا شہد لیں' اور شہد کو گرم کریں' اول کچلے کو اس میں ڈالیں' پھر دیگر اجزا داخل کریں' خوراک 6 ماشہ' چالیس دن تک کھائیں' ترشی' بادی' نفسانی اور بدنی حرکتوں سے پرہیز کریں' مقوی باہ ہے' درد کمر کو دور کرتا ہے' بوڑھوں اور سرد مزاجوں کو بہت موافق ہے' اگر چند کشتہ جات بھی داخل کریں تو بہتر ہے۔

معجون ممسک

کشتہ ابرک سیاہ، گندھک آملہ سار، کٹھ، گلو، میتھی، موچرس، بداری کند، موصلی، گوکھرو، تال مکھانا، ستاوری، کیسر، اجوائن، ثار کے پتے (نہ ملے تو بیج بند) دھنیا، ملٹھی، تل سیاہ کھڑی، سونف، جائپھل، سیندھا نمک، بھارنگی، کاکڑا سنگی، مجیٹھ، مرچ، پیپل، دونوں زیرے چترا، دار چینی، الائچی خورد، ناگ کیسر، بسکھپرا، تیج پات، گج پیپل، داکھ، کچور، کائپھل، موصلہ، سینبھل، ترپھلا، تخم کونچ، ہرایک 1 تولہ سب سے آدھی بھنگ کا سفوف کرے، پھر تمام ادویہ کے برابر مصری لے، اور اتنی ہی شہد لے کر قوام کر کے تمام ادویہ ڈال دیں، خوراک 3 ماشہ سے 9 ماشہ تک، مناسب مزاج کے سرعت انزال کے مریضوں کے لئے ایک قابل قدر دوا ہے، بہ سبب بھانگ کے اسمیں تھوڑا سا سرور بھی ہے، سہ پہر کو کھا کر اوپر سے دودھ پئیں اور کھانا نہ کھائیں، تو مراد حاصل ہوتی ہے، بواسیر، سنگرہنی، ذیابیطس، امراض بلغم کو مفید ہے، لکھا ہے کہ سال بھر اسکے کھانے سے اور ترشی اور بادی سے پرہیز کرے اور کثرت جماع نہ کرنے سے بوڑھا جوان کے برابر طاقت ور ہو جاتا ہے، اور بال سفید نہیں ہوتے۔

معجون ناریل جو کہ تقویت باہ کے واسطے نہایت مفید ہے

جسم کو فربہ بناتی اور سرخ کرتی ہے:۔ خولنجاں، پوست چیت ملٹھی ہرایک ایک تولہ، موصلی سفید، موصلی سیاہ، مجیٹھ، سونٹھ، مغز تخم کونچ، تخم اٹنگن ہرایک 2 تولہ تال مکھانہ پوکھر مول، گل دھاوا، ہرایک 1 تولہ، موچرس، اندر جو شیریں، سمندر سوکھ، چنیا گوند، گوکھرو، ہرایک 2 تولہ، گل سرخ، بادرنجبویہ، کنجد سیاہ ہرایک 4 تولہ، گل سینبھل 2 تولہ، تخم پیاز 1 تولہ، آملہ 3 تولہ، اجواین خراسانی 3 تولہ بچھناگ در آرد پختہ، مال کنگنی ہرایک 2 تولہ، بج میدہ لکڑی ہرایک 4 تولہ، ستاور 2 تولہ۔ کباب چینی، پترج، بیج بند، دار چینی، ثعلب مصری، مصطگی رومی، کندر، جوتری، جائیفل، لونگ، پکھان بید ہرایک ایک تولہ، تخم گذر 5 تولہ، تخم مولی 4 تولہ، مغز بادام، مغز پستہ ہرایک 5 تولہ، مغز چرونجی 9 تولہ، پوست بیخ اونٹ کٹارہ 6 تولہ، ایک ناریل لے کر اس میں سوراخ کر کے پوست بیخ اونٹ کٹارہ، تخم گذر، جائیفل سب کو کوٹ کر روغن بادام میں مخلوط کر کے اس میں بھردیں اور ناریل پر آرد گندم لپیٹ کر 5 سیر شیر میش میں جوش دیں، جب کھویہ بن جائے، ناریل کو نکال کر اس سے آٹا علیحدہ کر کے ناریل کو معہ ادویہ خوب کوٹیں، پھر بعدہ، باقی ادویہ کوٹ چھان کر کھوئے میں ملائیں، اور ڈیڑھ سیر شکر سفید اور گھی بقدر مناسب دیگچہ میں ڈال کر کھویہ رکور ملائیں، بعدہ، آدھ سیر شہد خالص ڈال کر خوب ملیں اور رکھ چھوڑیں 6 ماشہ سے ایک تولہ تک کھائیں۔

معجون برائے جریان منی ومذی وودی مجرب المجرب

طباشیر 9 ماشہ، مغز کنول گٹہ 1 تولہ، پوست درخت مولسری 1 تولہ، ختہ تمرہندی مقشر 2 تولہ، بوس اسپغول تولہ، موصلی سفید تولہ، موصلی سیاہ تولہ، شقاقل تولہ، ثعلب قسم اول 2 تولہ، خار خسک تولہ، گل ببول 9 ماشہ، گل سپاری 9 ماشہ، گل پستہ 9 ماشہ، پھلی ببول تولہ، گوند ببول تولہ، گوند ڈھاک تولہ، گوند سنبل 9 ماشہ، بہمنین دو تولہ، موصلی سینبھل تولہ۔ سرالی تولہ۔ بیج بند 9 ماشہ، گلنار 9 ماشہ، تال مکھانہ 9 ماشہ، پکھان بید 9 ماشہ، مغز پستہ 1 تولہ، مغز پنبہ دانہ 1 تولہ، گزمازج 9 ماشہ، لک مغسول 7 ماشہ۔ تخم

خشخاش سفید تولہ' مغز کدوے شیریں تولہ' اندر جو شیریں تولہ' کشتہ قلعی 1 تولہ ان سب کو پیس چھان کر شکر تری ہموزن ملا کر چھ ماشہ سے ایک تولہ تک شیر گاؤ خام کے ساتھ استعمال کریں' اور عورتوں کے سیلان رحم کو بھی مفید ہے۔

معجون مکیف

جو گرم مزاجوں کو موافق آتی ہے اعلٰے درجہ کا ممسک فشطلور مفرح ہے' دار چینی 1 تولہ' ثعلب مصری 1 تولہ' الائچی خورد 1 تولہ' مغز بادام شیریں مقشر 1 تولہ' ثعلب مصری 1 تولہ مغز نار چیل 1 تولہ' مغز بنولہ 1 ولہ' بہمن سفید 1 تولہ جانفل 3 ماشہ۔ برادہ صندل سفید 6 ماشہ' تودری زرد 6 ماشہ' تودری سفید 6 ماشہ' زعفران 3 ماشہ' عطر خس 2 ماشہ' مغز تخم کدو 2 تولہ' مغز تخم خیارین 3 تولہ' مشک خالص 1 ماشہ' شکر سفید ایک سیر' شہد خالص 10 تولہ' روغن بھنگ 5 تولہ' گلاب آدھ سیر' ورق نقرہ تین ماشہ' بطریق معروف معجون بنائیں خوراک 1 تولہ۔

رتی ہلبہ مودک

بھانگ کے بیج کا سفوف 32 تولہ گھی پاؤ' مصری ایک سیر' ستاوری کا رس ایک سیر' بھانگ کا رس ایک سیر گائے کا دودھ ایک سیر' بکری کا دودھ دو سیر۔

آملہ' زیرہ سیاہ و زیرہ سفید' ناگر موتھا' دار چینی' الائچی خورد' تمال پتر' ناگ کیسر کونچ بیج' گنگھون (اتی بلا) ناڑ کی کونپل' کسیرو' سنگھاڑا' ترکٹا (پیپل' مرچ' سونٹھ) دھنیا' کشتہ ابرک سیاہ کشتہ قلعی پوست ہلیلہ' داکھ یا منقہ' کاکولی' کھیر کاکولی' کھجور یا چھوہارا' تالمکھانا' کنگی' ملٹھی' کٹھ' لونگ' کشتہ فولاد' سیندھ نمک' اجوائین' اجمود' جھنتی' گج پیپل ہر ایک ایک تولہ ان تمام کا باریک سفوف کرلیں۔

سفوف بیج بھانگ' ستاوری کا رس' بھانگ کا رس' دونوں دودھ ملا کر آنچ پر رکھے حتیٰ کہ کھویا ہو جائے' پھر گھی میں سے پکا کر مصری کی چاشنی کر کے ڈال دے اور باقی سفوف ڈال کر 10 تولہ شہد ملا کر رکھ لیں۔

کستوری عنبر' بھیم سینی کافور' زعفران' ورق سونا' ورق چاندی' مروارید ناسفتہ جن کے ڈالنے کی طاقت ہو' وہ 3-3 ماشہ ڈال لیں۔

خوراک 6 ماشہ' 1 تولہ تک حسب عادت و طاقت مریض دیں' اسکے اوصاف یوں لکھے ہیں:-(طاقت و ہمت حاصل ہوتی ہے' امراض بات' رکت' پت دور ہوتی ہیں' شہوت باہ اور بصارت کو بڑھاتی ہے' گولا' امراض پت' کف' زہرا اور بخار کو مفید ہے' جس کے گھر بہت سی استریاں ہوں اسکو اس کا ہمیشہ استعمال رکھنا چاہئے' اس کا نام رتی دلبہ اسی واسطے ہے کہ اس سے مرد پتنی کو دلبھ یعنی پیارا ہوتا ہے') سرعت کا نام و نشان نہیں رہتا ہے' سرور آتا ہے' ممسک مقوی و مغلظ ہے اسے فلک سیر کہئے تو بجا ہے۔

گوکھرو پاک نسخہ دیگر

گوکھرو آدھ سیر لیکر باریک ایک سیر روغن گاؤ میں ملا دیں اور 5 سیر دودھ میں پکا دیں' جب کھویہ بن جائے' بیلگری' مرچ سیاہ' جائفل' سونٹھ' الائچی' کافور بھیم سینی پترج' دار چینی' ہلدی کونچ تالمکھانا' افیون ہر ایک 2 درم' جملہ ادویہ سے نصف بھنگ سب باریک پیس کر اس کھویہ میں ملا کر رکھیں اور چار ہم

مصری کا قوام بنا کر سب ادویہ مذکورہ اس میں ملا کر رکھیں' خوراک 2 تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔

اکسیر تالمکھانا

عمدہ تازہ تالمکھانہ 9 تولہ لیں اور کسی تھال یا طباق میں رکھ کر ایک ایک دانہ کر کے علیحدہ کر لیں' جنی جو کنکری اور مٹی میں اس میں ملے وہ نکال کر پھینک دیں' یعنی اسکو اتنا صاف کریں کہ اس میں ذرا سی بھی کنکر نہ رہے' ورنہ کھایا نہ جائے گا' پھر برہ کا دودھ اس میں اتنا ڈالیں کہ وہ تر ہو جائے' اور خشک ہونے دیں' اور خشک ہونے پر دوبارہ بڑ کے دودھ میں تر کریں' پھر اس تالمکھانہ کو مغز ناریل تازہ میں سوارخ کر کے بھر دیں' اور اسی ٹکڑہ سے ناریل کے سوراخ کو بند کر دیں' اور گیہوں کا آٹا لے کر گوندھیں اور اس ناریل پر لیپ کریں کہ گولہ سا بن جائے' اور پانچ سات سیر اپلے یعنی پاتھیوں کو آگ لگا دیں۔ جب دھواں نکلنا بند ہو جائے تو اس آگ کے چورہ میں اس گولہ کو رکھ دیں اور خیال رکھیں کہ ناریل جلنے نہ پائے' اور جب اوپر کا آٹا سرخ ہو جائے اور جلنے کے قریب ہو تو گولہ مذکور نکال لیں' تاکہ ناریل نہ جلے' آٹا دور کریں' اور مغز ناریل میں سے تالمکھانا نکال کر اسکو علیحدہ کوٹ لیں' اور خوب باریک کر لیں' پھر اسکے بعد تودری سفید' تودری سرخ' گوکھرو' خورد گوکھرو' کلاں' موصلی سفید' موصلی سیاہ' گاؤ زبان ہر ایک 2 تولہ' ثعلب مصری' سمندر سوکھ' اندرجو' موچرس' الائچی سفید' ہر ایک 1 تولہ' دار چینی' 9 ماشہ' سورنجاں ڈیڑھ تولہ' شقاقل ڈیڑھ تولہ' طباشیر آدھ تولہ' بوزیدان تولہ مغز پستہ 5 تولہ' مغز چلغوزہ 5 تولہ مغز بادام شیریں' 10 تولہ خوب باریک کریں' اور چھان کر پسے ہوئے تال مکھانہ اور ناریل کو اکٹھا کر کے ملائیں' اور نبات ایک سیر پختہ کا قوام کر کے معجون تیار کریں' خوراک تولہ' پرہیز ترشی اور کثرت جماع کا ہے' یہ نسخہ عجیب ہے۔ آزمانے سے تعلق رکھتا ہے۔

معجون خاص جو کہ پرلے درجہ کی مقوی باہ ہے

یہ اس قدر سریع التاثیر ہے کہ اس کی چند ہی خوراکیں جسم انسان میں حیرت انگیز تغیر پیدا کر دیتی ہے۔ قوت رجولیت پر اسکا خاص اثر پڑتا ہے' یہ اس قدر مقوی ہے کہ بعض طبیعتوں میں تسکین کی ضرورت پڑتی ہے' اور لطف یہ ہے کہ مطلق بے ضرر لذیذ اور قلیل الخوراک ہے' ایک سیر بھلا نوہ لا کر ٹوپی دور کریں اور عقر قرحا' دار چینی' الائچی' لونگ' جاوتری' زعفران' ہر ایک 3 تولہ' بیر بہوٹی ڈیڑھ تولہ' سونٹھ' خولنجاں ثعلب مصری ہر ایک 6 تولہ' تخم گزر تخم مولی' مغز چلغوزہ' مغز اخروٹ' مغز نارجیل مغز پستہ ہر ایک 5 تولہ' مغز بادام شیریں مقشر' تخم پیاز' آملہ مقشر' تخم ککڑی ہر ایک 10 تولہ خراطین مصفی مدبر ترکیب ذیل 40 تولہ' شہد خالص وہ چند ادویہ مصری ہموزن ادویہ' زردی بیضہ مرغ 40 عدد شہد و مصری کا قوام کر کے مکھن مذکور اس میں ڈال دیں اور پھر تمام ادویہ کو اچھی طرح ملا کر قوام مذکور میں ڈال دیں۔
اور نیچے اتار کر مشک خالص 6 ماشہ عنبر اشہب 3 ماشہ' مروارید ناسفتہ 1 تولہ' عرق بید مشک میں حل کر کے ملائیں' اور کشتہ نقرہ یا ورق نقرہ 1 تولہ اضافہ کر کے رکھیں' خوراک 3 ماشہ سے 1 تولہ تک۔

خراطین مصفی و مدبر کرنے کی ترکیب

خراطین حسب ضرورت لیکر اسے مٹی وغیرہ سے صاف کریں' اگر وزن پاؤ بھر ہو تو ساگہ 1 تولہ' جو کھارا 1 تولہ' خوب باریک پیس کر آدھ سیر شیرہ مروق زمین کند آدھ سیر' آب چوہاکی بوٹی اور حسب

ضرورت شیر گاؤ ملا کر اس سے خراطین کو خوب اچھی طرح مل مل کر دھولیں، حتیٰ کہ سفید ہو جائیں، بعد میں خوب اچھی طرح سکھا کر باریک پیس لیں، اور نسخہ داخل کریں۔

نسخہ معجون اکسیر صفت

جو مردہ دلی اور کند ذہنی، کمی عقل، کمی خون، کمزوری جسم، کمزوری اعصاب، سر درد وغیرہ امراض دماغی، گلے، پھیپھڑے، معدہ، جگر کی کمزوری چند ہی دنوں میں دور کر کے جس کا پنجر اور ہڈیاں علیحدہ علیحدہ نظر آ رہی ہوں ان کو موٹا بناتی ہے، سردیوں میں ایک ماہ کے کھانے سے نامرد، مرد اور جوانمرد بن کر عورت کی گود کو ہرا بھرا کر دیتا ہے، عقل و حافظہ بڑھتا ہے، قوت باہ زیادہ ہوتی ہے، امساک طبعی پیدا ہوتا ہے، سفید بال سیاہ ہو جاتے ہیں، جسم مضبوط ہوتا ہے، دمہ، کھانسی، اور جسم کے سفید داغ دور ہو جاتے ہیں، جن کی انگلیاں، کان ناک گل چکے ہوں کرم پڑ چکے ہوں، گلا بیٹھ گیا ہو، بالکل آرام ہو جاتا ہے، رقت منی اور جریان دور ہوتا ہے، بوڑھوں کے واسطے تو نوجیون ہے، نہایت سریع الاثر دوا ہے۔

بھلانوے ایک سیر لے کر کوٹ کر دو دو ٹکڑے کریں، پھر اینٹ پیس کر ملا دیں اور خوب رگڑیں، جب تیل نکل کر اینٹ کا چورہ تر بتر ہو جائے، تو گرم پانی سے دھو کر خوب صاف کر کے پھر چار سیر دودھ میں جوش دیں، جب دودھ گاڑھا ہو جائے، دودھ سے بھلانوے علیحدہ کر کے گرم پانی سے دھوئیں اور خشک کر کے روغن گاؤ میں بریاں کریں، پھر نکال کر کوٹنا شروع کریں، جب خوب پس جائے تو آدھ سیر مصری ملا کر رگڑیں، بعدہ، پوست ہلیلہ زرد، پوست بہیڑہ، آملہ مقشر، سونٹھ مرچ سیاہ پیپل بھیم سینی کافور، بالچھڑ، تربد سفید بنسلوچن، کٹھ، میٹھا تیلیہ مدبر چندن سفید، عقر قرحا، کباب چینی، لونگ موصلی سفید، موصلی سیاہ، سرد چینی، موچرس اجوائین خراسانی، اجوائین دیسی، مشک بالا گچ، پیپل، بداری کند، جائفل ناگر موتھ، جاوتری، اگر، زیرہ سیاہ، سمندر سوکھ، گلو، کشتہ فولاد، چندر اودے، کشتہ ابرک سیاہ کشتہ قلعی، زعفران جند بید ستر، ورق چاندی ہر ایک 6 ماشہ، کوٹ چھان کر ملائیں، اور خوب کوٹیں، جب یکجان ہو جائیں تو کسی چینی کے برتن میں ڈال کر منہ بند کر کے خوب گرم پانی میں برتن رکھیں، پانی اندر نہ جائے، جب پانی سرد ہو جائے اس کو علیحدہ کریں اور دیگر گرم پانی ڈال دیں، اسی طرح چوبیس گھنٹہ تک برتن پانی میں رکھیں، اس کے بعد نکال کر رکھیں، خوراک 1 ماشہ سے 9 ماشہ تک (نوٹ) بھلانوے صاف کرتے وقت نہایت احتیاط سے کام لینا چاہئے بھلانوؤں کا تیل ہاتھوں وغیرہ کو نہ لگنا چاہئے۔

معجون مقوی باہ، اعضائے رئیسہ

مروارید ناسفتہ، کہربائے شمعی، یشپ سبز، محرق ہر ایک 2 ماشہ، زہر مہرہ خطائی 2 ماشہ، علیحدہ علیحدہ عرق کیوڑہ سے کھرل کر کے ایک جگہ کر لیں، بنسلوچن سفید چار ماشہ، دانہ الائچی خورد 6 ماشہ، گل گاؤ زبان 6 ماشہ، گل سرخ، 5 ماشہ، درونج عقربی 3 ماشہ، برادہ صندل سفید 9 ماشہ، تخم فرنجمشک 5 ماشہ، بہمن سرخ 3 ماشہ، بہمن سفید 3 ماشہ تودری سرخ 3 ماشہ، تودری سفید 3 ماشہ، ثعلب مصری 2 تلہ، شقاقل 9 ماشہ، تخم جرجیر 3 ماشہ، تخم ہلیون اصلی 4 ماشہ، برادہ قضیب نر گاؤ جوان سوہان زدہ 1 تولہ، موصلی سفید 1 تولہ، موصلی، سنبھل 9 ماشہ، ستاور 9 ماشہ، مغز جتہ الخضرا 3 ماشہ، حب الزلم 3 ماشہ، حب القلقل 3 ماشہ، ابریشم مقرض 4 ماشہ، مغز تخم کدو دو ماشہ، مغز تخم خیارین 6 ماشہ، مغز تخم تربوز 6 ماشہ، مغز پستہ چار تولہ، مغز چلغوزہ 4 تولہ، مکھانہ 2 تولہ، تال مکھانا 6 ماشہ، تخم انگن 2 ماشہ، تخم گندر 3 ماشہ، گل سیوتی 3 ماشہ، تخم

کوچ 3 ماشہ' دار چینی 3 ماشہ' تمام کو کوٹ چھان کر مربے آلہ 5 عدد' مربائے ہلیلہ 5 عدد' علیحدہ علیحدہ پیس کر ایک سیر مصری سے بجائے پانی کے عرق گلاب عرق کیوڑہ ڈال کر قوام بنائیں' بعدہ' ادویات سے مخلوط کریں' بعد ازاں زعفران' خالص 1 ماشہ' مشک خالص 2 رتی عرق کیوڑہ میں حل کر کے اضافہ کریں اور ورق نقرہ 15 عدد ایک ایک ملا کر رکھیں خوراک 2 ماشہ۔

دیگر

بہمن سرخ' بہمن سفید' تودری سرخ' تودری سفید' موصلی سفید' موصلی سیاہ' سب ایک تولہ تخم انگن 9 ماشہ' تال مکھانہ 7 ماشہ' ستاور 5 ماشہ' سپاری دکھنی 5 ماشہ' روغن بادام 5 تولہ' بسد محرق 9 ماشہ' مرجان محرق 7 ماشہ' پنیرمایہ شتر اعرابی 9 ماشہ' کہربا 7 ماشہ' بنسلوچن 5 ماشہ' دانہ الائچی خورد 9 ماشہ' مغز تخم املی 3 تولہ' شکر سفید دو چند کا قوم کر کے ادویہ کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے ملائیں' 9 ماشہ' صبح اور 9 ماشہ شام کے وقت کھایا کریں' ایک وقت دوا کو ہمراہ شربت و عرق مناسب و اسپغول کے ہمراہ کھانا چاہیے۔

معجون مقوی باہ مجرب بلا تخلف

مغز نارجیل ایک عدد لے کر اس میں سوراخ کر کے سیماب مصفی 3 تولہ بھر دیں' پھر اسکا منہ بند کر کے اس پر آرد ماش اور کپڑا خوب مضبوط لپیٹ کر شیر مادہ گاؤ 5 سیر میں پکائیں جب دودھ کھویہ ہو جائے تو نارجیل کو نکال کر اس پر سے آٹا وغیرہ دور کریں' اور اسمیں سے سیماب نکال لیں' پس نارجیل کے ہمراہ اس کے برابر وزن مغز بادام شیریں' مغز پستہ' مغز چلغوزہ' مغز اخروٹ لیکر باریک کوٹ کر اور تخم انگن 3 تولہ' تال مکھانہ مصفی 3 تولہ' دودھی خورد 5 تولہ' باریک پیس کر سب کو دودھ کے کھویا میں ملا کر چالیس پیڑے بنائیں' روزانہ صبح ایک پیڑا کھایا کریں۔

معجون تقویت باہ اور تقویت اعضاء رئیسہ کے واسطے نہایت مفید ہے

مغز بادام شیریں مقشر 8 تولہ' مغز پستہ 4 تولہ' مغز اخروٹ 4 تولہ' مغز چلغوزہ 4 تولہ' موصلی سفید 2 تولہ موصلی سیاہ 2 تولہ ستاور 2 تولہ' بہمن سرخ 1 تولہ بہمن سفید 1 تولہ' اسگندھ ناگوری 1 تولہ تخم کونچ 3 تولہ' دار چینی 2 تولہ' لونگ 2 تولہ' زعفران 1 تولہ' ثعلب مصری 2 تولہ' موصلی سینبھل 2 تولہ گاجر سفید ایک سیر تیل مال کنگنی آدھ سیر' گھی ایک سیر' عرق پیاز ایک سیر' شکر سفید ایک سیر اول گاجر کو کدو کش کر کے روغن میں بریاں کریں' جب سرخ ہو جائے علیحدہ کرلیں' پھر اسی روغن میں زردی بیضہ کی بریاں کریں' پھر قند سفید کو عرق پیاز میں قوام کریں' اور کل ادویہ کوٹ چھان کر ملا دیں' خوراک 2 تولہ سے 4 تولہ تک۔

معجون ستاور پاک

ستاوری گوکھرو' بیج بھند' کنگھرن کے بیج' کونچ بیج تال مکھانا ہر ایک 4 تولہ' ان کا سفوف تیار کر کے اور بداری کند 4 تولہ الگ پیسکر ملا دے' بھانگ 112 تولہ لے اور سب کو ملا دے' دودھ بھینس 70 تولہ ستاوری کا رس 70 تولہ اگر نہ ملے تو کاڑھا' بداری کند کا رس 80 تولہ اور مصری 80 تولہ دودھ اور دونوں رسوں کو ملا کر آگ پر رکھے' جب صرف دودھ رہ جائے اور نصف کھویا رہے تو مندرجہ بالا سفوف اس میں

ڈال کر بھونے۔ جب کاڑھا کھویہ ہو جائے تو اس میں ایک پاؤ گھی ڈال کر خوب بھونے کہ سرخی پر آجائے، پھر 400 تولہ مصری کا قوام (چاشنی) کر کے اس میں یہ سب ڈال دیں، اور مندرجہ ذیل اشیاء بھی ملا دیں۔ ترکٹا (سونٹھ، مرچ، پیپل) ترپھلہ (ہرڑ، بہیڑہ، آملہ)، جمال گوٹہ کی جڑھ، دار چینی الائچی خورد تیج پات، سیندھا نمک، کچور، دھنیا، نیتو بالا، ناگر موتھ، کستوری منقہ، بنسلوچن، جائفل، مغز کھیرا، بال چھڑ، ناگ کیسر، اندر جو، پپلا مول، ستاوری، چب بداری کند، مال کنگنی لونگ، سلاجیت، گوگل، جاوتری، اجوائن، کائے پھل، کیسر، میتھی، ملٹھی، دیودار سونف (بادیان) تالیس پتر، چھوہارا پارہ مصفی، گندھک آملہ سار مصفی، صندل سفید، جواکھار ہر ایک 1 تولہ، اول پارہ اور گندھک کو کجلی کریں، اور پھر تمام ادویات کے ساتھ ایک دن کھرل کر کے اول تیار رہو اور اس معجون میں ڈال دے، یہ معجون ستاوری چکنے برتن میں رکھے اور سونے چاندی کے ورق لگا دے ایک تولہ کھا کر اوپر سے تھوڑا دودھ پینا صبح و شام "پاک پرد یپ" میں اس رس کی تعریف میں 20 صفحے بھرے ہیں اور واقعی یہ ایسی چیز ہے، از حد مقوی باہ ہے، اور منی خوب پیدا کرتی ہے، اور اسکو گاڑھا کرتی ہے، جریان سرعت، احتلام کو از حد فائدہ دیتی ہے، خرابی بیرج اور خرابی رج کو دور کر کے اولاد پیدا ہوتی ہے، بیرج اتنا پیدا ہوتا ہے کہ اس کے کھانے والا ہی جانتا ہے، تینوں اخلاط کی امراض کو بھی مفید ہے، اس واسطے ہر مزاج کا آدمی کھا سکتا ہے، ذیابیطس و دیگر امراض پیشاب کو دور کرتا ہے، رنگت عمدہ کرتا ہے لکھا ہے، جو بانجھ عورت کم بیرج والے نامرد، کم بیرج والے بوڑھے کی پراکرم خواہش پوری ہوتی ہے صفائی آواز۔ عمر کو بڑھاتا ہے۔

معجون مقوی باہ و دماغ

مروارید ناسفتہ 2 ماشہ، کہربائے شمعی 2 ماشہ، یاقوت رمانی 2 ماشہ، یشب سبز 3 ماشہ، بسد احمر 3 ماشہ، مرجان سرخ 3 ماشہ، تمام کو عرق گاؤ زبان 8 تولہ، میں خوب حل کریں، اس کے بعد اسطوخودوس ماشہ۔ قنطوریون دقیق 10 ماشہ، ابریشم خام مصفی 17 ماشہ، گل گاؤ زبان 14 ماشہ، ان کو رات کے وقت پانی میں بھگو رکھیں، صبح کے وقت جوش دیں، جب نصف پانی رہے مل چھان کر شکر سفید پاؤ سیر، شہد خالص 10 تولہ ملا کر قوام بنائیں جب قوام تیار ہو جائے، مربائے ہلیلہ 5 عدد، مربائے آملہ 5 عدد صاف کر کے باریک پیسکو قوام میں ملائیں، پھر گاؤ زبان 4 ماشہ، برگ فرنجمشک 4 ماشہ، بنسلوچن سفید 4 ماشہ، برگ نادر نجبویہ 4 ماشہ، بہمن سفید 4 ماشہ، توری سفید 4 ماشہ، درونج عقربی 4 ماشہ، مغز تخم کدوئے شیریں 9 ماشہ، مغز تخم تربوز 9 ماشہ۔ تخم کاہو مقشر 9 ماشہ، تخم خشخاش سفید 9 ماشہ، مغز بادام شیریں 9 ماشہ کشنیز مقشر 9 ماشہ، سب کو باریک پیس کر ملائیں، اور مشک خالص 2 رتی زعفران 6 ماشہ، عرق کیوڑہ 5 تولہ میں حل کر کے موتی وغیرہ داخل شد، سب شامل کر کے ورق نقرہ 2 ماشہ، ملائیں اور چینی کے برتن یا کسی قلعی دار برتن میں رکھیں خوراک ۔ ماشہ گڑ تیل، ترش اور گرم اشیاء سے پرہیز لازم ہے۔

نسخہ مقوی باہ جو گرم مزاجوں کو مفید ہے اور دل کے دھڑکے کے لئے اکسیر ہے۔

ستاور 10 تولہ پوست آملہ تازہ خشک شدہ 10 تولہ مغز کنول، گٹھ پتہ دور کردہ 10 تولہ دودھ گائے سوا سیر مصری 20 تولہ، پہلے ستاور کو گھی میں بھونیں تاکہ سرخی مائل ہو جائے، جلے نہیں، پھر کوٹ کر باریک کریں، اور مغز کنول گٹھ کو بھی باریک کریں، ستاور اور کنول گٹے کے مغز کو دودھ میں ڈال کر نرم آگ پر پکائیں، یہاں تک کہ کھویہ بن جائے بعد ازاں گھی میں بھونیں یہاں تک کہ کھویہ سرخی مائل ہو جائے،

پانی کا جزو نہ رہے پھر مصری باریک شدہ ملا کر نیچے اتار لیں اور پوست آملہ باریک کردہ ملا کر مغزیات اگر ملانا چاہئیں تو حسب ضرورت ملائیں' یہ یاد رہے کہ جس وقت آملہ ملائیں تو لوہے کی کڑاہی سے دوا نکال کر ملائیں' کیونکہ لوہے کو لگنے سے رنگ سیاہ ہو جائے گا بقدر 5 تولہ روزانہ کھایا کریں۔

معجون نکچھکنی مقوی باہ نہایت مجرب ہے دو ہفتہ کے استعمال سے قوت بہت بڑھ جاتی ہے

نک چھکنی صاف 10 تولہ۔ رس ادرک پاؤ ثار' ثعلب مصری 3 تولہ۔ موصلی سیاہ 1 تولہ' موصلی سفید 1 تولہ' دار چینی 3 ماشہ' جائفل 1 عدد' جوتری 3 ماشہ' شیر گاؤ 2 پاؤ ثار شکر سفید 1 پاؤ ثار' دودھ کا کھویہ بنائیں اور گھی میں بھونیں اور رس ادرک میں مصری ملا کر قوام بنائیں' اور جملہ ادویہ اور کھویہ ملا کر رکھیں' 1 تولہ روزانہ کھائیں اوپر سے شیر گاؤ پئیں۔

معجون تالمکھانہ

تال مکھانہ 2 تولہ' بڑھ کے دودھ میں بھگوئیں جب خشک ہو جائے پھر اچھی طرح سے تر کریں' اسی طرح سے تین بار تر و خشک کریں' پھر تال مکھانہ کو ناریل میں سوراخ کر کے بھر لیں اور ناریل کا ٹکوا سوراخ پر رکھ کر گیہوں کا آٹا اس کے اوپر لپیٹ کر نرم آگ میں رکھیں حتیٰ کہ آٹا سرخ ہو جائے' پھر اس کو نکال کر آٹے کو دور کر کے تال مکھانہ نکالیں اور باریک پیسیں' اور ناریل کا مغز علیحدہ پیسکو ملائیں' پھر تودری سرخ' گوکھرو خورد' گوکھرو کلاں' موصلی سیاہ' موصلی سفید' گاؤ زبان' ہر ایک 2 تولہ ثعلب مصری' سمندر سوکھ' اندر جو' موچرس' الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ' دار چینی' کباب چینی' سورنجاں' شقاقل' بنسلوچن ہر ایک 9 ماشہ' چوب چینی آدھ پاؤ' بہمن سرخ و سفید ہر ایک 9 ماشہ' بوزیداں 2 ماشہ' مغز پستہ و چلغوزہ ہر ایک ایک چھٹانک' مغز بادام آدھ پاؤ کوٹ چھان کر ملائیں' پھر سہ گنا مصری کے قوام میں' سب ادویہ کو معجون بنالیں' خوراک ایک تولہ مقوی مبہی ممسک اور مغلظ ہے

معجون جریان اور ضعف باہ کے واسطے نہایت مفید ہے

سنگھاڑہ خشک 1 تولہ' موصلی سفید 1 تولہ' موصلی سیاہ 1 تولہ' ثعلب مصری 1 تولہ' بہمن سرخ' بہمن سفید' ہر ایک 9 ماشہ' کشتہ قلعی 9 ماشہ' انگن 1 تولہ' الائچی خورد 1 تولہ' جملہ ادویہ کوٹ چھان کر شہد خالص سہ چند میں معجون بنا کر رکھیں' 2 عدد ورق نقرہ بھی اضافہ کریں' 1 تولہ رات کو دودھ کے ہمراہ اور ایک تولہ صبح شربت بنفشہ کے ہمراہ کھائیں' بادی ترشی اور گرم اشیا سے پرہیز رکھیں۔

معجون مبہی و ممسک

سونٹھ 1 تولہ' لونگ 1 تولہ' بنسلوچن 6 ماشہ' بیج بند 1 تولہ' دار چینی 2 تولہ' شقاقل 2 تولہ' دانہ خشخاش 2 تولہ' مغز تخم کونچ 1 تولہ' اگر 6 ماشہ' موسلہ سنبھل 2 تولہ' چھڑیلہ 1 تولہ' تخم شلجم 1 تولہ تگر ہ ماشہ' ثعلب مصری 2 تولہ' بہمن سفید 1 تولہ' بہمن سرخ 1 تولہ' تخم پیاز 2 تولہ' الائچی خورد 3 ماشہ تودری سفید 2 تولہ' تودری سرخ 2 تولہ' موصلی سیاہ 4 تولہ' موصلی سفید 4 تولہ' کنجد 1 تولہ' پھلی کیکر 2 تولہ' تخم انگن 3 تولہ' تخم گاجر 2 تولہ' گوند ڈھاک 1 تولہ' تالمکھانہ 1 تولہ' مربائے ہلیلہ پاؤ سیر' مغز چلغوزہ مغز اخروٹ 2 تولہ' سپاری دکھنی' ثار' روغن بادام شیریں 5 تولہ روگن زرد۔ ثار' شکر سفید سیر' دود..

گائے 4 سیر بطریق معروف تیار کر کے معجون تیار کریں خوراک 5 تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔

معجون از حد مقوی باہ ہے

سرعت احتلام جریان کے واسطے اکسیر ہے جسم کو طاقت بخشتی ہے' دماغ کو مفید ہے' بعد از فراغت کھانے سے کمزوری نہیں ہوتی' تخم کونچ کو پوٹلی میں باندھ کر دودھ میں اوٹائیں جب چھلکا نرم ہو جائے تو اس کو اتار کر سکھا کر باریک پیس لیں' مغز تخم کونچ' مغز تخم املی' گوکھرو' موصلی سفید' موصلی سیاہ' اسگندھ' ستاور' ثعلب مصری ہر ایک 10 تولہ دودھ گائے 10 سیر لیکر بھنگ 20 تولہ کی پوٹلی باندھ کر اس میں لٹکا دیں' اور دودھ میں مندرجہ بالا ادویات کا سفوف ملا کر کھویہ بنائیں۔ بعدہ' ایک سیر گھی میں کھوئے کو خوب اچھی طرح بھونیں بعد ازاں مصری 4 سیر کی چاشنی کر کے اس میں کھویہ ملا دیں اور مغز بادام' مغز پستہ' مغز ناریل کشمش اخروٹ چلغوزہ وغیرہ جو مغزیات چاہیں ملا کر رکھیں روزانہ 5 تولہ کھا کر اوپر سے شیر گاؤ پئیں

معجون مفرح جو کہ نشاط آور اور مسکر ہے خشکی بالکل نہیں رکھتی برائے تقویت دل و دماغ اور باہ بے نظیر ہے

مشک خالص 3 ماشہ' ورق نقرہ 4 ماشہ' بہمن سرخ 6 ماشہ' بہمن سفید 6 ماشہ' کبابہ 6 ماشہ' ثعلب مصری 5 ماشہ' دانہ الائچی خورد' دار چینی' جائفل لونگ' گل سرخ' فرنجمشک' صندل سفید' جوتری' زعفران ہر ایک 1 تولہ' مغز بادام شیریں مقشر تخم خشخاش' گلاب ہر ایک پاؤ سیر' روغن برگ بھنگ آدھ سیر' شہد سفید۔ شکر سفید دونوں مساوی ڈیڑھ سیر کا قوام کر کے بدستور معجون مفرح تیار کریں' اگر تقویت باہ اور تقویت قلب کی رعایت زیادہ منظور ہو' تو تخم ہلیون' تودری سرخ' تودری زرد ایک ایک تولہ بڑھائیں اگر مزاج میں گرمی ہو' تو گرم اجزاء کم کر دیں۔

ترکیب روغن بھنگ

ایک سیر برگ بھنگ کو دو سیر دودھ میں رات کو بھگو دیں' پس صاف کر کے ڈیڑھ پاؤ گھی دودھ میں ملا کر پھر نرم آگ پر پکائیں' یہاں تک کہ غلیظ ہونے لگے پس اسکو سرد جگہ میں رکھیں تاکہ گھی اوپر آجائے' اس گھی کو کف دست سے علیحدہ کر لیں' اس کے علاوہ دودھ کی دہی جما کر بھی بدستور مکھن نکال کر اس کا روغن بنا کر استعمال کر سکتے ہیں۔

معجون نشاط

سپاری تیلیہ 3 چھٹانک کوٹ کر 3 سیر گائے کے دودھ میں کڑاہی میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں' یہاں تک کہ دودھ گاڑھا ہو جائے' پھر بہمن سرخ' بہمن سفید' عقر قرحا ہر ایک 2 تولہ مویز منقیٰ 6 تولہ' سب کو کوٹ کر کڑاہی میں ڈالیں۔ اور اڑھائی چھٹانک روغن گاؤ اور مصری آدھ سیر داخل کر کے معجون بنائیں' خوراک 2 تولہ' نہایت مقوی و ممسک ہے' اگر عورت بعد وضع حمل سے 40 روز کے بعد 1 تولہ روز کھائے تو قوت قائم ہو' جریان و سیلان مردوں عورتوں کے واسطے اکسیر ہے' اکثر ضعیف عورتوں کے اس واسطے مجرب ہے' گرم مزاجوں کے واسطے عقر قرحانہ ڈالیں' بلکہ بہمن سفید بجائے 2 تولہ کے 4 تولہ ڈالیں' اور ثعلب مصری 1 تولہ اضافہ کریں۔

معجون مبہی

نخود سیاہ 10 تولہ کو آب پیاز خالص میں 4 مرتبہ خشک کریں سائے میں خشک کرنا چاہئے بعدہ نخود مذکور کو عرق حالوں سبز میں 4 مرتبہ تر و خشک کریں اور باریک پیسکر خراطین مصفی 2 تولہ بیر بہوٹی 6 ماشہ باریک پیسکر شہد سہ چند وزن کے قوام میں ملائیں خوراک 9 ماشہ۔

معجون مقوی باہ و مقوی اعضائے رئیسہ ہے نیز

بدن کو موٹا بناتی اعضا کو طاقت بخشتی اور منی کو پیدا کرتی اور غلیظ بناتی ہے۔

مغز اخروٹ، مغز چلغوزہ، مغز حب قلقل، مغز بنولہ، مغز چرونجی، مغز نارجیل، مغز پستہ، مغز بادام شیریں مقشر، مغز فندق، مغز حبتہ الخضراء مغز حب الزلم، مغز تخم خربزہ، تخم خشخاش سفید، مغز تخم کدو، مغز تخم کڑا (خرما) مغز تخم ریٹھہ ہر ایک ایک 6 ماشہ، ثعلب مصری قضیب آہو خشک سوہان کردہ، مغز سر کنجشک نر، ریگ ماہی نر، ہر ایک 1 تولہ، کبابہ، تج خولنجاں، دار چینی، جائپھل، جاوتری، لونگ، اگر، بہمن سرخ بہمن سفید، تودری سفید، سورنجان شیریں، بوزیدان، ناگ کیسر، فرنجمشک، تالمسہتر، گاؤ زبان، گل گاؤ زبان، دانہ الائچی خورد، دانہ الائچی کلاں، شقاقل مصری، اندر جو شیریں، خشک مولی ہر ایک 3 ماشہ، مصطگی، بال چھڑ، ناگر موتھ، تخم بھنگ، درونج عقربی، نر کچور، مغاث تخم ناگدون، سونٹھ پیپل، عقر قرحا، گھر، تخم انٹگن، صندل سفید، سودہ، چھڑیلہ، زعفران خالص، کتیرا، تخم شلجم، تخم گزر، تخم اسپست جوز جوزم اجوائن خراسانی، بیخ لفاح ہر ایک 1 ماشہ مایہ شتر اعرابی 3 ماشہ، موصلی سینبھل، تال مکھانہ بریان اسگندھ ستاور، حرمل بریان، مغز تخم کونچ، چینا گوند، سمندر سوکھ ہر ایک 3 ماشہ، مشک خالص، عنبر اشہب ہر ایک 7 رتی، ورق طلا 1 ماشہ، ورق نقرہ 3 ماشہ مربائے آملہ بنارسی گٹھلی دور کردہ 3 عدد، شربت انار شیریں ولایتی ایک چھٹانک، شہد و شکر سفید (مساوی) ادویہ سے سہ چند اگر نشاط اور کرنا چاہیں تو روغن بھنگ جس کی ترکیب اس سے پہلے نسخوں میں لکھی جا چکی ہے بقدر ایک چھٹانک اضافہ کریں، چالیس روز تک حسب مزاج کھائیں اور فوائد ملاحظہ کریں۔

نسخہ مقوی باہ مغلظ منی اور دافع جریان مجرب

بھنے ہوئے چنوں کا آٹا 10 تولہ کو شیر برگد میں تین مرتبہ تر کر کے سائے میں خشک کریں کہربائے شمعی 7 ماشہ۔ ستاور 7 ماشہ۔ بیج بند 7 ماشہ۔ سمندر سوکھ 3 ماشہ، تخم انٹگن 3 ماشہ۔ بج قلمی 3 ماشہ، تالمکھانہ 3 ماشہ، شیر برگد میں تین مرتبہ تر و خشک کریں) میدہ لکڑیں 3 ماشہ گوند ڈھاک 4 تولہ گوند کیکر 4 تولہ، صمغ ریٹھہ 4 تولہ، موچرس 2 تولہ موصلہ سینبھل 3 تولہ گوکھرو 1 تولہ، تخم گندر 3 ماشہ، تخم شلغم 1 تولہ، مغز بادام شیریں مقشر 7 ماشہ، مغز پستہ 7 ماشہ مغز نارجیل 7 ماشہ، مغز چرونجی 7 ماشہ۔ مغز تخم کونچ 3 ماشہ۔ اسگندھ 3 ماشہ۔ شہد خالص 10 تولہ شکر سفید 10 تولہ کا قوام بنا کر ادویہ کوٹ چھان کر ملائیں، خوراک 1 تولہ سے 2 تولہ تک ہمراہ شیر گاؤ۔

نسخہ معجون بے حد مقوی و مغلظ منی زیادہ تعریف فضول ہے مجرب

اور نہایت سریع الاثر اور عجیب الخواص ہے، آرد چھوہارا، آرد ماش ہر ایک آدھ سیر، مغز تخم املی

آدھ سیر موصلی، سینبھل 2 تولہ، مغز تخم جامن 1 تولہ، تال مکھانا، موچرس، دانہ الائچی کلاں، تج گجراتی، اندر جو شیریں، تخم اٹنگن، ثعلب مصری، شقاقل مصری بہمن سفید، بہمن سرخ ہر ایک 1 تولہ، تخم انجیر ولایتی 9 ماشہ، تخم انیسوں 2 ماشہ۔ گوند ڈھاک گوند کیکر ہر ایک 1 تولہ گوند کھیر 2 تولہ، مصطگی رومی 9 ماشہ، مغز بنولہ تودری سفید، بیج بند، چریڑا لاکھ، بیج اونٹ کٹارہ ہر ایک 1 تولہ۔

ترکیب اول چھوہارہ کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے کٹائی کے رس میں (جس کو لوگ بھٹ کٹیا کہتے ہیں) تر رکھیں، بعدہ، خشک کرکے باریک پیس لیں، اور دال ماش رات کو گائے کے دودھ میں بھگو کر صبح کو صاف کرکے سایہ میں خشک کرکے پیس لیں اور دونوں کو گائے کے گھی میں بھونیں، جب سرخ ہو جائیں دیگر ادویہ سفوف کرکے ملا دیں اور پاؤ بھر پارہ مصفی کو 5 سیر آب شیریں میں ایک برتن میں جوش دیں، جب ایک سیر پانی رہے اتار کر پارہ نکال لیں، اور پانی میں سب ادویہ کے ہموزن مصری ڈال کر قوام تیار کریں، جب قوام ہو جائے، قدرے گلاب کیوڑہ خوشبو کے واسطے ڈال کر سب دواؤں کو ڈالدیں اور اوپر سے مغز بادام مغز پستہ، مغز چرونجی، مغز ناریل ہر ایک 2 تولہ، کشمش 4 تولہ ڈال کر 5-5 تولہ کے لڈو بنائیں، صبح کے وقت نہار منہ ایک لڈو کھا کر اوپر سے آدھ سیر دودھ پی لیں اور اکیس روز تک جماع نہ کریں، مجرب ہے۔

معجون مقوی باہ دافع سرعت و احتلام و جریان اور مقوی اعضاء رئیسہ ہے

موصلی سیاہ، موصلی سفید، بہمن سفید، بہمن سرخ، تخم اٹنگن، مغز تخم کونچ، تال مکھانا بیج بند، عقر قرحا، کباب چینی، لعبت بربری، بھو پھلی گوکھرو، آرد گلو، موچرس سہستان ہر ایک 1 تولہ گوند کیکر 10 تولہ گوند پھلاہی 10 تولہ گوکھرو، 10 تولہ گائے کا گھی تین پاؤ، رکھو یہ شیر گائے تین پاؤ، شہد خالص تین پاؤ+

ترکیب پہلے گوندوں کو گھی میں علیحدہ علیحدہ بھون لیں، پھر نیچے اتار کر سب ادویات کو جو کہ سفوف کی ہوئی ہوں، اس میں ملا دیں، پھر شہد کے قوام میں سب کو ملا کر رکھیں، آدھی چھٹانک صبح کے وقت کھا لیا کریں، نامرد کے واسطے اکسیر ہے، اکیس روز متواتر استعمال کریں، اثنائے استعمال میں جماع سے پرہیز رکھیں۔

معجون جو کہ مقوی باہ مولد منی، ممسک، محذر، مفرح، مقوی اعضائے رئیسہ

محلل ریاح باسوری، ہاضم طعام مشتہی اور منشط ہے

نارجیل دریائی، جائفل، جاوتری، دانہ الائچی خورد، مصطگی رومی، لونگ ہر ایک 6 ماشہ، تخم ہلیون، تخم خربزہ، اجوائین خراسانی، تخم گزر، کنجد سیاہ، بہمن سرخ، بہمن سفید تودری سرخ شقاقل مصری، پوست خشخاش، اگر، چھیا گوند، کمرکس، مغز تخم املی، گل بنفشہ، جفت بلوط، خشخاش سفید، خشخاش سیاہ، دردج عقربی، برگ بادر نجبویہ ہر ایک 1 تولہ مغز بنولہ 1 تولہ، زرنجور، قسط شیریں، بوزیدان ناگر موتھ، تالمکھانہ پیپل، دراوند مدحرج، تخم کرفس، اجوائین، تال مکھانہ، ستاور، بالچھڑ، خولنجان ہر ایک 5 ماشہ۔ ثعلب مصری 2 تولہ موصلہ سینبھل 5 تولہ، سب کو کوٹ چھان کر شکر سفید 2 سیر، شہد خالص آدھ سیر کے قوام میں ملائیں اور شیرہ مغز چلغوزہ 2 تولہ، شیرہ مغز فندق 5 تولہ، اضافہ کرکے مروارید ناسفتہ محلول یاقوت احمر محلول، زمرد اخضر، محلول عقیق زرد، محلول کہربائے شمعی محلول، یشب سبز محلول ہر ایک 2 تولہ ورق طلاء

محلول 50 عدد ورق نقرہ محلول 100 عدد، عنبر اشہب مشک خالص 6-6 ماشہ زعفران خالص 2 تولہ، عرق کیوڑہ، عرق بید مشک میں حل کر کے بدستور معجون تیار کریں، خوراک 4 ماشہ سے 6 ماشہ تک۔

معجون مقوی باہ

تیزپات، بادیان موصلی سفید، موصلی سیاہ ہر ایک 6 ماشہ ستاور 3 ماشہ، زیرہ سیاہ 3 ماشہ اندر جو شیریں، بہمن سفید، بہمن سرخ ہر ایک 6 ماشہ، بداری کند 6 ماشہ (موصلہ سنبھل 9 ماشہ، مویز منقی 12 دانہ ہلیلہ سیاہ، پوست ہلیلہ زرد ہر ایک 6 ماشہ سب کو کوٹ کر رات بھر خالص پانی میں بھگوئے رکھیں صبح کے وقت جوش دیکر مل چھان کر ہلیلہ مربی 5 عدد مربائے ادرک 5 تولہ، باریک پیسکر ملائیں، پھر شکر سفید وہ چند ادویہ، شیرہ گلقند آفتابی 5 تولہ، حل کر کے قوام بنائیں اور اس میں ثعلب مصری 3 ماشہ اگر 3 ماشہ، شقاقل مصری 3 ماشہ، تخم سروالی 3 ماشہ، مصطگی رومی 3 ماشہ، کہربائے شمعی 3 ماشہ، دانہ الائچی خورد 3 ماشہ، باریک پیس کر چھان کر ملائیں۔ بعدہ، مشک خالص 2 رتی، زعفران 6 ماشہ، عنبر اشہب 3 ماشہ، عرق کیوڑہ میں حل کر کے اضافہ کریں اور ورق نقرہ 25 عدد ورق طلا 7 عدد ایک ایک کر کے ملائیں، خوراک 1 تولہ۔

معجون مفرح مشتہی

موصلی سفید، موصلی سیاہ، آملہ مقشر، ہلیلہ کابلی، خولنجاں پیپل، عقر قرحا، لونگ ہر ایک 3 تولہ، شیر بھنگرہ سیاہ پاؤ سیر، خشک دواؤں کو کوٹ چھان کر شیرہ بھنگرہ سیاہ اور 2 سیر دودھ میں ملا کر جوش دیں، یہاں تک کہ تمام دودھ جذب ہو جائے، اس کے بعد اجمود، موچرس، کھارہ، لونگ، کھر کرا، گوکھرو، سونٹھ ناگ کیسر، ہر ایک 5 تولہ، بہمن سرخ بہمن سفید، اگر، ہر ایک 2 تولہ، دار چینی، بالچھڑ، ناگر موتھ، چھوٹی الائچی، بڑی الائچی، کچور، ہر ایک 4 تولہ، ثعلب مصری، صندل سفید، جوتری، جائفل ہر ایک پاؤ سیر، تمام کو کوٹ چھان کر سب کے برابر مصری ملا کر، مغز بادام، مغز نارجیل مغز پستہ ہر ایک 4 تولہ، علیحدہ باریک کر کے تگنے شہد سے قوام کر کے معجون تیار کریں، اگر کسی قدر زعفران اور مشک بھی اضافہ کئے جائیں، تو زیادہ اچھا ہے۔

معجون مقوی

عقر قرحا، تخم انگن، مرچ سیاہ، ہر ایک 5 ماشہ، ہینگ 2 ماشہ، تخم گاجر جنگلی، دار چینی، سونٹھ ہر ایک 10 ماشہ، کوٹ چھان کر دوچند شہد میں معجون بنائیں خوراک 1 تولہ

دیگر

عقر قرحا، جنگلی زیرہ، سونٹھ، انیسوں ہر ایک 2 تولہ، تخم پیاز، تخم جرجیر، اجوائین، ہر ایک 7 ماشہ کوٹ چھان کر بدستور دوچند وزن ادویہ شہد میں معجون بنا دیں۔

دیگر

چنوں کو جرجیر کے پانی میں بھگو کر خشک کریں، اس کے بعد گائے کے گھی میں بھونیں، اور مغز چلغوزہ دو تولہ، تخم جرجیرا، 1 تولہ دار چینی 5 ماشہ، لونگ 5 ماشہ مصطگی 5 ماشہ کوٹ چھان کر شہد کا قوام بنا کر معجون

تیار کریں۔

کامیشور پاک

کشتہ ابرک سیاہ، کانپھل، کٹھ، اسگندھ، کھرٹی، میتھی، موچرس، بداری کند موصلی، گوکھرو، کھیر کند، کیلا کند، ستاور، اجمود، آڑو، تل سیاہ، کشنیز (دھنیا)، ملٹھی کنگھرن کی چھال، کافور بھیم سینی، کستوری، جائپھل کیسر، بہارنگی، کاکڑا سنگی، بھانگرہ ترکٹا، (سونٹھ پیپل، مرچ) زیرہ سیاہ، زیرہ سفید، چترا، چاترجات، (الائچی، دار چینی، پترج، ناگ کیسر) سانٹھ کی جڑھ، گج پیپل، داکھ، سن کے بیج، اڑوسہ، سمبل کے بیج کونچ کے بیج، ترپھلا (ہڑر، بہیڑہ، آملہ) سب برابر وزن اور سب کی چوتھائی بھنگ پیس کر باریک کریں، اور دگنی کھانڈ دیکی کی چاشنی کریں، اور ادویات ڈالدیں نیز شہد اور گھی بھی جس قدر جذب ہو سکے ڈالدیں، اور خوراک صرف 6 ماشہ سے 2 تولہ، تک بہ ہمراہ دودھ کے، اس کے اوصاف یوگ چنتا منی میں یوں لکھے ہیں، امساک ہو، استریوں کو وش کرے، اور بہت سکھ ہو، استری دردے، کمزور آدمی کو طاقت ور کرے، کھنی کو دور کرے، نیز تمام روگوں کو دور کرے، کھانسی دمہ، سخت اسہال، اور امراض بلغم کو دور کرے، سدا خوشی بخشے نیز شاعری کی طاقت بڑھائے، بہت کہنے سے کیا، یہ امرت کے برابر ہے، اس کو ایک سال استعمال کرنے سے بڑھاپا دور ہو، اور بال سیاہ ہوں۔

معجون مقوی باہ مغلظ

اسگند ناگوری پاؤ ثار، بوزیدان پاؤ ثار، زنجبیل پاؤ ثار، موصلی سیاہ پاؤ ثار سب کو پیس کر 5 ثار دودھ میں پکائیں، جب دودھ خشک ہو جائے اتارلیں، بعد ازاں چوب چینی عمدہ پاؤ ثار، دار چینی تولہ، فلفل سیاہ تولہ (مرچ سیاہ) دار فلفل (پیپل تولہ آدھ عود ہندی (اگر) تولہ، زراوند مدحرج تولہ، بہمن سرخ تولہ، مغز بادام شیریں 2 تولہ، مغز چلغوزہ 2 تولہ، نارجیل مقشر 2 تولہ، مغز پستہ 2 تولہ، ثعلب مصری 2 تولہ، مویز منقی پاؤ ثار، ان دواؤں کو خوب باریک پیس کر اس میں ملا دیں، پھر شکر نصف شہد خالص آدھ مار کا قوام بنا کر سب دوائیں قوام میں ملا دیں، اگر توفیق ہو تو مشک 6 ماشہ و زعفران 6 ماشہ عرق کیوڑہ میں حل کر کے ملا لیں، ایک تولہ صبح دودھ کے ساتھ یا ویسے ہی کھالیا کریں۔

معجون عطائی مرگی اور سرعت انزال کے واسطے مفید ہے

لوبان، علک رومی جفت البلوط تخم بھنگ ہر ایک 3 تولہ کوٹ چھان کر دو چند شہد میں ملالیں اور بقدر 9 ماشہ، صبح و شام کھائیں۔ نہایت مفید اور پر تاثیر ہے۔

دیگر

جفت بلوط، گلنار، شونیز، لوبان ذکر ہر ایک دس درم (3 تولہ) زیرہ کرمانی، اجوائن، کرویا، ہر ایک 5 درم (1 تولہ) پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، آملہ مقشر، ہلیلہ سیاہ ہر ایک 10 ماشہ دھنیا خشک 3 تولہ، سب کو کوٹ چھان کر تین حصہ شہد میں ملا کر معجون بنالیں اور صبح و شام 9-9 ماشہ کھائیں اور مرغن غذا کھائیں۔

معجون رشیدی

خواجہ رشید الدین کی ایجاد ہے، تقطیر البول اور سرعت انزال کے دفعیہ میں بے نظیر ہے:۔ کباب

چینی ' مرچ سیاہ ' لونگ ' بالچھڑ ' ثعلب مصری ' مصطگی رومی ' اجوائین ہر ایک 10 ماشہ ' شہد سہ چند ادویہ کا قوام کرکے معجون بنائیں اور 4 ماشہ ' سے 7 ماشہ تک حسب قوت کھائیں۔

معجون اسرار الاطبا

شہوت کو بڑھانے اور قوت دماغ کو ترقی دینے میں بے نظیر ہے ' مفرح بھی ہے ' مجامعت کے بعد اس کا استعمال عرق النسا ' نقرس ' وجع المفاصل ' کمی منی اور تمام امراض اعصابی دور کرتا ہے۔
خولنجاں ' شقاقل ' ثعلب مصری ' بہمن سرخ ' بہمن سفید ' مغز تخم خربزہ ' مغز تخم خیارین ' تخم جرجیر ' تخم پیاز ' تخم شلغم ' تخم اسپست ' خشخاش سفید ' مغز تخم کدو ' تخم ترہ تیزک ' تخم نشبت تخم گندر ' تخم ہلیون ' تخم گندنا ' گوکھرو ' (پروردہ در شیر گاؤ) ہر ایک 7 ماشہ ' مغز نارجیل ' مغز بادام شیریں ' مقشر ' مغز پستہ ' مغز چلغوزہ ' مغز بنولہ ' مغز حبتہ الخضرا ' کنجد سفید ' مقشر ہر ایک 2 تولہ دار چینی ' لونگ ' بال چھڑ ' تگر ' جوتری ' کباب چینی ' تج ' پیپل ' جائفل ' ناگ کیسر ' اگر ' عنبر اشہب ' زعفران ہر ایک 4 ماشہ ' مشک خالص 5 ماشہ (سونٹھ ستاور ' قسط شیریں ' مغز حب البطم ' دردنج عقربی ہر ایک 2 تولہ ' سب ادویات کو کوٹ چھان کر اور مشک و عنبر کو علیحدہ پیس کر سہ چند شہد میں ملا کر برتن میں بھر کر رکھیں

معجون جو قوت باہ کو از حد قوت بخشتی ہے

مغز بھلانوہ ' مغز چرونجی ' مغز بادام شیریں مقشر ' تخم خشخاش سفید ' کنجد سفید۔ آملہ مقشر ' ہر ایک آدھ سیر۔ سونٹھ ' خولنجاں ' دار چینی ' لونگ ' نرکچور ' الائچی ' ناگر موتھ ' بالچھڑ موصلی سیاہ ہر ایک پاؤ بھر ' بہمن سفید ' ثعلب مصری ہر ایک 4 تولہ ' زعفران ڈیڑھ تولہ مصری منجملہ ادویات سے نصف ' شہد سب ادویات سے دوچند بطریق معروف معجون بنا کر صبح و شام ایک ایک مشقال کھائیں۔

معجون مغلظ

تخم کونچ ' تخم انگن ' ہلہل کے بیج ہر ایک ایک پاؤ سب کو پیس کر دو سیر دودھ میں پکائیں ' جب کھویہ ہو جائے اسے 16 تولہ گھی میں بھون لیں ' اور چار سیر مصری کی چاشنی کر۔ کے اسمیں کھویہ کو ڈالدیں ' اور چار چار تولہ ' کے لڈو بنا دیں ' سہ پہر کو ایک لڈو کھائیں ' اور اوپر سے دودھ پئیں ' اور ان تینوں چیزوں کا کرشمہ دیکھیں۔

کامیشور مودک

کشتہ ابرک سیاہ ' کانبھل ' کٹھ ' اسگندھ ' کھرنٹی ' میتھی ' موچرس ' بداری کند ' موصلی گوکھرو ' کھیر کند ' بلہ کند ' ستاور ' اجمود ' اڑد ' تل سیاہ ' دھنیا ' ملٹھی ' کنگھرن کی چھال بھمم سینی کافور ' کستوری ' جائفل ' بسر ' مروارید ناسفتہ ' جند بید ستر ' بہارنگی ' کاکڑا سنگی بھانگرا ' ترکٹا (مرچ ' سونٹھ ' پیپل) دونوں زیرے ' چتار اترجات (تج ' الائچی دار چینی ناگ کیسر) جڑھ بس کھپرا ' گج پیپل ' راکھ ' سن کے بیج ' اڑوسہ سمبل کے بیج لونج بیج ترپھلہ ' (ہرڑ ' بہیڑہ آملہ) ہر ایک 1 تولہ ' اور سب ادویات سے 1/4 حصہ بھنگ کے بیج ڈالے اور اریک کرے اور سب کے برابر مصری اور اتنا ہی شہد لے اور چاشنی کرکے تمام ادویات ڈال دے اور گھی کے چکنے برتن میں رکھے ' خوراک 3 ماشہ ' سے ایک تولہ تک صبح کھا کر دودھ پیا کرے ' دمہ کھانسی امراض بلغم کو مفید ہے اور اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتا ہے۔ دماغ اور منی کو قوت بخشے۔ نیز بند ھیج کرتا ہے اور

طاقت بڑھاتا ہے۔

نسخہ باجی کرن مودک' سردیوں میں کھانے کے لائق

گنا' دوب کی جڑھ' پونڈے کی اڑد۔ تالمکھانہ' اسگندھ' بالا' ستاور' گوکھرو' بداری کند' کھٹوری' جیونتی' جیبک' میدلہ' رکھسک' گل شکری' موصلی' روتھی' راسنا کونچ بیج۔ اٹ سٹ ہر ایک 12 تولہ' اڑد کا آٹا 4 سیر لے تمام ادویہ کو اکٹھا کر کے 2-3 سیر پانی میں پکائے' جب آٹھواں حصہ پانی رہ جائے' تب اتار لے پھر ملٹھی' داکھ' کھجور' پیپل' چرونجی' باراہی کند' اسگندھ' بداری کند' آملہ' گنے کا رس ہر ایک 64. 64 سیر تولہ لے' گھی 4 سیر' اور دودھ 32 سیر ملا کر یہاں تک پکائے کہ کھویا بن جائے اور گھی چھوڑ دے' پھر اس میں مصری پھر اس کے بعد کھانڈ (شکر سفید) ایک سیر' دودھ ایک سیر اور ملا دے پھر خوب ملا کر پیپل 16 تولہ' مرچ سیاہ 4 تولہ' دار چینی' الائچی' ناگ کیسر ہر ایک 2 تولہ' اور اس میں شہد خالص 2 سیر ملا دے' خوراک 4 تولہ' طاقت مریض دیکھ کر دے لکھا ہے' ازحد مبہی ہے' مغلظ ہے' طاقت بڑھاتا ہے' کام اور زور اس کے کھانے سے بہت ہی بڑھتا ہے' بہت عورت رکھنے کی طاقت ہوتی ہے' جسم کام دیو کی طرح خوبصورت بن جاتا ہے' تھوڑے دیرج والا انسان زیادہ دیریہ دان ہوتا ہے' بوڑھے کو جوان کی سی طاقت آتی ہے' ایک برس لگاتار کھانے سے بوڑھا بھی جوان ہو جاتا ہے۔

رتی ولبھو جیا پاک

بھنگ کی جڑھ' پتوں اور شاخوں سمیت کو لے کر سوا چھ سیر لیں' اور 32 سیر پانی میں پکا دیں' جب 8 سیر پانی باقی رہے اس کو صاف کپڑے میں چھان لیں' پھر اس میں گائے کا دودھ 2 سیر' بورہ 6 سیر' ستاور کا رس ایک سیر' پیپل کا جوشاندہ ایک سیر' گھی 2 سیر سب ملا کر پکا دیں' جب پکتے پکتے گاڑھا ہو جائے' تو اس میں تر پھلا' ترکٹا' چب چھوٹی الائچی' دار چینی' تیزپات' ناگ کیسر' چترک' پیلا مول' دھنیا' زیرہ میٹھی' کوٹھ شیریں' موتھ' رینکا' ترکٹا' بھارنگی' تالیس پتر' ناگ کیسر' موصلی' نشوت' دنتی' گج پیپل' ہنگ' پھر مول' لونگ' جاوتری' اجوائن' سونف' پیپل' جائفل' کافور' کاکڑا سنگی بداری کندر' اشٹ برگ رجیوک' رشبھک' میدا' مہامیدا' کاکولی' چھیر کاکولی ردہی (بردھی) ستیل چینی ہر ایک چار چار تولہ کوٹ چھان کر ملائیں' اور 2-2 تولہ کے لڈو بنا کر رکھیں' ایک لڈو کھا کر اوپر سے تھوڑا پانی پئیں' قوت باہ کے بڑھانے اور سرعت انزال کے دور کرنے کے واسطے نہایت مفید ہے۔

انوش داروئے لولوی' عنبری' مقوی اعضاء رئیسہ و مقوی باہ

غنچہ گل سرخ 21 ماشہ' ناگر موتھ 17 ماشہ' لونگ 10 ماشہ' مصطگی' 10 ماشہ' تگر 10 ماشہ' بالچھڑ 10 ماشہ' دانہ الائچی خورد 7 ماشہ' دانہ الائچی کلاں 7 ماشہ' تالمسترہ 7 ماشہ بہمن سرخ 3 ماشہ' بہمن سفید 3 ماشہ' طباشیر 3 ماشہ' صندل بہ گلاب' سودہ پوست ترنج تیزپات۔ مروارید ناسفتہ ہر ایک 3 ماشہ مشک خالص 1 ماشہ' عنبر اشہب 1 ماشہ' ورق نقرہ 120 عدد' آب انار شیریں 10 تولہ' شکر سفید 50 تولہ' آملہ مربی خستہ دور کردہ 20 تولے' زعفران در گلاب حل کردہ قوام عسل و شکر سفید کرکے آملہ مربی باریک پیس کر ملائیں اور دیگر ادویہ کوٹ چھان کر ملائیں' عنبر' مشک' زعفران حل کرکے ملیں' خوراک 3 ماشہ سے 5 ماشہ تک۔

مدن آنند مودک

تجویز کرنے والوں نے کیا کیا نسخہ جات تجویز کئے ہیں' یہ واقعی حیرانی ہوگی کہ کوئی شخص اس کو کھائے اور پھر ضعف باہ وغیرہ کی شکایت کرے' پرہیز کے ساتھ 40 دن کھانے سے قوت آنی شروع ہوتی ہے' اس کے بعد جتنا استعمال کرے' اتنی ہی طاقت آئے گی لکھا ہے کہ اس قدر طاقت آتی ہے کہ ضبط آسان نہیں' بیرج بڑھاتا ہے' عورتوں میں اس سے خواہش رہتی ہے اور رنگ و روپ نکھرتا ہے آواز اور نظر تیز کرتا ہے' بے وقت بڑھاپا اور بے وقت موت بھی نہیں ہوتی' ہے مرگی بخار' انماد' کھنی امراض مقعد' بد ہضمی' اپھارا' اتیسار' سنگرہنی' ذیابیطس' امراض سر' اروچی' امراض بلغم' اور امراض صفرا کو بھی نافع ہے' بانجھ کے لڑکا ہوتا ہے جس کے اولاد ہو کر مرجاتی ہے' زندہ رہتی ہے' سوتکی روگ جاتے ہیں' مہادیوجی نے راون کے واسطے اسکو لکھا تھا۔

نسخہ:- پارہ مصفی' گندھک مصفی' کشتہ فولاد ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ ابرک سیاہ 3 تولہ۔ بھیم سینی کافور' سیندھا نمک' آملہ بال چھڑ' الائچی' ترکٹا (پیپل' مرچ' سونٹھ) جائفل جاوتری' لونگ' زیرے دونوں' پیچ ملٹھی' کٹھ' ہلدی' دیودار' جل بیت' سہاگہ' بھارنگی' کیسر' ناگر موتھ' کاکڑا سنگی' تالیس پتر' کشمش' چترا' جمال گوٹہ کی جڑھ' کھرٹی' کنکھون دار چینی' دھنیا' گج پیپل' کچور' نیتوبالا' چندن سفید' بن تلسی' بداری کند' ستاوری پھول' آک مدار کونج بیج' گوکھرو' پھول آملہ' بدھارا' ہر ایک 4 تولہ۔ اول پارہ اور گندھک کو کجلی کرے' پھر دیگر ادویات کو یہاں تک کھرل کرے کہ سیاہ ہو جائے تو ستاوری کے رس میں ایک دن کھرل کرے' پھر کل سفوف کا 1/4 حصہ' سنبل کا موسلہ اور 1/2 حصہ بھانگ ملا کر سفوف کرے اور دودھ بکری کا دو سیر لے کر آگ پر رکھے' جب 1/4 دودھ رہ جائے یعنی گاڑھا ہو جائے تو مندرجہ بالا ادویہ ڈال کر اور تھوڑا گھی ڈال کر تھوڑی دیر بھونے کہ پانی نہ رہے اور سرخی پر نہ آئے تب سب ادویات کے برابر مصری کا قوام کر کے اسمیں ڈال دے اور نیز کشتہ چاندی کشتہ سونا ایک ایک تولہ لے اور بادام' الائچی' پستہ' کشمش' ناریل' دار چینی' الائچی' زعفران حسب خواہش ملا دیں۔

معجون بے نظیر گوکھشار آدی وٹی

گوکھرو کونچ بیج' گنگا پتری کے بیج ہر ایک 4-4 تولہ' باراہی کند 8 تولہ' ستاوری 4 تولہ' بدار کند 10 تولہ' شکر قند 10 تولہ' ککڑی کے بیج 8 تولہ' تمام ادویہ کو اکٹھا پیس کر اور دگنے گھی میں بھون کر ذیل کی اشیاء ملا دے' الائچی خورد پترج' پیپل' آملہ' ناگ کیسر' بنسلوچن گلو' سونٹھ' مرچ سیاہ' لونگ' کیسر' کشتہ قلعی' کشتہ فولاد' جائفل' جاوتری' صندل سرخ' کشتہ ابرک سیاہ برابر وزن لے کر سفوف کرے' اور مندرجہ بالا سفوف کے برابر مغز سنگھاڑا' کیسرو بادام' ناریل' ہر ایک 16 تولہ' سلاجیت 8 تولہ' شہد 16 تولہ' پیٹھہ دھویا ہوا' اور صاف کیا ہوا 8 تولہ' مصری تمام ادویہ سے دگنی' مصری کا قوام کر کے سب کو اس میں ملا دے اور تھوڑی دیر آنچ پر رکھ کر گرم کرے' خوراک 2 تولہ صبح و شام کھائے اوپر سے دودھ پئے' "یہ دوائی از حد باہ کو بڑھانے والی ہے اور از حد بیرج کو بڑھاتی ہے' ذیابیطس جریان پرمیہ کو دور کرنے والی' سوزاک و ترحد۔ منی و امراض حیض اور موتر اگھات کو مفید ہے' خواہش بڑھاتی ہے۔

معجون اہل ہند مبہی

جائفل، دار چینی، زعفران، دانہ الائچی، لونگ، مالکنگنی، بیخ موتھ، اجوائن خراسانی، موصلی، سپاری، سونٹھ، پیپل، ہر ایک 7 سیر شاہی، لونگ، زعفران، ثعلب مصری، جند بید ستر خولنجاں، مشک، ہر ایک 4 سیر شاہی، سب کو کوٹ چھان کر اور دس سیر گائے کے دودھ میں تیرہ سیر گھی کو جوش دے کر پھر گھی کو علیحدہ کر کے اس میں ادویہ مذکور اور پانچ سیر بھینس کا دودھ ملا کر پھر آہستہ آہستہ آنچ دیں جب پک جائے تو گھی علیحدہ کر لیں، اور دواؤں کو علیحدہ نکال کر اور پیس کر ڈہائی سیر شہد میں ملا لیں اور اوپر سے زعفران عنبر مشک، داخل کر کے روز مرہ بقدر 7 ماشہ کھائیں۔

معجون پیٹھہ پاک

پکے ہوئے پیٹھے کو لے کر ٹکڑے کرے پھر اس کا چھلکا اور بیج دور کر کے اور چونے یا کانجی کے پانی سے دھو کر پھر صاف پانی سے دھوئے، پھر ان ٹکڑوں کو گوندھے اور 10 سیر گائے کے دودھ میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائے، اور ہلاتا جائے، جب کھویا ہو جائے تو نئے گھی میں اسے بھونیں، جب شہد کے رنگ کا سا ہو جائے تو 5 سیر مصری کی چاشنی کرے، اس میں کھویا کو بھی ڈال دیں اور مندرجہ ذیل ادویہ کوٹ پیس کر ڈال دے پیپل 8 تولہ اور ک 8 تولہ، مرچ سیاہ، کالا زیرہ، آملہ، بج، الائچی خورد، پترج، سنگھاڑہ، کیسر ہر ایک 8 تولہ، چراچرونجی، موصلی، لونگ، کیکر کا گوند، ہر ایک 4 تولہ خوراک اس کی 6 ماشہ، سے 2 تولہ تک، اوپر سے گھی پئیں، کت پت، کھانسی، بخار یرقان، دمہ، دوار، قے، پیاس، کھٹی، مرگی، سر درد، درد رحم، کثرت طمث، بخار سے پیدا ہوئی بد ہضمی وغیرہ امراض دور ہوں، بوڑھا آدمی جوان ہو، اور بانجھ کو لڑکا پیدا ہو، جس کی منی نہ ہو بکثرت پیدا ہو۔

نوٹ: کیکر کا گوند نہ ملے تو کیکر کا لے لیں۔

معجون اسگند پاک

یہ معجون کمزوری کو دور کرنے کے واسطے اکسیر ہے، لکھا ہے کہ یہ اسگندہ پاک کھانسی، دمہ اور بد ہضمی، دات، رکت، تاپ تلی، آم بات، سواء قنینہ، سوجن، شول، بواسیر بادی، پانڈ روگ یرقان، سنگرہنی، گولا و دیگر تمام امراض بادیہ اور بلغمیہ کو دور کرے، جیسے کہ سورج چڑھنے سے اندھیرا دور ہوتا ہے، ایک ماہ کھانے سے بوڑھا بھی جوان ہو جاتا ہے، اور بد ہضمی والے کو بھی مفید ہے، اور طاقت بخشتا ہے، بچوں کو موٹا تازہ اور مضبوط بناتا ہے، عورتوں کو جوانی پر لاتا ہے اور دودھ کو تازہ کرتا ہے، پستانوں کو لٹکنے سے بچاتا ہے، کم و کمزور منی والے آدمی کے واسطے مفید ہے، قوت باہ و قوت ہاضمہ کو تیز کرتا ہے، اور تمام امراض کو مفید ہے اور مجلوق کے واسطے خاص طور پر مفید ہے، منی کے تمام امراض کو دور کرتا ہے۔

40 تولہ اسگندہ لے کر سفوف کرے اور 20 تولہ سفوف سونٹھ بنائے اور 10 تولہ پیپل (فلفل دراز) کا سفوف لے، تج، الائچی خرد، پترج، لونگ ہر ایک 4 تولہ، بھینس کا دودھ 5 سیر، شہد 2 سیر گائے کا گھی 1 سیر، مصری 40 تولہ دودھ کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھے جب جھاگ آجائے تو پہلی چاروں ادویہ کو ڈال دے اور نرم آنچ پر پکا دے جب دودھ کڑاہی سے لگنے لگے تو تج، الائچی وغیرہ چاروں چیزوں کا سفوف ڈالدیں اور گھی ڈال کر ہلا دے، جب ہلاتے ہلاتے پنجیری بن جائے، یعنی چاولوں کی طرح علیحدہ ہو جائے

تب تک بنائے' پھر اتار کر مندرجہ ذیل ادویہ ڈال دے' بہلا مول' زیرہ سفید' گلو' لونگ۔ تگر' جائپھل' خس' نیتو بالا' صندل سفید' ناریل کی گری' ناگر موتھ' دھنیا' دہادے کے پھول' بنسلو چن' آملہ' کافور' کٹھ' ساٹھ کی جڑھ' اجمود' چترک' ستاوران بیس ادویہ کو 6-6 ماشہ لے اور سفوف ملا دے چینی کے برتن میں یا چکنے برتن میں رکھے 2 تولہ کھائے اور اوپر سے دودھ پئیں' بے شمار طاقت دیتا ہے۔

معجون برائے تقویت باہ

ثعلب مصری 1 تولہ' شقاقل مصری 1 تولہ' تودری سفید 1 تولہ تودری زرد 1 تولہ' تودری سرخ 1 تولہ' موصلی سفید تولہ' عقرقرحا' 1 تولہ اندر جو شیریں 1 تولہ ناگر موتھ 1 تولہ' خولنجاں 1 تولہ دانہ الائچی خورد 1 تولہ' کوٹ چھان کر اور مغز چلغوزہ 2 تولہ' مغز اخروٹ 2 تولہ' مغز بادام شیریں 2 تولہ مغز پستہ 2 تولہ' آرد خرما 5 تولہ' عرق گلاب میں پیسکو اور زعفران 6 ماشہ' عرق گلاب میں حل کر کے مصری آدھ سیر اور شہد خالص تین پاؤ کا قوام کر کے ادویہ ملا کر معجون بنائیں' روزانہ 1 تولہ معجون کھا کر اوپر سے شیر گاؤ تازہ آدھ پاؤ نوش کریں۔

معجون مقوی باہ بے نظیر

مرچ سیاہ 1 تولہ' سونٹھ 1 تولہ' مصطگی رومی 1 تولہ' زعفران 2 ماشہ' مشک خالص 2 ماشہ قند سیاہ کہنہ 3 تولہ' تیل مال کنگنی 1 تولہ' مرچ سیاہ' سونٹھ اور مصطگی کو نہایت باریک پیسکو زعفران و مشک کھرل کر کے ملا کر تیل مالکنگنی قند سیاہ میں ملا کر رکھیں' 3 ماشہ سے 6 ماشہ تک کھا کر اوپر سے دودھ پئیں۔

دیگر

ہاتھوں کو گھی سے چرب کر کے ایک سیر بھلانوے کی کلاہ دور کریں' اور پانچ سیر شیر گاؤ میں ڈال کر جوش دیں۔ جب دودھ کا رنگ خوب سیاہ ہو جائے تو دودھ کو چھان لیں' پھر اس چھانے ہوئے دودھ کو دیگچہ میں ڈال کر ایک سیر شہد ایک سیر قند سیاہ ملا کر نرم آنچ پر پکا کر حلوے کے مانند بنالیں' جب سرد ہو جائے' پیپل' سونٹھ' جاوتری ہر ایک 1 تولہ ملا کر رکھیں' خورات 7 ماشہ صبح اور 7 ماشہ شام' یہ معجون مقوی باہ ہونے کے علاوہ مقوی بصر ہے بھوک لگاتی ہے اور بدن کو موٹا کرتی اور ہاضم ہے' مگر گرم مزاجوں کو موافق نہیں۔

دیگر

تیل مال کنگنی 1 تولہ ستاور 8 تولہ' دار چینی 1 تولہ' مغز تخم کو 4 تولہ' مغز چلغوزہ 4 تولہ' مغز پستہ 4 تولہ' زعفران 11 ماشہ خولنجاں 4 ماشہ' جائپھل 3 ماشہ شہد خالص جملہ ادویہ سے دو چند کا قوام کر کے بدستور معجون تیار کریں' بقدر 3 ماشہ شام کے وقت کھانے سے پہلے آدھ سیر دودھ کے ہمراہ کھائیں' اثنائے استعمال میں ترشی بادی اشیا سے پرہیز کریں۔

معجون مقوی و مغلظ

عقرقرحا' تخم انگن' تخم پیاز' مغز چلغوزہ' تخم گندنا' دار چینی' روغن بادام' روغن حبتہ الخضرا ہر ایک 2 تولہ' جامہ (میتھی) نانخواہ ہر ایک 8 تولہ' اسپند سفید' ناگر موتھ' ہر ایک 2 تولہ زیرہ روغن بید انجیر ہر

ایک 7 ماشہ ' قرفہ 10 ماشہ روغن گاؤ 10 تولہ ' مرچ سفید ' روغن زرد ہر ایک 2 تولہ 10 ماشہ ' مرچ سیاہ 1 تولہ 8 ماشہ ' پیپل 1 تولہ 3 ماشہ ' بالچھڑ 2 تولہ 3 ماشہ ' زراوند طویل 10 ماشہ ' مصطگی ' روغن کنجد ہر ایک 4 تولہ ' سونٹھ ' لونگ ہر ایک 7 تولہ ' خشخاش سفید 3 تولہ حبتہ الخضرا 6 تولہ ' مغز بنولہ 2 تولہ ' شیطرج ہندی ' گندنا ہر ایک 2 تولہ 1 ماشہ ' تخم خیارین 2 تولہ 2 ماشہ مغز تخم ارنڈ 3 تولہ 2 ماشہ ' فرفیون ' تخم کرفس کوہی تخم گذر جنگلی ہر ایک 2 تولہ 5 ماشہ ' روغن تاجیل ڈھائی تولہ روغن حب البان ' 1 تولہ بہدانہ 3 تولہ ' کوٹنے قابل دواؤں کو اور روغنوں کو جملہ ادویہ سے سہ چند ' شہد خالص میں ملا کر آگ پر قوام بنائیں اور دوائیں ملا کر معجون تیار کر کے رکھیں خوراک 9 ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

معجون بھلانواں

بوڑھے کو جوان کرنے والی معجون بھلانوان ہے ' پکے ہوئے بھلانوے جو خود بخود گرے ہوں ' 4 سیر لیں ' اور اینٹ کوٹ کر بھلانوں کے ساتھ خوب ملیں ' اور پھر گرم پانی کے ساتھ دھوئیں ' اس سے زہر کو اتارنا مقصود ہے ' سکھا کر ایک دو دو ٹکڑے کر لیں ' اور 6 سیر پانی ڈال کر اوٹا دے ' جب 2 سیر پانی رہے پھر اتار کر سرد کر کے نکال لے کہ کہ باقی ماندہ زہر نکل جائے گا ' پھر ان کو 4 سیر دودھ میں ڈال کر اوٹا دے بعد ازاں 2 سیر مصری ڈال کر مدھانی سے متھ ڈالے کہ باریک ہو جائے یاد رہے کہ دودھ مانند کھویہ کے سخت نہ ہونا چاہئے ' ورنہ معجون جلد خراب ہو جائے گی ' بعد ازاں یہ چیزیں ڈالدیں ' ترکٹا ' ترپھلا ' کافور ' بالچھڑ ' تزدری ' طباشیر ' کتھ ' بچھناگ ' صندل سفید ' عقرقرحا ' کباب چینی ' لونگ ' موصلی سفید ' موصلی سیاہ ' کنکول ' موچرس اجوائین ' اجمود ' گج پیپل ' بداری کند ' جائفل ' زیرہ اور ناگر موتھا ' جاوتری ' کرنج ' عود خالص سمندر سوکھ ' میدا ' مہامیدا ' دونوں نہ ملیں تو دونوں کی جگہ ملٹھی ' کشتہ فولاد ' چندر اودے کشتہ قلعی ' کشتہ ابرک ' کیسر ' ہر ایک تولہ ' سب کو اچھی طرح ملا کر چکنے برتن میں رکھ چھوڑیں اور 7 روز کے بعد کھائیں اس کے اوصاف نپنسک سنجیون میں اس طرح لکھے ہیں۔

اس کو صبح اٹھ کر پاخانہ وغیرہ سے فارغ ہو کر اپنی طاقت اور عمر کے مطابق جتنی ہضم ہو سکے اتنی کھائے ' اور کوئی خاص بدرقہ اس پر نہیں ہے ' پرہیز بھی کوئی نہیں ' نہ دھوپ میں پھرنے کا اور نہ راستہ چلنے کا اور نہ جماع کا۔ اس سے آدمی سونے کی طرح خوبصورت جسم والا ہو جائے عقل بڑھے شیر کی طرح طاقت اعضاء مضبوط امراض دور ' اور گرے ہوئے دانت پھر اگ آئیں۔

معجون ضعف باہ و سرعت انزال وغیرہ

اول اندرونی اعضاء کی خصوصاً آلات محافظ منی کی تقویت کریں جس وقت اس کی طرف سے فراغت ہو جائے گی ' بیرونی علاج کریں ' انشاء اللہ حالت درست ہو جائے گی ' یہ نسخہ نہ صرف کمزوری کے واسطے مفید ہو گا ' بلکہ ہر ایسے شخص کے واسطے جو اس قسم کی شکایت رکھتا ہو ' یہ اصول یاد کر لینے کے قابل ہے ' کہ بیرونی علاج سے جبکہ شکائتیں اندرونی و بیرونی دونوں ہوں ' اس وقت فائدہ ہوتا ہے ' جب کہ اندرونی شکائتیں رفع ہو جائیں اور اندرونی اعضاء پوری طرح کام کرنے لگیں صرف بیرونی علاج ایسی حالتوں میں کارگر نہیں ہو سکتا اندرونی علاج حسب ذیل ہے ' جو میرا بارہا کا مجرب ہے ' اسے ضائع نہ کریں۔

نسخہ :- مروارید ناسفتہ ' کہربائے شمعی ہر ایک 4 ماشہ ' بہمن سرخ ' بہمن سفید ' شقاقل ' سونٹھ '

خولنجاں، تخم اوٹنگن، تخم شلجم، تخم گاجر، تخم خشخاش، ہر ایک 9 ماشہ مغز پستہ، مغز نارجیل، مغز چلغوزہ، کنجد مقشر (چھلے ہوئے تل) مغز چرونجی، مغز حبتہ الخضرا ماہی روبیان ریگ ماہی ہر ایک 18 ماشہ، مایہ شتر اعرابی 3 رتی، ورق طلاء 2 ماشہ، ورق نقرہ، عنبر اشہب، مشک خالص ہر ایک 3 ماشہ، مغز تخم خیارین، مغز تخم خربزہ ہر ایک 22 ماشہ (مغز سر کنجشک، زرخانگی 22 ماشہ، نارمشک 2 ماشہ، بزرالبنج، سفید، (جو شیر گاؤ میں تر کرکے خشک کرلی گئی ہو) زعفران، بیخ لفلاح، بیخ موتھ صحرائی، ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، بیخ الفاح اور بیخ موتھ صحرائی کو 45 ماشہ، آرد نخود کے ساتھ گائے کے دودھ سے خمیر کرکے ٹکیاں بنالیں اور سایہ میں خشک کرکے کوٹ چھان لیں، اور نیز دوسری دواؤں کو بھی کوٹ چھان کر 45 ماشہ مکھن سے چرب کردیں، مصری، شہد ہر ایک اڑھائی پاؤ قوام درست کرکے معجون بنالیں، خوراک 4 ماشہ، روزانہ تمام معجون میں اگر کشتہ قلعی 3 تولہ، کشتہ عقیق 2 تولہ، کشتہ بیخ مرجان 3 تولہ، ملالیں۔ اور خوراک بجائے 4 ماشہ، کے 4 ماشہ کردیں تو اور بھی بہتر ہوگا، دیکھیں تو کس طرح اندرونی شکایتوں سے خلاصی نہیں ہوتی۔

برہد پھگی پاک (معجون)

اس نسخہ میں بہت سی صفتیں ہیں، یہ لذیذ ہے اور مقوی دل و دماغ اور مقوی باہ بھی ہے اور اس کے لڈو بنانے چاہئیں، اس میں منی بہت گاڑھی کرنے کی طاقت ہے، جسم طاقتور اور سڈول ہو جاتا ہے، اگر بوڑھا بھی کھائے تو جوان کی سی طاقت محسوس کرے گا مگر اس کا مطلب یہ نہ سمجھیں کہ ہفتہ دو ہفتہ کھانے سے بوڑھا جوان ہو جائے گا، بوڑھا اسے کچھ مدت جاری رکھے پھر چہرہ سرخ دیکھ لے، اور طاقت جوان کی طاقت سے بے شک مقابلہ کرے، رنگ و روغن نکھرے، دبلا پن، کھانسی، جریان، سرعت احتلام، سب دور ہوں، حافظہ تیز ہوتا ہے، اور قوت ہاضمہ بڑھتی ہے، ترش اشیاء تیل کی اشیاء بادی اشیاء سے پرہیز رکھے اور جماع بھی ایک ماہ نہ کرے تو جوانی کا مزا دیکھے

نسخہ:۔ دکھنی سپاری 40 تولہ، آملہ 40 تولہ، ستاور 40 تولہ پانی میں ڈال کر تین گھنٹے کی آنچ دے، پھر ٹھنڈا ہونے پر سپاری کو نکال لیں، اور اس سپاری کو کتر کر کوٹ کر دھوپ میں سکھا دے اور پھر کپڑ چھان کرکے اس سپاری کے برادہ کو 4 سیر دودھ میں ڈال کر نرم نرم آگ پر پکا دے کہ کھویہ ہو جائے، پھر گھی ادھ سیر ڈالکر اس کھویہ کو بھونے بعد ازاں 6 سیر مصری کی چاشنی کرے اور اس میں کھویہ اور نیز مندرجہ ذیل ادویات کا سفوف ڈال دے۔

الائچی، گل شکری، بلا، پیپل، جائپھل شولنگی (نہ ملے تو گوکھرو اگرچہ وہ فائدہ نہ ہوگا) جاوتری پترج، دار چینی، سونٹھ، خس، اسگندھ بالا، ناگر موتھ، پوست ہلیلہ، پوست بلیلہ، آملہ، بنسلوچن ستاور، کونچ بیج، تال مکھانا، داکھ، گوکھرو، کھجور، کھرنی، دھنیا، کسیرو، مہوہ، سنگھاڑہ زیرہ، ناریل، اجوائن، کسم بیج، بال چھڑ، سونف، میتھی، بداری کند، موصلی، اسگند، کچور، ناگ کیسر، کالی مرچ، چرونجی، سنبھل گوند، گج پیپل، کنول گٹہ، چندن سرخ و چندن سفید دہاوا کے پھول ہر ایک 4 تولہ خوب اچھی طرح ملا کر نیچے اتار لے، پھر اس میں کشتہ قلعی کشتہ سیسہ، کشتہ ابرک ہر ایک ق تولہ کستوری 3 ماشہ، بھیم سینی کافور 1 تولہ عنبر 6 ماشہ، بھی ڈال دے، پہلے ہی دن اپنی طاقت دکھائے 40 دن باپرہیز کھائے، تو جوانی کا لطف دیکھے۔

باجی کرن مودک

کونچ بیج پانی میں بھگو دے، بعد ازاں چھلکا اتار کر مغز کو سکھا دے اور کپڑ چھان کرے 24 تولہ چورن

مذکور کو 24 تولہ دودھ میں ڈال کر نرم نرم آنچ پر پکادے' حتیٰ کہ وہ کھویہ ہو جائے اور پھر 24 تولہ گھی میں بھونیں اور موصلی سفید 24 تولہ' اجوائین خراسانی 32 تولہ' بیج دھتورہ سیاہ 4 تولہ' بیج گاجر 24 تولہ' خشخاش 64 تولہ (اس کی جگہ پوست بھی ڈال سکتے ہیں) سن کی جڑ 32 تولہ۔ گوکھرو 14 تولہ' انگن کے بیج 32 تولہ' موچرس 24 تولہ ناریل 48 تولہ تمام کو باریک پیس کر سب کے برابر مصری کی چاشنی تیار کرکے سب ادویہ ڈال دیں اور دو دو چار چار تولہ کے لڈو بنا دیں' ہر روز ایک لڈو رات کو ہمراہ دودھ کھائے اور خدا کی قدرت دیکھے' جو لوگ سرعت انزال کی ہمیشہ شکایت کرتے ہیں' ایک ماہ تو ضرور اسے استعمال کرکے دیکھیں۔ مبہی و ممسک ہے' اور نامردی کو دور کرتا ہے' اگر اس میں کشتہ قلعی کشتہ ابرک سیاہ تھوڑا تھوڑا ملا دیں تو ازحد مقوی ہو جاتا ہے۔

بادام پاک (معجون)

مغز بادام پاؤ بھر پانی دودھ میں بھگو کر چھلکا دور کرے' اور باریک پیس لے' اور 4 سیر دودھ کڑاہی میں ڈال دے۔ اور نرم نرم آنچ پر پکادے' جب گاڑھا ہو جائے تو مغز بادام پسا ہوا ڈال دے اور کھویہ بنادے اور اس کھویہ کو آدھ سیر گھی میں ہوشیاری سے بھونے کہ جلنے نہ پائے' پھر 2 سیر مصری کی چاشنی کرکے اور مندرجہ ذیل ادویہ بمعہ کھویہ کے ڈالدیں

پستہ دو چھٹانک' مغز ناریل 2 چھٹانک' الائچی دانہ 1 تولہ' جانفل 1 تولہ' جاوتری 1 تولہ لونگ 6 ماشہ' زعفران عمدہ 3 ماشہ' عقر قرحا 3 ماشہ' کستوری 1 ماشہ' ورق نقرہ 3 ماشہ' خوراک ایک تولہ سے 2 تولہ تک بہ ہمراہ دودھ مقوی دماغ ہے' منی کو پیدا کرتا اور جسم کو موٹا کرتا ہے طاقت دیتا ہے اور نسیان کو دور کرتا ہے۔

دیگر

مغز بادام شیریں مقشر آدھ سیر کو باریک پیس کر رکھیں مصری سفید ایک سیر لیکر اس کا قوام بنائیں' چاشنی میں 10 تولہ گھی ملائیں' پھر بادام پسے ہوئے ملا دیں' بعد ازاں چھوٹی الائچی بڑی الائچی جانفل' لونگ' کھیرا دار چینی ایک ایک تولہ لے کر باریک سفوف کرکے ملا دیں۔ پھر چرونجی 5 تولہ' پستہ 5 تولہ ریزہ ریزہ کرکے ملا دیں اور 100 ورق سونے کے اور 100 ورق چاندی کے ملا کر 5-5 تولہ کے لڈو بنا دیں' ایک لڈو روزانہ کھائیں اوپر سے شیر گاؤ پئیں۔ نہایت مقوی و مبہی ہیں۔

ملائی پاک

ملائی عمدہ آدھ سیر' گھی پاؤ سیر' مصری ایک سیر ان سب کو ملا کر نرم آنچ پر پکا دیں' اور الائچی خورد' الائچی کلاں' جوتری' زعفران' لونگ ہر ایک 2 تولہ ملا دے اور حسب مقدار سونے چاندی کے ورق ملا کر 5-5 تولہ کے لڈو بنا دے' صبح و شام ایک ایک لڈو کھائیں' اوپر سے شیر گاؤ پئیں۔

کاما گن سندیپنو مودک

پارہ مصفی گندھک۔ مصفی بھوڈل ہر اک 1 تولہ بجی کھار' جوا کھار' چیتہ' سیندھا نمک کھاری نمک بنیاری نمک' سانبھر نمک' سیاہ نمک' کچور اجوائن' خراسانی' اجوائین گندھک تالمستر' بانسہ ہر ایک 2 تولہ' زیرہ' دار چینی' الائچی' ناگ کیسر' تیزپات' لونگ' جانفل ہر ایک 3 تولہ' بدھارا' سونٹھ مرچ۔ پیپل'

3-3 تولہ' دھنیا' ملٹھی' سونف۔ کیسو چار چار تولہ' ستاوری بداری کند۔ ہرڑ' بہیڑہ آملہ' ہستی کند ہر ایک 5 تولہ' کونچ کے بیج کو کھرو کے بیج' اندر جو' ان کا سفوف برابر لے کر اور برابر کی مصری اور مصری کے برابر شہد اور گھی اور کافور ایک تولہ ملا کر ایک ایک تولہ کے لڈو بنا کر رکھے' حرارت غریزی کو بڑھائے' ویریہ کو بڑھاتے ہیں از حد مقوی باہ ہیں' علاوہ ازیں بات کے امراض پت روگ اور بلغم سے پیدا شدہ ہیں امراض ضعیف حرارت غریزی' بواسیر' کللا' بھگندر' پانڈو روگ' پرمیہ' آتی' سار' کری روگ' سنگرہنی' بخار' کھانسی' سانس' ہنس' درد پسلی وغیرہ کو مفید ہے۔

معجون داکھ

عجیب چیز ہے' ایسی مفرح اور مقوی چیز کے بنانے میں چوکنا رہنا چاہئے' اس کی تاثیر بھی معتدل ہے اور ہر مزاج کے موافق آئے گی' مقوی باہ ہے' تراوت پیدا کرتا ہے' ویرج بڑھتا اور گاڑھا ہوتا ہے' اور ذیابیطس اور پیشاب کے اندر فضلات آنے کو مفید ہے' ہاتھ پاؤں' تلو' جن کا جلتا رہتا ہے' اور وہ اس کو چند دن کھائیں' تو آرام آجائے گا' عمر اور رنگت کو بڑھاتا ہے' بال سفید نہیں ہونے دیتا ہے' کل امراض منی کو دور کرتا ہے' اور قابل لولاد بناتا ہے' آب حیات ہے اور ترکیب بھی بہت آسان ہے:

داکھ کا رس 64 تولہ' دودھ 64 تولہ' دونوں کو ملا کر پکاؤ' جب یہ کھویہ سا ہو جائے' تو 64 تولہ مصری کی چاشنی کر کے رس میں ڈال دے' اور ساتھ ہی مندرجہ ذیل ادویہ ملا دو' دار چینی 6 ماشہ۔ الائچی خورد 6 ماشہ تیج پات 6 ماشہ' ناگ کیسر 6 ماشہ' سونٹھ 8 ماشہ' مرچ سیاہ 6 ماشہ' پیپل 8 ماشہ' کستوری' کشتہ فولاد' کشتہ ابرک سیاہ زعفران' جاوتری' جائفل' مرگانگ' کشتہ چاندی' مغز دھنیا' صندل سفید ہر ایک 2 تولہ' پھر نیچے اتار کر 5 تولہ شہد ملا کر چکنے برتن میں رکھے۔ خوراک 3 ماشہ دودھ کے ساتھ۔

افیون پاک مقوی و ممسک ہے

افیون 9 ماشہ' دودھ دو سیر افیون کو پوٹلی میں باندھ کر دودھ میں لٹکا دے اور نرم آنچ کرے' حتی کہ تمام افیون کھل کر دودھ میں آجائے' اس دودھ کا کھویہ بن جائے پھر اس میں آدھ پاؤ گھی ڈال کر بھونے کہ تمام پانی جذب ہو جائے' اور یہ کھویہ بالکل گھی چھوڑ دے' تو ایک سیر مصری کی چاشنی کر کے اس میں کھویا اور مندرجہ ذیل اشیاء باریک پیس کر ڈال دے' عقر قرحا' کیسر' لونگ' جائفل' ساکھ' کشتہ شنگرف یا شنگرف مصفیٰ' ہر ایک 3 تولہ' خوراک 4 رتی سے 2 ماشہ تک حسب طاقت و مزاج نہایت احتیاط سے آہستہ آہستہ بڑھاتے جائیں' حسب خواہش بندھیج پیدا ہو جاتا ہے۔

ادرک پاک یعنی معجون ادرک

یہ معجون یا مربہ چاہے کچھ بھی اس کو کہو بنا کر رکھیں تو سردیوں میں وقت بے وقت اچھی کھانے کی چیز ہے' زکام نزلہ ہو جائے اور سردی لگ جائے' کھانسی یا اس سے دم پھولنے لگے' اور بھوک بھی کم لگتی ہو' یا پیٹ میں درد یا گولا ہو' یا سردی لگنے یا ہاتھ پاؤں یا منہ پر سوج ظاہر ہو' تو اس کو کھانا چاہئے' ویسے ہی یہ غذا کے ساتھ' ترکیب یہ ہے' ادرک کو اول چھیل لیں اور پھر اسکے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کریں' اور پھر کچھ گھی لے کر کڑاہی میں بھون لیں' یہ باقی ماندہ گھی ترکاریوں اور دالوں کے کام آئے گا' اور ادرک کے برابر کھانڈ یا قند سیاہ لے کر تھوڑا پانی ڈال کر چاشنی کریں اور ادرک کو بھی اس میں ڈال دے اور ہلاتا

جائے، جب چاشنی تیار ہو جائے، تو اتار کر اس میں مندرجہ ذیل اشیاء اور ڈال دے، سونٹھ زیرہ سفید، مرچ سیاہ، ناگ کیسر، جاوتری، الائچی خورد، تج، پترج، پیپل، کشنیز (دھنیا) کالا زیرہ، پھلا مول، بابڑنگ، ہر ایک ادرک کے وزن کا 1/12 حصہ جو کوب کر کے ڈال دیں۔

دلبھا گٹی

بھو پھلی، موچرس، موصلی سفید، موصلی سیاہ، عقر قرحا، طباشیر، کونچ، بیج تالمکھانہ، انگن، گوکھرو، ست گلو، گزول کے پھول لھسوڑہ مصطگی، جاوتری، لونگ، طباشیر، ہر ایک 1 تولہ چینی سب سے دگنی چینی کا قوام کر کے سب ادویہ کا سفوف کریں، اور ملا دیں، خوراک 6 ماشہ، سہ پہر کو کھائے، تو ستبھن (امساک) ہوتا ہے دودھ بعد ازاں پئے، یہ دوائی عورتوں کی کثرت طمث کو بھی مفید ہے، مقوی باہ ہے، دیرہ درد ھک ہے، ذیابطس، سوزاک خرابی دیرج، اور موٹاپن کو کم کرتی، اس کا نام دلبھا گٹی ہے۔

اسگندھ آدی پاک

اسگندھ 5 تولہ، گوکھرو 2 تولہ، موچرس 1 تولہ، تالمکھانہ 1 تولہ، اڑدسیاہ (ماش کالے) 1 تولہ، ملٹھی 2 تولہ، ستاور 2 تولہ، موصلی سیاہ 2 تولہ، موصلی سفید 2 تولہ سب کو باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں، اور سب کو بھینس کے اڑھائی سیر دودھ میں ڈال کر اوٹا دے۔ جب یہ کھویہ سا ہو جائے تو ایک پاؤ گائے کے گھی میں بھون لے، پھر آدھ سیر مصری ملا دے، اور اس کے ساتھ ذیل کی ادویات اکٹھی کر کے ملا دے، پارہ مصفی 1 تولہ، گندھک آملہ سار مصفی 1 تولہ، مصطگی، زعفران، کشتہ قلعی، کشتہ ادرک سیاہ، کشتہ فولاد، جائفل، جاوتری، لونگ۔ طباشیر، پیپل، سونٹھ، الائچی خورد، ہر ایک 3 ماشہ اول پارہ اور گندھک ایک دن کھرل کرے پھر دیگر ادویات ملا کر نصف دن کھرل کرے، پھر سب اس میں ملا دے خوراک 1 تولہ سے 2 تولہ صبح و شام دودھ کے ساتھ کھائے۔ 80 قسم کی بادی امراض دور ہوتی ہیں، بالکل نامرد بھی مرد ہو جاتا ہے، ازحد مقوی باہ و ممبہی ہے، دافع جریان و سرعت و رقت ذیابطس، پارہ مصفی کی بجائے اگر اس سندھور ملا لیں اور بھی بہتر ہے، 40 دن کے اندر اندر ہی قوت باہ کا تماشہ دیکھیں اس کا نام اسگندادی پاک ہے۔

پیپلی پاک (معجون فلفل دراز)

سفوف پیپل ایک سیر، دودھ گائے چار سیر میں ڈال کر پکا دے، جب کھویہ ہو جائے تو نکال کر کڑاہی کو صاف کر کے اس میں دو سیر گھی ڈال کر پکا دے کہ سرخی پہ آجائے، مگر جلے نہیں، کیر کا گوند اگر نہ ملے تو ببھری گوند ایک سیر گھی میں علیحدہ بھون لیں پھر چار سیر مصری کی چاشنی کرے اور کھویہ و گوند اس میں ڈال دے، اور ٹھنڈا ہونے پر مندرجہ ذیل اشیاء بھی ملا دے، دار چینی، ناگ کیسر، تمال پتر، دانہ الائچی خورد کشمش، ناریل، مغز بادام، ہر ایک 4 تولہ ملا کر رکھے خوراک 2-4 تولہ حسب طاقت اوپر سے دودھ پئے، مقوی باہ، مقوی دماغ، مقوی معدہ مقوی دل و مفرح جگر ہے، پرانا بخار بد ہضمی دودھ کا ہضم نہ ہونا، گھی کا نہ پچھنا، کمزوری، دبلا پن دمہ، سفیدی جسم، کلائی طحال کو دور کرتی ہے اور پتنی (بیوی) سے محبت بڑھتی ہے۔

بھانگ پاک یعنی معجون بھانگ

اس کو بعضے فلک سیر بھی کہتے ہیں، ممسک اول درجہ کی ہے، نیز اس سے کھانسی دمہ اسہال پیچش دور

ہوتا ہے' عورت کھائے تو رطوبت بہتی ہوئی بند ہوتی ہے۔
بھنگ کی رس 1 سیر (تازہ بھانگ نہ ملے تو خشک کو برابروزن پانی میں بھگو کر گھوٹ چھان لیں) اور دودھ گائے اڑھائی سیر کے ساتھ ملا کر نرم آگ پر رکھیں۔ جب کھویہ ہو جائے اور سرخی پر آجائے تو مصری ایک سیر کی چاشنی کر کے اس میں ڈال دے اور ساتھ ہی مندرجہ ذیل اشیاء بھی ڈالدے' ناگ کیسر' دار چینی' الائچی' پترج' لونگ' سونٹھ' مرچ سیاہ پیپل' عقر قرحہ' جائفل' جاوتری' اسگندھ' دودھی' کونچ بیج' ہرایا پانچ بند ہر ایک 2 تولہ خوب ملا کر لڈو بنا دے' خوراک 3 ماشہ' سے 6 ماشہ تک حسب مزاج۔

ستاوری اولیہ

ستاوری بداری کند' کھیر بداری کند' ہر ایک ایک پاؤ' مصری 1 سیر۔ سمبل اور اڑوسہ کا رس ہر ایک ایک سیر ان کو اکٹھا کر کے نرم آنچ پر پکا دے' پکنے پر دار چینی' تیج پات الائچی ناگ کیسر ہر ایک ایک تولہ۔ شہد 32 تولہ ملا کر پکا دے' بیرج کو بڑھاتا ہے جسم کو مضبوط کرتا ہے' اور موٹا کرتا ہے۔

دیگر

بیج پلاس' لونگ' دار چینی' الائچی خورد' تیج پات' بال چھڑ' بیج بند' گرنتھ پرنی (گٹھونا) ناگ کیسر' چھڑیلہ زعفران' ناگر موتھا' پاڑھا' خس منقہ' کونچ بیج' گوکھرو' اسگندھ ست گلو کھیر' بداری کند' موصلی سفید' ثعلب' بنسلوچن' گنگیرن' ترکٹا (پیپل' مرچ' سونٹھ) برابر وزن لیکر سفوف کرے' اس سفوف سے 4 گنا دودھ لیکر اس میں اوٹا دے جب کھویا درست ہو جائے تو اتار کر دونوں ہاتھوں سے خوب ملے' پھر برابر سب کے چینی ملا کر رکھے خوراک تقریباً دو تین تولہ دودھ سے' اس کی تعریف بہت لکھی ہے چنانچہ لکھا ہے

"جام دیوجیتن کرنے کے لئے شری کرشن دیوجی نے تجویز کیا ہے' اس کو رات کے وقت کھلا دے' اس سے بہت طاقت بڑھتی ہے' اور بہت عورتیں بیاہنے کی طاقت ہوتی ہے' سو استریوں والے راجے اسے کھاتے ہیں' پروڑھا استری ورد کی بھوت ہوتی ہے' شہوت بڑھتی ہے' سب روگ رنج دور ہوتے ہیں' بیرج کی کمی اور خرابی سب جاتی رہتی ہے' جوانی قائم رہتی ہے' ترشی سے پرہیز کرے اور ایک سال کھائے تو بال کالے ہوتے ہیں' اور جوانی میں ہرگز سفید نہیں ہوتے۔

معجون مبہی مختصر الاجزاء

مطمئن المنافع کہ یہ بیچ تقویت باہ و تولید منی کے نہایت آزمودہ ہے' تخم ترہ تیزک تخم بونچہ' مغز چلغوزہ' ہر ایک 3 تولہ 9 ماشہ' زنجبیل' شقاقل' بوزیدان (ستاوری) خصیتہ الثعلب و ثعلب مصری ہر ایک 18 ماشہ حلتیت طیب (ہینگ) 27 ماشہ' ادویہ کو کوٹ چھان کر ساتھ 3 تولہ 9 ماشہ روغن نارجیل سے چرب کر کے ساتھ عسل و قند کے ہر ایک 10 تولہ ہو' معجون بنائیں' مقدار شربت 9 ماشہ (غذا اقلیہ زردک کا اور بیضہ نیم پخت اور مانند ان کے تناول کریں۔

معجون قرص افعی

واسطے توالد و تناسل کے مجرب ہے اور نہایت ہی مبہی و مقوی اور بارد المزاج موافق اور ان کی صحت کلی کو حافظ اور واسطے امراض عصباتی و رقت منی کے اور اچھا کرنے رنگت رخساروں کے اور

تقویت ہاضمہ اور تفریح کے اور رفع کرنے وحشت سوداوی کے نافع ہے' خصیتہ الثعلب (ثعلب مصری) زنجبیل (سونٹھ) دارچینی ہر ایک 27 ماشہ مغز پستہ' مغز بادام شیریں۔ ناریل' مغز فندق مقشر' عنبر اشہب' مشک ورق نقرہ ہر ایک 9 ماشہ' کبابہ' قرنفل (لونگ)' دار فلفل ابریشم مقرض اشنہ' انجدان نیز ملیہ شتر اعرابی' تخم کرفس' تخم بونچہ' تخم ہلیون' تخم گندنا' تخم شلغم' تخم خیار' تخم قبطو (گوبھی) جرجیر (ترہ تیزک) بوزیدان (ستاوری) جدوار' مغز چلغوزہ' کبابہ' کبار و صغار تخم ترب خولنجاں قرضہ (بیج) تودری سرخ' تودری زرد' بہمن سرخ' بہمن سفید' تخم زردک مغز حب القلقل (جنگلی انار دانہ)' مغز بن فلفل' لسان العصافیر (اندر جو شیریں) ورق طلاء پیاز عنصل (جنگلی پیاز)' بریاں خشک' مریا خردل (رائی) عقر قرحا' ہر ایک 4 ماشہ' زعفران 2 تولہ 9 ماشہ قرص افعی عشہ' مجموع ادویہ کے عسل کف گرفتہ' حسل ادویہ کے معجون بنا دیں۔

معجون مقوی باہ

یہ معجون ممسک منی' مقوی قلب و مقوی دماغ' محلل ریاح و مفتح سدہ' مفید جریان' و آتشک' سوزاک و مغلظ منی ہے۔

بیخ موتھ صحرائی 3 ماشہ' بیخ جوار خورد 3 ماشہ' مصطگی رومی 9 ماشہ' دار چینی 9 ماشہ' جوز بوا 9 ماشہ' بسباسہ 9 ماشہ' مغز تخم شلجم 9 ماشہ' مائیں خورد 9 ماشہ' کلاں 9 ماشہ' موسلہ سنبھل 1 تولہ' موصلی سفید 9 ماشہ' و سیاہ 9 ماشہ' ثعلب 9 ماشہ' بوزیدان 9 ماشہ (اندر جو شیریں 9 ماشہ' کنجد مقشر 4 تولہ' تال مکھانا 2 تولہ' خار خسک خورد 9 ماشہ' چوب میدہ 9 ماشہ' سلاجیت 9 ماشہ' گوند ناگوری 9 ماشہ' ریگ ماہی 9 ماشہ' تخم چاندنی 9 ماشہ موچرس 9 ماشہ' بیج بند 9 ماشہ' سمندر سوکھ 9 ماشہ' ماہی رو بیاں۔ بحری 9 ماشہ مغرب الزلم 9 ماشہ' حب القلقل 4 تولہ' سورنجاں شیریں 9 ماشہ' مغز تخم کدو شیریں 9 ماشہ' ہلیون 9 ماشہ' سریالی 9 ماشہ' تخم کونچ 9 ماشہ' ستاور 9 ماشہ' پلھان بید 9 ماشہ' کباب چینی 9 ماشہ' تخم انگن 9 ماشہ' مال کنگنی 9 ماشہ' تخم معصفو 9 ماشہ' مغز پنبہ دانہ 2 تولہ' گل سرخ 9 ماشہ' تودری سرخ 9 ماشہ' تودری سفید 9 ماشہ' کشنیز 9 ماشہ' سپاری چھالیا 9 ماشہ' بانچی 2 تولہ اسگندھ ناگوری 9 ماشہ' تخم کاہو 9 ماشہ خشخاش سفید 9 ماشہ' نیلوفر 9 ماشہ' کندر زرد 9 ماشہ' دانہ الائچی ہر دو 8 ماشہ' مازو 9 ماشہ' افیون خالص 6 ماشہ' طباشیر 6 ماشہ' بنحو سیاہ 2 تولہ' دال ماش مقشر 2 تولہ' زعفران 6 ماشہ' برادہ صندلین 9 ماشہ' خولنجاں 9 ماشہ' جفت بلوط 9 ماشہ' آرد مغز تخم تمر ہندی 4 تولہ' تخم ترہ تیزک 9 ماشہ' اشنہ 9 ماشہ' شہدانہ 9 ماشہ' مغز فندق 3 تولہ' آرد مغز چلغوزہ 3 تولہ' مغز بادام مقشر 2 تولہ' مغز پستہ 3 تولہ کہربائے شمعی 6 ماشہ' ورق طلا' 40 عدد' ورق نقرہ 40 عدد' عنبر اشہب 3 ماشہ' شہد سہ چند کل ادویہ حسب معمول معجون بنا دیں' خوراک 9 ماشہ' پرہیز ترشی و بادی مجامعت۔

نسخہ معجون مقوی مبہی بارد مزاج والوں کے لئے

بلادر بے کلاہ 3 تولہ دودھ دو سیر پختہ گاؤ میش میں ڈال کر کڑاہی میں نرم نرم جوش دیں' جب دودھ بالکل کھویا ہو جائے اتار کر کھویہ الگ کرکے بلادر مذکور کو خوب کوٹ پیس لیں' پھر مغز اخروٹ 3 تولہ' تخم بانچی 3 تولہ' تخم پنواڑ 3 تولہ' تخم میتھی 3 تولہ' کنجد سفید 3 تولہ' زعفران خالص 1 تولہ' جوزبوا 1 تولہ' دار چینی 1 تولہ' قرنفل 1 تولہ' سب کو الگ الگ باریک کوٹ بھسکو چھان کر ملالیں' پھر نبات مصری ایک سیر

پختہ باریک پیس کر چھان کر دوائی مذکور میں ملالیں، خوراک ایک ماشہ سے 4 ماشہ تک ہے، حسب مزاج اور طبیب کی رائے کے، مگر خونی بواسیر والے کو نہ دیں۔

نسخہ معجون کافوری

جسکو ہندی میں چندر پربھا کہتے ہیں، کافور دانہ الائچی، ناگر موتھ، جائفل، خس، زیرہ سفید، ریوند چینی، شورہ قلمی، کبابہ، طباشیر، سنبل، مغز تخم نیلوفر، صندل سفید، اگر، تگر، ترپھلہ، الائچی پوربی، بھنگرہ، بچ، پترج و سلاجیت، کشتہ فولاد، بچ ہر ایک برابر کوٹ چھان کر عرق کیلا میں 4 گھنٹہ تک کھرل کر کے خشک کرے، اور بوقت ضرورت 9 ماشہ لے کر گائے کے دودھ یا پانی کے ساتھ استعمال کرے، غذا مونگ کی دال اور چاول، گیہوں کی روٹی گائے کا گھی دودھ بکری کے بچے کا گوشت بادی و ترشی سے پرہیز چاہیے، جریان منی، سوزاک اور پرمیو کو شفا ہوتی ہے۔

معجون مبہی اہل ہند

موصلی سیاہ 2 سیر موصلی سفید 2 سیر تخم کونچ مکھانہ، اسپند منڈی، مغز پستہ، مغز بادام، دار چینی، جائفل، پیپل، مرچ سیاہ، سونٹھ، ہر ایک 12 تولہ، لونگ، زعفران، ثعلب مصری، جند بیدستر، کلنجن ہر ایک 7 تولہ، مشک 6 ماشہ، جملہ ادویات کو سوائے مشک، زعفران وغیرہ کے کوٹ چھان کر رکھیں، اس کے بعد گیارہ سیر دودھ میں گیارہ سیر گھی ملا کر پکائیں اور روغن صاف لے کر اس میں دوائیں ملا کر پانچ سیر دودھ مذکور ڈال کر پکائیں، جب خوب پک جائیں تو گھی کو علیحدہ کریں اور دواؤں کو پھر علیحدہ پیسکو 2 سیر شہد میں ملا کر رکھیں اور زعفران مشک جند بیدستر کو جبکہ پک کر تیار ہو جائے داخل کر کے بقدر 2 تولہ روزانہ کھائیں، نہایت مقوی باہ ہے

دیگر

جائفل، دار چینی، زعفران، دانہ الائچی، لونگ، مال کنگنی، بیخ موتھ، اجواین خراسانی موصلی سفید، سپاری، سونٹھ، پیپل، برابر وزن کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن، شہد دو چند وزن سے قوام کر کے قدرے گھی ملا کر معجون بطریق معروف تیار کریں۔

معجون زرعونی

گوکھرو مرتی (پردردہ) افیون تخم ہلمون (ناگدون کے بیج)، تخم گاجر، مغز تخم کھیرا مغز تخم ککڑی، مغز تخم خربزہ، مغز تخم اسپست (رطبہ) ہر ایک 13 ماشہ جوتری بہمن سفید، بہمن سرخ، دار چینی، شقاقل، کلنجن، تخم بادر دج (جنگلی تلسی) تخم فرنجمشک و رام تلسی کے بیج تخم بادرنجبویہ (بل لوٹن) ہر ایک 9 ماشہ، عنبرا شہب چاندی کے ورق ہر ایک 2 ماشہ، مشک تبتی 2 ماشہ سونے کے ورق پنیرمایہ شتر اعرابی ہر ایک 5 رتی، مصری سفید، شہد صاف کیا ہوا، ہر ایک 3 تولہ، حسب دستور معمول معجون تیار کریں، مقوی باہ اور افزائش کنندہ منی ہے۔

معجون انطاکی

اس معجون کو حکیم انطاکی نے باہ کے بڑے بڑے عمدہ مرکبات میں سے شمار کیا ہے گوکھرو چنے لسن تینوں

کو علیحدہ علیحدہ کوٹیں، اور دودھ و گھی میں اسقدر بھونیں کہ ان کی اصلی صورتیں بدل جائیں، اسکے بعد دواؤں سے تگنا شہد اور اسکے برابر یعنی ہم چند پیاز کا پانی اور ترنجبین صاف کرکے داخل کریں اور قوام تیار کرکے استعمال میں لائیں۔

معجون پیاز مجرب

مقوی باہ ہے، خصوصاً ان لوگوں میں اپنا اثر زیادہ دکھاتا ہے جن کے اعضاء سرد پڑ گئے ہوں۔
سونٹھ شقاقل، خولنجان، تخم ترا تیزک، تخم گاجر، تخم انجرہ (انگنن کے بیج) تخم ہلیون (ناگدون کے بیج) ہر ایک برابر پیاز کا پانی، شہد ہر ایک دوا کا دو چند، بدستور مشہور معجون تیار کریں، قدر خوراک 9 ماشہ۔

معجون لبوب

یہ نسخہ معجون مذکورہ بالا نسخہ کے ہم رتبہ ہے، مغز بادام شیریں، مغز اخروٹ، مغز ترمس، مغز چلغوزہ، مغز حب الزلم (ایک خوشبودار دانہ ہے) مغز فندق، مغز ناریل، مغز پستہ، مغز حب القلقل (جنگلی انار دانہ) تخم خشخاش سفید، دونوں تودریاں، تل چھلے ہوئے، تخم گاجر، تخم ترا تیزک، تخم پیاز، تخم شلجم، تخم اسپست (رطبہ) ہر دو بہمن سونٹھ، کالی مرچ، پیپل، کباب چینی، بچ، دار چینی، شقاقل مصری، کلنجن، تخم ہلیون (ناگدوں کے بیج) ہر ایک ہموزن بدستور معمول و مشہور تین گنے شہد کے ساتھ معجون تیار کریں۔

اطریفل

مقوی دماغ اور مبہی ہے نزلہ دور کرتا ہے، اور قبض دور کرتا ہے، عناب نیم کوفتہ 7 دانہ سپستان 20 دانہ، گل گاؤ زبان، اسطو خودوس، کشمش سبز، ابریشم، گل بنفشہ، گل نیلو فر، اصل السوس مقشر ہر ایک 10 ماشہ شب کے وقت سبکو پانی میں بھگوئیں، صبح جوش دے کر چھان لیں اور شہد سفید 40 تولہ، مصری 20 تولہ میں قوام کریں، ازیں بعد پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، پوست ہلیلہ سیاہ، آملہ خشک، تخم کشنیز خشک مقشر ہر ایک 2 تولہ کوٹ چھان کر مغز بادام، تخم گاجر، مغز کدوئے شیریں، مغز تخم تربوز مغز تخم خیارین، تخم کاہو، تخم خشخاش ہر ایک تولہ، سب کو باریک کرکے مع ہلیلہ جات کے قوام میں شامل کریں، خوراک 9 ماشہ سے تولہ تک۔

تریاق خواجہ بوعلی سینا

پوست ترنج پکھان، بید مرکی، حب ہلسان، برگ بادرنجبویہ، تخم ریحاں، نرکچور، عقربی، ہر ایک 14 ماشہ، مشک تبتی، عنبر اشہب ہر ایک 4 ماشہ، اگر خام 9 ماشہ، کافور 2 ماشہ کوٹھ شیریں دار چینی بچ، زعفران، ناگر موتھ، افسنتین ہر ایک 10 ماشہ لعوا اسالیوں جنگلی کرفس ہر ایک 7 ماشہ تخم ترا تیزک، تخم شلجم تخم گندنا، اندرجو حب القلقل (جنگلی انار دانہ کے بیج ہر ایک 7 ماشہ، افیون 10 ماشہ، سب کو کوٹ چھان کر شہد میں معجون بنائیں اور 6 ماہ بعد 4 ماشہ روزانہ استعمال کریں۔

معجون خرما

خوش رنگ خوش مزہ اور نہایت ہی پر لطف دوا ہے، خصوصاً ضعف باہ کے لئے عجیب و غریب ہے دس روز کے استعمال سے مریض اس معجون کے فوائد سے واقف ہو جائے گا بیس پچیس روز کے استعمال

سے انشاء اللہ پہلے جیسے قوت حاصل ہوگی، اور ایک مدت تک قوت بحال رہے گی، جسم میں توانائی آئے گی، جسمانی اعضا، مضبوط ہونگے، درد کمر تولید خون و تولید منی کے لئے لاجواب ہے، کھجور خشک 40 تولہ، مغز بادام 5 تولہ، مغز چلغوزہ 3 تولہ، شقاقل مصری 3 تولہ، جائفل 6 درم، جاوتری 1 درم، لونگ 1 درم، موصلی سیاہ، موصلی سفید، صمغ عربی بریاں کردہ، ہر ایک 3 تولہ، برگ دودھی خورد (ہزار دانہ) 3 تولہ زعفران خالص تولہ، مشک 1 ماشہ، ورق نقرہ 2 عدد۔

ترکیب کھجور عمدہ لے کر ایک سیر دو مرتبہ پانی سے صاف کرو بعدہ تخم کو جدا کرکے 3 سیر پختہ پانی میں ایک شب بھگو کر رکھیں صبح جوش دیں، جس وقت چوتھائی حصہ پانی باقی رہے اتار لیں اور کھجور کو نچوڑ کر پھینک دیں اور جوش شدہ پانی میں قند سفید 30 تولہ داخل کرکے قوام لے لو اور جملہ اجزاء مطابق ترکیب شامل کرکے معجون تیار کرلو، پھر دیکھنا کہ اس معجون میں کیا اثر ہے، مقدار خوراک 3 درم تا 6 درم ہمراہ دودھ گائے

یاقوتی مقوی باہ: ورق طلا 3 ماشہ زعفران 2 ماشہ، صندل سفید 4 ماشہ، ورق نقرہ 5 ماشہ، یاقوت سرخ 5 ماشہ، کہربا شمعی 5 ماشہ، مروارید ناسفتہ 6 ماشہ، سنگ یشب 6 ماشہ، تخم ہلیون 6 ماشہ بوزیدا 6 ماشہ، کبابہ 6 ماشہ، دار چینی 6 ماشہ، شقاقل مصری ایک تولہ، ثعلب مصری 1 تولہ، تودری سرخ ایک تولہ، تودری سفید 1 تولہ، بہمن سرخ 1 تولہ، بہمن سفید 1 تولہ، مغز تخم خربزہ ڈیڑھ تولہ، مغز تخم خیارین ڈیڑھ تولہ، ابریشم مقرض پونے دو تولہ، مربہ سیب 15 تولہ، شربت انار شیریں 15 تولہ شہد خالص، ثار، قند سفید، ثار، عرق گلاب، ثار جملہ ادویات کو کوٹ چھان کر حسب معمول معجون بنالیں۔ خوراک 6 ماشہ سے 9 ماشہ تک۔

معجون لبوب بہ نسخہ دیگر

یہ معجون منی کی افزائش میں بے نظیر ہے، باہ کو قوی کرتا ہے، مغز بادام شیریں، مغز اخروٹ، مغز پنبہ دانہ (بنولہ) مغز چلغوزہ، مغز ریٹھہ، مغز پستہ، مغز کڑھندی، مغز تخم خربزہ، تخم ناگدون (ہلیون) حب القلیل سفید (کالا دانہ) تخم خشخاش، تخم گاجر، شقاقل مصری ہر ایک 2 تولہ حب السمنہ (چمو تھی) نارجیل، دونوں بہمن، دونوں تودریاں، تل بھنے ہوئے ہر ایک 3 تولہ، کلنجن، کباب چینی، لونگ، سونٹھ ہر ایک ایک تولہ، ثعلب مصری، جند بیدستر ہر ایک 4 تولہ، شہد، شکر کے قوام میں حسب دستور مشہور معجون تیار کرکے، عنبر اشہب اور مشک ہر ایک 3 ماشہ حل کرکے اضافہ کریں، مقدار خوراک 9 ماشہ۔

معجون ثعلب افزائش منی اور تقویت باہ میں مفید ہے

ثعلب مصری 3 تولہ، مغز پنبہ دانہ (بنولہ) 2 تولہ، مغز چلغوزہ، تل چھلے ہوئے، تخم ہلیون (ناگدون) پیپل، ہر ایک 1 تولہ، پنیر مایہ شتر اعرابی، تخم گاجر، شقاقل مصری، پنیر مایہ شتر جند بیدستر برادہ کیا ہوا، ہر ایک تولہ، کوٹ چھان کر تین گنے شہد میں جس کا جھاگ علیحدہ کردیا ہو، قوام کریں، مقدار خوراک 9 ماشہ۔
مگر بعض طبیبوں کے نسخے اس سے بہت کچھ مختلف ہیں، ......

معجون مقوی باہ

موصلی سفید 1 تولہ، موصلی سیاہ 1 تولہ، بہمن سفید 1 تولہ، بہمن سرخ 1 تولہ، اندر جو 1 تولہ، تالمکھانہ 1 تولہ، بیجبند 1 تولہ، ستاور 1 تولہ، ہرسہ موصلی 3 تولہ، موصلی سیمبھل 3 تولہ، مصطگی 3 تولہ، کشتہ رانگ 1

تولہ، کرکس 1 تولہ، چکنی سپاری 6 تولہ کشتہ شاخ مرجان 1 تولہ دار چینی 1 تولہ، ان سب کو باریک پیس کر شہد خالص میں ملا کر قوام کریں، اور خوراک 6 ماشہ صبح و شام بھمراہ شیر مادہ گاؤ کے پئیں۔

معجون انقرویا باہ کو زیادہ کرتا ہے

عقر قرحا۔ کلونجی، کوٹھ، گول مرچ، پیپل، بچ ترکی، ہر ایک 3 تولہ، سداب، پکھان بید، زراوند گول، ہینگ، حب الفار، جند بید ستر، چیتہ، رائی ہر ایک 17 ماشہ، سب کو کوٹ چھان کر روغن اخروٹ میں چرب کر کے عسل بلاور (بھلانواں کا شہد) تگنے میں ملائیں، اور چھ ماہ کے بعد استعمال کریں، خوراک 4 ماشہ۔

معجون انقرویائے صغیر

یہ بھی پہلے نسخے کے ہم خواص ہے، پوست ہلیلہ، ہلیلہ سیاہ، آملہ خشک، ہر ایک 3 تولہ، موٹھ کوٹی، بالچھڑ، کندر، وج ترکی، فلفل، سونٹھ، ہر ایک 1 تولہ، کوٹ چھان کر، روغن اخروٹ میں چرب کریں، اور شہد بھلانواں سہ چند میں ملائیں، اور چھ ماہ بعد استعمال کریں۔

نوش ذاروے سادہ

اس کا استعمال 40 روز کے بعد کرنا چاہئے، اس دوا کی طاقت 2 سال تک رہ سکتی ہے، گرم مریضوں کو یہ دوا ٹھنڈی چیزوں سے دینی چاہئے نہایت مقوی باہ ہے، گل سرخ 21 ماشہ، موتھ کوئی 1 تولہ، لونگ، مصطگی، اسارون، بالچھڑ، ہر ایک 14 ماشہ، الائچی خورد، الائچی کلاں، تالیس پتر، جاوتری، جائفل، بچ، ہر ایک 7 ماشہ، کوٹ کر چھانیں آملہ مقشر، 10 سیر، کو ایک رات دن دودھ میں بھگو کر دھوئیں، اور تین سیر پانی میں جوش کریں کہ گل جائے، پھر پتھر پر پیس کر چھاننی میں چھانیں، شکر سفید 2 سیر کا قوام کر کے ادویہ کو اس میں ملائیں اور بعد سرد ہوئے قوام کے زعفران 6 ماشہ گلاب میں پیس کر اس میں ملائیں

نوش دراوے لولوی نہایت مقوی باہ ہے

یاقوت رمانی بیخ مونگہ سوختہ، یشب ہر ایک 2 ماشہ، طباشیر سفید، مروارید ناسفتہ، ان بندھے موتی، کہربائے شمعی، ہر ایک 3 ماشہ، سب کو عرق بید مشک میں کھرل کریں کہ مثل غبار کے ہو جائے، ریوند چینی، اسارون موتھ کوئی، عود ہندی، اذخر مکی، صندل مفید، پوست شکسترہ، تیزپات، زرشک، بادرنجبویہ (ملی لوٹن)، دونج عقربی الائچی خورد، ہر ایک 2 ماشہ، مصطگی، بالچھڑ، گل سرخ، ابریشم مقرض (کٹا ہوا) ہر ایک 3 ماشہ کوٹ کر چھانیں، آملہ مقشر 7 تولہ، پانی میں پکائیں کہ گل جائے، پتھر پر پیس کر چھاننی میں چھانیں، شکر سفید، ایک چند، شہد خالص ایک چند کا قوام کر کے پسی ہوئی دوائیں اور کھرل کئے ہوئے جواہر ملا دیں، عنبر اشہب 2 ماشہ، قوام میں ڈالیں آگ سے اتار کر ورق چاندی ورق طلاء ہر ایک 2 ماشہ ایک ایک ڈال کر اتنا حل کریں کہ سب اوراق حل کریں، زعفران 2 ماشہ، گلاب میں پیس کر اس میں ملائیں۔

معجون ثعلب

ثعلب مصری، کوٹھ شیریں، تخم اسپست (رطبہ) ناگدوں کے بیج، گاجر کے بیج، کلنجن، زرنباد (نر کچور) بالچھڑ، دونوں بھمن ہر ایک 1 تولہ، پنیر مایہ شتر اعرابی، برادہ، چڑوں کا مغز، تل چھلی ہوئی ہر ایک 9 ماشہ، سونٹھ، پیپل، کباب چینی، بوزیدان (ستاور) دونوں تودریاں، ہر ایک 9 ماشہ، جائفل، جوزی

زعفران، مصطگی ہر ایک تولہ مشک، عنبر اشہب، ہر ایک 3 ماشہ، کوٹ چھان کر مثلث (یہ انگور کا نچوڑ یا منقے کا جوشاندہ ہے) میں ملا کر معجون تیار کر کے 9 ماشہ، علی الصبح ہمراہ گائے کے دودھ ایک پیالہ یا آب نخود (چنے کا پانی) ایک پیالہ کے استعمال کرائیں۔

دیگر

ثعلب مصری 7 تولہ، پنیر مایہ شتر اعرابی 3 تولہ تج کمیر کے تخم کا مغز سرخ بہمن سفید بہمن، سونٹھ، تخم خشخاش، جتہ الخضرا (بن) ہر ایک 1 تولہ، مغز پستہ، تودری سرخ، تودری سفید ہر ایک 16 ماشہ، پودینہ، ناریل، تخم پیاز، مغز چلغوزہ، تخم بلبون (ناگردون ہاخذ) خشک، مربیٰ (پروردہ) جوتری، مغز نبیدہ دانہ (بنولہ) تخم او ننگن ہر ایک تولہ عنبر اشہب، زعفران، اندر جو ہر ایک 8 ماشہ، مشک 4 ماشہ، جند بید ستر 3 ماشہ، شکر سفید تین گنی حسب دستور معمول معجون تیار کریں، اس معجون کے افعال و خواص و قدر خوراک و ترکیب استعمال سب پہلے معجون سے متحد اور ایک ہیں۔

معجون مبہی باہ کو قوی کرتا ہے یعنی پیٹھ کو طاقت دیتا ہے

دونوں بہمن شقاقل مصری، بوزیدان (ستاوری) تج، جوتری، کباب، اندر جو بڑی الائچی، چھوٹی الائچی، بالچھڑ، فرنجمشک (درام تلسی ے بیج) لونگ، مصطگی، تیزپات، عنبر اشہب موتی بچے بے سوراخ ہر ایک 10 ماشہ، ثعلب مصری 3 تولہ، سقنقور، سھوریا بن (روہو) کا ناف ہر ایک 1 تولہ جند بید ستر 3 ماشہ، عود خام، تخم ناگدو۔ زعفران ہر ایک موتھ، سونٹھ، بیج مونگہ، کہربا ہر ایک 7 ماشہ، مشک 4 ماشہ، یاقوت زرد 3 ماشہ، ورق چاندی ورق سونا ہر ایک 4 ماشہ، زائد الفکو (بھنگ) کوٹی ہوئی 10 تولہ روغن بادام شیریں 2 تولہ، شکر سفید، شہد صاف کیا ہوا کے قوام مشہور طور پر معجون تیار کریں، مقدار خوراک 3 ماشہ، سے 7 ماشہ تک

معجون انطاکی

یہ معجون باہ اور حرارت غریزی کی افزائیش، فربہی بدن، پیدائش خون صالح اصلاح منی کے لئے عجیب دوا ہے، جماعی تکالیف کو دور کرتا، کثرت جماع سے لاحق شدہ کمزوری کو زائل کر کے قوت بخشتا ہے، سفید چنے کے چھلکوں کو ترا تیزک کے پانی میں تین بار بھگو کر ہر مرتبہ خشک کریں اور خار خسک خشک کو باریک کر کے خار خسک تر کے پانی تین گھنٹے میں بھگویا گیا ہو، ہر ایک 9 تولہ، ترنجبین 3 تولہ، دار چینی، کلنجن ہر ایک 1 تولہ، شہد، سیر سفید پیاز کا پانی پاؤ بھر، سب کو ہلکی آنچ پر قوام کر کے ذیل کی دوائیں کوٹ چھان کر اضافہ کریں مولی کے بیج، گاجر کے بیج، شقاقل، تخم او ننگن ہر ایک 3 تولہ، عقرقرحا، سونٹھ ہر ایک 1 تولہ اس کے بعد مندرجہ ادویات کو ایک تولہ گلاب میں کھرل کر کے اوپر سے ڈالیں مشک 6 رتی، زعفران 15 ماشہ، فاد زہر حیوانی 8 رتی، اسکے بعد چینی کے ایک بیام میں اوشار رکھیں، قدر خوراک 7 ماشہ، اگر اس معجون کو اور بھی قوی العمل بنانا چاہیں، تو مغز اخروٹ مغز چلغوزہ، مغز ناریل، مغز جتہ الخضرا (بن) تخم شلغم، بہمن سرخ، بہمن سفید، تخم اسپست جس کو رطبہ بھی کہتے ہیں) تخم السی ہر ایک 3 تولہ، کوٹ شیریں، انیسون، لونگ، کول مرچ پنیر مایہ شتر اعرابی ہر ایک 14 ماشہ اضافہ کریں۔

معجون انطاکی دیگر

اس معجون کی قوت و عزت اسی سے سمجھی جا سکتی ہے کہ اس کے موجد حکیم انطاکی نے اسکو اسرار سے بتلایا ہے اور اسکے اخفا اور پوشیدگی کو واجب کہا ہے' اس معجون کی قوت ترکیب سات سال تک باقی رہتی ہے' چنے' لوبیا' باقلا' مغز فندق ہر ایک 3 تولہ' پیپل' دار چینی' شمطوح (چھتہ) سونٹھ' تخم انگن' تخم مولی' تل خبث الحدید (لوہے کی سیل) مغز چلغوزہ' زراوند مدحرج ہر ایک 1 تولہ' شقاقل' جتہ العضوا (کن) تخم گاجر' ہر ایک 15 ماشہ' عود (اگر) تولہ' سب کو باریک کر کے بھیڑ کے دودھ ایک سیر آدھ پاؤ کو شہد ایک سیر آدھ پاؤ میں ہلکی آنچ پر پکائیں' جب قوام تیاری کے قریب ہو تو ترنجبین 15 تولہ اضافہ کریں' جب دوا بھی خوب مل جائے تو نیچے اتار کر اوپر کی پسی ہوئی دوائیں ملا کر خوب چلائیں اور پھر ہلکی آنچ پر چڑھا کر زعفران 9 ماشہ' مشک عنبر' فاد زہر' جدوار ہر ایک 8 رتی' گلاب 6 تولہ میں کھرل کر کے اضافہ کریں' خوراک 4 ماشہ ہے۔

معجون افیون مرکب نہایت مبہی اور مغلظ منی و ممسک ہے

جائفل 2 ماشہ' جاوتری 3 ماشہ' روغن بلسان 5 ماشہ' مصطگی 2 ماشہ' عود ہندی 3 ماشہ' کہربائے شمعی 4 ماشہ' بسخ مرجان' مومیائی' دار چینی ہر ایک 3 ماشہ' زعفران 4 ماشہ' بہمن سرخ' بہمن سفید ہر ایک 3 ماشہ' مشک خالص 2 ماشہ' ہنسلو چن 3 ماشہ' مایہ شتر اعرابی 2 ماشہ' عنبر اشہب' 3 ماشہ' ثعلب مصری' شقاقل مصری ہر ایک 6 ماشہ' تخم خشخاش سیاہ 4 ماشہ' افیون خالص کہنہ' خشک دواؤں کی آدھی کشتہ قلعی 1 ماشہ' مصری سفید 3 پاؤ آملہ مربی مربائے ہی ہر ایک 5 عدد' ورق چاندی 25 عدد' ورق سونا 1 عدد' دونوں اناروں کا پانی پاؤ سیر بدستور معجون تیار کریں۔

دیگر

نہایت مقوی باہ و ممسک اور مغلظ منی ہے' افیون خالص پاؤ سیر' شقاقل مصری ثعلب مصری ہر ایک 2 تولہ' اجوائین سفید' تخم خشخاش سیاہ ہر ایک 9 ماشہ' بہمن سفید تولہ' کو کنار 9 ماشہ' گوند ببول' کتھا سفید' برگ گاؤ زبان' صندل سفید' ہنسلو چن ہر ایک تولہ' تخم سرس 9 ماشہ' تخم کاہو مقشر (چھلا ہوا) تولہ' آملہ مقشر' 2 تولہ' موصلی سیاہ موصلی سفید ہر ایک تولہ' جاوتری 9 ماشہ' تخم خشخاش سفید' مغز فندق' مغز چلغوزہ' مغز اخروٹ' مغز خرفہ مغز تخم کدوئے دراز' مغز پیٹھہ ہندی مغز' ناریل' مغز تخم تمر ہندی ہر ایک 2 تولہ' دار چینی' مصطگی ہر ایک 9 ماشہ' مومیائی 6 ماشہ' مشک خالص 4 ماشہ' کہربائے شمعی' بسخ مرجان ہر ایک 6 ماشہ زعفران 2 تولہ' آملہ مربی مربائے ہی ہر ایک 5 عدد' آب انار شیریں' مصری سفید ہر ایک پاؤ سیر' ورق چاندی 30 عدد ورق سونا 20 عدد بدستور مرکب تیار کریں۔

اطریفل کشنیز مقوی باہ معمول حکیم شریف خان

ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ' پوست ہلیلہ کابلی' آملہ مقشر' پیپل' گول مرچ ہر ایک 1 تولہ جاوتری' سونٹھ بوزیدان' چینہ ہندی' شقاقل مصری' تودری سرخ' تودری سفید' اندر جو' جنگلی اناردانہ' تل چھلے ہوئے' تخم خشخاش سفید ہر ایک 9 ماشہ' دونوں بہمن کوٹ چھان کر روغن بادام یا گائے کے گھی میں چرب کریں' ترنجبین 29 ماشہ' شہد خالص آدھ سیر نیم گرم کر کے دواؤں کو اس میں ملائیں خوراک 7 ماشہ ہے

14ماشہ تک۔

اطریفل صغیر

یہ اطریفل علے الخصوص باہ کی اس کمزوری میں اپنا موثر فائدہ دکھلاتا ہے' جو آلات منی کے تری اور رطوبت سے پیدا ہوا ہو' پوست ہلیلہ زرد' پوست ہلیلہ کابلی' پوست بلیلہ۔ ہلیلہ سیاہ' آملہ خشک ہر ایک 3 تولہ' کوٹ چھان کر شہد خالص سہ چند کا قوام کر کے دوائیوں کو اسمیں ملائیں۔

معجون افیون مرکب

نہایت مقوی باہ اور مغلظ منی ہے' افیون خالص پاؤ سیر عنبر اشھب 6 ماشہ کہربائے شمعی' موتی ان بندھے' ہر ایک تولہ یاقوت رمانی' رب السوس' گوند ببول' ہر ایک 6 ماشہ' جدوار خطائی' مغز تخم کدوئے شیریں' ہر ایک 2 تول' زعفران 6 ماشہ' ثعلب مصری' مایہ شتراعرابی' ہر ایک 2 تولہ' ورق سونا 6 ماشہ' ورق چاندی تولہ' عرق کیوڑہ میں بدستور معروف معجون بنائیں۔

تریاق استمناواسطے معجلوق کے نہایت مفید ہے

گدھی کا دودھ کہ اول بار جنی ہو' اور ابھی تک بچہ نے اس کا دودھ نہ پیا ہو' ایسی ہی گھوڑی کا دودھ' بڑھ کے درخت کا دودھ' شراب دو آتشہ' آب ادرک' آب پیاز' سفید شہ خالص' ہر ایک نیم پاؤ' عقر قرحا' دار چینی' قرنفل (لونگ)' زنجبیل' جانیفل' جاوتری' تخم حرمل (اسپند) مال کنگنی' کیچوے خشک' ہر ایک ایک تولہ' سب کو باریک پیس کر آپس میں ملائیں اور ایسا صلایہ کریں کہ ایک ذات ہو جائے' اور ظرف چینی میں رکھیں' وقت حاجت سی قدر اس میں سے لے کر شراب میں پیس کر ذکر پر لیپ کریں اور اوپر سے پان کا یا ارنڈ کا پتہ باندھیں ایک ہفتہ تک عمل میں لائیں' اور بقدر ایک ماشہ تا 3 ماشہ' ہمراہ شیر گاؤ یا شربادقت عصر کھائیں' نہایت ممسک اور مقوی باہ ہے۔

دیگر فلونیا نہایت مبہی و ممسک

فلفل گرد (گول مرچ) دو تولہ' بزر البنج (اجوائین خراسانی) ایک تولہ' فرفیون' سنبل الطیب (بالچھڑ) عقرقرحا' زنجبیل (سونٹھ) قرنفل (لونگ) ہر ایک ایک تولہ' افیون مصری ایک سیر' اکبری زعفران دو دام' خولنجاں (کلیجن) دار چینی' عودبلسان ہر ایک 2 تولہ' دار فلفل (پیپل) ایک تولہ' مغز بادام 6 تولہ' بادیان 3 تولہ' بہمن سفید 2 تولہ' اور بہمن سرخ 2 تولہ' ثعلب مصری 4 تولہ' جوزبوا (جانیفل) بسباسہ (جوتری) ہر ایک 3 تولہ' عسل (شہد) خالص 7 سیر' اکبری ورق طلا (سونا) ایک تولہ' ورق نقرہ (چاندی) 4 تولہ' مشک 2 تولہ' عنبر اشھب 2 تولہ' قند سفید دو سیر بنات سفید 2 سیر موافق مشہور کے فلونیا بنا دیں۔

دیگر فلونیا مردافگن نہایت مبہی و ممسک

یاقوت رمانی' یاقوت زرد یاقوت کبود' لعل بدخشانی' فیروزہ' عقیق' یمنی بسد (بیخ مرجان) کہربائی شمعی' یشب سبز ہر ایک 2 تولہ' مروارید ناسفتہ 5 تولہ' ساذج ہندی گل سرخ گاؤ زبان' سنبل' دار چینی' طباشیر سفید' تخم خرفہ' زرنباد (نرکچور)' آملہ مقشر جند بید ستر' مشک خالص' ورق غلاء (سونا) ہر ایک 2 تول' سنبل الطیب (بالچھڑ) پوست بیرون پستہ' تخم کاسنی' صندلین' بہمنین' جدوار' مصطگی' گل مختوم' ورق نقرہ'

(چاندی)' ہر ایک 3 تولہ' پوست ترنج 6 ماشہ' عنبر دس تولہ' افیون مصری 3 سیر 10 دام زعفران ایک سیر' گلاب بید مشک رس شیشہ' نبات سفید ایک سیر' عسل خالص 4 سیر' قند سفید' سوا سیر۔

دیگر فلونیا امر باہ میں بے نظیر ہے

فلفل سفید (گول مرچ سفید پیپل مصطگی' قرنفل (لونگ) ہر ایک 22 ماشہ' دار چینی' عمود قماری قرنہ (تج)' قاقلہ صغار (الائچی خورد)' زراوند' مدحرج' جوزبوا' سنبل' سیب' ربا کھڑ' درونج عقربی' بوزیدان (ستاور) پوست بیرون بستہ' پوست زرد اترج (رنگترہ) گل سرخ' تخم فرنجمشک (تلسی) کباب چینی' سلیخہ (تج)' سیاہ سعد کوفی' ساذج ہندی' عقر قرحا' صندل سفید' مغز حب الزلم (بن خام)' مروارید ناسفتہ' بسد (بیخ مرجان) کہربائے شمعی' مشک خالص' عنبر اشہب' ابریشم مقرض' ہر ایک 9 ماشہ' زعفران 9 ماشہ' افیون 17 تولہ' زنجبیل (سونٹھ) 18 ماشہ آملہ مقشر فرفیون' ورق نقرہ (چاندی)' ثعلب مصری ہر ایک 4 ماشہ' ورق طلاء 20 عدد' جند بید ستر 13 ماشہ شہد خالص سہ چند۔

فیروز نوش ممسک باہ کو زیادہ کرتا ہے اور سرعت.... کو دفع کرتا ہے

پوست ہلیلہ زرد' پوست ہلیلہ کابلی' چھتہ ہندی' تخم کرفس' دانہ ہیل (الائچی خورد) قسط (کوٹھ)' تج سلیخہ (تج)' قرنفل (لونگ)' بسباسہ (جوتری)' خولنجاں' نار مشک (ناگیسر) ہر ایک 21 ماشہ' پوست ہلیلہ' آملہ مقشر' نانخواہ (اجوائین کرسی)' دار فلفل (پیپل) ہر ایک 14 ماشہ' تودرین' قرفہ' دار چینی سنبل الطیب جوزبوا' جائفل زنجبیل فلفلمویہ' (پیلا مول) ہر ایک 28 ماشہ' سعد کوفی 25 ماشہ' مشک خالص 9 ماشہ' عنبر اشہب 4 ماشہ' خبث الحدید مدبر ہم چند ادویہ' گائے کا گھی 14 تولہ' شہد خالص دو نیم چند' بطریق معمول قوام کریں' بعد چھ 6 ماہ کے استعمال کریں' خوراک 7 ماشہ۔

جواہر مہرہ نہایت مقوی باہ ہے

زہر مہرہ خطائی' لعل شفاف' یاقوت رمانی یعنی سرخ یاقوت سفید' یاقوت سیاہ' زمرد سبز' فیروزہ نیشاپوری' مرجان' مروارید ناسفتہ' عقیق سرخ' عقیق زرد' عقیق سفید' یشب کہربائے شمعی ہر ایک 9 ماشہ' عرق کیوڑہ میں کھرل کریں' کہ مثل غبار کے ہو جائے' پس عنبر اشہب پانچ ماشہ' مشک خالص تین ماشہ' اضافہ کر کے پھر کھرل کریں کہ ایک ذات ہو جائے' پھر ورق نقرہ پچاس عدد' ورق طلا پچاس عدد ایک ایک ڈالکر اتنا حل کریں کہ جملہ اوراق حل ہو جائیں۔

معجون نہایت مقوی باہ اور مولد منی اور ملذذ ہے

شقاقل مصری' خولنجاں' ثعلب مصری' بہمنین' تودرین' اندر جو' تخم ہلیون خار خسک تخم شلغم' تخم خربزہ' مغز تخم خیاریں' دانہ خشخاش سفید' مغز تخم کر' مغز تخم پنبہ دانہ' ہر ایک 9 ماشہ' جوزبوا زنجبیل کباب چینی' اسارون' عود خام' بوزیدان ہر ایک چھ چھ ماشہ نبات سفید ڈیڑھ پاؤ۔

سہاگ سونٹھ واسطے قوت باہ کے مجربات سے ہے

زنجبیل (سونٹھ) آدھ پاؤ کوٹ چھان کر روغن زرد (گھی) میں بریاں کریں اور تین پاؤ گائے کے دودھ میں جوش کریں کہ غلیظ ہو جائے' مغز تخم خربزہ' مغز حب السمنہ (چرونجی) نشاستہ سفید' سنگھاڑہ خشک'

اسگند موصلی سفید، موچرس، گوند ناگوری، الائچی کلاں، ستاور ہر ایک 1 تولہ، ساذج ہندی (تیزپات) سلیخہ (تج) گل دھاوہ ہر ایک 9 ماشہ خارخسک (گوکھرو) فلفل دراز (پیپل) فلفل (گول مرچ) سنبل الطیب (بالچھڑ) سعد کوفی (ناگر موتھ) مغز تخم کونچ، چینا گوند ہر ایک. چھ ماشے، باریک کر کے قند سفید سہ چند کا قوام کر کے دوائیوں کو اس میں ملا دیں۔

لوز نہایت مقوی باہ ہے

مغز بادام مقشر آدھ سیر، مغز خشخاش ایک سیر، مغز پستہ پاؤ سیر، میدہ سفید ایک سیر روغن گاؤ، پاؤ سیر، نبات سفید، آدھ سیر، قوام کر کے بطور حلوہ کے پکا دیں، جبکہ تیار ہو مشک خالص تین ماشہ، زعفران چھ ماشہ، گلاب میں پیسکو اوپر اسکے چھڑکیں اور ظرف چینی میں رکھیں اور دو تولہ ہر روز صبح کو کھائیں۔

معجون حکیم اکمل

یہ معجون تقویت باہ میں بے نظیر ہے، مغز بادام، مغز فندق، مغز چلغوزہ، مغز تخم خربزہ، مغز حب الزلم، مغز حبتہ الخضوا (بن) خوشہ شرما، مغز پستہ، مغز ناریل، مغز انار دانہ جنگلی، کڑھندی کا مغز، مغز اخروٹ، کشمش، دونوں بہمن، شقاقل، صندل سفید، ثعلب مصری، دونوں تودریاں، اندر جو ہر ایک 3 ماشہ، مغز تخم خیارین، خرفہ مقشر (چھلا ہوا) ہر ایک 9 ماشہ، پنیرمایہ شتر اعرابی، شلجم کے بیج، گاجر کے بیج، تخم بادر نجبویہ (بلی لوٹن) تخم رام تلسی، تخم کونچ، گوند ببول، تخم بالنگو، تخم ترا تیزک، تخم انگن، مصطگی ہر ایک 3 ماشہ، کلنجن ستاوری، پودینہ خشک، سونٹھ، زعفران، ہر ایک 3 ماشہ، عنبر اشہب 2 ماشہ، مغز تخم کدو، تخم خشخاش ہر ایک 6 ماشہ، ابریشم مقرض (ریزہ ریزہ کیا ہوا) دار چینی دانہ الائچی ہر ایک 3 ماشہ، خارخسک مربی (پرورده) گاؤ زبان، تخم ہلیون، (ناگدوں کے بیج) ہر ایک 4 ماشہ، شہد سفید دونا، شکر سفید دواؤں کے برابر، بدستور مشہور معجون تیار کریں، اگر جدوار بھی بڑھا دیں تو نسخہ اور بھی بہتر ہو جائے گا۔

معجون مختصر

عقر قرحا۔ سونٹھ، ہر ایک 3 تولہ، مغز بادام چھلے ہوئے 50 عدد، شہد خالص 36 تولہ، بدستور معمول معجون بنائیں، یا شہد دواؤں کے برابر اور شکر سفید دواؤں سے دوگنی لیں اور گلاب و بید مشک میں قوام کرنے کے بعد مذکورہ دوائیں ملائیں اور اوپر سے مشک خالص ایک ماشہ، زعفران 2 ماشہ حل کر کے اضافہ کریں، اور غذا سے پہلے 9 ماشہ استعمال کریں، اور اگر کلنجن 3 تولہ، دار چینی 1 تولہ بھی اس نسخہ میں زیادہ کر دیں تو اسکا عمل زیادہ قوی ہو جائے گا۔

معجون بقراط

حکیم عابد علی صاحب کے تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ یہ نسخہ اس حالت میں نہایت ہی مفید ہے جبکہ آلات منی کی نرمی کے باعث منی میں کمی پیدا ہو جائے، نیز یہ نسخہ معدہ کا بھی مقوی ہے سوئے کے بیج، کرفس کے بیج، اجوائین دیسی، تخم ترا تیزک ہر ایک ڈیڑھ تولہ، مصطگی، عقر قرحا ہر ایک 4 ماشہ، گاجر زیرہ، لونگ ہر ایک 7 ماشہ کوٹ کر ریشمی کپڑے سے چھان کر ہموزن شہد میں معجون بنائیں۔

نسخہ مولد منی

یہ دوا منی کو زیادہ کرتی ہے ماش کی دال کو پیاز کے پانی میں اس قدر جوش دیں کہ دال کے چھلکے علیحدہ ہو جائیں، پھر چھلکوں کو دور کر کے دودھ میں جوش دیکر کھویہ بنالیں اور شکر ملا کر استعمال کرائیں۔

دیگر

یہ بھی افزائش منی میں کار آمد ہے، مغز بادام مقشر، اونٹ کا دودھ گائے کا گھی، پیاز کا پانی، پرانا گڑ ہر ایک سیر بھر، سبکو ملا کر پکائیں اور کھویہ ہونے پر ہر روز 6 تولہ کھلائیں۔

نسخہ معجون مولد منی

پیاز کا پانی اور شہد پہلے قوام کریں، اسکے بعد لونگ، دار چینی، ثعلب مصری، اسگند ناگوری، موصلی دکھنی، عقر قرحا، بقدر مناسب اضافہ کریں، اور اگر پیاز کا پانی اور شہد ہر ایک سیر بھر کریں، اور تودری سرخ تودری سفید، بہمن سفید، سونٹھ پیاز کے بیج مولی کے بیج، گاجر کے بیج، شلجم کے بیج، تال مکھانا، موصلی سیاہ، بجائے لونگ، دار چینی، کلنجن، اسگند عقر قرحا کے لیں، ہر ایک 21 ماشہ تو نہایت مفید ہو سکتا ہے۔

دیگر

روغن مال کنگنی 2 تولہ، شہد اسکے برابر دونوں ملا کر کوئلوں کے آگ پر پکائیں جب پک جائے تو نیچے اتار کر موچرس 4 ماشہ..... جندبید ستر 2 ماشہ، زعفران 4 رتی، مشک خالص 3 رتی باریک گھس کر ملائیں اور تین ہفتے استعمال کریں، نہایت مقوی باہ ہے۔

معجون سپاری پاک

یہ معجون حکمائے ہندوستان کا معمولی و مستعمل ہے، سپاری دکھنی پاؤ سیر، خرما آدھ سیر، مجیٹھ آدھ پاؤ ان کو دس سیر گائے کے دودھ میں جوش دیں۔ جب گل کر کھویہ کی مانند ہو جائیں تو سب کو خوب پیس کر علیحدہ رکھیں، پھر گوند بھنا ہوا پاؤ سیر، مونگ کا آٹا نند، نشاستہ بھنا ہوا پاؤ سیر، مغز بادام شیریں بھنا ہوا آدھ سیر علیحدہ رکھیں اور شکر سفید 3 سیر، گھی ایک سیر کو قوام کریں اور نشاستہ اور مونگ کے آٹے کو گھی میں بھون لیں اور مغز بادام اور گوند ملا دیں، اسکے بعد یہ دوائیں گوکھرو آدھ سیر، ثعلب مصری، دار چینی، لونگ الائچی چھوٹی، سوختہ ہر ایک 4 دام، جائفل 2 تولہ، جوتری تولہ، چینی گوند پاؤ سیر، پستہ کا پھول، سپاری کا پھول ہر ایک ایک دام، مغز ناریل پاؤ سیر، کچنال کی چھال، کیکر کی چھال سنکھا ہولی کی چھال ہر ایک.. 6 ماشہ کوٹ چھان کر کھویہ کے ہمراہ ملائیں۔ پھر زعفران 4 تولہ، مشک 6 ماشہ بسکر اضافہ کریں، صبح و شام 2-2 دام کھلائیں۔

معجون چوب چینی

چوب چینی ایک پاؤ، دار چینی، لونگ، جائفل، جوتری، اجوائین خراسانی، کلونجی، الائچی خورد، عقر قرحا، اجوائین، کچلہ مدبر، ہر ایک 5 ماشہ، سب کو کوٹ چھان کر سہ چند شہد کا قوام کر کے معجون بنائیں 6 ماشہ سے 9 ماشہ تک روزانہ کھلائیں۔

معجون سپاری

معجون سپاری بدن لاغر کو فربہ بناتی قوت باہ کو بڑھاتی منی زیادہ کرتی' اور کمزوری کو دور کرتی ہے' اگر بانجھ عورت اس کو استعمال کرے' تو حمل قائم ہو جاتا ہے' بخاروں میں بھی مفید ہے' نفث الدم اور بواسیر خونی کو فائدہ کرتی ہے' عورت استحاضہ کے لئے بھی مفید ہے' سپاری دکھنی 24 دام تخم دھتورہ مٹی کے ٹھیکرے میں ڈال کر بریاں کیا ہوا' موتھہ صندل سفید' مرچ سیاہ' پیپل' سونٹھ ستو' مغز تخم آملہ' چرونجی' الائچی خورد' دار چینی' پترج' زیرہ سیاہ' زیرہ سفید' مغز اخروٹ' مغز بادام شیریں مقشر' مغز نارجیل' بنسلو چن' جائفل' جاوتری' کشنیز خشک' لونگ ہر ایک 20 دام روغن مادہ گاؤ 9 دام' مصری چار سیر' آملہ دستاور ہر ایک آدھ سیر' شیر مادہ گاؤ 9 سیر' آملہ دستاور اور شیر مادہ گاؤ میں 6 سیر پانی ملا کر اسقدر جوش دیں کہ چوتھائی حصہ پانی باقی رہے' پھر کپڑے سے چھان کر اس پانی میں سپاری کوفتہ ڈال کر یہاں تک پکائیں کہ کھویہ بن جائے' بعد ازاں روغن مادہ گاؤ ڈال کر بھونیں جب کھویہ سرخ ہو جائے تو سرد کریں اور ادویہ دیگر کو کوٹ کر کپڑے سے چھان کر کھوئے مذکور میں ملائیں ماش کے بعد مصری کا قوام کر کے آگ سے اتار کر کھویہ مع ادویہ ڈال کر کفچہ سے خوب ملائیں اور دو دو تولہ کے لڈو بنا کر رکھ لیں' بقدر برداشت طبیعت ایک یا دو لڈو روزانہ کھائیں۔

معجون نہایت مبہی ہے

عنبر اشہب 4 ماشہ' سنبل الطیب (بالچھڑ) قرنفل (لونگ) الائچی خورد' سورنجاں بسباسہ (جوتری)' کبابہ مصطگی' انگوزہ (ہینگ (خالص)' درونج عقربی' زراوند' مدحرج' دار چینی ورق طلاء (سونا) ورق نقرہ (چاندی) ہر ایک 9 ماشہ' ابریشم مقرض' خشخاش سفید' جدوار' تخم انجرہ (اونگن) بادیان' مشک خالص' ہر ایک 12 ماشہ' بوزیدان (ستاوری) خولنجان کلنجن ہر ایک 22 ماشہ' جند بید ستر 3 ماشہ' ...جوز بوا (جائفل) تخم گندنا' برزالبنغ (اجوائین خراسانی)' مایہ شتر اعرابی (پنیر مایہ اونٹ)' حب النیل (کالا دانہ) سعد کوفی (ناگر موتھ)' تخم شلغم' تخم ترب (مولی)' ہر ایک 22 ماشہ' زرنباد 3 تولہ' 4 ماشہ' تودری زرد' تودری سرخ' زعفران' نارجیل (ناریل)' مغز پستہ' مغز غندق' مغز بادام' مغز چلغوزہ مغز بن' مغز گردگان (اخروٹ) بہمنین' تخم خربزہ' ہر ایک 3 تولہ 9 ماشہ' نبات سفید اور 5 سیر شہد خالص ایک سیر' خوراک 4 ماشہ۔

دیگر

عود 2 ماشہ' مرجان' مروارید ناسفتہ' کہربائی شمعی' ہر ایک 4 ماشہ' ہلیلہ کابلی' ابریشم مقرض' صندل سفید' پوست بیرون پستہ' دانہ ہیل' (الائچی خورد)' ورق طلاء' ورق نقرہ (چاندی) یاقوت سرخ' ہر ایک 9 ماشہ' لاجورد غیر مغسول طباشیر سفید' گل مختوم' زعفران' درونج زرنباد (طالمسفر) ہر ایک 13 ماشہ بہمن سفید' بہمن سرخ ہر ایک 22 ماشہ' شاہترہ' بادرنجبویہ گل گاؤ زبان' تنبول' ہر ایک 3 تولہ 9 ماشہ' آب بہی شیریں' آب سیب شیریں' آب انار میخوش' آب ترنج' آب زرشک' آب ریباس گلاب' ہر یک 8 تولہ 9 ماشہ' شکر سفید' 52 تول' موافق دستور کے مفرح تیار کریں۔

دیگر مقوی باہ و ممسک و مغلظ منی

سرعت کو دافع ہے' سرد مزاج میں بہت نفع کرتا ہے۔

ثعلب مصری ڈیڑھ ماشہ، مغز پستہ ڈیڑھ ماشہ، مغز بادام، مغز فندق، ہریک 5 ماشہ، زر بناد (کچور) چار ماشہ، مغز حبتہ الخضرا (تن)، مغز تخم بیٹھہ، مغز حب الزلم (بن خام)، مغز تخم خربزہ، ہر ایک 5 ماشہ، جوز بوا (جائفل) مغز تخم خیار، ہریک ایک ماشہ، خار خسک گوکھرو ماہی روبیاں (جھینگا مچھلی) 50 ماشہ، خولنجاں 3 ماشہ، شقاقل مصری، بسباسہ (جوتری)، ہریک یک ماشہ، بہمن سفید، بہمن سرخ، مغز تخم تربوز، ہریک 5 ماشہ، تودری سرخ، تودری زرد، ہر ایک 3 ماشہ، کنجد مقشر 5 ماشہ، دار چینی 2 ماشہ، کتیرا، سنبلی الطیب (بالچھڑ) کبابہ خنداں، حب القلقل جنگلی انار دانہ، مغز تخم گذر، تخم شلغم، تخم پیاز، تخم بلبون ہر ایک 2 ماشہ اندر جو، درنج عقربی، ہریک 3 ماشہ، مغز نارجیل تازہ ایک ماشہ، مغز سر کنجشک نر تیس ماشہ، روغن مسکہ میں بریاں کرکے تخم خشخاش ایک ماشہ، بوزیدان (ستاوری) پودینہ خشک ہر ایک دو ماشہ پنیر مایہ شتر اعرابی تین ماشہ، زعفران پانچ ماشہ، مصطگی 3 ماشہ، عود خام 4 ماشہ، عنبر اشہب ایک ماشہ، مشک خالص ایک ماشہ، مروارید ناسفتہ 3 ماشہ، یاقوت رمانی، کہربائے شمعی بسد (بیخ مرجان) احمر، عقیق سرخ ہر ایک 4 ماشہ، مربائے سیب مربائے آملہ، مربائے بہی، مربائے ناشپاتی، ہر ایک پانچ تولہ، شربت انار شیریں پاؤ سیر طباشیر کبود، برگ گاؤ زبان ہر ایک پانچ ماشہ، برادہ صندل سفید 3 ماشہ، تخم خرفا، پانچ ماشہ، مغز تخم کدو سات ماشہ، بزر البیخ (اجوائین خراسانی) سفید 2 ماشہ، تخم، خشخاش سیاہ 3 ماشہ، موصلی سیاہ، موصلی سفید ہر ایک پانچ ماشہ. موصلی، سمبنھل، ستاور ہر ایک دس ماشہ، چھڑیلہ، ورق طلا (سونا) ہر ایک تین ماشہ، ورق نقرہ (چاندی) ایک تولہ، قند سفید سہ چند ادویہ یا بسہ (خشک) ترنجبین نصف وزن ادویہ یا بس بدستور مشہور مفرح تیار کریں۔

دیگر

نہایت مبہی ہے، بہمن سفید، بہمن سرخ، شقاقل مصری، صندل سفید، کشنیز خشک دانہ الائچی خورد، تودری زرد، تودری گلگوں ہر ایک یک تولہ، گاؤ زبان گل سرخ، طباشیر سفید، مروارید ناسفتہ، کہربائے شمعی ہر ایک 6 ماشہ، ابریشم مقرض آٹھ ماشہ، زعفران، عنبر اشہب ہر ایک 2 ماشہ مغز تخم کدوئے شیریں، خرفہ سیاہ ہریک دو تولہ، مغز بادام، نارجیل ہر ایک 2 تولہ، تخم فرنجمشک، (تلسی) 9 ماشہ، شہد 8 تولہ، مصری شربت بنفشہ، شربت صندل، ہر ایک 20 تولہ ورق چاندی 2 عدد۔

دیگر

مغز پنبہ دانہ بنولہ مغز حبتہ الخضر (بن) مغز حب الصنوبر کبار، (چلغوزہ بڑے) مغز حب الصنوبر صغار (چلغوزہ چھوٹے) مغز پستہ نارجیل (ناریل) تازہ مغز اخروٹ، تخم بلبون ہریک یک جزو، شقاقل حب الزلم خام، اندرجو، زنجبیل (سونٹھ) ہریک نیم جزو، سب کو کوٹ چھان کر شہد خالص میں گوندھیں، خوراک 10 ماشہ۔

دیگر لبوب منی کو زیادہ کرتا ہے

زنجبیل (سونٹھ) دار فلفل (پیپل) نار مشک (ناگ کیسر) ہر ایک ثلث جزو، مغز بادام شیریں، مغز پستہ، مغز فندق، نارجیل (ناریل) مقشر، مغز صنوبر (چلغوزہ) مغز حب الزلم، (بن خام) مغز حب الخضراء، مغز پستہ، تودری سرخ، تودری زرد ہر ایک 1 تولہ، نارجیل، (ناریل) شقاقل ہر ایک چا تولہ، ابریشم مقرض پانچ تولہ،

ابریشم خام پاؤ سیر، گلاب خالص آدھ سیر، عسل خالص سہ چند۔

دیگر لبوب صغیر منی کو زیادہ کرتا ہے

مغز بادام، مغز اخروٹ، مغز پستہ، نارجیل (ناریل) مغز حبتہ الخضرا (بن) مغز چلغوزہ مغز حب الزلم (بن خام) مغز حب القلقل (انار دانہ جنگلی) خشخاش سفید، تودری سفید، کنجد مقشر، تخم جرجیر (ترا تیزک) تخم پیاز، تخم شلغم، تخم اسپت، بہمنین، زنجبیل (سونٹھ) دار فلفل (پیپل) کبابہ (کباب چینی) قرفہ (تج) دار چینی، شقاقل، خولنجاں، تخم ہلیون، جملہ مساوی، شہد خالص سہ چند بدستور مشہور لبوب کا قوام کریں۔

دیگر

زنجبیل خولنجاں شقاقل مصری ہر ایک 1 ماشہ، تودری زرد، تودری نیلگوں، تخم گذر، تخم ہلیون، مغز چلغوزہ ہر ایک 3 ماشہ، کتیرا سفید 7 ماشہ، مغز تخم خرنبوزہ، مغز تخم خیار، بادرنگ (ککڑی) تخم خرفہ مقشر ہر ایک 10 ماشہ، تخم کدو 17 ماشہ، مغز بادام شیریں، تخم خشخاش سفید ہر ایک 21 ماشہ کوٹ چھان کر ترنجبین کا قوام کر کے اس میں ملائیں، خوراک 7 ماشہ۔

دیگر

لعل بدخشانی، یاقوت رمانی ہر ایک 4 ماشہ، طلاء (سونا) محلول، نقرہ محلول، دار فلفل (پیپل) عنبراشہب، سنبل الطیب (بالچھڑ) ساذج ہندی (تیزپات) ہر ایک 7 ماشہ، کبابہ زنجبیل (سونٹھ) سعد (موتھ) کوفی زرنب (طالیسفر) تخم بادرنجبویہ (بلی لوٹن)، زرنباد (نرکچور) بہمن سفید ہر ایک 14 ماشہ، قرنفل (لونگ) حب الزلم (بن خام) مغز چلغوزہ، مغز بادام، مغز پستہ، مغز فندق... حبتہ الخضرا (بن) نارجیل (ناریل) اندرجو، خولنجاں (کلنجن) قاقلہ (الائچی) تخم شلغم، نارمشک، (تلسی) فرنجمشک (تلسی) صندلین، گاؤ زبان، خشخاش، گل سرخ، بادرنجبویہ، تخم ہلیون، قرفہ دار چینی، اسارون (تگر) درونج عقربی، جوزبوا (جائفل) اشنہ (چھڑیا) عود ہر ایک 17 ماشہ، سقنقور (بن روہو) ثعلب مصری، زعفران ہر ایک تولہ، عسل خالص سہ چند۔

دیگر تقویت باہ و امساک منی میں مجرب ہے

تخم خشخاش سفید، مغز بادام شیریں، مغز پستہ، مغز فندق، مغز چلغوزہ، مغز ناریل، مغز اخروٹ، مغز بن، مغز پنبہ دانہ، مغز چرونجی، مغز تخم خیارین ہر ایک 14 ماشہ، ان ادویہ کو گائے کے دودھ میں باریک پیسیں، بعدہ، پوست خشخاش، مغز تخم تمر ہندی (املی) ہر ایک 9 ماشہ، بیخ لفاح (جنگلی بینگن) بیخ موتھ ہر ایک 2 ماشہ، گوکھرو خورد 15 ماشہ، ان اجزاء کو گائے کے دودھ میں جوش دیں، جب تیسرا حصہ باقی رہ جائے صاف کر کے نبات سفید اٹھائیس تولہ چار ماشہ داخل کر کے قوام کریں اور آخر قوام میں سفوف ادویہ کا ملا کر پکائیں، جب قوام تیار ہو جائے، شقاقل، دار چینی، بہمن سرخ، بہمن سرخ، بہمن سفید ہر ایک 9 ماشہ، ثعلب مصری دو تولہ، زعفران عنبراشہب 6 ماشہ ملا کر لبوب تیار کریں اور بقدر 4 ماشہ صبح کے وقت کھائیں۔

معجون چوب چینی پاک

چوب چینی برادہ کردہ 62 تولہ' ماہی زہرج 7 ماشہ' سورنجاں' مصری 1 تولہ' بوزیدان پوست بیخ کبیر چیتہ ہر ایک 7 ماشہ' پوست ہلیلہ زرد 8 تولہ' تخم کرفس 5 ماشہ' بادیان 5 ماشہ' مرچ سفید 3 ماشہ' نمک لاہوری 3 ماشہ' افیون' گل سرخ' سونٹھ' لونگ ہر ایک 10 ماشہ نسوت چھلا ہوا 3 تولہ' مصطگی رومی 3 تولہ' زعفران 1 تولہ' روغن بادام شیریں 3 تولہ' شہد خالص ادویہ سے تگنا' اول ادویہ کو نیم کوب کرکے روغن بادام سے چرب کریں' اور تمام ادویات رکھے رہنے دیں' بعد ازاں تمام ادویہ کو باریک کپڑے سے چھانیں اور شہد کا قوام کرکے ادویہ مذکورہ ملائیں' اول روز 4 ماشہ کھائیں اور آہستہ آہستہ بڑھا کر ایک تولہ خوراک تک پہنچائیں اور اسی قدر روزانہ کھایا کریں۔

اس کے استعمال سے قوت باہ نہایت بڑھے گی' درد مفاصل' رینگن' آتشک کو فائدہ ہو گا' بدن پر رونق ہو جائے گی' ترشی اور بادی اشیاء سے پرہیز رکھنا چاہئے۔

معجون خرما

چھوہارہ گٹھلی نکالا ہوا 24 دام' بیخ بند دو دام' مغز تخم انٹگن دو دام' اسگندھ ناگوری 2 دام' موصلی سیاہ دو دام پانچوں دواؤں کو پانچ سیر گائے کے دودھ میں جوش دیں اور کھویہ کریں' جب کھویہ تیار ہو جائے چار دام' روغن مادہ گاؤ ڈال کر بھونیں اور بیج' پترج دار چینی' ناگ کیسر' سونٹھ مرچ سیاہ' پیپل' جوتری' بالچھڑ' گوکھرو' پوست بیخ سنبھل ستاور' الائچی خورد' لونگ' عقرقرحا' زعفران' صندل سفید' سنگھاڑہ' بنسلوچن' مغز تخم کونچ' لبھسوڑہ خورد' موچرس' تخم عشق پیچہ' سمندر سوکھ' پوست ہلیلہ زرد' آملہ' ملٹھی ہر ایک ایک دام' مصری یا شکر سفید 5 سیر کا قوام کرکے اول کھویہ ڈالیں' بعدہ' ادویہ مذکور باریک پیس کر ڈال دیں اور خوب ملائیں۔

معجون مفرح جالینوس

قضیب کو سخت کرتا ہے' ادعیہ منی کو تقویت دیتا ہے اور شہوت جماع کو زیادہ کرتا ہے دوستی مرد کی عورت کے دل میں پیدا کرتا ہے' مروارید ناسفتہ' بسد (بیخ مرجان) احمر' انیسوں بہمن سفید' ہر ایک 3 ماشہ' بیخ کاکنج' بیخ لبلاب (عشق پیچہ) صمغ عربی کتیرا ہریک 1 ماشہ' کزمازج (مائیں کلاں) سعد ناگر موتھ کونی (سلیخہ بیج) دار چینی' مصطگی گاؤ زبان' خولنجاں فرنجمشک (تلسی) صندل سفید زراوند گرد' نقاح اذخر (اذخر کی کلی) ہر ایک 4 ماشہ' کوٹ چھان کر سہ چند شہد کا قوام کرکے وقت سے پہلے ایک مشقال کھائیں۔

دیگر نہایت مبہی ہے

فلفل (گول مرچ) زنجبیل (سونٹھ) سنبل الطیب (بالچھڑ) دار فلفل (پیپل) الائچی خورد' جوزبوا (جائفل) الائچی کلاں' شیطرج (چیتہ) ہندی' اندرجو' درونج عقربی' بادرنجبویہ' گل گاؤ زبان' مصطگی' خولنجاں' فرنجمشک (تلسی) مروارید ناسفتہ' صندل سفید' زراوند' مدجرح سلیخہ (بیج) گل سرخ' یاقوت بہمنین ہر ایک 7 ماشہ' بسباسہ 21 ماشہ' پوست ترنج 1 ماشہ' پوست بلیلہ 3 ماشہ' عنبر اشہب' مشک خالص ہر ایک 3 ماشہ' زعفران 7 ماشہ' نبات دعسل خالص سہ چند خوراک 7 ماشہ۔

دیگر مفرح مسیحی منی کو زیادہ کرتا ہے

مشک 1 ماشہ' ورق طلا (سونا) ورق نقرہ (چاندی) ہر ایک 2 ماشہ' ساذج مہندی' (تیزپات) زنجبیل' دار فلفل (پیپل) لعل بدخشانی' کہربا' بسد (بیخ مرجان) احمر ہر ایک 3 ماشہ' سعد ہندی' (ناگر موتھ) 4 ماشہ' عنبر اشہب' مروارید ناسفتہ ہر ایک 7 ماشہ' خولنجاں کبابہ قرنفل' (لونگ) جوز الطیب (جائفل) قاقلہ کبار (بڑی الائچی) 4 ماشہ قاقلہ صغار (چھوٹی الائچی) فرنجمشک (تلسی) زعفران) قرنفل (لونگ) مصطگی' پوست اندر جو بسباسہ (جوتری) ہر ایک 10 ماشہ' بہمن اشنہ' (چھڑیلہ) سنبل الطیب ہر ایک 14 ماشہ' خرفہ گاؤ زبان گل سرخ ہر ایک 17 ماشہ' روغن بادام 6 تولہ' قند سفید سہ چند۔

نسخہ مفرح بارد

اس ضعف باہ کے واسطے کہ جو ضعف دل و دماغ و فکر و معدہ کی وجہ سے ہو' گل سرخ' صندل سفید' کشنیز خشک' طباشیر' سفید بہمن' سفید گاؤ زبان' ابریشم مقرض ہر ایک ساڑھے تین ماشہ' تخم خرفہ 4 تولہ چار ماشہ' زرشک بہیدانہ دو تولہ' مغز تخم کدوئے شیریں' چودہ ماشہ' مغز خیارین دو تولہ چار ماشہ' مروارید ناسفتہ' زعفران پونے دو ماشہ' شربت انار شیریں' ڈیڑھ پاؤ' قند سفید آدھ پاؤ' گلاب پاؤ سیر جملہ ادویہ کا سفوف کر کے شربت و قند و گلاب ملا کر قوام کریں' جب قوام ہو جائے سفوف ملا کر مفرح تیار کریں اور ساڑھے تین ماشہ بوقت صبح کھایا کریں۔

دیگر مفرح نہایت مبہی ہے

یاقوت، رومانی لعل بدخشانی' مروارید ناسفتہ (موتی ان بدھے) کہربائے شمعی' مرجان' مشک خالص' پنیر مایہ شتر اعرابی' ماہی سقنقور (بن روہو) ہر ایک 3 ماشہ' ورق طلاء ورق نقرہ' عنبر اشہب' ابریشم مقرض' صندل سفید' زنجبیل (سونٹھ) تودری سرخ' تودری زرد' شقاقل مصری' تخم پیاز' تخم شلغم' تخم گندر' فلفل' دار چینی' کباب چینی' قرنفل (لونگ) بالنگو خولنجاں (کلیجن) دار فلفل' (پیپل) بلیلہ' آملہ مقشر' تخم بابونہ' زعفران' پوست ترنج' مغز جوز ہندی (ناریل) عود قماری' ثعلب مصری' مغز چلغوزہ ہر ایک 4 ماشہ' مصطگی مغز پستہ' مغز فندق (ریٹھا) مغز بادام شیریں' مغز اخروٹ جند بید ستر خشک بریاں' مغز تخم خربزہ ہر ایک پانچ درم' قرفہ' دار چینی' تخم ہلیون' اندر جو' گاؤ زبان' زراوند مدحرج شیطرح (چیتہ) ہندی' جوز بوا' جائفل' بہمنین ہر ایک 10 ماشہ کوٹ چھان کر سہ چند شہد خالص میں مفرح تیار کریں اور چینی کے برتن میں رکھیں' بعد چھ ماہ کے استعمال کریں' خوراک 4 ماشہ۔

معجون تالمکھانہ مقوی باہ

یہ معجون باہ کو طاقت دیتا ہے' تال مکھانہ 9 تولہ' درخت بڑھ کے اتنے دودھ میں بھگوئیں کہ دودھ مذکور اس کو چھپالے' جب دودھ سوکھ جائے تو اسی طرح دو مرتبہ اور بھی تر کر کے خشک کریں' پھر تالمکھانہ کو ناریل کے گولہ میں سوراخ کر کے بھر دیں' اور ایک ناریل کے ٹکڑے سے سوراخ کو بند کر دیں' پھر اوپر سے آٹا لگا کر ہلکی آگ پر رکھیں یہاں تک کہ آٹا سرخ ہو جائے پھر نیچے اتار کر آٹا علیحدہ کر کے تال مکھانہ کو نکال لیں' تال مکھانہ کو باریک کریں اور مغز ناریل کو بھی علیحدہ باریک کر کے ملائیں' پھر تودری سرخ' تودری سفید گوکھرو خورد' گوکھرو کلاں موصلی سیاہ' موصلی سفید' گاؤ زبان ہر ایک 2 تولہ'

ثعلب مصری، سمندر سوکھ، اندرجو، موچرس، الائچی سفید ہر ایک تولہ، دار چینی، کباب چینی، سورنجاں، شقاقل، طباشیر، (بنسلوچن) ہر ایک 9 ماشہ، چوب چینی آدھ پاؤ، بہمن سرخ، بہمن سفید ہر ایک 1 تولہ، بوزیدان (ستاوری) 2 ماشہ، مغز پستہ، مغز چلغوزہ ہر ایک ایک چھٹانک، مغز بادام آدھ پاؤ، کوٹ چھان کر ملائیں، اس کے بعد مصری سفید آدھ سیر، کو قوام کر کے مذکورہ بالا دواؤں کو شامل کریں، خوراک تولہ، ترشی سے پرہیز۔

چوب چینی پاک، قوت باہ کے

بڑھانے کے علاوہ نہایت فائدہ رکھتا ہے، چوب چینی سوہان کردہ 10 تولہ، دار چینی ایک دام، ریوند چینی، کباب چینی، الائچی خورد، الائچی کلاں، جوتری، لونگ، زعفران، سونٹھ، عقر قرحا، تیج پات، آرد سنگھاڑہ ہر ایک ایک دام، ستاور 5 دام، اجوائن خراسانی، اسگندھ ناگوری ناگر موتھ، موصلی سیاہ ہر ایک 5 دام، جناثوث (معلوم نہیں کیا ہے) دو دام، مشک نافہ ایک ماشہ، کوٹنے قابل دواؤں کو کوٹ چھان کر اور آرد سنگھاڑہ کو علیحدہ روغن مادہ گاؤ میں بریاں کر کے شہد خالص دو چند وزن ادویہ میں بدستور قوام کر کے معجون بنائیں اور صبح و شام حسب مزاج کھایا کریں، نہایت مقوی اور مفید ہے۔

لبوب جواہر

تقویت باہ میں بے نظیر ہے، چرس ایک تولہ، تخم انجرہ (اونٹکن) تخم شلغم، تخم پیاز سفید، عنبراشہب خشخاش، انیسوں، اریسا (بیخ سوسن) ورق طلاء (سونا) ورق نقرہ (چاندی) مروارید لعل بدخشانی، کہربائے شمعی ہر ایک دو تولہ چار ماشہ، مغز تخم خیارین، بہمنین مغز تخم خربزہ ہر ایک تین تولہ، کنجد مقشر، ثعلب مصری، خولنجاں، زنجبیل، تخم اسپت، سرہ سقنقور (بن روہو کی ناف) ریگ ماہی نر، خصیہ اودبلاؤ خشک، شقاقل مصری ہر ایک 3 تولہ و 4 ماشہ، نخود کابلی، چار تولہ 4 ماشہ، مغز بادام مقشر، مغز چلغوزہ مغز نارجیل (ناریل) ہر ایک سات تولہ آب ناشپاتی 1 سیر، شہد خالص، بنات سفید عرق گاؤ زبان، گلاب ہر ایک 2 سیر، آب سیب 4 عدد بطور مشہور قوام کریں۔

دیگر

نہایت مقوی باہ منی کو زیادہ کرتا ہے، مشک خالص، یاقوت رمانی ہر ایک 4 ماشہ، زعفران مصطگی، لعل بدخشانی ہر ایک 3 ماشہ ورق طلاء ورق نقرہ (چاندی) ہر ایک 9 ماشہ، بسباسہ (جوتری) تخم بادرنجبویہ (بلی لوٹن) زنجبیل، قرنفل (لونگ) زرنب (تالیسفر) زرنباد (نرکچور) ہر ایک 10 ماشہ، بودیدان جندبیدستر سوہان کردہ خولنجاں ہر ایک 13 ماشہ، فرنجمشک (تلسی) خشک مربے (گوکھرو مدبر) عنبراشہب ہر ایک 17 ماشہ، بیخ بابونہ، دماغ کنجشک نر اندرجو، گاؤ زبان، بہمنین شقاقل، دار چینی ہر ایک 22 ماشہ، عود خام، مغز پستہ، مغز فندق مغز چلغوزہ، مغز بادام، مغز حبتہ الخضرا (بن) مغز اخروٹ، مغز حب القلقل (جنگلی انار دانہ) کنجد مقشر، خشخاش سفید ہر ایک 7 ماشہ، ثعلب مصری 5 تولہ، عسل (شہد) خالص پاؤ سیر، شکر سفید ایک سیر، موافق دستور کے قوام کریں۔

دیگر نہایت مبہی ہے

دار چینی، دار فلفل، (پیپل) سنبل الطیب (بالچھڑ) خولنجاں، بوزیدان (ستاوری) تخم شلغم، گاؤ

زبان، بالنگو، پوست ترنج صندل سرخ، ثعلب مصری، مصطگی، عود قماری مروارید ناسفتہ، ابریشم مقرض ہر ایک 18 ماشہ، مایہ شتر اعرابی 22 ماشہ، صندل سفید 27 ماشہ، کباب چینی، قرفہ (دار چینی)، زنجبیل بہمنین، تخم بلیون، مغز پستہ، مغز حب الزلم (بن خام) مغز فندق، مغز حب القلقل (جنگلی انار دانہ) مغز بادام، مغز چلغوزہ جوزہندی مغز خیار، تودری سرخ و سفید، شقاقل ہر ایک 3 تولہ، فلفل (گول مرچ)، زعفران، مشک خالص، ورق نقرہ (چاندی) ورق طلا (سونا) عنبر اشہب، گل سرخ ہر ایک 3 تولہ 9 ماشہ شہد خالص بقدر حاجت۔

دیگر نہایت مبہی ہے

مایہ شتر اعرابی 17 ماشہ، بہمن سرخ و سفید، بوزیدان، اندرجو، دار چینی ہر ایک 7 ماشہ، مغز تخم خیار، بادرنگ، مغز فندق، مغز پستہ، مغز چلغوزہ، مغز بادام شیریں، کنجد مقشر، تخم خشخاش، تخم کاسنی، سقنقور (بن روہو) ہر ایک 14 ماشہ، حب القلقل (جنگلی انار دانہ) نارجیل (ناریل) مغز حبتہ الخضرا (بن) ہر ایک 7 ماشہ، ثعلب مصری 17 ماشہ، شقاقل مصری 7 ماشہ، مغز کدوئے شیریں 10 ماشہ، دماغ کنجشک 14 ماشہ، قند سفید سہ چند شہد خالص یک چند عنبر اشہب 3 ماشہ، مشک خالص 1 ماشہ، ورق نقرہ (چاندی) 4 ماشہ، ورق طلا (سونا) 1 ماشہ عرق بید مشک آدھ سیر بدستور معجون بنادیں، ہر خوراک 9 ماشہ سے ایک تولہ تک۔

دیگر

عنبر اشہب تین ماشہ، زعفران ورق نقرہ (چاندی) ورق طلاء (سونا) ہر ایک 9 ماشہ قرنفل (لونگ) تخم بلیون، بہمن سفید، ستاور ہر ایک 17 ماشہ، مغز تخم کدو، مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین، مغز بادام، مغز فندق، مغز نارجیل (ناریل) مغز چلغوزہ، کبابہ، کنجد (تل) مقشر دار چینی مصطگی ہر ایک 22 ماشہ، شقاقل 5 تولہ، قند سفید ایک سیر، عسل خالص 2 سیر خوراک 11 ماشہ۔

دیگر مقوی باہ منی کو زیادہ کرتا ہے

زعفران، زنجبیل، (سونٹھ) نار مشک (ناگیسر) فرنجمشک (تلسی) سنبل الطیب (بالچھڑ) اندرجو بسباسہ، جوتری مصطگی ہر ایک 1 ماشہ، کبابہ، قرفہ (دار چینی) خولنجان مصری قرنفل (لونگ) شقاقل ہر ایک 17 ماشہ، کشن کرما (خوشہ خرما) تخم انجرہ (اونٹگنی) جند بید سترخار خسک مربے (گوکھرو مدبر) ہر ایک 18 ماشہ، بہمن تودری زرد و سرخ سفید، تخم بلیون، بوزیدان (ستاوری) مغاث (بھٹوانس) تخم گذر، تخم شلغم، تخم اسپت، تخم پیاز تخم گندنا ہر ایک 21 ماشہ، ریگ ماہی نرجو عطار سے ملتی ہے لیں، مغز بادام، مغز پستہ، مغز فندق، مغز حبتہ الخضرا (بن) مغز اخروٹ، مغز چلغوزہ، مغز نارجیل (ناریل) مغز دانہ انجلک (گرٹھنہ) مغز تخم خربزہ، مغز حب الزلم (بن خام) کنجد (تل چھلی) مقشر، خشخاش سفید ہر ایک 2 تولہ 11 ماشہ، ثعلب مصری 3 تولہ 9 ماشہ، شہد خالص سہ چند خوراک 4 ماشہ۔

دیگر لبوب کبیر منی و باہ کو زیادہ کرتا ہے

مشک خالص 2 ماشہ، عنبر اشہب 4 ماشہ، جوزبوا بسباسہ (جوتری) دوالہ (چھڑیلہ) دار فلفل ہر ایک 7 ماشہ، عود خام 9 ماشہ، سنبل الطیب (بالچھڑ) سعد (ناگرموتھ) کوفی قرنفل، (لونگ) کبابہ، حب فلفل (جنگلی انار دانہ) تخم گذر، تخم شلغم، تخم ترب (مولی) تخم پیاز تخم اسپست، تخم بلیون اندرجو، درونج عقربی، زرنباد

(نر کچور) ہر ایک 20 ماشہ ' مایہ شتر اعرابی ' زعفران مصطگی ہر ایک 13 ماشہ ' جند بدستر ' سورنجاں ' بوزیدان نعناع ' (پودینہ) خشک 14 ماشہ ' مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی ' مرجان ' عقیق ' یاقوت رمانی ہر ایک 18 ماشہ ' مغز پستہ مغز فندق (رٹھا) مغز بادام ' مغز حبتہ الخضرا (بن) مغز اخروٹ ' مغز چلغوزہ ' مغز حب الزلم (بن خام) نخود الوندی ماہی روبیاں (جھینگا مچھلی) خولنجاں ' شقاقل ' بہمن سرخ ' بہمن سفید ' تودری سرخ ' تودری سفید ' کنجد (تل) مقشر ' زنجبیل (سونٹھ) دار چینی ہر ایک 17 ماشہ ' ثعلب مصری ' نارجیل (ناریل) تازہ زردی بیضہ مرغ ' خشخاش ہر ایک 2 تولہ 4 ماشہ ' ورق طلا 30 عدد ' ورق نقرہ پچاس عدد ' شہد خالص سہ چند۔

معجون لولوی جالینوس

اس کے استعمال سے قوت باہ بڑھتی ہے اور بھوک لگتی ہے ' موتی ' بیخ مونگہ ' ہر ایک 4 ماشہ ' انیسوں ' بہمن سفید ہر ایک 4 ماشہ ' کابخ 2 ماشہ ' شگوفہ اذخر ' ناگر موتھ ' مائیں ہر ایک سوا ماشہ ' تج دار چینی ' تگر ' مصطگی ہر ایک 6 رتی گوند کیکر کتھا ہر ایک 9 ماشہ ' موتی اور بیخ مرجان کو کھرل کر کے اور باقی جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر دو چند شہد میں معجون بنائیں ' چینی کے برتن میں رکھیں ' بوقت خواب تقریباً 4 ماشہ کھائیں۔

معجون نانخواہ

قوت باہ کو بڑھاتی ' بھوک بڑھاتی اور بدن کے رنگ کو نکھارتی ہے ' منہ کو خوشبودار مسوڑھوں کو سخت کرتی ہے اور پیٹ کے کیڑوں کو مارتی ہے۔

تخم کرفس ' اجوائن ' تخم سویہ ' تخم گندر ہر ایک 7 ماشہ ' عقرقرحا ' مصطگی رومی ' لونگ تج ' تگر ' جوتری ' ہر ایک 3 ماشہ ' اگر 1 ماشہ ' مشک 3 رتی ' زعفران 4 ماشہ ' مویز منقیٰ 20 تولہ کو سیر بھر پانی میں جوش دیں ' جب تقریباً 10 تولہ پانی رہ جائے مل کر پانی چھان لیں " اس پانی میں مذکورہ ادویات پیس کر ملائیں ' خوراک 5 ماشہ۔

معجون خشخاش برائے قوت باہ اور قوت دماغ نہایت عمدہ ہے

خشخاش 42 دام ' ریش درخت برھ ایک دام ' جا کفل ' عقرقرحا ' لونگ ' جوتری ' دار چینی ' الائچی خورد ' زعفران ' سونٹھ ' مرچ سیاہ ' پیپل ' سونف ' مغز تخم اٹنگن ' مغز تخم کونچ ' بل بیج ' تالمکھانہ ' گوکھرو ' پوست بیخ سنبل ' سریالہ ' ثعلب مصری ' پتال پتر ' کشنیز خشک ' موصلی سیاہ ' زیرہ سفید ' زیرہ سیاہ ' کشتہ تانبہ ' کشتہ فولاد کشتہ ابرک کشتہ قلعی ہر ایک ایک دام ' اول خشخاش کو 6 سیر پانی میں ڈال کر آگ پر جوش دیں جب پانی جل جائے دس دام شہد خالص ڈالیں ' جب قوام پر آجائے ' آگ سے نیچے اتار کر ادویہ ڈال کر کفچے سے خوب ملائیں ' 5 ماشہ سے 10 ماشہ تک روزانہ صبح کے وقت کھلائیں۔

معجون مقوی باہ

لونگ 1 تولہ ' جوتری 1 تولہ ' دار چینی 1 تولہ ' دانہ اسپند در شیر مدبر کردہ 1 تولہ ' کلونجی مدبر کردہ 2 تولہ ' سفید سہ چند جملہ ادویہ ' ادویہ کوٹ چھان کر قند سفید کا قوام بنا کر بدستور معجون بنائیں ' خوراک 5 ماشہ سے 7 ماشہ تک۔

معجون صمغ

گوند ببول، سنگھاڑہ کا آٹا، سوکھے خرما کا آٹا، ہر ایک آدھ سیر عالمگیری، مغز ناریل مغز پستہ، مغز بادام شیریں، مغز چلغوزہ ہر ایک 6 تولہ، الائچی سفید، دار چینی، سونٹھ ہر ایک 9 ماشہ، لونگ 4 ماشہ، پیپل 1 ماشہ، سفید مصری دواؤں کے برابر شہد خالص دواؤں سے دو چند، بدستور معمول تیار کریں، خوراک تولہ سے 2 تولہ تک یہی معجون امساک میں بھی نافع ہے۔

معجون لبوب ہندی

باہ کو طاقت دیا منی کو گاڑھا کرتا اور بڑھاتا ہے، اور سرعت انزال میں نفع مند ہے، مغز پنبہ دانہ (بنولہ) مغز کدو، مغز تخم خربزہ، مغز چرونجی، تل، خشخاش سفید، موصلی، سنبھل، موصلی سفید، ستاور، اسگند ناگوری، سنگھاڑہ خشک، تخم املی مقشر (چھلی ہوئی) سپستان (لسوڑہ) ہر ایک تولہ، تخم گاجر، تخم پیاز تخم شلجم، تخم مولی، ببول پھلی، تالمکھانہ، بریان (بھنے ہوئے) سمندر سوکھ، میدا لکڑی ہر ایک 9 ماشہ، کلنجن چنیا گوند، ناگر موتھ، بج، تخم کونچ، گوکھرو خورد اندر جو شیریں، پھلی ببول، مغز کنول گٹا، دھاوا کے پھول، گوند سنبھل، موچرس، بیج بند، ہر ایک 6 ماشہ، اسپند گجراتی بریاں (بھنے ہوئے) تخم انٹگن، عقر قرحا، سونٹھ، پیپل، اجوائن، خراسانی ہر ایک 3 ماشہ، کوٹ چھان کر تگنے شہد کے قوام میں معجون تیار کریں، اگر مغز پستہ مغز چلغوزہ مغز بادام، مغز اخروٹ، مغز ناریل ہر ایک تولہ، بھنگ 2 تولہ زیادہ کریں، تو بہتر ہو گا، خوراک تولہ ہمراہ دودھ کے جس میں خرما جوش دیا گیا ہو۔

نسخہ معجون باہ کو قوی کرتا پیٹھ کو طاقت دیتا، اور منی میں افزائش کرتا ہے

مغز بادام، مغز پستہ، مغز ناریل، تخم خشخاش، موصلی سفید، موصلی سیاہ، تال مکھانہ، بیج بند، تخم اونٹگن، گوکھرو، بج، سونٹھ، تل سفید، کباب چینی، موچرس، لہسوڑہ کمرکس، مصطگی، جائفل، جوتری، ثعلب مصری، تخم مولی، تخم گاجر، تخم شلغم، تخم پیاز، الائچی سفید، الائچی سرخ ہر ایک تولہ، زعفران 2 ماشہ، مشک 2 ماشہ، چاندی کے ورق 3 ماشہ، شہد تمام دواؤں کا دونا، بدستور معجون تیار کر کے ایک تولہ یا کسی قدر زیادہ کھلائیں۔

دیگر

تج میدہ لکڑی، بیج بند، تالمکھانہ، پلاس کا گوند، موچرس، اندر جو شیریں، مصطگی ہر ایک ایک دام، نیم برشت انڈوں کی زردی نیم برشت سے مراد انڈوں کا ابالنا ہے) سب دواؤں کے برابر شکر سفید سب کے برابر بدستور معجون تیار کر کے 1 تولہ استعمال کرائیں۔

معجون پیٹھہ

یہ معجون باہ کو قوی کرتا اور بدن کو فربہ کرتا ہے، پیٹھہ 1 عدد، جائفل، لونگ، جوتری، ثعلب مصری ہر ایک 2 دام، سونٹھ، زیرہ سفید، زیرہ سیاہ ہر ایک ایک دام ناریل 4 دام مغز بادام، مغز پستہ کشمش ہر ایک آدھ پاؤ، چاندی کے ورق 6 ماشہ، مصری سوا سیر، شہد آدھ سیر، گائے کا گھی آدھ پاؤ، حسب دستور معجون تیار کریں۔

یاقوتی نہایت مقوی باہ ہے

یاقوت رمانی، لعل شفاف ہر ایک 22 ماشہ، بیخ مرجان سرخ، موتی ان بندھے، کہربائے شمعی ہر ایک 31 ماشہ، لاجورد مغسول 14 ماشہ عرق کیوڑہ میں کھرل کریں کہ مثل غبار کے ہو جائے، صندل سفید 45 ماشہ، گلاب میں پیس کر عود غرقی 2 ماشہ، برگ گاؤ زبان، مصطگی رومی، ریوند چینی خرفہ، تخم تلسی ہر ایک 3 تولہ 8 ماشہ، تخم بادرنجبویہ (بلی لوٹن) 14 ماشہ، تج، بہمن سفید، الائچی کلاں، ناگ کیسر، بالچھڑ، ساذج ہندی، (تیج پات) ہر ایک 61 ماشہ، تخم خیارین، تخم کاہو، مغز تخم کدو ہر ایک 2 تولہ 8 ماشہ، تخم کاسنی 3 تولہ 9 ماشہ کوٹ چھان کر مصری سفید ایک سیر شہد خالص پانچ سیر آب آنار آدھ سیر رب بہی ایک سیر عرق بید مشک گلاب خالص ہر ایک آدھ سیر میں قوام کر کے پسی ہوئی دوائیں اور جواہر اس میں ملائیں، عنبر اشہب 11 ماشہ، قوام کے درمیان میں ڈالیں، مشک خالص 11 ماشہ، گلاب میں پیس کر اس میں ملا دیں قوام سرد ہونے پر ورق چاندی 11 ماشہ، ورق سونا 11 ماشہ، ایک ایک ڈال کر اتنا حل کریں کہ جملہ اوراق حل ہو جائیں۔

معجون مفرح اہل ہند قوت باہ کے واسطے بے نظیر ہے

موصلی سیاہ، تخم مکھارہ سونٹھ، چیتہ، تخم سویہ، کھرکرا (گوکھرو) جائفل، جوتری، لونگ عقرقرحا، خولنجاں، نارجیل، دارچینی، اجوائن خراسانی، پیلا مول، پیپل، چھوٹی الائچی، بڑی الائچی، ہر ایک 22 ماشہ، مغز بادام، مغز پستہ، مغز بھلانوہ، مغز اخروٹ، زعفران ہر ایک 13 ماشہ، موچرس، بالچھڑ، ناگرموتھ، ہر ایک 9 ماشہ، مصری تمام دواؤں کے برابر روغن منشط اکبر، روغن دھتورہ، روغن نفاحی، روغن جوتری ہر ایک 9 ماشہ، دواؤں کو کوٹ چھان کر مذکورہ روغنوں میں ملا کر تگنے شہد میں معجون بنائیں۔

ترکیب روغن منشط اکبر: دو سیر بھنگ کے پتے لا کر ایک من دودھ اور دو سیر گھی میں جوش دیں، جب کسی قدر غلیظ ہو جائے تو صاف کر کے دہی جما کر بدستور معروف گھی نکالیں اور استعمال میں لائیں۔

ترکیب روغن دھتورہ: تخم دھتورہ آدھ سیر کو بیس سیر دودھ میں جوش دیں، جوش آنے پر صاف کر کے دہی جما کر بدستور گھی نکال کر استعمال کریں۔

ترکیب روغن نفاحی و روغن جوتری: جس کا چاہیں 4 سیر لا کر ایک سیر دودھ میں جوش دیں، اس کے بعد صاف کر کے دہی جما کر روغن نکالیں۔

معجون مقوی ہندی

تیج بل، بیج بند گجراتی، سریالی، سمندر سوکھ، تخم اوٹنگن، عقرقرحا گجراتی، تال مکھانہ، گوکھرو، تخم کونچ، موچرس، گوند ڈھاک، گوند ببول، ثعلب مصری ہر ایک ایک دام موصلی سفید دکھنی دو دام دارچینی، لونگ، جوتری ہر ایک 7 ماشہ جائفل 3 ماشہ زعفران 4 ماشہ جندبیدستر آدھا دام مصطگی رومی آدھا دام شہد کشمیری آدھ سیر بدستور معجون تیار کریں۔

معجون سہستان

مقوی، مولد، مغلظ ہے، موصلی سیاہ، موصلی سفید، تخم کونچ، تخم بنولہ، تخم اوٹنگن، شقاقل مصری

ثعلب مصری، مغز پستہ، مغز چرونجی ہر ایک تولہ، مغز ناریل، مغز چلغوزہ، مغز بادام شیریں تج ہر ایک 2 تولہ، تال مکھانہ سوا تولہ، پیپل، سونٹھ، دونو بہمن، موچرس، تل چھلے ہوئے ہر ایک 6 ماشہ، مصطگی عقر قرحا، ہر ایک 9 ماشہ، سپستان، (لبسوڑہ) گوند ببول، ہر ایک پاؤ سیر شہد آدھ سیر، شکر سفید ایک سیر، گائے کا گھی، آدھ پاؤ، زعفران 3 ماشہ، پہلے سپستان اور گوند کو کوٹ کر چھان کر گھی میں بھونیں، اس کے بعد قوام کر کے دوسری دواؤں کے ہمراہ گوند اور سپستان کو قوام میں شامل کریں، خوراک ایک تولہ سے 2 تولہ تک۔

معجون کشمش

یہ معجون مذکورہ بالا نسخہ کے ہم پلہ ہے، موچرس، ثعلب مصری، سمندر سوکھ، موصلی سیاہ، موصلی سفید، مغز بادام شیریں ہر ایک 5 دام، ستاور 10 دام، سونٹھ، کلنجن، ہر ایک 2 دام، کشمش آدھ سیر، شکر سفید ایک سیر، حسب دستور قوام میں معجون تیار کریں، خوراک 2 تولہ سے 3 تولہ تک ہمراہ گائے کے دودھ کے جس میں خرما جوش دیا گیا ہو۔

جوارش مقوی باہ

یہ معجون حکیم مسیحی کا ہے، جس نے اس کو منی کی افزائش کے لئے ترتیب دیا تھا، اسپست یعنی رطبہ کے بیج، تخم ترا تیزک، تخم گاجر، تخم ناگدون، تودری سفید، تودری سرخ، بہمن سرخ، بہمن سفید، تخم او نگن، تخم کرفس، مغز تخم خربزہ، تخم پیاز، کتیرا ہر ایک 30 ماشہ کوٹ چھان کر ترنجبین 2 سیر شب کے وقت پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں، پھر قوام کر کے پسی ہوئی دوائیں شامل کر کے یہ دوا دو تولہ دودھ کے ہمراہ متضنج (ایک قسم کی شراب ہے) کے ہمراہ استعمال کریں۔

یاقوتی نہایت مقوی باہ ہے

یاقوت 4 ماشہ، مروارید، ناسفتہ، یشب سبز، کہربائے شمعی، یشب، لاجورد، طباشیر سفید، ساذج ہندی، (تیج پات) ہر ایک 1 تولہ، گل سرخ، برگ گاؤ زبان، بہمنین، تودرین، کشنیز خشک، صندل سرخ سفید ہر ایک چار تولہ دوالہ (چھڑیلہ) دو تولہ، عود غرقی چھ 6 ماشہ، دانہ الائچی خورد، دانہ الائچی کلاں ہر ایک تین تولہ، دار چینی، ابریشم مقرض ہر ایک 2 تولہ، سنبل الطیب (بالچھڑ) چھ ماشہ، پوست اترج، (بجوڑا) تین تولہ، عنبر اشہب پانچ ماشہ، مشک خالص، زعفران، تخم فرنجمشک، (تلسی) درونج عقربی، بوزیدان، (ستاوری) مصطگی، پوست ہلیلہ زرد، آملہ، ہر ایک چھ ماشہ، قرنفل، (لونگ) مکو، ورق نقرہ، چاندی ہر ایک ایک تولہ نبات سفید۔ (مصری) شہد خالص ہر ایک آدھ سیر، آب سیب، آب ہی ہر ایک نیم آثار گلاب، بید مشک ہر ایک ایک سیر، ورق طلا (سونا) چھ ماشہ، بطریق مشہور قوام کریں۔

دیگر

یاقوت رمانی 22 ماشہ، لعل بدخشانی 4 ماشہ، بسد احمر (بیخ مرجان سرخ) مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی ہر ایک 7 ماشہ، لاجورد مغسول 13 ماشہ، ورق نقرہ (چاندی) ورق طلا سونا ہر ایک 11 ماشہ، صندل سفید 3 تولہ 9 ماشہ، گلاب میں پیسیں، عود غرقی 2 ماشہ، عنبر اشہب مشک خالص ہر ایک 11 ماشہ، گاؤ زبان، مصطگی ہر ایک 31 ماشہ، ریوند چینی 18 ماشہ، خرفہ، تخم فرنجمشک (تلسی) ہر ایک 31 ماشہ، تخم بادرنجبویہ (بلی لوٹن) 13 ماشہ، قرفہ (تج) طباشیر، نارمشک (ناگسیر) قاقلہ، الائچی سنبل الطیب (بالچھڑ) ساذج (تیجپات)

ہر ایک 15 ماشہ ، تخم خیار، تخم کاہو ، مغز تخم کرد ، ہر ایک 31 ماشہ ، تخم کاسنی 3 تولہ 9 ماشہ ، شربت بہی ایک سیر ، آب انار دانہ آدھ سیر، عرق بید مشک ، گلاب ایک ایک شیشہ بنات (مصری) سفید ایک سیر، شہد خالص پانچ سیر بدستور قوام کریں۔

دیگر یاقوتی مقوی باہ

یاقوت مروارید ، کہربا، بسد (بیخ مرجان) یشب لاجورد ہر ایک 9 ماشہ ، ساذج ہندی (تیزپات) گل سرخ، برگ گاؤ زبان، بہمنین، تودرین، کشنیز خشک ، آملہ صندلین ہر ایک 2 تولہ ، عود ہندی دانہ الائچی خورد، دانہ الائچی کلاں ، دار چینی ، ابریشم مقرض سنبل الطیب (بالچھڑ) پوست ترنج (سنگترہ) ہر ایک ایک تولہ ، مشک خالص 2 ماشہ ، زعفران ، فرنجمشک رام تلسی ، درونج عقربی ، بوزیدان (ستاوری) ہر ایک چھ ماشہ ورق نقرہ (چاندی) بیس عدد، ورق طلاء (سونا) بیس عدد، نبات (مصری) سفید ، تین پاؤ، عرق کیوڑہ گلاب ہر ایک ڈیڑھ پاؤ میں قوام کر کے بدستور بنائیں۔

جوارش جالینوس باہ کو قوت دیتی ہے

بالچھڑ ، الائچی ، سلیخہ دار چینی ، خولنجاں ، لونگ ، سونٹھ ، سعد کوفی ، فلفل کوٹھ بحری ، عود بلسان ، اسارون ، تخم مولرد ، چرائتہ ، زعفران ہر ایک 7 ماشہ ، مصطگی 17 ماشہ کوٹ چھان کر قند سفید مساوی لے کر قوام کر کے دوائیوں کو اس میں ملائیں۔

جوارش زعفران باہ کو زیادہ کرتی ہے

اساک لاتی ہے ، زعفران ، عود ہندی ، لونگ ، جائفل ، عقر قرحا خولنجاں ، دار چینی ، زنجبیل (سونٹھ) الائچی خورد ، مصطگی ہر ایک 21 ماشہ ، مغز بادام 14 ماشہ ، شکر سفید 9 تولہ شکر کو قوام کر کے دوائی کو اس میں ملائیں۔

دیگر

یہ جوارش نہایت مبہی ہے ، تخم اسپست ، تخم ترا تیزک ، تخم ہلیون ، تودری سرخ و سفید ، بہمن سرخ و سفید ، تخم او ٹنگن ، تخم کرفس ، مغز تخم خربزہ ، تخم پیاز ، تخم کنہرا سفید ہر ایک 17 ماشہ ، دار چینی ، خولنجاں ، شقاقل ، سونٹھ ، دار فلفل ، الائچی خورد ، بج ہر ایک 35 ماشہ کوٹ چھان کر ترنجبین پانی میں رات کو تر کر کے صبح کو صاف کر کے آتش نرم پر قوام کریں اور دوائی کو اس میں ملائیں ، خوراک 2 تولہ۔

دیگر

نہایت مبہی ہے ، اجوائن 7 ماشہ ، روغن بلسان ، فرفیون ، افیون خالص ، جند بید ستر ، بالچھڑ ، دار چینی ، سونٹھ پیپل ، زعفران ہر ایک 14 ماشہ ، دوائی کو کوٹ چھان کر روغن بلسان میں چرب کریں اور زعفران حل کر کے ملا دیں ، اور شہد خالص کف گرفتہ میں معجون بنا کر چینی کے برتن میں رکھیں ، چھ ماہ بعد استعمال کریں ، خوراک قوی لوگوں کو ایک چنے کے برابر اور لڑکوں کو مسور کے برابر۔

دیگر

میتھی ، تخم السی ، تخم شلجم ، پیاز ، سونٹھ ، موصلی ، سیاہ ، تخم او ٹنگن ، پیپل ، لونگ ، دار چینی ، عقر قرحا ،

کلنجن، جاوتری، جائفل ہر ایک 7 ماشہ، مغز پستہ، مغز چلغوزہ ہر ایک 10 ماشہ، مصری سفید برابر بدستور قوام کریں۔

دیگر

یہ جوارش عجیب النفع ہے، مقوی باہ اور جریان کے لئے بھی فائدہ مند ہے، ثعلب مصری، دار چینی، بہمن سفید، بہمن سرخ، موصلی سفید، بلی لوٹن، الائچی خورد، تودری زرد، تودری سفید، تل سفید، تخم گاجر، تخم شلجم، سمندر سوکھ، تخم ریحان، گوکھرو، خورد، ہر ایک 6 ماشہ باریک کر کے شہد خالص میں شیرہ مغز کدو شیرہ مغز تخم تربوز ہر ایک تولہ شریک کر کے بدستور جوارش کا قوام کریں، اور تیاری کے وقت جائفل جاوتری ہر ایک 6 ماشہ، زعفران، مشک خالص، مروارید ناسفتہ، یاقوت رمانی ہر ایک 3 ماشہ، بنسلوچن 6 ماشہ شریک کر کے چاندی کے برتن میں یا چینی کے برتن میں رکھیں اور ایک تولہ نوش فرمائیں۔

جوارش آملہ ضعف باہ کے واسطے نہایت مفید ہے

شیرہ آملہ 5 تولہ، زرشک 22 ماشہ، فاد زہر معدنی، کہربائے شمعی، گل داغستانی، گل ارمنی مغسول، بنسلوچن سفید، صندل سفید، مائیں خورد، گوند ببول، اجوائن، تخم بلیون، گل سرخ، عنبراشہب، ہر ایک سوا چار ماشہ، دھنیا خشک، تخم خرفہ، مغز تخم خیارین، مغز تخم خربزہ ہر ایک 14 ماشہ، مایہ شتر اعرابی 2 ماشہ، مصری سفید 35 تولہ رب شیریں، گلاب، عرق بید مشک ہر ایک 7 تولہ بدستور مشہور جوارش تیار کریں۔

دیگر

یہ جوارش تقویت باہ کے لئے نہایت مفید ہے، تج، عقرقرحا، لونگ، خولنجاں، اجوائن، زیرہ سبز، مساوی کوٹ چھان کر نبات سفید سہ چند کا قوام کر کے دوائیوں کو اس میں ملائیں، خوراک ڈیڑھ ماشہ سے ساڑھے 3 ماشہ تک۔

جوارش زرعونی منی کو زیادہ کرتی ہے

تخم کرفس، تخم گذر، تخم شلغم، اسپست، اجوائن دیسی، بادیاں، مغز تخم خربزہ، مغز تخم کھیرا، بیخ کرفس، مغز جنگلی انار دانہ، مغز حب الزلم، مغز نارجیل تازہ، مغز چلغوزہ ہر ایک 22 ماشہ جاوتری لونگ، فلفمویہ کبابہ، عقرقرحا، سونٹھ، ترا تیزک، پیاز، حب الرشاد، تخم انگن، تخم گندنا خولنجاں، جائفل، تج، دار فلفل، ہر ایک 10 ماشہ، زعفران، کندر، مصطگی، عود، ہر ایک 14 ماشہ تخم بلیون (ناگدون) بوزیدان بہمن سرخ، بہمن سفید، تودرین، شقاقل، اندرجو، ہر ایک 7 ماشہ، بصل الفار بریاں، ثعلب مصری جند بدستر ریگ ماہی ز، خشک مربی (گوکھرو) در شیر گاؤ خوشہ خرما، ہر ایک ڈھائی ماشہ، عنبراشہب 12 ماشہ، مشک خالص ڈھائی ماشہ، قند سفید دو چند عسل خالص ہموزن خوراک گرم مزاج کو 9 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔

دیگر

دار چینی، بالچھڑ، چھڑیلہ، چھوٹی الائچی، مولی تخم پیاز، تخم ترہ تیزک، جائفل، جاوتری ہر ایک 13 ماشہ، بہمن سرخ و سفید، اندرجو ہر ایک 32 ماشہ، شقاقل، تودری سرخ ہر ایک 2 ماشہ ثعلب مصری، خولنجاں، (کلیجن) چلغوزہ مغز نارجیل، مغز اخروٹ ہر ایک 3 تولہ 9 ماشہ، کوٹ چھان کر شہد خالص سہ چند

کاقوام کر کے دوائیوں کو اس میں ملا دیں۔

معجون دیگر نہایت مبہی ہے

مغز پستہ، حب الزلم (بن خام) ہر ایک ایک تولہ، تخم کونچ، مصطگی، صمغ ڈھاک، تخم خشخاش سفید و سیاہ ہر یک 6 ماشہ، چوب چینی، دار فلفل، زنجبیل ہر یک ماشہ، تودرین 2 تولہ، بسباسہ (جوتری) بہمنین، حب انقلقل (جنگلی انار دانہ) ہر ایک 6 ماشہ، زعفران 3 ماشہ، ستاور 8 ماشہ، ثعلب مصری، بیج بندار سورنجاں ہر ایک 6 ماشہ، مغز بادام مغز چلغوزہ، ہر ایک 2 ولہ مغز فندق مغز اخروٹ ہر ایک ایک تولہ، نارجیل (ناریل) تازہ 4 تولہ، بہوں پھلی، تخم انگن، گوکھرو خرد، سنگھاڑہ خشک، شقاقل مصری، تالمکھانہ، خرمائے خشک، ہر ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر شہد خالص یک چند، شکر سفید 2 چند، عرق کیوڑہ میں قوام کر کے دوائیوں کو اس میں ملائیں بعد اس کے زردی بیضہ مرغ 50 عدد نیم برشت ڈالیں۔

دیگر نہایت مبہی ہے

روغن گاؤ ایک سیر شہد خالص دو سیر آرد گندم آب خالص ہر ایک آدھ سیر سب کو یکجا کر کے قوام کریں اور ہر روز قدرے کھایا کریں۔

معجون مبہی کہ تقویت باہ میں بے نظیر ہے

اس معجون کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے، چند ہی روز میں اتنی قوت بڑھتی ہے کہ بیان سے باہر ہے، آزمایئے، اور نسخہ تجویز کرنے والے کو داد دیجئے، کندر مصطگی، مایہ شتر اعرابی ہر ایک 6 ماشہ، مغز بادام، مغز چلغوزہ مغز حب الزلم تخم خشخاش سفید و سیاہ ہر ایک 9 ماشہ دانہ ہیل خورد، ثعلب مصری بہجند بھونپھلی، پھلی ببول کونچ تودری بہمنین برگ گاؤ زبان ہر ایک 6 ماشہ مغز جوز بندی (مغز ناریل) 9 ماشہ بسباسہ (جاوتری) گل سیوتی گل سرخ ہر ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر قند سفید سہ چند کا قوام کر کے آب انار شیریں آب نیشکر آب زردک ہر ایک 20 تولے، آب نخود سیاہ دس تولہ ڈال کر ریگ ماہی نردو تولہ زردہ بیضہ مرغ 10 عدد پانی میں جوش کر کے روغن میں بریان کر کے قوام میں ڈالیں اور معجون بنائیں، ورق نقرہ (چاندی) ورق طلا (سونا) 2 ماشہ عنبر اشہب 6 ماشہ عرق بید مشک میں کھرل کر کے شامل کریں۔

جوارش

شہد جوش دے کر گاڑھا کر لیں پھر اس میں بڑے چلغوزوں کا مغز گاجر کے بیج، پیپل، شقاقل، دار چینی، تخم ترا تیزک باریک کر کے ملا دیں، اور جوارش تیار کر کے حسب ضرورت استعمال کرائیں، یہ جوارش باہ اور منی میں افزائش کرتا ہے اگر مریض تخم گاجر اور ترا تیزک مکروہ جانتا ہو تو بجائے ان کے حبتہ الخضرا (بن) یا پستہ بڑھا دیں۔

معجون مقوی باہ و مولد منی ہے

تخم ترا تیزک، تخم شلجم، تخم مولی، تخم ناگدون، ہر ایک 15 ماشہ، سونٹھ، پیپل، تودری سرخ، ثعلب مصری، پودینہ خشک، سقنقور (بن روہو) کی ناف ہر ایک 5 ماشہ، شقاقل خشک باقلائے خشک، مغز بنولہ ہر ایک 1 تولہ، تخم پیاز ڈھائی تولہ کوٹ چھان کر شہد کف گرفتہ میں یا شکر کے قوام میں معجون تیار کر کے جماع

سے پہلے بقدر اخروٹ کے استعمال کریں۔

دیگر

شقاقل، تخم تراتیزک، تخم گاجر، تودری سرخ، تودری سفید، سونٹھ، پیپل، ہر ایک 9 ماشہ، اندر جو خصیۃ الثعلب کندر، ہر ایک 3 ماشہ، ناریل کے تیل میں لت کر کے شہد یا شکر کے قوام میں معجون تیار کر کے ایک اخروٹ کے برابر استعمال کریں۔

دیگر

سونٹھ، ثعلب مصری، ہر ایک 9 ماشہ، تودری سرخ، تودری سفید، تخم اونٹکن، ہر ایک 1 تولہ، پیپل، سوسن کی جڑ، سفید چنے، تخم تراتیزک، اسپست (یعنی رطبہ) کے بیج، تخم شلجم، ناگدوں کے بیج، تخم پیاز ہر ایک تولہ، باریک پیس کر ریشمی کپڑے سے چھان کر روغن تل میں ملا کر شہد کف گرفتہ معجون بنالیں۔

دیگر

مغز بنولہ، مغز کڑ، مغز ترمس، مغز چلغوزہ، مغز پستہ، تخم ناگدوں، حب قلقل (جنگلی انار دانہ) ناریل، مغز اخروٹ ہر ایک ایک حصہ، شقاقل، سونٹھ، حبۃ الخضرا (بن) اندرجو، ہر ایک آدھے حصے سب کو باریک کر کے شہد کف گرفتہ میں معجون تیار کرلیں، مقدار خوراک ایک اخروٹ کے برابر۔

دیگر

تل چھلی، بنولہ، تخم ناگدوں، ہر ایک تولہ، پیپل، سونٹھ، مغز چلغوزہ، حبۃ الخضرا (بن) شقاقل ہر ایک 3 ماشہ، پودینہ خشک 9 ماشہ، خصیہ الثعلب تولہ، سب کو پیس کر شہد کف گرفتہ میں معجون تیار کر کے بقدر ضرورت استعمال کریں۔

دیگر

حب القلقل (جنگلی انار دانہ) حبۃ الخضرا (بن) تخم ہالوں، تل چھلے ہوئے ہر ایک 5 تولہ، سونٹھ پیپل ہر ایک 1 تولہ، پودینہ، ثعلب مصری، تخم ناگدوں، تخم گاجر، تخم تراتیزک، تخم مولی، تخم شلجم، تخم پیاز، تخم گندنا، اندرجو، سقنقور (بن روہو) کا نمک، ہر اک 2 تولہ، تخم اونٹکن، 1 تولہ شقاقل مصری خشک 4 تولہ، بیج، بہمن سرخ، بہمن سفید، تودری سفید، تودری سرخ ہر ایک 2 تولہ دونوں کو کوٹ چھان کر روغن بادام شیریں میں تر کر کے شہد کف گرفتہ اور شکر سفید کے قوام میں معجون تیار کر کے 4 ماشہ کھلائیں۔

نسخہ دواء البصل

بصل پیاز کو کہتے ہیں، چونکہ اس دوا کا جز اعلیٰ پیاز ہے، اس لئے دواء البصل نام رکھا گیا۔ نہایت مقوی اور مفید دوا ہے، اور بایں اوصاف سہل الحصول اور قلیل الاجزا ہے سفید پیاز کو کوٹ کر عرق نچوڑ لیں، پھر یہ عرق پاؤ سیر، اور شہد آدھ سیر ملا کر ہلکی آگ پر پکا کر قوام کرلیں سوتے وقت دو چمچہ کھالیا کریں۔

معجون مقوی باہ

مغز چلغوزہ 2 حصے، تخم تراتیزک، مغز تخم خربزہ ہر ایک ایک حصہ، کول مرچ، چوتھائی حصہ، دار چینی

آدھا حصہ سب کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر کھلائیں۔

معجون لبوب

مغز بادام شیریں، مغز فندق، مغز ناریل، مغز چلغوزہ، مغز حب قلقل (جنگلی انارانہ کے مغز) مغز حبۃ الخضراء (بن) ہر ایک ہموزن، سونٹھ، پیپل، نار مشک (ناگیسر) ہر ایک تہائی حصے، شکر سفید اس قدر کے اس میں معجون بن سکے، معجون بنا کر روزمرہ صبح و شام ایک انڈے کے برابر استعمال کریں۔

نسخہ دواء الترنجبین

یہ دوا باہ کے لئے مفید ہے اور منی بڑھاتی ہے، تازہ دودھ ایک سیر، اس میں 6 تولہ ترنجبین شامل کر کے پکائیں، بعد تیاری قوام اوتار کر ہر روز 9 تولہ استعمال کریں۔

نسخہ دیگر

کالے چنے ترا تیزک کے پانی میں بھگوئے جائیں، جب کسی قدر پھول جائیں، تو سایہ میں سکھا کر قند یعنی شکر کے قوام میں ملا کر ایک اخروٹ کے برابر صبح اور ایک ریٹھہ کے برابر سوتے وقت استعمال کریں، اور اس پر ایک پیالہ نبیذ (شراب) کا پئیں۔

معجون مقوی باہ و ممسک ہے

بوزیدان (ستاوری) سورنجان تودرین بہمنین زنجبیل (سونٹھ) پودینہ خشک، خسک (گوکھرو) مربے ہر ایک ساڑھے دس ماشہ، خولنجان (کلنجن) شقاقل مصری ثعلب مصری ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ، انفحہ مایہ شتر اعرابی 7 ماشہ، خشخاش سفید، کنجد مقشر (تل چھلی) تخم گذر دار، فلفل (پیپل) ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گاؤزبان بادرنجبویہ (بلی لوٹن) فرنجمشک ہر ایک 7 ماشہ، سنبل الطیب (بال چھڑ) الائچی کلاں عود خام ہر یک 3 ماشہ و نصف زرنباد (نرکچور) مصطگی رومی جوزبوا (جائفل) بسباسہ (جوتری) زعفران ہر ایک 10 ماشہ، اندرجو، دارچینی، قرنفل (لونگ) الائچی خورد ہر ایک 7 ماشہ، کزمازج (مائیں کلاں صمغ عربی ہر ایک 3 ماشہ نیم برزالنبیغ (اجوائن خراسانی) 17 ماشہ، سمک مغز، سر کنجشک نر، ہر ایک 7 ماشہ، جند بید ستر درونج عقربی ہر ایک 3 ماشہ، قسط شیریں 10 ماشہ، مغز حب الزلم (بن خام) مغز نارجیل (ناریل) مغز بادام، مغز پستہ، مغز فندق ہر ایک 7 ماشہ، مغز تخم خربزہ ساڑھے دس ماشہ ورق نقرہ (چاندی) عنبر اشہب ساڑھے تین ماشہ، مشک ترقی سوا ماشہ عسل خالص سہ چند۔

دیگر

دارچینی قسط (کوٹ) شیریں بال چھڑ سونف سونٹھ، نعناع خشک برگ صعتر پودینہ خشک سلیخہ (تج) ہر ایک ڈیڑھ تولہ زعفران ساڑھے دس ماشہ، تیج پات پیپل مرچ سفید مرچ سیاہ تگر تخم انجرہ (ادنگن) کلنجن شقاقل ہر ایک ایک تولہ، سوا آٹھ ماشہ، عقرقرحا الائچی کلاں، تخم ترب (مولی) تخم قنب (بھنگ) تخم شلجم ہر ایک 9 ماشے کنجد مقشر مغز اخروٹ مغز بادام شیریں مغز چلغوزہ ہر ایک پونے چار تولے اگر خام ساڑھے تیرہ ماشہ شکر سفید برابر شہد خالص نصف

دیگر مقوی باہ مجرورین

مغز تخم کدوی شیریں خرفہ سیاہ گل سرخ تخم خشخاش سفید' گل گاؤ زبان' ابریشم مقرض صندل سفید عود ہندی درونج عقربی زرنباد (نرکچور) بہمن سفید طباشیر سفید' ریوند چینی شقاقل مصری مغز بادام' مغز چلغوزہ نارجیل (ناریل) مغز تخم خربزہ' ثعلب مصری ۔ یک یک جزو عنبر اشہب 3 ماشہ' زعفران 4 ماشہ' آب زردک بقدر حاجت عسل خالص پکجند قند سفید دو چند 9 ماشہ۔

دیگر

نہایت مقوی باہ' موصلی سیاہ' موصلی سفید' بہمن سفید و سرخ جائفل جاوتری ہر ایک نو ماشہ تخم خشخاش سفید' شقاقل مصری ثعلب مصری ہر یک چھ ماشہ مغز بادام ایک تولہ کوٹ چھان کر شکر سفید سہ چند کا قوام کر کے دوائیوں کو اس میں ملائیں' آگ سے اتار کر زعفران نو ماشہ مشک خالص چار ماشہ عنبر اشہب تین ماشہ باریک پیس کر اس میں ملائیں۔

دیگر

تخم ہلیون' تخم انگن' تخم شلغم' تخم گذر' تخم ترب (مولی) تخم جرجیر (ترا تیزک) تخم پیاز' حب محلب (کھیونی) حب الصنوبر (چلغوزہ) مغز حب الزلم' مغز حب القلقل (بن خام) مغز تخم کونچ' اسبند تخم گندنا ہر ایک ساڑھے چار ماشہ' مغز پنبہ' مغز چلغوزہ 4 ماشہ' سورنجان شیریں تالمسھتو ہر ایک ماشہ زرنبادر (نرکچور) موصلیں دانہ الائچی سفید' زیرہ سفید قسط (کوٹ) شیریں ثعلب مصری ہر ایک 9 ماشہ' کلیجن ساڑھے چار ماشہ سب کو کوٹ چھان کر روغن پستہ میں چرب کر کے شہد خالص یک چند قند سفید دو چند کا قوام کر کے دوائیوں کو اس میں ملائیں' مشک خالص زعفران ہر ایک ساڑھے تین ماشہ' عرق گلاب میں حل کر کے اس میں ورق نقرہ (چاندی) 4 ماشہ' ورق طلا (سونا) 3 ماشہ داخل کریں' خوراک 9 ماشہ۔

دیگر

بال چھڑ ساڑھے چار ماشہ' جاوتری' جائفل الائچی خورد' سونٹھ' دار چینی' لونگ' زعفران' بہمن سرخ' بہمن سفید' عود صلیب' مصطگی مغز نارجیل (ناریل) تیزپات خسکدانہ (کنڑ) نیرہ تخم شبت (سویا) نانخواہ (اجوائن دیسی) زیرہ سیاہ' تخم گذر' مغز بادام شیریں' مغز پستہ جند بید ستر یعنی خصیہ بلاؤ ہر ایک 27 ماشہ مویز سرخ و سیاہ ہر ایک 13 ماشہ شہد خالص سچند بطریق مشہور معجون بنائیں۔

دیگر

نہایت مبہی ہے' دار چینی' سنبل الطیب (بال چھڑ) پوست بیرون پستہ جوزبوا (جائفل) مغاث (بھٹوانس) بغدادی خولنجان (کلیجن) بہمن سرخ و سفید' شقاقل' پوست بلیلہ دوالہ (چھڑیلہ) بادرنجبویہ (بلی لوٹن) گاؤ زبان ہر ایک 10 ماشہ مصطگی الائچی' خورد زرنب (طالیسفر) زنجبیل اسارون (دیگر) ساذج ہندی (تیزپات) کباب چینی پوست ترنج (سنگترہ) زرنباد (نرکچور) صندل سفید حب القلقل (جنگلی انار دانہ) انیسون نغاع (پودینہ) بسباسہ (جاوتری) ہلیلہ سیاہ بوزیدان زعفران جدوار کہربائے شمعی مروارید ناسفتہ مرجان ہر ایک 3 تولہ سعد کوفی (ناگر موتھ) سرخ ہر ایک، 14 ماشہ' ماہی روبیان (جھینگا مچھلی) ثعلب مصری

تودری ہر ایک سوا تولہ' مشک 2 ماشہ ورق طلا آٹھ عدد' ورق نقرہ پچاس عدد' شہد خالص سہ چند۔

دیگر

تقویت باہ کے واسطے مفید ہے' قرفہ (تج) کباب چینی' مصطگی فلفل سیاہ (گول مرچ) دار فلفل (پیپل) زنجبیل (سونٹھ) ثعلب مصری قرنفل (لونگ) ہر ایک ساڑھے چار ماشہ' مغز نارجیل (ناریل) مقشر 9 ماشہ کوٹ چھان کر سہ چند شہد میں قوام کریں اور آخر میں ایک عدد جوزبوا (جائفل) 2 ماشہ زعفران گلاب میں پیس کر اضافہ کریں۔

دیگر

نہایت مبہی ہے' اسارون (تگر) دار چینی دوالہ (چھڑیلہ) مغز تخم خیارین ہر ایک 9 ماشہ مصطگی بوزیدان (ستاوری) زعفران مایہ شتر اعرابی زنجبیل (سونٹھ) خسک مربا (گوکھرو پروردہ) تودری زرد پیاز عنصل شوی (جنگلی پیاز بھنی ہوئی) تخم ترب (مولی) تخم پیاز' تخم ترہ تیزک جوزبوا (جائفل) بسباسہ (جاوتری) ہر ایک 4 ماشہ' بہمن اندر جو تلخ ہر ایک ساڑھے بائیس ماشہ' تودری سرخ شقاقل مصری ہر ایک 27 ماشہ ثعلب مصری خولنجاں (کلنجن) مغز نارجیل (ناریل) مقشر مغز چلغوزہ مغز اخروٹ ہر ایک 3 تولہ 9 ماشہ' سہ چند شہد خالص 6 تولہ' گائے کے تازہ دودھ کے ساتھ کھائیں۔

دیگر

مغز بادام' جوزبوا (جائفل) پنبہ دانہ (نبولہ) چلغوزہ' فندق' پستہ' انجکک (کڑھندی) تخم خربزہ' تخم ہلیون' حب النیل (کالا دانہ) تخم خشخاش گذر شقاقل ہر ایک دو تولہ' حب السمنہ (چرونجی) نارجیل (ناریل) بہمنین تودرمین کنجد (تل) بریان ہر ایک 3 تولہ' خولنجان کبابہ قرنفل (لونگ) زنجبیل ہر ایک ایک تولہ' ثعلب مصری' جند بید ستر ہر ایک چار تولہ عسل خالص' قند سفید عنبر اشہب مشک خالص ہر ایک 3 ماشہ' خوراک 9 ماشہ۔

دیگر

نہایت مقوی باہ ہے' مغز چلغوزہ' خشخاش سفید' موصلی سیاہ' کلیجن قرنفل (لونگ) ثعلب مصری' جاوتری' بھوں پھلی' تالمکھانہ بیجند' سیاہ بدبنڈی تج ہر ایک چار تولہ کانچ نو ماشہ سب کو باریک کر کے پاؤ سیر گھی میں چرب کر کے شہد خالص آدھ سیر کا قوام کر کے دوائیوں کو اس میں ملائیں دو ماشہ صبح اور دو ماشہ شام کو کھائیں۔

دیگر

تقویت باہ کے واسطے عجائبات ہے' مشک خالص ساڑھے چار ماشہ' عنبر اشہب زعفران' اندر جو ہر ایک 9 ماشہ جارجیل (ناریل) تخم پیاز مغز چلغوزہ تخم ہلیون خشک مربہ گوکھرو (پروردہ) بسباسہ (جوتری) مغز پنبہ دانہ (بنولا) انجرہ (اونگن) ہر ایک 13 ماشہ مغز پستہ' تودری سرخ تودری سفید ہر ایک 18 ماشہ قرفہ (تج) جند بید ستر بہمنین' زنجبیل تخم خشخاش سفید حبتہ الخضرا (بن) ہر ایک پانچ مثقال پنیر مایہ شتر اعرابی 2 تولہ 9 ماشہ ثعلب مصری 6 تولہ ریگ ماہی نر دو تولہ' قند سفید برابر۔

دیگر

نہایت مبہی عقر قرحا 3 تولہ خولنجان 3 تولہ جوزبوا (جائفل) ثعلب مصری ہر ایک دو تولہ زعفران شقاقل بہمن سرخ بہمن سفید تودری سفید تودری سرخ تودری زرد ہر ایک یکتولہ فلفل دراز (پیپل) دو تولہ بسباسہ (جاوتری) مصطگی دو تولہ ہلیون دس تولہ تخم زردک مغز بلادر (بھلانوان) ہر ایک دو تولہ مغز بادام 3 تولہ مغز چلغوزہ اسگند ہر ایک 3 تولہ کنجد (تل) مقشر 4 تولہ زنجبیل (سونٹھ) دو تولہ، تخم انجرہ (اونگن) تخم کونچ ہر ایک ایک تولہ سمندر سوکھ چھ ماشہ قند سفید پچاس تولہ شہد خالص ایک سو پچاس تولہ خوراک اول 4 ماشہ بعدہ چھ ماشہ صبح و چھ ماشہ شام"

دیگر

نہایت مبہی مشک تبتی 2 ماشہ عنبر اشہب ساڑھے چار ماشہ مصطگی زرنب (طالیس) الائچی خورد قرنفل (لونگ) اسارون (تگر) ساذج ہندی (تج پات) کباب چینی پوست ترنج (سنگترہ) درونج زرنباد (نرکچور) صندل سفید صندل سرخ حب قلقل (جنگلی انار دانہ) انیسون نعناع (پودینہ) بسباسہ (جوتری) ہلیلہ سیاہ بوزیدان (ستاوری) زعفران جدوار بریاں مروارید ناسفتہ مرجان ہر ایک 7 ماشہ دار چینی دوالہ (چھڑیلہ) سنبل الطیب (بالچھڑ) پوست بیروں پستہ جوزبوا (جائفل) مغاث (بھٹوانس)، خولنجان بہمنین شقاقل پوست ہلیلہ بادرنجبویہ گاؤزبان ہر ایک 10 ماشہ سعد کوفی (ناگرموتھ) گل سرخ ہر ایک 4 ماشہ باشہ ماہی روبیاں (جھینگا مچھلی) ثعلب مصری تودری ہر ایک 17 ماشہ ورق طلا (سونا) تیس عدد ورق نقرہ (چاندی) پچاس قند سفید سہ چند۔

دیگر

منی کو زیادہ کرتی ہے، نارجیل (ناریل) چلغوزہ بہمنین شقاقل ثعلب مصری عقر قرحا دارچینی قرفہ (تج) دار فلفل (پیپل) سب کو کوٹ چھان کر روغن پستہ میں چرب کریں شہد خالص دو چند کا قوام کر کے دوائیوں کو اس میں ملا دیں۔

دیگر

مقوی باہ، اسارون (تگر) دار چینی سنبل الطیب (بالچھڑ) اشنہ (چھڑیلہ) دانہ ہیل خورد مغز تخم خیارین ہر ایک 9 ماشہ مصطگی بوزیدان زعفران مایہ شتر اعرابی زنجبیل تودری زرد پیاز عنصل مشوی (جنگلی پیاز بھنی ہوئی) تخم ترب (مولی) تخم پیاز، تخم تراتیزک جوزبوا (جائفل) بسباسہ (جاوتری) ہر ایک 13 ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید اندر جو ہر ایک 22 ماشہ شقاقل مصری تودری سرخ ہر ایک 27 ماشہ ثعلب مصری خولنجان مغز چلغوزہ مغز نارجیل (ناریل) مغز اخروٹ ہر ایک 2 تولہ 9 ماشہ کوٹ چھان کر سہ چند شہد میں معجون بنائیں۔

دیگر

نہایت مقوی باہ و ممسک، تیج پل بیجبند سریالی سمندر سوکھ تخم اونگن عقر قرحا گجراتی تالمکھانہ گوکھرو تخم کونچ و موچرس گوند ڈھاک صمغ عربی ثعلب مصری ہر ایک ایک دام موصلی سفید دو دام دار چینی قرنفل

(لونگ) جاوتری ہرایک سات ماشہ جوزبوا (جائفل) ایک دام زعفران چار ماشہ جند بید ستر' نیمدام عسل (شہد) خالص آدھ سیر بطریق مشہور معجون بنادیں۔

دیگر

نہایت مقوی باہ ہے' چوب چینی 8 تولہ 9 ماشہ مویز منقی 5 تولہ مغز تخم کدو 22 ماشہ مغز تخم خیارین 2 تولہ صندل سفید غاریقون سقنقور (بن رد ہو) گاؤزبان سورنجان' بادرنجبویہ اسطوخودوس ماہی رو بیان (جھینگا مچھلی) ہرایک 22 ماشہ مغز فندق (ریٹھہ) مغز بادام مغز پستہ مغز چلغوزہ مغز بن سر کنجشک کنجد (تل) سفید خشخاش سفید تخم جرجیر (تراتیزک) تخم معصفر تخم خرفہ تخم کرفس مصطگی شقاقل بوزیدان کش کرما (خوشہ خرما) ریوند چینی لاجورد مغسول اسپند بیخ نفاح (جنگلی بیگن) بیخ شیشی ورق الخیال (بھنگ) جوزبوا (جائفل) بسباسہ (جوتری) مغز نارجیل (ناریل) مغز حب الزلم (بن خام) اور مغز پنبہ دانہ (بنولہ) تخم بلبون تخم انجرہ (اونگن) تخم گندر تخم شلغم' تخم پیاز تخم جرجیر (تراتیزک) تخم بابونہ انیسون سیاہ دانہ فرنجمشک (تلسی) کباب چینی' قرفہ (تج) خولنجان قرنفل (لونگ) کندر اندر جو سنبل الطیب قاقلہ صغارا (چھوٹی الائچی) تودری سرخ تودری زرد مغاث (بھٹوانس) ثعلب مصری' خسک زنجبیل حب الغار حب القلقل اسارون دج مسازج ہندی سعد کوفی' اشنہ (چھڑملہ) درونج عقربی عقرقرحا شیطرج (چیتہ) زراوند گرد پوست بلیلہ آملہ مقشراشترغار (اونٹ کٹارہ) زرنباد (نرکچور) پوست اترج (سنگترہ) حبنطہانہ (پکھان بید) قسط شیریں پودینہ خشک عود خام صندل ابریشم مقرض دار فلفل ہرایک 6 ماشہ بہمنین 9 ماشہ فلفل سفید 6 ماشہ حب نسیان بیخ بابونہ زیت گل مختوم ہرایک آدھ ماشہ ماہئہ شتراعرابی جند بید ستر مروارید ناسفتہ ہرایک 11 ماشہ یاقوت یشب ہرایک 20 ماشہ ورق طلا (سونا) ورق نقرہ (چاندی) ہرایک سو عدد مشک خالص عنبر الشہب ہرایک 20 ماشہ شہد خالص سب کا قوام کریں ظرف چینی میں رکھیں۔

دیگر

نہایت مبہی ہے' مغز پستہ مغز حب الزلم (بن خام) ہرایک ایک تولہ مغز تخم کونچ مصطگی ڈھاک کا گوند تخم خشخاش سفید تخم خشخاش سیاہ چوب چینی پیپلا موڑ' دار فلفل (پیپل) سونٹھ جاوتری بہمنین مغز حب القلقل (جنگلی انار دانہ) ثعلب مصری بیجبند سورنجان شیریں بہوں پھلی تخم اونگن گوکھرو خورد' سنگھاڑہ خشک شقاقل مصری تال مکھانہ ہرایک چھ ماشہ تودریں مغز چلغوزہ مغز بادام شیریں ہرایک دو تولہ مغز فندق (ریٹھہ) مغز اخروٹ ہرایک ایک تولہ نارجیل (ناریل) تازہ خرمائے خشک ہرایک چار تولہ کوٹ چھان کر شہد خالص یک چند قند سفید دو چند کیوڑہ کے عرق میں قوام کر کے دوائیوں کو اس میں ملا دیں' بعدہ' مرغ کے انڈے کی زردی 5 عدد داخل کریں۔

دیگر

مقوی باہ' طباشیر' کبود' کہربائے شمعی' ہرایک چھ ماشہ مغز فندق نو ماشے مغز بادام ایک تولہ مغز پستہ حبتہ الخضرا (بن) مغز اخروٹ مغز چلغوزہ ہرایک 9 ماشہ حب الزلم (بن خام) چھ ماشہ شقاقل مصری بہمن سفید ہرایک نو ماشے' حب القلقل (جنگلی انار دانہ) سات ماشے ثعلب مصری ایک تولہ نارجیل (ناریل) تازہ ڈیڑھ تولہ مغز تخم کدوئے دراز تخم ہندوانہ (تربوز) تخم پیٹھ ہرایک دو تولہ تخم خیارین 3 تولہ

نرفہ سیاہ تخم خربزہ ہر ایک ایک تولہ عنبر اشہب 3 ماشہ برزانج (اجوائن خراسانی) سفید چھ ماشہ صندل سفید کھوا برگ گاؤ زبان ہر ایک 9 ماشہ مربائے سیب تین عدد مربائے آملہ مربائے بہی مربائے ناشپاتی تین عدد ورق نقرہ (چاندی) چھ ماشہ ورق طلائے (سونا) ایک ماشہ قند سفید دو چند شربت انار شیریں پاؤ سیر عرق گاؤ زبان عرق کیوڑہ پونے دو سیر بدستور معجون بنائیں۔

دیگر

مقوی باہ' موصلی سیاہ و سفید بہمن سرخ بہمن سفید جوزبوا (جائفل) بسباسہ (جاوتری) ثعلب مصری شقاقل مصری ہر ایک 9 ماشے تخم خشخاش سفید چھ ماشے بادام شیریں ایک تولہ کوفتہ بیختہ شکر سفید سہ چند کا قوام کر کے ادویہ مسحوقہ اس میں ملا کر آگ سے اتار کر زعفران نو ماشہ مشک خالص چار سرخ عنبر اشہب چار ماشہ پیس کر ملا دیں۔

دیگر

معجون مقوی باہ محرورین' صندل سفید دو ماشہ ابریشم مقرض ثعلب مصری برگ گاؤ زبان زہر مہرہ خطائی طباشیر کبود ہر ایک تین ماشہ مغز بادام شیریں مغز پستہ مغز چلغوزہ مغز حب الزلم (بن خام) مغز فندق مغز حبۃ الخضرا (بن) ہر ایک پانچ ماشہ نارجیل (ناریل) تازہ سات ماشہ شقاقل بہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک پانچ ماشہ مغز تخم کدو مغز تخم ہندوانہ (تربوز) مغز تخم خیار مغز تخم خربزہ ہر ایک سات ماشہ چوب چینی 5 تولہ ورق تراشیدہ مربائے آملہ مربائے سیب مربائے بہی مربائے ناشپاتی آب انار شیریں ہر ایک آدھ پاؤ قند سفید سوا دو سیر۔

دیگر

نہایت مقوی باہ' کچلہ ایک تولہ زعفران مرچ سیاہ مرچ سفید نخود (چنے) قماری عود بلسان عقر قرحا الائچی سفید الائچی سرخ آملہ سنبل الطیب (بال چھڑ) تالمکھانہ' دارچینی اندر جو شیریں مصطگی ہلیلہ کلاں بادیاں قرنفل (لونگ) سعد کوفی (موتھ) فلفل دراز (پیپل) جوزبویہ (جائفل) ہر ایک چھ ماشہ شہد خالص سہ چند ادویہ اول کچلہ کو پانی میں سات روز تک کھرل کریں آٹھویں روز اوپر کا پوست نکال کر آرد گندم میں غلولہ بنا کر سات روز تک اس غلولہ کو بدستور رہنے دیں' آٹھویں روز آب نیم گرم سے دھو کر ہمراہ جملہ ادویہ کے سفوف کریں' پس شہد خالص کا قوام کر کے بدستور معمول معجون تیار کریں' بقدر ساڑھے چار ماشہ صبح کو کھایا کریں' جو شخص چالیس روز تک استعمال کرے' انتہا درجہ کی قوت باہ ہوتی ہے۔

دیگر

نہایت مقوی باہ ہے' زعفران خولنجان (کلیجن) مغز فندق ہر ایک 7 ماشہ ثعلب مصری شقاقل ہر ایک 17 ماشہ صندل سفید تودری زنجبیل (سونٹھ) کتھوا انیسون مغز حب الصنوبر (چلغوزہ) صمغ عربی دار چینی قرنفل (لونگ) ہر ایک 10 ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک 3 ماشہ مغز نارجیل (ناریل) مغز پستہ مغز بادام ہر ایک پانچ درم اساروں (تگر) مویز منقیٰ ہر ایک 13 ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک 3 ماشہ مغز نارجیل (ناریل) قند سفید ہموزن ادویہ شہد خالص دو چند ادویہ بدستور معمول معجون تیار کریں وقت صبح ساڑھے چار ماشہ تا ایک تولہ ہمراہ گلاب تناول کریں۔

دیگر

نہایت مبہی ہے، مصطگی کندر برگ بادرنجبویہ پوست بلیلہ شیطرج ہندی (چیتہ) زنجبیل (سونٹھ) ثعلب مصری شقاقل مصری مغز پستہ مغز بادام مغز حب الزلم (بن خام) مغز چلغوزہ مغز تخم کدوے شیریں مغز حب قرطم (کڑ) تخم خشخاش سیاہ مغز فندق دار چینی طباشیر کبود زرورد موصلی سیاہ و سفید ستاور گل سرخ ہر ایک 7 ماشہ کوٹ چھان کر مویز منقیٰ آدھ پاؤ پانی میں پیس کر قند سفید یک وزن کا قوام کر کے دوائیوں کو اس میں ملائیں۔

دیگر

معجون نہایت مقوی باہ ہے، گل سرخ، عقر قرحا سعد کوفی (ناگر موتھ) قرنفل (لونگ) سنبل الطیب (بالچھڑ) مصطگی زرونباد (نرکچور) زعفران الائچی خورد جوزبوا (جائفل) الائچی کلاں مساوی قند سفید و عسل خالص دو چند قند کو گلاب میں حل کر کے شہد کا قوام کر کے دوائیوں کو ملائیں۔

دیگر

معجون بیحد ممسک ہے، تریاق اس کا ترشی ہے، افیون جوزبوا (جائفل) قرنفل (لونگ) مشک خالص زعفران فلفل (گول مرچ) زنجبیل (سونٹھ) خرفہ مساوی شہد خالص برابر 2 ماشہ سے ایک درم تک جس شب کو آمادہ ہو، وقت عصر کے کھائیں اور بعد عشاء کے مشغول ہوں۔

معجون پنبہ دانہ

نہایت مقوی باہ ہے، بنولہ کا مغز پانچ تولہ دار چینی دو تولہ لونگ مغز چلغوزہ، مغز تخم انگن ہر ایک دو تولہ سونٹھ مصری ہر ایک چار تولہ کا نفل تین تولہ کوتھ شیریں السی بریاں مصطگی ہر ایک بیس ماشہ کوٹ پیس کر ایک سیر شہد خالص میں معجون بنائیں۔

دیگر

واسطے اعادہ باہ کے مفید ہے، پنبہ دانہ 5 تولہ 10 ماشہ دار چینی تخم انجرہ (اونگن) قرنفل (لونگ) حب الصنوبر (چلغوزہ) ہر ایک 4 تولہ 4 ماشہ سپستان 2 تولہ شقاقل زنجبیل (سونٹھ) ہر ایک 2 تولہ 9 ماشہ قسط (کوٹ) تخم کتاں (السی) بریاں مصطگی ہر ایک 14 ماشہ کوٹ چھان کر شہد مقوم میں ملائیں اور بقدر 4 ماشہ کھائیں۔

دیگر

منی کو زیادہ کرتی ہے، اور باہ کو زیادہ کرتی ہے، عضو و دماغ کو قوت دیتی ہے، نشاط لاتی ہے اور بدن کو فربہ کرتی ہے، قوت باہ میں بے نظیر ہے، مغز فندق مغز بادام مغز حبتہ الخضرا (بن) مغز اخروٹ مغز چلغوزہ مغز حب الزلم (بن خام) ماہی روبیان (جھینگا مچھلی) خولنجان (کلنجن) شقاقل مصری بہمن سرخ بہمن سفید تودری سرخ تودری زرد زنجبیل (سونٹھ) کنجد مقشر دار چینی ہر ایک 7 ماشہ بالچھڑ سعد کوفی (ناگر موتھ) لونگ کبابہ حب القلقل (جنگلی انار دانہ) تخم گذر تخم شلغم تخم ترب (مولی) تخم پیاز تخم شبت (سویا) تخم ہلیون اندر جو دردنج عقربی زرنباد (نرکچور) ہر ایک 10 ماشہ جائفل جاوتری دار فلفل (پیپل) ہر ایک 7

ماشہ ثعلب مصری نارجیل (ناریل) تازہ مغز سر کنجشک نر خام خشخاش سفید ہر ایک 4 تولہ 9 ماشہ جند بید ستر 3 ماشہ سورنجان' بوزیدان (ستاوری) پودینہ خشک ہر ایک 4 ماشہ ماشہ شترا عرابی زعفران مصطگی ہر ایک 13 ماشہ عود خام 9 ماشہ ورق طلاء (سونا) 20 عدد اور ورق نقرہ (چاندی) پچاس عدد عنبر اشہب 4 ماشہ مشک خالص 2 ماشہ شہد خالص سہ چند بطریق مشہور معجون بنادیں۔

دیگر

مغز بادام مغز چلغوزہ 'مغز حب السمنہ (چرونجی) تخم خشخاش سفید کنجد (تل) مقشر مغز فندق مغز حب القلقل (جنگلی انار دانہ) مغز حبہ الخضرا (بن) دارچینی خولنجان (کلنجن) موچرس ہر ایک 3 ماشہ مغز نارجیل (ناریل) بہمنین تودریعن دانہ الائچی خورد و کلاں ہر ایک 4 ماشہ کشش مویز منقی ہر ایک چھ ماشہ خرمائی سلیمانی ایک تولہ شقاقل مصری تخم کرفس اندر جو درونج عقربی پودینہ طباشیر سفید 'مصطگی' تالمکھانہ کباب چینی بسبا سہ (جاوتری) زنجبیل (سونٹھ) دار فلفل (پیپل) پوست اترج (رنگترہ) خسک مربی (گوکھرو پردردہ) قرنفل (لونگ) تخم گذر تخم شلغم تخم ہیون تخم کونچ' زرنباد (نرکچور) مغاث (بھٹوانس) ہر ایک دو ماشہ سنبل الطیب (بال چھڑ) عنبر اشہب ہر ایک ایک ماشہ چوب چینی 7 ماشہ فوہ (مجیٹھ) دو ماشہ قند سفید 3 تولہ 8 ماشہ ترنجبین آدھ پاؤ شہد خالص چودہ خام زعفران ایک ماشہ بدستور معجون بنائیں۔

دیگر

نہایت مبہی 'میدہ لکڑی قرفہ (تج) بہجبند تال مکھانہ گوند پلاس موچرس اندر جو شیریں مصطگی ہر ایک ایک ورم زردی بیضہ نیم برشت برابر شکر سفید برابر جملہ بدستور مرتب کریں خوراک ڈیڑھ تولہ۔

دیگر

معجون افیون نہایت ممسک و مغلظ منی ہے اور مقوی باہ ہے' افیون کہنہ دو تولہ زعفران چار ماشہ نارجیل (ناریل) میں بھر کر آٹے سے خمیر کر کے گائے کے دودھ میں جوش کریں کہ مثل کھویہ کے ہو جائے نکال کر روغن گاؤ میں بریاں کریں اور روغن سے نکال کر آٹا دور کر کے پتر سیاہ نارجیل دور کر کے نارجیل کو معہ افیون پیسیں بہمن سفید بہمن سرخ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ مغز چلغوزہ مغز بادام تخم خرفہ طباشیر 'کبود ہر ایک 9 ماشہ صمغ عربی گوند کیکر سفید بزرالنج (اجوائن خراسانی) تم خشخاش سیاہ بسباسہ (جاوتری) جائفل زعفران مشک خالص عنبر اشہب مروارید ناسفتہ یاقوت رومی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ یشب سبز یشب کا فوری یاقوت زرد عقیق سرخ ہر ایک 2 ماشہ تخم خشخاش سفید ریگ ماہی ثعلب مصری مغز تخم کدو موصلی سیاہ موصلی سفید شقاقل ہر ایک 9 ماشہ صندل سفید ساڑھے چھ ماشہ قند سفید سہ چند آملہ مربے زس عدد بدستور معجون بنائیں۔

دیگر

منی کو زیادہ کرتی ہے' باہ کو قوت دیتی ہے' نہایت عظیم النفع ہے' مشک 2 ماشہ عنبر اشہب 2 تولہ 9 ماشہ بسباسہ (جاوتری) قرنفل (لونگ) فلفلموبہ (پیپلا مول) کبابہ عقر قرحا تخم اسپست زنجبیل (سونٹھ) تخم جرجیر (تراتیزک) تخم پیاز حب الرشاد (ہالوں) انجرہ (اوٹنگن) تخم گندنا خولنجان (کلنجن) جوزبوا (جائفل) قرفہ (تج) دار فلفل (پیپل) ہر ایک 10 ماشہ زعفران کند مصطگی عود ہر ایک 18 ماشہ تخم ہلیون بوزیدان

(ستاوری) بہمن سرخ و سفید تودری شقاقل اندر جو ہر ایک 17 ماشہ تخم کرفس گذر شبت (سویا) تخم شلغم بادیان نانخواہ (اجوائن دیسی) مغز تخم خربزہ مغز تخم بادرنگ (ککڑی) بیخ کرفس مغز حب القلقل (جنگلی اناردانہ) مغز حب الزلم (بن خام) مغز نارجیل (ناریل) تازہ مغز چلغوزہ ہریک ساڑھے بائیس ماشہ بصل الفار (جنگلی پیاز) بریاں ثعلب مصری جندبید ستر سوختہ ریگ ماہی نر خشک مربے (گوکھرو پروردہ) کش خرا (خوشہ خرما) 3 تولہ 9 ماشہ قند ہم چند ادویہ عسل خالص برابر ادویہ کے بطریق مشہور معجون بنادیں گرم مزاج کو 9 ماشہ تازہ دودھ کے ساتھ اور سرد المزاج کو ساڑھے بائیس ماشہ ایک ماشہ مایہ العسل کے ساتھ۔

دیگر

نہایت مقوی باہ مغز بادام مغز فندق مغز چلغوزہ مغز خربزہ مغز حب الزلم (بن خام) مغز حبہ الخضرا (بن) کش خرما (خوشہ خرما) مغز پستہ مغز نارجیل (ناریل) مغز حب القلقل (جنگلی اناردانہ) مغز انجکک (کزمندی) مغز اخروٹ مغز کنجشک بہمنین شقاقل مصری صندل سفید اندر جو، ثعلب مصری تودری ہر یک ساڑھے تین ماشہ مغز خیارین خرفہ مقشر ہریک نو ماشہ مغز تخم کدو تخم خشخاش ہریک چھ ماشہ ابریشم مقرض، دار چینی، دانہ ہیل ہریک تین ماشہ خسک مربے (گوکھرو پروردہ) گاؤ زبان تخم ہلیون ہریک پانچ ماشہ مایہ شتر اعرابی تخم زردک (گاجر) تخم شلغم تخم بادرنجبویہ (بلی لوٹن) تخم فرنجمشک (تلسی) تخم کونچ صمغ عربی تخم بالنگو تخم جرجیر (ترا تیزک) تخم انجرہ (اونٹنگن) مصطگی ہریک ساڑھے تین ماشہ خولنجان (کلنجن) بوزیدان (ستاوری) پوست بیخ خشک زنجبیل (سونٹھ) زعفران ہر ایک تین ماشہ عنبر اشہب دو ماشہ شہد خالص دوچند قند سفید یک چند بطریق معروف معجون بنادیں اگر جدوار بھی اس نسخہ میں اضافہ کریں، بہتر ہے۔

دیگر

نہایت مبہی و ممسک، مغز بادام مغز پستہ مغز فندق مغز اخروٹ ہر ایک ڈیڑھ تولہ صمغ عربی حب الاس ہریک نو ماشہ برگ گاؤ زبان مغز تخم خربزہ مغز حب الزلم (بن خام) مغز حبہ الخضرا (بن) دانہ ہیل (الائچی) خورد ہریک ڈیڑھ تولہ پوست بیرون پستہ نو ماشہ مغز تخم کدو مغز تخم تربوز مغز تخم خیارین مغز تخم پیٹھہ ہریک ڈیڑھ تولہ نارجیل (ناریل) تازہ تین تولہ جندبید ستر ڈیڑھ ماشہ گھی میں بھون کر ثعلب مصری تین تولہ شقاقل ڈیڑھ تولہ برزالنبج (اجوائن خراسانی) سفید ایک تولہ تخم خشخاش سفید تین تولہ کنجد تشر ڈیڑھ تولہ خولنجاں (کلنجن) نو ماشہ ماہی روبیان (جھینگا مچھلی) ایک تولہ بہمن سرخ تودری زرد تودری سرخ کسیرا دار چینی عود خام بالچھڑ ابریشم خام صندل سفید کبابہ خنداں حب القلقل (جنگلی انار دانہ) تخم گذر تخم شلغم تخم پیاز اندر جو شیریں تخم ہلیون ہر ایک نو ماشہ درونج عقربی جاوتری ہریک چھ ماشہ مایہ شتر اعرابی سورنجان شیریں ہریک یک تولہ بوزیدان (ستاوری) نو ماشہ مصطگی مروارید ناسفتہ (موتی ان بیدھے) یاقوت کہربائی شمعی طباشیر سفید ہر ایک یک تولہ عنبر اشہب مشک ہریک چار ماشہ مربائے سیب مربائے بہی مربائے ناشپاتی، ہریک چار عدد مربائے آملہ دو عدد قند سفید سہ چند آب انار شیریں آب گذر ہریک پاؤ بھر ورق نقرہ (چاندی) پچاس عدد ورق طلاء (سونا) 3 عدد بدستور معجون بنادیں۔

دیگر

ضعف باہ کیواسطے مفید ہے، مصطگی رومی موصلی سنبل موصلی سیاہ موصلی سفید تخم انگن تودری سرخ کملی کملا کنجد سیاہ کوالوندی باریک پسی ہوئی بہمنین ہریک دو تولہ اندر جو شیریں بجبند سیاہ سمندر سوکھ سونٹھ مدن ست دار چینی تخم کونچ پلنگ توڑ ہکبھان بید مغز تخم گاجر بھوں پھلی عود غرقی چڑالاکھ ہریک یک تولہ زعفران چار ماشہ باریک کرکے قند سفید ایک سیر کا قوام کریں۔

دیگر

معجون نہایت مقوی باہ، جفت بلوط (شاہ بلوط) گلنار شونیز (کلونجی) کندر ہر ایک 7 ماشہ کمون (زیرہ) کرمانی نانخواہ (اجوائن دیسی) کالی زیری ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ، ماشہ پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ آملہ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کشنیز خشک 2 تولہ 9 ماشہ کوٹ چھان کر سہ چند شہد خالص میں قوام کریں خوراک 9 ماشہ۔

دیگر

مقوی باہ، مشک خالص زعفران ہر ایک 12 رتی پوست خشخاش دو ماشہ ورق طلائے 6 ماشہ بزرالبنج (اجوائن خراسانی عود خام دار چینی، مصطگی شقاقل ورق نقرہ (چاندی) ہر ایک ساڑھے تین ماشہ ثعلب مصری جندبید ستر مغز تخم خیارین 14 ماشہ حب النیل (کالا دانہ) سفید موعد و عرق بید مشک گلاب ہر ایک آدھ پاؤ، عسل خالص برابر۔

دیگر

نہایت مبہی، گل سرخ ساڑھے دس ماشہ گاؤ زبان شاہسفرم (نیازبو) 4 ماشہ تخم خرفہ 10 ماشہ، بہمن سرخ، بہمن سفید ہر ایک 7 ماشہ تودری سرخ اور تودری زرد ہر ایک 8 ماشہ تخم خربزہ تخم گذر چقندر ہر ایک 7 ماشہ ماشہ شکر کے ساتھ معجون بناویں۔

دیگر

نہایت مقوی باہ، مغز چلغوزہ دو تولہ خشخاش سفید موصلی سیاہ موصلی سفید کلیجن قرنفل (لونگ) کلاہ دار ثعلب مصری جاوتری بھوں پھلی تالمکھانہ بیج بند ستاور بر ڈنڈی تج قلمی ہر ایک چار تولے حب کاکنج نو ماشہ باریک کرکے سب کو روغن زرد میں چرب کریں، شہد خالص کا قوام کرکے دوائیوں کو اس میں ملا دیں۔

دیگر

مقوی باہ محرورین، شقاقل مصری، مغز چلغوزہ کنہرا سفید مغز تخم کدو مغز تخم پیٹھہ ہندی مغز تخم تربوز مغز تخم خیار ہر ایک 1 تولہ مغز بادام نارجیل (ناریل) مقشر ہر ایک تین تولہ تخم خشخاش سفید ایک تولہ، کنجد (تل) مقشر تین تولہ بہمن سفید مغز فندق مغز اخروٹ ہر ایک ایک تولہ ستاور تازہ دو تولہ ثعلب مصری مغز پستہ ہر ایک ایک تولہ مربائے سیب ایک عدد مربائے آملہ چار تولے مربائے پیٹھہ تین تولہ قند سفید سہ چند ادویہ؟ (خشک) شربت انجیر یک سیر شربت آنار ایک چھٹانک بدستور معجون بناویں۔

معجون مقوی باہ و ممسک

مصطگی رومی 6 ماشہ لونگ 2 تولہ' جائفل 2 تولہ' جوتری 1 تولہ' موصلی سیاہ 1 تولہ موصلی سفید 2 تولہ مرچ سیاہ 6 ماشہ تالمکھانہ 2 تولہ گوکھرو کلاں 2 تولہ' میدہ لکڑی 1 تولہ' مالکنگنی 1 تولہ' مغز تخم کونچ تولہ' بہمن 1 تولہ' سمندر سوکھ 1 تولہ' دانہ الائچی خورد 1 تولہ' کباب چینی اگر 1 تولہ' اسگندھ ناگوری تولہ' کشنیز خشک 1 تولہ' سونٹھ 1 تولہ' منڈی 1 تولہ' ستاور 1 تولہ سب ادویہ کا وزن درست کرکے علیحدہ علیحدہ پیس لیں' زعفران 1 تولہ شنگرف 1 تولہ' شکر سفید ادویہ سے سہ چند قوام بناویں' جب قوام ہو جائے کھیر شیر گاؤ بریاں شدہ ایک پاؤ اور مغزیا بقدر حیثیت ملائیں قوام کے سرد ہونے پر ادویہ مذکورہ بالا کا سفوف ڈال دیں' اور ملا کر مرتبان میں بند رکھیں چالیس روز کے بعد 6 ماشہ 9 ماشہ تک حسب برداشت طبیعت روز کھائیں۔

دیگر

تالیف محمد ذکریا باہ کو قوت دیتی ہے' سختی لاتی ہے' تخم کرفس نانخواہ (اجوائن دیسی) تخم شبت (سویا) تخم گزر تخم گندنا ہر ایک ڈھائی ڈھائی تولہ مصطگی قرنفل (لونگ) قرفہ' (تج) عقر قرحا اسارون (تگر) بسباسہ (جاوتری) عود خام ہر ایک پانچ زعفران تین ماشہ مشک خالص ایک ماشہ مویز منقی آدھ پاؤ شکر سفید ڈیڑھ پاؤ۔

دیگر

معجون مقوی باہ مغلظ منی' ثعلب مصری موصلین موصلی سیمہنل زنجبیل (سونٹھ) ہر ایک ڈیڑھ تولہ تخم شلغم تخم شبت (سویا) تخم پیاز تخم گذر فلفلین (گول مرچ و پیپل) ہر ایک آٹھ ماشہ شہد خالص شکر سرخ باریک ایک سیر بدستور معجون بناویں خوراک 9 ماشہ ترشی سے پرہیز کریں۔

دیگر

تخم جرجیرا (تراتیزک) تخم شلغم تخم ترب (مولی) تخم ہلیون ہریک ساڑھے سترہ ماشہ زنجبیل (سونٹھ) دار فلفل (پیپل) ثعلب مصری تودری سرخ نعناع (پودینہ) خشک سرہ سقنقور (بن ردھو کی ناف) ساڑھے چھ ماشہ شقاقل خشک باقلائی خشک مغز پنبہ دانہ (بنولہ) ہریک 2 تولہ تخم پیاز 2 تولہ 9 ماشہ کوٹ چھان کر شہد کف گرفتہ میں معجون بناویں۔

معجون کیمیا یا بر الساعت مشترک النفع

بیسیوں امراض کے لئے مفید ہے' ہر قسم کی دردوں کو دور کرتی ہے' نزلہ' زکام کھانسی قولنج وغیرہ کو دور کرتی ہے' جریان کے لئے مفید ہے۔

مرچ سیاہ مرچ سفید' بزر البنج ہر ایک ایک تولہ افیون خالص 10 ماشہ' زعفران کشمیری 5 ماشہ سنبل الطیب عقر قرحا' فرفیون ہر ایک ایک ماشہ' شہد خالص ایک پاؤ' ہر ایک خشک دوائی کو پیس کر افیون کے ساتھ حل کرلیں پھر شہد میں ملا کر شیشہ یا کسی مرتبان میں ڈال کر خوب بند کرکے تین ماہ تک غلہ جو میں دفن رکھیں پھر نکال کر بقدر ایک رتی سے ایک ماشہ تک استعمال کریں اس کی قوت 5 سال تک باقی رہتی

ہے' اور بیسیوں مریضوں پر مجرب المجوب ہے۔

دیگر

قوت باہ کو زیادہ کرتی ہے تخم اسپست تخم شلغم تخم گندر تخم ترب (مولی) تخم جرجیر (تراتیزک) تخم انجرہ (اونگن) ہر ایک 7 ماشہ اسقیل مشوی' (جنگلی پیاز' سرہ سقنقور دریائی کی ناف) تودری سرخ و سفید بہمن ہر ایک 10 ماشہ تخم ہلیون شقاقل زنجبیل (سونٹھ) حب الرشاد ہالوں اندرجو ہر ایک 7 ماشہ قند سفید 14 ماشہ معجون بناویں خوراک ساڑھے سترہ ماشہ

دیگر

مقوی باہ' مغز پنبہ دانہ (بنولہ) 18 ماشہ' اندر جو شیریں' مغز حب الصنوبر (چلغوزہ) بہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک 9 ماشہ ساذج ہندی (تیج پات) بادرنجبویہ (بلی لوٹن) درونج عقربی گل گاؤ زبان ثعلب مصری قرنفل (لونگ) دار چینی خولنجان زعفران خالص زنجبیل (سونٹھ) الائچی کلاں الائچی خورد' ہر یک ساڑھے چار ماشہ عنبر اشہب 6 رتی سہ چند نبات سفید و شہد خالص خوراک ساڑھے چار ماشہ یا 9 ماشہ۔

دیگر

مقوی باہ' زنجبیل (سونٹھ) دار فلفل (پیپل) خولنجان (کلیجن) کبابہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ قاقلہ (الائچی) عود خام ہر ایک ساڑھے چار ماشہ نار مشک و (ناگیسر) تخم ہلیون تخم اسپست تخم گندر ناف سقنقور (بن روہو) ہر ایک 7 ماشہ خسک (گوکھرو) پرورده 9 ماشہ شقاقل تودرین بہمنین حب القلقل (جنگلی انار دانہ) حب الزلم (بن خام) جوزبوا' قرنفل (لونگ) الائچی بسبابسہ (جاوتری) دار چینی ہر ایک ڈیڑھ ماشہ مغز پستہ مغز چلغوزہ مغز فندق مغز نارجیل (ناریل) کنجد مقشر بطم مغز تخم خربزہ ہر ایک 7 ماشہ قند سفید کا قوام کر کے ملادیں۔

دیگر

نہایت مبہی ہے' موصلی سیاہ موصلی سفید موصلی سینبھل شقاقل ہر یک نو ماشہ دار چینی' صمغ عربی برباں دار فلفل (پیپل) زنجبیل (سونٹھ) ہر ایک چھ ماشہ مغز حب قطم (کڑ) نو ماشہ گل سرخ سات ماشہ برگ گاؤ زبان نو ماشہ گل سیوتی چھ ماشہ ثعلب مصری نو ماشہ تالمکھانہ 6 ماشہ بیجبند دو ماشہ بھوں پھلی مغز کونچ بیج ہر ایک سات ماشہ کوٹ چھان کر مویز منقے بتیس تولہ پیس کر پانی میں حل کر کے نبات سفید یک وزن ڈال کر قوام کر کے دوائیوں میں ملادیں۔

معجون ہندی برائے ضعف باہ و کمزوری وادعیہ منی و سیلان منی و مذی' قلت منی' حار مزاجوں کو بالخصوص نافع ہے۔

شیرہ آملہ' شیرہ مغز بادام ہر ایک 5 تولہ' شیرہ خار خسک 10 تولہ' شیرہ تخم خربوزہ چار تولہ' شیرہ ابریشم خام 2 تولہ' ثعلب بہمن ہر ایک 4 تولہ' صمغ عربی' نشاستہ ہر ایک 4 تولہ' شقاقل تولہ' کہربا طباشیر گل سرخ مصطگی ہر ایک 2 مثقال قاقلا صنعار' صندل سفید 2 درم' نبات سفید 3 پاؤ' شہد 6 تولہ' ورق نقرہ 7 ماشہ' مشک خالص 1 ماشہ مطابق دستور کے معجون بنالیں اور اس میں زہر مہرہ سائیدہ 6 ماشہ ناریل مقشر 1 تولہ'

اضافہ کریں، خوراک 6 ماشہ سے 1 تولہ تک۔

دیگر

نہایت مبہی عقر قرحا قاقلہ (الائچی) تخم گذر، تخم ترب (مولی) ہر ایک 9 ماشہ زعفران عود ہندی ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ، سونف نضاع (پودینہ) برگ معتر، سلیخہ (تج) ہر ایک 18 ماشہ ساذج ہندی (تج پات) دار فلفل (پیپل) فلفل سفید، فلفل سیاہ اسارون (تگر) تخم انجرہ (اونٹنگن) کرویا (کالی زیری) قرنفل (رنگ) خولنجان شقاقل ہر ایک 20 ماشہ قسط شیریں دار چینی ہر ایک 27 ماشہ کنجد مقشر مغز جوز مغز پستہ مغز بادام مغز چلغوزہ ہر ایک 3 تولہ 9 ماشہ قند سفید برابر عسل خالص دوچند ادویہ

دیگر

مغز پنبہ دانہ (بنولہ) مغز حب الخضراء (بن) حب الصنوبر (چلغوزہ) صفار وکبار، مغز پستہ، تخم ہیلون، مغز نارجیل، حب القلقل، مغز اخروٹ، مساوی حب الزلم اندر جو ہر ایک نیم جزو چھان کر شہد خالص میں ملائیں۔ مقدار خوراک یک گردگان۔ حسب طاقت۔

دیگر

نہایت مقوی باہ زنجبیل دار چینی ثعلب مصری شقاقل جوزبوا (جائفل) اندر جو زعفران مصطگی دار فلفل (پیپل) بوزیدان (ستاوری) گل سرخ بہمن سفید تخم ہلیون تخم گذر ہر ایک ساڑھے چار ماشہ حب القلقل (جنگلی انار دانہ) 60 ماشہ شہد خالص بقدر حاجت۔

دیگر

تولید منی میں بے نظیر ہے، ثعلب شقاقل مصری قسط (کوٹ) شیریں تخم ہلیون تخم زردک خولنجان (کلیجن) نرکچور سنبل الطیب (بالچھڑ) بہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ مایہ شتر اعرابی جندبید ستر سوہاں کردہ ریگ ماہی نرکنجد مقشر ہریک ساڑھے چار ماشہ دار فلفل (پیپل) کباب چینی بوزیدان (ستاوری) تودری سرخ تودری سفید ہریک ساڑھے نو ماشہ جوزبوا (جائفل) بسباسہ (جاوتری) زعفران مصطگی ہر ایک ساڑھے نو ماشہ مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک ساڑھے تین ماشہ جملہ ادویہ کا سفوف کرکے آب انگور میں معجون تیار کریں اور بقدر نو ماشہ صبح کو کھایا کریں اور اوپر سے ایک پیالہ شیر کا پیویں۔

دیگر

کبابہ عقر قرحا، موصلی سیاہ موصلی سفید خولنجاں بہمن سفید تخم اونٹنگن کرفس کمار زعفران قرنفل (لونگ) جوزبوا (جائفل) دار چینی مساوی شہد خالص میں معجون بناویں قدرے زیرہ سفید اور زنجبیل بھی داخل کریں۔

دیگر

نہایت مبہی دار چینی قسط (کوٹ) شیریں سنبل الطیب (بالچھڑ) بادیاں زنجبیل (سونٹھ) نعناع (پودینہ) خشک سلیخہ (تج) ہر ایک 14 ماشہ زعفران عود ہندی ہریک 10 ماشہ ساذج ہندی (تج پات) دار

فلفل (پیپل) فلفل سفید فلفل سیاہ اسارون (تگر) بزرالبنج (اجوائن) خراسانی تخم انجرہ (اونٹکن) کرویا
قرنفل (لونگ) خولنجان شقاقل ہر ایک 14 ماشہ عقرقرحا تخم ترب (مولی) تخم شلجم ہر ایک 8 ماشہ کنجد مقشر
مغز پستہ مغز بادام مغز چلغوزہ ہریک 7 ماشہ نبات سفید برابر

دیگر

نہایت مبہی و مقوی، قرنفل (لونگ) تودری شقاقل قرفہ (تج) زنجبیل عود مصطگی جوزبوا (جائفل)
بسباسہ (جوتری) حب القلقل (جنگلی انار دانہ) حب الزلم (بن خام) مغز چلغوزہ کبابہ ہریک یک تولہ ریگ
ماہی پانچ تولہ ثعلب مصری دس تولہ عنبر اشہب مشک خالص ہریک چھ ماشہ کشتہ طلاء (سونا) ایک تولہ ورق
نقرہ پانچ عدد قند سفید بقدر حاجت۔

دیگر

نہایت مبہی ہے، عقرقرحا تخم انجرہ (اونٹکن) فلفل ہریک ساڑھے چار ماشہ دار چینی شقاقل تخم گزر
حب الرشاد (ہالوں) زنجبیل ہریک 9 ماشہ کوٹ چھان کر شہد کے ساتھ معجون بنائیں ہر روز 9 ماشہ تناول
کریں۔

دیگر

مبہی ہے، دار چینی 2 تولہ 11 ماشہ عقرقرحا 9 تولہ خولنجان ساڑھے سترہ ماشہ کبابہ 7 ماشہ زنجبیل
(سونٹھ) 2 تولہ 11 ماشہ فلفل دراز تمیں ورم کوٹ چھان کر شہد خالص کے ساتھ معجون بناویں۔

دیگر

خولنجان بہمن سفید ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کوٹ چھان کر روغن گاؤ میں چرب کر کے شہد خالص
میں معجون بنائیں۔

دیگر

معجون فاد زہریاہ کا اعادہ کرتی ہے اور مردوں کو موافق ہے، فاد زہر حیوانی عنبر اشہب ورق نقرہ (چاندی)
مشک خالص ہریک ساڑھے تین ماشہ سازج، ہندی (تیج پات) سورنجان زردنباد (نرکچور) تخم تودریعق
زعفران یاقوت ہریک 9 ماشہ جدوار زرنب (تالیس پتر) قرنفل (لونگ) کباب چینی زنجبیل فلفل قاقلہ کبار
(بڑی الائچی) قاقلہ صفار درونج عقربی گل گاؤ زبان گل نیلوفر تخم کرفس انیسوں سعد (موتھ) کوفی خولنجان
اسارون (تگر) سنبل الطیب (بالچھڑ) اندر جو دار فلفل صندل سرخ زرواندمد حرج ابریشم مقرض بوزیدان
(ستاوری) پوست ترنج گل مختوم ..... اسطوخودوس ہریک ساڑھے تیرہ ماشہ حجر لاجورد مغسول مومیائی کافی ہر
ایک 18 ماشہ شقاقل مصری دار چینی قرص افعی طباشیر سفید تخم خشخاش مغز تخم خربزہ تخم شبت (سویا یہ
شتراعرابی عود (اگر) جوزبوا (جائفل) بسباسہ (جاوتری) آملہ مقشر مغز اخروٹ مغز بادام مقشر مغز پنبہ دانہ
(بنولہ) مغز فندق لعل نیرزہ مروارد ناسفتہ مرجان قرمزی گلسرخ پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ سیاہ کشنیز خشک
ہر ایک ساڑھے بائیس ماشہ مصطگی 27 ماشہ ثعلب مصری 4 تولہ 8 ماشہ مغز کنجشک نر چالیس عدد شہد
خالص بقدر حاجت

دیگر

نہایت مبہی ہے، مشک خالص، ساڑھے چار ماشہ عنبر اشہب زعفران اندر جو ہریک 9 ماشہ نعنع خشک ناریل (ناریل) تخم پیاز مغز چلغوزہ تخم ہلیون خشک مربے (گوکھرو پر دردہ) نشاستہ مغز پنبہ دانہ (بنولہ) نارجیل (او ننگن) ہریک ساڑھے تیرہ ماشہ مغز پستہ تودری سرخ تودری سفید ہر ایک 18 ماشہ قرفہ (تج) تخم خیار قضیب گاؤ بہمنین زنجبیل تخم خشخاش حبہ الخضرا (بن) ہریک 5 مثقال پنیر مایہ شتر 3 تولہ 9 ماشہ ثعلب مصری 2 تولہ 4 ماشہ دماغ کنجشک نر چالیس عدد قند سفید سہ چند۔

دیگر

معجون مختصر الاجزائے تقویت باہ اور تولید منی میں مجرب ہے، زنجبیل (سونٹھ) شقاقل بوزیدان (ستاوری) ثعلب مصری ہر ایک 18 ماشہ انگوزہ (ہینگ) 27 ماشہ روغن نارجیل (ناریل) سے چرب کر کے قند سفید و شہد خالص ہر ایک ساڑھے دس تولہ خوراک 9 ماشہ۔

دیگر

معجون بسباسہ (جاوتری) منی کو زیادہ کرتی ہے، بسباسہ (جاوتری) جوزبوا (جائفل) بیج نفاح (جنگلی بیگن) تخم کاہو، زعفران الائچی خورد الائچی کلاں گلسرخ بہمن سفید بہمن سرخ گگ شیرازی (بھنگ) ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ شقاقل مصری ثعلب مصری طباشیر سفید ہر ایک 27 ماشہ مغز چلغوزہ مغز بادام مغز تخم خیارین مغز نارجیل (ناریل) ہر ایک ساڑھے پانچ تولہ مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک ساڑھے چھ ماشہ شہد خالص نبات سفید دو چند ادویہ ورق طلاء (سونا) ورق نقرہ (چاندی) ہر ایک ساڑھے چار ماشہ بدستور مشہور معجون بنادیں۔

دیگر

نہایت مجرب ہے، عقر قرحا خولنجان ہر ایک 4 تولہ، جائفل ثعلب مصری ہر ایک دو تولہ زعفران ایک تولہ۔ بہمنین تودرین ہر ایک 2 تولے بسباسہ (جوتری) ایک تولہ فلفل دراز (پیپل) ڈیڑھ تولہ مصطگی ڈیڑھ تولہ تخم زردک (گاجر) ایک تولہ مغز بلادر (بھلانواں) مغز بادام مغز چلغوزہ اسگند ہر ایک 3 تولہ کنجد مقشر 4 تولہ زنجبیل دو تولہ تخم انجرہ (او ننگن) ایک تولہ تخم کونچ ایک تولہ سمند سوکھ مشک تبتی ہر ایک چھ ماشہ قند سفید پچاس تولہ شہد خالص ایک سو پچاس تولہ خوراک اول ساڑھے چار ماشہ بعد چھ ماشہ صبح و شام۔

دیگر

نہایت مقوی باہ ہے، شقاقل، خولنجاں ثعلب مصری جوزبوا (جائفل) عقر قرحا گل سرخ زنجبیل مغز بادام مغز نارجیل مغز چلغوزہ مایہ شتر اعرابی ہر ایک ساڑھے بائیس ماشہ کباب چینی اندر جو حب الرلم (ابن خام) مغز حب القلقل (جنگلی انار دانہ) سلیخہ اسارون (تگر) اشنہ (چھریلہ) ساذج ہندی (تیج پات) بہمن سفید زرنباد (نرکچور) بادرنجبویہ دار فلفل (پیپل) دانہ ہیل (الائچی) یاقوت سرخ ہر ایک 18 ماشہ دار چینی تخم گندر تخم شلغم تخم اسپست تخم کرفس ہر ایک 27 ماشہ طباشیر سفید صندل سفید یاقوت زرد لعل بدخشانی یشب سبز عقیق لاجورد شستہ ہر ایک 9 ماشہ مصطگی سنبل الطیب (بالچھڑ) تخم ہلیون درونج عقربی از خرکی

عود قماری جند بیدستر (خصیہ ادوبلاد) کہربائے شمعی مروارید ناسفتہ مرجان ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ عنبر اشہب جدوار خطائی ہر ایک 9 ماشہ زعفران مغز فندق مغز پستہ مغز بادام مغز انجکک (کڑھندی) مغز حبہ الخضراء (بن) ہر ایک 3 تولہ 9 ماشہ کافور 2 ماشہ مشک خالص عرق گلاب عرق بید مشک خالص 4 ماشہ عرق گاؤزبان ہر ایک 17 تولہ شہد خالص سہ چند خوراک 7 ماشہ سے 9 ماشہ تک۔

دیگر

معجون نہایت مقوی باد' دار چینی' لونگ' جوزبوا' (جائفل) اسنبل الطیب (بالچھڑ) عود خام (اگر) ہر ایک 9 ماشہ مشک خالص 12 رتی۔ حب النیل (کالا دانہ) سفید چار سو عدد برزالنج (اجوائن خراسانی) سفید 9 ماشہ کبابہ 9 ماشہ پوست خشخاش ساڑھے بائیس ماشہ عنبر اشہب ساڑھے چار ماشہ مایہ شتر اعرابی 18 ماشہ زعفران ثعلب مصری 9 ماشہ جندبیدستر 3 ماشہ ورق الخیال (بھنگ) 9 ماشہ شاہ بلوط ساڑھے بائیس ماشہ نبات سفید ساڑھے دس تولہ عسل خالص سہ چند حب النیل کو روغن بادام میں ایک شبانہ روز تر کریں بعدہ' تمام دوائیوں کو کوٹ چھان کر شہد خالص و نبات سفید کا قوام کر کے ملائیں خوراک ایک مثقال

دیگر

نہایت مقوی باہ و ممسک و مغلظ منی' تالمکھانہ گل پستہ' سمندر سوکھ صمغ عربی ستاور موصلی' سیاہ موصلی سفید تخم خشخاش سفید آملہ مقشر مغز حبہ الخضراء (بن) بہمن سفید تخم ہلیون ہریک ایک تولہ موصلی سیمبل مغز پستہ مغز فندق مغز اخروٹ مغز چلغوزہ حب الزلم (بن خام) شقاقل مصری ثعلب مصری نارجیل (ناریل) تازہ ہریک تولہ مغز بادام شیریں تخم خشخاش سیاہ بزرالنج (اجوائن خراسانی) سفید طباشیر کبود بسد احمر (بیخ مرجاں سرخ) کہربائے شمعی بسباسہ (جوتری سورنجان عود غرقی سنبل الطیب بہمن سرخ کتیرا سفید ہریک چھ ماشہ آملہ مربے نو عدد ہلیلہ مربے پانچ عدد مربائے سیب دو عدد آب انار شیریں آدھ پاؤ قند سفید سہ چند بدستور مشہور معجون بنائیں۔

دیگر

امراہ میں عجیب الاثر ہے' تخم گذر مغز پنبہ دانہ (بنولہ) مغز تخم کونچ ہریک ساڑھے تین ماشہ گلسرخ بیخ شیشی بیخ لفاح بنگی بہمن ہر ایک چھ ماشہ صمغ عربی عود غرقی ہریک 7 ماشہ فلفل دراز (پیپل) تخم ترب (مولی) مغز تخم اونٹگن ہریک تولہ حرمل (اسپند) بسباسہ (جوتری) اندر جو قرنفل خولنجاں عقرقرحا مصطگی جوز بوا (جائفل) بوزیدان (ستاوری) زرنباد (نرکچور) زنجبیل بے ریشہ اشنہ (چھڑیلہ) سنبل الطیب کندر تخم پیاز کبابہ تخم شلغم انجرہ (اونٹگن) تخم ترا تیزک تخم گند ناشیطرج (چیتہ) زراوندمد حرج بہمنین تودرین فلفل قسط شیریں تخم فنجنگشت (سنبھالو) شہدانج (بھنگ) مایہ شتر اعرابی موچرس ہکنھان بید ستاور تخم جرجرہ ہر یک ایک تولہ زعفران ساڑھے سترہ ماشہ موصلی سیاہ موصلی سفید' شونیز (کلونجی) دار چینی برزالبنج (اجوائن خراسانی) ہر ایک ڈیڑھ تولہ کنجد مقشر خشخاش سفید' مغز چلغوزہ پوست بلیلہ ہریک دو تولہ نانخواہ (اجوائن دیسی) تخم کرفس ہر ایک 2 تولہ 9 ماشہ مغز نارجیل (ناریل) ثعلب مصری ہریک تین تولہ' ماہی روبیاں (جھینگا مچھلی) 3 تولہ 9 ماشہ عسل' (شہد) خالص یک چند جملہ ادویہ اور قند دو چند۔

دیگر

معجون نہایت مقوی باہ' طباشیر کبود کہربائے شمعی ہر ایک چھ ماشہ مغز پستہ مغز فندق ہر ایک 9 ماشہ مغز بادام ایک تولہ حبہ **الخضرا** (بن) مغز اخروٹ مغز چلغوزہ حب الزلم (بن خام) شقاقل مصری بہمن سفید ایک 9 ماشے حب **القلقل** (جنگلی انار دانہ) سات ماشے ثعلب مصری ایک تولہ نارجیل (ناریل) تازہ ڈیڑھ تولے مغز تخم کدوے شیریں مغز تخم تربوز مغز تخم پیٹھ ہندی' مغز تخم خیارین' تخم خرفہ' مغز تخم خربزہ' ہر ایک دو تولہ۔ عنبر**شہب** 3 ماشہ بزرالبنج (اجوائن خراسانی) سفید صندل سفید **کتھا** سفید برگ گاؤ زبان ہر ایک نو ماشہ مربائے سیب تین عدد مربائے آملہ پانچ عدد مربائے بہی اور مربائے ناشپاتی ہر ایک تین عدد ورق نقرہ (چاندی) چھ ماشہ ورق طلائے (سونا) ایک ماشہ قند سفید دو چند شربت انار شیریں پاؤ سیر عرق گاؤ زبان عرق کیوڑہ پونے دو سیر بدستور مشہور معجون بناویں۔

دیگر

نہایت **مبہی**' مغز پستہ مغز چلغوزہ مغز بادام مغز اخروٹ مغز فندق مغز نارجیل (ناریل) تازہ مغز حب **السمنہ** (چرونجی) شقاقل مصری تج قلمی ستاور **بسباسہ** (جوتری) قرنفل (لونگ) عقر قرحا تخم خشخاش تخم **معصفو** (کڑ) خولنجاں (کلنج) جوز بوا (جائفل) ہر ایک دو تولہ **مالکنگنی** ایک تولہ کشمش خوبانی انجیر زرد ہر ایک آدھ پاؤ جو کوٹنے کے لائق ہیں ان کو نیم کوفتہ کر کے شہد ایک چند قند سفید میں اس کا قوام کر کے دوائیوں کو اس میں ملائیں' ورق طلائے (سونا) 20 عدد ورق نقرہ (چاندی) پچیس عدد مخلوط کریں ہر روز خوراک ایک تولہ غذا شیر برنج (کھیر)

دیگر

معجون پیپل پاک نہایت مقوی ہے' شہد خالص دو دام روغن گاؤ تازہ چار دام **فلفل** دراز (پیپل) آٹھ دام' نبات سفید 16 دام شیر گاؤ تازہ 32 دام فلفل کو کوٹ چھان کر شیر و روغن و نبات کے ساتھ کڑاہی آہنی میں آتش ملائم پر جوش کریں کہ تمام شیر جذب ہو جائے بعد اسکے ناگ کیسر ھنوج تج الائچی ہر ایک 4 ماشہ سب کو باریک کر کے اس میں ملا دیں اور بعد سرد ہونے کے شہد ڈال کر معجون بنا دیں۔

معجون رشیدی

نہایت مقوی باہ سرعت کو مفید ہے' کباب چینی فلفل قرنفل (لونگ) سنبل **الطیب** (بال چھڑ) ثعلب مصری مصطگی نانخواہ (اجوائن دیسی) ہر ایک ساڑھے دس ماشہ شہد خالص سہ چند خوراک ساڑھے چار ماشہ سے 7 ماشہ تک۔

دیگر

معجون رشیدی واسطے سرعت کے بہت نافع ہے' کوکنار چھالیہ ثعلب مصری قرنفل (لونگ) سنبل **الطیب** (بالچھڑ) مصطگی نانخواہ (اجوائن دیسی) ہر ایک 2 تولہ ڈیڑھ ماشہ عسل (شہد) خالص آدھ سیر خوراک 7 ماشہ۔

معجون ریگ ماہی

تقویت باہ و تغلیظ منی میں مجرب ہے، ریگ ماہی، اندر جو تخم خشخاش سفید زرنباد (نرکچور) صندل سفید، مغز نارجیل (ناریل) مغز بادام مغز پستہ مغز چلغوزہ اخروٹ مویز مقشر کنجد (تل) سیاہ مقشر ہر ایک دو تولہ تخم پیاز تخم شلغم مغز تخم کونچ تخم ہالم کزمارج (مائیں کلاں) تخم اسبند تخم گذر مصطگی سعد کوفی (گر موتھ) عود ہندی شیطرج (چیتہ) پوست ترنج سازج ہندی (تیج پات) تخم اسپست تخم ترب (مولی) تودرین موصلین ہر ایک ایک تولہ سلاجیت عقر قرحا قرنفل (لونگ) بسباسہ (جوتری) جوزبوا (جائفل) مرچ سیاہ دار چینی ہر ایک 9 ماشہ شہد و شکر و قند خوراک چھ ماشہ سے ایک تولہ۔

معجون جلالی

امساک میں بے نظیر ہے اور سختی لاتی ہے، مقوی باہ ہے۔

مشک خالص 12 رتی عنبر اشہب ساڑھے چار ماشہ زعفران کبابہ بزرالبنج (اجوائن خراسانی) سفید. خرفہ دار چینی مصطگی عود خام سنبل الطیب (بالچھڑ) دوالہ (چھڑیلہ) ہر ایک 9 ماشہ اندروج جائفل ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ مایہ شتر اعرابی ثعلب مصری ہر ایک 9 ماشہ پوست خشخاش دماغ کنجشک نر (چڑا) کہ وقت ہیجان کے لیں 3 تولہ نبات سفید 3 تولہ 9 ماشہ حب النیل (کالا دانہ) سفید چار سو عدد کوٹ چھان کر سہ چند شہد کا قوام کر کے معجون بنائیں۔

دیگر

نہایت مبہی مصطگی اندر جو موصلی سیمبھل کنجد (تل) سیاہ مغز تخم اونگن تودری بیج بند سیاہ سمندر سوکھ زنجبیل (سونٹھ) ہر ایک دو تولہ زعفران پانچ ماشہ۔ مغز تخم پلنگ توڑ کھیل کھلا گوندی ہر ایک دو تولہ مغز تخم کدو بھوں پھلی عود بہمنین ہر ایک ایک تولہ قند سفید دو چند کا قوام کر کے دوائیوں کو اس میں ملائیں۔

دیگر

مولد و مقوی باہ، مغز بادام شیریں مغز پستہ کھوپرہ تخم خشخاش سفید موصلی سیاہ موصلی سفید، تالمکھانہ بیجبند تخم اونگن گوکھرو بیج سونٹھ کنجد (تل) مقشر کباب چینی بہول چھالیہ لسوڑہ کمرکس، مصطگی جائفل جاوتری ثعلب مصری تخم مولی تخم گاجر تخم پیاز الائچی سفید الائچی سرخ ہر ایک ایک تولہ زعفران مشک خالص ہر ایک دو ماشے ورق نقرہ (چاندی) تین ماشہ شہد خالص سہ چند خوراک ایک تولہ۔

دیگر

نہایت مبہی ہے، مغز بادام، مغز پستہ، مغز چلغوزہ، مغز جوز ہندی، تخم خشخاش سفید، تخم خشخاش سیاہ، مغز تخم کدو، مغز حب الزلم (بن خام) مغز حب القلقل (جنگلی انار دانہ) ہر ایک ایک تولہ تخم ترب (مولی) تخم شلغم تالمکھانہ مغز حب قرطم (کڑ) ستاور موصلی سیاہ موصلی سفید موصلی سیمبھل ہر یک نو ماشہ ثعلب مصری شقاقل مصری ہر ایک تولہ زنجبیل (سونٹھ) سات ماشہ مصطگی کندر طباشیر سفید بوزیدان (ستاوری) ہر یک نو ماشہ بیجبند چھ ماشہ مغز حب القطن (بنولہ) نو ماشہ ختہ تمہندی (تخم املی) دو تولہ شیر برگد میں تر کر کے سایہ میں خشک کریں، بھوں پھلی دار خار خسک (گوکھرو) تخم کونچ پھلی ببول ہر ایک نو ماشہ دوائیوں کو

کوٹ کر چھان کر مغز کنجشک چھ تولہ روغن گاؤ میں بریاں کریں' زردہ تخم مرغ سات عدد پانی میں جوش کریں قند سفید سہ چند کا قوام کر کے دوائیوں کو اس میں ملائیں خوراک تین ماشہ۔

دیگر

باہ کو زیادہ کرتی ہے' نانخواہ (اجوائن دیسی) تخم گندر **زنجبیل** (سونٹھ) ہر ایک 2 تولہ 9 ماشہ زعفران **بسفائج** (کھنگھاؤلی) ہر ایک ساڑھے تین ماشہ بیج کرفس ساڑھے سترہ ماشہ کوٹ چھان کر سہ چند شہد خالص کا قوام کریں۔

دیگر

آب پیاز سفید و شہد خالص ہر ایک ایک سیر آتش پر رکھیں جبکہ قوام ہو جائے تو دری سرخ تو دری سفید ثعلب مصری بہمن سرخ بہمن سفید **زنجبیل** (سونٹھ) تخم پیاز تخم ترب (مولی) تخم گندنا تخم شلغم **تالمکھانہ** موصلی سفید ہر یک یک سیر کوٹ چھان کر بدستور معجون بنائیں۔

دیگر

نہایت **مبہی** ہے' آب شیریں آب سیب شیریں آب انار شیریں آب زردک پختہ عرق کیوڑہ ہر یک سات تولہ قند سفید آدھ سیر ملا کر قوام کریں' مغز بادام 10 عدد جوش دے کر دستہ چوب سے ملائیں اور خاکستر گرم پہ رکھیں جوزبوا (جائفل) ثعلب مصری شقاقل دار چینی ہر ایک سات ماشہ طباشیر کبود چھ ماشہ باریک پیس کر ملائیں پھر دستہ چوب سے حرکت دیں' زعفران چھ ماشہ مشک خالص آدھ ماشہ گلاب میں پیس کر ملائیں۔

معجون مقوی مبہی

بلا مبالغہ ایک فائدہ مند چیز ہے ایک بار نہیں بلکہ سینکڑوں بار تجربہ میں آ کر ایک خاص معتبر اور مفید الاثر ثابت ہو چکی ہے اعضاء رئیسہ و شریفہ کو بالخصوص طاقت بخشتی ہے اور قبیحہ افعال کی وجہ سے جبکہ اکثر امراض و تکالیف کا سامنا ہو اسے استعمال کر کے کامیابی اٹھا سکتے ہیں' اگر ذکاوت حس بڑھ گئی ہو تو پہلے اسے دور کر کے پھر استعمال کرنا اکسیر کا کام دے گا' میرے مطب کی اکثر کامیاب دوا ہے (1) **تالمکھانہ** 9 تولہ لے کر صاف کر کے ایک کھوپہ میں ڈالیں اور اسے دودھ بڑھ سے بھر کر سایہ میں محفوظ رکھیں جب دودھ خشک ہو جائے تو پھر دودھ بڑ سے تر کر کے خشک کریں اس طرح تین بار تر و خشک کریں بعدہ کھوپہ کا منہ اسی کے ٹکڑے سے بند کر کے اوپر گندم کا آٹا لگاویں' اور گرم بھوبل چھلی میں دبا دیں جب اوپر کا آٹا سرخ قریب سیاہی کے پہنچ جائے نکال کر آٹا دور کر کے **تالمکھانہ** معہ کھوپہ کے باریک پیس کر محفوظ رکھیں (2) گیارہ عدد **چھوہارہ** (خرما) لیکر ان کی گٹھلی نکال لیں اور درمیان ہر چھوہارہ کے ایک ایک ماشہ افیون ڈال کر چھوہارہ بند کر کے اوپر آرد گندم نصف نصف انگل برابر لگاویں جب ذرا خشک ہو جائے تو دو سیر پختہ دودھ گاؤ میں ڈال کر پکاویں حتی کہ دودھ کا کھویا ہو جائے پھر چھوہاروں کو نکال کر گھی میں بھونیں کہ آٹا سیاہی مائل ہو جائے اس کے بعد نکال کر آٹا دور کر کے خوب کوٹ کر باریک کر لیں (3) تو دری سفید تو دری سرخ' گوکھرو' موصلی سیاہ موصلی سفید' ثعلب مصری' سمندر سوکھ' اندر جو شیریں' موچرس' دانہ الائچی ہر ایک ایک تولہ دار چینی' کباب چینی سورنجاں شیریں شقاقل مصری طباشیر' مصطگی رومی ہر ایک نو

ماشہ مرچ سیاہ ریگ ماہی جاوتری ہرایک 7 ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید' ہرایک ڈیڑھ ماشہ مغزبادام 5 تولہ' مغزپستہ' مغز چلغوزہ' مغز کدو' خشخاش سفید ہرایک 3 تولہ' زعفران مشک خالص ہرایک 3 ماشہ کشتہ فولاد 2 تولہ' کشتہ سہ دہاتہ (قلعی سکہ جست) ایک تولہ ورق نقرہ ایک دفتری یا کشتہ چاندی 2 ماشہ' سب ادویات کو الگ الگ باریک پیس کر ایک جگہ ملالیں اب تمام ادویات سے سہ چند مصری کا قوام کر کے کل ادویات کو معہ دوا کھوپہ و خرما کے ملالیں آخر میں ورق نقرہ ایک ایک کر کے حل کرلیں اور معجون کو کسی روغنی مرتبان میں محفوظ رکھیں خوراک اس کی 6 ماشہ سے ایک تولہ تک ہے 6 ماشہ سے شروع کر کے بقدر برداشت بڑہاتے بڑہاتے ایک تولہ تک پہنچاویں ہر صبح کے وقت کھا کر اوپر سے دودھ گاؤ پی لیا کریں دودھ گھی کا استعمال زیادہ ہونا چاہئے' غذا عمدہ اور روغنی ہو' اگر کسی قدر قبض معلوم ہو تو دودھ میں بادام روغن ڈال کر کسی کسی وقت پی لیا کریں' انشاء اللہ ایک ہفتہ میں ہی اپنا پورا اثر دکھاوے گا۔

معجون مبارک

اس کو معجون ہاشمی مبہی کہتے ہیں' نہایت مقوی باہ خولنجاں (کلنجن) زنجبیل (سونٹھ) دار چینی کباب چینی ہرایک 7 ماشہ جوزبوا (جائفل) مصطگی قرنفل (لونگ) عود قماری عقرقرحا ہریک ساڑھے تین ماشہ شکر سفید سہ چند شہد خالص برابر خوراک ساڑھے دس ماشہ سے 2 تولہ 9 ماشہ تک

دیگر

تقویت باہ میں بے نظیر ہے' عقرقرحا خولنجاں ہرایک تین تولہ جوزبوا (جائفل) ثعلب مصری ہریک دو تولہ زعفران ایک تولہ شقاقل مصری تودرین ہریک دو تولہ بسباسہ (جوتری) ایک تولہ فلفل دراز (پیپل) ڈیڑھ تولہ مصطگی رومی تخم ہلیون ہرایک ڈیڑھ تولہ تخم زردک (گاجر) ایک تولہ مغز بلادر (بھلانواں) مغز بادام مغز چلغوزہ' اسگند ناگوری ہرایک تین تولہ کنجد (تل) مقشر چار تولہ زنجبیل (سونٹھ تخم انجرہ (اونگن) ہرایک دو تولہ تخم کونچ ایک تولہ سمندر سوکھ مشک خالص ہرایک چھ ماشہ قند سفید پچاس تولہ عسل کف گرفتہ ایک سو پچاس تولہ خوراک اول ساڑھے چار ماشہ بعد ازاں چھ ماشہ صبح و شام چھ ماشہ۔

دیگر

معجون انفخہ تقویت باہ کے واسطے بے نظیر ہے اور سرعت ...... کو بھی مفید ہے' مایہ شترا عرابی سنبل الطیب (بال چھڑ) قرنفل (لونگ) جوزبوا (جائفل) دار چینی زنجبیل (سونٹھ) عقرقرحا خولنجان (کلنجن) دار فلفل (پیپل) سعد کوفی مصطگی عود ہندی عود غرقی خام جد وار خطائی ماہی سقنقور (بن روہو) زعفران ہریک 9 ماشہ مشک خالص عنبراشہب ورق نقرہ (چاندی) ہرایک چار ماشہ بدستور معجون بنائیں۔

دیگر

معجون چرس نہایت مبہی ہے اور نشہ لاتی ہے اور امساک پیدا کرتی ہے' بیجبند سمندر سوکھ جائفل بسباسہ (جوتری) قرفہ (تج) دار چینی زعفران خولنجان (کانج ثعلب مصری شقاقل مصری بوزیدان (ستاوری) سورنجاں شیریں مصطگی عود غرقی بہمن سرخ بہمن سفید ہرایک ایک تولہ چوب چینی سرخ رنگ پانچ تولہ تخم خشخاش سفید دو تولہ مغزپستہ آدھ پاؤ قند سفید ایک سیر روغن چرس پاؤ سیر بدستور معروف معجون بنائیں اور طریق روغن چرس نکالنے کا یہ ہے کہ پاؤ سیر چرس کو باریک کر کے پانچ سیر گائے کے دودھ میں حل کریں'

اور پھر جوش کریں اور ضامن دے کر دہی، بستہ کریں اور روغن نکالیں اگر یہ بات چاہیں کہ چرس کی بو بر طرف ہو تو کیکر کے پتے اور لونگ جوش میں ڈالیں کہ اس سے خوشبودار ہو جاتا ہے۔

دیگر

بہمن سرخ ساڑھے تیرہ ماشہ تودری زرد 18 ماشہ تودری سرخ 13 ماشہ کتیرا دار چینی عود خام سنبل الطیب ہر یک 9 ماشہ ابریشم خام صندل سفید ہر ایک 18 ماشہ کبابہ ساڑھے چار ماشہ حب القلقل (جنگلی انار دانہ) ساڑھے تیرہ ماشہ تخم گذر تخم شلغم تخم پیاز تخم ہلیون ہر یک 9 ماشہ اندر جو ساڑھے تیرہ ماشہ درونج عقربی بسباسہ (جوتری) ہر ایک ساڑھے چار ماشہ مایہ شتر اعرابی 13 ماشہ سورنجاں شیریں بوزیدان پودینہ خشک زعفران مصطگی ہر ایک 9 ماشہ مشک خالص دو ماشہ مربائے ہی مربائے ناشپاتی ہر یک چار عدد مربائی آملہ دس عدد قند سفید سہ چند آب انار شیریں آدھ پاؤ آب گذر پاؤ شیر ورق نقرہ (چاندی پچاس عدد ورق طلاء (سونا) بیس عدد بدستور مشہور معجون بنائیں۔

جوارش فنجنوش

نہایت ممسک ہے اور سرعت انزال کے واسطے مفید ہے، پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ، شیطرج ہندی (چیتہ) تخم کرفس ہر ایک 21 ماشہ پوست ہلیلہ آملہ مقشر نانخواہ تودری سرخ تودری زرد دار فلفل، کند مقشر ایک 14 ماشہ قرفہ (تج) 2 ماشہ سنبل الطیب جائفل سونٹھ فلفلموبہ (پپلا مول) ہر ایک 28 ماشہ الائچی خورد قسط (کوٹ سلیخہ (دار چینی) قرنفل بسباسہ (جوتری) خولنجان نار مشک (ناگیسر) ہر ایک 21 ماشہ سعد کوفی 14 ماشہ مشک خالص 9 ماشہ عنبر اشہب ساڑھے چار ماشہ خبث الحدید مدبر بوزن مجموعہ ادویہ روغن گاؤ 16 تولہ دوائیوں کو کوٹ چھان کر روغن گاؤ میں چرب کر کے شہد خالص کف گرفتہ میں ملائیں خوراک 7 ماشہ گائے کے دودھ یا گائے کی چھانچھ یا مکھن کے ساتھ

جوارش خبث الحدید

باہ کو زیادہ کرتی ہے، ہلیلہ سیاہ، آملہ پیپل، سونٹھ، زیرہ سیاہ مدبر، تخم سویا پوست بہیڑہ، تخم کرفس، تخم گندنا، تخم تراتیزک، تخم شلجم، تج، موتھ کوفی، دار چینی، لونگ جائفل، ہر ایک ساڑھے تین ماشہ، جاوتری، الائچی خورد، گل سرخ، الائچی کلاں، مشک خالص، عود ہندی، مشک بتی، ہر ایک 7 ماشہ تخم سپندان سفید 9 تولہ خبث الحدید مساوی کوٹ چھان کر سہ چند شہد خالص کف گرفتہ میں ملائیں۔

جوارش دار چینی

نہایت مقوی باہ ہے، بال چھڑ دانہ الائچی سفید، تج، دار چینی، خولنجان، لونگ موتھ کوفی سونٹھ، مرچ سیاہ دار فلفل کوٹ شیریں اساروں (تگر) ہر یک دو جز و زعفران ایک جز مصطگی پانچ جز شکر سفید برابر شہد خالص دو چند بدستور قوام کریں۔

جوارش جلالی

منی کو زیادہ کرتی ہے اور باہ کو قوت دیتی ہے، مشک 3 رتی انیسوں تخم کرفس ہر یک [illegible] چار ماشہ فلفل [illegible] 9 ماشہ زیرہ کرمانی مدبر بسرکہ مصطگی پودینہ خشک عود ہندی (اگر) ہر ایک [illegible] بالچھڑ، زرنب (تج)

لونگ دار چینی الائچی ہر ایک ساڑھے تین تولہ قند سفید برابر کوٹ چھان کر عسل خالص کف گرفتہ میں ملائیں خوراک ساڑھے چار ماشہ۔

جوارش عطائی

منی کو زیادہ کرتی ہے' بہمن تودریں تخم اسپست مغز تخم خربزہ تخم خرتیمو (ترامیزک) تخم پیاز تخم حماض (چوکہ) تخم انجرہ (اونگن) کتیرا سفید تخم ہلیون تخم کرفس ہر ایک 14 ماشہ شقاقل مصری الائچی خورد' دار فلفل خولنجان دار چینی سونٹھ خرفہ (تج) ہر ایک ساڑھے چار ماشہ ترنجبین سہ چند ترنجبین کو ایک رات گائے کے دودھ میں بھگویں صبح کو مسل کر صاف کر کے آگ پر رکھیں' تا کہ غلیظ ہو جائے' نیچے اتار کر دوائی کو اس میں ملائیں اور چینی کے برتن میں رکھیں خوراک 14 ماشہ شیر گاؤ تازہ کے ساتھ

معجون خوزی

مقوی باہ' الائچی خورد جوز بوا (جائفل) بسباسہ (جوتری) ہر ایک 2 تولہ 9 ماشہ نانخواہ (اجوائن دیسی) زعفران ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ شہد خالص دو چند۔

معجون ملوکی

نہایت مقوی باہ' جوز بوا (جائفل) قرنفل (لونگ) بسباسہ (جوتری) اندر جو بیخ از خر زنجبیل (سونٹھ) دار چینی) مصطگی زعفران عود ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ الائچی کندر ہریک 4 ماشہ اشنہ (چھڑیلہ) 9 ماشہ قند و گلاب ہریک 3 تولہ 9 ماشہ' قند کو گلاب میں حل کر کے عسل بقدر کفایت اضافہ کر کے کھاویں۔

معجون دافع جریان

علک البطم 3 ماشہ' صمغ عربی 3 ماشہ' درونج عقربی 3 ماشہ' خصیتہ الثعلب تولہ مصطگی تولہ' طباشیر تولہ' قاقلہ کبارو مفار 6 ماشہ' مغز پنبہ دانہ ڈیڑھ تولہ کشتہ ارزیہ 3 ماشہ مربائے آملہ 7 عدد ورق نقرہ' 1 عدد شہد خالص' اپار مقدار خوراک 9 ماشہ یا 1/2 تولہ۔

دیگر

معجون مالکنگنی نہایت مقوی باہ' مالکنگنی عقر قرحا تخم گذر' قرنفل (لونگ) زعفران ہریک ساڑھے تین ماشہ اسپند سوختنی ڈیڑھ ماشہ تخم خشخاش سفید 5 دام کنجد (تل) سفید چار دام بہمن سفید چار دام روغن مالکنگنی شد و عسل (شہد) خالص ہو قند سفید چار چند۔

معجون فولاد

نہایت مقوی باہ ہے' عنبر اشہب مشک خالص ہریک ساڑھے چار ماشہ افیون 18 ماشہ اشترنار (اونٹ کٹارہ) مغز چلغوزہ پیاز کرد گان (اخروٹ) حب النیل (کالا دانہ) ہندی زرنباد (نرکچور) ثعلب مصری رازیانہ (بادیاں) بلادر (بھلاواں) زہرہ گرفتہ کچلہ زہر گرفتہ بریاں کر کے افتیمون زاراوند طویل پیاز عنصل زراوند مدحرج شاہترہ ہریک ساڑھے بائیس ماشہ زعفران فلفل دراز فلفل شنجرف مغسول آب لیموں میں صلایہ کر کے کبابہ مصطگی انیسوں ماہی سقنقور (بن روہو) سنبل الطیب بسباسہ قرنفل (لونگ) دار چینی زیرہ کرمانی شونیز (کلونجی) تخم خربزہ تخم کاسنی عقر قرحا تخم خشخاش بہمن سرخ بہمن سفید ہلیلہ سیاہ کہربا مرجان

مردار اندر جو تخم کرفس مغز پنبہ دانہ (بنولہ) تخم دھتورہ زہرہ گرفتہ بریاں کر کے مایہ شترا عرلی جنطیانہ رومی زنجبیل (سونٹھ) کنجد (تل) مقشر رومی بابونہ جوزبوا (جائفل) آملہ قاقلہ کبار (بڑی الائچی) ہلیلہ شیطرج (چتیہ) نانخواہ (اجوائن دیسی) جوز ہندی (اخروٹ) بلیون سلیخا (تج) بھنگرہ مغز سر کنجشک مغز سر خروس ہریک 2 تولہ 9 ماشہ فولاد مکلس (کشتہ فولاد ورق طلاء (سونا) ورق نقرہ (چاندی) ہر ایک پچاس عدد قند سفید تہائی وزن ادویہ بدستور معجون بنائیں چھ ماہ کے بعد استعمال کریں۔

معجون دار چینی

تقویت باہ میں بینظیر ہے، دار چینی ڈیڑھ تولہ قسط (کوٹ) شیریں زنجبیل (سونٹھ) فلفل سفید گوکھرو کلاں گوکھرو خورد ساذج ہندی (تیج پات) اسارون (تگر) قرنفل (لونگ) مصطگی دانہ الائچی سفید تخم ترب (مولی) تخم شلغم ہریک چھ ماشہ کنجد (تل) سفید مقشر مغز پستہ مغز چلغوزہ ثعلب مصری بھمنین شقاقل مصری عود عربی ہر ایک ایک تولہ نبات سفید یک چند شہد خالص دو چند خوراک چھ ماشہ سے ایک تولہ تک۔

دیگر

معجون لولوی سختی لاتی ہے، ..... اور باہ کو زیادہ کرتی ہے، اور دوستی مرد کی دل میں عورت کے پیدا کرتی ہے، مروارید ناسفتہ بسد احمر (بیخ مرجاں) ہر ایک ساڑھے چار ماشہ انیسوں بہمن سفید ہریک ساڑھے دس ماشہ کو کنج بیخ لبلاب (عشق پیچہ) ہر ایک ساڑھے تین ماشہ قصاح اذخر سعد کوفی گرنازج (مائیں کلاں) سلیخہ (تج) دار چینی اسارون (تگر) مصطگی ہر ایک 9 ماشہ صمغ عربی کتیرا ہر ایک ڈیڑھ ماشہ کوٹ چھان کر شہد خالص میں قوام کریں، وقت مجامعت کے ساڑھے چار ماشہ نیم گرم پانی کے ساتھ کھاویں۔

معجون نانخواہ

نہایت مبہی ہے، صعتر نانخواہ (اجوائن دیسی) زوفا نعناع (پودینہ) خشک زیرہ کرمانی ہر ایک ساڑھے بائیس ماشہ بسباسہ (جوتری) درج بادیان زنجبیل (سونٹھ) جائفل کرفس ہریک ساڑھے تین ماشہ عاشاد جنگلی (پودنیہ) 9 ماشہ کوٹ چھان کر سہ چند شہد خالص کا قوام کر کے دواؤں کو اس میں ملا دیں۔

دیگر

معجون سنجری نہایت مقوی ہے شقاقل تخم معصفر (کڑ) تخم ماہی زہرہ (ننھا جوڑی) تخم شبت (سویا) نانخواہ (اجوائن دیسی) زیرہ کرمانی انیسوں تخم خربزہ ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ بسباسہ (جوتری) جوزبوا (جائفل) الائچی خورد زنجبیل (سونٹھ) دار چینی قرنفل (لونگ) زعفران بھمنین مصطگی عود صلیب نارجیل (ناریل) ساذج (تیج پات) مغز بادام شیریں مغز پستہ مغز املی ہر ایک 27 ماشہ مویزج قند سفید ہر ایک 11 تولہ عسل خالص سہ چند خوراک 2 تولہ 9 ماشہ۔

دیگر

معجون سنجری نہایت مقوی باہ، سنبل الطیب (بالچھڑ) بسباسہ (جوتری) جائفل الائچی خورد زنجبیل (سونٹھ) دار چینی قرنفل (لونگ) زعفران بہمن سرخ بہمن سفید عود صلیب مصطگی مغز نارجیل (ناریل) ساذج ہندی (تیج پات) خسکدانہ (کڑ) تخم شبست (سویا) نانخواہ (اجوائن دیسی) زیرہ کرمانی مدبر تخم گزر مغز

شیریں مغز پستہ مغز بھلانوہ احتیاط سے نکال لیں ہر یک 2 ماشہ مویز سرخ قند سفید ہر یک 11 تولہ شہد خالص سہ چند۔

دیگر

معجون جدوار نہایت مبہی۔ عود قماری خام قرنفل، لونگ، شقاقل، مصری، ثعلب مصری، ہر یک ساڑھے تیرہ ماشہ، زعفران پونے دو ماشہ، کباب چینی، فلفل تخم بالنگو دار فلفل (پیپل) ہر یک 27 ماشہ، تخم بابونہ مروارید ناسفتہ جدوار خطائی ہر یک ساڑھے چار ماشہ قند سفید سہ چند۔

دواء المسک حار

اس ضعف باہ کے واسطے کہ جو ضعف قلب سے ہو مفید ہے۔ زرنباد دردنج عقربی مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی بسد احمر ہر یک دس درم ابریشم مقرض چھ درم بہمن سفید بہمن سرخ سنبل الطیب ساذج ہندی الائچی سرخ قرنفل ہر یک پانچ درم اشنہ، دار فلفل، سونٹھ، ہر ایک 14 ماشہ، مشک 10 ماشہ، شہد خالص برابر قوام کریں۔

معجون مقوی باہ

آدھ پاؤ مغز بادام کو دودھ میں بھگو کر چھلکا دور کریں اور خوب باریک دودھ سے پیس کر 5 سیر دودھ میں ڈال کر خوب ملا دیں اور سفید موصلی کا سفوف نصف سیر اس دودھ میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں جب کھویا ہو جائے نصف سیر گھی میں جب سرخ ہونے لگے تو اتاریں اور دو سیر دیسی چینی کی چاشنی کر کے اس میں کھویہ ڈالیں اور ساتھ ہی مندرجہ ذیل ادویہ کا باریک شدہ سفوف بھی ڈال دیں اور خوب ہی ملا دیں تاکہ سب ادویہ اچھی طرح سے مل جاویں، ستاور، جائفل، اسگندھ، گوکھرو، زیرہ، اجمود، چترک، سفوف پترج سونٹھ، مرچ سیاہ، اجوائن، آملہ، کچور، دھنیا، ہلیلہ، ناگرموتھ، سمندر سوکھ، پیپلا مول لونگ، جاوتری، ناگ کیسر، ناگ بلا، اتی بلا، تالمکھانہ کھ ینٹی، مغز تخم کونچ، ملٹھی سنگھاڑا، سینبھل کا گولا، کنول گٹہ بنسلوچن، کنکول، عقرقرحا، کافور، دازالائچی دار چینی زعفران ہر یک 6 ماشہ دھلے ہوئے سفید تل ایک پاؤ، چند اودے 1 تولہ کشتہ چاندی 1 تولہ نہایت درجہ کی مقوی و مغلظ و مولد منی ہونے کے علاوہ دیگر امراض بادی و بلغمی کے واسطے مفید، عورتوں کے اکثر امراض کو بھی فائدہ دیتی ہے، سرعت و احتلام کو دور کرتی ہے۔

نسخہ فلک سیر

دہلی کے اطباء کا خاص نسخہ ہے، مغز بادام شیریں 6 تولہ، مغز فندق 4 تولہ، مغز چلغوزہ 4 تولہ، مغز گردگان 4 تولہ، مغز تخم کدوے شیریں 6 ماشہ، مغز پستہ 2 تولہ، مغز تخم کاہو 6 ماشہ، شہد انج 4 تولہ بسبلسہ 4 تولہ، بوزیدا 4 تولہ افیون 6 ماشہ، مشک خالص تولہ عنبر اشہب 6 ماشہ، چرس 6 ماشہ، بنگ 6 ماشہ یاقوت احمر تولہ یاقوت، صفر تولہ، زمرد اخضر 1 تولہ زعفران تولہ، ورق نقرہ 1 تولہ، ورق طلا تولہ، شہد خالص ہموزن 4 تولہ ادویہ قند سفید مد تولہ دو چند ادویہ در گلاب قسم اول، کھل کرد بطریق احسن معروف معجون سازند۔

معجون مادہ الحیوۃ معروف بہ معجون فلاسفہ

باہ کو زیادہ کرتی ہے منی کو بڑھاتی ہے، تخم بابونہ ساڑھے سترہ ماشہ **زنجبیل** (سونٹھ) فلفل دار فلفل (پیپل) دار چینی آملہ مقشر پوست ہلیلہ **شیطرنج** (چیتہ) ہندی زراوند مدحرج ثعلب مصری بیخ بابونہ مغز چلغوزہ نارجیل (ناریل) تازہ ہریک 2 تولہ 9 ماشہ مویز منقی 8 تولہ 9 ماشہ شہد خالص دو چند بطریق مشہور معجون بنائیں۔

معجون چوب چینی

نہایت مقوی باہ ہے، چوب چینی چار دام قرنفل (لونگ) جوزبوا (جائفل) **بسباسہ** (جوتری) گل سرخ زعفران، زرنبد خولنجان (**کلنجن**) ہر ایک تین ماشہ دار چینی **فلفل سیاہ**، مصطگی سورنجان بوزیدان (ستاوری) سنا مکی اندر جو ہریک پانچ ماشہ **زنجبیل** (سونٹھ) دار فلفل (پیپل) عقرقرحا جدوار ہر ایک دو ماشہ **بہمنین** دس ماشہ دانہ ہیل (الائچی) خورد تین ماشہ کشنیز (دھنیا) خشک چار ماشہ شہد خالص سہ چند بطریق مشہور معجون بنائیں۔

دیگر

معجون چوب چینی تقویت باہ میں بے نظیر ہے۔ پوست ہلیلہ، کابلی ہلیلہ سیاہ، آملہ مقشر ہر ایک ساڑھے 10 ماشہ، افتیمون **بسفائج فستقی** ایک ساڑھے 17 ماشہ، لاجورد مغسول 7 ماشہ، تربد سفید، اسطوخودوس بہمن سرخ بہمن سفید زرنباد (نرکچور) بادر **نجبویہ** (بلی لوٹن) ہر ایک 60 ماشہ درونج عقربی، شقاقل، ثعلب مصری سنبل الطیب (بال چھڑ) سورنجان ہریک 7 ماشہ بوزیدان (ستاوری) دار چینی، قرنفل (لونگ) جوزبوا (جائفل) گلسرخ عود ہندی ابریشم مقرض ہریک ساڑھے چار ماشہ چوب چینی اعلیٰ برابر کل ادویہ کے شہد خالص سہ چند معجون بنائیں ہر روز 18 ماشہ کھائیں۔

دیگر

معجون چوب چینی نہایت مقوی باہ کہ ضعف حرارت سے ہو، صندل سفید دو ماشہ ابریشم خام تین ماشہ ثعلب مصری سات ماشہ برگ گاؤ زبان زہر مہرہ خطائی طباشیر کبود ہریک تین ماشہ مغز پستہ مغز بادام مغز چلغوزہ مغز حب الزلم (بن خام) مغز فندق مغز حبہ **الخضرا** (بن) ہر ایک پانچ ماشہ نارجیل (ناریل) تازہ سات ماشہ شقاقل مصری بہمن سفید بہمن سرخ ہریک پانچ ماشہ مغز تخم کدو مغز تخم خربزہ خر تخم تربوز مغز تخم خیار ہریک سات ماشہ چوب چینی پندرہ ماشہ آملہ مربائے مربائے سیب مربائے ہی مربائے ناشپاتی آب انار شیریں ہر ایک آدھ پاؤ قند سفید سوا سیر بدستور معجون بنائیں۔

دیگر

معجون چوب چینی نہایت مقوی باہ، چوب چینی 11 تولہ جدوار خولنجان ساذج ہندی تیزپات زرنباد (نرکچور) درونج عقربی عقرقرحا **زنجبیل** (سونٹھ) مشک خالص ہر ایک 9 ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید تودری سفید تودری سرخ تخم ترب (مولی) دار چینی مصطگی قرنفل (لونگ) الائچی خورد جائفل **بسباسہ** (جوتری) عود قزری ثعلب مصری زعفران ہریک ساڑھے تیرہ ماشہ مغز بادام مقشر تخم خربزہ مغز فندق اندر جو ہر ایک 27

شہ پستہ مغز نارجیل (ناریل) ہر ایک 3 تولہ 9 ماشہ بدستور معجون بنادیں۔

معجون تودرین

معجون تودرین قوت باہ کے لئے نہایت مفید ہے، مغز تخم خربزہ مغز تخم کدو، کشنیز (دھنیا خشک) خشک طباشیر سفید گل مختوم ہر یک 7 ماشہ مغز تخم خیارین چار درم خولنجاں (کلنجن) مغز 21 ماشہ مروارید ناسفتہ 14 ماشہ شقاقل ثعلب مصری ہر یک 6 ماشہ مغز تخم کونچ 21 ماشہ مغز چلغوزہ تودری زرد تودری سفید ہر ایک 14 ماشہ آب سیب 28 ماشہ آب بہی 7 تولہ، شربت بنفشہ 3 تولہ 6 ماشہ شربت نیلوفر 4 تولہ 5 ماشہ نبات سفید دو چند

معجون لجونتی

نہایت مقوی باہ بیخ لجالو (چھوٹی مولی کی جڑ) موصلی سیاہ تخم السی پوست بیخ اونٹ کٹارا مغز تخم کونچ کل اجزا کو ہموزن لیکر باریک کر کے شہد خالص میں معجون بنائیں اور ساڑھے تین ماشہ روز کھائیں۔

معجون ستادر

نہایت مقوی باہ، ستاور دار چینی ناگ کیسر مین پھل ملہٹی دانہ الائچی، بنسلوچن، پیپل سونٹھ، مرچ سیاہ زری اسگندہ بداری کندر کبابہ تخم سہانجنہ، لونگ مصطگی، عقرقرحا گوند سنبل تخم انگن تخم پیاز اجمود تخم کبر بیخ موصلی سفید موصلی سیاہ کل اجزا ہموزن لیکر باریک کریں اور ہموزن شکر سفید ملا کر معجون بنائیں۔

معجون اسقیل

معجون اسقیل مقوی باہ، اساروں (تگر) دار چینی، سنبل الطیب (بالچھڑ) اشنہ (چھڑیلہ) دانہ ہیل (دانہ الائچی) مغز تخم خیارین ہر یک دو مثقال مصطگی زعفران بوزیدان مایہ شترا عرابی زنجبیل تودری زرد پیاز عنصل مشوی تخم ترب (مولی) تخم پیاز تخم ترہ تیزک جوزبوا (جائفل) بسباسہ (جوتری) ہر یک تین مثقال بہمن سرخ بہمن سفید اندر جو ہر یک پانچ مثقال ثعلب مصری خولنجان مغز چلغوزہ مغز نارجیل مقشر مغز اخروٹ مقشر ہر ایک دس مثقال کوٹ چھان کر شہد خالص سہ چند کا قوام ملائیں۔

معجون کوتوالی

معجون کوتوالی سیلان منی کو نہایت نافع ہے، کندر ایک درم صندلیں عدس چرائتہ تخم حماض صمغ عربی طباشیر سفید ہر ایک دو درم حب الاس دو مثقال اقاقیا گلنار ہر یک تین درم کوٹ چھان کر گلاب میں ملادیں خوراک پانچ درم۔

معجون عناب

منی کو زیادہ کرتی ہے، زعفران عقرقرحا، اجوائن خراسانی فرفیون کلیجن الائچی کلاں پیپل جند بید ستر مساوی کوٹ چھان کر شہد خالص سہ چند کا قوام کریں۔

معجون عطائی

معجون عطائی سرعت انزال کے واسطے مفید ہے، مصطگی کندر جفت بلوط بزر القنب (تخم بھنگ) مساوی

کوٹ چھان کر دو چند شہد خالص میں ملا دیں۔

معجون عنبر

مقوی باہ ہے' عنبر اشہب' ثعلب مصری ہر ایک 5 مثقال مصطگی کندر بہمن سفید بہمن سرخ ہر ایک ڈھائی مثقال مشک خالص ڈیڑھ مثقال زعفران ایک مثقال ورق نقرہ' ورق طلاء ہر ایک دو مثقال شہد خالص سو مثقال آب زردک میں قوام کریں اول عنبر کو نبات میں پیس کر شہد خالص میں مخروج کریں پھر اس کے تمام ادویہ کو بمقدار ایک مثقال سے ڈیڑھ مثقال تک۔

معجون ثعلب

معجون ثعلب تقویت باہ و تغلیظ منی میں مجرب ہے' ثعلب مصری 5 تولے شقاقل مصری تین تولہ عقرقرحا خولنجان' سمندر سوکھ مغز بلادر اسگند ناگوری ہر ایک ایک تولہ فلفل دراز مصطگی تخم ہالوں' جوز (جائفل) زنجبیل (سونٹھ) بہمنین تودرین ہر ایک 6 ماشہ کنجد سفید مقشر مغز تخم کونچ تخم گزر ہر ایک ایک تولہ بسباسہ (جوتری) زعفران ہر ایک 3 ماشہ قند سفید ہموزن شہد سہ چند خوراک تین ماشہ سے چھ ماشہ تک۔

معجون مفرح

زعفران 5 تولہ' مصطگی 3 تولہ' گل سرخ 10 تولہ' جائفل 5 تولہ' جاوتری 5 تولہ' مشک 6 ماشہ تولہ' نارجیل 1 تولہ' برگ بھنگ 30 تولہ' کوٹ چھان کر شہد سہ چند کا گلاب میں قوام کر کے معجون تیار کریں' خوراک 7 ماشہ۔

معجون نشاط العاشقین

یہ مقوی باہ اور ممسک ہے' جوتری 3 ماشہ' جائفل 4 تولہ چھوٹی الائچی 7 ماشہ' بڑی الائچی 7 ماشہ لونگ 7 ماشہ زعفران 4 تولہ مشک 2 ماشہ عود (اگر) 3 تولہ تخم دھتورہ اجوائن خراسانی 4 ماشہ مالکنگنی ماشہ بھنگ 1 تولہ دار چینی 4 تولہ مازو 3 تولہ موچرس 6 تولہ تخم سمندر سوکھ 3 تولہ تخم کرفس 3 تولہ سرخ 7 (زیرہ گل سرخ) کانپھل ڈیڑھ تولہ کاکڑا سنگی ڈیڑھ تولہ بنسلوچن 10 ماشہ بیخ بھنگرہ 4 تولہ ساڑھے تین ماشہ سپاری 3 تولہ مائیں 4 تولہ جفت بلوط ڈیڑھ تولہ قسط 3 تولہ حب الآس 4 تولہ پوست 3 تولہ ہلیلہ 4 تولہ جنگلی بیر کی جڑ کا پوست 3 تولہ مولسری کی جڑ کا پوست 3 تولہ' سونٹھ 3 تولہ تولہ حرمل 1 تولہ' گندھک 1 تولہ عنبر اشہب 7 ماشہ ورق طلاء ۰ ماشہ ورق نقرہ 5 ماشہ شہد ادویہ سے لے کر قوام بنائیں اور ادویہ کوٹ چھان کر ملائیں' عنبر اشہب عرق بید مشک میں حل کر کے اضافہ کریں بعد ازاں ورق نقرہ ورق طلاء ایک ایک کر کے ملائیں۔

معجون کندر

نہایت مقوی باہ معجون کندر رومی (مصطگی) کندر بلوط گلنار فارسی شونیز (کلونجی) کشنیز (دھنیا خشک) ہر یک 2 تولہ 9 ماشہ زیرہ سیاہ زیرہ سفید نانخواہ (اجوائن دیسی) ہر ایک 7 ماشہ پوست ہلیلہ ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ' آملہ مقشر ہر ایک 10 ماشہ شہد خالص سہ چند۔

دیگر

واسطے سرعت کے بہت مفید ہے' سنبل الطیب (بالچھڑ) دو تولہ عود ہندی ہر ایک 9 ماشہ مشک 9 رتی و نیم جوزبوا (جائفل) پوست خشخاش ہر ایک 18 ماشہ مصطگی 9 ماشہ حب النیل (کالا دانہ) ایک سو عدد قرفہ (تج) 13 ماشہ ورق قنب (بھنگ) ساڑھے سات تولہ شہد خالص دو چند روغن بادام قدرے خوراک ساڑھے تین ماشہ سے ڈھائی ماشک تک۔

معجون زرخونی

امرباہ میں عجیب الاثر ہے' قوت باہ کے واسطے بے نظیر ہے' تخم کرفس تخم گذر تخم اسپت نانخواہ (اجوائن دیسی) بادیاں مغز تخم خربزہ مغز تخم خیار مغز تخم بادرنگ (کھیرا) بیخ کرفس ہر ایک 23 ماشہ عقرقرحا قرفہ (تج) مصطگی زعفران عود قماری خام ہر ایک 7 ماشہ بسباسہ (جوتری) قرنفل (لونگ) کباب چینی فلفل ہر ایک 10ء ماشہ عنبر اشہب ساڑھے تین ماشہ کوٹ چھان کر سہ چند شہد خالص کا قوام کریں' بعد دو ماہ کے مقدار 7ء ماشہ کھاویں۔

دیگر

معجون زرعونی واسطے تقویت اعضائے تناسل کے مجرب ہے' مایہ شتر اعرابی ثعلب مصری خولنجان زرنباد (نرکچور) بہمنین ہر ایک 18 ماشہ تودرین ہر یک 13 ماشہ شقاقل مصری' تخم ہلیون نخود مقشر (چنے چھلے) تخم گدز شلغم مغز بلادر ہر ایک 13 ماشہ اندرجو' قاقلہ کبار نعناع خشک (پودینہ) باقلائے مقشر تخم ترب (مولی) تخم پیاز تخم انجرہ (انگن) تخم اسپت تخم گندنا تخم ترہ تیزک' تخم کرفس' مغز تخم خربزہ' مغز تخم خیارین' مغز پنبہ دانہ (بنولہ) مغز چلغوزہ مغز حب القلقل (جنگلی انار دانہ) کنجد مقشر تخم خشخاش سفید دار چینی' مصطگی قرفہ (تج) بسباسہ (جوتری) کندر بوزیدان (ستاوری) دار فلفل (پیپل) کش خرما (خوشہ خرما) عقرقرحا قرنفل (لونگ) خشک مربائے مغز نارجیل (ناریل) کباب چینی جندبید ستر (اودبلاؤ کے خصیے) جنگلی خسک عود ہندی (اگر) جوزابوا (جائفل) کرویا (کائی زیری) ورق نقرہ ہر ایک 9 ماشہ کتیرا صمغ عربی ورق طلاء ہر ایک ساڑھے چار ماشہ سہ چند شہد خالص۔

دیگر

معجون زرعونی نہایت مقوی باہ تخم کرفس تخم پیاز تخم جرجیر (تراتیزک) تخم گدز تخم اسپت بادیان مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین پوست بیخ کرفس ہر ایک 22 ماشہ بسباسہ (جوتری) قرنفل (لونگ) پودینہ کوہی کباب چینی عقرقرحا ہر یک 10ء ماشہ قرفہ (تج) زعفران کندر مصطگی عود قماری ہر یک 14 ماشہ تخم ہلیون شقاقل مصری بوزیدان (ستاوری) بہمن سفید بہمن سرخ اندرجو تودری زرد تودری سفید تودری سرخ ہر یک 17ء ماشہ زنجبیل (سونٹھ) تخم شلغم تخم ترہ تیزک تخم پیاز حب الرشاد (ہالوں) تخم گندنا گرسنہ (مٹر) خولنجان' کلنجن' جوزبوا (جائفل) تخم خرفہ دار فلفل (سونٹھ ہر یک 10ء ماشہ پیاز عنصل ساڑھے چار ماشہ نارمشک (ناکیسر) حب القلقل (جنگلی انار دانہ مغز حب الزلم (بن خام) مغز چلغوزہ مغز نارجیل (ناریل) ہر ایک 22ء ماشہ ثعلب مصری' جندبید ستر مغز بلادر احتیاط سے نکال لیں' خشک کر کے خسک خرما کش خرما (خوشہ خرما) ہر ایک 3 تولہ 9 ماشہ عنبر اشہب 7 ماشہ مشک خالص 3ء ماشہ شہد خالص سہ چند۔

معجون سقراط

نہایت مقوی ہے، مصطگی قرنفل (لونگ) عقرقرحا عود ہندی ہر ایک 3 ماشہ زرورد 7 ماشہ، انیسون تخم کرفس تخم گدز تخم شبت (سویا) ہر ایک 2 تولہ 9 ماشہ کوٹ چھان کر سہ چند شہد کا قوام کر کے اس میں ملا دیں۔

معجون بقراط

یہ معجون بقراط باہ کو زیادہ کرتی ہے، حبنطلنہ (پکھان بید) کردیا (کالی زیری) ناگ کیسر تخم فرنجمشک (تلسی) حب الغار زراوند طویل ہر ایک ساڑھے چار ماشہ، سونف رومی جندبید ستر، حب بلسان عود بلسان اجمود تخم ترہ تیزک تخم پیاز اور تخم گندنا ہر ایک 7 ماشہ نسوت 5 تولہ دس ماشہ ایلو 35 تولہ اگر خام ساڑھے 3 تولہ جائفل ریوند چینی الائچی کلاں جاوتری بالچھڑ زعفران پیاز جنگلی (بھنی ہوئی) زرنب (طالیسفر) چیتہ دار چینی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گلاب کے پھول باد رنجبویہ (بلی لوٹن) لاکھ دھوئی ہوئی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ موتھ، حب محلب (کھونی) ہر ایک چودہ ماشہ کائی پوست بہیڑہ ہر لیک پونے دو تولہ کوٹ چھان کر روغن بادام تلخ میں چرب کر کے شہد خالص سہ چند میں ملا کر رکھیں 6 ماہ تک میں دبا رکھیں بعد اس کے استعمال کریں خوراک سات ماشہ سے ساڑھے سترہ ماشہ تک۔

دیگر

ضعیفوں اور مبرودین کی باہ کے اعادہ کرنے میں نہایت نافع ہے، فاد زہر حیوانی عنبر اشہب ورق نقرہ (چاندی) مشک خالص ہر یک 3ء ماشہ سازج ہندی (تیزپات) سورنجان زرنباد (نرکچور) تودرین زعفران یاقوت ہر یک 9 ماشہ ماہ خرمن (جدوار) خطائی زرنب (طالیسو) قرنفل (لونگ) کباب چینی زنجبیل (سونٹھ) فلفل الائچی کلاں الائچی خورد درونج عقربی گل گاؤ زبان گل نیلوفر تخم کرفس انیسوں سعد کوفی (ناگر موتھ) خولنجان (کلنجن) اسارون (تگر) سنبل الطیب (بالچھڑ) اندر جو دار فلفل (پیپل) صندل سرخ زراوند مدحرج ابریشم مقرض بوزیدان پوست ترنج گل مختوم کچلہ مدبر درشہ اسطو خودوس ہر یک 13 ماشہ حجر لاجورد مغسول مومیائی کانی ہر ایک 18 ماشہ شقاقل مصری دار چینی قرص افعی طباشیر سفید خشخاش سفید مغز تخم خربزہ تخم شبت (سویا) مایہ شترا عرابی عود ہندی جوزبوا (جائفل) بسباسہ (جوتری) آملہ، مغز اخروٹ، مغز بادام، مقشر مغز پنبہ دانہ (بنولہ) مغز فندق لعل بدخشانی فیروزہ نیشاپوری مروارید ناسفتہ مرجان گلسرخ پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ کشنیز خشک (دھنیا) ہر یک 22ء ماشہ مصطگی ثعلب مصری 5 تولہ، 7 ماشہ مغز بادام مقشر 40 عدد شہد خالص بقدر حاجت معجون بنائیں۔

معجون شیخ الرئیس

معجون شیخ الرئیس امراہ میں عجیب المنفعت ہے، مشک چھٹا حصہ انگوزہ (ہینگ) تخم گذر قاقلہ (الائچی) تخم جرجیر (چلغوزہ) اندر جو کرم دانہ ہر یک ایک حصہ بوزیدان (ستاوری) فلفل ہر یک 3 حصے روغن صنوبر (چلغوزہ) میں چرب کر کے شہد خالص ملائیں۔

دیگر

معجون کندر سرعت و احتلام کے واسطے مفید ہے، کندر گلنار جفت بلوط شونیز (کلونجی) کشنیز خشک ہر یک

2 تولہ 9 ماشہ زیرہ سیاہ کرویہ (کالی زیری) نانخواہ (اجوائن دیسی) ہر ایک 17ء ماشہ پوست ہلیلہ ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ زرد، آملہ مقشر، ہر ایک 13ء ماشہ شہد خالص سہ چند۔

دیگر

فلفل دراز فلفل (پیپل) زنجبیل قرفہ (تج) دار چینی قرنفل (لونگ) خولنجان ہریک یک جز، تودری سرخ تودری سفید بہمن سرخ بہمن سفید، بوزیدان (ستاوری) اندر جو قسط شیریں سعد کوفی (ناگر موتھ سنبل الطیب (بالچھڑ) ہر اک تین جز کوٹ چھان کر شہد خالص میں معجون بنادیں۔

معجون مسیحی

واسطے قوت باہ کے نہایت نافع ہے، عقرقرحا 21 ماشہ فلفل سفید 2 تولہ زعفران ماشہ، الائچی کلاں 2 تولہ 9 ماشہ مصطگی قرفہ (تج) ہر ایک 2 تولہ مشک خالص ڈیڑھ ماشہ عنبر اشہب ساڑھے تین ماشہ جوزبوا (جائفل) دو عدد روغن بادام 2 تولہ 9 ماشہ قند سفید 3 تولہ بدستور معجون بنادیں۔

دیگر معجون مسیحی

باہ کو زیادہ کرتی ہے، بالچھڑ پونے چار تولے جائفل الائچی خورد سونٹھ دار چینی لونگ زعفران بہمن سرخ د سفید دعود سلیب مصطگی نارجیل (ناریل) تیج پات ہریک سوا دو تولہ اجوائن کسم کے بیج تخم ناہیرنرہ (ہتما جوڑی) زیرہ کرمانی سونف رومی گاجر کے بیج ہریک گیارہ تولہ مشک سوا تیرہ ماشہ شہد خالص سہ چند مقدار خوراک 9 ماشہ

معجون بزور

منی کو زیادہ کرتی ہے، تخم شلغم گندر تخم پیاز تخم ترب (مولی) تخم ہلیون تخم نرطیہ (اسپست) تخم جراجیر (تراتیزک) حب الصنوبر (چلغوزہ) حب القلقل (جنگلی انار دانہ) تودری سرخ حب الزلم (بن خلہ تودری زرداندر جو شقاقل بہمن بوزیدان قسط (کوٹ) شیریں زنجبیل (سونٹھ) دار فلفل (پیپل) حرف (ہالوں) انگوزہ (ہینگ) ساوی شہد خالص میں ملا کر معجون بنادیں خوراک 13ء ماشہ۔

معجون قرص افعی

یہ معجون قرص افعی نہایت مبہی ومقوی ہے اور رقت منی کو دور کرتی ہے، ثعلب مصری دار چینی ہر ایک 27 ماشہ کباب چینی قرنفل (لونگ) دار فلفل (پیپل) ہر ایک 4ء ماشہ مغز فندق مغز بادام مغز نارجیل (ناریل) مغز پستہ ہر ایک 9 ماشہ ابریشم مقرض اشنہ چھڑیلہ انجدان مایہ شتر اعرابی تخم اسپست تخم کرفس تخم ہلیون تم گند نا تخم خیار قسط (کوٹ) شیریں تخم جرجیر (تراتیزک) بوزیدان جدوار خطائی حب الصنوبر صغار (چلغوزے چھوٹے) چلغوزہ تخم ترب (مولی) خولنجان تودری سرخ تودری سفید بہمن سرخ بہمن سفید تخم گدز مغز حب القلقل (جنگلی انار دانہ) مغز حب الخضرا (بن) فلفل اندر جو پیار عنصل مشوی کو عقرقرحا خردل (رائی) خسک مربے (گوکھرو پردرہ) ہر ایک [illegible] ماشہ عنبر اشہب مشک خالص ہر ایک 9 ماشہ زعفران 9 ماشہ ورق طلاء (سونا) ورق نقرہ (چاندی) ہر ایک 4ء ماشہ قرص افعی عشر وزن ادویہ شہد کف گرفتہ سہ چند بدستور معجون بنادیں۔

معجون نظام شاہی

نہایت مبہی ہے' مشک خالص 9 ماشہ ورق طلا (سونا) ورق نقرہ (چاندی) ہر ایک 13 ماشہ عود خام عنبر اشہب سورنجان الائچی خورد تخم شلغم تخم پیاز تخم ترب (مولی) چوب چینی اصل مروارید لعل بدخشانی ہر ایک 22 ماشہ قرنفل (لونگ) سعد کوفی (ناگر موتھ) اسارون (تگر) قاقلہ بسباسہ (جوتری) قرنفل (لونگ) سنبل الطیب (بالچھڑ) زرنب (طالیفر) نخود الوندلی نار مشک (ناگ کیسر) تک صیدا (ریگ ماہی) خولنجان اسطخودوس کباب چینی بوزیدان صندل سفید' مغز بادام مقشر نارجیل (ناریل) گردگان (اخروٹ) گاؤزبان بادرنجبویہ ورق شاہسفرم (نازبو) ہر ایک 3 تولہ 9 ماشہ زعفران تخم خربزہ ہر یک 5 تولہ 6ء ماشہ گلسرخ مصطگی ابریشم مقرض دار چینی تودرمین ہر یک 7 تولہ 4 ماشہ شیر آملہ بہمنین ثعلب مصری شقاقل ہر ایک 15 تولہ جائفل اسی عدد ورق الخیال (بھنگ) مثل مجموع شہد خالص کف گرفتہ میں ملائیں۔

دیگر

واسطے اس کے جو ازالہ بکارت سے عاجز ہو' مشک خالص اشہب ہر ایک 4ء ماشہ زنجبیل (سونٹھ) دار چینی ثعلب مصری شقاقل جوزابوا (جائفل) اندرجو مصطگی زعفران' دار فلفل (پیپل) بوزیدان (ستاوری) گلسرخ بہمنین تخم ہلیون تخم گدز ہر ایک 9 ماشہ حب القلقل (جنگلی انار دانہ) 60 ماشہ ورق الخیال (بھنگ) 8ء تولہ شہد خالص آدھ سیر بدستور معجون بناویں۔

دیگر

یہ معجون اس ضعف باہ کے واسطے کہ جو بسبب لاغری و ضعف بدن کے جو مفید ہے مغز چلغوزہ مغز بادام مغز اخروٹ مغز پستہ مغز ناریل' چرونجی' شقاقل' مصری' تج قلمی' ستاور خولنجان (کلنجن) انجیر زرد ہر ایک دو تولہ بسباسہ (جوتری) لونگ جائفل عقرقرحا مالکنگنی کشمش ہریک یک تولہ' تخم خشخاش سفید چھ ماشہ مغز بنولہ کیڑ کے بیج خوبانی ہریک 4 تولہ کوٹنے والے اجزا کو کوٹ چھان کر دو سیر قند یا شہد کے قوام میں ملائیں پھر ورق طلا (سوا) چھ ماشہ ورق نقرہ (چاندی) دس ماشہ حل کر کے مربائی بہی مربائی آملہ مربائی سیب اوپر سے ملا کے ایک تولہ روز صبح کو کھائیں' جماع سے پرہیز کریں اور ناشتہ صبح کو دودھ شہد میں ملا کر پیا کریں اور مقوی حلوے یا پلاؤ اور رات کو شیر برنج جس میں خرما پڑا ہو کھائیں ایک ہفتہ میں طاقت عود کر آتی ہے۔

معجون سقنقور

منی کو زیادہ کرتی ہے' سرہ سقنقور بن رہو کی ناف) 5 تولہ 7 ماشہ مغز پستہ مغز بادام مغز چلغوزہ مغز حب الزلم (بن خام) مغزم اخروٹ مغز حب القلق (جنگلی انار دانہ) کنجد مقشر (تل چھلی) دار چینی شقاقل مصری بہمن سرخ بہمن سفید ہریک 2 تولہ 9 ماشہ زرنب (طالیفس) زرنباد (کچور) خشخاش سفید زنجبیل (سونٹھ) قرنفل (لونگ) بسباسہ (جوتری) تخم بادرنجبویہ ہر ایک 10 ماشہ خولنجان (کلنجن) کشتہ پوست بیضہ مرغ ورق نقرہ (چاندی) محلول ہر ایک 7 ماشہ عنبر الشہب ساڑھے تین ماشہ مشک خالص ڈیڑھ ماشہ عود خام 7 ماشہ کوٹ چھان کر سہ چند قند و شہد خالص کا قوام کر کے اس میں ملائیں۔

دیگر

ثعلب، شقاقل ہر ایک 5 تولہ، مغز پنبہ دانہ 10 تولہ مصطگی 2 تولہ صمغ عربی 3 تولہ دانا الائچی خورد 2 تولہ، موصلی سفید 5 تولہ، کوٹ چھان کر دو چند یا سہ چند شہد میں معجون بنالیں اور اس میں سے ایک تولہ سے 2 تولہ تک ہر روز کھایا کریں، مادہ خواہ کم پیدا ہوتا ہو یا نہ پیدا ہوتا ہو پتلا پیدا ہوتا ہو، یہ نسخہ ان کو بالکل درست کردیتا ہے، اشیاء اصلی ہونی لازمی ہیں، جریان کو دور کرنے کے بعد یہ استعمال کرلیا کریں۔

دیگر

معجون سقنقور نہایت مقوی باہ، سرہ سقنقور 2 تولہ 9 ماشہ تخم پیاز تخم جرجیر (ترا تیزک) تخم شلغم تخم ہلیون شقاقل مصری زنجبیل (سونٹھ) بہمن سرخ بہمن سفید تودری سرخ زرد تخم ترب (مولی) اندر جو اسقیل مشوی (جنگلی پیاز بھنی) ابریشم مقرض مغز چلغوزہ ہر ایک 17ء ماشہ پیہ گردہ سقنقور (بن روہو کے گردے کی چربی) 2 تولہ 9 ماشہ تخم انجرہ (انگنن 2 تولہ (جائفل بسباسہ (جوتری) قرنفل (لونگ) ہر ایک 14 ماشہ زعفران ساڑھے دس ماشہ کنجد مقشر (تل چھلی) 5 تولہ 7 ماشہ کو کوٹ چھان کر شہد خالص سہ چند میں بدستور قوام کریں۔

معجون مقوی باہ

مختصر الاجزاء کثیر المنافع تقویت باہ تولید منی میں نہایت آزمودہ ہے، زنجبیل (سونٹھ) شقاقل بوزیدان (ستاوری) ثعلب مصری ہر ایک 18 ماشہ انگوزہ (ہینگ) تخم ترا تیزک تخم کونچ مغز چلغوزہ ہر ایک 9 ماشہ کوٹ چھان کر 4ء ماشہ روغن نارجیل (ناریل) میں چرب کر کے قند سفید و شہد خالص ہر ایک 10 تولہ ملا دیں خوراک 9 ماشہ

دیگر

قوت باہ کو زیادہ کرتی ہے، دار چینی سنبل الطیب (بالچھڑ) پوست بیرون پستہ جائفل مغاث (بھٹو انس) بغدادی خولنجان (کلنجن) بہمن سرخ و سفید شقاقل دوالہ (چھڑیلہ) پوست بلیلہ بادر نجبویہ (بلی بوٹی) گاؤ زبان ہر ایک 10ء ماشہ زرنب (طالیس فر) مصطگی الائچی خورد زنجبیل (سونٹھ) قرنفل (لونگ) اساروں (تگر) ساذج، ہندی (تیج پات) کباب چینی، پوست ترنج (سنگترہ) درونج عقربی زرنباد (نرکچور) صندل سفید صندل سرخ حب القلقل (جنگلی انار دانہ) انیسوں نعناع (پودینہ) بسباسہ (جوتری) ہلیلہ سیاہ بوزیدان زعفران ماہ فرمین (جدوار) کہربائی شمعی مروارید ناسفتہ مرجان ہر ایک 2 تولہ 7 ماشہ سعد کوفی (ناگرموتھ) گل سرخ ہر ایک 3ء ماشہ ماہی روبیاں (جھینگا مچھلی) ثعلب مصری تودرین ہر ایک 17 ماشہ مشک خالص 2 ماشہ عنبر الشہب 4ء ماشہ ورق طلاء 30 عدد ورق نقرہ 50 قند سفید شہد خالص سہ چند۔

دیگر

محرورین کے واسطے مقوی باہ ہے، صندل سفید 2 ماشہ ابریشم خام 3 ماشہ ثعلب مصری 7 ماشہ برگ گاؤ زبان زہر مہرہ خطائی طباشیر کبود ہر یک 3 ماشہ مغز بادام 5 ماشہ مغز تخم کدو مغز تخم تربوزہ مغز تخم خیار مغز تخم خربزہ ہر ایک 7 ماشہ چوب چینی پندرہ ماشہ ورق ورق کر کے مربائے سیب ناشپاتی و آملہ آب انار شیریں ہر

یک آدھ پاؤ قند سفید ڈیڑھ پاؤ بدستور معجون بنائیں۔

دیگر

نہایت مبہی ہے، تخم زردک تخم شلغم تخم ترب (مولی) پیاز تخم تخم شبت (سویا) تخم مارچوبہ (ناگدون) حب کاکنج (بن پوتکہ) مغز حب الزلم (بن خام) مغز حب القلقل (جنگلی انار دانہ) تودرین بوزیدان (ستاوری) قسط (کوٹ) شیریں زنجبیل دار فلفل (پیپل) تخم اسپست ہریک ساڑھے دس ماشہ کوٹ چھان کر روغن گاؤ میں چرب کرکے شہد خالص سہ چند کا قوام کرکے ملائیں، خوراک 60 ماشہ بوقت خواب۔

دیگر

معجون تقویت باہ میں بے نظیر ہے، تخم گدز تخم ترب (مولی) تخم شلغم شقاقل مصری ثعلب دار فلفل (پیپل) بسباسہ (جوتری) عقرقرحا جوزبوا (جائفل) مصطگی ہر ایک ایکتولہ قرنفل (لونگ) دو تولہ زنجبیل 4 تولہ باریک کرکے زردہ [illegible] مرغ 40 عدد خفیف جوش دے کر باہم دستمال کرکے قوام شکر سفید ہموزن میں مخلوط کریں، خوراک 9 ماشہ سے ایک تولہ تک۔

دیگر

نہایت مبہی ہے ترکیب فخرالدین محمد شیرازی، بہمنین کلیجن ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سونٹھ ساڑھے تیرہ ماشہ مایہ شتراعرابی شقاقل تودری زرد تودری سفید ہر ایک ایکتولہ ساڑھے دس ماشہ جائفل ساڑھے تین ماشہ گوکھرو پروردہ پونے چار ماشہ مغز بادام مغز فندق ہر یک ساڑھے تین تولہ زعفران ساڑھے تین ماشہ عنبرالشہب ساڑھے تین ماشہ کوٹ چھان کر برگ انجبار آدھی چھٹانک کم آدھ سیر بکری کے دودھ میں جوش کرکے صاف کریں اور شہد خالص ڈال کر قوام کریں اور دوائیوں کو اس میں ملائیں۔

دیگر

یہ معجون اس ضعف باہ کے واسطے کہ جو غذا کی کمی سے بدن ضعیف اور ناتواں ہو جائے نہایت مفید ہے، مغز بادام شیریں مغز حب القلقل (جنگلی انار دانہ) تخم خشخاش سفید تودری سفید تودری زرد کنجد مقشر تخم جرجیر (تراتیزک) تخم گدز تخم پیاز تخم شلغم بہمنین زنجبیل (سونٹھ) دار فلفل (پیپل) کبابہ قرفہ (تج) دار چینی شقاقل مصری تخم بلیون خولنجان (کلیجن) جملہ مساوی کوٹ چھان کر دوائیوں کے سہ چند شہد کا قوام کرکے ان دوائیوں کو اس میں ملائیں۔

دیگر

یہ معجون اس ضعف باہ کے واسطے کہ منی ٹھہر جائے اور حرکت نہ کرے اور اس میں تسرع اور دغدغہ جس سے انتشار پیدا ہوتا ہے معدوم ہو جائے مفید ہے، دار فلفل (پیپل) فلفل زنجبیل (سونٹھ) قرفہ (تج) دار چینی لونگ کلیجن ہر ایک ایک جزو تودرین بہمنین بوزیدان (ستاورمی) قسط (کوٹ) شیریں اندر جو سعد (موتھ) کونی بالچھڑ ہر ایک 3 جز کوٹ چھان کر شہد میں معجون بناویں۔

دیگر

یہ معجون اس ضعف باہ کے واسطے کہ جو بسبب ضعف قلب کے ہو مفید ہے، شقاقل ثعلب مصری

بہمن سفید بہمن سرخ تودری سفید تودری زرد تودری سرخ مصطگی خولنجان (کلنجن) تخم ہلیون تخم بالنگو تخم ریحاں مروارید ناسفتہ (موتی) ہر ایک ایک تولہ عنبر اشہب 6 ماشہ مربائے آملہ 20 عدد عرق گاؤ زبان تین سیر اول مربہ کو عرق گاؤ زبان میں جوش کریں' جس وقت سیر بھر باقی رہے اتار کر خوب مل کر صاف کریں' قند سفید ایک سیر شربت سیب ایک سیر ڈال کر قوام کریں اور آخر قوام میں سفوف ادویہ ملا کر معجون تیار کریں اور بقدر 6 ماشہ صبح کھایا کریں۔

معجون سپستان

سرعت...... کو بہت مفید ہے' سپستان پاؤ سیر بہیجند دو دام تالمکھانہ مغز تخم کونچ موچرس ہر ایک دو دام ثعلب مصری ایک دام بج دو دام صمغ عربی پاؤ سیر روغن گاؤ یعنی گائے کا گھی پاؤ نیز نارجیل (ناریل) مغز چلغوزہ ہر ایک دو دام چھوارہ گٹھلی نکالا ہوا آدھ پاؤ مغز بادام مغز چرونجی ہر ایک دو دام شہد خالص سہ چند جملہ ادویہ اول صمغ عربی کو روغن گاؤ میں بریاں کریں بعدہ جملہ ادویہ کا سفوف ملا کر شہد خالص کا قوام کر کے معجون تیار کریں اور بقدار ساڑھے تیرہ ماشہ وقت صبح کھایا کریں۔

دیگر

مجرب ہے' گوند چینا بسبلسہ (جوتری) ثعلب مصری ہر ایک چھ ماشہ کتھا سفید طباشیر سفید دار چینی الائچی سفید ہر ایک چار ماشہ مغز بادام مقشر دو تولہ مغز نارجیل (ناریل) ڈیڑھ تولہ مغز چلغوزہ ڈیڑھ تولہ مصطگی رومی دو ماشہ کشتہ قلعی 2 تولہ نبات سفید سہ چند جملہ ادویہ بدستور معمول معجون تیار کریں۔

دیگر

جریان کو مفید ہے' اندر جو ساڑھے تین ماشہ تخم ہلیون تخم پیاز تخم کاہو ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ خارخسک مغز تخم خربزہ ہر ایک 2 تولہ 9 ماشہ تودری سرخ و سفید بہمنین مروارید ناسفتہ ہر ایک 4 تولہ 9 ماشہ باریک کر کے شہد میں قوام کریں۔

دیگر

واسطے سرعت .... کے مفید ہے' آردکنار (پوست خشخاش کا آٹا) فوفل ثعلب مصری قرنفل (لونگ) سنبل الطیب (بالچھڑ) مصطگی نانخواہ (اجوائن دیسی) ہر ایک 2 تولہ 9 ماشہ آدھ سیر شہد کے ساتھ قوام کریں' خوراک 7 ماشہ۔

دیگر

یہ معجون نہایت مبہی اور مغلظ ہے جریان....... کو بہت نافع ہے' ثعلب مصری کشتہ قلعی ہر ایک ایک تولہ شقاقل مصری بہمن سفید بہمن سرخ ہر ایک نو ماشہ تخم تودری سفید تخم تودری زرد' تالمکھانہ بج بند اندر جو موصلی سیاہ موصلی سفید ستاور سروالی صمغ عربی گوکھرو گل گاؤ زبان مغز حب الزلم مغز حب الغضر (ابن خام) سنگھاڑہ خشک تخم انجرہ (انگن) ہر ایک 6 ماشے طباشیر سفید 14 ماشہ ابریشم خام تخم خشخاش سفید مغز تخم کدو مغز تخم خیارین مغز بادام شیریں ہر ایک 9 ماشہ کوٹ کر چھان لیں جوب چینی اصل 3 تولہ کو سوہان سے ریت کر ایک رات دن تین پاؤن عرق گاؤ زبان میں تر کر کے صبح کو جوش کریں

قند سفید دوچند شہد خاص یک چند ڈال کر قوام کر کے ادویہ مسوفہ اس میں ملا دیں اور خوراک ایک تولہ۔

دیگر

معجون خبث الحدید واسطے سرعت .... کے بہت مفید ہے، بہمن سفید بہمن سرخ ہر یک ساڑھے بائیس ماشہ خولنجان (کلنجن) جفت بلوط عقرقرحا ہر یک 2 تولہ 9 ماشہ حب الاس ساڑھے بائیس ماشہ شاہدانہ کندر مایہ شتر اعرابی ہر یک ساڑھے دس ماشہ افیون خالص جوزبوا (جائفل) اقاقیا ثعلب مصری تخم شبت (سویا) سعد کوفی (ناگر موتھ) ہر یک ساڑھے بائیس ماشہ تخم ترب (مولی) 2 تولہ 9 ماشہ) خبث الحدید مدبر بسر کہ ساڑھے بائیس ماشہ سب کو کوٹ چھان کر شہد خالص دوچند کف گرفتہ کا قوام کریں، خوراک 7 ماشہ اور اوپر اس کے تازہ دودھ پیویں۔

دیگر

سرعت ...... کیواسطے بے نظیر ہے، مشک خالص 9 رتی سنبل الطیب (بالچھڑ) دوالہ (چھڑیلہ) عود خام مصطگی ہر ایک 9 ماشہ قرفہ (تج) دار چینی ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ پوست خشخاش جوزبوا (جائفل) ہر ایک 18 ماشہ حب النیل (کالا دانہ) سفید سو عدد عسل خالص سہ چند ادویہ قدرے روغن بادام داخل کریں، خوراک ساڑھے چار ماشہ سے 9 ماشہ تک۔

دیگر

معجون واسطے سرعت .... اور امساک .... کے لئے بینظیر ہے اور نہایت مبہی ہے، مشک 12 رتی عنبر الشہب ساڑھے چار ماشہ اندر جو جوزبوا (جائفل) ہر یک ساڑھے تیرہ ماشہ مایہ شتر اعرابی ثعلب مصری ہر ایک 18 ماشہ پوست خشخاش، آب کھجور جو کھجور کا گاڑھا کر کے پکائیں، ساڑھے بائیس ماشہ نبات سفید حب النیل (کالا دانہ) چار عدد کوٹ چھان کر سہ چند شہد کا قوام کر کے روغن بادام قدرے داخل کریں وقت حاجت ساڑھے چار ماشہ یا 9 ماشہ غذا مقوی اور مرغن۔

معجون خبث الحدید

واسطے سرعت ...... کے کہ جس کا سبب قوت ماسکہ کا بسبب برودت اور رطوبت کے ضعف ہونا ہو، مفید ہے، ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ مقشر سیاہ سونٹھ پیپل چیتہ ناگر موتھ بالچھڑ ہر ایک 2 تولہ 9 ماشہ تخم گند نا تخم شبت (سویا) ہر یک 14 ماشہ خبث الحدید مدبر ان سب کو کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے شہد خالص میں ملائیں بعدہ 7 ماشہ مشک خالص ملا کر چینی کے مرتبان میں رکھیں اور چھ ماہ کے بعد استعمال کریں، خوراک 7 ماشہ یا زیادہ قوت اور مزاج کے موافق دیں۔

دیگر

عورت کے واسطے مفید ہے، مصطگی، کندر، جفت بلوط، بزر القنب (بھنگ) مساوی کوٹ چھان کر دوچند شہد کے ساتھ قوام کریں۔

معجون مقوہ باہ، شہوت خیز اور ممسک ہے

عقر قرحا، گول مرچ، بالچھڑ ہر ایک 3 تولہ گول مرچ سفید 4 ماشہ زعفران تولہ، کوٹ چھان کر شہد

سفید ڈیڑھ پاؤ ملا کر (یعنی معجون بنا کر) رتی سے 1 ماشہ تک کھاویں۔

معجون مقوی دماغ، حافظہ اور ہاضمہ او شہوت، جماع میں ترقی دینے والا ہے

یہ علاوہ ازیں عرق النساء استسقا، جذام، یرقان، برص، گٹھیا اور اسقاط حمل میں بھی نافع ہے، لونگ دار چینی، تگر، ہر ایک 7ء تولہ، بڑی الائچی چھوٹی الائچی، گاؤ زبان، زرنب، درونج، بہمن سرخ، بہمن سفید، دونا مروا، پودینہ دیسی، تمام ایک قسم کا پودینہ سرمہ، سورنجان بلی لوٹن، ہر ایک 5 تولہ ساڑھے سات ماشہ، سب دوائیں پیسیں اور گلاب و بید مشک ہموزن ادویات لے کر تر کریں، اور کسی شیشہ میں بھر دیں، بعد اس کے موتی ان بندھے مونگہ کہربا ہر ایک 2 تولہ ورق چاندی، ورق سونا مشک تبتی عنبر اشہب، عود خام ہر ایک ساڑھے سات ماشہ جدا جدا کر کے پیس کر اکٹھا کر کے سب کو ایک تشت میں ڈال دیں اور دواؤں کا عرق جو شیشے میں محفوظ ہیں حل کریں تاکہ عرق کھینچ جاوے، بعد اس کے تشت اٹھاویں اور تین روز تک گرم پانی میں رکھیں، بعد اس کے شربت سیب، شربت انار، شربت و مشک، شہد سفید ہر ایک آدھ سیر، ملائم اور ہلکی آنچ پر پکاویں اور قوام کریں اور ادویات کوٹ چھان کر قوام میں ملائیں اور استعمال کریں۔

معجون گھیکوار، مقوی باہ اور گنٹھیا کا دافع ہے

سرد بیماریوں میں زیادہ مفید ہے، مغز گھی کوار پاؤ سیر، گائے کا دودھ شکر سفید پاؤ سیر، مغز بادام 9 تولہ، مشک خالص ڈیڑھ ماشہ، زعفران 2 ماشہ مغز پستہ چھوارا ہر ایک 9 تولہ گھیکوار کے ٹکڑے کی سبزی دور کر کے دودھ میں ملائم آگ پر پکائیں یہاں تک کہ دودھ مل جائے، بعد اس کے شکر سفید مع مغزیات پکاویں، اس کے بعد آگ سے اتار کر مشک، زعفران، گلاب میں گھس کر داخل کریں اور چینی کے برتن میں رکھیں اور 5 ماشہ سے تولہ تک استعمال کریں۔

معجون

شقاقل، سونٹھ، دار چینی، ہر ایک ایک حصہ، تخم انگن، عقرقرحا، گول مرچ، ہر ایک آدھا حصہ، ہینگ چوتھائی حصہ، تخم ترا تیزک، رائی ہر ایک ایک حصہ، کوٹ چھان کر شہد کے ساتھ معجون تیار کر کے ایک کفچہ (بقدر تولہ یا ڈیڑھ تولہ) لے کر گرم پانی یا شراب کے ساتھ استعمال کریں، مگر شراب میں پانی ملا لیا کریں۔

معجون مقوی باہ

یہ معجون مقوی باہ اور گرمی و سردی میں معتدل ہے، اسی واسطے یہ معجون معتدل المزاجوں میں بغایت نافع ہے، مغز تخم خربزہ، مغز تخم ککڑی، مغز تخم کھیرا، تخم خرفہ ہر ایک 9 ماشہ مغز تخم کدو دانہ 1 تولہ، مغز بادام، خشخاش، ہر ایک ڈیڑھ تولہ کتیرا 6 ماشہ، سونٹھ، کلنجن، شقاقل، ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، تودری، تخم گاجر، تخم ناگدوں، مغز چلغوزہ، ہر ایک 3 ماشہ ترنجبین ایک سیر، بدستور معجون تیار کر کے 9 ماشہ استعمال کریں۔

معجون مقوی باہ

یہ معجون علے الخصوص سرد مزاجوں میں زیادہ مفید پڑتا ہے، اندر جو، تخم گاجر، تخم شلجم، تخم ترہ تیزک،

تودری سرخ، تودری سفید ہرایک 1 تولہ، گول مرچ 9 ماشہ شقاقل تولہ، مغز بادام 40 عدد باریک کرکے شہد کے ساتھ معجون تیار کریں۔

معجون دیگر یہ معجون باہ کو بڑھاتا ہے

مگر علے الخصوص تر مزاجوں میں زیادہ کار آمد ہوتا ہے، بدن کے زائد رطوبات کو چوستا اور شہوت باہ زیادہ کرتا ہے، گول مرچ پیپل، سونٹھ، ہرایک 9 ماشہ سوسن کی جڑ 1 تولہ، تخم پیاز، تخم ناگدون ہرایک تولہ، سفید چینی ڈھائی تولہ، ہلکی چھلی ڈیڑھ تولہ باریک کرکے کف گرفتہ شہد میں معجون تیار کریں مقدار خوراک ساڑھے چار ماشہ۔

معجون دیگر، یہ معجون بھی سابق معجون کے ہمرکاب ہے

حبتہ الخضراء (بن) حب القلقل (جنگلی انار دانہ) تخم شلجم ہرایک 9 ماشہ کوٹ چھان کر کف گرفتہ شہد میں معجون بنائیں، مقدار خوراک 4 ماشہ۔

دیگر

سونٹھ، مغز چلغوزہ ہرایک ایک حصہ، تخم ترہ تیزک، تخم گاجر، تخم شلجم، ہرایک آدھا حصہ، کلنجن عود ہندی، مغز پستہ، شقنقور (بن روہو) کی چربی، مغز کنز، گول مرچ سفید، زراوند تخم، اونگن، زعفران ہر ایک چوتھائی حصہ پیس کر تگنے شہد میں معجون تیار کریں خوراک 1 تولہ۔

معجون مشتہی مقوی مسمن بدن و دافع سرعت

گوکھرو کا پانی، سفید پیاز کا پانی ہرایک آدھ سیر، دونوں ملا کر اس میں تھوڑے سفید چنے شب کے وقت بھگودیں، پھر چھان کرکے اس کے برابر گائے کا دودھ ملائیں اور 9 تولہ ترنجبین اس میں حل کرکے چھان لیں اور بقدار حاجت شہد ملا کر آگ پر رکھیں، جب تمام پانی جل جائے تو نیچے اتار کر گیہوں کا آٹا، چنے کا آٹا، میتھی، تل سفید، مغز بادام شیریں، مغز فندق، تخم خشخاش، ہرایک 3 تولہ، سونٹھ، لونگ، دار چینی، تخم ترا تیزک، تخم شلجم، تخم گاجر، عود ہندی، ہرایک ڈیڑھ تولہ انڈوں کا چھلکا ریل کے سینگوں کا برادہ، ہرن کے سینگ کا برادہ ہرایک تولہ، عقرقرحا زنب (طالیسفر) مصطگی کوٹ شیریں، ہرایک 9 ماشہ کوٹ چھان کر مذکورہ بالا شہد میں ملا کر 9 ماشہ استعمال کریں۔

معجون

تخم ناگدون، شقاقل، سونٹھ دونوں تودری، دونوں بہمن، تخم اسپست (رطبہ) تخم شلجم، تخمولی، تخم گاجر، تخم ترا تیزک، تخم انگن، ہرایک 9 ماشہ ہانون اندرجو ہرایک 1 تولہ شکر سفید ساڑھے سات تولہ دواؤں کو کوٹ چھان کر بدستور معمول معجون تیار کریں اور ڈیڑھ تولہ استعمال کریں، مولد منی اور افزائش کنندہ باہ ہے۔

دیگر

شقاقل، سونٹھ، دار چینی، ہرایک ایک حصہ، تخم اونگن، عقرقرحا، صرف (ہالون) ہرایک آدھا حصہ کوٹ چھان کر شہد اور شیرہ اور مربی زنجبیل میں معجون تیار کریں، باہ اور منی کے افزائش کے لئے یہ نسخہ

حکیم مہدی استعمال کرتے تھے۔

معجون برائے قوت باہ

بارہا کا تجربہ شدہ ہے سپاری تیلیہ 4 تولہ' بہمن سرخ 2 تولہ' بہمن سفید 2 تولہ' عقرقرحا 2 تولہ' منقیٰ 5 تولہ مصری یک پاؤ پختہ۔

ترکیب: سپاریاں کوٹ کر سیر پختہ گائے کے دودھ میں رات بھر بھگو دیں' صبح جوش دیکر دودھ کو خشک کریں اور 10 تولہ گھی ڈال کر ذرا بھون لیں' پھر سب ادویات کوٹ کر ملا دیں اور قوم مصری علیحدہ پکا کر معجون تیار کریں' غذا ڈیڑھ تولہ سے شروع کریں' مباشرت اور گرم ترش اشیاء وغیرہ سے پرہیز کریں' آپ حیران ہونگے کہ اس سادہ نسخہ سے ایک ہفتہ میں قوت باہ اتنی پیدا ہوگی کہ آپ کو سنبھالنا محال ہو جائے گا' دوائی کھا کر اوپر سے دودھ کو گرم کر کے 3 ماشہ دار چینی ملا کر اور میٹھے کی بجائے شہد ملا کر پیا کریں' عجب چٹکلہ ہے۔

معجون لبوب ابریشم' گردہ اور باہ قوی کرتا' منی کی افزائش میں بیمثل ہے

مغز بادام' مغز حبتہ الخضراء (بن) مغز حب الزلم (اگر یہ نہ ملے تو مغز پستہ ڈالیں)' مغز حب قلقل (جنگلی انار دانہ) مشک بہمن سفید' تخم خشخاش' دار چینی سونٹھ پیپل' کباب چینی' تج' چاندی کے ورق' تخم ناگدون کلیجن' ہر ایک 6 ماشہ مغز فندق مغز چلغوزہ' مغز پستہ' تودری سرخ' تودری زرد' ہر ایک ڈیڑھ تولہ ناریل شقاقل ہر ایک 2 تولہ' ابریشم تراشے ہوئے 5 تولہ' ابریشم خام پاؤ سیر' گلاب آدھ سیر شہد دواؤں سے تگنا۔

معجوب لبوب' اسرار میں سے ہے

دل' دماغ اور باہ کو نہایت قوی کرتا ہے اور وقت سے قبل ہمیشہ اس کا استعمال کرنا' عرق النساء نقرس کی منی اور اعصابی امراض سے محفوظ رکھتا ہے' مشک 9 رتی' دار چینی' لونگ. بالچھڑ' اسارون (تگر) کباب چینی' موتھ' تج پیپل' اگر جا ئفل (نا کیسر' عنبر اشہب زعفران ہر ایک 4 ماشہ سونٹھ ستاوری کوٹ شیریں' مغز حب الزلم اگر نہ مل سکے تو اس کا بدل بن یا پستہ ڈالیں' دردج توس یا ترنک' حب بلسان حب البان (بقول بعض بکائن) گول مرچ سفید' مغز تخم خربزہ' مغز تخم ککڑی دکھیرا' تخم گاجر' تخم پیاز' تخم شلغم' تخم رطبہ (اسپست) خشخاش سفید' مغز خسکدانہ (کڑ) ہر ایک 2 تولہ تخم ترا تیزک تخم سویا' تخم گندنا. تخم ناگدون' گوکھرو پروردہ' ہر ایک 6 ماشہ شقاقل کلنجن ثعلب مصری' دونوں بہمن بیج ترکی دونوں تودری اندر شقنقور (بن روہو) ہر ایک 9 ماشہ ناریل حبتہ الخضراء (بن) مغز بادام' مغز پستہ' مغز چلغوزہ' مغز بنولہ' تل چھلی ہوئی' ہر ایک 1 تولہ شہد کے ساتھ معجون بنائیں' خوراک 8 ماشہ سے تولہ تک' حکیم مومن نے افیونیوں کے لئے یہ معجون اس تصرف کے ساتھ استعمال کر کے بے حد فائدہ اٹھایا ہے کہ زعفران تولہ' دریاتی اونٹ کا مایہ ڈیڑھ تولہ' افیون' اجوائن دمی' ہر ایک ڈھائی تولہ اضافہ کیا اور سقنقور کے عوض جھینگا مچھلی کیا' افیونیوں کے لئے اس کی مقدار 2 ماشہ سے 4 ماشہ تک ہے۔

معجون چوب چینی' باہ اور اعضائے رئیسہ کا مقوی

امراض سوداوی کا دافع اور معمول و مجرب ہے' کابلی ہرڑ چھوٹی ہرڑ' آملہ ترید سفید اسطوخودوس (دہارد)

بہمن سرخ، بہمن سفید، زرنباد (نرکچور) بلی لوٹن ہر ایک 6 ماشہ، افتیموں (اکاس بیل)، بسفائج (کھنکاری) ہر ایک 10 ماشہ لاجورد مغسول (دھویا ہوا) درونج عقربی توس یا ترنگ شقاقل، ثعلب مصری، بالچھڑ سورنجاں ہر ایک 4 ماشہ ستاوری، دار چینی لونگ، جائفل، گلاب کی کلی، اگر ہندی، ابریشم (تراشا ہوا) ہر ایک 3 ماشہ چوب چینی قسم اعلیٰ، 10 تولہ، شہد مصفی، 40 تولہ معجون بنا کر ہر روز 2 تولہ سے 4 تولہ تک کھائیں۔

معجون چوب چینی، باہ بڑھاتا، بدن فربہ کرتا

معدہ دل، دماغ، جگر، گردہ مثانہ اور دیگر اعضا کو بھی مضبوط کرتا ہے، طبیعت میں فرحت پیدا کرتا ہے، نشہ لاتا ہے منہ کی بو خوش کرتا ہے اور مصفی خون ہے، چوب چینی قسم اعلیٰ ساڑھے سات تولہ، موتی ان بند ہے، آملہ کا دودھ، دار چینی، لونگ، جائفل، جوتری، سونٹھ گول مرچ، شقاقل، ہر ایک 8 ماشہ، لاجورد، ریوند چینی، افتیموں (آکاس بیل) بالچھڑ ریگ ماہی جھینگا مچھلی، درونج عقربی، نرکچور، تخم گاجر، تخم شلجم، تخم مولی، بہمن سرخ بہمن سفید، تودری سرخ، تودری زرد، تخم اسپست (رطبہ) گوکھرو (پردردہ) ہر ایک تولہ ہیل بوا (چھوٹی الائچی) مصطگی، اگر غرقی پنیر مایہ شتر اعرابی تگر، ہر ایک 9 ماشہ زعفران مشک تبتی، عنبر اشہب ستاوری سورنجان، کباب چینی، کلنجن، کوٹھ شیریں، ناگر موتھ، ہر ایک ڈھائی تولہ، بھنگ ساڑھے سات تولہ، یہ سب دوائیں کوٹ چھان لیں، پھر گاؤ زبان کے پھول، بلی لوٹن، گلاب کی کلی، اشنہ (چھڑیلہ) ہر ایک ساڑھے تین تولہ جوش دے کر علیحدہ رکھیں اور خشخاش سفید، مغز تخم خربزہ مغز تخم ککڑی و کھیرا، تخم کاسنی تخم خرفہ چھلے ہوئے، ہر ایک 7 تولہ، اس پانی میں شیرہ نکالیں اور آب بہی شیریں، آب سیب شیریں، گلاب ہر ایک 35 تولہ، مصری سفید، شہد مصفی دونوں ملا کر 53 تولہ میں قوام کریں، پھر مغز بادام شیریں چھلے ہوئے، مغز ریٹھہ، مغز چلغوزہ مغز اخروٹ، ہر ایک ساڑھے تین تولہ، باریک کر کے ملائیں، پھر پسی ہوئی دوائیں صاف کریں، دوسرے نسخہ میں گل مختوم، صندل سفید، صندل سرخ، ہر ایک تولہ آملہ صاف کیا ہوا 4 تولہ، ثعلب مصری ڈیڑھ تولہ بھی شامل کئے گئے ہیں، حکیم مومن نے بھنگ کے قائم مقام 7 تولہ چوب چینی جوش دے کر اس کا پانی شہد میں قوام کر کے دوسری دوائیں شامل کی ہیں اور اپنے افعال میں نہایت قوی پایا ہے۔

معجون

باہ اور اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتا، اعصاب اور کمر قوی کرتا، منی پیدا کرتا اور غلیظ کرتا ہے، معمول مجرب ہے، مغز اخروٹ، مغز چلغوزہ، مغز حب القلقل (جنگلی انار دانہ) مغز بنولہ، مغز چرونجی، مغز ناریل، مغز پستہ، مغز بادام، مغز ریٹھہ، مغز حبتہ الخضراء (بن) مغز حب الزلم، مغز تخم خربزہ، تخم خشخاش سفید مغز تخم کدوئے شیریں، مغز تخم کز خرما، مغز بندق ہندی (ریٹھہ) ہر ایک 6 ماشہ، ثعلب مصری، گودہ سنگھاڑا گودہ املی ہر ایک ...... ایک تولہ، کباب چینی، تج، کلنجن، دار چینی، جائفل، جاوتری لونگ، اگر غرقی دونوں بہمن، دونوں تودری سورنجاں، ستاوری ناگ کیسر، تلسی، تگر، طالیسفر، گاؤ زبان کے پھول، دونوں الائچی کے دانے، شقاقل، اندر جو گوکھرو (پرورد ہ) ہر ایک 2 ماشہ مصطگی، بالچھڑ، موتھہ کونی، شہد اج (بھنگ) درونج (توس یا ترنگ) زرنباد (نرکچور) مغاث (بھوانس) تخم ناگدون، سونٹھ پیپل، عقر قرحا، اسارون (تگر) تخم اونگن، صندل سفید گھسا ہوا، اشنہ (چھڑیلہ) زعفران، کتیرا تخم شلجم، تخم گاجر، تخم پیاز

تخم اسپست (رطبہ) اخروٹ بوزجندم' اجوائن' بیج لفاح (جنگلی بنگن کی جڑ) ہر ایک ڈیڑھ ماشہ' پنیرمایہ
شترا عرابی 3 ماشہ موصلی سنبھل' تال مکھانہ بھنا ہوا' اسگند ستاور حرمل (اسبند) بھنا ہوا' مغز تخم کونچ چینا
گوند میدہ لکڑی' سمندر سوکھ ہر ایک 3 ماشہ' مشک' عنبراشہب' ہر ایک۔ 1 ماشہ سونے کے ورق ڈیڑھ
ماشہ' چاندی کے ورق 3 ماشہ' مربائی آملہ بنارسی 3 عدد' شربت انار شیریں ولایتی' ایک چھٹانک شہد' شکر
سفید دونوں برابر دواؤں سے تگنا' اگر خواہش پیدا ہو کہ معجون سے سرور پیدا ہو تو بھنگ کا تیل ایک
چھٹانک اضافہ کردیں' 40 روز تک مزاج کے موافق استعمال کریں۔

معجون لبوب بارد

اگر کمزوری باہ گرمی سے ہو تو یہ نسخہ معتدل نہایت مفید پڑتا ہے' مغز بادام شیریں' تخم خشخاش سفید'
ہر ایک ڈیڑھ ماشہ مغز کدو' مغز تخم خیارین' تخم خرفہ' ہر ایک ساڑھے دس ماشہ' کتھا 17 ماشہ' تودری زرد
تخم گاجر' تخم بلیون (ناگدون) مغز چلغوزہ ہر ایک 3 تولہ 8 ماشہ' سونٹھ کلنجن شقاقل' ہر ایک 17 ماشہ' کوٹ
چھان کر آدھ پاؤ کم سیر ترنجبین خراسانی صاف قوام کر کے ادویہ مذکورہ بالا ملا دیں اور 7 ماشہ تک کھاتے
رہیں

معجون مفرح القلوب

یہ معجون' روح' اعضا رئیسہ' گردہ' مثانہ' ہاضمہ' معدہ اور جمیع اعضاء میں توانائی اور قوت پیدا کرتا
ہے' رنگ رخسار نکھارتا ہے' معدہ' جگر' رحم کے سدے کھولتا ہے' شش سینہ کا تنقیہ کرتا' حیض بہاتا'
سنگ ریزے اور پتھری توڑتا' کدودانہ اور سرد امراض مثلاً خدر' فالج' رعشہ' تشنج' کزاز وغیرہ اور دماغ کے
امراض مثلاً جنون' دیوانگی مرگی' نسیان' درد سر' شقیقہ مزمن' لقوہ' جذام زکام' نزلہ' قے' خفقان' کمزوری
...، نفث الدم (خون تھوکنا' فواق (ہچکی) مشکل سے پیشاب جاری ہونا' قطرے قطرے پیشاب ٹپکنا' بواسیر
...، بواسیر ریحی' درد کمر درد سینہ' درد پہلو' امراض طحال گٹھیا' عرق النساء نقرص' برص اور بہق کے لئے
نہایت مفید ہے' امراض سوداوی اور بلغمی کے لئے استعمال اس کا دوا موثر ہے' موتھ' الائچی چھوٹی' کوٹ
...برس' آملہ کندر دونوں بہمن مرچ سیاہ پیپل مقل (گوگل) نارجیل دریائی بیج اشنہ عود' مرکی حجر التیس'
چھڑ' تیج پات' ہلیلہ زرد' زعفران' جند بید ستر' سونف' پودینہ' پیپلا مول' ستاوری' لونگ' کباب چینی'
دریائی معدنی' سونٹھ شقاقل' مغز چلغوزہ' کلنجن' اجوائن' مخلصہ' جدوار گل بابونہ' ابریشم جنطیانہ
(بلیمان بید) زراوند گول' اسارون' دار چینی' ریوند' عقرقرحا ثعلب مصری ہر ایک 35 ماشہ' شکر سفید منق
ہر ایک دواؤں سے برابر شہد' سفید دوگونہ ورق سونا 300 عدد' معجون بنا دیں' خوراک 7 ماشہ۔

معجون مختصرباہ اور اعضائے رئیسہ کی مقوی ہے

ثعلب مصری شقاقل' تج جائفل' کلنجن' دار چینی' لونگ عقرقرحا سونٹھ موصلی سیاہ' ہر ایک ڈیڑھ
ماشہ مغز ناریل' مغز بادام' مغز چلغوزہ' مغز پستہ' ہر ایک آدھ پاؤ' مصری تگنی' گائے کا دودھ 5 سیر' دودھ کا
کھویا بنا کر مصری ملا کر کفگیر سے پلائیں' اور مغزیات باریک کر کے ڈالیں اور چلاتے جائیں' پھر دوسری
...میں ڈال کر ملائیں' صبح کو 3 تولہ استعمال کریں۔

دیگر

شقاقل، ثعلب مصری، دونوں بہمن، تودری زرد، تودری سرخ، مصطگی کلنجن، تخم ریحاں (تلسی) تخم ناگدوں، تخم بالنگو، موتی پسے ہوئے، ہر ایک تولہ، عنبر اشہب 6 ماشہ، آملہ مربی 20 عدد، مربی کو 3 سیر عرق گاؤ زبان میں جوش دیں، جب ایک سیر باقی رہے تو مل چھان کر، شکر سفید ایک سیر، شربت انار شیریں پاؤ سیر، شربت سیب شیریں پاؤ سیر، ملا کر قوام کریں، پھر عنبر حل کریں اور دوسری دواؤں کے ساتھ ملا کر معجون تیار کریں، یہ معجون کمزور دلوں کو زیادہ مفید پڑتا ہے۔

معجون منشط (خوش کرنیوالا معجون) دل، دماغ اور باہ کو قوی کرتا ہے

موتی ان بندھے، مونگہ، شیب سبز، کہربا شقاقل، ہر ایک تولہ ثعلب مصری 6 ماشہ۔ دار چینی، لونگ دونوں بہمن، ہر ایک 2 تولہ مغز بادام، مغز چلغوزہ، ہر ایک ڈھائی تولہ ابریشم ہنسلوچن، مصطگی الائچی، آملہ صاف، دھنیا خشک، درونج عقربی (توس یا ترنک) نارنگی کا چھلکا، گاؤ زبان کا پھول، گوکھرو (پروردہ) زراوند گوند، بابونہ کی جڑ، مشک عنبر اشہب، ہر ایک تولہ، روغن بھنگ، گل سرخ، ہر ایک 5 تولہ، سونے کے ورق چاندی کے ورق، زعفران، ہر ایک 6 ماشہ، صندل سفید ڈیڑھ تولہ، اونٹ کا پنیر مایہ ساڑھے چار تولہ، عرق بید مشک بقدر حاجت، مصری سفید آدھ سیر، معجون بنا کر 6 ماشہ سے تولہ تک استعمال کریں۔

معجون ابریشم، نہایت مقوی باہ و دل و دماغ ہے

ابریشم خام پاؤ سیر، ابریشم تراشا ہوا، 5 تولہ عنبر اشہب مشک خالص ہر ایک 6 ماشہ، عرق بید مشک ایک سیر، گلاب پاؤ سیر، عرق گاؤ زبان، آدھ سیر شیریں بہی کا پانی، 1 عدد، سیب مشیریں کا پانی 20 عدد، میٹھے انار کا پانی 5 عدد، مغز پستہ مغز چلغوزہ، مغز حب الزلم، ہر ایک 9 تولہ مغز بادام 6 تولہ، مغز اخروٹ مغز ناریل تازہ، ہر ایک 4 تولہ، تودری سرخ، تودری سفید بہمن سرخ، بہمن سفید ہر ایک ساڑھے تین تولہ بمغز حبتہ الخضراء (بن) سونٹھ، 2 تولہ مغز فندق دار چینی، ہر ایک ڈیڑھ تولہ شہد سفید آدھ سیر، شکر سفید ایک سیر سونے کے ورق، چاندی کے ورق، ہر ایک تولہ ابریشم خام کو مذکورہ بالا عرق میں جوش دیں تاکہ اس کا لعاب خوب اچھی طرح نکل آئے اور ورقوں کو شہد میں حل کریں اور شکر کو قوام کر کے حسب دستور معجون بنائیں۔

خوراک 6 ماشے۔

معجون ماسک البول (پیشاب روکنے والا معجون)

اعضاء رئیسہ اور انثیین کو قوی کرتا، باہ بڑھتا، امساک پیدا کرتا، سرعت دور کرتا، خوشی اور سرور بڑھاتا، موتی ان بندھے، کہربائے شمعی، ہر ایک 4 ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید، شقاقل، سونٹھ کلنجن اودنگن تخم شلجم تخم گاجر، تخم خشخاش، ہر ایک 8 ماشہ مغز پستہ مغز ناریل مغز چلغوزہ تل چھلی ہوئی، مغز چرونجی، مغز حبتہ الخضراء (بن) جھینگا مچھلی ریگ ماہی، ہر ایک تولہ، مایہ شتر اعرابی 3 رتی، ورق سونا 14 رتی ورق چاندی، عنبر اشہب مشک خالص، ہر یک 3 ماشہ مغز تخم ککڑی کھیرا، مغز تخم خربزہ، ہر ایک ڈیڑھ تولہ گھر کے چڑوں کا مغز ڈھائی تولہ ساگ کیسر 2 ماشہ اجوائن سفید (جو دودھ میں بھگو کر سکھا لیا گیا ہو) زعفران، بیخ فاح (جنگلی بینگن کی جڑھ) موتھ کی جڑھ، ہر ایک نارتی، موتھ کی جڑھ اور لفاح کی جڑھ، ہمراہ

چنے کے آٹے ساڑھے تین تولہ کے گائے کے دودھ میں ملا کر یکساں بنا کر سایہ میں سکھالیں، پھر کوٹ چھان کر تمام دواؤں کو گائے کے مکھن ساڑھے تین تولہ میں چرب کر کے شکر اور شہد ہر ایک 35 تولہ، شربت فواکہ شیریں (میووں کا شربت، شربت ناگدوں ہر ایک 7 تولہ، قوام کر کے معجون بنائیں، مقدار خوراک ساڑھے چار ماشہ تک۔

معجون منشی (یہ معجون نشہ لاتا ہے)

باہ اور اعضا رئیسہ کا مقوی اور ممسک اور افیون کا قائم مقام ہے، موتی ان بند ہے، یاقوت رمانی، مونگنہ کہربا زمرد سبز عقیق زرد لعل بدخشانی یشب سبز، ہر ایک باریک کیا ہوا لاجورد مغسول (دھلا ہوا) ہر ایک 8 ماشہ، گاؤ زبان گاؤ زبان کے پھول، ابریشم (تراشا ہوا) بہمن سرخ بہمن سفید، تودری سرخ، تودری سفید، شقاقل، ثعلب مصری، مصطگی لونگ دار چینی، دوالہ (چھڑیلہ) زعفران، مشک عنبر اشہب ہر ایک 4 ماشہ ورق چاندی ورق سونا، ہر ایک 6 ماشہ، چوب چینی قسم اعلی 9 تولہ، دونوں صندل کو کھردبر کیا ہوا، تخم خشخاش، تخم ناگدوں، مغز پستہ، ہر ایک 8 ماشہ، شہد صاف دواؤں کے برابر، ترنجبین دواؤں سے ڈیوڑھی، شکر سفید دواؤں کے برابر، روغن چرس ایک سیر، قوام میں 7-8 تولہ داخل کریں، کبھی پاؤ سیر بھی ڈال دیتے ہیں مگر نشہ بڑھ جاتا ہے، بدستور معمول معجون بنائیں۔

چرس کا تیل: چرس تولہ، 20 تولہ گائے کے دودھ میں 24 گھنٹہ بھگوئیں، بعد ازاں خوب اچھی طرح جوش دے کر دہی جمالیں، پھر مکھن نکال کر معجون میں شامل کریں، اگر چاہیں کہ چرس کی بو ظاہر نہ ہو تو اظفار الطیب (نکھ) پان کے پتے، لونگ دار چینی، جائفل، داغنے کے اثناء میں ڈال دیں اور دو تین مرتبہ ایسا ہی کریں۔

معجون چوب چینی، باہ کا مقوی اور منی کا مغلظ ہے

جمیع اعضاء رئیسہ و غیر رئیسہ کو طاقت دیتا ہے، موتی پسے ہوئے، زعفران کلنجن، کوٹ شیریں، موتھہ کوفی، صندل سرخ، ہر ایک دو ماشہ، مشک تبتی عنبر الشہب، دار چینی، پنیر مایہ شتر اعرابی، ستاوری، کباب چینی، ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، صندل سفید، ریوند چینی، بالچھڑ، مصطگی، الائچی، اگر غرقی، اسارون (تگر) گل مختوم، ریگ ماہی، تودری سفید تودری سرخ ثعلب مصری ہر ایک تولہ چوب چینی 4 تولہ، بھنگا مچھلی، درونج عقربی زرنباد (کچور) تخم گاجر، تخم شلجم، تخم مولی، تخم کونچ، بہمن سفید، بہمن سرخ کو کھردبر کیا ہوا، مغز فندق مغز اخروٹ، مغز چلغوزہ، تخم ناگدون، مغز تخم کدو، اندر جو، ہر ایک 4 ماشہ، آملہ چھلا ہوا تولہ، جائفل جوتری شقاقل، گاؤ زبان کے پھول، بلی لوٹن گل سرخ چھیڑیلہ، تخم خشخاش، مغز تخم خربزہ، مغز تخم ککڑی کھیرا، تخم کاسنی، تخم خرفہ چھلا ہوا، ہر ایک ڈھائی ماشہ مغز ناریل مغز حبتہ الخضراء (بن) مغز حب الزلم، ہر ایک 5 ماشہ، پودینہ خشک 8 ماشہ شہد کشمیری دواؤں سے دوگنا، شکر سفید، دواؤں کے ہموزن گلاب 3 تولہ معجون بدستور تیار کریں، خوراک 6 ماشہ سے 9 ماشہ، ترشی سے پرہیز۔

معجون مقوی دماغ و قلب و باہ ہے

دار چینی، سونٹھ، جدوار ہر ایک 9 ماشہ، لونگ، جائفل، ابریشم تراشا ہوا، سورنجاں (کلنجن) اگر ہندی ناگیسر، نرکچور ہر ایک 3 ماشہ جوتری، دیساتی اونٹ کا مایہ پیپل، عقر قرحا مشک، ہر ایک ڈیڑھ ماشہ زعفران 6

ماشہ، عنبر اشہب 6 رتی، مغز چلغوزہ، روغن ناریل، ہر ایک ڈھائی تولہ ترنجبین، مصری ہر ایک ساڑھے چار تولہ، شہد 9 تولہ پہلے پہل ترنجبین کو آدھ سیر گائے کے دودھ میں جوش دے کر صاف کریں، پھر مصری شہد ملا کر قوام کر کے دوائیں پیس کر شامل کر کے معجون بنائیں، خوراک 6 ماشہ صبح، 6 ماشہ شام۔

معجون مفرح طرب المجالس

مقوی باہ، قلب میں تفریح پیدا کرتا، معدہ مضبوط کرتا اور تھوڑا سرور لاتا ہے، مشک خالص 4 ماشہ ورق سونا، ورق چاندی، یاقوت رمانی، لعل بدخشانی، موتی ان بندھے بیخ مونگا، کہربا، ہر ایک 8 ماشہ، عنبر اشہب، گل ارمنی، ہر ایک تولہ دونوں بہمن، دردنج عقربی انوس یا ترنک، بلی لوٹن، گاؤ زبان، گل سرخ دونوں صندل ہنسلوچن، کباب چینی، لونگ طالیسفر دار چینی شاہسفرم (یعنی نازبو) کے پتے، دونوں تودری، مرزنجوش (دونا مروا) تیزپات، بستاں افروز (یعنی جٹا دہاری کلغہ) کے پھول، اگر خام موتھہ کوفی بالچھڑ، زعفران، مصطگی حب الاس، ہر ایک ڈیڑھ تولہ، ثعلب مصری خشخاش سفید، ہر ایک ساڑھے تین تولہ، شربت فواکہ (میووں کا شربت) بھنگ، ہر ایک تمام دواؤں سے آدھا، شہد کا قوام دواؤں سے آدھا شہد کا قوام دواؤں سے تگنا) بطریق مشہور معجون تیار کریں، اگر بھنگ کی جگہ روغن بھنگ ڈالیں تو زیادہ خوش ذائقہ ہو گا۔

معجون مفرح مسیحی، مقوی دل و دماغ و جگر و معدہ و ہاضمہ ہے

گردہ اور پیٹھ کو مضبوط کرتا ہے، منی زیادہ کرتا ہے، بھوک بڑھاتا ہے، برگ فرنجمشک، گاؤ زبان، بلی لوٹن، تخم گل سرخ، ہر ایک 1 تولہ کلنجن، کباب چینی، لونگ جائفل، بڑی الائچی، چھوٹی الائچی، رام تلسی کے بیج، سنگترے کے چھلکے، ثعلب مصری، اندرجو، جاوتری، ہر ایک 9 ماشہ بالچھڑ، اشنہ (چھڑیلہ) عنبر اشہب، موتی ان بند ہے، ہر ایک 6 ماشہ، سونٹھ پیپل گل سیوتی، لعل بدخشانی، کہربا، مونگے کی جڑ، ہر ایک 3 ماشہ مشک تبتی، ورق سونا، ورق چاندی، ہر ایک 2 ماشہ، دوائیں کوٹ چھان کر روغن بادام 5 تولہ میں چرب کریں، پھر شہد سہ چند میں قوام کر کے معجون بنائیں۔

معجون مفرح، باہ بڑھاتا، سرعت انزال دور کرتا ہے

یاقوت رمانی، لعل بدخشانی، موتی ان بند ہے، کہربا یشب سبز، ہر ایک تولہ ابریشم کاٹا ہوا، ہنسلوچن، سنگترہ کے چھلکے، بلی لوٹن، گل سرخ، تیزپات، دار چینی، ستاوری، ہر ایک 9 ماشہ، دونوں بہمن، دونوں تودری، شقاقل، ریگ ماہی، ہر ایک 3 تولہ، تخم بلمون ڈھائی تولہ، عود خام، ورق چاندی، ہر ایک ڈیڑھ تولہ، زعفران، عنبر اشہب، ورق سونا، ہر ایک 3 ماشہ جدوار خطائی 6 ماشہ، میٹھے سیب کا پانی، میٹھے انار کا پانی، ہر ایک آدھ سیر میٹھے بہی کا پانی، میٹھے لیموں کا پانی، ہر ایک پاؤ سیر مصری، شہد ہر ایک تین پاؤ عرق گاؤ زبان گلاب ہر ایک پاؤ سیر، بطریق مشہور معجون بنائیں۔

معجون مفرح طرب افزاء

نشہ اور سرور لاتا، خشکی بالکل پیدا نہیں کرتا، تقویت دل اور باہ میں بے نظیر ہے، مشک خالص تین ماشہ، ورق چاندی 4 ماشہ، بہمن سرخ، بہمن سفید، کباب چینی ہر ایک 6 ماشہ، ثعلب مصری شقاقل دانہ الائچی، دار چینی جائفل، لونگ گل سرخ، تلسی صندل سفید، جوتری، زعفران، ہر ایک تولہ، مغز بادام، تخم

خشخاش، گلاب، ہرایک پاؤ سیر، روغن بھنگ، آدھ سیر، شہد سفید شکر سفید ڈیڑھ سیر بدستور معجون تیار کریں، اگر باہ اور قلب کی طاقت زیادہ مد نظر ہو تو تخم ناگدوں، تودری سرخ تودری زرد، ہرایک ایک تولہ اضافہ کریں، اگر مریض گرم مزاج ہو تو مذکورہ بالا دواؤں میں کچھ کم بھی کرلیں۔

ترکیب روغن بھنگ : ایک سیر بھنگ دو سیر دودھ میں شب کے وقت بھگوئیں، صبح جوش دیں، جب بھنگ کا اثر دودھ میں آئے تو چھان کر ڈیڑھ پاؤ روغن ملا کر پھر ہلکی آگ پر پکائیں، جب قریب جم جانے کے ہو تو سرد مقام میں رکھیں، روغن علیحدہ نکل آئے گا، روغن ہاتھ کی ہتھیلی سے اٹھائیں، جس طرح عطر اٹھایا کرتے ہیں۔

ترکیب دیگر : اس ترکیب سے روغن بہت لطیف حاصل ہوتا ہے، بھنگ کو دودھ میں کئی جوش دیں اور دودھ کو جما کر مکھن نکال لیں۔

یاقوتی

باہ اور اعضائے رئیسہ کے لیے مقوی اور اپنے فوائد میں بے نظیر ہے، یاقوت سرخ کہربائے شمعی ہر ایک 5 ماشہ، موتی ان بندھے، سنگ یشب، ہرایک 6 ماشہ، مرجان (مونگا) 9 ماشہ، مغز تخم خربزہ، مغز تخم خیارین، ہرایک ڈیڑھ تولہ، شقاقل، ثعلب مصری، تودری سرخ، تودری بہمن زرد، بہمن سفید ہرایک تولہ، تخم ہلیون، بوزیدان (ستاوری) کباب چینی، دار چینی، ہرایک 6 ماشہ ماندر جو، بادرنجبویہ، گل سرخ، ہر ایک 7 ماشہ، ساذج ہندی تیزپات، ہرایک 9 ماشہ، صندل سفید 4 ماشہ، بنسلوچن ورق چاندی، ہرایک 5 ماشہ، ورق سونا زعفران، ہرایک 3 ماشہ ابریشم کاٹا ہوا ڈیڑھ تولہ، مربائے سیب شربت انار شیریں ہرایک پاؤ پاؤ، شہد خالص مصری سفید، ہرایک ڈیڑھ پاؤ، گلاب آدھ سیر پہلے جواہرات کو گلاب میں کھرل کریں، پھر مربہ اور ورق ملائیں اور باقی دوائیں کوٹ چھان کر علیحدہ رکھیں، پھر مصری اور شہد کا قوام کرکے ساری دوائیں شامل کرکے یاقوتی تیار کریں، خوراک 5 ماشہ سے 7 ماشہ تک۔

جوارش ملکی، مقوی باہ اور شہوت خیز ہے

مشک 9 رتی الائچی کندر، ہرایک 4 ماشہ، لونگ جائفل، جوتری، اندر جو، بیخ اذخر، سونٹھ، دار چینی، مصطگی، اگر ہندی، زعفران، سنبل الطیب (بالچھڑ) ہرایک 9 ماشہ، اشنہ تولہ، شکر، گلاب ہرایک 3 تولہ، شکر کو گلاب میں حل کرکے شہد تین گنا یا بقدر حاجت لے کر ملائیں اور دوسری دوائیں کوٹ چھان کر جوارش تیار کریں، خوراک ساڑھے چار ماشہ۔

جوارش بکماجیت، مقوی باہ ہے، کمر اور معدہ کو طاقت دیتی ہے

گوندسول پاؤ سیر، ایک سیر گائے کے گھی میں بھونیں اور علیحدہ رکھ لیں، پھر اسگند، وصلی سیاہ، سونٹھ ہرایک ڈھائی تولہ، کنکول ڈھائی تولہ، دار چینی کلنجن، کباب چینی، جوتری، عقرقرحا، ہرایک 6 ماشہ، لونگ جائفل، ہرایک 1 تولہ، کوٹ چھان کر روغن مذکور میں چرب کرکے شکر سرخ ایک سیر، مصری سفید ایک سیر، قوام کرکے گوند کوٹ کر ملائیں اور حلوا بنا کر نیچے اتار لیں، پھر دوسری دوائیں باریک پیس کر داخل کرکے 5 تولہ استعمال کریں۔

جوارش ہندی' مقوی باہ اور ممسک ہے

عقرقرحا' جائفل جوتری لونگ سپستان' سنگھاڑہ خشک' بکھارہ' دانہ الائچی سفید' گول مرچ' آملہ' سونٹھ پیپل' برابر کوٹ چھان کر شہد' خالص بقدر حاجت ملا کر جوارش بنائیں' خوراک ہر روز بقدر بادام' اس کے کھانے کے بعد سرد پانی اور کھٹی چیز استعمال نہ کریں۔

معجون مقوی باہ

عقرقرحا کلونجی' مغز بھلانواں' مغز بادام' مغز چلغوزہ' اسگند ناگوری' ہر ایک 3 تولہ' جائفل' ثعلب مصری' شقاقل' دونوں بہمن' دونوں تودری سونٹھ' ہر ایک 2 تولہ زعفران جوتری' تخم پیاز' تخم ترا تیزک' تخم کونچ' ہر ایک تولہ پیپل' مصطگی تخم ہلیون' ہر ایک ڈیڑھ تولہ' تل چھلی ہوئی 2 تولہ' سمندر سوکھ' مشک تبتی' ہر ایک 6 ماشہ' شکر سفید 50 تولہ' شہد جھاگ دور کیا ہوا' 150 تولہ' خوراک چند روز تک ساڑھے چار ماشہ پھر 6 ماشہ صبح اور 6 ماشہ شام' بعض دوسری کتابوں میں مغز بھلانواں کا وزن 3 تولہ اور شقاقل کا ایک تولہ اور مشک کا 4 رتی اور ستاوری 2 تولہ روغن بھنگ ساڑھے تین تولہ زیادہ ہے اور خوراک 7 ماشہ ہمراہ ایک پیالہ دودھ

معجون طلاء

معجون ان ضعیف الباہ اشخاص کے لئے بمنزلہ اکسیر ہے' جن کا ضعف باہ جسمانی کمزوری اور اعضائے رئیسہ کی کمزوری سے ہوا ہو' خفقان کے لئے مفید ہے۔

عنبر الشہب' موتی ان بند ھے' ہر ایک 5 ماشہ' یاقوت رمانی' لعل بدخشانی' زمرد ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ' ورق سونا ڈیڑھ تولہ' شربت فواکہ (میووں کا شربت) آب سیب شیریں' آب انار شیریں' ہر ایک آدھ پاؤ' مصری سفید' آدھ سیر' زعفران' ساڑھے آٹھ ماشہ' شہد سفید ساڑھے نو تولہ' عرق بید مشک ایک بوتل' گلاب آدھ سیر' معجون بنا کر بخوراک ساڑھے چار ماشہ کھاویں۔

معجون باہ' گردہ اور مثانہ کے لئے مجرب ہے

مغز بادام' مغز پستہ' مغز چلغوزہ' چرونجی' تخم خشخاش سفید' تل چھلی' مغز ریٹھہ' مغز حب الفلفل (جنگلی انار دانہ) مغز حبتہ الخضراء (بن) دار چینی' کلنجن' موچرس' ہر ایک 3 ماشہ' مغز ناریل' بہمن سرخ' بہمن سفید' دونوں تودری' دانہ الائچی خورد دانہ الائچی کلاں' ہر ایک 4 ماشہ' کشمش 6 ماشہ' منقی 6 ماشہ خرما 1 تولہ' شقاقل مصری' کرفس' اندر جو' درونج عقربی' پودینہ خشک' مصطگی رومی' بنسلوچن' تال مکھانا' کباب چینی' جوتری' سونٹھ پیپل' پوست سنگترہ' گوکھرو مدبر' لونگ' تخم گاجر' تخم شلجم' تخم ہلیون' تخم کونچ' زرنباد مغاث بغدادی (بھٹوانس) ہر ایک 2 ماشہ بالچھڑ' عنبر اشہب ہر ایک 1 ماشہ' چوب چینی ساڑھے تین تولہ مجیٹھ 2 ماشہ' شکر سفید 24 تولہ' ترنجبین سفید آدھ پاؤ' زعفران 1 ماشہ معجون بنائیں۔

مفرح یاقوتی مقوی باہ و اعضائے رئیسہ ہے

مشک 1 حصہ' لونگ' زعفران' ورق سونا' ورق چاندی' ہر ایک 2 حصے' پوست بیروں پستہ' درونج عقربی' دونوں صندل' نرکچور' ہر ایک 3 حصے' موتی' لعل' بدخشانی' ہر ایک 4 حصے' دونوں بہمن' کباب

چینی، تیج پات، دار چینی، گل سرخ، آملہ، ہر ایک 6 حصے کلنجن ثعلب مصری، شکر سفید، اسپرید ستور معجون بنادیں، خوراک 9 ماشہ استعمال کریں۔

مفرح یا قوتی ممسک اور مغلظ منی ہے

پوست پیپل، پوست بیخ سنکھاہولی، ستاور پھلی ببول، پوست بیخ ببول، گوند ببول خبث الحدید ہر ایک ڈیڑھ تولہ بھلانواں کچلہ ہر ایک 10 ماشہ کلنجن(بکری کے دودھ میں مدبر کیا ہوا) سونٹھ بے ریشہ، مغز پستہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ، مغز املی، گوکھرو (جو دودھ گائے میں تین مرتبہ پکایا گیا ہو) ہر ایک ساڑھے تین تولہ زردی بیضہ مرغ 4 عدد، پہلے کچلہ پانی میں بھگو کر اس کا چھلکا علیحدہ لیا جاوے پھر بیضوں کو جوش دیکر زردی علیحدہ کی جاوے اور باقی دوائیں کوٹ چھان کر شہد میں گنے میں ملا کر معجون بنائیں، خوراک تولہ۔

ایضاً مقوی باہ

ریگ ماہی کلنجن، سونٹھ، بالچھڑ، تخم ترا تیزک، تخم پیاز سفید، اسگند ناگوری، الائچی خورد، زیرہ سیاہ، ستاور، لونگ، دار چینی، جائفل، جوتری، گل سرخ، سنگھاڑہ خشک، تال مکھانا، تیزپات، شقاقل، بہمن سفید، بہمن سرخ، کباب چینی، سورنجاں، تخم گاجر، تل چھلے ہوئے، تخم شلجم ثعلب مصری، مصطگی، زعفران، مغز پستہ، مغز بادام ہو ایک 5 ماشہ مغز چلغوزہ 9 تولہ خرما ڈیڑھ تولہ، چڑوں کا مغز 40 عدد، شہ ایک سیر، بتاشہ آدھ سیر ورق چاندی ورق سونا، ہر ایک 10 عدد ساری دوائیں کوٹ چھان کر شہد اور بتاشہ کے قوام میں ملا کر ورق حل کریں، خورارک 5 ماشہ دیگر چوب چینی بقدار چوتھائی یا بقدر نصف ساری دواؤں کے ملائیں تو اور بھی قوی ہو جائے۔

دیگر

دار چینی، کوٹ شیریں، زعفران، سونٹھ، گول مرچ سفید تل، چھلے ہوئے ہر ایک ساڑھے تین ماشہ، گوکھرو تیزپات، اساروں، کرویا، لونگ، شقاقل، الائچی، ہر ایک 6 ماشہ تخم مولی، تخم شلجم ہر ایک تولہ، موتی کہریا، بیخ مونگہ ہر ایک 6 ماشہ، مغز بادام، مغز پستہ، چلغوزہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ، ثعلب مصری، گل سرخ، دونوں بہمن ہر ایک تولہ، عود غرقی، 6 ماشہ مشک 3 ماشہ، مصطگی 4 ماشہ، مصری دواؤں کے برابر، شہد خالص دوگنا خوراک 7 ماشہ سے تولہ تک۔

معجون برائے تقویت دل و دماغ و مقوی باہ و مولد منی و مبہی و ممسک

مجرب ہے، مغز فندق ایک تولہ بہمنین 2 تولہ، سعد کوفی 6 ماشہ، بالچھڑ 6 ماشہ، زنجبیل 2 تولہ، دار چینی 6 ماشہ، سلیخہ 3 ماشہ، جوزبویہ 3 ماشہ، فلفل 6 ماشہ، سعد کوفی 6 ماشہ، قرنفل 3 ماشہ، رومی مصطگی 2 ماشہ، بسباسہ 2 ماشہ، موصلی سیاہ 1 تولہ، مغز حب الزلم 1 تولہ خصیتہ الثعلب 1 تولہ، مغز پنبہ دانہ ایک تولہ، اسطوخودوس 3 ماشہ، مغز بادام 2 تولہ، مغز پستہ 2 تولہ، اسگندھ 1 تولہ، زعفران 6 ماشہ، کافور 3 ماشہ صندل سفید 6 ماشہ، ابریشم مقرض 6 ماشہ، مشک خالص 2 ماشہ، عنبر 1 ماشہ، مروارید ناسفتہ 3 ماشہ، ورق نقرہ 3 ماشہ، ورق طلا 2 ماشہ، دانہ پوست الائچی 2 تولہ، شہد خالص، ثار اگر امساک کی خواہش ہو تو ورق العخیال 20 تولہ در روغن زرد 5 تولہ بریاں کردہ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر دو چند چینی اور شہد خالص مذکورہ بالا ملا کر قوام کر کے معجون بنادیں، خوراک 6 ماشہ ہمراہ دودھ گائے، بوقت صبح دیا کریں۔

معجون دافع سرعت، ضعف باہ، ضعف گردہ، ضعف دماغ ہے اور مثل اکسیر مفید ہے

برگ بھنگ 2 تولہ، روغن بادام 3 تولہ میں مدبر کریں، یعنی آگ پر باہم ملا کر رکھیں، جب مندلی رنگ ہو اتار لیں، پھر ازاں عمدہ (کچلہ) 10 تولہ لے کر ہفتہ بھر دودھ میں بھگوئیں اور ہر روز دودھ بدلتے رہیں، پھر گرم پانی سے صاف کر کے چھان لیں اور قطعہ قطعہ کر ڈالیں، زاں بعد مسکہ گاؤ میں پکائیں تا کہ مندلی رنگ آجائے اور ماہیت مسکہ کی جذب ہو جائے اور بہت احتیاط رکھیں کہ آنچ قوی نہ ہونے پائے یہ مسکہ صاف کر کے نگاہ رکھیں، مغز بادام شیریں 5 تولہ، مغز چلغوزہ 5 تولہ، مغز نارجیل تازہ نرم خام 5 تولہ، تخم خشخاش 5 تولہ، اور شیر گاؤ، اثار سائیدہ شیرہ بر آوردوراں قطعہ دار چینی مسلم 1 تولہ، اور خرمائے فربہ سرخ 5 اعداد انداختہ بہ آتش نرم بپزند چوں خرما گداز شود فرد آوردہ بسائند و بیفشہ ند، اس کے بعد نرم آنچ پر پکائیں تا ممھود ہو جائے، اس وقت اس کو کچلہ کے گھی سے بھونیں اور شہد خالص 25 تولہ اور شکر سفید 5 تولہ کو عرق بید مشک 25 تولہ میں قوام تیار کر کے تمام ادویات ملائیں اور ایک تولہ تک میل فرمائیں، اول روز 6 ماشہ تیسرے روز 9 ماشہ، نویں روز ایک تولہ۔

دودھ مقوی باہ

پارہ مصفی، گندھک آنولہ سار مصفی ہر دو، ہموزن لو اور اتنا کھرل کرو کہ کھرل سے جدا ہو جائے، یعنی چمٹے نہیں، اس کو باحتیاط محفوظ شیشی میں ڈال کر رکھو، بمقدار دو رتی آدھ سیر دودھ گائے میں ڈال کر نرم آگ پر جوش دو، جب دودھ نصف یا 3/4 حصہ رہ جائے تو اس میں مصری ڈال کر نیم گرم سوتے وقت رات کو پی لو۔

معجون مقوی باہ

آب پیاز ایک سیر، شہد ایک سیر دونوں کو ملا کر ایک پتیلہ میں جوش دو، جب نصف رہ جائے تو اتار لو اور تودری سفید و سرخ ثعلب، بہمن سفید و سرخ سونٹھ، تخم پیاز تخم ترب، تخم شلغم، تخم گندنا، تخم کھانہ، موصلی سفید و سیاہ ہر ایک ایک چھٹانک لیکر کوٹ پیس کر مندرجہ بالا تمام میں پکائیں اور تھوڑا مشک واسطے خوشبو کے ملا دیں اور نگاہ رکھیں اور تھوڑا ہر روز نہار منہ کھا دیں، جس کی مقدار قریباً "3 ماشہ ہو۔

معجون مقوی مولد و مغلظ منی بے حد ہے

موصلی سفید، موصلی سیاہ، شقاقل، بہمن سفید، قاقلہ خورد ہر ایک 2 تولہ، شکر تری نیم سیر، ورق نقرہ یک دفتری معجون بنالیں، خوراک 3 تولہ دودھ گاؤ سے۔

معجون نشاط

جائفل 3 تولہ، جوتری 9 ماشہ، اسپند ڈیڑھ تولہ، لونگ ڈیڑھ تولہ، دار چینی ڈیڑھ تولہ، بنسلوچن ڈیڑھ تولہ، گوکھرو ڈیڑھ تولہ، افیون خالص 3 تولہ، بیخ موتھ صحرائی 7 ماشہ، روغن بادام 3 تولہ، ثعلب مصری ڈیڑھ تولہ، مال کنگنی ڈیڑھ تولہ، اجوائن خراسانی ڈیڑھ تولہ، عنبر ساڑھے تین ماشہ، زعفران ڈیڑھ تولہ، بھنگ 3 تولہ، جند بید ستر ڈیڑھ ماشہ فرفیون ڈیڑھ ماشہ سلاجیت 7 ماشہ، ریگ ماہی ڈیڑھ تولہ ورق طلا 4 ماشہ، ورق نقرہ

6 ماشہ، مردایہ نامسفتہ 3 تولہ، کہربا 3 ماشہ، یاقوت رمانی 3 ماہ، مرچ سیاہ 14 ماشہ، مصطگی رومی ڈیڑھ ماشہ، مشک ترکی ساڑھے تین ماشہ، عقرقرحا 3 تولہ، گاؤ زبان 10 ماشہ کوٹنے کے قابل دواؤں کو کوٹیں اور حل کرنے کے قابل دواؤں کو حل کر کے تگنے شہد سے قوام بنا کر بدستور معجون تیار کریں۔

حلوائے مسمن بدن و مقوی و مبہی

خرما یعنی چھوہارے ثار سے گٹھلی نکال کر گائے کے دودھ میں پکا کر پیس لیویں، نشاستہ گندم، ثار، آرد نخود، ثار، روغن گاؤ بقدر ضرورت میں سب کو بریاں کر کے بعد میں شکر سفید حل کر کے قوام لے کر بعد میں ثار مغز فندق مغز پستہ ثار مغز اخروٹ ثار نیم کوفتہ آمیز کریں، خوراک ایک تولہ۔

معجون واسطے سرعت انزال کے لئے بارہا تجربہ شدہ ہے

گویا اس مرض کے لئے تیر بہدف ہے وجادو ہے، امساک اعلیٰ درجہ کا ہوتا ہے، سنبل الطیب جھلیرہ، عود ہندی مصطگی ہر ایک 2 مشقال، تج سک سہ مشقال جوزبوا چہار مشقال پوست خشخاش چہار مشقال برگ بھنگ مغسول بیس مشقال حب الیل دوصد عدد دانہ مشک خالص نمعدانگ شہد جملہ ادویہ سے سہ چند جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے شہد ملا کر معجون تیار کریں، خوراک ایک ماشہ سے 6 ماشہ تک ہمراہ دودھ کے غذا دودھ گھی و شوربا خوب کھاویں۔

معجون عضو مخصوص میں نہایت سختی پیدا کرتا ہے

سپند سوختنی، جوتری، جائفل، لونگ، دار چینی، ہر ایک 1 تولہ، تل سیاہ و چھلی ہوئی تولہ، سب کو پیس کر سہ چند شہد میں ملا کر معجون تیار کریں، مقدار خوراک 9 ماشہ۔

ایضاً

باہ کو بڑھاتا ہے، یاقوت رمانی، یاقوت کبود (نیلا) یاقوت زرد، لعل بدخشانی، موتی ان بندھے، مونگا، عنبر مشک تبتی پیرمایہ اونٹ، پیپل سونٹھ، ہر اک 4 ماشہ ورق سونا 50 عدد، ورق چاندی 90 عدد، شقاقل، سورنجان، کلنجن، دونوں بہمن دونوں تودری بیج ترکی، حب بلسان حب پان (بکائن) اندر جو، مغز تخم خیارین، تخم ہلیون، ریگ ماہی ماہی سقنقور (بن رہو) اگر یہ نہ ملے تو اس کا بدل ریگ ماہی ڈالیں، دار چینی لونگ، اسارون (تگر) کباب چینی، جوتری، تخم خربزہ، جائفل، کوٹ دریائی، مغز حب الزلم، درونج عقربی، تلسی گاؤ زبان، باد رنجبویہ، ستاوری، مغز چلغوزہ، تخم گندنا، تخم ترہ تیزک، سناء مکی، عود خام، ناگ کیسر، دوقو جنگلی گاجر، جدوار خطائی، زعفران، ہر ایک 8 ماشہ، ثعلب مصری 3 تولہ، مغز بادام 2 تولہ، کچلہ جو دودھ میں مدبر کیا گیا ہو۔
تریاق فاروق قسم اعلیٰ، موتھہ جسے گائے کے دودھ میں مدبر کیا گیا ہو، چنے کا آٹا، مغز ناریل، روغن ناریل، ہر ایک ڈیڑھ تولہ، مغز بادام، تل چھلی ہوئی مغز پستہ، ہر ایک 1 تولہ، شہد مصفی دواؤں سے سہ چند، بدستور معجون بنائیں۔

معجون مقوی

دار چینی، ثعلب مصری، شقاقل، جائفل، مصطگی، اندر جو، زعفران، پیپل، ستاوری، گل سرخ، دونوں

بہمن، تخم ہلیون، تخم گاجر، ہر ایک 8 ماشہ، مشک 6 رتی عنبر اشہب 3 ماشہ، مغز حب قلقل (جنگلی انار دانہ) 9 ماشہ، بھنگ 8 تولہ، شہد سہ چند معجون بنادیں اگر سونٹھ 8 ماشہ، زرنچور 4 ماشہ، لونگ تخم مولی ایک ڈیڑھ تولہ، اضافہ کریں اور مشک 4 ماشہ کریں تو زیادہ قوی ہو جائے گا۔

یاقوتی

یاقوت سرخ، کہربا، زرنچور، عقرقرحا، جائفل، زعفران، شیر مایہ اونٹ، کباب چینی (بعض نسخوں میں اس کی جگہ دار چینی ہے) تخم اونگن، ہر ایک تولہ، موتی ان بندھے اندر جو تخم بالنگو تلسی، عنبر اشہب ورق چاندی، درونج عقربی، ہر ایک 6 ماشہ بہمن سرخ، بہمن سفید، لونگ بیخ مونگر ریگ ماہی جوتری، ہر ایک 9 ماشہ، تودری زرد دار چینی، دونوں الائچی، ہر ایک ڈیڑھ تولہ، ثعلب مصری ڈھائی تولہ، چوب چینی ڈیڑھ تولہ، ورق سونا مشک تبتی، ہر ایک 3 ماشہ، ریگ ماہی 2 عدد، مصری سفید سہ چند بدستور معجون تیار اور ایک ماشہ سے شروع کر کے باہستگی ڈھائی ماشہ تک پہنچائیں مگر اس سے زیادہ نہ کریں۔

معجون ہرمس

اس معجون کے اوصاف بے حد بیان کئے گئے ہیں، 9 ماشہ اس معجون سے لے کر ہمراہ آب پیاز نیم دان استعمال کیا جائے، اگر کم استعمال کرنا چاہیں تو ڈھائی ماشہ لے کر ہمراہ کندر مصطگی کھائیں اور تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد چبائیں تاکہ حل ہو جاوے، پھر بستر پر لیٹیں مگر پاؤں زمین پر نہ لگیں اور اپنے کانوں میں روئی ڈال دیں اور اس معجون کے چباتے وقت کوئی خوشبو بھی سونگھیں، قدرت کا تماشہ دیکھیں، ادویات خاص اعلیٰ یونانی پنساری سے ملیں گی، نسخہ معجون:۔ تخم پیاز، عقرقرحا، تخم قریض (انگن) عود صلیب مذکر، مغز چلغوزہ، تخم گند ناروی، شقاقل، روغن بادام، روغن بلسان (اگر روغن بلسان نہ مل سکے تو روشن کوٹ) ہر اک 3 تولہ، تخم ترا تیزک، حب البان (بکائن)، رائی سفید، حرمل (اسپند) زعفران، ہر اک 1 تولہ، تخم گاجر گول مرچ سفید مغز بنولہ، بالچھڑ، زراوند طویل (لمبی) روغن تخم متمنش (زرد آلو)، روغن ناریل، ہر اک 2 تولہ، بھیڑا انیسون، ہر اک 7 تولہ خشخاش، پیپل، ہر ایک تولہ، تخم توم حلولہ گول مرچ سیاہ، زیرہ کرمانی تج، روغن ارنڈ، ہر اک 1 تولہ، حب البطم (بدل اسکاپستہ) 12 تولہ، لف (فیل گوش) 8 ماشہ روغن سوسن، زیت الانفاق (روغن زیتون) ہر اک 3 تولہ، گائے کا گھی پرانا 12 تولہ، دوائیں باریک کوٹ چھان کر روغنوں میں ملا کر سہ چند شہد صاف میں ملا کر معجون بنائیں، سستی، جلقی، لاغری و کجی میں نہایت مفید بلکہ اکسیر کا فائدہ رکھتا ہے۔

جوارش باہ کے لئے بے مثل ہے

مشک 9 رتی، الائچی کندر ہر ایک 4 ماشہ، باقی دوسرے اجزا وہی ہیں جو جوارش ملکی میں مذکور ہوئے، بہرحال تمام اجزا لے کر حسب دستور جوارش تیار کر کے استعمال میں لائیں۔

معجون ہندی

بہت مفید ہے، باہ برانگیختہ کرتا ہے، ثعلب مصری 2 تولہ، دار چینی 1 تولہ لونگ تخم انگن، تخم گاجر، مازو تخم بھمی، مغز بادام، مغز چلغوزہ، ہر ایک 9 ماشہ زرنچور بالچھڑ ناگ کیسر جوتری، تیزپات مغز پستہ، ہر ایک 6 ماشہ تخم پیاز، تخم سویہ، تخم شلجم، دوالہ (چھڑیلہ) ہر ایک 3 ماشہ، چنے بریاں، صندل دونوں الائچی، ہر

ایک تولہ، مغز ناریل خشخاس، بابونہ خرما تازہ، ہر ایک 2 تولہ پوست خشخاش 5 تولہ، افیون 6 ماشہ، کافور 3 ماشہ، زعفران 8 ماشہ، دودھ گائے 3 پاؤ، شکر سفید ڈیڑھ پاؤ، عسل خالص صاف، اسیر خرما کو دودھ میں جوش دیں تاکہ پک اور گل جائے، پھر صاف کر کے قوام میں ملائیں، پھر لیں پھر ملا کر معجون بنائیں اور موافق برداشت طبیعت کے استعمال کریں۔

معجون

لہسن چھلا ہوا لے کر بھیڑ کے دودھ میں پکائیں، پھر گھی میں پھر شہد کے قوام میں ملا کر معجون بنا کر کھائیں، شہوت اور باہ زیادہ کرتا ہے۔

دیگر

شہد جوش دیں اور اس کے جھاگ دور کر کے تخم مولی پیس کر ملا کر فوراً آنچ سے اتار لیں اور ہر روز نہار منہ اور سوتے وقت کھائیں، باہ کے لئے سہل الحصول دوا ہے۔

معجون ہندی

کلنجن، لونگ، اسگند، موصلی سیاہ، کباب چینی، خشخاش، بھوں پھلی، سب کو کوٹ چھان کر شہد کے قوام میں ملا کر معجون بنائیں، خوراک بقدر اخروٹ صبح کھانے سے پیشتر اور شب کو کھانے سے بعد علی الدوام استعمال کریں، باہ کے لئے عجیب ہے۔

معجون فلونیا

مقوی باہ، شہوت انگیز اور ممسک ہے، یاقوت رمانی، مروارید ناسفتہ ان بندھے موتی کہربائے شمعی، فاز زہر جدوار خطائی، مومیائی دارانی، ہر ایک 7 ماشہ درونج، عقربی، شقاقل، صندل سفید، زرنجور، طباشیر سفید پیپل، آملہ مقشر (چھلا ہوا گٹھلی سے پاک) گل سرخ کی کلی، پوست بیرون پستہ، زراوند گول، حب الفار، حب الرلم، (بدل اس کا پستہ ہے) اگر خام، اجوائن دیسی، الائچی خورد، الائچی کلاں، تج فطراسالیون مرکی۔ جند بید ستر، ناگر موتھہ، عقرقرحا، تیزبات، پنیر مایہ شتر اعرابی، کوٹ شیریں، تگر بالچھڑ ساڑھے سترہ ماشہ خشخاش سفید مصطگی رومی، ثعلب مصری، جائفل، جوتری، ریوند چینی، مغز چلغوزہ، مغز بادام شیریں، مغز ناریل، اجوائن خراسانی، ہر ایک 3 تولہ، گول مرچ سیاہ 4 تولہ، سونٹھ 2 تولہ، پوست ہلیلہ زرد، بہمن سرخ، بہمن سفید، ابریشم کاٹا ہوا، پوست رنگزہ، تخم پیاز، تخم گندنا، حب بلسان، عود بلسان، پکھان بید، ریگ ماہی ہر ایک 010 ماشہ عنبر اشہب 7 ماشہ، مشک خالص ساڑھے تین ماشہ، کندر 7 ماشہ، مغز تخم خربزہ 010 ماشہ، زعفران ڈیڑھ تولہ، ورق سونا 6 ماشہ، ورق چاندی 7 ماشہ، افیون 14 ماشہ، مصری سفید ڈیڑھ پاؤ شہد سفید صاف دواؤں کے ہموزن، کوٹ چھان کر بدستور معجون تیار کریں، خوراک ساڑھے تین ماشہ سے 9 ماشہ تک۔

معجون مفرح عالمگیر کبیر

مروارید ناسفتہ، مرجان، کہربا عنبر اشہب، ورق طلاء، ورق نقرہ، ہر ایک 1 تولہ مشک خالص ساڑھے چار ماشہ، مصطگی 6 ماشہ، لونگ 1 تولہ، پوست بیرون پستہ 6 ماشہ، اسارون 6 ماشہ، بالچھڑ، بادرنجبویہ،

تیزپات ہر ایک 6 ماشہ' ثعلب مصری 2 تولہ دار چینی 1 تولہ درونج عقربی 1 تولہ' ہلیلہ کابلی 1 تولہ' ابریشم مقرض 1 تولہ' نرکچور 1 تولہ' شقاقل 1 تولہ' عود بلسان 1 تولہ' مایہ شتر اعرابی 2 تولہ' بنسلوچن 1 تولہ' گل نیلوفر 1 تولہ' گل سرخ 6 ماشہ' گاؤ زبان 1 تولہ' پوست ترنج 1 تولہ' ریگ ماہی 1 تولہ' تودری زرد 1 تولہ' تودری سرخ 1 تولہ' کشنیز خشک 1 تولہ' تخم گندر 1 تولہ' تخم شلغم 1 تولہ' مغز نارجیل 2 تولہ' مغز چلغوزہ 2 تولہ' مغز بادام 2 تولہ' مغز پستہ 2 تولہ' زعفران 2 تولہ' مغز تخم کدو 1 تولہ' روغن منشط ہم وزن ادویہ' گلاب و عرق بید مشک بقدر ضرورت' شہد تگناوزن ادویہ بدستور معجون تیار کریں۔

خمیرہ عود ترش

یہ خمیرہ دل و دماغ کا مقوی' ضعف باہ کا دافع ہے' جنون (دیوانگی) مالی خولیا' استسقاانسیاں' خفقان اور برے خیالات کا دور کرنے والا ہے' جگر' گردے اور معدے کا مقوی ہے' تگر' الائچی خورد' الائچی کلاں' تخم خشخاش' ہر ایک 17 ماشہ' مصطگی رومی زراوند' بنسلوچن سفید' باریشم خام' زرنب لونگ' تخم ریحاں' ہر ایک 14 ماشہ سب کو نیم کوب کر کے چوبیس گھنٹہ تک 2 سیر پانی میں بھگوئیں اور پھر جوش دے کر جب چوتھائی پانی جل جائے تو چھان لیں اور آب عناب' آب سیب شیریں' آب زرشک' آب انگور' آب انار شیریں' آب انار ترش' آب بہی' ہر ایک 11 تولہ ملا کر شکر سفید سہ چند ملا کر قوام کریں' پھر اگر ہندی سیا رنگ 11 تولہ موتی ان بندھے' مونگا سرخ' کہربا' ہر ایک ڈیڑھ ماشہ' یاقوت سرخ 5 ماشہ' سب کو گلاب اور عرق بید مشک ہر ایک سیر' آب لیموں' آب رنگترہ' ہر ایک 11 تولہ 4 ماشہ میں کھرل کر کے باہم ملا دیں' جب قوام درست ہو جائے تو عنبر اشہب حل کیا ہوا 7 ماشہ ورق چاندی' ورق سونا حل کیا ہوا مشک خالص' زعفران گلاب میں پیس کر خمیرا کو آگ سے نیچے اتار کر ملائیں' خوراک 4 ماشہ سے 7 ماشہ تک' خمیرا کو چینی یا کانچ کے ظرف میں رکھیں۔

معجون دافع سرعت

سرعت کو زائل کرنا' گردہ اور مثانہ کی کمزوری کے لئے سودمند ہے' جائفل دو حصے' آملہ' بیخ اذخر' گوکھرو' بھیڑہ' جوتری' تج' الائچی' خولنجاں' حب بلسان ہر ایک تین حصے' حب اندس' زعفران' ہر ایک 2 حصے' دار چینی' سونٹھ ہر ایک تین حصے' کوٹ چھان کر تگنے شہد کے قوام میں معجون بنا دیں' خوراک صبح کے وقت ڈیڑھ تولہ اگر مرض ہو تو سوتے وقت بھی ڈیڑھ تولہ استعمال کریں۔

ایضاً

سرعت: اور کمزوری باہ کو زائل کرتا ہے' آملہ سنگھاڑہ خشک گوند پلاس کھیلا کھیلی' مائیں گجراتی' مازو' نشاستہ' مہستاں' گلنار پھلی ببول' چنے بھنے ہوئے' تج گوکھرو' چھکنی' دودھی' جائفل' جوتری' موچرس' الائچی خورد' الائچی کلاں' گیرو برابر کوٹ چھان کر تگنے شہد اور مصری کے قوام میں معجون بنائیں' کسی قدر کھویہ بھی شامل کرلیں۔

دیگر

باہ بڑھاتا' سرعت کو جلد دور کرتا اور منی کو گاڑھا کرتا ہے' پوست ہلیلہ زرد پوست بھیڑہ' آملہ خرا بھنا ہوا' ثعلب مصری' دیدہ چوب' گوکھرو' موصلی سیاہ' موصلی سفید' موصلی سینبھل' تخم کونچ' سنگھاڑا

خٹک، مغز کنول، گڑ مہستان، اندر جو شیریں مغز تخم املی، ہر ایک 6 ماشہ، گلنار شہدانہ، بھنگ اجوائن دیسی، زیرہ سیاہ، حب الاس دھنیا، ہنسلو چمن کونپل برگد، مصطگی شاہ بلوط بیجبند، سروالی لودھ پٹھانی، حرمل (اسپنا) بریاں، ہر ایک 3 ماشہ بو پھلی پپلی ببول تخم گاجر، ہر ایک 4 ماشہ، شکر سفید تگنی بدستور معجون بنائیں۔

معجون خبث الحدید

سرعت کو جلد دور کرتا ہے، خولنجان شاہ بلوط عقرقرحا، ہر ایک 6 شہدانج (بھنگ) کندر، پنیرمایہ اونٹ ہر ایک 9 ماشہ، بہمن سرخ بہمن سفید، حب الاس افیون جائفل اقاقیا، ثعلب مصری، تخم سویہ، موتھہ خبث الحدید مدبر، ہر ایک ڈیڑھ تولہ، تخم مولی ڈھائی تولہ، کوٹ چھان کر شہد کف گرفتہ دوچند کے قوام میں معجون بنائیں، خوراک 6 ماشہ اوپر سے تازہ دودھ کا ایک پیالہ پئیں، سختی پیدا کرتا اور سرعت انزال کو دور کرتا ہے۔

معجون جلالی، سرعت کو دور کرتا ہے

بالچھڑ، چھڑیلہ اگر ہندی مصطگی رومی، ہر ایک 8 ماشہ، تج تولہ، جائفل پوست خشخاش، ہر ایک 1 تولہ، بھنگ 7 تولہ رجب الھنل سفید سوعد دمشک 9 رتی شہد دواؤں سے تگنا، دوائیں روغن بادام میں چرب کر کے بدستور معجون بنائیں، خوراک 3 ماشہ سے آٹھ ماشہ تک۔

معجون اسپند، سرعت کے لئے بہت مفید ہے

عقرقرحا، اسپند، لونگ، اگر غرقی دار چینی، سونٹھ، کباب چینی، ہر ایک 6 ماشہ جائفل 3 ماشہ، مصری 9 تولہ، معجون بنائیں اور موافق مزاج استعمال کریں۔

معجون ممسک

گل آک، گل دھتورہ موصلی سیاہ، اسپند، ہر ایک 8 تولہ پیس کر گھی میں چرب کر کے 27 تولہ شہد ملا کر تقریباً ڈیڑھ تولہ استعمال کریں اوپر سے دودھ پئیں۔

دیگر

یہ معجون ممسک ہے، کبھی ترشی کی ضرورت پڑ جاتی ہے۔
افیون، جائفل، لونگ، مشک، زعفران، سونٹھ، تج، برابر، حسب دستور اسی کے برابر شہد میں تیار کریں، خوراک ڈیڑھ ماشہ سے 3 ماشہ تک جس روز جماع کا ارادہ ہو عصر کے وقت کھائیں اور بعد عشاء مشغول ہوں، اس اثناء میں غذا ہرگز نہ کھائیں چنانچہ ایک حکایت مشہور ہے کہ ایک فقیر نے اپنے کسی قرابتی کو جو مرض سرعت انزال میں مبتلا تھا، چنے کے برابر کھانے کو کہا وہ اس کے استعمال سے شفایاب ہو گیا تھا، معجون کھانے سے پہلے ایک گھنٹہ غذا کھائیں، بعد فراغت اگر کھانا کھانے کا وقت ہو تو خیر کھانا کھا سکتے ہیں ورنہ صرف دودھ پی کر رات کاٹیں۔

معجون مفرح منشط

تفریح اور سرور پیدا کرتا ہے، قلب کا مقوی اور امساک کا بڑھانے والا ہے، تالیف علوی خاں، موتی ان بیدھے، کہربائے شمعی، یاقوت رمانی، ورق چاندی، ہر ایک 6 ماشہ، لعل بدخشانی، ورق سونا، ہر ایک

ڈھائی ماشہ بہمن سرخ، گل گاؤ زبان شقاقل بیج موتھہ (جسے تین مرتبہ گائے کے دودھ میں تر اور خشک کیا گیا ہو) گل سرخ، ہر ایک 8 ماشہ جوتری، دردنج، بلی لوٹن، ہر ایک 4 ماشہ چرس ولایتی خالص 2 تولہ، عنبر اشہب زعفران ہر ایک 13 رتی مصری سفید 12 تولہ، شربت سیب شیریں شربت بہی ہر ایک ساڑھے چھ تولہ، آب انار شیریں 12 تولہ، عرق گاؤ زبان، عرق بید مشک گلاب، ہر ایک 7 تولہ بدستور معجون تیار کریں۔

معجون ممسک

لونگ ڈیڑھ تولہ، الائچی خورد جائفل جوتری ہر ایک 2 تولہ عصارہ بادیان (بادیان کا نچوڑ) 5 تولہ، زعفران 6 ماشہ، مغز بادام آدھ سیر، آب بہی شربت انار، شربت سیب ہر ایک 3 پاؤ، شہد ڈیڑھ پاؤ، شکر سفید، دوائیں پیس کر شہد، شکر شربت اور ربوب لے کر آدھ سیر گلاب میں قوام کر کے ملائیں اور 2 رتی عنبر اور مشک سے خوشبودار کر کے روغن بھنگ ملائیں، معتدل المزاج اور کمزور لوگوں کے لئے 9 تولہ اور اوسط درجوں میں 10 تولہ۔

دیگر

شاہ بلوط، گلنار، دھنیا خشک، کندر ہر ایک ڈھائی تولہ نکچھکنی ڈیڑھ تولہ، کرویا اجوائن، زیرہ، ہر ایک 1 تولہ ہلیلہ سیاہ، ہلیلہ آملہ، ہر ایک 9 ماشہ کوٹ چھان کر تگنے شہد میں معجون بنائیں۔

دیگر

نقاح شونیز (کلونجی کی کلی) جائفل، پوست خشخاش، ہر ایک ایک حصہ بیج موتھہ، لونگ جوتری، ہر ایک آدھ حصہ، بالچھڑ، زعفران ہر ایک چوتھائی حصہ شہد میں معجون بنائیں اور 2 گھنٹہ پیشتر استعمال کریں۔

دیگر

کلنجن، جائفل، دھنیا خشک، پوست خشخاش، برگ جائفل، اقاقیا، عصارہ افسنتین، پوست بیرون پستہ، جاؤ شیر ہر ایک ایک حصہ، کوٹ ہندی، میعہ خشک، سندرس مغز تخم سداب ہر ایک آدھا حصہ، پستہ سب کے برابر کوٹ چھان کر شہد میں معجون بنائیں اور حاجت کے مناسب استعمال میں ملائیں۔

معجون جریان

اگر جریان منی اوعیتہ المنی کے ڈھیلا ہونے سے ہو تو علے الخصوص نافع ہے، ثعلب مصری، بہمن سفید، دار چینی، دانہ الائچی خورد، تخم اوٹنگن، موصلی سیاہ، موصلی سفید، گوند ببول، دانہ تودری، پوست بیج اونٹ کٹارہ، مصطگی ہر ایک تولہ، تج 1 تولہ، مشک جندبید ستر ہر ایک 3 ماشہ مصری سفید کے قوام میں معجون بنائیں، خوراک 9 ماشہ ہمراہ ماء اللحم حکیم علوی خان جو باہ کا مقوی ہے۔

معجون ریگ ماہی

مغلظ منی اور اس کی پیدائش کرنے والی ہے، تالمکھانہ بیج بند گل گاؤ زبان تخم تاج خروسی (تخم ف) ریگ ماہی، ثعلب مصری، ہر ایک 2 تولہ گوکھرو، گوند ببول مکھانہ، ہر ایک 3 تولہ، تخم اوٹنگن تولہ سلوچن ڈیڑھ تولہ مربی آملہ 20 عدد (مربی کو رات کے وقت بھگو کر صبح گلاب میں دھو کر گٹھلی علیحدہ

کریں اور گلاب اور عرق کیوڑہ عرق بید مشک میں پکائیں' جب گل جائے تو شکر سفید' عرق بید مشک میں قوام کر کے معجون بنائیں' خوراک 9 ماشہ بوقت شب ہمراہ دودھ گاسے۔

معجون مقوی باہ

پیپل' کشمش' تخم کونچ' انگن' برابروزن لے کر پیسیں اور تگنے شہد میں گوندھ کر 1 تولہ روزانہ کھایا کریں۔

دیگر

خولنجاں 2 تولہ بہمن سفید ڈیڑھ تولہ کوٹ چھان کر گائے کے گھی سے چرب کریں اور دوچند شہد کف گرفتہ میں ملا کر معجون بنائیں اور اخروٹ کے برابر گولی بنا کر ایک گولی روزانہ رات کے وقت کھائیں۔

دیگر

از مجربات محمد ذکریا گذر بھونی ہوئی ایک سیر' دار چینی 10 ماشہ لونگ ساڑھے تین ماشہ زعفران ڈیڑھ ماشہ باریک پیس کر ہمراہ معجون بنائیں اور 5 تولہ روزانہ کھائیں' بہت مقوی باہ ہے۔

دیگر

بے حد مقوی باہ ہے' دار چینی 2 تولا 11 ماشہ' عقر قرحا 8 تولہ' خولنجاں ساڑھے سترہ ماشہ کبابہ 7 ماشہ' سونٹھ 2 تولہ 11 ماشہ پیپل 8 تولہ' کوٹ چھان کر شہد کے ہمراہ معجون بنائیں' خوراک 1 تولہ۔

دیگر

سونٹھ 2 تولہ 11 ماشہ' اجوائن 17 ماشہ' دار چینی 54 تولہ پیپل' 250 عدد مرچ سیاہ 25 عدد' تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر دو چند کھانڈ کے ہمراہ معجون بنائیں اور ہر روز بوقت ناشتہ 10 ماشہ کے قریب کھائیں۔

معجون باہ کو بڑھاتی ہے

عقر قرحا' تخم اونگن' مرچ سیاہ' ہر ایک ساڑھے چار ماشہ دار چینی' شقاقل' تخم گذر ہالوں' سونٹھ ہر ایک 9 ماشہ' کوٹ چھان کر برابروزن شہد کا قوام بنا کر بدستور معجون بنائیں' خوراک 9 ماشہ۔

دیگر

خولنجان 2 تولہ گیارہ ماشہ بہمن سفید ساڑھے سترہ ماشہ' کوٹ چھان کر گائے کے گھی سے چرب کر کے شہد کا قوام کر کے بدستور معجون بنادیں اور اخروٹ کے برابر غلولہ بنا کر روزانہ بوقت شب کھائیں۔

دیگر

موصلی سفید آملہ مقشر برابروزن کوٹ چھان کر گائے کے گھی سے چرب کر کے شہد میں بدستور معجون تیار کریں اور روز بوقت صبح دو دمڑی وزن کر کے کھائیں۔

معجون مغلظ منی

گوند ببول' نشاستہ' ثعلب مصری' ہر ایک 6 ماشہ' کتیرا بنسلوچن' دار چینی' دانہ الائچی ہر ایک 4

ماشہ ' مغز بادام 2 تولہ ' مغز ناریل ڈیڑھ تولہ ' علک البطم (گوند بطم) 6 ماشہ ' گوند سپاری 6 ماشہ ' گوند سنبھل 6 ماشہ ' کشنیز خشک 6 ماشہ ' ثعلب مصری 6 ماشہ ' تخم خرفہ 6 ماشہ ' آملہ 6 ماشہ ' صندل سرخ 6 ماشہ ' مغز پستہ 1 تولہ ' مغز بادام شیریں مقشر 1 تولہ ' مغز نارجیل 1 تولہ ' مغز فندق 1 تولہ ' مغز چلغوزہ 15 تولہ ' مغز حبتہ الخضراء 1 تولہ ' تخم خشخاش 1 تولہ ' تخم خرفہ 1 تولہ ' مصطگی رومی 2 تولہ ' علک البطم 3 ماشہ ' ورق نقرہ 3 ماشہ ' ورق طلا 3 ماشہ ' پوست ہلیلہ کابلی 1 تولہ ' ہلیلہ سیاہ 1 تولہ ' غنچہ گل سرخ 2 تولہ ' عنبر اشہب ڈیڑھ ماشہ ' مویز منقی 21 تولہ ' نبات سفید 30 تولہ ' آب سیب شیریں 40 تولہ ' آب انار شیریں 40 تولہ ' آب امرود 30 تولہ ' عرق فواکہ 20 تولہ ' عرق کٹھل 20 تولہ ' عرق گلاب 20 تولہ ' قوام کر کے بطریق معمول معجون بناویں ' خوراک 3 ماشہ سے 6 ماشہ تک۔

معجون دافع جریان

احتلام سرعت۔ جریان کے لئے مفید ہے ' رحم کی رطوبات سکھاتا ہے ' اسہال کہنہ کو دور کرتا ہے ' بخ مونگہ موتی ان بند ہے ' کشتہ ابرک صندل سرخ ' ہر ایک 14 ماشہ ' صندل سفید 16 ماشہ ' کشتہ فولاد 10 ماشہ ' ورق سونا ' ورق چاندی ' ہر ایک 6 رتی ' عنبر ڈیڑھ ماشہ ' شکر سفید 30 تولہ ' گلاب 15 تولہ ' مشہور طریقہ پر معجون بنائیں ایک تولہ سے 7 تولہ تک استعمال کریں۔

پنڈی رقت اور سستی کو دفع کرتی ہے

تالکھانہ چاکسو تخم اوٹنگن بلیلہ (بہیڑہ) آملہ مازو سبز ' زیرہ سیاہ ' زیرہ سفید ' لودھ پٹھانی ہر ایک 2 تولہ الائچی کلاں الائچی خرد تخم سریالی جائفل لونگ ہر ایک یک تولہ مغز پنبہ دانہ چھالیہ ' ہر یک 4 تولہ ' گوند ببول 9 تولہ ' کوٹ چھان کرہ سفید زھائی پاؤ ' روغن زرد آدھ سیر کا قوام کر کے قوام دوائیوں کو اسمیں ملا کر پنڈی بناویں۔

دیگر

گل سپاری ' گوکھرو ' مائیں کلاں ' کمر کس ' کمر توڑ ' پوست درخت کیکر ' پوست درخت کچنال ' پوست درخت فالسہ ' گلدھاوا ' تالمکھانہ ' مغز بادام ' مغز پستہ ' مغز نارجیل ' پوست خرما ' ہر ایک 5 تولہ دس ماشہ سب کو جدا جدا باریک کر کے گھی میں بریاں کریں ' دو سیر شکر سفید کا قوام کر کے کل اجزا کو اس میں ملا کر پنڈی بنائیں۔

معجون دافع جریان

ملٹھی ایک تولہ ' مکھانہ ایک تولہ ' سپاری تیلیا ایک تولہ ' قلمی شورہ 6 ماشے ' ان سب چیزوں کو سائیدہ کر کے پانچ تولہ عمدہ تازہ شہد میں حل کر لو ' اور 6 ماشے صبح اور 6 ماشہ رات کو سوتے وقت کھالیا کرو ' دودھ اور چاول کے سوائے ہفتہ بھر تک کوئی چیز نہ کھانی چاہیے ' مجرب و آزمودہ ہے۔

یون کرت اوشدھ

جاوتری ' ناگ کیسر ' پیپل ' کنکول ' مازو پھل ' نسوت سفید کا پھل ' اننت مول ' اگر چ ناگر موتھ ' کچور مصطگی ' جٹاماسی ' سنبھل ' دھو کے پھول کٹوتا ' گوکھرو میتھی ' انیرا ہرڑ ' بھیڑہ ' تخم کونچ ' کوکلا کھشی ' بر

دھتورہ کے بیج کنول سفید، کوٹ نیلے کنول کی کھشو متی، چندن، جائفل، بداری کند کا سفوف، موصلی، کیلہ، مال کنگنی، جیوڈوند، سونٹھ، مرچ، الاچی، دارچینی، دھنیا، چوب چینی، سمندر سوکھ، لونگ عقر قرحا، بالا کافور کھشو کستوری، ابرک ان کو برابر وزن لیکر سفوف بنائے، پھر سونا چاندی سیسہ قلعی، لوہا، ہیرا، تانبہ، موتی، پارہ، ہڑتال، ان کو ترکیب سے شدھ کر کے کشتہ بنا کر ملائے، پھر چوتھائی حصہ بھانگ کا سفوف اور آدھا حصہ مصری اور شہد ملا کر تھوڑا پانی زیادہ کر کے نرم آگ پر پکائیں، جب قوام بن جائے ادویہ کا سفوف ملا کر تھوڑا گھی اضافہ کر کے کڑچھی سے گھوٹ کر رکھیں اور حسب طاقت روزانہ کھائیں، اس سے قوت باہ بڑھتی اور امساک پیدا ہوتا ہے۔

معجون کہ نہایت مقوی باہ ہے

مغز اخروٹ 10 تولہ مصطگی رومی 5 تولہ، زعفران اصلی ڈھائی تولہ، باریک پیس کر زعفران کو کھرل کر کے ملا کے سہ چنداں شہد و نبات کے قوام سے ملا کے ورق نقرہ 25 عدد ورق طلاء 15 عدد اضافہ کر کے معجون بنا رکھیں 6 ماشہ سے 1 تولہ صبح و شام دودھ سے کھایا کریں۔

معجون شاہجہانی

شاہجہان بادشاہ نے ایک سنیاسی صاحب سے تیار کرایا تھا، نہایت ممسک و مقوی ہے، ہمارا آزمودہ ہے۔

تالمکھانا، تج، بہمدانہ، انار دانہ، ستاور، کتیرا، تخم اونٹگن، زیرہ سفید، زرم الاچی ست گلو، تخم گاجر، کلونجی، سیاہ تخم پیاز، موصلین، تودرین، بہمن، بیلا مول، اجوائن دل، پوکھر مول، سپاری، ہلیلہ، بلیلہ، آملہ، سونٹھ، تخم بیج بند، مال کنگنی، اسگندھ، بنسلوچن، دارچینی، جائفل، جاوتری، عود عنبر، ابریشم خام ہر ایک ایک تولہ ان سب ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں اور صبح نہار گائے کا دودھ آدھ سیر گرم کر کے میٹھا ڈال کر اور ایک تولہ سفوف مذکور لیویں، اوپر سے دودھ پی لیویں اور شام کو مندرجہ ذیل معجون سے ایک تولہ سوتے وقت کھاویں۔

صفت معجون: زردی بیضہ مرغ، شہد خالص، چھوہارا، روغن زرد ہر ایک ایک پاؤ زعفران ایک تولہ ثعلب و شقاقل 6 ماشہ، صندلین 4 تولہ، ان سب ادویات کو حسب طریق گھی اور شہد میں بیضہ مذکورہ میں معجون تیار کریں۔

کئی جگہ اس معجون میں زردی بیضہ مرغ ہی لکھی ہے۔

معجون کہ نہایت مقوی باہ ہے اور مقوی معدہ و جگر و قاطع بلغم خام ہے و اشتہالاتی ہے، درد دنداں و تحلیل ریاح شکم کے بھی مفید ہے اور بقراط نے کہا ہے کہ جو شخص اس معجون کو کھاوے کیونکر محتاج طبیب کا ہوتا ہے۔

صفت: مصطگی رومی 3 ماشہ لونگ 3 ماشہ عقر قرحا 3 ماشہ، اگر 3 ماشہ زرد ردیعنی ریزہ گل گلاب 6 ماشہ، سونف رومی ڈھائی تولہ، تخم گاجر ڈھائی تولہ، اجمود ڈھائی تولہ، تخم سویا ڈھائی تولہ کوٹ پیس کر سہ چنداں شہد سے معجون کریں، بعد پکڑنے مزاج کے استعمال کریں، خوراک 9 ماشہ۔

معجون برائے قوت باہ

جائفل ڈیڑھ تولہ مشک نافہ 2 ماشہ' زعفران 4 ماشہ 'لونگ ڈیڑھ تولہ' جوتری ڈیڑھ تولہ عقرقرحا ڈیڑھ تولہ' دانہ الائچی کلاں ڈیڑھ تولہ' دار چینی' سریالہ چوب چینی' کباب چینی' مصطگی' موصلی سیاہ' بیج بل' بدن مست' گوکھرو' دانہ اسپند در شیر گاؤ مدبر کردہ' پیپل' پیپلا مول مالکنگنی مرچ سیاہ' ستاور' منڈی بوٹی' بیج بنفشہ' سمندر پھل' مغز تخم اونٹنگن' تخم گاجر مغز تخم کونچ' اجوائن خراسانی در شیر گاؤ جوش دادہ ہلیلہ زنگی' اندر جو شیریں' سونٹھ ستوا ہر ایک ڈیڑھ تولہ' قند سیاہ کہنہ (پرانا گڑ) تین پاؤ' جملہ ادویا کو کوٹ چھان کر گڑ میں ملا کر جائفل کے برابر گولیاں بنائیں کھانا کھانے کے بعد کھائیں۔

معجون مجرب ہے

برگ تلسی 2 تولہ اکاس بیل 1 تولہ' موصلی سفید' ستاور ثعلب مصری 1 تولہ' بنسلوچن 1 تولہ لاجورد 17 ماشہ بہمن سفید 2 تولہ' بہمن سرخ 2 تولہ دار چینی 1 تولہ' الائچی خورد 1 تولہ گوکھرو 1 تولہ' رومی مصطگی 1 تولہ' مغز بادام 3 تولہ' مغز اخروٹ 3 تولہ' تخم ترب 6 ماشہ' تخم کدو 3 ماشہ تخم شلغم 3 ماشہ' سب کو کوٹ چھان کر شہد خالص میں مصری نیم اتار میں بطور معجون تیار کریں ہر روز صبح کو 1 تولہ شیر گاؤ کے کھائیں اور لطف اٹھاویں۔

معجون ثعلب واسطے باہ کے نہایت مجرب ہے

ثعلب ڈیڑھ تولہ موصلی سفید ڈیڑھ تولہ موصلی سیاہ ڈیڑھ تولہ اونٹنگن بیج ڈیڑھ تولہ سونٹھ (زنجبیل) ڈیڑھ تولہ تخم شلغم ماشہ تخم سویا 8 ماشہ تخم گاجر 8 ماشہ' تخم پیاز 8 ماشہ' مرچ سیاہ 8 ماشہ پیپل 8 ماشہ کوٹ پیس کر چھان کر چنداں شہد و شکر سرخ میں معجون کریں' خوراک 9 ماشہ۔

معجون کہ مولد مادہ تولید و مقوی باہ ہے

تخم گاجر' تخم سویا' مساوی کوٹ پیس کر شہد سے معجون کریں' خوراک بقدر ضرورت۔

غذا: حلوا و نان مرغن و بالائی وغیرہ۔

معجون تقویت باہ و مغلظ منی دافع ضعف پشت

طباشیر سفید (دانہ ہیل خورد' کمر کس صمغ عربی' صمغ ڈھاک' موچرس' سروالی بیج بند' تخم تمرہندی' مقشر موصلی سنبل' موصلی سیاہ و سفید' ستاور' ثعلب مصری' شقاقل مصری ہر ایک' ایک ایک تولہ' شہد خالص آدھ سیر شکر سفید پاؤ بھر بطریق معروف معجون تیار کریں' خوراک ایک ایک تولہ تک۔

معجون مقوی

موصلی سیاہ 1 تولہ' موصلی سفید 1 تولہ' بہمن سفید 1 تولہ' بہمن سرخ 1 تولہ' اٹنگن بیج 1 تولہ' کونچ بیج 1 تولہ' تالمکھانا 1 تولہ' بیج بند 1 تولہ' عقرقرحہ 1 تولہ' کباب چینی 1 تولہ' لعبت بربری 1 تولہ' بہو پھلی 1 تولہ' خار خسک 1 تولہ' آذدگلو 1 تولہ' موچرس 1 تولہ لسوڑیاں 1 تولہ گوند کیکر آدھ پاؤ گوند پھلاہ آدھ پاؤ گوکھرو آدھ پاؤ' گائے کا گھی 3 پاؤ' تین سیر دودھ کا کھویا' شہد خالص 3 پاؤ۔

ترکیب: گھی میں پہلے گوندوں کو الگ الگ خوب بھون لیں' پھر اس میں کھویہ کو بھون لیں' پھر نیچے اتار

کر سب ادویات کو جو کہ کوٹ چھان کر پہلے سے رکھی ہوں گی' اس میں ملا دو' خوراک آدھ چھٹانک صبح کے وقت کھالیا کریں' نامرد کے لئے اکسیر ہے 21 یوم استعمال کریں اور کھانے کے دنوں میں جماع سے پرہیز رکھیں۔

مقوی باہ' مقوی اعضائے رئیسہ عجیب الخواص اور لذیذ حلوا

مغز گندم چار خرما نیم ثار' شیر گاؤ 12 ثار آرد نخود بریاں 15 درم' نشاستہ 15 درم روغن زرد 9 تولہ' نبات اثار' شہد خالص نیم ثار' زردہ بیضہ مرغ 40 عدد و مغز بادام مغز پستہ' مغز اخروٹ' مغز فندق' مغز چلغوزہ' مغز نارجیل ہر ایک 10 درم ثعلب خار خسک دار چینی زنجبیل خولنجاں ہر ایک 3 درم زعفران ادرم' مشک نیم درم' ورق نقرہ ایک تولہ' ورق طلاء ڈیڑھ ماشہ بدستور معروف حلوا تیار کریں' خوراک 5 درم تک۔

حلوہ برائے مجلوق و قوت باہ

قرون سنبل تولہ' تخم جوز ماثل 6 ماشہ' مغز جمال گوٹہ 6 ماشہ' شیر حنان' ثا' یعنی بھیڑ کے دودھ میں پیس کر گولیاں بنا کر آتشی شیشی میں بطریق معروف روغن کشید کریں' (قرون سنبل سے مراد بھنگ سیاہ ہے)' اور نسخہ مذکور کے ہمراہ دوائی ذیل کھائیں' بادام مقشر 25 عدد' روغن و شکر میں بطریق معروف حلوا بنا کر زعفران تولہ' جوزبوا 1 تولہ' بسباسہ 6 ماشہ' کشتہ قلعی 2 تولہ' کشتہ بیضہ مرغ تولہ' یہ سب ادویہ پیس کر حلوائے مذکور میں ملا دیں' خوراک 5 تولہ روزانہ' طلا مذکور بقدر قلیل استعمال کریں اور برگ تنبول باندھیں' سات روز یا جس قدر مدت کافی ہو عمل کریں۔

معجون قوت باہ کے لئے

مشک دو دنگ' زعفران کبابہ' بزر البنبج' سفید سنبل الطیب' عود خام' خرفہ دار چینی' مصطگی رومی' تخم جوز ماثل ہر ایک دو مثقال' اندر جو شیریں' جوتری ہر ایک تین مثقال' مایہ شتر اعرابی' ثعلب مصری ہر ایک چار مثقال' پوست خشخاش سفید' مغز کنجشک نر' ہر ایک پانچ مثقال' نبات سفید دس مثقال' حب النیل سفید چار سو عدد' کوٹ چھان کر سہ چند وزن ادویہ کے نبات معجون بنائیں' خوراک 3 ماشہ۔

معجون مقوی و ممسک

مصطگی رومی 6 ماشہ' قرنفل 2 تولہ' جوزبوا 2 تولہ' بسباسہ 1 تولہ' موصلی سفید 2 تولہ' موصلی سیاہ 1 تولہ' فلفل گرد 6 ماشہ' تال مکھانہ 2 تولہ' گوکھرو کلاں 2 تولہ' میدہ لکڑی 1 تولہ' مال کنگنی 1 تولہ' ہال کنگنی 1 تولہ' مغز تخم کونچ 1 تولہ' بیج بند 1 تولہ' سمندر سوکھ 1 تولہ' دانہ الائچی خورد 1 تولہ' کباب چینی 1 تولہ' اگر غرقی 1 تولہ' اسگندھ ناگوری 1 تولہ' کشنیز خشک 1 تولہ' قرفہ 1 تولہ' زنجبیل 1 تولہ' منڈی 1 تولہ' ستاور 1 تولہ سب ادویہ کو بصحت وزن علیحدہ علیحدہ خوب باریک پیس لیں' زعفران 1 تولہ' شنگرف 1 تولہ' گائے کا دودھ ایک سیر ڈال کر خوب حل کریں' جب خوب حل ہو جائے تو شکر سفید ایک سیر ڈال کر قوام کریں جب قوام آ جائے مغزیات ملا دیں' اور جب قوام سرد ہو جائے' سفوف مذکورہ بالا مخلوط کریں کہ پورے طور پر حل ہو جائے' مرتبان میں نگاہ رکھیں' بعد ایک چلہ کے روزانہ چھ ماشہ سے 9 ماشہ تک حسب برداشت مزاج استعمال کریں' واضح ہو کہ یہ معجون وقت خواب کے استعمال کی جائے' اگر آدھ پاؤ آدھ سیر دودھ خواہ گائے

کاہو یا بھینس کا پی لیا جائے تو مناسب ہے، پرہیز ترشی کم مرچ اکیس روز تک استعمال کریں، یہ جس قدر زیادہ دن کی تیاری ہوگی فائدہ زیادہ دے گی، اگر فائدہ حسب ضرورت نہ ہو اور چندے استعمال کریں، چونکہ مزاج اس معجون کا گرم ہے، اوائل سن یا گرم مزاج والا نہیں کھا سکتا۔

معجون برائے قوت باہ بے نظیر

تخم مرغ سفیدی دور کرد 21 عدد، ستاور 8 تولہ، دار چینی، مغز تخم کدو 4 تولہ، مغز چلغوزہ 4 تولہ، مغز پستہ 4 تولہ، زعفران 11 ماشہ، خولنجاں 4 ماشہ، جوزبویہ 11 حبہ عسل مصفی دو چند، حسب دستور معروف معجون بنائیں، 3 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ نیم چار پختہ کے بوقت شام قبل از غذا پرہیز از ترشی و بادی۔

معجون برائے درد چسم و مقوی باہ

اسگند ناگوری، ثار موصلی سیاہ 5 دام، زنجبیل 5 دام، روغن مادہ گاؤ، شہد اثار، جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر اول روغن زرد میں تھوڑا سا بریاں کریں، پھر شہد ملا کر معجون تیار کریں، 7 ماشہ صبح و شام کھائیں، مشتہی اور چہرہ کے رنگ کو سرخ بھی کر دیتی ہے۔

معجون مقوی باہ

گل شکری تازہ، ثعلب مصری، ستاور، تخم اونٹگن، تخم کنوچہ، طباشیر بہمن سفید، بہمن سرخ، تودری سپید، تودری سرخ کوٹ چھان کر برگد کے دودھ میں دو بار خشک اور تر کر کے جائفل، جاوتری پیس کر ملا لیں، شہد خالص، ثار، نبات سفید، ثار، مربائے سیب، ثار، مربائے بہی مکدر ثار ملا کر قوام کر کے خشک دوائیں ملا کر اتار لیں، اس کے بعد مشک خالص 1 ماشہ، زعفران 6 ماشہ کھرل کر کے ورق طلاء 8 عدد ورق نقرہ 12 عدد، کشتہ قلعی 6 ماشہ، کشتہ مرجان 6 ماشہ کشتہ چاندی 6 ماشہ اضافہ کریں۔

معجون مقوی باہ نہایت مفید

بہمن، شقاقل مصری، قرفہ، بوزیدان، قسط شیریں، حب الزلم، **بسبابسہ**، کباب چینی خولنجاں، لسان العصافیر، قاقلہ، کبار صغار، **منب الطیب**، فرنجمشک، قرنفل، مصطگی رومی، ساذج ہندی، عنبر اشہب مروارید ناسفتہ ہر ایک 3 درم، **خصیۃ الثعلب** 10 درم، سرہ سقنقور 5 دام، عود خام، تخم **ہلیون**، زعفران ہر ایک 4 درم، سعد کوفی، زنجبیل، بسد، کہربا شمعی ہر ایک 2 درم، مشک خالص نیم ورم، لعل رمانی 1 درم، یاقوت زرد 1 درم زر محلول، نقرہ محلول، ہر ایک نیم درم، روغن بادام 4 مثقال کوٹ چھان کر سہ چند شہد ملا کر معجون بنائیں، مقدار 3 ماشہ سے 7 ماشہ تک۔

معجون برائے قوت باہ

اول ہاتھوں کو روغن زرد سے چرب کریں، پھر ایک سیر بلاور کی کلاہ دور کر کے پانچ شیر گاؤ میں جوش دیں، جب دودھ کا رنگ خوب سیاہ ہو جائے تو شیر مذکور کو کپڑے میں چھان لیں، پھر شیر مذکور کو دیگچی میں ڈال کر ایک سیر روغن زرد ایک سیر شہد، ایک سیر قند سیاہ ملا کر نرم آنچ پر پکا کر حلوے کی مانند بنا لیں، جب سرد ہو جائے، قلفل دراز، زنجبیل، جاوتری ہر ایک تولہ ملا کر رکھ لیں، خوراک 14 ماشہ صبح 4 ماشہ شام بہت سی بیماریوں کو دور کرنے والی دوا ہے، مقوی بصر، مشتہی، مسمن بدن، ہاضم بھی ہے۔

حلوہ مقوی و مبہی و مسمن

مغز گھیکوار، مار کو شیر گاؤ 3 ثار میں پکائیں، بعدہ، زعفران تولہ، مشک 1 ماشہ، خاکسی 5 تولہ، مغز بادام 2 تولہ، مغز پستہ 2 تولہ، مغز چلغوزہ 2 تولہ، حب السمنہ 2 تولہ بیسن نخود بریان 2 تولہ، نشاستہ بریان 2 تولہ، کنھد 21 تولہ، ماش مقشر 2 تولہ، کنجد مقشر 2 تولہ، مغز فندق 2 تولہ حب الخضرا مقشر 2 تولہ، تخم خشخاش سفید 2 تولہ، انزروت 14 ماشہ، خرفہ 2 تولہ، خولنجاں 2 تولہ، تودرین 2 تولہ، بوزیدان 2 تولہ، بہمن 2 تولہ، سورنجاں شیریں 2 تولہ، زرنباد 2 تولہ، مغز اخروٹ 2 تولہ، شقاقل 2 تولہ، حب المحلب 2 تولہ، سب کو باریک کرکے اسی مغز گھیکوار کے کھویہ میں ملا کر مصری ڈال کر بدستور معروف حلوا تیار کریں، آخر قوام میں زعفران، مشک خالص گلاب میں حل کر کے ڈال دیں، خوراک 6 ماشہ تا 1 تولہ ہمراہ شیر گاؤ، ثار۔

معجون مقوی باہ بے نظیر

فلفل سیاہ تولہ، زنجبیل خشک تولہ، مصطگی رومی تولہ، زعفران 2 ماشہ، مشک خالص 2 ماشہ، قند سیاہ 3 تولہ روغن مالکنگنی 1 تولہ، دار فلفل، زنجبیل و مصطگی کو غبار آسا پیس کر زعفران و مشک کھرل کر کے اور قند سیاہ میں ملا کر رکھیں 3 ماشہ سے 6 ماشہ تک کھائیں اور دودھ پئیں۔

معجون برائے قوت باہ

تعلب مصری تولہ، شقاقل مصری تولہ، تودری سفید تولہ، تودری زرد تولہ، تودری سرخ تولہ، موصلی سفید تولہ، موصلی سیاہ تولہ، تخم اونٹکن تولہ، بہمنین تولہ، تج کلی تولہ دار چینی تولہ، عقر قرحا تولہ کوٹ چھان کر معہ اس کے مغز چلغوزہ 2 تولہ، مغز اخروٹ 2 تولہ، مغز بادام شیریں 1 تولہ، پستہ 2 تولہ، آرد خرما ایک پاؤ، عرق گلاب میں پیس کر اور زعفران عرق گلاب میں کھرل کر کے نبات سفید و شہد دو چند وزن ادویات لے کر بطریق مشہور معجون تیار کریں اور ہر روز ایک تولہ معجون کھا کر اوپر سے شیر گاؤ تازہ ایک پاؤ پلائیں۔

معجون شدید الفاظ

اعضائے منویہ کی مصلح، اعضائے رئیسہ کی مقوی، گردہ و مثانہ کے ضعف کو دور کرنے والی کچھ ممسک بھی ہے۔

ہلیلہ سیاہ آدھ پاؤ، جوز سرد آدھ پاؤ، خار خسک آدھ پاؤ، ثمر مغیلاں ایک چھٹانک بلیلہ 1 چھٹانک، موچرس ایک چھٹانک، ابریشم مقرض آدھ پاؤ، چوب چینی آدھ پاؤ کل ادویہ کو آٹھ سیر آب آہن تاب میں پکائیں، یہاں تک کہ نصف رہ جائے، صاف کرلیں، پھر گائے کا دودھ ایک سیر جو کہ چنے کھاتی ہو، قند سفید ڈیڑھ سیر د مطبوخ اور یہ ہرسہ ادویہ ملا کر معجون کا سا قوام کریں، پھر روغن بادام آدھ پاؤ میں اس کو بریاں کریں اور مندرجہ ذیل اشیاء ملائیں، سنبل الطیب 1 تولہ، عود 2 تولہ، مصطگی 2 تولہ الائچی کلاں 2 تولہ قرنفل 3 تولہ، گھونگچی سفید 3 تولہ، جوزبوا 5 تولہ، بسباسہ 5 تولہ، ثعلب مصری 5 تولہ، شقاقل مصری 5 تولہ، بہمن سفید 5 تولہ، بہمن سرخ 5 تولہ، مغاث 5 تولہ، گل گاؤ زبان 5 تولہ، تخم خرفہ 5 تولہ، زعفران 5 تولہ، مغز تخم خیارین 5 تولہ، تودری سفید، 5 تولہ، پستہ 5 تولہ، چلغوزہ 5 تولہ، کوٹ چھان کر ملالیں اور 3 تولہ روزانہ ہمراہ سیر تناول فرمائیں، شیریں اور ترش اشیاء زیادہ نہ کھائیں۔

معجون نہایت سہیھی د مغلظ

عقرقرحا، تخم اونگن، تخم پیاز، مغز چلغوزہ، تخم گندنا دار چینی، روغن بادام، روغن **الخضرا** ہرایک 2 تولہ، **حلبہ**، انیسون ہرایک 8 تولہ، اسپند سفید، سعد کوفی ہرایک 2 تولہ کمون روغن بید انجیر ہرایک 7 ماشہ، قرفہ 10 ماشہ، روغن گاؤ 10 تولہ، فلفل سفید 2 تولہ دس ماشہ، فلفل سیاہ 1 تولہ 8 ماشہ، دار فلفل 1 تولہ 3 ماشہ، سنبل **الطیب** 2 تولہ 3 ماسہ، زراوند طویل 10 ماشہ، مصطگی روغن **کنجد** ہرایک 4 تولہ، زنجبیل، قرنفل، ہرایک 7 تولہ، خشخاش سفید 2 تولہ، **حبتہ** اخضرا 6 تولہ، مغز پنبہ دانہ 2 تولہ، **شیطرج** ہندی، گندنا، ہرایک 2 تولہ 1 ماشہ، تخم بکاین 2 تولہ 2 ماشہ، فردع 3 تولہ 2 ماشہ، فرفیون، تخم کرفس، تخم گذر صحرائی ہرایک 2 تولہ 5 ماشہ، روغن نارجیل ڈھائی تولہ، روغن حب البان 1 تولہ ڈھائی ماشہ، **بہیدانہ** 3 تولہ کو **فتینی** ادویہ کو کوٹ چھان لیں اور پتوں کو سہ چند شہد خالص میں ملا کر آگ پر مقوم کرلیں اور دوائیں ملا کر حسب دستور معجون بنالیں خوراک 9 ماشہ، آب پیاز وزردیئے بیضہ مرغ کے ہمراہ 2 ماشہ تین روز تک کھانے سے ہیجان پیدا ہوتا ہے۔

معجون چوب چینی

برائے تقویت باہ و فربہی بدن و تقویت معدہ دل و دماغ و جگرو گردہ و مثانہ کو مفید ہے۔

چوب چینی اعلےٰ 50 مثقال، مروارید **ناسفتہ**، آملہ، دار چینی، قرنفل، جوزبویہ، **بسبلسہ**، زنجبیل، فلفل سیاہ، **شقاقل** ہرایک دس مثقال، لاجورد، ریوند چینی افتیمون، **سنبل الطیب**، ماہی روبیان، درونج عقربی، زرنباد، تخم گذر، تخم شلغم تخم ترب، بہمن سفید، بہمن سرخ، تودری سرخ، تودری زرد، تخم **اسپست** خسک مربی ہرایک 3 مثقال، ہیل، مصطگی، عود قماری، مایہ شترا عرابی، اسارون ہرایک درم زعفران، مشک تبتی، **عنبراشہب**، بوزیدان، سورنجاں، کباب چینی، خولنجاں، قسط شیریں، سعد کوفی ہرایک دو درم، برگ **قنب** 22 مثقال، کوٹ چھان کر رکھیں پھر گل گاؤ زبان، بادرنجبویہ، گل سرخ، اشتہ، ہرایک دس مثقال جوش دے کر صاف کرکے شیرہ خشخاش سفید، شیرہ مغز تخم خربزہ شیرہ مغز تخم خیارین، شیرہ تخم کاسنی، شیرہ تخم خرفہ مقشر ہرایک دس مثقال ملاکر قوام کرلیں، آرد مغز بادام شیریں مقشر، مغز فندق مغز چلغوزہ، مغز گردگاں ہرایک دس مثقال تراش کر داخل قوام کرکے بعد ازاں پہلی باریک کی ہوئی دواؤں کو ملاکر گوندھ کر معجون بنالیں۔

حلوائے ترنجبین

جریان، تقویت باہ، اعضائے رئیسہ کے لئے بارہا کا مجرب ہے، **ترنجبین اصلی** 2 پاؤ کو چار سیر خالص شیر گاؤ میں اول ترکریں، پھر صاف کرکے پکائیں، جب کھویہ سا بن جائے **اس وقت** آدھ سیر روغن زرد میں بریاں کرکے ڈیڑھ سیر شکر سفید داخل کرکے **حلوے** کے طور پر تیار کرلیں، اور ذیل کے اجزاء کوٹ چھان کر مع مغزیات شامل کریں، زعفران عرق کیوڑہ میں حل کرنے کے بعد ملالیں، تین تولہ صبح تین تولہ شام سوتے وقت شیر گاؤ کے ساتھ کھالیا کریں۔

صفت اجزاء: ثعلب مصری، بہمن سفید، دانہ الائچی خورد، موصلی سفید موصلی سیاہ، تودری سرخ، بیج بند، تال مکھانہ، اسگندھ، ستاور، کشتہ قلعی ہرایک ایک تولہ، مغز بادام شیریں، مغز پستہ، مغز چلغوزہ ہرایک

آدھ پاؤ، زعفران 6 ماشہ، ورق نقرہ 50 عدد، عرق کیوڑہ 5 تولہ۔

معجون تقویت باہ کے لئے سہل الحصول وکثیر المنفعت

آب پیاز، شہد خالص ہر ایک ایک سیر پختہ لے کر معجون کا قوام تیار کریں، بعد آگ پر سے اتار کر خصیتہ الثعلب 2 تولہ، دار چینی 1 تولہ، تال مکھانہ تولہ کوٹ چھان کر ملا دیں اور موافق مزاج و طاقت کر تناول کریں۔

معجون عشرت افزا مقوی باہ و مقوی قلب و دماغ و جگر

مغز بادام 6 تولہ، زعفران 2 ماشہ، لونگ 2 ماشہ، الائچی خورد 1 ماشہ، دار چینی 1 ماشہ، ثعلب مصری 2 تولہ، ورق نقرہ 2 ماشہ، مشک 1 ماشہ، نبات 5 تولہ، شہد 5 تولہ، بطریق معروف بنائیں، اور ایک درم سے دو درم تک ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

حلوہ مغلظ منی تقویت کمر و باہ کے لئے

مغز تخم تمرہندی، چینا گوند، نشاستہ ایک ایک تولہ، نبات 3 تولہ، روغن خالص 4 تولہ لے کر نشاستہ کو گھی سے بھون لیں، جب بھننے کے قریب ہو جائے، اس وقت مصری اور گوند اور مغز مذکور باریک شدہ ڈال کر نرم آنچ پر حلوہ تیار کریں یہ ایک خوراک ہے۔

حلوائے فواکہ برائے تقویت اعضائے رئیسہ

مربائے سیب شیریں، مربائے بہی شیریں، مربائے ناشپاتی، مربائے نارنج ہر ایک ایک چھٹانک پیس کر آرد گندم روغن زرد میں بھون کر شہد خالص، شیرہ مربہ جات مذکور میں ڈال کر قوام کریں، بعد الائچی خورد 2 تولہ، قرنفل 6 ماشہ، عقر قرحا تولہ، بسباسہ تولہ، مغز پستہ 6 تولہ، مغز بادام شیریں 9 تولہ، زعفران 3 ماشہ، عنبر اشہب 2 ماشہ مشک خالص 1 ماسہ، داخل قوام کرکے حلوہ تیار کرلیں، خوراک حسب برداشت۔

معجون مقوی باہ، مولد منی و ممسک و محذر و مفرح و مقوی اعضائے رئیسہ محلل ریاح، ہاضم طعام و منشط

نارجیل دریائی، جوزبوا جاوتری، دانہ لاچی خورد، مصطگی رومی، قرنفل ہر ایک 6 ماشہ، تخم بلیون، تخم خربزہ، اجوائن خراسانی، تخم گندر، کنجد سیاہ، بہمن سرخ، بہمن سفید تودری گلگوں، شقاقل مصری، قشر خشخاش، عود غرقی چنیا گوند، کمر کس، مغز تخم تمرہندی، مقشر، گل بنفشہ، جفت بلوط، خشخاش سفید، خشخاش سیاہ، دردنج عقربی برگ بادرنجبویہ ہر ایک ایک تولہ، مغز پنبہ دانہ 2 تولہ، زرنباد، قسط شیریں، بوزیدان سعد کوفی، زرنب، دار فلفل، زراوند مدحرج، تخم کرفس، نانخواہ، تخم تال مکھانہ، ستاور سنبل الطیب خولنجاں ہر ایک 9 ماشہ، ثعلب مصری 4 تولہ، موسلی سنبل 5 تولہ، کوٹ چھان کر شکر مقوم 2 سیر، شہد خالص آدھ سیر میں ملا کے شیرہ مغز چلغوزہ 2 تولہ شیرہ مغز فندق 5 تولہ اضافہ کرکے مروارید ناسفتہ محلول، یاقوت احمر محلول، یشب سبز محلول ہر ایک 2 تولہ، ورق طلا محلول 50 عدد، ورق نقرہ ایک سو عدد، عنبر اشہب، مشک خالص 6،6 ماشہ، زعفران خالص 2 تولہ، عرق کیوڑہ، عرق بید مشک کے ساتھ کھرل کرکے بدستور معجون تیار کریں، مقدار خوراک 4 ماشہ سے 6 ماشہ تک۔

Scanned by CamScanner

معجون معدن باہ

آب پیاز و شہد ہر ایک ایک سیر ملا کر شہد میں ڈال کر جوش دیں' جب نصف رہ جائے آگ سے نیچے اتار لیں' بعد تودری سرخ و سفید' سونٹھ' تخم پیاز' تخم مولی' تخم شلجم' تخم گندنا' تخم کھارہ' موصلی سیاہ و سفید ہر ایک 6 ماشہ' باریک کپڑچھان کر کے قوام مذکور میں ڈالے' خوشبو کے واسطے تھوڑا مشک قوام میں پہلے ملا سکتے ہیں' اور حسب ضرورت نکال کر کھائیں۔

لڈو مقوی باہ جس کے استعمال - بوڑھے جوان ہو جاتے ہیں

آرد چھوہارا' آرد ماش ہر ایک آدھ سیر' تخم تمرہندی دس تولہ' موصلی سنبل 2 تولہ' تخم جامن 1 تولہ' نخود بریان مقشر 2 تولہ' تال مکھانہ' موچرس' دانہ الائچی کلاں' تج گجراتی' اندرجو شیریں' تخم اونٹنگن' ثعلب مصری' شقاقل مصری' بہمن سفید' بہمن سرخ ہر ایک ایک تولہ' مصطگی رومی 9 ماشہ' مغز پنبہ دانہ' تودری سفید' بیج بند' چیڑالاکھ بیخ اونٹ کٹارہ 1 تولہ۔

ترکیب: اول چھوہاروں کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے کٹائی میں جس کو لوگ بہت کٹیا کہتے ہیں' پھول اس کا زرد ہو' تین روز تر رکھیں' بعد خشک کر کے آٹے کے مثل پیس لیں' آرد دال ماش رات کو گائے کے دودھ میں بھگو کر صاف کر کے سایہ میں خشک کر کے پیس لیں' اور دونوں روغن زرد میں بریاں کر کے جب سرخ ہو جائیں سب اجزاء کو سفوف کر کے مخلوط کریں' اور پاؤ بھر پارہ کو 5 سیر آب شیریں میں ایک برتن میں ڈال کر جوش دیں' جب ایک سیر پانی رہے تو پارہ نکال لیں' اور ہموزن سب ادویہ کو مصری اس پانی میں ڈالیں' اور قوام تیار کریں' جب تیار ہو جائے' قدرے گلاب' کیوڑہ خوشبو کے واسطے ڈال کر سب دواؤں کو ڈال دیں'' اور اوپر سے مغز بادام' مغز پستہ' مغز چرونجی' ناریل ہر ایک 2 تولہ' کشمش 4 تولہ ڈال کر بوزن ایک چھٹانک کے لڈو بنائیں' صبح کے وقت منہ نہار ایک لڈو کھا کر اوپر سے آدھ سیر دودھ پی لیں' اور 21 روز جماع نہ کریں' مجرب المجرب ہے۔

جوارش مقوی باہ

تخم اجمود' تخم گاجر' تخم شبت ہر ایک ڈیڑھ تولہ' لونگ مصطگی رومی' عود ہندی ہر ایک ایک درم سہ چند شہد میں ملا کر معجون بنا لیں' خوراک 6 ماشہ۔

معجون برائے تقویت اعضائے رئیسہ و اعضائے شریفہ مجرب المجرب برائے معلوق وغیرہ

بہمن سرخ 6 ماشہ' بہمن سفید 6 ماشہ' موصلی سفید 6 ماشہ' موصلی سیاہ 6 ماشہ' تودری زرد 6 ماشہ' تودری سرخ 6 ماشہ' ثعلب مصری 6 ماشہ' شقاقل مصری 6 ماشہ' برگ دودھی سبز تولہ' مصطگی رومی 6 ماشہ' ریگ ماہی 6 ماشہ' خراطین مصفی 6 ماشہ' تخم شلغم 6 ماشہ' تخم گذر 6 ماشہ' تخم پیاز 6 ماشہ' مایہ شتر اعرابی 6 ماشہ' جند بیدستر 6 ماشہ' جاوتری 3 ماشہ' بیر بہوٹی 3 ماشہ' مال کنگنی 3 ماشہ' تال مکھانہ خورد 3 ماشہ' اسگند ناگوری 3 ماشہ' بیج بند 3 ماشہ' خولنجاں 3 ماشہ' تخم تمرہندی منفشتہ' زعفران 3 ماشہ' مشک خالص 3 ماشہ' صمغ نبہ 3 ماشہ' صمغ ڈھاک 3 ماشہ باریک کر کے حفاظت سے رکھیں' بعد مغز بادام 3 تولہ' مغز پستہ 2

تولہ' مغز اخروٹ 3 تولہ' مغز چلغوزہ 2 تولہ' مغز فندق 2 تولہ' مربائے ادرک ایک پاؤ' مربائے ثعلب ایک پاؤ آب گذر نصف سیر ڈال کر قوام کر کے آگ سے نیچے اتار کر باریک کی ہوئی دواؤں کو ملا کر ورق نقرہ 6 ماشہ' ورق طلاء 3 ماشہ ملا کر معجون تیار کریں' خوراک 6 ماشہ صبح و 6 ماشہ شام۔

معجون فلک السیر مجرب' مبہی' ممسک

زعفران 10 ماشہ' بیل بوا 1 ماشہ' دار چینی 1 ماشہ' قرنفل 1 ماشہ' لوبان کوڑیہ 2 تولہ' شقاقل 2 تولہ' اندر جو شیریں 2 تولہ' جوز الطیب 2 تولہ' مغز بادام مقشر 5 تولہ' مشک خالص 4 ماشہ' سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کرو' پھر وزن کر کے ملا کر روغن شوکراں پانچ تولہ ملا کر ملو' پھر شہد خالص 20 تولہ' مصری کوزہ 40 تولہ کا قوام عرق بید مشک ایک بوتل میں کر کے پلا دیں' بعد تیاری کے مشک مسحوقہ قدرے روغن شوکراں جو مثل گھاس سویا کے ہوتا ہے' اگر نہ ملے تو بجائے اس کے وہ روغن جو علاج امراض فارس مصنفہ حکیم محمد شریف خاں مطبوعہ نول کشور پریس صفحہ 523 مقابلہ شانزدہم' شانزدہم مرکباب سیمیہ 22 پر نسخہ معجون مقوی باہ ممسک و بدل افیون میں درج ہے' وہ شامل کر دیں' مجرب المجرب' اس فلک سیر معجون سے عادت افیون وغیرہ مسکرات کے دور ہو جاتی ہے۔

حلوا مقوی باہ و دافع جریان

ہر عمر اور ہر موسم میں استعمال ہو سکتا ہے' صفت' نخود عمدہ ایک پاؤ' نارجیل خام میں سوراخ کر کے اس میں بھر دیں' جس قدر اس میں بھرے جا سکیں' نارجیل میں سے پانی نہ نکالیں' تین دن رات میں پانی نارجیل کا خشک ہو جائے گا' سایہ میں خشک کریں' آرد میدہ گندم آدھ سیر میں ملا کر روغن گاؤ میں بھون لیں' پھر ایک پاؤ دودھ اضافہ کریں' اور شکر سفید بھی حسب ضرورت ملائیں' بعد ازاں ادویہ ذیل کا سفوف ملائیں۔

ثعلب مصری 9 ماشہ' شقاقل مصری 6 ماشہ' تودری زرد 6 ماشہ' تودری سرخ 6 ماشہ' صمغ عربی 6 ماشہ' زعفران 3 ماشہ' تال مکھانہ خورد تولہ' مغز بادام شیریں 3 تولہ' مغز چلغوزہ 3 ماشہ' مغز گردگان 4 تولہ' تخم خشخاش سفید تولہ' کشمش سبز آدھ پاؤ' مغز تخم کدو شیریں 4 تولہ' مغز تخم پیٹھ تولہ' دار چینی 6 ماشہ۔

معجون مقوی باہ و ممسک

ثعلب مصری ایک پاؤ' شہد خالص ایک پاؤ' مغز بادام شیریں ایک پاؤ' مغز پستہ ایک پاؤ' تخم تمر ہندی ایک پاؤ' مویز منقہ ایک پاؤ' نبات سفید ایک پاؤ مرچ سیاہ جس قدر مویز کے دانے نکلیں' اسی تعداد میں۔
ترکیب نمبر 5 و 8 باریک پیس کر چھان لیں اور نمبر 3 و 4 ایک جگہ پیسیں بعد ازاں نمبر 2 تولہ میں نمبر 7 حل کریں' پھر اس میں نمبر 6 پیس کر ملا دیں' پھر نمبر 3 و 4 پسی ہوئی ملا کر رکھ لیں' خوراک ایک تولہ شیر گاؤ کے ساتھ۔

معجون برائے قوت باہ و دافع سستی

تخم زردک بمقدار 3 ماشہ بریاں کر کے 3 درم دار چینی اور درم زعفران اور 10 درم شہد خالص ملا کر معجون بنائیں' اور استعمال کریں' بہت مفید ہے۔

معجون جمشیدی مفرح قلب' مقوی اعضائے رئیسہ و محافظ الصحت

مروارید 7 ماشہ' کہربا 7 ماشہ' گل سرخ 7 ماشہ' ابریشم مقرض 7 ماشہ' دار چینی 7 ماشہ' بہمن سرخ 7 ماشہ' بہمن سفید 7 ماشہ' درونج عقربی 7 ماشہ' زعفران 7 ماشہ' مصطگی 3 ماشہ' صندل سفید 4 ماشہ' طباشیر 10 ماشہ' کشنیز خشک 4 ماشہ گل گاؤ زبان 10 ماشہ' کوفتہ بیختہ مربہ آملہ 7 عدد' مربہ ہلیلہ 11 عدد ایک شبانہ روز پانی میں تر کر کے گٹھلی نکال کر نبات سفید ثار شہد خالص ثار' شربت سیب 5 تولہ' شربت انار شیریں 5 تولہ میں قوام کر کے سب دوائیں مسحوقہ ملا کر ورق نقرہ 6 ماشہ ڈال کر خوب حل کریں' خوراک ایک تولہ سے 2 تولہ تک۔

معجون عشرہ کاملہ

یہ معجون حضرت علی علیہ السلام کی طرف منسوب کیا جاتا ہے' قوت باہ کے واسطے نہایت اعلیٰ درجے کی چیز ہے۔

پیپل مرچ سیاہ' لونگ' سونٹھ دار چینی' تج' کباب چینی' مصطگی' مغز نارجیل' سب برابر وزن لے کر باریک کوٹ چھان کر سہ چند شہد کا قوام بنا کر بدستور معجون تیار کریں' خوراک 9 ماشہ' صبح و شام۔

معجون مقوی باہ و ممسک

لوبان' مصطگی رومی' جفت بلوط' تخم بھنگ' ہر ایک 2 تولہ 11 ماشہ' شہد دو چند وزن ادویہ جفت بلوط اور تخم بھنگ کو علیحدہ اور لوبان اور مصطگی کو علیحدہ پیس کر بدستور شہد میں معجون بنائیں' خوراک 9 ماشہ۔

معجون

قوت باہ کو زیادہ کرتی اور دل و دماغ کو قوت بخشتی ہے' نشاط لاتی ہے' سختی پیدا کرتی اور رنگ کو نکھارتی ہے' اگر اس کو فراغت کے بعد استعمال کیا جائے تو انسان نقرس' گنٹھیا' عرق النسا وغیرہ بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔

شقاقل' خولنجاں' ثعلب مصری' بہمن سرخ' بہمن سفید' بچھ' تودری سرخ' تودری سفید' اندرجو شیریں ہر ایک 10 ماشہ' سرہ سقنقور 13 ماشے' حب البان مرچ سفید' مغز تخم خربزہ' مغز تخم خیارین' تخم تارامیر' تخم گندر' تخم شلغم تخم اسپت' خشخاش سفید تخم ترہ تیزک' تخم سویہ' تخم گندر شامی' تخم گزر' تا گوکھرو دودھ میں تین دفعہ بھگو کر خشک کیا ہوا ہر ایک 7 ماشہ' نارجیل' مغز بادام' مغز پستہ' مغز چلغوزہ' مغز بنولہ' مغز حبتہ الخضرا' تل سفید چھلے ہوئے ہر ایک 2 تولہ' دار چینی' لونگ' بالچھڑ' تگر' جاوتری' کباب چینی' ناگرموتھ' تج' پیپل' جائفل' ناگ کیسر' اگر' عنبر اشہب' زعفران' ہر ایک 4 ماشہ' مشک 6 رتی' سونٹھ' بوزیدان' قسط شیریں' مغز حب الزلم درونج عقربی ہر ایک 8 ماشہ' ادویہ کو کوٹ چھان کر عنبر اشہب زعفران مشک وغیرہ کو علیحدہ کھرل کر کے سہ چند شہد میں بدستور معجون بنائیں' اور چینی کے برتن میں رکھیں۔

معجون لولوی' باہ کو بڑھاتی اور بھوک لگاتی ہے

موتی' بیخ مرجان' انیسون' بہمن سرخ' غب کا کنج' تج ہر ایک 1 ماشہ' بہمن سفید 2 ماشہ' دار چینی'

مصطگی ہر ایک 4 ماشہ ' اندر جو شیریں دو تولہ چار ماشہ ' کوٹ چھان کر دو چند شہد میں معجون بنائیں ' خوراک 5 ماشہ۔

معجون عشرہ کاملہ

یہ معجون حضرت علیؓ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ قوت باہ کے واسطے نہایت اعلیٰ درجہ کی چیز ہے۔
لونگ ' سونٹھ ' دار چینی ' تج کباب چینی ' مصطگی ' مغز نارجیل سب برابر وزن لے کر باریک کوٹ چھان کر سہ چند شہد کا قوام بنا کر بدستور معجون تیار کریں۔ خوراک نو ماشہ صبح و شام۔

معجون مقوی باہ

بیخ سنبھل درخت جوان دو سالہ کی بلا امداد کارد آہنی کے کاٹ کر سایہ میں خشک کریں ' پھر اس کا سفوف بنا کر دو چند شہد کف گرفتہ میں ملا کر معجون تیار کریں ' اور اس میں سے ایک تولہ صبح ایک تولہ شام دودھ سے 21 یا 40 یوم دیں ' جماع و ترشی و تیل سے پرہیز ' مقویات باہ میں بڑے بڑے قیمتی نسخوں کا مقابلہ کرے گی۔

معجون حب الغرائب

برائے قوت باہ و امراض بلغمی ' مفاصل و آتشک و قروح خبیثہ ' کچلا عمدہ وزنی لے کر سات دن تک برابر خالص پانی میں تر کر رکھیں ' اور ہر روز تجدید آب کرتے رہیں ' آٹھویں روز پانی سے نکال کر دھوئیں اور باریک کپڑے میں رکھ کر ہانڈی میں ڈال کر معلق لٹکا دیں اور دوائی سے پانچ گنا شیر گاؤ ہانڈی میں ڈال کر اس قدر جوش دیں کہ کل دودھ اس میں جذب ہو جائے ' پھر نکال کر گرم کر کے گرم پانی سے دھو ڈالیں اور باریک رگڑ لیں ' اور دوائی مذکور نصف وزن۔ کے برابر ادویہ ذیل میں سے ہر ایک لے کر سب کو کوٹ چھان کر شہد خالص میں معجون بنائیں، اور شہد ادویہ سے تین حصہ زیادہ ہو ' خوراک اس معجون کی صبح کو وقت نہار 3 ماشہ اور اسی قدر شام کو سوتے وقت اگر مزاج متحمل نہ ہو تو نصف درم یعنی ڈیڑھ ماشہ دیں ' ادویات حسب ذیل ہیں ' کالی مرچ ' مرچ سفید ' دار چینی ' جا ئفل ' جاوتری ' مصطگی ' عود بلسان عود ہندی ' سونٹھ ' لونگ ' عود قماری ' چھڑ ' الائچی کلاں ' آملہ اجوائن ' سونف کیسر ' صندل سفید ' مکھال ' ہموزن ' جو شخص دوائی مذکور چالیس روز مداومت کرے ' فائدہ عظیم اٹھائے ' اعادہ قوت جوانی کے لئے حکم اکسیر کا رکھتی ہے ' اور قروح خبیثہ اور امراض بلغمیہ کو مفید ہے ' ضعیفوں کے لئے نہایت ہی نافع ہے ' اور درد پشت اور مفاصل اور استخواں کو جو آتشک کے عارض ہوتا ہے ' تیز بہدف نسخہ ہے ' حال میں چار مریض اس سے بالکل کامیاب ہو چکے ہیں ' جو کہ چارپائی سے ہل نہیں سکتے تھے ' یاد رہے کہ کل مجموعہ ادویات سے نصف وزن کچلہ کا سفوف ہو۔

معجون مقوی باہ و دماغ

مروارید ناسفتہ 7 ماشہ ' کہربائے شمعی 2 ماشہ ' یاقوت رمانی 2 ماشہ ' یشب سبز 3 ماشہ بسد احمر 3 ماشہ ' مرجان سرخ 3 ماشہ ' عرق گاؤ زبان 7 تولہ ' میں خوب حل کریں ' اسطوخودوس 10 ماشہ ' فنطوریون دقیق 10 ماشہ ' ابریشم خام مقرض 7 ماشہ ' گل گاؤ زبان 14 ماشہ ' رات کو پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دیں ' جب نصف پانی رہ جائے تو چھان کر قند سفید ماء العسل خالص 10 تولہ شامل کر کے قوام بنائیں ' جب تمام قوام

تیار ہو جائے' مربائے ہلیلہ 5 عدد' مربائے آملہ 5 عدد صاف کرکے باریک پیس کر قوام میں ملائیں' پھر گاؤ زبان 4 ماشہ' برگ فرنجمشک 4 ماشہ' طباشیر سفید 4 ماشہ' برگ بادرنجبویہ 3 ماشہ' بہمن سفید 4 ماشہ' تودری سفید 4 ماشہ' درونج عقربی 4 ماشہ' مغز تخم کدوئے شیریں 9 ماشہ مغز تخم خربزہ 9 ماشہ' تخم کاہو مقشر 9 ماشہ' تخم خشخاش سفید 9 ماشہ' مغز بادام شیریں 9 ماشہ کشنیز خشک مقشر 9 ماشہ' سب کو باریک پیس کر ملا دیں' اور مشک خالص 2 رتی' زعفران ماشہ' عرق کیوڑہ دو تولہ میں حل کر کے موتی وغیرہ حل شدہ سب شامل کر کے ورق نقرہ 2 ماشہ ملا دیں' معجون تیار ہو جائے گی' خوراک 6 ماشہ' پرہیز گڑ تیل' کھٹائی اور گرم اشیاء سے لازم ہے۔

معجون ناریل مجرب المعجوب بندہ

جو کہ قوت باہ اور شدت انتشار اور امساک اور سرخی رنگ و فربہی جسم کے لئے عجیب الاثر ہے' **کلیجن**' پوست چیتہ' **ملٹھی** ہر ایک ایک تولہ' موصلی سفید' موصلی سیاہ' **مجیٹھ**' سونٹھ' تخم کونچ' تخم اونٹگن ہر ایک 2 تولہ' تال مکھانہ' **بھکو** مول' گل دھاوا ہر ایک تولہ موچرس اندر جو شیریں' سمندر سوکھ' چنیا گوند' گوکھرو ہر ایک 2 تولہ' گل سرخ' بادرنجبویہ' **کنجد** سیاہ چار تولہ' گل سنبھل 2 تولہ' تخم پیاز ایک تولہ' آملہ تین تولہ' اجوائن خراسانی 3 تولہ' بچھناگ در آرد **نختہ**' مال کنگنی ہر ایک 2 تولہ' تج' میدہ چوب ہر ایک چار تولہ' ستاور 2 تولہ' کباب چینی' پترج' بیج بند' دار چینی' ثعلب مصری' مصطگی رومی' کندہ' جوتری جوزبوا قرنفل' پکھان بید ہر ایک ایک تولہ' تخم گندر پانچ تولہ' تخم ترب 4 تولہ' مغز بادام پستہ ہر ایک پانچ تولہ' چرونج 9 تولہ' پوست بیخ اونٹ کٹارہ 6 تولہ' ایک گول ناریل کلوں میں سوراخ کر کے پوست بیخ اونٹ کٹارہ' تخم زردک اور جوزبوا سب کو کوٹ کر روغن بادام میں مخلوط کر کے اس میں بھر دیں اور آرد گندم ناریل پر خوب لپیٹ کر پانچ سیر شیر میش میں جوش دیں' جب کھویہ ہو جائے اول ناریل کو خوب کوٹ لیں' بعد باقی ادویہ کو پیس چھان کر کھویہ میں آمیز کریں اور ڈیڑھ سیر شکر سفید اور روغن زرد بقدر مناسب دیگچہ میں ڈال کر حلوہ بنائیں' بعد آدھ سیر شہد خالص ڈال کر خوب ملیں اور رکھ چھوڑیں خوراک 6 ماشہ سے ایک تولہ تک۔

نسخہ برائے قوت باہ

زردی بیضہ مرغ 30 عدد' آرد نخود بریاں 1 ثار' نبات سفید' ماء' روغن زرد گاؤ 1 ثار' مغز پستہ' مغز نارجیل مقشر' ثار' مغز چلغوزہ' مغز بادام شیریں' مقشر مصطگی رومی 3 ماشہ' قرنفل 3 ماشہ' جائفل 3 ماشہ' جوتری 3 ماشہ' دار چینی 6 ماشہ' دانہ الائچی کلاں 6 ماشہ' دانہ الائچی خورد 6 ماشہ' بہمن سفید 1 تولہ' بہمن سرخ 1 تولہ' زعفران 4 ماشہ' مشک عمدہ 4 رتی' نافع باد' مقدار خوراک 4 تولہ وقت صبح نہار منہ بنا آب۔

ترکیب بنانے کی یہ ہے: زردی بیضہ میں آرد نخود اور مصری ملا کر خوب ہاتھ سے ملا جائے کہ ایک ذات ہو جائے' مگر روڑی نہ بنے اور سفوف ہو جائے' اس کے بعد گھی کو کڑ کڑا کر' زردی و آرد نخود و نبات کا جو سفوف ہے اس میں ملا کر دھیمی آنچ پر بھونا جائے دراصل بات اس میں یہی مشکل ہے کہ بھونا جائے اور جل نہ جائے اور نہ زیادہ آگ پر رہے کہ سوختگی پیدا ہو' جب بھونا جائے تو آگ سے نیچے اتار کر سفوف ادویات و مغزیات ملا دیا جائے' زعفران کو کیوڑہ میں حل کر دیا جائے اور مشک کو جو عمدہ ترکیب

ملانے کی ہے وہ ترکیب کی جائے' مغزیات میں اختیار ہے چاہے تراش کر کے دیں' چاہے کچل کر۔

لڈو مجرب و آزمودہ

جوانوں کو خوش رنگ بنانے والا' اعضائے رئیسہ کو قوت بخشنے والا بوڑھوں کو جوان بنانے والا ممسک و مغلظ اور تعریف اس کی بیان سے باہر ہے۔

صفت: آرد چھوہارہ' آرد ماش ہر ایک آدھ سیر' تخم تمر ہندی 10 تولہ' موصلی سنبل 2 تولہ' مغز تخم جامن ایک تولہ' نخود بریان مقشر 2 تولہ' تال مکھانہ' موچرس' دانہ الائچی کلاں' تج گجراتی' اندرجو شیریں' تخم اونٹکن' ثعلب مصری' بہمن سرخ' بہمن سفید ہر ایک ایک تولہ' تخم انجیر ولائتی نو ماشہ' تخم انیسوں 2 ماشہ' صمغ ڈھاک' صمغ ببول' ہر ایک ایک تولہ' گوند کتھیرا 2 تولہ' مصطگی رومی 9 ماشہ' مغز پنبہ دانہ' تودری سفید' بیج بند' چیڑ الاکھ' بیج اونٹ کٹارہ ہر ایک تولہ بھر۔

ترکیب یہ ہے: کہ اول چھوہاروں کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے عرق کثائی میں جس کو عوام بھٹ کٹیا کہتے ہیں اور پھول زرد ہوتا ہے تین روز تک تر رکھیں' بعد خشک کر کے مثل آٹے کے پیس لیں اور اول ماش رات کو گائے کے دودھ میں بھگو کر صبح کو صاف کر کے سایہ میں خشک کر کے پیس لیں اور دونوں کو روغن زرد میں بریاں کریں' جب سرخ ہو جائیں سب اجزاء کو سفوف کر کے ان میں مخلوط کریں' اور پارہ پاؤ بھر کو پانچ سیر آب شیریں میں برتن میں جوش دیں' جب ایک سیر پانی باقی رہے' تب اتار کر پارہ نکال لیں اور ہموزن سب دواؤں کے مصری اس پانی میں ڈال کر سب دواؤں کو ڈال دیں' اور اوپر سے مغز بادام' مغز پستہ' چرونجی' ناریل ہر ایک 2 تولہ' کشمش 4 تولہ ڈال کر بوزیدان ایک ایک چھٹانک کے لڈو بنائیں' وقت صبح نہار منہ ایک کھا کر اوپر سے آدھ سیر دودھ پی لیں' اکیس روز تک جماع اور مرچ سرخ اور ترشی سے پرہیز رکھیں۔

نسخہ برائے قوت دماغ و باہ

مغز بادام دو تولہ' مغز گردگان 2 تولہ' مغز فندق 2 تولہ' مغز پنبہ دانہ 2 تولہ' مغز کدو 4 تولہ' مغز خبازی 4 تولہ' ثعلب مصری 1 تولہ' نارجیل 5 تولہ' شقاقل مصری 2 تولہ' کشمش 5 تولہ' زنجبیل 2 تولہ' فلفل گرد 2 تولہ قاقلہ کبار 1 تولہ سیر (لہسن) ثار شکر سفید 11 ثار' شہد خالص ایک ثار' شیر گاؤ 13 ثار' ورق نقرہ 10 عدد لہسن کو دودھ گائے میں ڈال کر پکائیں' یک سر گل جائے' پھر قوام شکر میں ڈال کر بطریق معروف حلوہ بنائیں 3 تولہ فجر اور 3 تولہ شام 3 ہفتہ تک استعمال کریں' مجرب ہے۔

نسخہ معجون مقوی باہ' مغلظ منی و مقوی گردہ

تال مکھانہ 9 تولہ دودھ برگد میں دو مرتبہ بھگو کر سایہ میں خشک کریں' بعد ایک نارجیل میں سوراخ کر کے تالمکھانہ کو اس میں بھر دیں اور سوراخ ناریل کا اس کے پوست سے بند کر دیں' آرد گندم میں غلولہ بنا کر نرم آگ پر پکائیں' جب آرد گندم سرخ ہو جائے' آگ سے نکال کر آرد گندم علیحدہ کریں اور نارجیل سے تالمکھانہ نکال کر کے سفوف کریں اور نارجیل یعنی کھوپرہ کا سفوف علیحدہ رکھیں' بعد ازاں تودری سرخ و سفید' گوکھرو خورد و کلاں' موصلی سیاہ و موصلی سفید' گاؤ زبان ہر ایک 2 تولہ' ثعلب مصری 1 تولہ' شقاقل 1 تولہ سمندر سوکھ 1 تولہ' اندرجو شیریں تولہ' موچرس 1 تولہ' دانہ الائچی خورد 1 تولہ' طباشیر 9

ماشہ' چوب چینی 10 تولہ' بہمن سفید 1 تولہ' بہمن سرخ 1 تولہ' مغز بادام مقشر شیریں 5 تولہ' مغز پستہ 5 تولہ' مغز چلغوزہ 5 تولہ' تمام ادویہ کو خوب باریک کوٹ چھان کر معہ سفوف نارجیل کے تیار کریں' بعد ازاں حسب حاجت قوام نبات سفید یا شہد خالص میں سفوف ادویہ داخل کر کے حسب دستور معجون بنائیں' بر وقت تیار کرنے کے ورق نقرہ 20 عدد ورق طلا 15 عدد' قلعی کشتہ 3 ماشہ داخل فرمائیں اور بھی مفید ہو گا' خوراک ابتدا" 9 ماشہ۔

پرہیز: بادی' گڑ' تیل و جماع وغیرہ سے سخت پرہیز کریں۔

(امبرپاک) یعنی آم کا حلوا

آم کا حلوہ جو نہایت عمدہ دید کی ہے' مندرجہ ذیل امراض کو دور کرنے میں بے مثال ہے' تعریف کی کوئی ضرورت نہیں ہے' استعمال کرنے پر اس کا اثر معلوم ہو جائے گا۔

مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید

نسخہ: ڈالی کے آموں کا شیرہ یعنی رس 24 سیر' شکر سفید بورا 16 سیر' روغن گائے 12 سیر' فلفل گرد' ثار' فلفل دراز' ثار اول شکر سفید و شیرہ آم 5 ثار میں شیر گرم 12 سیر ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں' بعد اس کے منڈی' مازو' فلفلین بوزن مذکور' بدھاڑی 12 درم' نسوت 12 درم' شتاور 22 درم روغن میں ملا دیں اور اسی میں شامل کریں بعد ازاں ناگر موتھا 2 درم' پترج 3 درم' الائچی خورد 3 درم' ناگ کیسر 3 درم' پہلا مول 4 درم چترا 4 درم' کشنیز خشک 7 درم' دار چینی 7 درم' تالیس پتر 7 درم' زیرہ سیاہ 8 درم' چوب چینی 9 درم' شہد خالص ایک سیر ڈال کر گوندھیں اور حلوے کے قوام پر لا کر نگاہ رکھیں اور علے الصبح ہر موسم برسات یا جاڑوں میں بمقدار 6 امثقال کھایا کریں' خاص کر ورزش کے بعد کھانا بہت مفید ہے۔

قوت باہ کو زیادہ کرتا ہے' جس عورت کے اولاد نہ پیدا ہوتی ہو' یا اولاد پیدا ہو کر زندہ نہ رہتی ہو' ایام حمل میں کھانے سے جو بچہ پیدا ہو گا' خدا کے فضل سے از روئے طب دیدک کے دراز عمر ہو گا' منی کو گاڑھا کرتا ہے' خون صاف کرتا ہے' رنگت بدن گلابی اور سرخ ہو جاتی ہے' ورم دل کو دور کرتا ہے' اور اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا ہے' حافظ عقل کو تیز کرتا ہے' وبائی امراض کے حملے سے محفوظ رکھتا ہے' اگر مرد اور عورت دونوں کھائیں تو اولاد خوبصورت پیدا ہو۔

معجون مقوی و مبہی

زنجبیل ایک تولہ' لونگ ایک تولہ' طباشیر 6 ماشہ' دار چینی 2 تولہ' شقاقل 2 تولہ' دانہ خشخاش 2 تولہ' کونچ کے بیج ایک تولہ' عود خام 6 ماشہ' موسلی سنبھل 2 تولہ اشنہ 1 تولہ' تخم شلغم ایک تولہ' اسارون 6 ماشہ' ثعلب مصری 2 تولہ' بہمن سفید 1 تولہ' بہمن سرخ ایک تولہ' تخم پیاز 2 تولہ' الائچی خورد 3 ماشہ' نودری سفید' تودری سرخ فی تولہ' موصلی سیاہ چار تولہ' موصلی سفید 4 تولہ' کنجد ایک تولہ' سینگری بول 2 تولہ' تخم اونگن 3 تولہ' تخم گاجر 2 تولہ' گوند پلاس دو تولہ' تال مکھانہ ایک تولہ' مربہ ہلیلہ ایک سیر' مغز چلغوزہ 2 تولہ' مغز اخروٹ 2 تولہ' سپاری دکھنی ایک سیر' روغن بادام 15 تولہ' روغن زرد ایک سیر' شکر سفید ایک سیر' دودھ گائے 4 سیر بموجب ترکیب معجونات کے معجون بنائیں۔

معجون مرکب

جو ازحد مقوی باہ و دافع سرعت و جریان بطور اکسیر ہے' نیز احتلام کو بند کرتی ہے جسم کو طاقت دیتی ہے' اور دماغ کو مفید ہے' سردیوں میں کھانے کے قابل تحفہ ہے' بعد از فراغت کھانے سے کمزوری نہیں ہوتی۔

کونچ کے بیج لو' اور ان کو پوٹلی میں باندھ کر دودھ میں ڈال دو' جب چھلکا نرم ہو جائے تو اس کو اتار دو' پھر چھلکا اتارے ہوئے بیجوں کو سکھاؤ' خشک ہونے پر پیس کر آٹا بنا لو' اسی طرح امبلی کے بیج کا بھی آٹا بنا لو' پھر آرد بیج کونچ اور آرد املی کو اکٹھا کر دو' اور اس میں سفوف گوکھرو' سفوف موصلی سفید' سفوف موصلی سیاہ' سفوف اسگند' سفوف ستاور' سفوف ثعلب ہر ایک ایک تولہ ملا دو' پھر دودھ گائے 1 سیر لے کر 20 تولہ بھانگ کو پوٹلی باندھ کر اس میں لٹکا دو' اور نرم آنچ پر رکھو' جب دودھ 5 سیر رہ جائے تو بھانگ کی پوٹلی کو مل کر باہر نکال لو' پھر اس دودھ میں سارے سفوف مذکورہ بالا جو اکٹھے ملائے گے ہوں ملا دو' اور نرم آنچ پر کھویہ بناؤ' پھر ایک سیر گھی ڈال کر کھویہ کو خوب بھونو اور جلنے نہ دو' پھر چار سیر مصری کی چاشنی میں کھویہ مذکور ملا کر اس میں مغز بادام' پستہ' نارجیل' کشمش' اخروٹ' چلغوزہ وغیرہ ملا دو۔

رب (جوارش کندس) نہایت مبہی' مسمن بدن' نافع طحال

کندش ایک سیر' آب ادرک تازہ ایک سیر' ثعلب مصری 7 تولہ' جوزبوا 2 عدد' بسباسہ 6 ماشہ' شیر مادہ گاؤ 5 سیر' قند سفید سہ چند' مقدار ادویہ سے دودھ کو کھویہ کر کے آب ادرک ملا کر جوش دیں کہ پانی جذب ہو جائے' پھر ادویہ ملا کر معجون بنا لیں' خوراک 3 ماشہ' 2 ہفتہ تک۔

(رب) آب گاجر مقوی باہ و جگر

گاجر 15 ثار کو کدوکش کیا جائے' اور پانچ سیر دودھ میں کھویہ کر لیا جائے پھر سازگی سبز نصف سیر' الائچی دانہ نصف پاؤ' کالی مرچ نصف پاؤ' کیسر 6 ماشہ پیس کر شامل کر دو' اور آدھ سیر پختہ روغن زرد میں بھون کر شکر تری دو سیر پختہ ڈال کر رب بناؤ' نصف پاؤ صبح اور نصف پاؤ شام اور سوتی دفعہ کھاؤ' اور دودھ اوپر سے پیو' خوب قوت ہو گی' گرمی جگر کو بڑا فائدہ کرے گی۔

نسخہ حلوا برائے قوت باہ مجرب

دال ارد نیم پاؤ' عرق یعنی عصارہ پیاز خورد یک پاؤ' شیر گائے 3 سیر سینبھل موصلی نیم پاؤ' پھلی ببول نیم پاؤ' تال مکھانہ ایک پاؤ' تخم تمرہندی نیم پاؤ' فلفل دراز 3 تولہ' سونٹھ 3 تولہ' جائفل نیم تولہ' لونگ 2 تولہ' دارچینی 2 تولہ' الائچی خورد نیم تولہ' جوتری نیم تولہ' زعفران 3 ماشہ' میدہ گندم ایک سیر' شہد ایک پاؤ' چینی دو سیر' روغن زرد سوا سیر۔

اول دال ارد کو عرق پیاز مذکور میں جوش دے کر سایہ میں خشک کر کے سفوف کرے اور شیر گائے میں کچھ پانی ملا کر چینی سے شیرہ تیار کر کے رکھے اور تخم تمرہندی کو دودھ میں جوش دے کر تر رکھ کر پھر اس کو چھیل کر سایہ میں خشک کر کے سفوف کرے' تال مکھانہ کو کچھ بریاں کر کے سفوف کرے اور سب ادویہ کو خشک کر کے روغن آرد شہد شیر میں بدستور حلوا تیار کرے' یہ مقدار حلوا کامل خوراک ایک شخص کا 40 روز کا ہے' حسب مزاج کم و بیش برائے طبیب پر منحصر ہے' ہر صبح چالیسواں حصہ کھا کر اوپر نیم گرم شیر

گائے نوش کرے، یہ حلوا نہایت فائدہ مند مقوی باہ اور مغلظ منی ہے۔

حلوا مقوی باہ

مغز گھیکوار ایک سیر، شیر گائے 2 ثار، موصلی سفید 5 تولہ، خار خشک خورد 5 تولہ، چریانند 5 تولہ، ستاور 5 تولہ، تال مکھانہ 5 تولہ، تخم کوٹو مصفی 5 تولہ، موصلی سیاہ 5 تولہ، زردی بیضہ مرغ 10 عدد، روغن زرد ثار، میدہ گندم 1 ثار قند سفید 1 ثار، اول ادویہ مذکور کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر چھان کر رکھیں، بعد ازاں مغز گھیکوار کو شیر میں ڈال کر کھویہ بنائیں اور زردی بیضہ مرغ کو روغن زرد میں بریاں کریں، اور کھویہ جو دودھ اور گھیکوار کا تیار کیا ہے، اس کو بھی روغن زرد میں بریاں کریں، بعد ازاں ادویہ جو تیار شدہ ہیں، یعنی کھویہ و زردی وغیرہ جو بریاں کر لئے ہیں، ملا کر رکھیں، بعد ازاں گندم کو بریان اور روغن زرد کرکے اس میں شریک کریں اور قند کی چاشنی کر کے حسب قاعدہ معلوم حلوا تیار کریں، خوراک 10 تولہ نہایت مقوی باہ ہے۔

نسخہ مغلظ و مبہی و ازیں نسخہ قوت رفتہ باز عود میکند

شاخ مونگا 9 ماشہ، کہربائے شمعی 9 ماشہ، تخم اونگن 2 تولہ، دار چینی 2 تولہ دانہ ہیل خورد 1 تولہ، طباشیر 1 تولہ، مصطگی رومی 1 تولہ، ستاور 2 تولہ، ثعلب مصری 2 تولہ، شقاقل مصری 2 تولہ، تودرین 2 تولہ، زنجبیل 2 تولہ سبوس اسپغول 2 تولہ، زعفران 9 ماشہ، جوزبوا 1 تولہ، ہمہ ادویہ باریک سائیدہ، مغز بادام شیریں، مغز چلغوزہ "مار، مغز پستہ "مار، حب السمنہ "مار، خرماء ثار، مغز اخروٹ "مار، مغز پنبہ دانہ "مار، مغز تخم قرطم "مار، کدو شیریں "مار، مغز تخم خیارین "مار، مغز تخم تربوز "مار، تخم خشخاش "مار، مغز تخم خربزہ "مار، ایں ادویہ را باریک کوفتہ نگہدارند وقت صباح شیر گائے. مار سیماب 6 ماشہ، در پارچہ سفت پوٹلی بستہ درمیان شیر بیاد، نرند بجوشانند، وقتیکہ نصف باند پوٹلی پارہ علیحدہ کردہ ادویہ مسحوقہ 1 تولہ، مغزیات کوفتہ 3 تولہ، شکر بہاری، مار، در شیر انداختہ قدرے بیرند ز فرود آوردہ بعدل وشدن بنوشند بعد ہفتہ تجدید سیماب نمایند و پوٹلی سیماب در آب شستہ نگہدارند ہر روز ہمی سان استعمال نمایند۔

نسخہ معجون طباحی باہ و دماغ و اعصاب ممسک دافع جریان منی و نامردی

دودھ بھیڑ 3 سیر پختہ گھی ڈیڑھ سیر، کھانڈ دیسی 7 پاؤ، مغز بادام مقشر آدھ پاؤ، مغز پستہ 5 تولہ، مغز ناریل آدھ چھٹانک، سوگی (کشمش) 5 تولہ، جائفل ایک عدد۔

ترکیب: اول دودھ کا کھویہ تیار کریں، پھر گھی میں بھونیں، بعد ازاں کھانڈ ملا کر قدرے بھونیں۔ پھر سفوف ادویہ مندرجہ ذیل ہیں۔

مغزیات کوٹ کر ملائیں اور ہلاتے رہیں، جب بالکل سرد ہو کر بستہ ہو جائے تو جائفل نہایت ہی باریک کر کے سب میں ملا دیں، بعد ازاں روغن برتن از قسم مرتبان میں رکھیں خوراک ہر صبح آدھ سے ایک چھٹانک تک، پرہیز ترش اشیاء سے ضروری و لازمی ہے۔

ادویہ جن کا سفوف شامل کرنا ہے، بہمن سرخ و بہمن سفید ہر ایک 5 تولہ، شقاقل مصری 5 تولہ، ثعلب مصری 5 تولہ، حبطلانہ 5 تولہ، ستاور ڈھائی تولہ تخم بھنگ 4 ماشہ، تخم جربیرہ 5 تولہ۔

معجون مقوی باہ و اعضائے رئیسہ

ثعلب مصری 6 ماشہ، بہمن سفید 6 ماشہ، تودری زرد 6 ماشہ، تودری سفید 6 ماشہ، شقاقل مصری 6 ماشہ، موصلی سفید 1 تولہ، مغز تخم تمرہندی مقشر 1 تولہ، تج قلمی 1 تولہ، عودغرقی 2 تولہ، عود بلسان 2 تولہ، خولنجاں شیریں 1 تولہ، ناگر موتھا 1 تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں، شہد مار اور نبات سفید مار ہمراہ گلاب قوام کریں، اور ادویہ مذکورہ ڈال کر کفچہ سے حل کریں، جب قریب تیاری کے آئے، تو مغز بادام شیریں 2 ثار، مغز پستہ 1 ثار، مغز فندق، مار، مغز چلغوزہ، مار، مغز نارجیل، مار، مغز اخروٹ، مار، سفوف خرماء مار، کشمش، مار، خوب باریک پیس کر ملا دیں اور کفچہ سے خوب اچھی طرح سے حل کریں، جب سرخی مائل ہو اتارلیں، ہرروز صبح کو 2 تولہ نوش فرمایا کریں۔

حلوا برائے تقویت اعصاب و باہ و دافع جریان، رقت منی، احتلام وغیرہ

چھال ببول 2 ثار، چھال مولسری 2 ثار، چھال ڈھاک 2 ثار، چھال برگد 2 ثار، گیہوں (گندم) پوٹلی میں بندھی ہوئی 3 سب چیزوں کو دیگچہ قلعی دار میں حسب مقدار پانی ڈال کر جوش دیں، جب گیہوں پک جائے تو پوٹلی گندم کو نکال لیں اور خشک کریں، جب گندم خشک ہو جائے تو اس کا آٹا پیس کر اس آٹا کو گھی میں بھونیں، چینی سفید کا قوام ملا دیں، پھر مغز بادام شیریں آدھ پاؤ، مغز پستہ ایک پاؤ، مغز چلغوزہ آدھ پاؤ، مغز نارجیل ایک چھٹانک، مغز اخروٹ ایک چھٹانک، مغز فندق ڈیڑھ تولہ، مغز پنبہ دانہ 1 تولہ، کشمش سبز آدھ پاؤ، آرد خرما 7 ثار، آرد سنگھاڑہ 2 تولہ، مغز خستہ تمرہندی 2 تولہ، تخم تال مکھانہ 1 تولہ جوزبوا ایک تولہ، بسباسہ 1 تولہ، دار چینی 1 تولہ، تج قلمی 1 تولہ، عقرقرحا 1 تولہ، قرنفل کلمھدار 1 تولہ، زعفران 9 ماشہ، ثعلب مصری 1 تولہ، شقاقل مصری 1 تولہ، موصلی سیاہ 1 تولہ، موسلہ سمبل 1 تولہ، بہمن سفید ایک تولہ، گل نوفل ایک تولہ، صمغ ڈھاک 1 تولہ باریک کر کے شامل کیا جائے، مقدار خوراک ایک چھٹانک۔

معجون مروارید مقوی باہ

مروارید ناسفتہ 2 ماشہ، کہربا شمعی 2 ماشہ، یشب سبز عمدہ 2 ماشہ، بسد محرق 3 ماشہ، ساذج 5 ماشہ، زہر مہرہ خطائی 2 ماشہ، علیحدہ علیحدہ عرق کیوڑہ سے جو تازہ ہو کھرل کریں، بعد ایک جگہ کرلیں، طباشیر سفید 4 ماشہ، دانہ الائچی خورد 6 ماشہ گل گاؤ زبان اصلی 6 ماشہ، گل سرخ 6 ماشہ، درونج عقربی 3 ماشہ، برادہ صندل سفید 9 ماشہ، تخم فرنجمشک 5 ماشہ، بہمن ہردو نی 3 ماشہ، تودرین ہر 3 ماشہ، ثعلب مصری اصلی 2 تولہ، شقاقل 9 ماشہ، تخم جرجیر 3 ماشہ، تخم بہلیون اصلی 4 ماشہ، برادہ ریگ ماہی، ہرن رسوہن زدہ 1 تولہ، موصلی سفید تولہ، موصلی سمبیں 9 ماشہ ستاور 9 ماشہ، مغز حبتہ الخضرا، حب الزلم، حب الفلفل ہر 3 ماشہ، ابریشم مقرض 4 ماشہ، تخم کدو، تخم کونچ 3 ماشہ، دار چینی 3 ماشہ، ہمہ را کوفتہ و بیختہ، مربہ آملہ پانچ عدد، مربہ ہلیلہ 5 عدد علیحدہ علیحدہ سائیدہ ایک سیر مصری سے قوام بنائیں اور بجائے پانی عرق گلاب، عرق کیوڑہ ڈال کر قوام بنائیں، بعد ادویات ذیل مخلوط کریں، زعفران عمدہ 1 ماشہ، مشک عمدہ 2 رتی ملا کر تیار کریں اور ورق نقرہ 15 عدد حل کر کے احتیاط سے رکھیں، خوراک 6 ماشہ۔

معجون مقوی باہ ودافع جریان

موصلی سیاہ 1 تولہ' موصلی سفید 1 تولہ' تال مکھانہ 1 تولہ' سبوس اسپغول 1 تولہ کو باریک پیس کر ش
برگد میں تر کریں' چھوہارے 21 عدد رات کو 1 سیر شیر گاؤ میں جوش دیں اور صبح کو تخم دور کر کے بجائے تخم
ادویہ مذکور بالا کو بھر کر دھاگے سے مضبوط باندھیں اور شیر گاؤ میں جوش دیں' جب کھویہ ہو جائے تو نکال
کر کشتہ بیضہ مرغ 3 ماشہ جو کہ شیر مدار میں کیا گیا ہو' کھویا میں ملا دیں' پھر شکر سفید بقدر ضرورت ملا کر 5
تولہ صبح و شام کھائیں' اور چھوہاروں کو شہد میں ڈال دیں' جب کھویہ ختم ہو جائے' ایک چھوہارہ قدرے
شہد ملا کر کھائیں' اور گرم اور تیز اشیاء سے پرہیز کریں اور جماع سے پرہیز لازمی ہے۔

معجون مقوی باہ

موصلی سنبل 2 ثار' چھال مولسری 2 ثار' چھال فالسہ 2 ثار درلیش برگد 2 ثار' موصلہ ڈھاک 2 ثار
سب کو کوٹ کر 30 سیر پانی میں جوش دے کر صاف پانی نکالیں اور اس پانی میں چاول پکا کر خشک کریں اور
پیس کر شکر سفید ہموزن ملا کر نگاہ رکھیں خوراک 2 تولہ' ورق نقرہ 1 عدد' دانہ الائچی سفید ایک ماشہ کے
ساتھ۔

دیگر

بہمن سفید 2 تولہ' بہمن سرخ 2 تولہ' تودرین ایک تولہ' موصلین 2 تولہ' بیج بل 9 ماشہ' اونٹگن 9
ماشہ' تال مکھانہ 7 ماشہ' ستاور 5 ماشہ' سپاری دکھنی 5 ماشہ روغن بادام 5 تولہ بسد مدبر 9 ماشہ' مرجان مدبر 7
ماشہ' بہمن مایہ شتر اعرابی 9 ماشہ کہربائے 7 ماشہ' طباشیر 5 ماشہ' دانہ الائچی خورد 9 ماشہ' مغز تخم تمہندی 3
تولہ قند سفید دوچند' اول کل ادویہ کو باریک کریں اور روغن بادام میں چرب کریں قند سفید کا قوام دے کر
ادویہ شامل کریں' خوراک 9 ماشہ صبح 9 ماشہ شام اسبغول بمعہ دانہ ہائے ایک وقت شربت مصری و عرق
سب سے ملا کر لیا کریں۔

دیگر مجرب

مغز نارجیل 1 عدد لے کر اس میں سوراخ کر کے پارہ مصفیٰ 10 تولہ بھر دیں پھر اس کا منہ بند کر کے
اس پر آرد ماش' کپڑا خوب مضبوط لپیٹ کر شیر مادہ گاؤ 5 سیر میں پکائیں' جب دودھ خشک ہو جائے تو
کھوپرے کو نکال کر اس پر سے آرد پارچہ وغیرہ دور کریں اور پارہ اس میں سے نکال لیں' پس نارجیل کے
برابر وزن میں مغز بادام شیریں' مغز پستہ مغز چلغوزہ' مغز اخروٹ لے کر باریک کوٹ کر تخم اونٹگن 3 تولہ'
تال مکھانہ مصفیٰ 2 تولہ دودھی خورد 5 تولہ باریک پیس کر سب کو دودھ کے کھویا میں ملا کر چالیس پیڑے
بنائیں۔

دیگر

ساذج ہندی' بادیان' موصلی سفید' موصلی سیاہ ہر ایک 6 ماشہ ستاور 3 تولہ' زیرہ سیاہ 3 ماشہ' اندرجو
شیریں' بہمن سفید' سرخ ہر ایک 6 ماشہ' چریاکند 6 ماشہ' موصلہ سنبل 9 ماشہ' مویز منقیٰ 21 دانہ' ہلیلہ سیاہ'
پوست ہلیلہ زرد' ہر ایک 6 ماشہ' سب کو کوٹ کر رات بھر پانی صاف میں بھگو کر صبح جوش دے کر اور مل کر

چھان لیں، پھر ہلیلہ مربہ 5 عدد، مربہ ادرک آدھ سیر باریک کرکے ملا کر شکر سفید دو چند، شیرہ گلقند آفتابی 5 تولہ حل کرکے قوام میں لائیں اور ثعلب مصری 3 ماشہ، عود قماری 3 ماشہ، کہربائے شمعی 3 ماشہ دانہ ہیل خورد 3 ماشہ باریک کرکے ملا کر مشک خالص 2 رتی، زعفران 6 ماشہ عنبر اشہب 3 ماشہ داخل کرکے ورق نقرہ، ورق طلاء 7 عدد اضافہ کریں، معجون تیار ہے خوراک ایک تولہ۔

دیگر

آرد نخود مصفی مقشر 2 چھٹانک، مغز بادام 5 دانہ، شیر گاؤ، روغن گاؤ میں خمیر کرکے گھی گرم میں سرخ کرکے اور روغن گاؤ میں ملیدہ کرکے کھانا قوت باہ کے لئے جادو ہے۔

معجون مفید جریان

سلیخہ 10 تولہ، سپاری تیلیہ 10 تولہ، مغز بادام 5 تولہ، ست لوبان 9 ماشہ، ورق طلاء یا نقرہ حسب ضرورت ڈال دیں یا نہ ڈالیں، خوراک 1 تولہ بعد از طعام دودھ گائے کے ساتھ۔

حلوا مقوی باہ

حلوا گذر مقوی باہ، مبہی مغلظ منی، مسمن بدن، مقوی دماغ، مقوی بصر، قبض کشاء، اول دو روز تک پانی میں ثعلب مصری پاؤ ثار بہمن سرخ پاؤ ثار، شقاقل مصری پاؤ ثار گیاہ چینی 2 چھٹانک بھگو دیں اور ہر روز پانی بدلتے رہیں، پھر اندرونی حصہ گاجر کا دور کرکے گاجروں کو کدو کش کرلیں اور خرما تازہ تراشیدہ پاؤ ثار، ادرک تراشیدہ پاؤ ثار مربہ آملہ عمدہ تراشیدہ، پاؤ، انجیر تراشیدہ، پاؤ، شیر گاؤ 6 سیر میں پکائیں حتے کہ کھویہ بن جائے، پھر پتھر پر خوب پیسیں تاکہ بھون سکیں۔

روغن گاؤ میں بھونیں ہمراہ آرد نخود خام، پاؤ، پھر سب کو مخلوط کرکے قوام شکر سفید 6 سیر داخل کریں اور بطریق حلوا پکائیں، آتش نرم رہے، پھر مغز بادام شیریں 11 ثار، مغز پستہ، مغز چلغوزہ، پاؤ، مغز نارجیل، پاؤ، مغز کدو شیریں، پاؤ مغز پنبہ، پاؤ، کنجد مقشر، پاؤ، مغز اخروٹ، پاؤ، بادیان مقشر، پاؤ، مال کنگنی، صاف شدہ پاؤ ثار سب کو ہاون آہنی میں باریک کوٹ کر حلوا میں ملائیں، پھر موصلی سفید 5 تولہ، تخم اوٹنگن 5 تولہ، زرنب 5 تولہ، سورنجاں شیریں، 3 تولہ، بوزیدان 3 تولہ، دانہ الائچی کلاں 3 تولہ، جوزبوا 3 تولہ، جوتری 1 تولہ، خولنجاں 2 تولہ، جدوار خطائی شیریں 2 تولہ سب کوٹ چھان کر بلا دیں اور زعفران خالص 2 تولہ، عرق کیوڑہ پاؤ ثار میں حل کرکے اضافہ کریں، خوراک 2 تولہ تا 4 تولہ۔

معجون مقوی باہ و طاقت آور بدن

مغز بادام 1 تولہ، مغز گردگان 1 تولہ، مغز چلغوزہ 1 تولہ، مغز فندق 1 تولہ، مغز نارجیل 2 تولہ، خشخاش 2 تولہ، کنجد مقشر 3 تولہ، تودرین 3 تولہ، مغز ہلیون 3 تولہ، تخم گذر 1 تولہ، تخم پیاز 1 تولہ، تخم شلجم 1 تولہ، کبابہ 1 تولہ، دارچینی 1 تولہ، زنجبیل 1 تولہ، شقاقل 2 تولہ خولنجاں 1 تولہ، طباشیر 2 تولہ، مصطگی 2 تولہ، تخم کدو 2 تولہ، تخم ترب 1 تول، عود بلسان 1 تولہ، دردنج 1 تولہ، بسباسہ تولہ، ثعلب مصری 2 تولہ، زعفران 9 ماشہ، بوزیدان 1 تولہ، نبات ہندی 1 ثار (تین گنا وزن ادویہ سے) 3 تولہ صبح بلا دودھ یا دودھ کے ساتھ کھالیں، بڑی عمدہ چیز ہے، مقوی باہ و جسم ہے، سرعت کے واسطے مفید ہے، خیال رہے کہ ادویہ قوام میں سرد ہونے پر ملا دیں، اگر گرم چاشنی رہے گی تو تلخ ہو جائے گی، کیونکہ اس میں مصطگی شامل ہے، ورنہ بڑی

خوشبودار اور باذائقہ تیار ہوگی۔

حلوا مقوی باہ مغلظ منی دافع سرعت و رقت

مغز تخم تمرہندی 3 ماشہ، صمغ ڈھاک 3 ماشہ، ثعلب 3 ماشہ، نشاستہ گندم 9 ماشہ، نبات سفید 3 تولہ روغن زرد 5 تولہ اول نشاستہ کو بھونیں، زاں بعد ادویہ ڈال کر مصری چاشنی ملا کر حلوا بنائیں، اور ایک بار دفعہ دن میں کھائیں۔

معجون مقوی باہ

بھنگ آدھ سیر صاف کرو اور دھو کر ایک پوٹلی میں باندھ دو، پھر چھ سیر دودھ گائے میں ڈال دو اور دودھ کو خوب جوش دو، پھر بموجب قاعدہ جاگ لگا کر دودھ کو جما دو اور پوٹلی بھنگ کی نکال لو اور پھینک دو، جب دودھ جم جائے تو اس کو بلو کر مکھن نکال لو اور چھاچھ پھینک دو، مکھن مذکور دیگچہ میں ڈال کر جوش دو اور میل اتار کر پھر اس میں پانی میوہ جات مفصلہ ذیل کا ملا کر جوش دو، بعد ازاں اس میں مغزیات اور ادویہ ڈال کر کفچہ سے ہلاتے چلے جاؤ، تاکہ اچھی طرح گاڑھا ہو جائے اور جم جانے کے قابل بن جائے، پھر آگ سے اتار کر، زعفران عنبر مخلوطہ کرو، اور ورق نقرہ اور طلا بھی ملا دو، سرد ہونے پر مثل پتیسہ کے جم جائے گا اس وقت اس کی ٹکیاں بنالو، خوراک 3 ماشہ سے 6 ماشہ تک، مغزیات اور ادویات و میوہ جات جو اس میں پڑنے ہیں، یہ ہیں، مغز بادام 12 تولہ، مغز تخم کدو 2 تولہ، مغز تخم خیارین 2 تولہ، خولنجاں 2 تولہ، الائچی خورد 2 تولہ، ثعلب مصری 5 تولہ، شقاقل 5 تولہ گل گاؤ زبان 9 ماشہ، اجوائن خراسانی 1 تولہ، زعفران 30 ماشہ، عنبر 3 ماشہ، ورق نقرہ سالم دو رتی طلاء نقرہ 2 عدد، آب انار شیریں قیمتی ایک روپیہ آب سیب شیریں 8 عدد آب ناشپاتی 10 عدد، آب انگور ایک روپیہ۔

معجون

یہ ایک نسخہ جو مقوی مبہی و ممسک و مغلظ و دافع رقت و سرعت جریان و احتلام ہے، اور ایک بجلی کی سی قوت اپنے فوری اثر میں دائمی پیدا کر دیتا ہے، اور نہایت سریع الاثر اور مجرب المجرب ہے، درج ہے کہ جو آزمائے گا پھل اٹھائے گا کم محنت و کم قیمت مثل اکسیر ہے، جس کا مفصل اور مکمل نسخہ درج ذیل ہے، کسی کتاب میں یا کسی کے پاس یا کسی جگہ دستیاب نہیں ہو سکتا، وہ اکسیریہ ہے، شقاقل، تودری سفید موصلی سفید، ناگردوں، اندر جو، ہر ایک 8 ماشہ، **خصیتہ الثعلب** تخم انجرہ، موس، مصطگی رومی ہر ایک ایک تولہ، تخم شلغم، تخم ترب و تخم ترہ تیزک تخم گذر، تخم پیاز، تخم سویہ، تخم **بیجبند**، تخم ہالون، تخم کھانہ، رائی خولنجاں، زنجبیل جائفل، دار چینی، زعفران، بہمن سفید، فلفل دراز، عقر قرحا، اجوائن خراسانی، تخم گندنا ہر ایک 2 تولہ 5 ماشہ، شہد کف گرفتہ، برابر ادویات، شکر سفید سب کے برابر لے کر قوام بنائیں اور تیار کریں، حسب مزاج دودھ سے اول 5 ماشہ سے لے کر آخر 2 تولہ تک کھائیں اور تجربہ سے آگاہ ضرور فرمائیں۔

معجون کیمیائے بدن

عود خام 1 تولہ جائفل 1 تولہ، جاوتری 1 تولہ، لونگ 1 تولہ، دار چینی 1 تولہ، دانہ الائچی سفید 6 ماشہ، طباشیر سفید 6 ماشہ مرچ سیاہ 6 ماشہ برگ تلسی در سایہ خشک کردہ 2 تولہ، ورق طلا 5 عدد، ورق نقرہ 12 عدد

زعفران 3 ماشہ، جملہ ادویات باریک پیس کر کسی شیشی میں حفاظت سے رکھ لیں، دودھ پاؤ بھر گرم، روغن زرد 5 تولہ مصری 5 تولہ، شہد خالص 2 تولہ، پہلے گرم دودھ میں گھی ملا کر خوب آمیز کریں، جب کہ اس میں سب چیزیں مل گئی ہیں، تو اس وقت مذکورہ بال شیشی والی دوا میں سے بقدر 6 ماشہ اس میں ملا دیں اور پی لیں، اس کو صبح کے وقت پینا چاہئے، جاڑے کے موسم میں 7 یا 8 بجے اس کے تین ماہ کے استعمال سے رنگ روغن نکھرتا ہے، دیرج پشٹ ہوتا ہے، بڑی طاقت آتی ہے، جو لوگ دودھ گھی کے استعمال کو پسند نہیں کرتے، ان کو مذکورہ بالا دوائی بہ قدر 6 ماشہ شربت گاؤزبان اور شیرہ قرنفل کے ساتھ دی جاتی ہے مگر اثر میں فرق ظاہر ہوتا ہے، یعنی دوسری ترکیب کے ساتھ استعمال کرنے والے اصحاب کا ویرج پشٹ اس قدر جلدی نہیں ہوتا جس قدر کہ ترکیب اول استعمال کرنے والوں کو فائدہ پہنچتا ہے بہ ترکیب اول یہ مرکب دوائی غذائی کا اثر رکھتا ہے، اور مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔

معجون کیمیائے بدن

تخم اسپغول مسلم 1/2 چھٹانک پر پانی چھڑک دیں، جب کہ خوب پھول جائیں تو ان کو ایک پارچہ دبیز پر رکھ کر بیچوں کے درمیان میں اک تولہ سیماب مصفی رکھ کر دہری یعنی 2 تولے والی پوٹلی باندھ لیں، آدھ سیر دودھ میں 7 عدد چھوہارا کلاں ڈال کر جوش دیں اور رمیان جوش دینے کے وہ پوٹلی بستہ برتن دوائی دانے میں چھوڑ دیں، جبکہ نصف دوائی رہے اور تار کر اس میں سے پوٹلی مذکور معہ چھوہاروں کے نکال لیں اور دودھ کو چھان کر اس میں شہد خالص، ملا کر سفوف ارچینی قلمی 3 ماشہ دودھ پر چھڑک کر نوش کریں روزانہ صبح کے وقت اسی طرح نوش کیا کریں وہ سیماب نکال کر پھر ایسے ہی تخم اسپغول کا دوسری پوٹلی میں رکھ کر ہر روز برابر کار آمد ہو گا، یہ نسخہ کسی قسم کا ضرر نہیں پہنچاتا، اور مقوی بدن و مقوی اعضاء رئیسہ غایت درجہ کا ہے، موسم سرما میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

معجون موہ باہ و بدن ممسک و مغلظ و مولد منی، جریان اور سرعت انزال کے لئے مفید

آرد موچرس مار، آرد سنگھارا، مار آرد دال مقشر مار، آرد مغز تخم کونچ مار، آرد نشاستہ گندم مار آرد صمغ عربی مار، پوست بیخ اونٹ کٹارہ 2 تولہ موصلی سیاہ 2 تولہ مجیٹھ 3 تولہ، گوند ڈھاک 3 تولہ، مغز تخم اونٹنگن 3 تولہ، رتن جوت ساڑھے تین تولہ، سونٹھ 1 تولہ، دار فلفل 1 تولہ، دار چینی 1 ماشہ، زعفران 5 ماشہ، جوزبوا 5 ماشہ، بسباسہ 5 ماشہ، مغز نارجیل "مار مغز پستہ "مار، مغز چلغوزہ "مار، مغز اخروٹ "مار، مغز بادام مقشر "مار، مغز پنبہ دانہ "مار، روغن "مار شیرہ مادہ گاؤ ڈھائی مار شہد خالص، نار آٹوں کو روغن گاؤ میں بریاں کر کے شیر کا کھویہ کریں، شکر سفید اور شہد کا قوام کریں کھویا اور آٹے ملا کر پکائیں اور دوائیں کوٹ پیس کر ملا لیں، ایک تولہ انتہا 2 تولہ صبح و شام کھائیں۔

معجون نامردی دفع کرنے میں اکسیر ہے

لوبان کوڑیا، 2 تولہ، عقرقرحا 12 ماشہ، مغز بادام 12 ماشہ، افیون خالص 3 ماشہ چھوارہ عمدہ 14 عدد، اول اجزاء کو کوٹ چھان کر چھوارہ کی گٹھلیاں نکال کر اس میں پسے ہوئے اجزا بھر کر ایک برتن میں رکھ کر اس پر شہد عمدہ ڈالیں، اتنا شہد ڈالیں کہ چھوہارہ ڈوب جائے، برتن کا منہ بند کر کے زمین میں دفن کر دیں

14 روز دفن رکھ کر نکال کر نصف چھوہارا صبح کو کھا کر حلوہ یا دودھ کا استعمال کریں۔

حلوا' جو جریان کو دور کرتا ہے

تالمکھانہ صاف 2 تولہ 'گندم 2 تولہ' خارخسک 2 تولہ' مغز تخم کشنیز خشک 1 تولہ' شکر سفید ایک سیر
روغن زرد ایک سیر' پہلے گندم کو اڑ میں بھنوا کر گرم گرم میں تالمکھانہ ملا کر ایک رومال میں باندھ دیں
جب سرد ہو جائے' تو سب کو ملا کر باریک پیس کر گھی اور شکر ملا کر رکھ لیں' ایک تولہ صبح ایک تولہ شام کو
دودھ کے ساتھ کھائیں یا کھلائیں۔

معجون مقوی اعضائے رئیسہ

مغز بادام شیریں' 1 درم مغز پستہ 2 درم' مغز چلغوزہ 2 درم' مغز اخروٹ 2 درم مغز نارجیل 2 درم'
مغز فندق 2 درم' ورق نقرہ 4 ماشہ' مغز حبتہ الخضراء 21 مثقال حب الزلم 3 مثقال' عود خام نیم مثقال'
مشک خالص 2 ماشہ کباب چینی 7 ماشہ دار فلفل 2 ماشہ' زنجبیل 3 ماشہ' دار چینی 2 ماشہ' زعفران 7 ماشہ'
گل گاؤ زبان 6 ماشہ' شقاقل مصری تولہ' ثعلب مصری تولہ' بہمن سفید 3 تولہ' مصری سفید سہ چند' بطریق
مشہور معجون تیار کریں' مقدار خوراک 6 ماشہ' دن میں ایک دفعہ یا دو دفعہ کھلائیں۔

معجون کو قوت باہ و سیلان منی کے لئے مجرب و آزمودہ ہے

گل گاؤ زبان 9 ماشہ' گل بنفشہ 9 ماشہ' طباشیر 9 ماشہ' صندل سفید 9 ماشہ' کشنیز خشک 9 ماشہ' دانہ
الائچی خورد سفید 9 ماشہ' رب السوس 9 ماشہ' درونج عقربی 1 تولہ' شقاقل مصری 1 تولہ' گل سرخ کابلی بلا
ڈنڈی و سبزی 1 تولہ' بیخ پوست انجبار 1 تولہ' کہربائے شمعی اک تولہ' زعفران 1 تولہ' شکر تری سفید پاؤ آثار'
جواہر کو کھرل کر کے اور ادویات کو کوٹ پیس کر کھانڈ دیسی کے قوام میں مخلوط کر کے معجون بنا دیں اور کام
میں لائیں خوراک 9 ماشہ صبح و شام۔

پیٹھ کی مٹھائی

ایک نایاب تحفہ اکسیر الاجسام جو کہ عطیہ درویش ہے۔ جو صاحب تجربہ فرما دیں گے' اس کے حیرت
انگیز فوائد سے متعجب ہونگے کہ کیا اسرار ہے' ملاحظہ فرمالیجئے۔ ایک عدد پیٹھا کہ جس کی شیرنی تیار ہوتی
ہے وزنی ڈھائی سیر لے کر اور چھیل کر کدوکش کر لیں اور عرق نکال کر اس میں نخود سیاہ خام وزنی 3
چھٹانک اور ماش سیاہ خام وزنی 3 چھٹانک تر کریں بعد تین یوم کے چھلکا دور کر کے سایہ میں خشک کریں اور
ثعلب مصری عمدہ 4 تولہ' اس کو عرق دودھی خورد میں چار یوم تر کر لیں اور تخم تمرہندی 5 تولہ' اس کو شیر بز
میں تر کریں' ایک ہفتہ روزانہ تجدید شیر کرتے رہیں اور سایہ میں خشک کر کے سفوف بنا لیں' مگر چھلکا دور
کرنا ہو گا اور پوست بیخ کنیر سفید 4 تولہ' بھلانوا کلاہ دور کردہ 4 تولہ' پوست بیخ اونٹ کنارہ 4 تولہ' ان کی
پوٹلی بنا کر 6 سیر شیر گائے میں جوش دے کر بدستور معروف ضامن پستہ روغن تیار کریں' بعدہ یہ اجزا لیں'
تخم اوٹنگن 2 تولہ' سورنجاں شیریں 2 تولہ' ترنجبین اصلی 3 تولہ' اندر جو شیریں 1 تولہ' مصطگی رومی 1 تولہ'
مال کنگنی بریاں 2 تولہ' موصلین ہر واحد 1 تولہ' موصلی سمبنل 1 تولہ' سمندر سوکھ 1 تولہ' تم سردالی 1 تولہ'
تخم ہلیون اصلی 1 تولہ' جوتری 4 ماشہ زعفران کشمیری 4 ماشہ' موچرس 1 تولہ گوند ڈھاک 1 تولہ' برگ
ڈھاک مثل گوش موش 2 تولہ' خشک شدہ' تخم ترہ تیزک 1 تولہ' سونٹھ 1 تولہ' گری سنگھاڑا 2 تولہ

2 تولہ' اسگند ناگوری 1 تولہ' دار چینی 6 ماشہ' عقر قرحا 1 تولہ' لونگ 6 ماشہ' مغز پنبہ دانہ 1 تولہ' تخم گذر 1 تولہ' تخم پیاز 1 تولہ' تخم ترب 1 تولہ' مغز بادام 5 تولہ' چھوہارہ 5 تولہ' مغز خندق 5 تولہ' مغز چلغوزہ 2 تولہ' مغز پستہ 2 تولہ' مغز کدو شیریں 2 تولہ' تالمکھانہ 1 تولہ ستاور 4 تولہ' زہر مہرہ خطائی 4 ماشہ' کشتہ قلعی عمدہ 1 تولہ' کشتہ مرجان 1 تولہ' ان تمام ادویہ کا سفوف بناویں' اول سفوف نخود خام مدبر و ماش مدبر روغن مذکورہ میں بریاں کرلیں کہ سرخ ہو جائے بعدہ شہد خالص' مار مصری سفید ایک سیر' عرق گلاب قسم اول' مار عرق گاؤ زبان مار میں قوام کرکے جملہ ادویات کا سفوف ایک جگہ کرکے قوام میں ملا دیں' اور ورق نقرہ 15 عدد' مربہ آملہ 5 تولہ' مربہ گذر 5 تولہ' باریک پیس کر ملا کر لڈو بنائیں یا معجون تیار کریں' خوراک 1 تولہ' ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام' آپ یقین کیجئے' کہ اس کے جوہر غیبی آپ کو ایک حیرت میں ڈال دیں گے کہ کیا اسرار مخفی ہے مبہی' مشتہی مغلظ اعلیٰ درجہ تصور ہوگا' جو شخص از کار رفتہ ہو یا خود کردہ خرابیوں سے مایوس و پریشان ہوا ہو ایک ہفتہ استعمال کرکے دیکھ لے کہ کیا حالت ہوتی ہے' تغیر ہوتا ہے یا نہیں' جریان' سرعت انزال کا قلع قمع ہوا ہے' یا نہیں۔ یقین ہے کہ ایک چلہ تک کامل صحت ہوگی۔

معجون مقوی باہ مجرب

بیضہ مرغ' 1 عدد شکر تری 3 تولہ' روغن زرد ایک پاؤ' کھویہ دودھ تین پاؤ' مغز بادام شیریں 5 عدد' خرما 20 عدد مغز پستہ مغز اخروٹ' مغز تخم پنبہ دانہ' مغز تخم کدوے شیریں مغز چلغوزہ بہمنیں' زنجبیل' زعفران' ہر ایک دوا ایک تولہ' مغز نارجیل 2 تولہ' دانہ الائچی خورد 2 تولہ' مشک خالص تین رتی' ورق نقرہ 50 عدد۔

ترکیب: پہلے زردی بیضہ کو روغن زرد میں بریاں کرو تاکہ سرخ ہو جائے' پھر اس کو نکال کر کونڈے ڈنڈے میں باریک پیس کر علیحدہ رکھیں' بعد ازاں تمام مغزیات کو بھی کونڈے ڈنڈے سے باریک کریں اور چھوہاروں کو دودھ میں تر کرکے علیحدہ پیس کر رکھیں' کھویہ کو روغن زرد میں بھون کر باریک پیسو' پھر گھی میں ملا دو۔ شکر تری کا قوام پکا کر پہلے کھویہ جو روغن زرد سے آمیز ہوا ہے' ملا دو' بعد ازاں چھوہارے محوقہ شامل کرو' بعد ازاں مغزیات اور زردی کا مسحوق داخل کرکے اچھی طرح ملاؤ' پھر آگ سے اتار کر باقی ادویہ باریک شدہ ملا دو' اور رکھ دو' خوراک ایک تولہ صبح ایک تولہ شام' رات کو سوتے دفعہ غذا مرغن ترشی سے پرہیز۔

دودھ مقوی باہ

مقیش مقرض 2 تولہ باریک شدہ' سیماب مصفی 2 تولہ' فادز ہر حیوانی 2 تولہ سب کو پانی میں سحق کرکے حبوب بنالیں اور سات تہ کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر ایک سیر شیر گاؤ مین لٹکا کر پکائیں' جب نصف رہ جائے تو شیریں کرکے پلا دیں۔

دودھ مقوی باہ و دافع جریان

دو تولہ اسپغول مسلم لے کر قدرے پانی میں تر کرکے اسمیں ایک تولہ سیماب رکھ دیں اور پوٹلی باندھ دیں اور ایک سیر دودھ میں پوٹلی آویزاں کر دیں' پوٹلی دودھ کے اندر رہے۔ ظرف تک نہ لگے' جب نصف دودھ رہ جائے' دودھ میں قدرے مصری ملا کر پی لیں' چالیس روز تک اسی طریق سے عمل کریں

قوت باہ از حد بڑھ جائے گی' ہر روز جدید پارہ اور اسپغول لینا چاہئے' ترشی اور جماع سے پرہیز' جریان خواہ کسی قسم کا ہو' اور کیسا ہی پرانا ہو' بالکل دور ہو جاتا ہے' قدرے دودھ برتن میں چھوڑ دینا چاہئے۔

مٹھائی سنبل

نہایت عجیب و غریب' نہایت مبہی' پوست درخت سنبھل کوفتہ پختہ شیر (دودھ) ایک اثار میں ڈال کر کھویہ بنائیں' آب ادرک پاؤ' نک چھکنی سبز' پاؤ' نبات سفید 1 اثار' جوزبوا 5 ماشہ' دار چینی 5 ماشہ' کباب چینی 5 ماشہ' قرنفل 5 ماشہ' دار فلفل 5 ماشہ' روغن زرد' پاؤ کا اضافہ کرکے رکھ چھوڑیں' خوراک 5 درم۔

معجون نک چھکنی مقوی باہ نہایت مجرب

اس کے دو ہفتہ تک استعمال کرنے سے قوت بہت بڑھتی ہے' نک چھکنی صاف پاؤ' رس ادرک پاؤ' ثعلب مصری ساڑھے تین ماشہ' موصلی سیاہ 1 تولہ موصلی سفید 1 تولہ' دار چینی 2 ماشہ' جوزبوا ایک عدد' بسبلہ 3 ماشہ' دودھ گائے ڈھائی اثار' دودھ کو کھویہ بنا کر رس ادرک میں ملا کر پکائیں پھر بقیہ ادویہ ملا کر معجون سی بنالیں۔

معجون مقوی باہ مجرب

خبطلنہ' جاوتری' موچرس' کندش' جوزبوا' فلفل سیاہ' موصلی سیاہ مغز تخم کونچ' اسگندنا گوری' دار چینی' ہر ایک 1 تولہ ڈیڑھ ماشہ' زیرہ سیاہ ثعلب مصری درونج عقربی' بہوپھلی' ہر ایک 7 ماشہ گندھک آملہ سار صاف کردہ تین تولہ ریگ ماہی چار عدد' افیون 11 ماشہ' سب کو کوٹ چھان کر روغن مالکنگنی 3 تولہ و قدرے شہد میں ملا کر رکھ لیں' ہر روز ایک تولہ کھائیں' کھانے کے بعد پانی پی لیا کریں' دودھ بھی پی سکتے ہیں' پرہیز از ترشی' غذا شیر برنج' بیض و اشیاء مرغن۔

معجون لاجواب

نسخہ: ثعلب مصری' تخم خشخاش بہمن سرخ' بہمن سفید' موصلی سیاہ' موصلی سفید ہر ایک ایک تولہ' مغز بادام' مغز پستہ' مغز چلغوزہ' مغز اخروٹ' ہر ایک دو تولہ' درونج عقربی بادرنجبویہ' گل سرخ' گل گاؤزبان' برادہ صندلین' طباشیر سفید' کبابہ' زرنب' دار چینی تودرین' ساذج ہندی عود خام' سعد کوفی' سنبل الطیب زعفران' مصطگی' دانہ ہیل ہر ایک 7 ماشہ' گل ارمنی' کہربائے شمعی' بسد مروارید ناسفتہ' یاقوت' رمانی' ورق نقرہ ورق طلاء' ہر ایک 4 ماشہ' مشک خالص' عنبر اشہب' ہر ایک 2 ماشہ' شہد خالص ایک پاؤ' نبات سفید ایک سیر' عرق کیوڑہ عرق گلاب' ہر ایک نیم آثار' بطریق مشہور معجون تیار کرکے نصف ماشہ استعمال کریں۔

فوائد: اعضائے رئیسہ کی اصطلاح کرنا' انکو قوت پہنچانا' ان کی صحت کو محفوظ رکھنا' باہ کو سنبھالنا' اہل و عیال والوں کی ظاہری و مخفی شکایتوں کو زائل کرنا' خاطر خواہ قوت پیدا کرنا' رقت' سرعت' حدت کو مٹانا سرعت انزال' کثرت احتلام' جریان' جلق و اغلام کی خرابیاں جن کی وجہ سے آج نئی نسل کا بڑا حصہ نا امیدی کی زندگی بسر کر رہا ہے اور اپنے فرائض حیات کے ادا کرنے سے عاجز ہے یہ معجون اس طرح کی

تمام نا امیدیوں کو جلد سے جلد مبدل بہ امید و نشاط کر دیتی ہے اور مایوس مریضوں کو نہایت صحیح و سالم اور ہر طرح تندرست شخص کی طاقت و صحت سے شاد کام و کامیاب بنا دیتی ہے' صحت کی حالت میں اگر اسے استعمال کیا جائے' اس سے بہتر اور کوئی شے قوت کو محفوظ رکھنے والی نہ ہو گی۔

حلوہ دافع جریان وغیرہ

تخم تمہندی مقشر' صمغ ڈھاک' نشاستہ' ہرسہ مساوی' روغن بادام شیریں چار چند شکر تری سفید سہ چند بطریق معروف حلوا تیار کریں' خوراک 1 تولہ صرف

معجون مقوی دماغ و دافع خشکی و ریاح انزال

مقوی باہ مقوی معدہ مقوی اعصاب' مولد دوم' مولد منی' معمول مطب ہے بہمن سفید 2 تولہ' تخم گاجر 2 تولہ' درونج 1/2 تولہ' موصلی سفید 3 تولہ' ثعلب 2 تولہ' اونٹگن تولہ' تودری سفید تولہ' طباشیر تولہ' دار چینی تولہ' الائچی خورد تولہ' الائچی کلاں تولہ' لونگ سادہ 9 تولہ' ٹوپی دار تولہ' ناریل 1/2 پاؤ' مغز بادام 3 تولہ' بھنگ ایک سیر روغن زرد (8 چھٹانک' پانی خالص 3 سیر' مصری سوا سیر

ترکیب ساخت: بھنگ' روغن زرد' پانی' ایک دیگ میں جس میں کم از کم 5 سیر پانی سماتا ہو ڈال کر ایک تھالی سے منہ بند کر کے کنارے آٹے سے مضبوط بند کریں اور تھالی پر جس قدر ممکن ہو بھاری بوجھ رکھیں کہ آنچ کم و بیش نہ ہو' اگر بے احتیاطی سے زیادہ آنچ دی گئی تو بھاپ کے زور سے دیگچہ نیچے گر پڑے گا' تیسرے روز آنچ دینا بند کریں' چوتھے روز کھولیں' سبز رنگ کا گھی جو اوپر تیرتا ہوا ہاتھ سے اٹھا لیں' باقی تمام کو ایک موٹے مضبوط کپڑے میں باندھ کر خوب نچوڑیں (کپڑے میں چھاننے سے پیشتر گرم کرنا چاہئے' تاکہ گھی پگھل کر اچھی طرح بر آمد ہو) پھر ایک دو گھنٹہ رہنے دیں۔ بعد جس قدر گھی ہو اٹھا لیں' پھر اس گھی کو اور اگلے گھی کو صاف کر کے باقی ادویہ باریک کپڑ چھان میں اچھی طرح ملا دیں' پھر مصری کا قوام دے کر اس میں ملا لیں' پس معجون خوبصورت زردی مائل لذیذ' خوشبودار تیار ہو گا' خوراک 3 ماشہ' ہمراہ دودھ' اس معجون کا نام معجون فلک سیر ہے' آزمانے سے تعلق رکھتا ہے' اس کے بنانے میں بہت احتیاط ہونی چاہئے خصوصاً گھی پکانے اور قوام تیار کرنے میں نرم و بھر بھرا ہوتا ہے۔

حلوائے موچرس

زعفران 3 ماشہ' جائفل 9 ماشہ' جاوتری' دار چینی' 10 ماشہ' الائچی چھوٹی کے بیج 10 ماشہ' لونگ 10 ماشہ' سونٹھ 10 ماشہ' **لینڈیا پیپل** 10 ماشہ' اونٹ کٹارہ کی جڑ کی چھال 2 تولہ **تالمکھانہ** 2 تولہ کالی موصلی 2 تولہ' مجیٹھ 2 تولہ' گوند ڈھاک 1 تولہ' اونٹگن کی گری 2 تولہ' کھوپہ ڈیڑھ تولہ' پستہ کی گری 5 تول' چلغوزہ کی گری 5 تولہ' اخروٹ کی گری 2 تولہ' بادام کی گری 5 تولہ' موچرس 10 تولہ' **سنگھاڑہ** کا آٹا 13 تولہ' گیہوں کا نشاستہ 10 تولہ' شہد خالص 10 تولہ گائے کا گھی ___ مار گائے کا دودھ ڈیڑھ مار' مصری 2 مار' چاندی کے ورق 8 عدد سونے کے ورق 2 عدد پھلی سنگھاڑہ اور موچرس و گندم کے نشاستہ اور ارد کی دال کو باریک پیس کر اور چاروں چیزوں کا سفوف مل کر مثل حلوہ کے ہو جائے تو باقی سب ادویات کا سفوف ڈال دو اور تھوڑی دیر مل کر چولھے سے اتار لو' پھر اس میں چاندی اور سونے کے ورق ڈالتے جاؤ اور حل کرتے جاؤ' مقدار خوراک 2 تولہ صبح کے وقت پاؤ سیر گائے کے دودھ کے ساتھ کھایا کرو یہ حلوہ قوت باہ

پیدا کرتا ہے، منی کو گاڑھا کرتا ہے، گردہ کو طاقت بخشتا ہے، درد کمر کے واسطے نہایت عمدہ ہے تیل اور ترشی اور کچی مٹھائی، اور صحبت سے پرہیز لازم ہے، جب تک کہ دوائی کو برتا کریں۔

معجون مغلظ منی

دودھ گائے ایک سیر، ترنجبین خراسانی پاؤ سیر، شکر سفید پاؤ سیر، ان کو قوام کر کے موصلی سفید 4 تولہ، بہمن سفید 2 تولہ، ملا کر باحتیاط رکھیں، اور ایک تولہ صبح اور ایک تولہ وقت شام کھائیں یا کھلائیں

فائدہ: یہ منی بدرجہ غایت گاڑھا کرتی ہے اور پیدا کرتی ہے، جریان کو مفید بہت مرتبہ تجربہ کیا جا چکا ہے۔

جوارش ممسک دافع جریان، سرعت، وہم، و دافع بواسیر

سنبل الطیب 7 ماشہ، برگ سداب 7 ماشہ، آملہ مقشر 7 ماشہ، نانخواہ 9 ماشہ، ہلیلہ سیاہ 9 ماشہ، پوست ہلیلہ 9 ماشہ، سعد کوفی 6 ماشہ، تج 6 ماشہ، اسگند ناگوری 6 ماشہ، خبث الحدید مدبر 4 ماشہ، بسد محرق 2 ماشہ، کنجد مقشر 10 ماشہ، دانہ الائچی کلاں 1 تولہ، مغز بادام شیریں 2 تولہ، روغن زرد میں ہلیلہ جات چرب کر کے سب ادویہ کوٹ چھان کر عسل صاف میں جوارش تیار کر لیں، مقدار خوراک ایک تولہ۔

معجون عباسی

مرض جریان کہنہ سے کہنہ کے لئے مفید ہے، رقت و سرعت کا شرطیہ علاج ہے، خولنجاں 1 تولہ، ستاور 1 تولہ، تال مکھانہ 1 تولہ، موصلی سیاہ 1 تولہ، موصلی سفید ایک تولہ، ست گلو ایک تولہ، اسگندھ ناگوری 1 تولہ، گوند ڈھاک 1 تولہ، گوند کتیرا 1 تولہ، موچرس 1 تولہ، سمندر سوکھ 1 تولہ، مصطگی رومی 1 تولہ، بہمن سفید 1 تولہ، شقاقل مصری 1 تولہ ثعلب مصری 1 تولہ، الائچی خورد 1 تولہ، شکر سفید ہموزن، شہد خالص 40 تولہ، اول قوام بنا کر تیار کریں، جب پورے طور پر قوام پختہ ہو تو نیچے اتار کر جملہ ادویات ملا کر رکھیں بوقت ضرورت بقدر 6 ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ کے استعمال کریں، انشاء اللہ بہت ہی مفید ہے۔

حلوائے مقوی

نہایت مجرب و مبہی و مسمن و مغلظ و مشتہی و ممسک و مقوی اعضائے رئیسہ ہے، وہ نسخہ ہے کہ جس کی ساری دنیا کو جستجو رہتی ہے، یہ نسخہ بھی دعویٰ کا ہے، اور روساء کے لائق استعمال ہے، نوے سالہ فرتوت کو جوان بنا دیتا ہے، اتنی قوت پیدا ہوتی ہے کہ بیان سے باہر ہے یہ نسخہ حلوا قابل استعمال ہر موسم و ہر مزاج و ہر عمر، جس میں ذیل کی صفتیں موجود ہیں، مقوی اعضائے رئیسہ و مقوی باہ، دافع ضعف دماغ باعث بصارت چشم، دافع نزلہ، مغلظ منی، ممسک، مقوی دل و جگر، مولد خون صالح دافع یبوست دماغ، پیشاب کی زیادتی کو بھی روکتا ہے، اور مشتہی ہے، ساگودانہ 5 تولہ سائیدہ جس کو آب ریش برگد میں تر کر کے سایہ میں خشک کیا ہو، مروارید ناسفتہ 2 ماشہ جس کو عرق کیوڑہ میں حل کر کے خشک کیا ہو، مرا سیب سائیدہ 10 تولہ، نخود بریاں مقشر 5 تولہ، خمیرہ گاؤ زبان 10 تولہ، مشک 1 ماشہ، موصلی سفید 10 تولہ مصری 1 سیر مربہ گزر 10 تولہ، مغز نارجیل 5 تولہ، مغز اخروٹ 5 تولہ، تخم خرفہ سائیدہ 1 تولہ، ورق نقرہ 16 عدد، ورق طلاء 16 عدد، پنیر مایہ شتر 2 تولہ، چھالیہ جو شیر یعنی دودھ میں سائیدہ کی گئی ہو، زعفران عمدہ 3 ماشہ، الائچی خورد 21 عدد، مغز بادام 15 تولہ، روغن زرد ایک سیر، شہد خالص 10 تولہ بہ ترکیب ذیل حلوا تیار

کریں، اول روغن زرد کو کڑاہی آہنی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور یہاں تک گرم کریں کہ روغن کے جھاگ سرخی مائل ہو جائے، احتیاط ملحوظ ہے کہ جھاگ سیاہی مائل نہ ہو جائے، روغن کو آگ سے اتار لیں اور اس میں ایک سیر مصری ملا کر خوب یک جان کریں، بعدہ پنیرمایہ شترا چھی طرح آمیز کر کے دیگر اجزا بہ استثناء مروارید مربے جات، نخود موصلی مشک، ورق طلا و نقرہ خمیرہ گاؤ زبان کے داخل کر کے آگ پر چڑھائیں اور حلوا تیار کریں، اور یہ اجزاء بعد پخت حلوا اسمیں ڈال دیں۔

معجون مقوی باہ و اعضائے رئیسہ ہے

بدن کو موٹا اور پٹھوں کو مضبوط کرتی ہے اور مغلظ منی ہے مغز اخروٹ، مغز چلغوزہ، مغز حب المحلب، فلفل، مغز پنبہ دانہ، مغز حب السمنہ مغز نارجیل، مغز پستہ، مغز بادام، مغز فندق، مغز خستہ، مغز حب الخضراء مغز حب الزلم تخم خرپزہ، خشخاش سفید، مغز تخم کدوئے شیریں، مغز حب قرطم، خرما، مغز بندق ہندی ہر واحد تولہ، ثعلب مصری، جندبیدستر سوہان کردہ، پنیرمایہ شتر زریگ ماہی ہر واحد 2 تولہ، کبابہ، قرنفل (لونگ) خولنجاں، دار چینی، جائفل، جاوتری، عود غرقی، بہمنین، تودرین، بوزیدان، سورنجاں، نارمشک، فرنجمشک، زرنب گاؤ زبان، گل گاؤ زبان، الائچی دانہ، شقاقل لسان العصافیر، خسک مربی ہر واحد ایک مجقال مصطگی، سنبل الغیب، سعد کوفی، شہد انج، دروونج عقربی، زرنباد مغاث، بلبون، زنجبیل دار فلفل، عقرقرحا، تخم انجرہ، صندل سفید گھسا ہوا، زعفران، کتھا، تخم شلغم، تخم پیاز، تخم گزر، جوز جندم بزرالبنج، بیخ الفاح ہر واحد ایک تولہ، مایہ شتراعرابی دو تولہ، موصلی، سنبل، تالمکھانہ بریان، اسگند، ستاور حرمل بریان، مغز تخم کونچ، چینا گوند، میدہ چوب، سمندر سوکھ، تخم اونٹگن، ہر واحد دو تولہ، مشک عنبر ہر ایک چھ ماشہ، سونے کے ورق 3 ماشہ، ورق چاندی 6 ماشہ، مربہ آملہ بنارسی تخم دور کردہ پانچ عدد، شہرت انار شیریں ولائیتی آدھ سیر انگریزی شہد و شکر تری ہموزن ادویہ سے تین گناہ زیادہ، آدھا پاؤ روغن بھی بڑھا دینا چاہیے، تاکہ اس سے پہلے ادویہ کے سفوف چرب ہو سکیں۔

جوارش محمد شاہی

جو نہایت مقوی اعضائے رئیسہ و باہ و مولد و مغلظ منی ہے، سختی بھی لاتی ہے روح غریزی کو قوت دیتی ہے، اور باہ کو برانگیختہ کرتی ہے۔

اس کا نسخہ 1857ء کے غدر میں جناب حکیم عبدالمجید خاں صاحب منطقی عظیم آبادی کو ملا تھا، ان سے زمانہ بعید کے بعد یہ نسخہ ہاتھ آیا، جو دو مرتبہ بنایا بھی گیا اس کے اثرات اور توصیف کو کلمہ" بیان کرنا موجب تطویل ہے۔

نہ گنجد دریں تنگ میداں کتاب

نسخہ: تخم اونٹگن، تخم نیلوفر، کباب چینی، بہمن سرخ، بہمن سفید، اترج، برگ گلاب دار ہلد، تخم کتاں، ہوس، بزر قطونا، تودری سرخ، تودری سفید، مغز پنبہ دانہ، موصلی سفید، موصلی سیاہ، شادنج تخم کنول گٹہ، تخم سنگھاڑہ، بیخ ستاور، شقاقل مصری، ثعلب مصری، کہربائے شمعی برادہ صندل سفید، ابریشم مقرض، گل گاؤ زبان بزر قاقلہ صغار، بزر قاقلہ کبار، طباشیر کبودان کو دس دس تولہ لے کر باریک پیس کر پارچہ بیز کر لیں، ورق طلاء 6 ماشہ، ورق نقرہ 2 تولہ، مشک خالص 6 ماشہ، زہر مہرہ خطائی 2 تولہ، سنگ یشب 2 تولہ، شاخ

مرجان 2 تولہ، جندبید ستر 2 تولہ، ان سب کو عرق گلاب وزن مناسب میں چار بار خوب کھرل کریں، روح انار شیریں 20 تولہ بادام 20 تولہ، روح موز شیریں 20 تولہ، عرق سفر جل 20 تولہ، عرق انگور 20 تولہ، عرق بید مشک 20 تولہ، عرق کیوڑہ 20 تولہ، قند سفید 32 تولہ کا انہیں عرقوں میں قوام کرکے اس میں سیب کا مربہ 4 عدد دو آملہ کا مربہ 7 عدد، اور قلعی کا کشتہ 6 ماشہ، اور مروارید کا کشتہ 4 ماشہ اور سیم کا کشتہ 4 ماشہ، اور طلاء کا کشتہ 4 ماشہ تمام دواؤں میں ملا کر برسم معروف جوارش بنالیں، قدر شربت حسب رائے طبیب و برداشت طبع 3 ماشہ سے 5 ماشہ تک ہمراہ شیر گاؤ کے استعمال میں لائیں۔

معجون گوکھروپاک برائے جریان و امساک

گوکھرو آدھ سیر لے کر باریک پیس کر ایک سیر روغن گاؤ میں ملاویں اور پانچ سیر دودھ میں پکاویں جب قوام یا کھوا سا بن جائے تو پیلکوی مرچ سیاہ جائپھل سمندر سونٹھ، الائچی کافور بھیک سنگی، پترج، دار چینی، زرد چوب، کٹھ تالمکھانہ افیون ہر ایک 2 درم ان ادویہ سے نصف بھنگ سب باریک پیسکر اس کھویہ میں ملا کر رکھیں، اور چار سیر مصری کا قوام بنا کر سب ادویہ مذکورہ کو ملالیں، خوراک 5 درم تک۔

معجون برائے جریان و سرعت منی کو بے حد غلیظ کرتی ہے

خصیتہ الثعلب موصلین، چوب میدہ، پوست بیخ اونٹ کتارہ، زرد گل کمد 2 تولہ، مصطگی رومی 2 تولہ، بجز مصطگی کے سب اشیاء کو باریک کرکے کپڑے میں چھان لیں، قلعی دار برتن میں آدھ سیر شیر گائے میش میں خمیر کر دیں، دوسرے روز صبح سوا سیر شیر اور ڈال کر نرم آگ پر پکاویں کہ سخت کھویہ سا بن جائے اور رطوبت کا کچھ بھی اثر باقی نہ رہے بلکہ ادویہ کسی قدر بھن جائیں، مصطگی کو پانی میں حل کرکے اس میں ملا دیں، خوب اچھی طرح کہ ایک ذات ہو جائے بعد ازاں مٹی کو تازہ طشتریوں کو روغن زرد سے چپڑ کر مذکورہ کھویا تھوڑا تھوڑا ان میں ڈال کر فرنی کی طرح جمادیں، جب خشک ہو جائیں تو ہموزن شکر ملا کر رکھ لیں، خوراک 2 ماشہ پاؤ سیر دودھ کے ہمراہ ممسک بھی ہے، بے حد موثر چیز ہے، ہمارے معمولات میں سے ہے۔

معجون برائے جریان و قوت باہ

بہمن سرخ، بہمن سفید، موصلی، سیاہ، تودری سفید، تودری سیاہ ثعلب مصری، شقاقل مصری، مصطگی رومی، ریگ ماہی، خراطین مصفی، تخم گزر، تخم شلجم، تخم پیاز، بابہ شتر اعرابی، جندبید ستر جاوتری، بیر بہوٹی مالکنگنی، اسگند ناگوری، خولنجاں، تالمکھانہ خورد، تخم تمر ہندی مقشر، بیج بند، صمغ عربی، صمغ ڈھاک ان سب کو چھ چھ ماشہ مساوی الوزن لے کر باریک کرلیں، پہلے مغز بادام شیریں 3 تولہ مغز اخروٹ، مغز چلغوزہ مغز فندق ہر ایک 2 تولہ، مربہ ادرک ثمار، مربہ ثعلب مصری ثمار گاجر، ثمار، کے پانی اور عرق بید مشک آدھ سیر میں پیس کر چھان کر شہد خالص آدھ سیر، ریگ ماہی 5 عدد، زردی بیضہ مرغ نیم برشت 25 عدد ڈال کر قوام کرکے اوپر کے سفوف و ملا کر ورق نقرہ 6 ماشہ، ورق طلاء 6 ماشہ حل کرکے مشک خالص 2 ماشہ، زعفران خالص محلول 3 ماشہ ڈال کر معجون تیار کریں، خوراک ایک تولہ سے 2 تولہ تک ہمراہ دودھ۔

معجون مفرح حیات

مفرح کے بہت سے نسخہ جات اکسیر اعظم میں درج ہیں مگر ذیل میں جو نسخہ درج کیا جاتا ہے، وہ بار بار

کے تجربہ کے بعد صحیح معلوم ہوا ہے، خصوصاً وہ لوگ جو کسی قسم کی مقوی دوائی کھا کر پریشان ہوتے ہیں، نہ ان کو سرد دوائی موافق آتی ہو نہ گرم سے نفع ہوتا ہو ان کے لئے واقعی آب حیات ہے، بلا کسی قسم کے ہیجان و جوش پیدا کرنے کے اصلی و صحیح طاقت پیدا کرتی ہے طلباء اور دماغی کام کرنے والوں کے لئے بہتری مقوی دماغ دوائی ہے، دل و باہ کو تقویت دینے میں بے نظیر ہے، اگست کے مہینے میں سبز بھنگ کو اس وقت لیں جبکہ ابھی بیج پختہ نہ ہوئے ہوں، برگ بھنگ سبز ایک سیر کو 4 سیر دودھ میں رات کو بھگو کر صبح جوش دیں اور صاف کر کے اس دودھ میں ایک پاؤ گھی داخل کر کے پھر آگ پر رکھیں اور جوش دیتے رہیں، یہاں تک کہ گاڑھا قوام ہو جائے، پھر نیچے اتار کر سرد کریں ضامن لگا کر دودھ کو جمائیں صبح بلو کر مسکہ نکال لیں، اس مسکہ میں ادویات ذیل کوٹ چھان کر شامل کریں مشک خالص ایک ماشہ ورق نقرہ چار ماشہ بہمن سفید بہمن سرخ، کبابہ ہر ایک 6 ماشہ، ثعلب مصری شقاقل، دانہ ہیل، دار چینی جوزبوا قرنفل، گل سرخ، زنجشک، صندل سفید، تخم بادیاں، تودری سرخ و زرد، بسباسہ زعفران ہر ایک ایک تولہ، مغز بادام، تخم خشخاش گلاب ہر ایک ایک پاؤ عسل سفید، قند سفید، ہر ایک ڈیڑھ سیر حسب ترکیب معجون تیار کریں اتارتے وقت مسکہ ملا لیں، خوراک ایک سے 2 ماشہ تک باہ امساک پیدا کرتی ہے، مشہتی مفرح اور مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔

معجون مقوی معدہ و اعضائے رئیسہ

مربہ آملہ بنارسی، مربہ سیب، مربہ ہی مربہ گاجر ہر ایک ایک پاؤ گل سرخ عود ہندی مصطگی رومی الائچی خورد، زہرہ مہرہ، گل سیوتی، پوست ترنج، سنبل الطیب، طباشیر ابریشم مقرض خام، برادہ صندل سفید زرشک ہر ایک 5 ماشہ، گل گاؤ زبان 1 تولہ کشتہ نقرہ تولہ، مربوں کو گھوٹ لیں اور ادویات کو باریک کر کے ان میں حل کر دیں اس میں سے ایک تولہ روز ہمراہ بدرقہ مناسب دیں، بخاروں کے بعد کی کمزوری میں شریف مزاج عورتوں و مردوں کے لئے خاصہ کمزوری کو دور رکھنے میں بہت ہی مفید و مجرب ہے۔

حلوا مقوی باہ: دل و دماغ و جگر کو بہت مفید ہے، چالیس روز کھانے سے جوانی کا مزہ آتا ہے، جوان سے لیکر پیر سن تک مفید ثابت ہوا ہے، غرض قوت باہ کا شوق ہو تو تکلیف اٹھا کر ضرور تجربہ کریں، ملک سندھ میں بہت سے امیر و غریب کھاتے ہیں موسم سرما کا یہ بھی ایک تحفہ ہے، آرد گندم، 40 تولہ، آرد نخود 40 تولہ، دونوں ایک سیر روغن گاؤ میں نرم آگ پر بریاں کریں بعد دار چینی 6 ماشہ، خولنجاں 6 ماشہ، بہمن سفید 6 ماشہ، شقاقل 6 ماشہ، دانہ الائچی کلاں 9 ماشہ عود صلیب 6 ماشہ خولنجاں 6 ماشہ، بوزیدان 6 ماشہ، جوتری 4 ماشہ، ثعلب مصری 4 ماشہ، زنجبیل 4 ماشہ، مشک 3 ماشہ، پستہ 2 تولہ، مغز بادام 2 تولہ، مغز فندق 2 تولہ، نارجیل 2 تولہ، مغز چلغوزہ 2 تولہ، مصری سفید ڈیڑھ سیر، شہد 4 تولہ، مصری و شہد کا قوام کر کے رکھ چھوڑیں، جبکہ آرد گندم وغیرہ بریاں ہو چکے تو قوام میں ڈال کر چمچہ سے لت پت کریں، جبکہ نیم پختہ ہو تو جملہ اجزا کا سفوف بنا کر ڈال کر چمچہ سے خوب اچھی طرح ہلا دیں، جب مثل حلوا، پختہ ہو تو نیچے اتار کر کسی چینی کے برتن میں رکھیں، خوراک 2 تولہ، صبح 2 تولہ شام کو کھاویں انشاءاللہ بہت جلدی طاقت عود کر آئے گی پرہیز ترشی مچھلی تیل کا کریں۔

حلوائے کنوار گندل دافع سستی و قوت باہ

کنوار گندل کا گودہ بیس تولہ، پنیر مایہ شتر اعرابی 14 تولہ، شہد خالص ایک سیر روغن زرد ایک سیر عرق

پیاز 4 تولہ' عرق ادرک 20 تولہ' شیر گاؤ دو سیر جائفل 2 تولہ' زعفران 6 ماشہ' جاوتری 2 تولہ' مشک اصلی 4 رتی' ترکیب ساخت حلوا یہ ہے پہلے دودھ کو تیز آگ پر رکھا جائے اور کفگیر برابر چلتا رہے' تاکہ ملائی جمنے اور ہاتھ بالکل نہ رکے جس وقت نصف دودھ رہ جائے اس وقت گودا کنوار چھوڑا جائے بعد پندرہ منٹ کے پنیر مایہ چھوڑ دی جائے' اور آگ کم کر دی جائے' چند منٹ بعد روغن زرد اور چند منٹ بعد عرق اور چند منٹ بعد جائفل چند منٹ بعد جاوتری چند منٹ بعد زعفران' مشک حل کر کے ڈالا جائے' اور کفگیر برابر چلتا رہے' جبکہ روغن زرد قوام چھوڑ دے اور سرخی آجائے تب اتار لیا جائے خوراک ایک تولہ صبح کو یہ حلوا نذکور نہایت مقوی ہے بیسیوں حلووں کا یہ ایک ہی حلوا ہے جاڑوں کے موسم میں اس کا استعمال نہایت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔

مفرح فیروز نوش ممسک جہانگیری

جن لوگوں کے اعضائے رئیسہ بہت کمزور ہوں ان کو یہ کشتہ سم الفار مندرجہ ذیل علاج کے ساتھ دیا جاتا ہے' کبھی حسب ضرورت فولاد' مفرح اور کشتہ سم الفار' دیا جایا کرتا ہے' کوئی شخص ان تینوں کو ملا کر پانچ سات دن کھانے سے اور کبھی ایک خوراک کھانے سے ہی مریض بہت سا فرق محسوس کر لیتا ہے۔

زعفران بہمن سفید' بسباسہ درونج عقربی ریوند خطائی ہر ایک ایک تولہ' شقاقل 2 تولہ' الائچی خورد ایک تولہ' قرنفل ایک تولہ' لوبان کوڑیہ 3 تولہ' اندر جو 3 تولہ' جوزا لطیب 3 تولہ' مغز بادام مقشر 10 تولہ بہمن سرخ ایک تولہ' کبابہ ایک تولہ' ثعلب 2 تولہ' گل سرخ 2 تولہ' فرنجمشک 2 تولہ' صندل سفید 2 تولہ' تخم بلیون 3 تولہ' تودری سرخ 2 تولہ' تودری سفید 2 تولہ' گل ارمنی 1 تولہ' طباشیر 3 تولہ' ابریشم مقرض خام 2 تولہ کستوری 3 ماشہ' کہربا ایک تولہ' مایہ شتر اعرابی 6 ماشہ' کشتہ نقرہ تولہ' کچلہ مدبر 4 تولہ' افیون مدبر 3 تولہ' یاقوت مدبر ایک تولہ' روغن شب 5 تولہ' روغن زرد پاؤ بھر کشتہ' علیحدہ باریک پیس لیں' روغن زرد میں چرب کر لیں پھر چینی تین پاؤ شہد کو دونوں عرقوں میں ملا کر قوام معجون کا تیار کر لیں اور مفرح بنا لیں۔

خوراک اس مفرح کی 6 رتی سے ایک ماشہ تک ہے بعض کو خوب گرمی خشکی کرتی ہے اور دو تین سیر دودھ اور ایک پاؤ گھی روزانہ ہضم ہو جاتا ہے' جن کو شراب اور دیگر نشی اشیاء کی عادت ہو ان کو ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک دی جاتی ہے' زیادہ ہرگز نہ دیں ورنہ خطرہ ہے فوائد اس کے ظاہر ہیں اس میں 2 چاول کشتہ فولاد ایک چاول کشتہ سم الفار ملا کر دیا جاتا ہے۔

اطریفل عجیب در تقویت دماغ عدیل ندارد اور ہر مزاج کو موافق ہے

پوست ہلیلہ زرد' پوست ہلیلہ' پوست آملہ ہر ایک 4 تولہ' مغز بادام مغز کدو مغز تربوز' مغز تخم خربزہ' مغز تخم خیارین' مغز نارجیل' تخم خشخاش ہر ایک تین تولہ الائچی خورد' الائچی کلاں' طباشیر خطمی' خبازی کاہو' بادیان ہر ایک 7 ماشہ' کشنیز مقشر' کتیرا' صمغ عربی ہر ایک 1 ماشہ' اسطوخودوس' گل سرخ' گاؤ زبان ہر ایک 9 ماشہ' ورق نقرہ ایک دفتری' نبات سفید ڈیڑھ چند' عسل مصفی ایک چند' علی الرسم اطریفل بنائیں خوراک 6 ماشہ سے تولہ تک۔

یاقوتی یوسفی

مغز چلغوزہ 3 تولہ 'مغز اخروٹ 3 تولہ 'مغز بادام 6 تولہ 'بیخ زعفران 1 تولہ 'گل بابونہ 2 تولہ 'مویز منقی 5 تولہ 'فلفل دراز 1 تولہ 'زنجبیل 1 تولہ 'ورق نقرہ 6 ماشہ 'ورق طلاء 3 ماشہ 'کشتہ فولاد 1 تولہ 'کشتہ مرجان 1 تولہ 'کشتہ عقیق 1 تولہ 'کشنیز 1 تولہ 'کنہرا دو تولہ 'موصلی سفید 2 تولہ ثعلب 2 تولہ 'بہمن 4 تولہ 'کچلہ مدبر 2 تولہ 'تمام کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے اور شہد میں ملا کر معجون بنا لیں جب دماغ کمزور ہو یا جن آدمیوں کا دماغ اور پٹھے کمزور ہوں 'اعصابی خرابیاں ہوں 'کمی بھوک ہو مادہ تولید کمزور اور پتلا ہو کر کی کمزوری 'ہو نسیان کا عارضہ ہو ریزش وزکام ہمیشہ تنگ کرتے ہوں 'ان کے لئے یہ نسخہ تیر بہدف و مجرب ہے 'خوراک 6 ماشہ 'دودھ سے کھائیں اس کے اجزاء پر غور کرنے سے اس کے عام فوائد معلوم ہو سکتے ہیں 'بوجہ ورق طلاء تین ماشہ کے لاگت زیادہ ہے 'مگر فوائد کمال تک ہیں۔

معجون مقوی جو ضعف باہ اور تقویت اعضائے رئیسہ کے لئے مفید و مجرب ہے

مغز بادام 'مغز چلغوزہ مغز بلادر مدبر اسگند ناگوری 'خولنجاں 'عقرقرحا ہر ایک 2 تولہ زعفران 'بسباسہ 'تخم زردک 'تخم انجرہ 'تخم کونچ 'ہر ایک تولہ تخم ہلیون اصلی مصطگی رومی دار فلفل ہر ایک ڈیڑھ تولہ 'کندر مقشر 'سمندر سوکھ 'مشک تبتی ہر ایک 6 ماشہ 'قند سفید 50 تولہ۔ عسل کف گرفتہ 150 تولہ 'بدستور مشہور معجون بنائیں 'ابتدا میں چند روز تک 3 ماشہ صبح و شام دودھ کے ہمراہ دیں 'بعد بتدریج اس کی مقدار خوراک بڑھا کر 6 ماشہ صبح و شام بدستور استعمال کریں دوران استعمال میں مباشرت اور حقہ نوشی وغیرہ سے پرہیز کریں۔

دوائے عجیب مقوی دماغ

کھویا شیر گاؤ یا بھینس ایک سیر پختہ روغن زرد ایک سیر پختہ مصری دو سیر پختہ کو روغن زرد میں بریان کریں اور مصری ڈال کر قوام کر کے مغز بادام 'مغز کدو 'مغز پستہ 'مغز پنبہ دانہ ہر ایک 19 تولہ دانہ الائچی 'کشمش گری (نارجیل) ہر ایک 10 تولہ 'زعفران عمدہ ایک تولہ 'سب کو قوام میں ملا کر خوب آمیز کریں 'اور اتار کر ایک سالم دفتری ورق نقرہ ملا دیں اور کسی روغنی برتن میں محفوظ رکھیں اور صبح و شام بقدر 8 '10 تولہ تک کھلایا کریں یہ کھویا قوت باہ اور ضعف دماغ کے واسطے تیر بہدف ہے 'امیر لوگوں کو اسے ضرور استعمال کرنا چاہئے۔

بیان دوسرا

مقوی باہ وبدن اغذیہ

غذا سے دوائی یعنی وہ اشیاء مقوی باہ وغیرہ جو کہ غذا کی غذا ہیں' اور دوائی اثر بھی رکھتی ہیں۔ یہ پاکوں کی بھی ایک قسم ہو سکتی ہے' مگر ہم نے علیحدہ اس کو چھانٹ کر دے دیا ہے' کیونکہ اکثر لوگ مقوی دوائیں بنایا کرتے ہیں۔

رتی ونود مودک یا گیہونکے لڈو

گیہوں تو آپ روزانہ کھاتے ہیں' مگر لیجئے ہم گیہوں کے لڈو بتلاتے ہیں' جو ہر شخص تھوڑی سی محنت سے اپنے گھر میں تیار کر سکتا ہے' یہ لڈو بدن کو بڑھاتا ہے اور تازہ کرتا ہے باہ بڑھاتا ہے' دماغ کو قوت دیتا ہے۔ لکھا ہے۔

اتیہنت: کام کی بردھی ہوتی ہے اور ستریوں کو اتیہنت سکھ اپتن ہوتا ہے۔

مصری سفید 100 تولہ گھی 50 تولہ' شہد 25 تولہ گائے کا دودھ 5 تولہ' عمدہ گیہوں کا آٹا 100 تولہ' سب کو اکٹھا کر کے نرم آنچ پر پکاوے حتیٰ کہ بالکل ہی پک جائے کچا رہنے سے جلدی خراب ہو جاتا ہے' پس ایک ایک چھٹانک کے لڈو بناوے ایک یا دو روزانہ رات کو کھایا کریں' مرد اور عورت میں محبت بڑھے۔

چرڑا مقوی ومغلظ

تالمکھانہ کے چاول اور تل برابر وزن لے کر پیس کر شہد میں گوندھ کر توے پر گھی لگا کر رکھیں اور الٹا پلٹا کر پکا لیوے یا مانند پوڑے کے پکاوے' ان کو کھانے سے کام بہت بڑھتا ہے مبہی ہے' سرعت اور جریان و احتلام کو نافع ہے روزانہ تازہ بتازہ کا انتظام کیا جا سکتا ہے یعنی تالمکھانہ کو کوٹ کر اس کے چاول نکال رکھے اور تل بھی پیس لیوے' اور صبح و شام 2 تولہ لیکر شہد ملا کر دو چار چھوٹے چھوٹے چرڑے (چھوٹے پوڑے) بنا کر کھاوے۔

نسخہ لڈو جو کہ نہائت ہی مقوی ہے

مغز کدو' مغز تربوز' مغز پیٹھا' مغز گھیا' مغز خربوزہ' مغز کھیرہ' مغز ککڑی' مغز کاہو' ہر ایک 10'10 تولہ کیکر کا گوند 1/2 سیر کھانے کی کھیل 20 تولہ' ان تمام چیزوں کو گھی میں تل لیویں' اتنا ہی بھونیں کہ کوٹنے سے باریک ہو جائیں کل مغزیات کو ایک جگہ اور گوند و کھانہ کو جدا جدا بھونیں' پھر خوب بھون کر اور کوٹ کر سب کو ملا دیں اور دو سیر مصری کی چاشنی کریں' اور تار بندھنے پر سب کی سب چیزیں ملا دیں اور 5 تولہ دانہ الائچی خورد بھی ڈال دیں' اگر چاہو تو کسی قدر مغزیات بھی ڈال سکتے ہیں ان سب کو ملا کر خوب سرد ہونے پر دو دو تولہ کے لڈو باندھ لیں خوراک ایک لڈو' اور جو زیادہ ہضم کر سکے وہ زیادہ بھی کھا سکتا ہے' اور جس کو ایک بھی برداشت نہ ہو وہ اس سے بھی کم کھاوے' اوپر سے نیم گرم دودھ مصری ملا کر پیوے' یہ تو مزاج کے موافق آجاتے ہیں' اور ہر موسم میں کھائے جا سکتے ہیں بچوں کو بازاری لڈوؤں کی

بجائے ہی لڈو دیا جائے' تو خوب طاقتور بنا دیتا ہے اور ہر موسم میں جو صاحب کھاویں گے' تو ان کو درد سر اور کمر کا عارضہ نہ ہو گا' یہ ایک قسم کی اعلیٰ رسائین ہے' اور از حد عمدہ و مزیدار بنتے ہیں۔

مقوی دماغ و مغلظ منی اور مقوی جسم پنیاں

جو لوگ سردیوں میں کوئی خاص دوائی نہیں صرف طاقت کے واسطے کچھ نہ کچھ کھانا چاہتے ہیں' ان کے واسطے یہ غذا دوائی ہے' کیونکہ خوراک بھی ہے اور دوا بھی سردیوں میں راتیں بڑے ہونے کے سبب صبح ہی بھوک لگتی ہے' ناشتہ کے وقت صبح اس کو چھٹانک یا آدھ پاؤ کھا لیا جائے تو بہت ہی فائدہ مند ہے' اور سردیوں میں ہر کوئی کچھ نہ کچھ بنواتا ہے' اور تجربہ سے سب کو مفید معلوم ہوئی ہیں اور بہت ہی لذیذ ہوتی ہیں' دال ماش دھلی ہوئی کو لے کر چکی میں پیس لیں یہ آٹا ماش 3 سیر گھی 3 سیر گوند کیکر پاؤ گوند ببھبری پاؤ' مغز بادام پاؤ' چار مغز آدھ پاؤ' ناریل چھٹانک' الائچی خورد چھٹانک' کشمش آدھ پاؤ' پستہ ایک چھٹانک کھانڈ 4 سیر کھویہ ایک سیر' گھی کو آگ پر گرم کریں اور گوند لے کر ڈال دیں' جب یہ پھول کر تلی جائے' اور سرخی آجائے تو فوراً" نکال لیں' پھر گوند ببھبری ڈال دیں' یہ ڈالتے ہی پھول جاتی ہے' خیال رہے کہ جل نہ جائے' اس کو بھی نکال کر علیحدہ رکھ لیں' مغز بادام پانی میں بھگو کر چھیل لیں' اور کشمش کو دھولیں اور پستہ کو چھوٹا چھوٹا کریں' ناریل کو کتریں۔

پھر گھی میں آٹا دال ماش کا بھونیں' جب نصف بھن جائے' تو کھویا ڈال دیں' اور بھونیں جب یہ سب سرخ ہو جائے' تو مندرجہ بالا تمام چیزیں ملا کر ساڑھے چار سیر چینی کی چاشنی ایک تاری کر کے سب اس میں ڈال دیں' اور علیحدہ رکھیں جب سرد ہو کر گاڑھی ہو جائے' تو پنیاں بنا دیں' اور ایک چکنے برتن میں رکھیں' اور ورق سونا اور چاندی جو ملانا چاہیں ملائیں' اور چھٹانک یا آدھ پاؤ تک کھایا کریں' اوپر سے دودھ پئیں تو بہتر ہے' اس سے بیرج گاڑھا ہوتا ہے' دماغ کو طاقت پہنچتی ہے' اور سردرد جو کمزوری دماغ کی وجہ سے ہو دور ہو جاتی ہے۔

گلاب جامن مقوی باہ

ست گلو' ستاور' تخم کونچ' موصلی سیاہ' سب کو ہموزن لے کر کوٹ چھان لیں' اور خالص پانی میں گوندھ کر ٹکے ٹکے بھر کی گلاب جامن بنا کر روغن زرد میں تل لیں' اور شہد میں ڈال کر رکھیں' ایک صبح اور ایک شام چالیس روز تک کھائیں' ترشی' گڑ' تیل' مرچ سرخ کا پرہیز کریں' نیز مجامعت سے علیحدہ رہیں۔

پوری مقوی باہ

جو۔ گیہوں' چاول' اڑد کا آٹا لے کر اس میں تھوڑی پیپل ملا کر اور دودھ میں گوندھ کر گائے کے گھی میں پوری تل کر کھایا کرے' اور اس کے پیچھے دودھ شکر سفید ملا کر پیوے' یا الگ دودھ میں ملا کر کھاوے' تو یہ مقوی باہ ہے' اور ویرج کو گاڑھا کرتی ہے پیپل ہونے کے باعث بھاری بھی نہیں ہے' واجی کرن کلپ درم نامی کتاب میں تو لکھا ہے کہ جس گھر میں 20 عورتیں ہوں' وہ ہمیشہ ان پوریوں کو کھاوے۔

دیگر مقوی باہ

کونچ بیج گیہوں' اڑد (ماش) کو برابر وزن لے کر پانی میں گوندھ کر اور گھی میں تل کر شہد کے ساتھ کھاوے اور دودھ گائے کو پیوے بہت ہی فائدہ ہوتا ہے' ویریہ پیدا ہوتا ہے' اور گاڑھا ہوتا ہے' طاقت

بڑھتی ہے۔

غذائے مقوی

مغز نارجیل کے اوپر کے کالے چھلکے کو چاقو سے چھیل ڈالیں اور باریک باریک تراش لیں، پھر گیہوں کے میدہ کی روٹی تازہ دودھ میں چھوڑیں اور ناریل اس میں ملائیں اور کھلائیں۔

نہایت مقوی باہ اور مولد منی

مغز بادام شیریں، مغز پستہ، مغز فندق، مغز ناریل تراشا ہوا، خشخاش شقاقل انجیر خشک سفید بس کو کوٹ کر رکھ لیں، روغنی عمدہ روٹی خشک دودھ میں ملا کر پکا لیں اور 2 تولہ اوپر کا سفوف ڈال کر اور مصری ملا کر کھائیں، بدن میں فربہی آئے گی، باہ زیادہ ہوگی، منی کی زیادتی نمایاں طور پر نظر آئے گی۔

دوا مولد منی و ریاح

کالے چنوں کو ترا تیزک کے پانی میں بھگوئیں اور سکھائیں، اسی طرح تین مرتبہ بھگوئیں اور سکھائیں، پھر اسی کے برابر شکر ملا کر کوٹیں، اور روغن پستہ یا روغن ناریل یا روغن پنبہ دانہ (نبولہ) میں تر کر کے روز مرہ ایک بڑے اخروٹ کے برابر استعمال کریں، اوپر سے کوئی مقوی آسو وغیرہ پی لیں۔

نسخہ دیگر

یہ بھی پہلے نسخہ کے ہم عمل ہے، گوکھرو خشک کو ہلکے ہلکے کوٹ کر تر گھوکھرو کے پانی میں بھگوئیں اور سایہ میں سکھا کر پھر بھگوئیں اور پھر سکھائیں، اسی طرح تین مرتبہ کرنے کے بعد ڈیڑھ تولہ یہ اور 6 تولہ شکر لے کر تازہ دودھ میں ہلکے ہلکے جوش دیں، اور کسی قدر سونٹھ بھی ملا لیں تو بہتر ہے۔

دیگر

تل، خشخاش، تخم السی سب کو بھون کر شہد میں استعمال کرنے سے منی زیادہ ہوتی ہے۔

نسخہ نمک مصالح مقوی باہ

یہ نمک غذاؤں میں ڈالنے سے باہ کی زیادہ ہوتی ہے۔

سونٹھ پیپل، تودری سرخ، تودری سفید، الائچی، لونگ، زیرہ، دار چینی، پودینہ، شقاقل، نمک سقنقور (بن روہو کا نمک) سب کو ملا کر کھانا چاہیے، نمک سقنقور کی بجائے معمولی نمک بھی ساتھ ملا لیں، تو ٹھیک ہے۔

مولد و مغلظ منی کسار

اسگندھ ناگوری، کنجد سیاہ، اڑد کی دال (جو گائے کے دودھ میں جوش دے کر سایہ میں خشک کی گئی ہو اور پھر گائے کے گھی میں بھونی گئی ہو) موصلی سیفد، موصلی سفید، دونوں گائے کے گھی میں بھونی گئی ہوں، سب مساوی الوزن لے کر قند سیاہ ہم وزن ملا کر مثل کسار کے یا لڈو بنا کر رکھیں، بمقدار 2 تولہ روزانہ کھائیں۔

بڑے دال ماش برائے دفع جریان منی و بند کشاد اور زیادہ کرنے منی کے مفید ہے

اڑد کی دال دھلی ہوئی ایک سیر لا کر پیسیں لونگ 1 تولہ چار ماشہ' جائفل عقرقرحا اجوائن خراسانی تخم کشنیز' جوتری' مصطگی رومی' دانہ اسپند (شری مادہ گاؤ میں تر کرکے تمام شب رکھیں' صبح کے وقت کپڑے پر ڈال کر ہاتھ سے مل کر پوست سیاہ اتار کر سایہ میں خشک کریں) مغز تخم کونچ ہر ایک ایک تولہ چار ماشہ تمام کو کوٹ چھان کر اڑد کی باریک پسی ہوئی دال میں ملائیں' اور چودہ بڑے بنائیں' اور گائے کے گھی میں بریان کرکے روغنی برتن میں رکھیں' ہر روز صبح کے وقت ایک بڑہ کھائیں' اور نیز شام کے وقت ایک بڑہ کھائیں' 7 روز کے کھانے سے فائدہ معلوم ہو گا۔

بڑے برائے دفع بد کشاد و پرمیہہ

مغز تخم کونچ ایک سیر کو تھوڑے پانی سے بھگو کر تمام شب رکھیں' صبح کے وقت اس کی دال کرلیں۔ بعد ازاں مال کنگنی' گل دھاوا' کھیلا کھیلی' دانہ الائچی دانہ اسپند جو کہ تمام شب گائے کے دودھ میں بھگویا گیا ہو' اور صبح کے وقت مل کر اس کا پوست سیاہ دور کرکے سایہ میں خشک کیا گیا ہو' کنجد سیاہ' منڈی بوٹی نرگنڈی بوٹی کھیر کند' بداری کند' موصلی سفید' موصلی سیاہ' اجوائن خراسانی' ستاور' بیج بند' نشاستہ گندم' سمندر سوکھ' الائچی خورد' تالمکھانہ' پوست بیخ درخت کتائی خورد' تخم ریحان تخم گاجر' تخم شلغم پیلا مول' دانہ الائچی کلاں' پوست ہلیلہ' آملہ' سونٹھ مرچ سیاہ' پیپل بیج بل' تخم مالکنگنی پوست سنبھل' موچرس گوکھرو' لیھسوڑہ خرہ' اندر جو شیریں' مغز تخم اوٹنگن ہر ایک ڈیڑھ تولہ' افیون' جائفل جاوتری' کباب چینی' دار چینی' لونگ نیترو بالا' تمال پتر ہر ایک 7 ماشہ کوٹ کر کپڑے سے چھان رکھیں' اور دال ماش آدھ سیر' گائے کے دودھ میں بھگو کر روغن مادہ گاؤ میں بھون لیں' اول دال ماش مذکور اور دال مغز تخم کونچ کو بدستور چیٹھی پیسیں اور دیگر ادویہ ملا کر گائے کے دودھ میں خمیر کرکے ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ کے بڑے بنا کر گائے کے گھی میں بھون کر شہد خالص میں ڈال کر رکھیں' روز مرہ صبح کے وقت ایک بڑہ کھائیں' ضعف باہ کے واسطے عجیب مقوی باہ دوا ہے' بند کشاد اور تمام اقسام پرمیہہ کو فائدہ مند ہے' ممسک بھی ہے۔ اور بھوک بھی لگاتی ہے۔

دودھ پینے کی ترکیب

اس ترکیب سے دودھ پینے سے ازحد مقوی باہ ہوتا ہے۔

گولی پارہ 1 تولہ لے کر ایک مضبوط بنے ہوئے کپڑے میں پوٹلی کی صورت باندھ کر جوان گائے کا دودھ ایک سیر میں لٹکائیں' اس طور پر کہ پوٹلی دودھ کے درمیان میں لٹکی رہے اور دودھ کوری مٹی کی ہانڈی میں ڈالیں' پھر ہانڈی پر ڈھکنا رکھ کر گیہوں کے آٹے یا ماش کے آٹے سے خوب مضبوط طور پر بند کریں' تاکہ دودھ بحالت جوش باہر نہ نکل پڑے' پھر آدھی رات گئے بکری یا اونٹ کی مینگنی جلائیں' جب ایک گھنٹہ رات رہے تو باغ کی بیری کی پتلی پتلی لکڑی جو چھوٹی انگلی یا اس کے پاس کی انگلی کے برابر موٹی ہو' ہانڈی کے نیچے چراغ کے مانند جلائیں' صبح مصری سے شیریں کرکے پلائیں اور تھیلی کو صاف کرکے علیحدہ حفاظت سے رکھیں' دودھ پینے سے پہلے یہ سفوف کھائیں۔

نسخہ سفوف : دار چینی، مصطگی، ثعلب مصری ہر ایک تین پیسے، طباشیر ایک پیسہ پختہ سب کو کوٹ چھان کر 40 خوراک کریں، غذا میں بھنے ہوئے گوشت، شوربہ، دو پیازہ۔

نوٹ: ایسی گائے کا دودھ جس نے پہلی ہی بار بچھڑا دیا ہو اور بچھڑا دو تین ماہ سے کم ہو اور اس کو کھانے کے واسطے اڑد کے پتے مع پھلی وغیرہ کے دیئے جاتے ہیں، نہایت طاقتور اور مبہی ہوتا ہے۔

مقوی باہ حلوا

دس سیر گو کھرو کو کوٹ چھان کر دو من پانی میں ڈال کر جوش دیں، یہاں تک کہ پانچ سیر رہ جائے، اس کے بعد پیپل کوٹ کر ملائیں اور جوش دیں، یہاں تک کہ صرف ایک سیر پانی باقی رہ جائے، اس کے بعد اس پانی کو ایک برتن میں محفوظ رکھیں، اخروٹ کا شہد کے ہمراہ حلوا بنا کر رات کے وقت دو تولہ کھائیں اور اوپر سے تقریباً 1 تولہ پانی مذکور پئیں اور قدرت خدا کا مشاہدہ کریں۔

نسخہ مقوی باہ

مسور اور اڑد (ماش) دلیا کر کے ان کو بھینس کے دودھ میں پکاوے جب پک کر موافق کھیر کے ہو جائیں تو گھی ملا کر کھاوے، صرف چار چار تولہ ہی ڈال کر کھاؤ، مقوی باہ ہے، دافع جریان ہے اور امساک بڑھاتا ہے اور جسمانی طاقت بڑھتی ہے اور عضلات مضبوط ہوتے ہیں۔

طاقت جسمانی و دماغی بڑھانے اور دیگر تمام جسمانی کمزوریوں کا مجرب نسخہ

بھبری گوند کہ جسے سینویاں گوند کہتے ہیں، 32 تولہ لے کر خوب صاف کر کے اور قدرے باریک کر کے زیادہ خواہ کسی قدر ہو مگر کم از کم 32 تولہ گھی گائے میں خوب باریک پیس لو اور مغز بادام مقشر شدہ اس میں 32 تولہ ڈال کر خوب ہی باریک پیس لو، اور اسی قدر کھویہ دودھ گائے کا لے لو، بعد ازاں 28 تولہ مصری کی چاشنی کر کے جبکہ وہ تار کی صورت میں آجائے تو اس میں ایک ماشہ روغن سونف یا بجائے اس کے ڈال دو اور خوب ہی ہلا کر سب سے اول پسے ہوئے مغز بادام ڈال کر خوب ہلا کر اور بعد ازاں کھویا اور پسی ہوئی الائچی و بھبری گوند ڈال کر خوب رلا ملا کر گھی سے تر کئے ہوئے تھال یا پرات میں جو کہ خوب چوڑا ہو، الٹا کر چاروں طرف پھیلا کر اوپر سب طرف ورق نقرہ چپاں کر کے آدھ گھنٹہ کے بعد چاقو سے برفی کی طرح ٹکڑیاں کاٹ لو، 10 تولہ صبح و 10 تولہ شام کو کھا کر اوپر سے دودھ گائے نوش کریں، اس سے اس قدر طاقت ہوگی کہ نامرد تو مرد اور مرد جواں مرد اور پیر نو سالہ پچیس برس کا ہوگا، اس سے مانس (گوشت) اور شراب کی عادت بھی دور ہو جاتی ہے، بازاری مٹھائی جو کہ ہاضمہ کو بگاڑتی ہے اس کے کھانے سے چھوٹ جاتی ہے اور بچوں کے دماغی اور جسمانی طاقت بڑھانے کے لئے از حد مجرب ہے، جو بچے کہ بازاری مٹھائی کے عادی ہوتے ہیں ان کے لئے از حد ہی مفید ہے اور دماغی کام کرنے والوں کے لئے مجرب ہے، تمام اخبارات کے ایڈیٹروں، وکیلوں، مختاروں بیرسٹروں، ایجنٹوں، استادوں، ماسٹروں، ڈاکٹروں، سٹوڈنٹ لیکچراروں، واعظوں، پادریوں، غرض یہ کہ تمام اشخاص کو جو کہ دماغی طاقت سے کام لیتے ہیں، یہ برفی از حد مفید ہے۔

چاشنی بنانے کے وقت خوب ہوشیار رہنا چاہیے، اگر یہ از حد پتلی یا گاڑھی ہو جائے گی تو سب کام خراب ہو جائے گا، بہتر تو یہ ہے کہ یہ برفی کسی لائق حلوائی سے بنوائی جائے۔

جسم کی تمام بیماریاں مثلاً کمی امساک' سرعت بواسیر خونی و بادی' درد کمر' درد سر' ضعف ہاضمہ غرض یہ کہ ہر ایک شخص کو مفید ہے' خواہ کوئی ہی بیماری اسے ہووے' بوڑھوں کی سردرد دور کرنے کا نہایت ہی مجرب نسخہ ہے' میں نے اسے بارہا بنایا ہے اور مفید پایا ہے۔

کھیر جو کہ نہایت مقوی باہ و دماغ دافع سرعت رقت و جریان ہے

چاروں مغز 4 تولہ' چرونجی 1 تولہ' مغز بادام 1 تولہ' پستہ 1 تولہ' دار چینی' ثعلب ستاور' تالمکھانہ' تخم کونچ' موصلی سفید' سونف اڑد (ماش) کی دال گھی میں بھنی ہوئی' گوکھرو سبوس' اسپغول' ہر ایک ایک تولہ' زعفران 3 ماشہ' کستوری 3 ماشہ' عنبر 3 ماشہ' تمام ادویہ کا سفوف کریں' اس میں سے ایک تولہ یا 9 ماشہ یا 6 ماشہ حسب طاقت لے کر آدھ سیر' تین پاؤ یا سیر بھر دودھ میں ڈال دیں اور نرم آنچ پر پکنے دیں' جب کھیر پک جائے تو اتار کر شکر سفید و گھی ملا کر کھا جائیں' اگر پکنے کے بعد گھی 4 تولہ ملا کر اس کو اور بھون لیں تو زیادہ مقوی ہو جائے گی' اور جسم کو طاقت آئے گی' دبلے پتلے موٹے اور سرخ چہرہ ہو جاتے ہیں' منی بہت پیدا ہوتی اور گاڑھی ہو جاتی ہے۔

چاولوں کی کھیر

کھیر اگرچہ ہر شخص بناتا ہے' مگر اسے پورا مفید بنانا ہو تو اسے کچھ مدت روزانہ کھانا چاہیے' تب نہ صرف خوب طاقت ہی دیتی ہے اور جسم کو خوبصورت کرتی ہے' دماغ کو طاقت دیتی ہے بلکہ سرعت انزال کو نافع اور دافع جریان منی ہے۔

آدھ پاؤ چاولوں کو پہلے گھی پاؤ بھر میں بھون لو' بہت نہ جلنے دیں' پھر ڈیڑھ سیر دودھ لے کر اس میں زعفران ایک رتی' الائچی خورد 1 ماشہ' دار چینی ایک ماشہ پیس کر ملا دیں' اور آنچ پر رکھیں' جب دودھ تین پاؤ رہ جائے تو چاول بمعہ گھی کے اس میں ڈال دیں اور نرم آنچ پر پکنے دیں' چند یوم تو کھا کر دیکھیں۔

ناریل کی کھیر

ناریل کو باریک کتر لیوے اور ملا کر نرم آنچ پر پکاوے' جب موافق کھیر کے ہو جائے تو اس میں گھی ڈال کر اور پکاوے' مصری ملا کر کھا جائے' اس کھیر کے کھانے سے پتلے موٹے ہوتے ہیں' طاقت جسم بڑھتی ہے اور دماغ تر و تازہ ہوتا ہے' جسم کی درد دور ہوتی ہے' رکت پت کو دور کرتی ہے اور دیرج پشٹ کرتی ہے۔

دوائی مقوی

اڑد (ماش) کا آٹا 2 تولہ' مصری سفید 2 تولہ' شہد 2 تولہ' گھی 3 تولہ' ان کو ملا کر روزانہ کھائیں اور شہد و گھی اگر برابر وزن ہو از حد مقوی باہ ہے' اڑد منی کو گاڑھا کرنے میں بڑی اچھی دوا ہے' مقوی بھی ہے' بسبھی بھی ہے' منی اس سے افزائش پذیر بھی ہوتی ہے' جریان دور ہوتا ہے' امساک بڑھتا ہے یہاں تک اس کے اوصاف لکھے ہیں کہ اس کے کھانے سے بڑھاپا نہیں آتا اور بال جلدی سفید نہیں ہوتے۔

جلیبی جو کہ مسمن بدن و مقوی ہیں

اڑد (ماش) شستہ و نشاستہ اثار' میدہ ایک سیر' آڑو موصلی سفید ایک سیر کتھا باریک سائیدہ اثار'

بادام و پستہ، مغز خیارین، مغز فندق، ناریل، مویز منقہ، چھوہارہ، دانہ الائچی کلاں، تولہ، جائفل 2 ماشہ،
جاوتری 2 ماشہ، خولنجان 2 ماشہ، کیوڑہ 2 تولہ۔

اڑد ماش، نشاستہ، میدہ آرد موصلی سفید، کتھا ایک برتن میں ڈال کر شیر گاؤ ایک سیر میں بادام، پستہ، خیارین، فندق، ناریل، منقہ تخم سے خالی، چھوہارہ، دانہ الائچی، خوب پیس چھان لیا جائے اور وہ شیر آرد میں خوب ملا کر جاوتری، جائفل کیوڑہ، خولنجان ڈال کر گرم جگہ رکھ دیا جائے جب خمیر اٹھ آوے تو کسی حلوائی سے جلیبی بنوالی جائے یہ کام مشاقی پر منحصر ہے، مگر ترکیب اس کی یہ ہے کہ اگر خمیر تیار ہو جائے تو تھوڑا میدہ اور ملا لیا جائے اور ایک پارچہ میں سوراخ کر کے خمیر اس میں ملا کر مثل جلیبی گرم شدہ روغن زرد میں توڑ کر تل لی جائے اور اسی وقت قوام میں چھوڑتے جائے اور نکال کر بحفاظت رکھتے جائیں، یہ عجیب لطیف باہ و مقوی بدن تیار ہے، جس کو کھانے سے عجب لذت آتی ہے، ایک دو جلیبی بوقت فجر نہار دودھ میں روزانہ ڈال کر کھایا کریں، غسل اور جماع سے پرہیز یہ جسم کو فربہ کرنے میں بے نظیر ہے۔

ماش کے لڈو

اڑد (ماش) کی دال کا آٹا، گیہوں کا آٹا 2 تولہ جو مقشر کا آٹا، چاولوں کا آٹا ہر دو 20 تولہ، ایک کڑاہی میں گائے کا گھی ڈال کر ان کو بھون لے، بعد ازاں ڈیڑھ سیر کھانڈ کی چاشنی تین سیر پانی میں ڈال کر کرے، جب معجون کے لائق چاشنی تیار ہو جائے، تو مندرجہ بالا کھویہ اس میں ہی ڈال دیوے اور ایک ایک چھٹانک کے لڈو بنادے، رات کو کھا کر اوپر سے دودھ پیوے، ترشی و کھاری اشیاء سے پرہیز کرے، اس سے منی گاڑھی ہوتی ہے اور طاقت بہت آتی ہے۔

نوٹ:- اڑد کی بجائے چنا، مونگ، نشاستہ جو ڈالا جائے، اس کے بھی لڈو بن جائیں گے۔

پوری مقوی باہ

اڑد اور چاولوں کو پیس کر آٹا بنادے، اور اس آٹے کو گوند کر پوری بنا کر گھی میں تل لیوے، بدوں نمک وغیرہ کے یہ پوری کھا کر اوپر سے دودھ شہد اور مصری ملا ہوا پیوے، تو ازحد باہ ہو، ایسی چیزیں تو نواب راجے اکثر ہی کھاتے رہتے ہیں۔

چنے کے لڈو

چنے کی دال مقشر ایک سیر رات کو دودھ میں بھگو رکھے اور سویرے اس کو سل بٹے میں پیسے اور پھر گھی میں اس کے بڑے تل لیوے، اور ان گرم گرم بڑوں کو ہاتھ سے باریک کرتا جائے، اب ان کو دوبارہ گھی میں بھونے اور جب سرخ ہو جائے اس میں مغزیات اور کھانڈ برابر وزن ڈال کر لڈو ایک ایک چھٹانک بھر کے بناوے، مقوی باہ اور دافع سرعت وغیرہ ہے۔

ساگ برائے تقویت باہ

بھلانواں کلاہ دور کردہ، میتھی دونوں کو ملا کر مٹی کے برتن میں بھر کر پندرہ روز تک رکھا رہنے دیں، بعد ازاں زمین میں کیاری بنا کر حسب دستور میتھی بوئیں اور پانی دیں، جب پتے نکلنے لگیں تو ان کو توڑ توڑ کر سات روز تک فربہ چوزہ مرغ میں ڈال کر کھلائیں، اس کے کھانے سے باہ کو تقویت ہوگی اور بال سیاہ ہونگے۔

بتیسالڈو جریان اور رقت منی کیواسطے مفید نیز مقوی باہ ہے

مازو' مائیں' لودھ پٹھانی' بزنگ کابلی' باؤ کھنبہ' گل دھاوا' گوکھرو کلاں' گوکھرو خشک' گل سپاری' چکنی ڈلی' موصلی' سینبھل' سمندر سوکھ' چھال' درخت مولسری' گوند ڈھاک' الائچی خورد (چھلکوں سمیت) مجیٹھ' پلنگ توڑ' کمرکس ہر ایک ایک تولہ سنگ جراحت 2 تولہ' گوند ببول گھی میں بھنا ہوا 7 تولہ' سب کو کوٹ چھان کر سانٹھی کے چاول کے میدہ آدھ سیر' شکر سفید تین پاؤ میں ملائیں' گری چھوہارہ' چرونجی ہر ایک ایک چھٹانک ریزہ ریزہ کر کے مخلوط کریں اور گائے کے گھی میں جو داغ سے خوشبو کیا گیا ہو ملا کر ویسا ہی رکھیں یا کسی قدر پانی ملا کر لڈو کی شکل بنالیں۔

بتیسا دیگر

موصلی سینبھل' مجیٹھ' سپاری کہنہ' پلنگ توڑ' تخم سریالی' تخم گاجر' بیج بند' مغز تخم کونچ' گل دھاوا' چڑیا کند' چنیا گوند' مغز پلاس پاپڑہ' اندر جو' تیج بل' سمندر سوکھ' بابڑنگ' اجوائن دیسی' تالمکھانہ' سونٹھ' گوکھرو خورد' گوکھرو کلاں' موصلی سفید' موصلی سیاہ' دار چینی' مازو' باؤ کھنبہ' لودھ پٹھانی' موچرس' کمرکس' کامراج' بہو پھلی' الائچی خورد اسگند ہر ایک ایک تولہ' سنگجراحت 3 تولہ' گیہوں کا میدہ' ساٹھی چاول کا میدہ ہر ایک پاؤ سیر' شکر سفید ایک سیر' گھی آدھ سیر۔

لڈو مقوی باہ

دل ودماغ اور جگر و تمام جسم کو خاص کر بہت ہی فائدہ دیتے ہیں۔

نشاستہ ایک چھٹانک' روغن زرد ایک سیر' کھانڈ ایک سیر' گوند ببول ایک چھٹانک' مغز چلغوزہ دو چھٹانک' مغز پستہ 4 چھٹانک' کشمش سبز 2 چھٹانک' مغز اخروٹ 3 چھٹانک' مغز ناریل 2 چھٹانک' ستاور 2 تولہ' تالمکھانہ 2 تولہ' سبوس اسپغول 2 تولہ' موصلی سفید 2 تولہ' شقاقل 2 تولہ' ماوا دودھ (یعنی کھویا) نیم سیر' جاوتری تولہ' دار چینی تولہ' الائچی خورد تولہ۔

ترکیب: گھی میں گوند بھون کر علیحدہ رکھ لیں' پھر گھی میں نشاستہ بھون کر اس میں مغزیات اور ادویات ماوا اور گوند ملا کر رکھ چھوڑیں' بعد ازاں کھانڈ کی چاشنی بنا کر کل تیار شدہ اشیاء کو ملا کر لڈو بنا دیں اور بوقت صبح و شام بقدر نصف یا ایک چھٹانک نہار منہ استعمال کریں' اس کے بعد پانی ممنوع الاستعمال ہے۔

لڈو ناریل

جوتری 6 ماشہ' جائفل 6 ماشہ' کیسر 6 ماشہ' اسپغول کی بھوسی تولہ' ناریل (کھوپہ) ایک عدد لے کر اس میں سوراخ کریں اور چاروں مندرجہ بالا اشیاء ڈال دیں اور سوراخ پر وہی ناریل دیکر وہاں ذرا سا آٹا لگادیں اور پانچ سیر دودھ میں اس کھوپہ کو ڈال دیں اور ساتھ ہی چھوہارہ' چرونجی' مغز اخروٹ' مغز بادام' مغز ناریل ہر ایک ایک چھٹانک ڈال دیں' جب کھویہ ہو جائے تو اتار کر پیس لیں' اور باریک ہونے پر 2 سیر گھی بھی بھونیں اور 2 سیر کے قریب مصری پیس کر ملادیویں اور چھٹانک چھٹانک کے لڈو بنادیں' نصف یا ایک روزانہ دودھ کے ساتھ کھادیں' ذیابیطس جریان اور سرعت انزال کو دور کرتا ہے' طاقت بخشتا ہے اور منی کو گاڑھا کرتا ہے نیز ممسک ہے۔

استعمال اڑد خام

یہ نسخہ مشورت کا ہے' اڑد 4 تولہ پیس کر شہد اور گھی ملا کر چاٹے اور اوپر سے دودھ پیوے' اس سے گھوڑے کے مانند ہو جاتا ہے۔

دیگر

یہ نسخہ بھی مشورت کا ہے' گیہوں' کونچ کے بیجوں کا دلیا بنا کر دودھ میں ڈال کر کھیر بناوے' اور گھی ملا کر کھایا کرے' شہد یا مصری میٹھا کرنے کے واسطے ڈالی جا سکتی ہے۔

دیگر دودھ

مشورت میں لکھا ہے کہ پیپل کے پھل' جڑ' چھال اور کونپل ان میں سدھ کیا ہوا دودھ (یعنی ان کا کاڑھا کر کے دودھ میں ڈال کر اوٹاوے' اور کھانڈ اور شہد ملا کر پیوے تو چڑے کی طرح طاقتور ہو)۔

کھیر ماش

دال ماش یعنی اڑد گھی میں بھون کر دودھ میں پکا کر روزانہ کھایا کرے تو منی بکثرت پیدا ہو اور منی گاڑھی ہو' نیز سرعت انزال کو بہت مفید ہے۔

کھیر چاول و ماش

دال ماش اور چاول علیحدہ علیحدہ گھی میں بھون کر ملا لیویں' اس کو حسب خواہش دودھ میں اوٹا کر کھیر بناوے اور کھا کر رات کو سو رہے' اس طرح روزانہ کرنے سے دماغ طاقتور ہو جاتا ہے اور منی بہت گاڑھی ہو جاتی ہے اور گرمی مثانہ وغیرہ سب امراض دور ہو جاتی ہیں' نیز مبہی و مغلظ ہے اور دیگر تمام امراض کو فائدہ دیتی ہے۔

پوڑے جو ازحد مقوی باہ ہیں

تل سیاہ' اسگندھ' کونچ بیج' بداری کند تمام ادویہ کا برابر وزن سفوف کرے اور سب کے برابر ساٹھی کے چاول ملا کر رکھے اور حسب ضرورت لے کر بکری کے دودھ میں پتلا گوندھے' بکری یا گائے کے گھی میں کڑاہی میں یا توا پر ڈال کر حسب طریق پوڑے بناوے' اور دوبارہ الٹا کر جب پوڑا پک جائے اتار لیوے اور دودھ کی کھیر کے ساتھ کھاوے' ایسا پوڑا برابر کئی روز کھاوے یا کسی کسی دن کھایا کرے تو منی گاڑھی کرنے میں غضب کا اثر دکھاوے اور طاقت بے شمار کر دے۔

رتی پرکاش لہسکا

ازحد ملذذ ہے' کونچ بیج' اونگن کے بیج' ملہل کے بیج ہر ایک 3 تولہ دودھ 4 تولہ' دونوں کو ملا کر نرم آنچ پر رکھے' جب دودھ گاڑھا ہو جائے' تو 16 تولہ گھی ڈال کر بھون لے' پھر ایک سیر چینی ملا کر رکھے' چار چار تولہ کے لڈو بناوے' ایک دو لڈو حسب طاقت کھایا کرے' دافع جریان ہے' سرعت کا عجیب علاج ہے لکھا ہے اتیمنت آنند دیتا ہے' کام دیو کو پیدا کرتا ہے' استریوں کو سکھ کارک ہے' مقوی باہ ہے' دل کو خوش رکھتا ہے' لذت بعید مغروروں کا غرور دور کرے۔

رتی پر یا پنڈی (گیہوں کے لڈو)

سمبھل کی جڑ کا سفوف ایک سیر' گیہوں کا آٹا ایک سیر' گائے کا خالص گھی ایک سیر' مصری ایک سیر' ان سب کو ملا کر پکاوے' روزانہ اس میں سے 5'6 تولہ کھاوے' جریان دور ہوتا ہے' ذیابیطس کو نافع ہے' طاقت جسمانی و باہ بڑھتی ہے' ویریہ پیدا ہوتا اور گاڑھا ہوتا ہے۔

کھیر مقوی باہ

یہ کھیر باہ اور دماغ کو مقوی ہے' دافع سرعت و رقت و جریان ہے۔

چاروں مغز چار تولہ' چرونجی تولہ' مغز بادام تولہ' پستہ تولہ' دار چینی ثعلب ستاور' تالمکھانہ' تخم کونچ' موصلی سفید' سونف' اڑد (ماش) کی دال گھی میں بھنی ہوئی' گوکھرو' بھوسی اسپغول ہر ایک 1 تولہ' زعفران 3 ماشہ' کستوری 3 ماشہ' عنبر 3 ماشہ' تمام ادویہ کا سفوف کر کے اس میں سے ایک تولہ یا 9 ماشہ یا 6 ماشہ حسب طاقت لے کر آدھ سیر' تین پاؤ یا سیر بھر دودھ میں ڈال دیں' اور نرم آنچ پر پکنے دیں' جب کھیر پک جائے تو اتار کر شکر سفید' گھی ملا کر کھا جائیں' اگر پکنے کے بعد گھی 4 تولہ ملا کر اس کو بھون لیں تو زیادہ مقوی ہو جائے گی' جسم کو طاقت آوے گی' دبلے موٹے اور سرخ چہرہ ہو جائیں گے' بیرج بے شمار پیدا ہوتا اور گاڑھا ہوتا ہے۔

شکر پارے یا گلاب جامن

روزانہ کھانے کے واسطے مقوی مٹھائی کا نسخہ۔

تخم کونچ ایک سیر چار سیر گائے کے دودھ میں نرم آنچ پر پکا دیں' جب دودھ گاڑھا ہو جائے تو تخم کونچ نکال کر ان کو چھلکا دور کر کے سل بٹے پر خوب باریک پیسیں' پھر تقریباً" دو دو ماشہ کی گولیاں بنا دیں' یا جیسے شکر پارے کی مٹھائی ہوتی ہے' ویسے بنائیں اور گھی میں تل لیویں' تب دو سیر مصری کی چاشنی کر کے اس کو نچ کے شکر پاروں یا گولیوں کو گلبھ لیویں' جیسے کہ بازاری مٹھائی گلبھی جاتی ہے یا گلاب جامن کی طرح تل کر شہد میں رکھ لیں' پھر خشک ہونے پر ان کو اس قدر شہد میں ڈال کر رکھیں کہ ڈوبے رہیں' پس 6 ماشہ کے قریب نکال کر روزانہ صبح و شام کھائیں' یہ ایک چیز سرعت اور جریان کا مکمل علاج ہے' مٹھائی کی مٹھائی اور دوائی کی دوائی' یہاں تک لکھا ہے کہ مریض سرعت اور بے حد ضعف باد کا مریض بھی طاقتور ہو جاتا ہے اور کئی استریاں رکھنے کے قابل ہو جاتا ہے۔

نسخہ جریان و کثرت احتلام سرعت و رقت وغیرہ

چنے خام ایک تولہ' دوسرے روز 2 تولہ تیسرے روز 3 تولہ چوتھے روز 4 تولہ' پانچویں روز 5 تولہ تک' علی ہذا القیاس گھٹا دیں اور اسی طرح ایک تولہ تک مقدار کریں اور پھر ایک تولہ سے پانچ تولہ تک بڑھا دیں اور گھٹا دیں' ایک چلے تک بلا ناغہ صبح نہار منہ اس طرح کھلا دیں کہ شب کو دودھ بکری یا گائے بھینس جو موافق ہو اس میں پانی سے دھو کر صاف کر کے چنے بھگو دیں کہ چنے ڈوب کر دو انگل اونچا رہے' صبح چھلکا ان کا دور کریں اور چنے کی دال اور باقی ماندہ دودھ خواہ درمیان یا بعد ازاں پیویں۔ کم از کم ایک ہفتہ بعد یقینی فائدہ ہو گا۔ دودھ گھی گوشت خوب کھاویں اور ترشی سے پرہیز کریں۔ اور کسی موسم کا خیال نہ لاویں ہر موسم میں برابر فائدہ دیتا ہے۔

دیہقانی ٹوٹکہ دودھ کا استعمال

ایک دفعہ ایک جاٹ سے پوچھا تھا کہ وہ جوانی میں کیا کھایا کرتا تھا جس سے کہ وہ اس قدر طاقتور بنا اور بڑھاپے میں بھی اس کا چہرہ دمکتا تھا۔ اس نے بیان کیا کہ جب کبھی کمزوری معلوم ہوتی تھی تو یہ علاج کرتا تھا۔ جس سے نہ صرف جریان دور ہو جاتی ہے بلکہ قوت بے انداز آئی ہے۔

بھوری بھینس کا دودھ خالص پانچ سیر اور چار عدد چھوہارے جن کے دو ٹکڑے کر کے گٹھلی اندر سے نکالے اور اس کی بجائے 1/4 رتی افیون ہر ایک میں ڈال دیوے۔ اس دودھ میں یہ چھوہارے ڈال دیوے اور نرم آنچ پر پکاوے اور ہلاتا جائے۔ جب سیر رہ جائے تو اس میں پاؤ بھر گھی ڈال دیوے اور خوب ملا دیوے۔ بس ان کو ملا کر پی جائے۔ ایک بار کل نہ پیا جائے تو دو تین بار کرے اور چھوہارے وغیرہ سب کچھ کھا جائے۔ پانچ سیر دودھ اور پاؤ بھر گھی اس کو پچانا بھی کوئی معمولی بات نہیں ہے۔ جاٹوں کا ہی کام ہے۔ اگر کوئی صاحب اس سے فائدہ اٹھانا چاہیں تو ایک سیر سے شروع کریں۔ اس میں گھی ایک چھٹانک کافی ہے۔ چھوہارے چار عدد ہی سہی۔ افیون بھی موافق کل 1/4 رتی چاروں میں بانٹ دیوے۔ ایک زعفران کی زیادتی کی جائے۔ تو اور بھی بہتر ہے۔

بھوری بھینس کا دودھ بہت طاقتور ہوتا ہے۔ اس کو سب جانتے ہیں۔

مقوی شیرہ

دودھ، گیہوں کا آٹا، شہد، گھی ملا کر آنچ پر چڑھا دیوے اور جب پک کر مانند شیرہ کے ہو جائے تو کھایا کرے۔ اگر گیہوں کا چون ہو تو مانند کھیر کے ہو جائے۔

دودھ میں پارہ استعمال کرنے کا ایک اور طریق

پارہ شنگرف سے نکالا ہوا ایک تولہ گندھک آملہ سار مصفا چار تولہ پان کے پتوں کی رس میں دو دن کھرل کریں۔ پھر ذرا پیالی میں رکھ کر گرم کریں۔ ابھی ذرا گرم ہی ہو کہ اتار کر پھر ایک گھنٹہ پان میں کھرل کریں۔ پھر اس کھرل شدہ پارہ کو ایک رتی تین تولہ شہد میں ملا کر کسی پوٹلی میں باندھ کر دودھ میں لٹکا دو اور دودھ گرم کرو جب دودھ میں پوٹلی گھل جائے۔ دودھ پی لو اور پوٹلی بلا دبائے باہر پھینک دو۔ دو ہفتہ میں قوت باہ امساک بڑھتی ہے۔

دوائی برائے قوت مثانہ و خزانہ بیرج۔ ماش کے لڈو

گوند کیکر 5 تولہ، موچرس 5 تولہ، مغز نبولہ 5 تولہ، مغز بادام 2 تولہ، ناریل 5 تولہ، آرد ماش ایک پاؤ۔ تل سفید 5 تولہ۔ روغن زرد آدھ پاؤ۔ شکر سرخ آدھ سیر کوٹنے والی ادویہ کوٹ لیں اور گوند کو سب سے اول گھی میں بھون کر علیحدہ کریں۔ پھر اس گھی میں آرد ماش ڈال دیں۔ اور بریاں کریں۔ پھر شکر سفید کا قوام کر کے کل ادویات اس میں ڈال دیں اور لڈو بنا دیں۔ خوراک دو تولہ بہ ہمراہ دودھ مقوی بدن ہونے کے سرعت، رقت، جریان، ضعف باہ کو نفع ہے۔ خوراک کی خوراک اور دوا کی دوا ہے۔

استعمال دودھ بڑی کٹائی کے بیج ساڑھے سترہ ماشہ عقرقرحا۔ تخم کونچ کبابہ، شقاقل، تخم مولی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر 20 سیر سیاہ گائے کے دودھ میں جوش دیں۔ یہاں تک کہ

صرف چار سیر باقی رہے اور کھویہ بنا کر اس کو چار پانچ روز تک کھائیں۔ قوت باہ کو بیحد بڑھاتا ہے۔

دیگر مقوی باہ

گائے کا گھی ایک سیر۔ شہد دو سیر۔ گیہوں کا آٹا آدھ سیر۔ پانی آدھ سیر۔ سب کو ملا کر پکائیں۔ حسب برداشت روزانہ کھائیں۔

دوائے مقوی باہ

مغز آملہ، مغز تخم کنڑ ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشے۔ خشخاش ساڑھے سترہ ماشہ۔ بھنے ہوئے چنوں کا آٹا دس تولہ۔ سب کو باریک کریں اور شکر سفید برابر وزن اور گھی برابر وزن میں ملا کر رکھیں۔ اور روزانہ 2 تولہ کھائیں۔

غذا، تقویت باہ، شدت انتشار اور تولید منی کے واسطے نہایت مفید ہے

آرد نخود بریان 3 تولہ، شیرہ کو کنار ایک عدد روغن زرد 5 تولہ۔ بالائی 10 تولہ۔ مصری 5 تولہ۔ سب کو ملا کر آگ پر گرم کر کے شیر گرم عصر کے وقت پیویں، اسی طرح چند روز عمل کریں۔

غذائے دیگر تقویت اور امساک کے واسطے نہایت مفید ہے

آرد نخود 5 تولہ، روغن گاؤ 4 تولہ، کوکنار 2 عدد کا شیرہ۔ مصری 6 تولہ،۔ بھیڑ کا دودھ 10 تولہ، ملائی 5 تولہ۔ سب کو ملا کر خوب گرم کریں اور چمچہ سے ہلاتے رہیں جب مانند حریرہ کے ہو جائے نیچے اتار لیں اور پیویں۔

گودھوم (گیہوں۔ گندم) آدی رسائن

سفید گیہوں کا آٹا پانچ سیر لے کر 20 سیر پانی میں پکاویں۔ جب پانچ سیر باقی رہے تو اس کو چھان لیوے۔ پھر نیچے لکھی دواؤں کو کوٹ کر ملا دے۔ جائفل دھمانسہ، فالسہ، مویز منقی، کاکولی، چھیر کاکولی، جیونتی، شتاوری، اسگندھ، چھوہارے ملٹھی، سونٹھ، مرچ، پیپل، مصری مہلانوے مدبر، کونچ کے بیج ہر ایک 6 ماشہ اور گائے کا گھی ایک سیر۔ دودھ چار سیر میں ملا کر نرم آنچ پر پکاویں اور دار چینی۔ الائچی، پیپل، دھنیا، ▬ گئی کافور ہر ایک 6 ماشہ باریک پیس کر پکتے پکتے میں ڈال دیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو چھان لیں اور اس میں 32 تولہ شہد اور 32 تولہ مصری ملا کر ایکھ کے ڈنڈے سے گھوٹ کر دودھ میں ملا کر پیوے اور شالی چاولوں کے بھات سے کھاوے۔ اس کی مقدار خوراک 2 سے آٹھ تولہ تک ہے۔

مقوی باہ استعمال دودھ

پوست بیخ اونٹ کٹارہ یک دام نیم کوفتہ کر کے ایک کپڑے میں پوٹلی باندھ کر آدھ سیر دودھ گائے کا اور ایک سیر پانی ملا کر پوٹلی مذکورہ اس میں ڈال کر اور چار عدد خرما بھی ڈال کر جوش دیں۔ جب پانی جل جائے۔ پوٹلی نکال کر پھینک دیں اور خرما کھا کر دودھ پی جایا کریں۔ چالیس روز کریں۔ پھر تماشہ دیکھیں۔

دودھ مقوی باہ

پیاز کا رس نصف سیر۔ دودھ گائے نصف سیر۔ دونوں کو ملا کر جوش دیں۔ جب آدھا سیر رہ جائے تو

گرم گرم پی لیں۔ اس کے بعد پان کا بیڑہ کھالیں باہ ازحد پیدا ہوتی ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

گلاب جامن

اڑد کا آٹا و کونچ بیج والی کے بیج کا مغز نکال کر سب برابر وزن لیویں اور روغن بادام کے ساتھ چرب کرکے اور پانی ڈال کر گولیاں گلاب جامن کی طرح بنادیں۔ ان کو گھی میں تل کر کے شہد میں ڈالے جائیں۔ شہد اتنا کہ جس میں سب اچھی طرح بھیگ جائیں اور روز صبح کو یا رات کو سوتے وقت دو چار یا جتنے طبیعت چاہے دبرداشت کرے۔ گلاب جامن نکال کر کھالیا کریں۔ اوپر سے دودھ پی لیں تو اور بھی اچھا ہے۔ یہ گلاب جامن دافع جریان و احتلام ہیں اور سرعت کو بھی مفید ہیں اور دماغ کو بھی مضبوط کرتے ہیں۔ قدرتی امساک ان سے پیدا ہوتا ہے۔

چنے کی دال

چنے کی دال کو دودھ گائے میں بھگو دیں۔ 4 پہر بعد دودھ نکال کر دوسرا دودھ داخل کریں۔ پھر 4 پہر کے بعد اس دال کو پیس کر پیٹھی بنادیں اور اس پیٹھی کے پکوڑے گھی میں تل لیں اور نیم گرم ان پکوڑوں کو توڑ کر چورا کرتے جائیں پھر اس چوری کو نصف وزن گھی میں بھون لیویں اور پکوڑوں کے برابر کھانڈ کا قوام کر کے اس کو داخل کریں۔ خوراک 10 تولہ روزانہ جسم کو ہرشٹ پشٹ کرتا ہے۔ جریان کو نافع ہے اور مقوی باہ ہے۔ امراض منی کے واسطے جو زیادہ مفید بنانا چاہیں وہ مندرجہ ذیل ادویات اور شامل کریں۔ کشتہ قلعی، کشتہ فولاد، کشتہ سہ دھاتہ، دال اگر سیر ہو تو یہ اشیاء 6-6 ماشہ ڈال دیں۔ ایسے ہی مونگ اڑد وغیرہ کی دال بنائی جاسکتی ہے۔

برائے قوت باہ

دال ماش مقشر دو سیر۔ مغز کونچ دو سیر۔ دونوں کو کوٹ چھان کر روغن مادہ گاؤ میں بریاں کریں۔ بقدر تولہ لے کر شیر مادہ گاؤ پاؤ سیر میں جوش دیکر مصری ملا کر پئیں۔ قوت بڑھے گی اور منی زیادہ پیدا ہوگی۔

فیرنی برائے غربا مقوی باہ

خراطین تازہ خشک و مصفا 5 تولہ، ہینگ 1 تولہ، ثمر مغیل خام (کہ دانہ پختہ اور سخت نہ ہوا ہو) پھلی سرس خام مکد 5 تولہ۔ مازو سبز 1 تولہ سب کو باریک سفوف کر کے بقدر 6 ماشہ آدھ سیر دودھ خالص گائے میں 2 تولہ شہد 1 تولہ مصری ملا کر پکایا جائے۔ کہ دودھ گاڑھا ہو جائے۔ 1 ماشہ سفوف دانہ الائچی خورد ملا کر استعمال کیا جائے۔ غذا مرغن، ترشی لال مرچ سے پرہیز۔

مجرب نسخہ برائے جریان و رقت منی

روز سب کو ایک تولہ عمدہ چنے جس میں گھن وغیرہ نہ لگا ہو۔ صاف پانی سے پہلے دھو کر اور صاف کر کے بکری گائے یا بھینس کے کچے دودھ تازہ میں بھگو دیں کہ چنے ڈوب کر دو تین انگل دودھ اونچا رہے نہار منہ صبح کو ایک ایک چنے پر سے چھلکا اتار کر پھینکتے جائیں اور کھاتے جائیں اور بچا ہوا دودھ اوپر سے پی لیویں۔ اسی طرح سے دوسرے روز 2 تولہ۔ تیسرے روز 3 تولہ۔ چوتھے روز چار تولہ۔ پانچویں روز پانچ تولہ۔ چنے دودھ میں بھگو دیں اور صبح کو اسی طرح کھاتے رہیں۔ پھر چھٹے روز سے ایک ایک تولہ گھٹا کر ایک

تولہ پر آجائیں اور پھر پہلے کی طرح ایک ایک تولہ تک بڑھادیں اور ایک تولہ تک گھٹا دیں۔ اس طرح پورے چالیس روز تک بڑھا کر گھٹا کر کھائیں۔ آٹھ دس یوم کے استعمال ہی سے اس کا فائدہ معلوم ہونے لگے گا۔ مگر چالیس روز کے استعمال سے پورا فائدہ ہو گا۔

پرہیز: گھی خوب کھائیں۔ ترشی دلدل مرچ و گڑ۔ دہی و زیادہ گرم چیز سے پرہیز رکھیں اور ان ایام میں ہرگز ہرگز جماع نہ کریں۔ یہ نسخہ ہر موسم میں مفید ہے مگر خصوصاً" موسم سرما میں ازبسکہ مفید ہے۔ اگر استعمال کنندہ زیادہ کمزور ہے اور عمر16-17 سال کی ہے تو9 ماشہ سے 4 تولہ تک یا6 ماشہ سے 3 تولہ تک مقدار رکھیں۔ یہ نسخہ اس واسطے درج کیا جاتا ہے کہ ہر خاص و عام فائدہ اٹھادیں۔ نوٹ۔ گائے کا دودھ بہتر ہو گا۔

حریرہ ثعلب

ثعلب مصری 6 ماشہ، تخم ریحان 6 ماشہ۔ دودھ گاؤ آدھ سیر میں ڈال کر مثل حریرہ پکائیں اور مصری یا کھانڈ بقدر شیرینی ملا کر پئیں۔

حریرہ یا دودھ پینے کی ترکیب قوت باہ کے واسطے

مغز اخروٹ 2 تولہ، مغز بادام شیریں مقشر 2 تولہ۔ مغز چلغوزہ 2 تولہ۔ سونٹھ 1 تولہ۔ دار چینی 6 ماشہ۔ شقاقل مصری 6 ماشہ۔ ثعلب مصری 2 ماشہ۔ اول تینوں مغزوں کو آدھ سیر پانی میں پیس کر شیرہ نکالیں اور ایک سیر شیر گاؤ میں ملا کر نرم آنچ پر پکادیں اور سونٹھ دار چینی اور شقاقل کو بغیر کوٹے دودھ میں ڈالیں اور جوش دیں۔ جس وقت پکتے پکتے تین پاؤ وزن رہ جائے تو ثعلب مصری کو کوٹ چھان کر دودھ میں ڈالیں۔ لیکن سونٹھ دار چینی اور شقاقل دودھ سے نکال ڈالیں۔ ثعلب مصری کو ڈال کر چمچہ سے خوب ملائیں اور مصری بقدار شیرینی ملا کر پئیں۔ ایک وقت کھانا کھائیں اور ایک وقت یہ دودھ بنا کر پئیں۔ اگر ہو تو صبح کے وقت گوکھرو 1 تولہ مغز تخم خیارین 1 تولہ کا شیرہ نکال کر بھی پیا کریں۔

حریرہ کہ نہایت عجیب ہے

مغز بادام مقشر (چھلے ہوئے) 1 تولہ۔ موصلی سفید 1 تولہ۔ تخم خشخاش سفید 4 ماشہ۔ بہمن سفید، 7 ماشہ۔ تودری سفید 7 ماشہ۔ ثعلب 7 ماشہ۔ سونٹھ دو ماشہ۔ عرق گلاب آدھ پاؤ۔ شیر گاؤ آدھ پاؤ۔ مصری 4 تولہ۔ مغز بادام اور خشخاش کو صاف کر کے عرق گلاب ڈال کر خوب ہی رگڑیں کہ مانند دودھ کے ہو جائے۔ پھر دیگر ادویہ باریک شدہ مع مصری کے ڈال دیں اور شیر گرم روزانہ بوقت رات کھایا کریں۔

یہ حریرہ جریان سرعت کو دور کرتا ہے اور بعد از فراغت کھانے سے کمزوری دور کرتا ہے۔ اور دماغ کو طاقت بخشتا ہے۔ مولد منی اور مقوی باہ بھی ہے۔ موافق طبیعت اور عمر و طاقت کے کم و بیش تیار کر کے کھایا جاتا ہے۔

حریرہ ناریل تقویت باہ

جریان منی کے واسطے نہایت فائدہ مند ہے۔ دماغ کو تقویت اور آنکھوں کو تازگی بخشتا ہے۔
مغز ناریل 2 تولہ۔ مغز بادام شیریں مقشر گیارہ عدد۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ ہر ایک ایک تولہ۔ خونجاں

دانہ ہیل۔ دار چینی۔ سونٹھ ہر ایک 3 ماشہ سب کا شیرہ نکال کر پاؤ سیر دودھ بھینس یا گائے میں دو تولہ نشاستہ 5 تولہ گائے کے گھی میں بھونیں۔ دیگچہ میں ڈال کر مثل حریرہ پکائیں۔ بعدہ' مصری سفید شیرینی ملا کر پئیں۔

حریرہ مغزیات دیگر تقویت باہ و دماغ۔ تولید منی کیواسطے نہایت مفید ہے

مغز بادام شیریں مقشر، مغز چلغوزہ، مغز پستہ، مغز خشخاش سفید، نشاستہ ہر ایک 1 تولہ۔ دار چینی خولنجان، عقر قرحا۔ دانہ ہیل ہر ایک دو ماشہ۔ دودھ گائے، دودھ بھینس ہر ایک ایک پاؤ۔ روغن زرد آدھ پاؤ۔ مصری پاؤ سیر۔ ادویہ کو کوٹ چھان کر ایک پتیلے میں ڈال کر خوب لت پت کریں اور نرم آگ پر مثل حریرہ پکائیں۔ اس کے بعد پئیں۔

حریرہ پستہ مقوی باہ

مغز پستہ بہمن سفید۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ دھنیا خشک ہر ایک 3 ماشہ لے کر اس کا شیرہ نکالیں۔ روغن گاؤ 5 تولہ گرم کر کے اس میں ڈالیں۔ جس وقت جل جائے مصری سفید شریک کر کے نوش کریں۔ پندرہ روز تک اس کا استعمال کرنے سے بید قوت باہ بڑھتی ہے۔

حریرہ مشہور

دماغ جب خالی معلوم ہوتا ہے۔ مطالعہ سے یا کسی دوسری وجہ سے درد ہونے لگتا ہے۔ نیند کم آتی ہے۔ تب دودھ میں پینے کو دی جاتی ہے جو عام طور پر مندرجہ ذیل ہوتی ہے۔ یہی عام طریقہ سب حریرہ جات کے تیار کرنے کا ہے۔

بادام کی گری، خشخاش سفید، رات کو پانی میں بھگو چھوڑیں، صبح کو بادام کو چھیل لیں اور خشخاش کو بھی صاف کر کے علیحدہ کر لیں۔ کونڈی ڈنڈے میں ڈال کر پانی کے ساتھ خوب گھوٹیں کہ مانند دودھ کے ہو جائے۔ اس میں دودھ بھی ملا لیں۔ کوئی صرف دودھ میں گھوٹتے ہیں۔ کوئی پانی رکھتے ہیں۔ کوئی نصف عرق گلاب اور نصف دودھ رکھتے ہیں۔ اب نشاستہ گندم اس میں گھول دیا جاتا ہے۔

پتیل لے کر گھی یا مکھن یا بادام روغن تھوڑا سا ڈال کر آنچ پر رکھیں جب سرخ ہو جائے تب مندرجہ بالا شیرا اس میں ڈال کر پکاویں اور ملاتے رہیں۔ مصری بھی حسب ضرورت ملا دیں۔ گاڑھا، ساکھیر کی مانند اس کا قوام باندھیں۔ تب اتار کر طشتری میں ڈال کر شیر گرم پلا دیں۔ بہتر یہ ہوتا ہے کہ مریض اس کے پینے کے بعد آرام کرے۔ دماغی آرام بھی ہو۔ اس واسطے اکثر رات کو پلاتے ہیں کہ پی کر سو جائے۔

حریرہ مقوی باہ از حکیم شریف خان

مغز بادام، مغز فندق ہر قسم ہر ایک 20 عدد۔ نشاستہ دو تولہ تینوں کو پانی میں خوب گھوٹ کر دودھ چھان کر نکالیں اور نرم آگ پر پکائیں اور پکنے کے وقت تھوڑا مکھن اور حسب ذائقہ مصری ملا دیں اور مکمل پکنے سے پہلے باریک سفوف۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ بہمن سفید ہر ایک کا دو دو ماشہ ملا دیں۔ ان کو گھوٹ کر اور ان کا رس نکال کر ملا دیں۔ جب یہ رس بھی شامل کردہ پک جائے تو چولہے سے اتار کر استعمال کریں یا کرائیں۔

نسخہ حریرہ چنا مقوی باہ و مولد منی

کالے چنوں کو گوکھرو تر کے پانی میں بھگو کر سایہ میں گرد و غبار سے محفوظ جگہ رکھ کر سکھائیں۔ اس کے بعد پھر بھگوئیں اور سکھائیں۔ پھر پیس کر رکھ لیں۔ بوقت ضرورت تازہ دودھ میں دو چمچ ڈال کر بعد ہ ملا کر حریرہ (دودمی) بدستور معمول تیار کر کے کھلائیں۔ نہایت مفید ہے۔

نسخہ حریرہ گندم

گیہوں کا آٹا لیکر پانی میں حریرہ تیار کریں۔ پھر تازہ دودھ' اور دودھ کے نصف وزن ملائی کے پانی میں گھول کر اور روغن بادام کا تڑکا دے کر پھر پکالیں۔ کھانڈ ملا کر پیویں۔ منی پیدا کرنے میں عجیب الاثر نسخہ ہے۔

نسخہ حریرہ بادام مقوی باہ و دماغ و برائے افزائش منی

مغز بادام شیریں چھلے ہوئے تولہ۔ مغز تخم کڑ۔ مغز بنولہ ہر ایک 8 ماشہ۔ تخم خشخاش سفید 4 ماشہ۔ بہمن سفید۔ تودری سفید۔ ثعلب مصری۔ ہر ایک 6 ماشہ سونٹھ 2 ماشہ۔ عرق گلاب۔ گائے کا دودھ۔ ہر ایک آدھ پاؤ مصری سفید 4 تولہ۔ مغزیات اور خشخاش کو عرق گلاب اور دودھ میں پیس کر شیر نکال کر چھان لیں۔ پھر پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو دیگر اشیاء پیس کر ملادیں۔ مصری پیسکر آخری جوش میں ملائیں اور ٹھنڈا کر کے پیئں۔

حریرہ نشاستہ مقوی باہ دماغ و دافع درد سر وغیرہ

گائے کا دودھ ایک سیر جوش دیں۔ جب دودھ تقریباً" آدھا رہ جائے تو نشاستہ 6 ماشہ لیکر گھی 7 تولہ میں بھونیں اور داخل کریں۔ پھر دار چینی ڈیڑھ ماشہ' زعفران 2 رتی۔ مشک وغیرہ۔ ہر ایک 2 رتی۔ ثعلب مصری پسی ہوئی 6 ماشہ۔ مصری سفید بقدر ضرورت گلاب عرق 2 تولہ۔ ملا کر پکائیں اور پیئں۔

حریرہ خیارین دافع سرعت احتلام و جریان مغلظ منی

از ترکیب حکیم علوی خان۔ یہ حریرہ گرم مزاجوں کے لئے نہایت مفید ہے۔ تخم خیارین 2 تولہ۔ خشخاش سفید تولہ۔ گوکھرو پروردہ (یعنی خشک گوکھرو) کو تین بار سبز گوکھرو کے عرق میں بھگوئیں) مغز بادام شیریں چھلے ہوئے۔ ہر ایک چار ماشہ بھینس کے دودھ میں شیرہ نکال کر گلاب 5 تولہ ملا کر جوش دیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو ثعلب مصری تولہ۔ بہمن سفید تولہ تخم شلجم۔ شقاقل۔ کلنجن ہر ایک 1 ماشہ۔ مصری سفید 3 تولہ پیسکر ملائیں اور دو تین جوش کے بعد اتار لیں اور ٹھنڈا کر کے پیئں۔

حریرہ ثعلب مقوی باہ

ثعلب مصری' تخم گاجر۔ ہر ایک 2 ماشہ پیکر بھینس کے دودھ پاؤ سیر میں جوش دے کر چمچہ سے چلائیں۔ جب حریرہ کے مانند ہو جائے تو نیچے اتار کر دار چینی' سونٹھ' شقاقل' دونوں بہمن' کلنجن' ہر ایک آدھ ماشہ' باریک پیس کر مصری سفید 2 تولہ ملا کر پیئں۔

حریرہ گندم و نخود نہایت مقوی باہ

نشاستہ گندم آرد نخود بریاں ہر یک چار تولہ۔ مغز تخم پنبہ [illegible]۔ تخم خشخاش سفید ہر ایک 9 ماشہ مسکہ

چھ تولہ- شیرہ مغز بادام 1 تولہ- مصری سفید 4 تولہ- روغن زرد چھ تولہ- شیر بز سات تولہ- روغن کدو چھ تولہ- روغن کاہو 4 تولہ 'نشاستہ' تخم پیٹھ 'خشخاش و بادام کا پانی میں گھوٹ کر شیرہ نکالیں اور ساتھ لاکر نشاستہ و آرد نخود ڈال دیں' روغنیات دیگچی میں گرم کر کے اس کو ڈال دیں اور اگر مانند حریرہ بنادیں' مصری آخر میں ملا کر ہلا کر پی لیں۔

حریرہ بنولہ دافع سرعت انزال و مغلظ منی

مغز بنولہ 2 تولہ 'سبوس اسپغول 6 ماشہ 'مغز بنولہ کا شیرہ نکال کر دودھ میں ملا کر اور اسپغول کی بھوسی ملا کر مثل حریرہ پکادیں اور مصری یا کھانڈ بقدر شیرینی ملا کر پیئیں' ہفتہ عشرہ تک متواتر استعمال کریں۔

بیان تیسرا

ادویات کی جو گولیاں بنائی جاتی ہیں ان کو یونانی میں حب (جمع حبوب) اور وید ک میں بٹی یا وٹی یا ٹبیکا کہتے ہیں' اب ایسے نسخے لکھے جاتے ہیں جو گولیوں کی شکل میں تیار ہوتے ہیں۔

احتلام و جریان کیلئے تیر بہدف گولیاں

کشتہ پارہ 3 ماشہ' مغز تخم بنولہ 2 تولہ' مغز تخم کونچ 3 تولہ' مغز تخم بیلی 2 تولہ' مغز تخم کنار (بیرا) ایک تولہ' چاروں کو تلسی کے پتوں کا پانی نکال کر 3 دن تک کھرل کریں بعد ازاں دو دو ماشہ کی گولی بنا کر ہر روز بوقت صبح گائے کے پاؤ بھر خام دودھ میں قدرے میٹھا حل کر کے ایک گولی نگل لیا کریں۔

ترکیب کشتہ پارہ: چوب چینی' ریوند چینی ہر ایک 40 تولہ' باریک سفوف کر کے دونوں کو ملا دیں اور ایک کڑاہی میں نصف سفوف ڈالیں اور اس کے درمیان گڑھا بنا کر 2 تولہ پارہ مصفی رکھیں۔ باقی سفوف کو اوپر ڈال دیں اور چولہے پر رکھ کر آگ جلا دیں' جب تمام خاکستر راکھ ہو جائے تال کھانہ پانی میں ڈال کر دھو دیں' یہ تمام راکھ پانی میں بہ جائے گی اور پارا کشتہ شدہ نیچے بیٹھ جائے گا' اس کو دھوپ میں رکھ کر یا آگ پر سکھالو' پھر پارہ قائم النار ہے' مہوسی لوگ اپنا خبط بھی پورا کریں۔

حبوب مقوی اعضائے رئیسہ

بوجہ رقت و ضعف قوت مردی کے اولاد نہ ہوتی ہو تو اولاد ہو جاتی ہے نسخہ یہ ہے' **جھنجھن** کے بیج دودھ میں جوش دے کر مقشر کریں وہ ایک تولہ' زعفران 1 تولہ' پوست خشخاش 8 تولہ' کستوری 4 رتی' ورق نقرہ 3 ماشہ' تخم ریحان 1 تولہ' مرچ سفید 1 تولہ' ان تمام ادویہ کو آب پیاز و لعاب گاؤ زبان کے ساتھ کھرل کر کے بقدر ایک رتی گولی باندھیں اور روزانہ ایک گولی ہمراہ لعاب گاؤ زبان کھا دیں 6 ماہ کے اندر اندر قوت الٰہی کا تماشہ دیکھیں' علاوہ ازیں یہ نسخہ لاغری بدن کو ضعف گردہ و مثانہ مولد خون دافع بلغم ہے بھوک لگاتا اور رنگت سرخ کرتا ہے' طبیعت میں بشاشت رہتی ہے' جنون اور سودا کے دور کرنے میں بے نظیر ہے۔

حبوب دیگر

تخم دھتورہ' تخم کونچ مرچ' سیاہ ماش مقشر چاروں کو بڑھ کے دودھ میں ایک ہفتہ تر کر کے سایہ میں خشک کریں' اور قند سیاہ ہموزن میں گولیاں بنا دیں' ہر روز صبح نہار شکم دودھ گائے سے حبوب بمقدار نخود بنا دیں' ایک دو گولی حسب لحاظ عمر طاقت کھا دیں۔

حبوب دافع جریان و احتلام

شنگرف رومی کو 3 دن تک پیاز سفید کے پانی میں کھرل کریں' بعد ازاں آک (مار) کی جڑھ سبز موٹی سی لیکر اس کے درمیان خول کر کے اس کو بھریں اوپر اس کے ملتانی مٹی کا ترشدہ کپڑا لپیٹ کر اپلوں کی آنچ

میں چار پانچ گھنٹے رکھیں' بر نگت سفید کشتہ بر آمد ہو گا' اس کے ہموزن ورق چاندی اور افیون ملا کر شہد میں آدھی آدھی رتی کی گولیاں بنا دیں اور ایک گولی ہر روز صبح کو دودھ سے نگل لیا کریں' ہر قسم کے جریان اور احتلام کو مفید ہے۔

حبوب برائے جریان

مغز تخم سرس' مغز تخم املی ہموزن لے کر بڑھ کے دودھ میں کھرل کر کے بہ مقدار کنار دشتی گولیاں بنا دیں اور صبح و شام ایک گولی دودھ سے کھلا دیں' واقع جریان منی اور مغلظ ہے۔

حبوب دافع جریان و سرعت و احتلام

مازو عمدہ 7 دانہ' نخود بریان 2 تولہ' بھکھڑا (گوکھرو) 2 تولہ' دانہ الائچی خورد 2 تولہ سب کو بڑھ کے دودھ میں دو ایک دن کھرل کر کے بیر کے برابر گولی بنائیں اور دودھ سے کھائیں۔

حبوب مقوی

کستوری 4 سرخ عقر قرحا 6 ماشہ' افیون 2 ماشہ' تخم ترب (مولی) 4 ماشہ' تخم پیاز 4 ماشہ' جوتری 3 ماشہ' دار فلفل (پیپل) 3 ماشہ' لوبان کاشت خانہ ساز 1 ماشہ نکچھکنی 3 ماشہ' لونگ 3 ماشہ' دار چینی 3 ماشہ' مصطگی رومی 3 ماشہ' خار خسک (گوکھرو) 3 ماشہ' اسپند 3 ماشہ' اسگندھ ناگوری 3 ماشہ' اندر جو شیریں 3 ماشہ' پیپلا مول 3 ماشہ' منڈی 3 ماشہ' تخم اونٹکن 3 ماشہ' سونٹھ 3 ماشہ ان کر کوٹ چھان کر چند چھوہارے کلاں کو عرق کنیلی میں رات کو بھگو دیں' صبح خستہ دور کر کے ان میں یہ دوائی مسحوقہ بھر دیں اور منہ بند کر کے آرد خمیر کر کے دھونی میں گرم راکھ میں دبائیں۔

جب آرد سرخ ہو جائے تو آرد دور کر کے اور چھوہارہ شیر برگدھ تولہ سے ملا کر اور کشتہ قلعی جو کنیلی کے ذریعہ تیار ہو 6 ماشہ کشتہ مونگہ جو شیر مدار سے تیار کیا ہو' شامل کر کے حبوب بقدر ہافلا تیار کریں۔

حبوب اکسیری

یہ نسخہ اعلیٰ درجہ کا ہے' ضعف اس کی یہ ہے کہ سرعت....... کو دفع کرتا ہے' قوت مجامعت بخشتا ہے اور دم کو بھی ہے' طرفہ اس میں یہ ہے کہ اگر بعد از مجامعت کھائیں تو پھر تازہ دم ہو جائیں' تھکان دور ہو' الائچی خورد' جائفل' دار چینی ہر ایک 010 ماشہ' سپاری 7 ماشہ' گل سرخ 7 ماشہ' صندل سفید 9 رتی' مشک خالص 9 رتی' سب کو کوٹ پیس کر عرق گلاب و بید مشک میں نخود کے برابر گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں' اگر اس میں ایک دو رتی کشتہ طلاء بھی داخل کر لیں تو نور "علیٰ نور ہے' نہایت مقوی ہو جائے گا' بوقت ضرورت ایک گولی منہ میں رکھیں۔

حب مقوی باہ

جس کو اکسیر الباہ کہنا بجا ہو گا' ست سلاجیت 3 ماشہ' مشک تین ماشہ' ورق طلا 3 ماشہ' کشتہ شنگرف 3 ماشہ' جدوار خار منفشجی 3 ماشہ' زعفران 3 ماشہ' عنبر اشہب 3 ماشہ' سب کو کھرل کر کے نخودی گولیاں ہمراہ شہد بنا لیویں' خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ کے۔

حبوب مقوی باہ و مشتہی

ایک ہفتہ ان گولیوں کو کھانے اور اوپر سے شوربے 'یا غذائے مقوی و مرغن کھانے و جماع سے پرہیز کرنے پر تعجب انگیز قوت پیدا ہوگی۔

سیماب 20 ماشہ 'کبریت 20 ماشہ 'کات سرخ 20 ماشہ 'قرنفل 20 ماشہ 'اول سیماب و کبریت کو خوب کھرل کریں پھر باقی ادویہ کو کوٹ پیس کر ملا کر شہد تولہ روغن مالکنگنی 1 تولہ ایک عدد میں ملا کر کھرل کریں اور گولیاں کالی مرچ کے برابر بنادیں اور ایک گولی روز کھادیں۔

حبوب دافع جریان و احتلام

اگر کسی کے عضو تناسل میں کسی بھی قسم کا نقص محسوس ہو یا سرعت... جریان 'احتلام کے سبب سے کسی قسم کی جسمانی شکایت ہو تو نیچے لکھے نہایت ہی کم خرچ 'مجرب نسخہ کو استعمال کر کے فیض حاصل کریں۔

3 چھٹانک کالی موصلی کو ساڑھے سوا پاؤ دودھ میں اس طرح پکائیں کہ موصلی و دودھ ایک ذات ہو جائیں 'پھر اس میں جائفل 3 تولہ 'جاوتری 2 تولہ 'کستوری 3 ماشہ اچھی طرح کوٹ پیس کر ملادیں اور شہد کی چاشنی سے ماش کے برابر گولیاں بنادیں 'خوراک ایک گولی دودھ کے ساتھ۔

حب برائے قوت باہ و امسک

تم القار 'الائچی خورد 'تج ایک ایک تولہ 'ہر سہ ادویات کو کوٹ چھان کر بعد پانچ تولہ عسل خالص میں ملادیں 'جب تیار ہو جائے تو حب بمقدار نخود بنادیں 'علی الصبح ایک حب ایک مریض ضعف باہ کو دو دفعہ سکنجبین کے ہمراہ استعمال کرادیں 'از حد مجرب ہے۔

حب برائے امساک و خرابی جلق

عاقر قرحا 'زعفران 'جائفل 'شنگرف 'قرنفل 'افیون 'سب مساوی وزن لے کر خوب باریک کر کے نخود کے برابر گولی بنادیں 'شب کو دو گھڑی قبل گرم دودھ کے ہمراہ ایک گولی استعمال کریں 'ممسک و مقوی ہے۔

حبوب مقوی دافع جریان

تولہ سار ایک تولہ 'آک کا دودھ کپڑے سے چھان کر ایک پاؤ الائچی خورد ماشہ 'سہ اجزا کو لوہے کے کھرل میں لوہے کے دستے سے کھرل کر کے بقدر نخود (چنے) کے گولیاں بنادیں اور سوتے وقت ہمراہ دودھ بکری کے کھائیں تو تمام اعصابی طاقتیں از سر نو پیدا ہو جائیں گی 'اگر دودھ مدار کے زیادہ ہونے سے قے یا دست کی طرف طبیعت مائل ہو تو مقدار گولی کم کریں 'مجلوقوں کے لئے اکسیر ہے۔

حبوب جریان

شنگرف رومی 'مصطگی 6 ماشہ 'مرچ سیاہ 6 ماشہ 'پیپل 6 ماشہ 'لونگ 6 ماشہ 'لوبان کوڑیہ 6 ماشہ 'ساگ سیالان 6 ماشہ 'زعفران 6 ماشہ 'مشک 1 تولہ 'عرق کیوڑہ میں دو پہر کھرل کریں اور بقدر نخود (چنے) گولیاں بنائیں 'ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ شیر گاؤ تازہ کھاویں 'اکثر 7 دن کے اندر ہی ہر قسم کا جریان دور

ہوجاتا ہے' دودھ کم از کم آدھ سیر ایک وقت ہونا چاہیے' زیادہ جتنا ہضم اچھا ہے۔

حب برائے قوت باہ

سم الفار (سنکھیا) 1 تولہ' کو تین سو لیموں کاغذی کے رس میں کھرل کریں' جب تمام رس لیموں کا خشک ہوجائے تو بعد کنتھ سفید 1 تولہ' میدہ سنگھاڑا 1 تولہ ملادیں اور پھر ہر سہ اجزا کو 60 عدد لیموں کے رس میں کھرل کریں' بمقدار دانہ ماش' گولیاں تیار کریں' خوراک ایک گولی ہمراہ دودھ کے استعمال کریں' دودھ روغن گاؤ خوب کھاویں' باہ اس قدر ہو کہ تمام عمر کم نہ ہو۔

نسخہ ٹٹکہ

ایک بڑے مینڈک کو لے کر اسکے پاخانہ کے مقام کو نہایت استحکام سے بند کرکے 9 ماشہ پارہ اس کے منہ میں ڈال کر خشک کریں' جب سوکھ جائے تو اس کا پیٹ پھاڑ کر پارہ نکال لیں' پارہ بصورت گولی جم جائے گا' صحبت کے وقت منہ میں رکھیں اور مشغول ہوں' امساک ہوگا۔

امرت ورتیکا

یہ نسخہ مرتیورنجے میں لکھا ہے' ترپھلا' ترکٹا' برہمی' گلور' سرخ چترال کی چھال' ناگ کیسر' سونٹھ بھاھنگرہ' نرگنڈی' ہلدی دار ہلدی' بھانگ' دار چینی' الائچی کمبھاری کی چھال' باؤ بڑنگ' ہر ایک علیحدہ علیحدہ 8-8 تولہ لیویں' قند سیاہ پرانا 400 تولہ لے کر اور ان سب کو اکٹھا کرکے 365 گولیاں بنادیں جو سال بھر کے لئے کافی ہیں' ایک گولی ہر روز طاقت کا خیال کرکے کھائیں' چرپری ترش اشیا اور زیادہ نمک سے پرہیز کریں' کثرت جماع وغیرہ میں نہ پھنسے تو ایک سال کے اندر جوانی میں سفید ہوئے بال سیاہ ہوجاتے ہیں' ہاضمہ چاہے کیسا ہی بگڑا ہوا ہو درست ہوجاتا ہے' قوت جسمانی اور قوت باہ میں ترقی ہوتی ہے' عمر بڑھتی ہے' تمام امراض سے حفاظت رہتی ہے۔

حبوب مقوی باہ و دافع ضعف دل

بیخ مرجان سرخ 5 تولہ' ریزہ یاقوت 5 ماشہ مروارید ناسفتہ 5 ماشہ' تینوں کو کھرل ساق میں ڈال کر باریک کریں' پھر روزانہ ایک چھٹانک شیر مدار کھرل کرنے میں جذب کردیا کریں حتیٰ کہ سیر دودھ 16 روز میں جذب ہوجائے' پھر ٹکیہ بنا کر خشک کرلیں اور ظروف گلی میں بند اور گل حکمت کریں' 40 سیر اپلوں کے گڑھے میں آنچ دیں' 30 سیر اوپلے نیچے ہوں اور 20 سیر اوپر' آنچ کم از کم 8 پہر تک رہے' ایسی احتیاط سے آنچ دیں' سرد ہونے پر نکالیں اور دوا کو خاک شیر مدار سے چھان کر مشک خالص' زعفران' عنبر الشہب ورق طلا ورق نقرہ ہر ایک دو ماشہ اور قدرے شہد ملا کر کھرل کریں اور چنے سے چھوٹے گولیاں بنالیں' خوراک ایک گولی شیر گاؤ سے۔

شری سدھ مودک

پوست ہلیلہ' بلیلہ آملہ' سونٹھ' مرچ سیاہ' پیپل ہر ایک 12 تولہ' گاؤ' پھلا مول' کرگ پرنی (کٹھونا) سرخ' چترا کی چھال' ہر ایک 8 تولہ' پرانا گڑ 2 سیر سب کو اکٹھا کرکے 360 گولیاں بناوے' ایک گولی ہر روز انکے ساتھ کھاوے تو لکھا ہے کہ اول مہینے عقل تیز ہوجائے' دوسرے مہینے طاقت بڑھ جائے اور رنگ

خوبصورت ہو جائے تیسرے مہینے جذام یا سفید داغ وغیرہ امراض دور ہوں' چوتھے مہینے کھانسی دمہ وغیرہ جو اس قسم کے امراض ہوں دور ہو جاتے ہیں' پانچویں مہینے قوت باہ بڑھے اور عورتوں کو پیارا ہو' چھٹے مہینے سفید بال سیاہ ہوں' ساتویں مہینے رنگ ایسا نکھرے کہ دیکھنے والے حیران ہوں' آٹھویں مہینے طاقت بڑھے۔ نویں مہینے کھانے تک عمر بڑھے' دسویں مہینے آواز کوئل کی موافق ہو جائے' گیارھویں مہینے مہابلی (پہلوان) ہو اور لکھا ہے کہ بارہویں مہینے اورلشیہ ہو۔

اورلشیہ کے لفظی معنے نہ دکھائی دینے والے کے ہیں جو کسی کو نہ دیکھے' عوام اس کا ترجمہ یہ کرتے ہیں کہ وہ بارہویں مہینے ایسا ہو جاتا ہے کہ وہ سب کو دیکھے مگر اسے کوئی نہ دیکھے مگر یہ ناممکن ہے' مطلب یہ ہے کہ وہ تندرست بہادر ایسا ہو جائے اور اس میں اس قسم کی حالت پیدا ہو جس سے وہ اپنے آپ کو عام لذات سے بالا پاتا ہے اور خوشی و مسرت کی ایک حقیقی لہر اسکے جسم پر ہر وقت طاری رہتی ہے' جس سے وہ لطف اندوز ہوتا ہے اور اسے کسی چیز کی پروا نہیں رہتی۔

کامیشور مودک

آملہ' سیندھا' نمک' کُٹھ' کائپھل' پیپل' سونٹھ' اجوائن' اجمود' ملٹھی' زیرہ سفید زیرہ سیاہ' دھنیا' کپور کچری' کاکڑا سنگی بچ' ناگ کیسر' تالیس پتر' دار چینی' تمال پتر' الائچی خورد' مرچ سیاہ ہر ایک 1 تولہ' علیحدہ علیحدہ باریک کرے' بھانگ کے بیج اور چھلکا ان سب کے برابر یعنی 20 تولہ لیوے' چینی 42 تولہ ڈالے اور شہد و گھی (برابر وزن نہ رکھنا تھوڑا فرق ضرور رکھنا) اتنا ملاوے کہ گولیاں بن جائیں 3-3 ماشہ کے قریب گولی بنا کر بھنے ہوئے تل میں پھرالیں جو کچھ اوپر چمٹ جائے اور پھر گھی کے چکنے بھسم سمیت کافور سے خوشبودار کیئے برتن میں رکھنا' اس کے اوصاف بے شمار لکھے ہیں چنانچہ یوں بیان ہے کہ اس مودک کے کھانے سے جسم کے علاوہ من کے روگ یعنی بخ وغیرہ دور ہوتے ہیں' جذام کو مفید ہے' دافع سرعت ہے اور شرمندگی سے بچاتا ہے' محبت بڑھاتا ہے' مقوی ہاضمہ ہے' رنگت نکھارتا اور امراض بلغم کو مفید ہے۔

ویریہ ستمبھن وٹی

زعفران 1 تولہ' افیون 1 تولہ' جائفل مرچ سیاہ' جوتری ہر ایک 2 تولہ لونگ 5 تولہ کستوری 6 ماشہ ان تمام ادویہ کو اکٹھا کر کے 3-3 رتی کی گولیاں بنادے اور شہد کے ساتھ ایک گولی کھائے' اس کے بعد غذا یا نمکین چیز ہرگز نہ کھاوے' جب خواہش ویریہ ستمبھن (امساک) ہوتا ہے۔

بڑا کامیشور مودک

سنبل کا موسلہ' کونچ بیج' کُٹھ' ست گلور' موچرس' بداری کند' میتھی' موصلی سیاہ' گوکھرو تال مکھانا' ستاوری' کیسرو' اجوائن' تاڑ کی نپل' دھنیا' ملیٹھی' کنگھون' تل سونف' جائفل' اسگندھ بالا' بہار نگی' کچور' کائپھل کیلہ' کاکند' اسگندھ' اجمود' سب برابر وزن اور کل سے نصف کشتہ ابرک سیاہ اور ابرک سے دگنی شکر سفید اور شہد و گھی صرف اس قدر کہ گولی بندھ سکے اور 3-3 ماشہ کی گولیاں بناوے' خوراک ڈیڑھ

چرتک' بج' تیج پات' الائچی خورد' ناگ کیسر' اٹ سٹ' گج پیپل' منقہ نصف گندھک آملہ سار مصفی پھر مندرجہ بالا کل ادویہ سے نصف بھانگ اور بھانگ سمیت کل اشیاء سے زیرہ سفید' زیرہ سیاہ'

ماشہ سے 6 ماشہ تک اس کو کھا کر اوپر سے دودھ پیا کرے۔

قرص مقوی باہ

قوت باہ کے لئے نہایت مجرب ہے' مغز پستہ' مغز بادام' سونٹھ بہمن سفید بہمن سرخ۔ مویز منقے ہر ایک 2 تولہ 9 ماشہ' شقاقل' پیپل ثعلب مصری' گل سرخ' مصطگی' تج' کلنجن' ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ' جائفل' مغز تخم خیارین' تخم کرفس ہر ایک 14 ماشہ جوتری' گوند ببول کتھیرا' دم الاخوین' کندر' مغز تخم خربزہ' رب السوس' حب کاکنج' ہر ایک ساڑھے آٹھ ماشہ' افیون خالص 7 ماشہ' شکر سفید 54 تولہ' کوٹ چھان کر پانی میں قرص بنائیں' خوراک ساڑھے تین ماشہ سے ساڑھے چار ماشہ تک شیرہ تخم خرفہ کی ساتھ پیویں۔

دیگر

تقویت کے لئے مفید ہے' عود غرقی ساڑھے آٹھ ماشہ' لونگ' شقاقل مصری' ثعلب مصری' مصطگی' زراوند گول ہر ایک ڈیڑھ ماشہ' جائفل' جوتری' زعفران' سونٹھ' پوست سنگترہ 4 ماشہ شکر سفید سہ چند کوٹ چھان کر ٹکیاں بنائیں۔

دیگر

واسطے تقویت باہ کے قوی ہے اور نہایت ممسک ہے' مشک خالص زعفران ہریک ساڑھے تین ماشہ جرندی' الائچی خورد' دار چینی مصطگی' چوب چینی' تیج پل' فلفلویہ' (پہلا مول) دار فلفل (پیپل) تخم انگن' تخم کونچ بنگ' تخم گندہ بدی' ملکنگنی' بیخ بنفشہ' سمندر پھل' شنگرف' موچرس' اندر جو' سعد ہندی (ناگر موتھ) ست گلو جاوتری' ناگ کیسر موصلی سیاہ' موصلی سفید' لونگ' عقر قرحا' کباب چینی' بدن مست ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ' قند سیاہ کہنہ نو سالہ برابر سب دوائیوں کے دوائیوں کو کوٹ چھان کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں' ایک گولی صبح کے وقت کھائیں۔

دیگر

آملہ بلیلہ ہر ایک 2 تولہ' تخم نیواڑ' تولہ بھنگرہ' چرچتا ساڑھے چھ تولہ' پرانا گڑ ڈھائی سیر' سب دوائیوں کو کوٹ پیس کے گڑ میں ملا کر تین سو ساٹھ گولیاں بنائیں' ہر روز ایک گولی کھائیں' ایک سال تک۔

دیگر

مغز پستہ' مغز بادام' مغز چلغوزہ' جائفل' ہر ایک پاؤ سیر' تخم خربزہ' مغز تخم' تربوز ہر ایک آدھ سیر' بیخ لجالو کھونگچی' سفید بہمن' لونگ جاوتری' دار چینی ہر ایک آدھ پاؤ' الائچی خورد ساڑھے سات تولہ' عنبر اشہب تین ماشہ شراب دو آتشہ سوا سیر' سب دوائیوں کو باریک کر کے شراب دو آتشہ میں ملا کر انڈے کی زردی شہد خالص اضافہ کر کے ایک سو بیس گولیاں بنائیں' پہلے آدھی گولی کھائیں' بعد اس کے ایک گولی جاڑے میں استعمال کریں۔

2

Scanned by CamScanner

دیگر

جدوار 7 رتی ' زعفران ' علک رومی مصطگی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مشک خالص ڈیڑھ ماشہ ' قرنفل لونگ 10 ماشہ شکر ساڑھے سترہ ماشہ باریک کر کے گلاب میں گولیاں بنائیں۔

دیگر

الائچی کلاں جائفل دار چینی ہر ایک 010 ماشہ فوفل (سپاری) گل سرخ ' صندل سفید ہر ایک ماشہ کوٹ چھان کر گلاب میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں ' سایہ میں خشک کر کے بروقت کے ایک گولی کھائیں اور ایک گولی منہ میں رکھیں۔

دیگر

بنات سفید ' شقاقل ' ریگ ماہی نر خشک کیا ہوا چھوارہ کندر مساوی سفوف کریں اور گرم پانی میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور وقت ضرورت ہمراہ شراب کے ماء اللحم نشی کے استعمال کریں اور سات گولیوں سے زیادہ نہ کھائیں۔

دیگر

شنگرف ' دار ہلد ' ست گلو ' تینوں برابر باریک پیس کر اور گوند کے پانی میں جھڑبیری کے بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور خشک کریں اور گولی کو اندر سے خالی کر کے ایک رتی پارہ مصفی اس میں بھر کے سوراخ بند کردیں اور خشک کر کے رکھیں ' ایک گولی قبل ضرورت یا وقت ضرورت کے کھاویں ' اگر زیادتی باہ کی منظور ہو تو ہمیشہ اس دوا کو کھاویں۔

حبوب مقوی باہ

ہر قسم کی نامردی کو دور کرتی ہے ' مجلوق کے واسطے مثل آب حیات ہیں ' ہر ایک قسم کے نقائص کو دور کر کے کامل جوانمرد بنادیتی ہے ' سرعت وغیرہ کو بھی فائدہ مند ہے ' اعصاب کو قوت بخشتی اور اعضاء رئیسہ کو تقویت پہنچاتی ہے۔

نسخہ

سافٹ پل ' فاسفورس 3 ماشہ ' اکسٹراکٹ نکس وامیکا 2 ماشہ ' اکسٹراکٹ ڈمیانہ ' ماشہ جوہر فولاد 1 ماشہ جدوار خطائی 1 ماشہ ' مومیائی اصلی ماشہ ' مشک خالص 1 ماشہ ' عنبر اشہب 1 ماشہ ' ورق نقرہ 2 ماشہ ' ورق طلا 1 ماشہ ' رگ ماہی 3 ماشہ ' خراطین مصفی 3 ماشہ ' بیرو بھوٹی 3 ماشہ ' جندبید ستر 1 ماشہ ' مغز پستہ 3 ماشہ ' مغز بادام شیریں 3 ماشہ ' مغز سر کنجشک نر 3 ماشہ ' زعفران عمدہ 3 ماشہ ' ماہی روبیان 2 ماشہ ' عقرقرا 3 ماشہ ' صدف صادق 3 ماشہ ' شاخ مرجان 3 ماشہ ' مصطگی رومی 3 ماشہ ' عود صلیب 3 ماشہ ثعلب مصری 3 ماشہ ' شقاقل مصری 3 ماشہ ' بہمن سرخ و سفید 3 ماشہ ' جائفل 2 ماشہ ' مایہ شتر اعرابی 2 ماشہ ' زنجبیل 3 ماشہ سب کو باریک پیس کر عرق بادیان اور شہد خالص میں گوندھ کر چنے کے برابر گولیاں بنادیں ' صبح و شام ایک ایک گولی شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں۔

حب مقوی باہ و ممسک

استخوان بیخ کونچ 4 تولہ' نخود بریان مقشر 1 تولہ' مغز بادام شیر مقشر 4 تولہ' عقرقرحا 2 تولہ' جائفل 1 تولہ' زعفران 6 ماشہ' سب کو پیس کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنادیں' ایک گولی روزانہ شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں' تو امساک طبعی حاصل ہو اور دفع الوقتی کے وسط ایک گولی ہر وقت ضرورت 1 گھنٹہ پہلے کھائیں' اوپر سے شیر گاؤ پیویں۔

حبوب مقوی و ممسک دافع سرعت وغیرہ

کشتہ سنکھیا سفید 4 ماشہ' کشتہ شنگرف 4 ماشہ' زعفران 6 ماشہ' افیون 4 ماشہ' سبکو کھرل میں ڈالیں' عرق پیاز 8 تولہ' شیر برہ 3 تولہ ملا کر تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرنا شروع کریں' جب سب حل ہو جائے' تو پیاز سفید لیکر اس میں سوراخ کرکے وہ دوائی ڈال کر اوپر سے بانس کی پتلی سیخ دیوے تاکہ منہ بند ہو جائے پھر آٹا گندم کا گوندھ کر اوپر لیپ کرکے گولا سا بنادیں اور اپلوں کو سلگا دیں' جب جل جائے تو ان کے درمیان رکھ دیویں اور حب سرخ ہو کر اوپر کا پردہ جل جائے تو نکال لیں اور پھر دوسرے پیاز میں اس طرح کریں اور اس طرح 5 پیازوں نن کریں اور جتنے پیاز اس طرح کے ہوں ان سب کو کوٹ کر رس نکال کر ادویہ کو اس میں کھرل کریں' جب سب جذب ہو جائے تو موٹھ کے برابر گولیاں بنائیں' روزانہ کے واسطے خوراک ایک گولی صبح و شام بہ ہمراہ دودھ' گرم مزاج مریضوں کے واسطے ست اسبغول ساتھ ملا لینا چاہیے' اگر دو سے 6 گولی حسب مزاج و طاقت کے سہ پہر کو کھائے لیکن نمکین چیز یا کھانا وغیرہ نہ کھائے تو حسب خواہش امساک آتا ہے اور دودھ گھی خوب ہضم ہوتا ہے' قوت باہ میں بے نظیر ہے۔

(نوٹ) : اگر بجائے کشتہ سم الفار و شنگرف کے یہ چیزیں کچی بھی ڈالی جائیں تو بھی مطلب حاصل ہوتا ہے' مگر کشتہ جات ہوں تو فائدہ بہت دیتا ہے اور جب یہ کشتہ جات بہتر ہو دیں ویسا فائدہ بھی بہتر ہوتا ہے اور کشتہ جات بنانے کی ترکیب حسب ذیل ہے' یہ اکیلے بھی نامردوں کو مرد کامل بنا سکتے ہیں۔

ترکیب کشتہ سنکھیا

سم الفاد سفید 1 تولہ میتھرے 30 تولہ' آب ادرک 20 تولہ' سنکھیا سفید کو اول آب میتھرے ڈال کر کھرل کرنا چاہیے' حتیٰ کہ بیس تولہ جذب ہو جائے' پھر آب ادرک ڈال کر کھرل کریں' بعد ازاں ٹکیاں بنا کر برگ میتھرے کا نغدہ کرکے درمیان میں ٹکیہ دیگر اوپر ایک پاؤ کپڑا لیپ دیویں اور پھر آگ لگا دے' نہایت مقوی کشتہ تیار ہو گا' پہلے ہی دن اس کے کھانے سے قوت زیادہ معلوم ہوتی ہے' خوراک ایک چاول مکھن میں۔

ترکیب کشتہ شنگرف بہ رنگت سفید

شنگرف 5 تولہ بہروزہ اسیر' ایک کھلے منہ والے برتن میں ڈال کر آنچ پر رکھیں' نرم سیخ نیچے ایک گھنٹہ تک رہے' پھر تیز کر دیں اوپر بہروزہ کے بھی سیخ لگ جائے تو کچھ پروا نہیں' جلنے دو' جب بہروزہ جل جائے تو شنگرف کی ڈلی کو نکال لیں' ایک کڑچھہ میں رکھیں اور نیچے نرم آنچ کریں اور اس کے اوپر تیل فاسفورس کی بوند گراتے چلیں' حتیٰ کہ ایک پاؤ روغن فاسفورس جذب ہو جائے' تیل فاسفورس ڈاکٹروں کی دکان سے ملے گا' اس کے ڈالنے سے روشنی سی نکلے گی' بعد ازاں کڑچھہ میں بھلاواں 5 تولہ مالکنگنی 5

تولہ پیس کر ڈالیں اور اس کے اوپر گھی 5 تولہ، شہد 5 تولہ ڈال کر آنچ دیں، ہلکی درمیانی اور تیز آنچ کریں، 4، 4 گھنٹے گویا بارہ گھنٹے کر کے اتاریں، اور شنگرف کی ڈلی نکال کر پھر بھلاوہ اور مالکنگنی گھی، شہد اوپر ڈال کر 4 پہر کی اسی طرح آنچ دیں، اسی طرح کہ ایک اور آنچ دیں اس کے بعد اس پر دودھ آک مدار کا چویہ دیں حتیٰ کہ ایک سیر دودھ آک کا جذب کرے، اس کے بعد شراب کا چویہ دے کر 4 بوتل جذب کریں، پھر عرق پیاز 8 بوتل جذب کر کے اس کے بعد دودھ آک میں کھرل کر کے اس ٹکیہ پر لیپ کر دیں اور 10 تولہ کشتہ بیضہ مرغ 5 تولہ دودھ آک میں کھرل کر کے اس ٹکیہ پر لیپ کر دیں، اور 10 تولہ کشتہ بیضہ مرغ لے کر ایک کوزہ گلی میں اس ٹکیہ کے نیچے اوپر دے کر کوزہ مذکورہ کا منہ بند کر کے اس پر تین کھروٹی کریں اور اسیر اپلوں کی آنچ دیں، کشتہ مفید ہو گا، 7 دن اس کو کھائیں اور پھر اس کی پیدا کردہ طاقت سے مجبور ہوں۔

کام کوتوبل وٹی

تخم کونچ، پیپل، موصلی، کلنجن، طباشیر، جائفل، جوتری مصطگی، سرد، چینی الائچی، خورد، لونگ، گوکھرو، گل گلاب، گل موتیا، گل سیلا، گل نکی میدا، ستاور کھانہ، تال کھانہ، سمندر سوکھ، بال چھڑ، کنکول، سونٹھ ہر ایک تولہ کستوری، بھیم سینی کافور ہر ایک 4 ماشہ کھرل کر کے 3، 3 ماشہ کی گولیاں بنائیں، اگر کیسر کے پیڑنہ ملیں تو کیسر 6 ماشہ لے کر اس کو پانی میں پیس کر اس پانی میں کستوری کافور کو بھی پیس لیں اور باقی ادویات اس پانی میں کھرل کریں، مقوی و دافع جریان ہے نیز کھانسی، دمہ، ذیابیطس کو مفید ہے، مریضان آتشک بھی اس سے نفع یاب ہوتے ہیں۔

ویریہ وردھن گٹی

ہداری کند، گوکھرو، تال کھانہ، ستاور، کلنجن، کیلے کا کندر ہر ایک 4 تولہ تخم کونچ، اونٹنگن، بیج بند ہر ایک 8 تولہ، اسگندھ 12 تولہ، دار چینی، الائچی خورد، تیج پات، تمال پتر، پیپل، آملہ مقشر، لونگ، دیودار، ناگ کیسر، موصلی، بالچھڑ، ست گلو، طباشیر ہر ایک 3 ماشہ، سب کو اکٹھا باریک کر کے لیموں کے رس میں کھرل کریں، بعد ازاں دوگ کی جڑ کے رس میں کھرل کریں اور ایک دن بھر سکھائیں، بعد ازاں مصری سب سفوف کے برابر گولیاں بنادیں، خوراک 1 تولہ سے 3 تولہ تک اس کے اوصاف اس کے نام ہی سے ظاہر ہیں جو اپنے جسم سے اپنی غلط کاریوں کے ذریعہ جوہر کو ضائع کر چکے ہیں وہ اس کے ذریعہ پھر حاصل کر سکتے ہیں اس سے طاقت بڑھتی ہے، مقوی ہے، سوزاک سے جلے ہوئے خزانے والے اشخاص کے لئے مفید ہے، لکھا ہے کہ وہ راجہ اس کو ہمیشہ استعمال کیا کرے جس کے گھر میں دو رانیاں ہوں، ایسا لکھنے سے غرض اس کو مفید ثابت کراتا ہے، واقعی اگر اسے دیر تک استعمال کیا جائے تو نہ صرف جوہر جسم پیدا ہوتا ہے بلکہ گاڑھا اور قابل اولاد ہوتا جاتا ہے، کثرت احتلام کے لئے بے نظیر ہے۔

گولیاں مقوی باہ مجرب المجرب

اگر 3 ماشہ عنبر اشہب 1 ماشہ، مومیائی دارابی 1 ماشہ، تریاق فاروقی ایک ماشہ، مشک خالص 6 رتی، ورق طلاء 10 عدد یہ ادویہ عرق گلاب میں حل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنادیں، ایک شیشی میں ڈال کر دو ماہ تک اناج میں بند کر کے رکھ دیں بعد دو ماہ کے ایک گولی صبح کے وقت حلوائے بادام کے ہمراہ

کھائیں۔

کارخانہ امرت دھارا کی اکسیر نمبر41 کا نسخہ

اگرچہ امیروں کے واسطے ہے' مگر یہ سمجھ لیجئے کہ ایک گولی بھی جس نے کھالی اس کا گرویدہ ہوگیا۔
مقوی اعضائے رئیسہ اتنا کہ لاثانی کہہ سکیں' عمر کو بڑھانے والا تمام قویٰ و ارواح کو طاقت دینے والا اور مضبوط رکھنے والا' رگوں' پٹھوں' عضلوں' ہڈی' مجا' دماغ' منی سب کو طاقت بخشنے والا یہ نسخہ امراء کے گھروں میں ہروقت موجود رہنا چاہیے۔
لوگ امساک کو ڈھونڈتے پھرتے ہیں مگر نہیں ملتا' قدرتی اور سچا بندھیج اسے پیدا کیا جاسکتا ہے۔
جوان آدمی جو سرعت کے مریض نہیں ان کے واسطے تاترشی والا مقولہ صادق آتا ہے' ورنہ 6 گنا کردینا تو کوئی بات ہی نہیں ہے' دل کو فرحت' دماغ کو روشن' جگر کو تقویت آنکھوں کو بصارت' مثانہ کو طاقت' یہ گولیاں دیتی ہیں' مقوی باہ' دافع سرعت' رقت جریان و احتلام ہیں' نسخہ مندرجہ ذیل ہے:۔
شنگرف رومی 1 تولہ' ورق سونا ایک تولہ دونوں کو ایک دن رس پیاز میں ایک دن' دودھ برگد میں ایک دن دودھ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنادیں' اس ٹکیہ کو دو تین برگ مدار کے درمیان لپیٹ دیں پھر ایک ہانڈی میں 3 سیر بالوریت کے نیچے بچھا دیں اور اوپر اپوٹلی کو رکھ کر 2 سیر بالوریت اور ڈال کر منہ ہانڈی کا بند کر کے نیچے دوپہر تک درمیانی آنچ کریں' اور سرد ہونے پر نکالیں۔
یہ کشتہ طلاء بمعہ کشتہ شنگرف 1 تولہ' مشک نیپال' 1 تولہ مروارید ناسفتہ ایک تولہ زعفران 1 تولہ' مغز تخم تمرہندی 1 تولہ' عنبر 1 تولہ' جندبید ستر 1 تولہ مایہ شتر اعرابی 1 تولہ بھیم سینی کافور 1 تولہ' ست برگد 1 تولہ' مارفیا 3 ماشہ' ان سب ادویہ کو دودھ برگد میں تھوڑی دیر کھرل کر کے نصف ماشہ کی گولیاں بنالیں۔
ست برگد کی ترکیب' پکے ہوئے زرد پتے بڑھ کے درخت سے اتاریں اور ان کو ہاتھوں سے مروڑ کر مٹکوں کے اندر بھردیں اور پانی سے ان کو بھردیں اور 2 دن کے بعد کڑاہی میں ڈال کر ابالیں' جب 1/4 پانی رہے' خوب مل چھان کر پھر کڑاہی پر چڑھا دیں حتیٰ کہ کل پانی جذب ہوجائے اور مانند شہد گاڑھا ہوجائے' پس اتارلیں یہی ست برگد ہے۔
خوراک ایک گولی سے 2 گولی تک حسب مزاج' بندھیج۔ کے واسطے 2 یا 3 گولی ملائی سے کھائیں' 3 گھنٹے قبل درمیان میں کوئی ترشی چیز یا کھانا وغیرہ نہ کھائیں۔

جاتی پھل آدی بٹی

عقرقرحہ' کشتہ قلعی' سونٹھ' سرد چینی' کیسر' پیپل' صندل' برابر وزن اور سب کے برابر افیون لیں اور تمام ادویہ کو اکٹھا کر کے شہد میں ملا کر دو دو رتی کی گولیاں بناوے' یہ خاص امساک کے واسط ہیں' ان سے جریان پرمیھہ' اسہال' سنگرہنی کثرت طمث کو بھی آرام آجاتا ہے' سہ پہر کو ایک سے دو تولی حسب طاقت کھا کر اوپر سے دودھ پی لے اور ترشی سے پرہیز کرے۔

کام ونودوٹی

موسلی سفید' موصلی سیاہ مکھانہ' کباب چینی' مصطگی' جائفل' کونچ' بیج' تالمکھانہ' پیپل' گوکھرو' گلو مال کنگنی' بہو پھلی' اسگندھ' خشخاش' انگن' پان' کپور کچری' کلنجن' افیون' مازو' بیج دھتورہ سیاہ' پھول

پھر بنگر، دار چینی، الائچی، تیج پات، ناگ کیسر ہر ایک 2 تولہ باریک کپڑ چھان کر برابر سب کے مصری اور گھی ملائے اور دودھ کے ساتھ کھرل کر کے برابر جنگلی بیر کے گولیاں بنا دیں۔ یا ویسے ہی کریں ایک دو گولی روز دودھ کے ساتھ کھائے۔ سرعت بیماری کو دور کرتی ہے۔ ملذذ بھی ہیں۔ پرمیہ اور نامردی دور ہوتی ہے۔ دو تین گولیاں شام کے وقت کھائے اور قدرت خدا ملاحظہ کریں۔

گولی شنگرف

مقوی باہ و ممسک ہے اور سرعت کو نافع ہے۔ شنگرف کا کشتہ 3 ماشہ، پیپل 3 ماشہ۔ زعفران 3 ماشہ۔ مشک کستوری ایک رتی۔ کشتہ قلعی ایک تولہ۔ سب کو لے کر برگ تنبول کے رس میں کھرل کر کے ماش کی دال کے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی صبح۔ ہمراہ کافی مقدار دودھ کے کھائیں اور دودھ گھی کا خوب استعمال رکھیں۔

حب امساک

شنگرف رومی سوا تولہ ریزہ ریزہ کر کے پارچہ سفید میں پوٹلی باندھ کر ایک پیاز سفید یا بجر کندہ یعنی جنگلی کے اندر پوٹلی رکھ کر کپڑ روٹی کر کے دو ڈھائی اپلہ کی گرمی میں پکائیں۔ اسی طرح سو بار سو پیاز میں پکائیں۔ بعدہ چالیس بار دھتورہ سیاہ یا سفید کے پھل میں اسی طرح پکائیں۔ اگر سو بار دھتورہ کے پھل میں پکائیں تو بہت مناسب ہے۔ پھر اس پوٹلی کو کوکنار یعنی پوست کے ڈوڈے ڈیڑھ سیر پختہ پانی چار سیر پختہ میں نرم آنچ پر اس طرح پکائیں کہ پوٹلی برتن کے تلے سے نہ لگے۔ جب کل پانی قریب قریب جل جائے تو پوٹلی کو نکال لیں۔ بعدہ جائفل کل شنگرف میں لونگ پھولدار ساڑھے سات ماشہ عقرقرحا ساڑھے سات ماشہ، کافور بھیم سینی 3 ماشہ، مشک تبتی 3 ماشہ کو کنار کے پانی میں خوب پیس کر چار سو گولیاں بنائیں اور ایک گولی 4 گھڑی قبل کھائیں ایک پہر کا امساک ہو گا۔

پرہیز۔ ترشی، شوربا، کباب، مچھلی وغیرہ ہونا چاہیے۔ شنگرف پکانے میں آگ کا خوب خیال رکھیں کیونکہ میں نے جب بنایا تو شنگرف اڑ گیا۔ آٹھویں دفعہ درست ہوا اور تکمیل کو پہنچا۔

نوٹ:۔ اپلوں کی گرمی سے مراد بہت چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں سے ہے میرے خیال میں اسی دوا سے کم و بیش چالیس روز کھانے کے بعد دس دس منٹ کا طبعی امساک ہو جانا بری بات نہیں ہے۔ بشرطیکہ مریض اعتدال سے رہے۔

حب امساک

جوزبوا (جائفل) 3 ماشہ، قرنفل (لونگ) 3 ماشہ، فلفل دراز (پیپل) 3 ماشہ، افیون 3 ماشہ، الائچی خورد 3 ماشہ، بیخ کنیر سفید 3 ماشہ، مرچ سیاہ ایک ماشہ، مشک نیم ماشہ، تخم اونٹکن ایک ماشہ، کونچ 1 ماشہ، زعفران 1 ماشہ، تال مکھانہ 1 ماشہ، گوکھرو 1 ماشہ، ثعلب مصری 1 ماشہ، سب کو کوٹ چھان کر گولیاں برابر نخود کے بنا کر بعد خوردن طعام کے کھائے۔

حب دافع سرعت

اس نسخہ سے 14 دن کے اندر 10 منٹ کا امساک ہمیشہ کے واسطے ہو گا۔ بھلا نوہ کے اندر کی گری، خشخاش سفید، سرسوں سفید، مصری نخود بریاں سب برابر وزن لے کر اول بھلانوہ کو کھرل میں ڈالیں۔ جب

خوب باریک ہو جائیں تو خشخاش سفید ڈالیں وہ بھی باریک ہو جائے تو پھر سرسوں اور پھر مصری اور آخر میں نخود بریاں ڈال کر اتنے زور سے آدمی کھرل کریں کہ ادویہ ازحد باریک ہو جائیں۔ ان سے تیل نکلنا معلوم ہوئے۔ چھ چھ ماشہ کی گولیاں بنائے ایک گولی اور ڈیڑھ ماشہ اسگندھ کا سفوف ' ڈیڑھ پاؤ دودھ میں 3 تولہ مصری ملا کر صبح و شام کھلائیں۔ اگر اتنی گرمی کرے تو 3 ماشہ صبح 3 ماشہ شام چاہے 6 ماشہ ایک ہی وقت صبح کو دیں۔

حب ممسک

حرمل (سپند) 3 ماشہ ' کلونجی 3 ماشہ ' اجوائن دیسی 3 ماشہ ' افیون 3 ماشہ ' مانند دانہ چنے کے گولیاں بنائیں ' دو گولی کھائیں اور لطف اٹھائیں۔

حبوب برائے دافع جریان و سرعت

جوزبوا (جائفل) 1 تولہ ' جاوتری 1 تولہ ' قرنفل (لونگ) 1 تولہ ' دار چینی ایک تولہ ' افیون 3 ماشہ ' کنجد سیاہ 6 ماشہ ' سوجی اور گندم 2 تولہ۔ سب کو شکر سفید 4 تولہ میں ملا کر غلولہ مانند بیر کے بنالیں۔ ہر روز صبح و شام کھائیں۔ قوت باہ زیادہ ہوگی مجرب ہے۔

حبوب مقوی معدہ و جگر قوت باہ مجرب است

مروارید ناسفتہ ساڑھے تین ماشہ۔ مشک ساڑھے تین ماشہ۔ بنسلوچن ساڑھے تین ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ساڑھے تین ماشہ۔ نارجیل دریائی ساڑھے تین ماشہ۔ جدوار خطائی ساڑے تین ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ساڑھے تین ماشہ۔ مغز لیموں کاغذی ساڑھے تین ماشہ۔ عنبراشہب ساڑھے تین ماشہ۔ ورق نقرہ 6 ماشہ۔ ورق طلاء ساڑھے تین ماشہ سب کو لے کر اور چھان کر گولیاں نخود۔ کے برابر بنا دیں۔ ایک صبح ایک شام ہمراہ آب کھائیں بہت نفع ہوگا۔ مجرب ہے۔

بند اوٹی

تخم کٹھوی ' مغز بیر ' جائفل ' ان کو برابر وزن لے کرپان کے رس میں کھرل کر کے ایک ایک ماشہ کی گولی بنائیں۔ صبح ایک گولی سرد پانی کے ساتھ کھائیں۔ احتلام کے لئے بالخصوص مفید ہیں۔ جریان ' پرمیہہ ' ذیابیطس اور رقت کو نافع ہیں۔ ترشی ' بادی اور نمک سے پرہیز کر کے کھائیں۔ تو اس معمولی سی دوا سے ازحد فائدہ ہو۔ مغز بیر کی بجائے اگر کچے بیر جن میں گٹھلی نہ پڑی ہو ڈالے جائیں تو بہتر ہے۔ ایک سادھو نے ایک شخص کو جریان ان کچے بیروں میں شکر ملا کر کھلانے سے قطعی دور کی تھی۔

جاتی پھل آدمی وٹی

جائفل۔ مکھانہ۔ اجوائن خراسانی سب برابر وزن اور سب کے برابر قند سیاہ لیں سب کو اونٹکن کے رس میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں۔ خوراک 6 ماشہ ایک گھنٹہ پہلے ایک گولی کھا کر اوپر سے دودھ پئیں۔

حب کہ مقوی باہ ممسک ہے

لوبان 6 ماشہ۔ دار چینی 6 ماشہ۔ لونگ 6 ماشہ۔ عقرقرحا 6 ماشہ ' سونٹھ 6 ماشہ ' پیپل 6 ماشہ۔ شنگرف مدبر 3 ماشہ ' مرچ سیاہ 6 ماشہ۔ زعفران 3 ماشہ۔ سہاگہ بریاں 6 ماشہ۔ کستوری خالص 3 ماشہ۔ ورق طلاء

10 عدد کھرل کر کے روح گلاب یا روح کیوڑہ سے کھرل کر کے بہ قدر نخود حب بنائیں۔ خوراک ایک گولی بدرقہ مناسبہ سے۔

حب دافع جریان

شنگرف رومی 6 ماشہ' مرچ سیاہ 6 ماشہ' پیپل 6 ماشہ' سہاگہ بریاں 6 ماشہ' کشتہ قلعی 6 ماشہ' مرجان 6 ماشہ' کستوری 1 ماشہ' ورق نقری 10 عدد' عرق کیوڑہ سے دوپہر کھرل کر کے بہ قدر نخود گولیاں بنائیں۔ ایک گولی یا 2 گولی تیسرے پہر شیر گاؤ سے کھایا کریں۔

حب امساک

شنگرف 6 ماشہ' افیون 6 ماشہ' عمدہ شراب میں ایک گھنٹہ تک کھرل کر کے سفید پیاز کے عرق میں آدھ گھنٹہ تک کھرل کریں اور سیاہ مرچوں کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی کھلائیں اور اوپر سے دودھ پلائیں۔

حبوب جریان

عقرقرحا 1 تولہ' لونگ 1 تولہ' جائفل 1 تولہ' جاوتری 12 تولہ' گندھک 6 ماشہ' پارہ 6 ماشہ' افیون 1 تولہ' بھنگ 1 تولہ' مصری 1 تولہ' کیسر 6 ماشہ' کستوری 1 ماشہ' شہد حسب ضرورت گولیاں بہ مقدار ایک رتی۔ ہمراہ شیر گاؤ۔

گولیاں مقوی باہ

سنکھیا سفید' ہڑتال' شنگرف تینوں اشیاء کو لیموں کے رس میں کھرل کر کے گولیاں موٹھ کے برابر بنائی جائیں۔ کھانا کھانے کے بعد ایک گولی کھائی جائے۔ تو اس سے بیس گنا طاقت بڑھ جاتی ہے۔ مگر یہ قباحت ہے کہ اس سے بھوک بند ہو جاتی ہے۔

حبوب مجربات امراض منی

جس وقت کیکر کا درخت پھولے اور پھلیاں لگ جائیں لیکن ان پھلیوں میں بیج نہ پڑا ہو تو بہت سی مقدار میں توڑ کر کسی صاف چیز سے چھوٹی چھوٹی کر کے کتر ڈالو اور کسی صاف اوکھلی میں کوٹ کر ایک صاف کڑاہی میں ڈال دو اور ان پھلیوں میں اتنا پانی ڈالو کہ ایک نٹ اونچا ہو جائے۔ ازاں بعد کڑاہی کے نیچے مدہم مدہم آگ جلاؤ۔ جب پانی خشک ہوتا ہوتا پھلیوں کے برابر آجائے تو کڑاہی کو نیچے اتار لو۔ پھلیوں کو پوست ڈوڈہ کی مانند مل کر تمام پانی کپڑے میں سے چھان لو اور پھوگ کو پھینک دو۔ اس اثر والے پانی کو تھوڑی دیر پڑا رہنے دو تاکہ ریت وغیرہ جنس مادے سے نیچے بیٹھ جائیں۔ کچھ عرصہ بعد اس پانی کو آہستہ سے نتھار کر صاف کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھو اور مدہم مدہم آگ جلائیں کیونکہ مادے کے جل جانے کا اندیشہ ہے جب خشک ہوتے ہیں تو مادہ مانند افیون کے مادہ کے ہو جائے۔ تو اسے نیچے اتار لو۔ اب فرض کرو کہ یہ وہ کیکر ایک سیر ہے تو مفصلہ ذیل اشیاء جو پہلے سے باریک چھان کر رکھی ہوں۔ شامل کر دو۔ بھوپلی 5 تولہ' موصلی سفید 5 تولہ' تالمکھانہ 5 تولہ' ستادر 5 تولہ' ثعلب مصری 5 تولہ' طباشیر 4 تولہ' دانہ الائچی خورد 4 تولہ' کشتہ چودھاتہ 4 تولہ' کشتہ فولاد 2 تولہ' ان تمام ادویات کو باریک کر کے کپڑ

چھان کر کے مادہ کیکر میں ملا دو اور دو رتی کی گولیاں بنالو۔ اور دودھ یا پانی سے کھلاؤ۔ قلت منی اور دیر یہ کی دوسری شکایات کمزوری میں بہت مفید ہے۔

اکر کرادی وٹی

عقرقرحا' سونٹھ' لونگ' کیسر' پیپل' جائفل' جاوتری' سفید چندن ہر ایک 1 تولہ' لے کر ان کا سفوف بنائیں۔ اور پھر اس میں چار تولہ افیون ملائیں بعد ازاں اس کی ساڑھے پانچ رتی کی گولیاں بنائیں۔ روزانہ ایک گولی شہد کے ہمراہ کھائے تو نہایت قوت باہ پیدا ہو اور امساک بے حد لائے۔

حب افیون

امساک منی کے لئے مجرب ہے۔ افیون 2 تولہ 9 ماشہ' گول مرچ' دار چینی' سونٹھ' کتھا' گوند ببول' زعفران' جاوتری ہر ایک ساڑھے ساتھ ماشہ حب بلسان' مرکی' عقرقرحا' رب السوس' زرنچور' جند بید ستر' جدوار خطائی' دروونج عقربی' مصطگی' عود خام' ہر ایک 7 ماشہ' مصری سفید 4 تولہ 4 ماشہ کوٹ چھان کر گلاب میں گولیاں بقدر چنے کے بنائیں۔ نوٹ:۔ امساک کی زیادہ حرص نہ کرنی چاہئے۔ کیونکہ اس کا انجام خوش آئند نہیں ہے۔

حب سیماب

اس کا نام عقد سیماب (گرہ پارہ) بھی ہے۔ منہ میں رکھنے سے امساک پیدا ہوتا ہے۔ پارہ ساڑھے سترہ ماشہ تیز سرکہ کے ساتھ ہاون میں پیسیں کہ حل ہو جائے۔ پھر نمک ہندی ساڑھے تیرہ ماشہ' ساتھ اس کے ملائیں اور لوہے کا ظرف سرکہ سے بھر کر پارہ اس میں جوش کریں' اور پارہ سخت پسا ہوا تھوڑا تھوڑا اس پر ڈال کر ہاون دستہ سے پیسیں تو لقمہ ہو جائے' بعد اس کے موٹے کپڑے میں رکھ کر نچوڑیں اور جو کپڑے میں رہ گیا ہو سرد پانی کے ساتھ دھو دیں۔ تو سب میل اس کی دور ہو جائے گی۔ اور سب کا ایک غلولہ بنا کر اس کے درمیان میں ایک سوراخ کر کے روئی کی رسی اس سوراخ میں ڈال کر ایک دن رات لیموں میں رکھیں تو منجمد ہو جائے۔ پھر روغن دھتورہ ڈال کر نرم آگ پر جوش دیں۔ اور وقت ضرورت کے منہ میں رکھیں لیکن رسی منہ کے باہر رہے۔ تاکہ غلولہ حلق میں نہ جائے۔ جب ارادہ ہو تو غلولہ کو منہ سے نکال لیں۔ اور اگر غلولہ کو بعد تیار ہونے کے ایک برس تک کبھی دودھ میں کبھی روغن میں کبھی دیگر طعام میں کبھی مختلف پتوں اور کھانسوں کے پانی میں ڈالیں اور ہمیشہ ہاتھ سے ملتے رہیں۔ یہاں تک کہ آئینہ کی مانند ہو اور روشن ہو جائے۔ اور کچھ کدورت اس میں نہ رہے۔ وصف مذکور میں بے مثل ہے۔

حب ملذذ

یہ گولیاں باہ ی پیدا کرتی ہیں اور ملذذ بھی ہیں۔ مگر شرط یہ ہے کہ اس کی تیزی مرد کو تکلیف نہ دے۔ عقرقرحا' دار چینی' مویز منقی' اور بعض لوگ کبابہ بھی ملاتے ہیں۔ جملہ ادویہ برابر وزن کوٹ کر چھان کر شہد سونٹھ ملا کر گولیاں چنے کے برابر بنائیں اور وقت ضرورت ایک گولی منہ میں رکھیں اور لعاب دہن ذکر پر ملیں۔

آبھا آدی وٹی

سرعت کا علاج ہے۔ ببول یا کیکر کے پتے 4 تولہ' تال مکھانہ پونے بارہ تولہ۔ بل گری 12 تولہ سب کو اکٹھا کر کے شہد میں ملا کر گولیاں بنائیں۔ خوراک 3 ماشہ ہے۔ اس کے کھانے سے جریان' پرمیہہ' ذیابیطس دور ہوتا ہے اور مقوی باہ بھی ہے۔ یہ تین چیزیں معمولی نہ سمجھی جائیں بلکہ غضب کی تاثیر رکھتی ہیں۔

گوکھشار آدی وٹی

گوکھرو' تال مکھانہ' برابر وزن لے کر سفوف کریں۔ دگنی شکر سرخ ملا کر سب کو گھی میں ملا کر گولیاں بنائیں۔ یہ گولیاں جریان کو مفید ہیں اور خشکی جسم کو دور کرتی ہیں۔ بدن کو موٹا کرتی ہیں۔ سرعت کو نافع ہے اس کے بعد دودھ پینا چاہیے۔

داتاری پشپ وٹی

سیوناک کے پھول' ادرک برابر وزن لے کر بیر کے برابر گولیاں بنائیں اس کے کھانے سے بدہضمی و بادی امراض کو فائدہ ہونے کے علاوہ جریان بھی دور ہوتا ہے۔

موصلی وٹی

موصلی سفید کا سفوف لے کر گھیکوار کے رس میں حل کر کے گولیاں بنائیں' پانی یا دودھ کے ساتھ ان گولیوں کو کھانے سے جریان دور ہوتا ہے۔ معتدل ہے دیریہ گاڑھا ہوتا ہے۔

حبوب مقوی باہ

مالکنگنی' تخم گاجر' عقرقرحا ہر ایک دو دام' لونگ' زعفران ہر ایک آدھا دام' اسپند 6 ماشہ' خشخاش ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ' گائے کا گھی' شہد خالص ہر ایک 4 دام روغن مالکنگنی 1 تولہ' تمام ادویہ کو کوٹ پیس کر روغن اور شہد و تیل میں گھول کر گولیاں بنائیں اور قبل از وقت ایک گولی کھائیں' اگر موافق نہ آئے تو دو گولی تک کھا سکتے ہیں۔

کام اودیپن گٹکا

شنگرف مصفی یا کشتہ' زعفران' سونٹھ' جائفل' لونگ' تال مکھانہ' تخم کونچ' مصطگی' طباشیر' اجوائن خراسانی' عقرقرحا تونبرو' جاوتری' افیون سب برابر وزن لیں اور بھانگ کے رس میں ایک دن کھرل کر کے ایک ماشہ کی گولیاں بنائیں یہ گولیاں مقوی و استھبک ہیں۔ ذیابیطس' جریان' سرعت کا پورا علاج۔ ہر قسم کے اسہال' سنگرہنی' کھانسی' دمہ' کو مفید ہیں۔ سہ پہر کو ایک گولی کھا کر اوپر سے پان کھائیں' اگر مزاج گرم ہے تو دودھ پئیں' اور خدا کی قدرت ملاحظہ کریں۔

کاشمیر وٹی

زعفران' الائچی خورد' رس سندھور' اجوائن کھ' کالا زیرہ' طباشیر ہر ایک 1 تولہ موصلی کا سفوف 7 تولہ ملا کر گولیاں بنائیں' خوراک 6 ماشہ۔ دودھ کی ساتھ یہ گولیاں بادی کے امراض کو مفید ہیں۔ کھانسی' دمہ' پتھری اور دوسروں کے موز کرچھ (سوزاک) کو مفید ہیں۔ دل کو تقویت دیتی ہیں۔ اور خوش رکھتی

ہیں۔ خواہش.... کو بھڑکاتی ہیں۔ مقوی باہ و ممسک ہے۔ دافع جریان و احتلام و سرعت ہیں۔ خاص کر سردیوں میں زیادہ مفید ہیں اور سرد مزاجوں کے لئے بے نظیر ہیں۔

مرچادی وٹی

مرچ سیاہ 4 تولہ' گڑ پرانا (قند کہنہ) 12 تولہ' گھی 12 تولہ' تال مکھانہ 12 تولہ' تخم ہیل 12 تولہ سب کو اکٹھا کر کے گولیاں بنائیں' خوراک 1 تولہ بہ ہمراہ دودھ۔ جریان کو دور کرتی ہے مقوی باہ ہے۔ ہاضمہ بڑھاتی ہے۔ ممسک ہے اور کھانے میں لذیذ ہوتی ہے۔

ستموہنی وٹی

لونگ' جائفل' جوتری' کنکول' مکھانہ' تن ہر ایک 1 تولہ' بھانگ 3 تولہ میٹھا تیلیہ ڈیڑھ تولہ' افیون 9 ماشہ' سب کو باریک کر کے بھانگ کے رس میں 4 پہر کھرل کریں۔ گولیاں 2-2 رتی کی بنائیں۔ نہایت ہی ممسک ہے۔ دو تین گولی حسب طاقت کھائے کام نوبل کتاب میں ایک پہر لکھا ہے۔ احتلام کو فوراً بند کرتی ہے۔ جریان کو دور کرتی ہے۔ دمہ' کھانسی اور ذیابیطس کو نافع ہے۔ مریضان سرعت اس کو استعمال کر کے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

کنک سندر روٹی

پارہ 1 تولہ کو دھتورے کے تازے بیجوں کے رس میں ایک دن کھرل کر کے پھر اس میں گندھک آملہ سار مصفی 2 تولہ' سب کو اکٹھا پیس کر پوست خشخاش اس میں کھرل کر کے نصف نصف رتی کی گولیاں بنائیں۔ اس کے کھانے سے ہر قسم کی پرمیہہ' جریان' ذیابیطس' زیادتی پیشاب وغیرہ دور ہو کر طاقت آتی ہے۔ ممسک اول درجہ کی ہے دیر یہ مستبھن ہوتا ہے۔

مدن ورس کٹی

افیون' بچھناگ' بھیم سینی کافور' کستوری' پیپل' سمندر سوکھ' تخم دھتورہ سیاہ' سونٹھ' طباشیر' جائفل' جوتری کو برابر وزن لے کر لیموں کے رس ایک سیر میں کھرل کریں۔ پھر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ممسک و ملذذ درجہ اول کی ہے۔ کھانسی' دمہ' 20 قسم کے پرمیہہ' سنگرہنی وغیرہ کو دور کرتی ہے۔ لوگ حیران ہوتے ہوں گے کہ ممسک ادویات جہاں ترشی کی بو بھی نہ لگنی چاہئے۔ لیموں کے رس میں کھرل کرنا کیا معنے واقعی یہ صرف ویدک نسخہ جات میں ہی آتا ہے وجہ یہ ہے کہ وہ اس سے ان کی تیزی کو کم کر کے ان کی خرابی کو ہٹانا چاہئے۔ امساک کم ہو مگر انہیں گولیوں کو روزانہ کھانے سے اچھی طرح اس مطلب کو حاصل کر سکتے ہیں۔ یاد رکھو کہ ہر ایک وقت امساک کی ادویات کا استعمال نقصان دہ ہے۔ صرف ضرورت کے وقت ایسا کرنا چاہئے۔

حبوب مبہی و ممسک

کچلہ غیر مقشر حسب حاجت لے کر پھل دھتورے کا پیٹ چاک کر کے کچلے اس کے اندر رکھ کر آرد گندم سے گل حکمت کر کے ہلکی بل میں دبا رکھیں۔ 4 گھنٹہ بعد نکال کر جدید پھل دھتورہ میں کچلہ مذکور رکھ کر بدستور تشویہ دیں' اسی طرح ایک کچلہ کو چالیس چالیس پھل دھتورہ میں پٹ دیں۔ درمیان میں

اس کا چھلکا دور ہو جائے گا۔ (خیال رکھیں آنچ تیز ہو کر جل نہ جائے) اور چھلکے جوز ماثل کا پانی چوس چوس کر موٹے ہو جائیں گے۔ پھر دھتورے کے پنچانگ کا رس ربع وزن لے کر اس کچلہ مدبر مشوی مقشر کو اس میں حل کریں۔ پھر زعفران، جوتری، مشک، اندر جو شیریں، مغز سر کبوتر، یاقوت، مروارید کلاں ہر ایک پیسوال حصہ اضافہ کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں، ایک گولی صبح ایک شام کے وقت ہمراہ شیر گاؤ کھائیں، یہ گولیاں نہایت مقوی اور ممسک ہیں، دافع جریان و سیلان و رطوبات وغیرہ ہیں، علاوہ ازیں ترک افیون کے واسطے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

دیگر

خشخاش سفید، کتیرا، گوند کیکر، گوند ڈھاک، اجوائن خراسانی، اندر جو شیریں تخم خرفہ، سیاہ مقشر، کشنیز خشک، بیج لفاح، جائفل، اظفار الطیب، تودری سرخ، تودری زرد، بہمنین، لونگ، الائچی، تج قلمی، جوتری، افیون مدبر، مشک عنبر، زعفران، جند بید ستر، جدوار ثعلب مصری موصلی سفید، کبابہ، خولنجان، مالکنگنی، مغز بادام، مغز پستہ، مغز چرونجی، مغز بنولہ، مغز فندق، مغز چلغوزہ، حب الخضرا، حب الزلم، مغز نارجیل مقشر، زہر مہرہ یاقوت، یشب مروارید، لاجورد، مرجان محرق، ورق طلاء، ورق نقرہ، شنگرف مدبر (آب پیاز و شہد گھی میں) بچھناگ سیاہ مدبر و شیر گلو، روغن بلسان، شہد کوٹنے قابل دواؤں کو کوٹ چھان کر بقیہ کو حل کر کے جواہرات کو گلاب، بید مشک اور کیوڑہ میں صلایہ کر کے باقی سفوف ادویہ اور مغزیات وغیرہ کو شہد میں مخلوط کر کے زعفران مشک اخیر میں داخل کریں اور گولیاں چنے برابر بنالیں گولیاں بناتے وقت انگلیوں کو روغن بلسان سے چرب رکھیں۔ ایک گولی سے دو گولی تک ہمراہ شیر گاؤ، یا ہمراہ بید مشک۔ گلاب۔ کیوڑہ اور شربت انار کے کھائیں۔ ترشی، بادی اور روغن سیاہ سے پرہیز رکھیں۔ غذائی مرغن استعمال کریں۔ نہایت مقوی اور ممسک گولیاں ہیں۔ چالیس روز تک باپرہیز استعمال کرنا چاہیے۔

حب شقاقل

شقاقل 2 تولہ، پنیرمایہ شتر، بہمن سفید ہر ایک 6 ماشہ، پہلے پنیرمایہ کو گلاب میں حل کر لیں۔ ازاں بعد دوسری دوائیں کوٹ چھان کر ملائیں۔ اور 2 تولہ شہد خالص کے اضافہ سے 21 گولیاں بنائیں۔ صبح کے وقت ایک گولی گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ مقوی ہے۔ جسمانی حسن کو بڑھاتی ہے۔

حبوب ممسک

اونٹ کٹارہ کی جڑھ کی چھال، دار چینی، گوکھرو، سلملی کے بیج، سمندر سوکھ، تالمکھانہ، موچرس ہر ایک 15 ماشہ، سب کو کوٹ چھان کر پانچ سیر گائے کے دودھ میں جوش دے کر کھویہ تیار کریں۔ پھر ڈھائی سیر شکر سفید اور مذکورہ بالا دواؤں کا سفوف شامل کر کے ایک دام پختہ (21 ماشہ) کے برابر گولیاں بنائیں۔ روز مرہ ایک گولی کھلائیں۔ کھٹائی سے پرہیز کریں۔

نسخہ قرص مقوی

لے چنے پانی میں بھگوئیں جب پھول جائیں تو گائے کے گھی میں بھونے جائیں پھر کوٹ کر ایک حصہ یہ لے جائیں۔ اور مغز چلغوزہ خورد (چھوٹے) 2 حصے۔ یہ دونوں لے کر شہد میں جس کا جھاگ نکال لیا گیا ہو اور جس میں بحالت قوام کسی قدر مصطگی اور دار چینی بھی ملا دیئے گئے ہوں قرص یعنی ٹکیہ تیار کریں اور

کھانے کے بعد اسے استعمال کرائیں۔

اصلی یوگ راج گوگل

ویدک کی مشہور ادویات سے ہے۔ دردوں کے دور کرنے کے واسطے اکسیر سمجھا جاتا ہے مگر یہ مقوی باہ دل و دماغ۔ معدہ جگر اور تلی ہے۔ بشرطیکہ اس کے اندر کشتہ جات کو داخل کیا جائے۔ عام طور پر گوگل کو ابال کر اس میں باقی چیزیں ڈال لیتے ہیں وہ ایسے اوصاف نہیں رکھ سکتا نیز یہ بھی یاد رہے کہ گوگل میں پانی ڈال کر ابال کر نرم کرنا اور اس میں ادویات ڈالنا گوگل کا نام ہی بدنام کرنا ہے۔ دراصل گوگل کو اس قدر کوٹنا چاہیے کہ وہ نرم ہو جائے۔ لاکھ چوٹ ہو تو کیا ہی کہنا اصل نسخہ مندرجہ ذیل ہے۔

سونٹھ پیپل۔ چب۔ پپلا مول۔ چترا۔ ہینگ بریاں۔ اجمود۔ سرسوں۔ زیرہ سفید و کالا زیرہ دونوں ملا کر رینوکا۔ بیج سمبھالو۔ اندرجو۔ پاڑھا۔ بڑنگ۔ گج پیپل۔ کٹکی۔ اتیس۔ بھارنگی۔ بچ۔ مورد ہر ایک 1 تولہ۔ ترپھلا 28 تولہ لے کر سب کو باریک کر کے کپڑ چھان کر کے رکھے اور ترپھلا سے مراد پوست ہلیلہ 8 جزو پوست بلیلہ 2 جز پوست آملہ مقشر 3 جزو سے ہے۔ گوگل 57 تولے لے کر اس کو گئو موتر میں دو دن بھگو کر ڈلیوں کو صاف کر کے سکھالیں پھر اس کو کوٹنا شروع کریں اور لاکھ چوٹ لگائیں نیز دستہ کو ذرا سا گھی لگا لیا کرے جب بہت نرم ہو جائے تو مندرجہ بالا سفوف ڈال دیں اور اس میں مندرجہ ذیل کشتہ جات بھی ملا دے۔

کشتہ قلعی۔ کشتہ چاندی۔ کشتہ سکہ کشتہ فولاد۔ کشتہ ابرک سیاہ۔ کشتہ منور رس سندھو۔ کشتہ مرجان ہر ایک 12 تولہ۔ اور پھر سب کو یہاں تک کوٹے کہ ایک جان ہو کر گولیاں بنانے کے قابل ہو جائیں۔ اور 2-2 رتی کی گولیاں بنائیں۔ خوراک آدھ سے ایک گولی۔ اول آدھ گولی ہی سے شروع کر کے آہستہ آہستہ بڑھانا چاہیے تاکہ طبیعت کے موافق رہے۔

جس گھر میں اولاد نہ ہوتی ہو تو مرد اور عورت دونوں کو بہمراہ دودھ کھلانا شروع کریں۔ ایک مہینے اور زیادہ سے زیادہ دو مہینے میں مرد کا بیرج اور عورت کا رج قابل اولاد بنا دیتا ہے۔

مقوی باہ

صمغ عربی ایک تولہ۔ الائچی دانہ 6 ماشہ۔ تال مکھانہ 3 تولہ۔ تخم اوٹنگن 3 تولہ۔ بسبلہ ایک تولہ۔ اندرجو 6 ماشہ۔ سکسان بیج۔ اسگند ناگوری 6 ماشہ۔ دارچینی۔ 3 ماشہ۔ تخم بھنگ 6 ماشہ۔ آرد سنگھاڑا 9 تولہ۔ تمرہندی ایک تولہ۔ ثعلب مصری ایک تولہ۔ شقاقل مصری ایک تولہ۔ موصلی سفید ایک تولہ۔ موصلی دکھنی ایک تولہ۔ بہمن سفید 6 ماشہ۔ خار خشک 6 ماشہ۔ مغز کنول گٹہ 6 ماشہ۔ خولنجان 6 ماشہ۔ بھوسی اسپغول 6 ماشہ۔ بیخ مرجان 6 ماشہ۔ ابریشم 6 ماشہ۔ مغز بادام 5 تولہ۔ مغز پستہ 5 تولہ۔ مغز چلغوزہ 5 تولہ۔ خشخاش 8 تولہ۔ پیپل دراز 2 تولہ۔ ستاوری 2 تولہ۔ کچی پھلی ببول کی 3 تولہ۔ تخم گاجر دو تولہ۔ گوند ببول 2 تولہ۔ گوند ڈھاک دو تولہ۔ رومی مصطگی 2 تولہ۔ قرنفل 6 ماشہ۔ جھنجن کے بیج ایک تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ [illegible]ری ایک رتی۔ ورق نقرہ 3 ماشہ۔ تخم ریحان ایک تولہ۔ مرچ سفید ایک تولہ۔ برادہ عاج 6 ماشہ۔ طباشیر بود 6 ماشہ۔ دانہ میل خورد 6 ماشہ، املی خشک 6 ماشہ، موچرس 3 تولہ، کمرکس 2 تولہ، کتھا گوند 6 ماشہ، گوند چھوہارہ 2 تولہ۔ فلفل دراز 6 ماشہ۔ ریش درخت برگد 9 تولہ۔ برگ نیب 6 تولہ۔ ان سب ادویات کو کوٹ چھان کر شہد خالص نیم بقدر ضرورت ملا کر بقدر نخود گولیاں بنالیں۔ 8 گولی صبح اور 8

صبح شام ہمراہ شیر مادہ گاؤ نوش کریں۔ یہ نسخہ دافع جریان دستی ہے۔

ٹانک پلز جو جریان کے لئے ازحد مفید ہیں

زعفران 9 ماشہ۔ کشتہ فولاد ابرکی 6 ماشہ۔ کیکر کا سیاہ رس 4 تولہ۔ کشتہ چاندی 6 ماشہ۔ سیاہ دھتورے کے بیج۔ روغن بادام میں بریاں کئے ہوئے 40 رتی۔ سب کو قدرے شہد ملا کر پورے 12 گھنٹے کھرل کر کے نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔ 15 دن تک 2 گولی سوتے وقت دودھ سے کھائیں آرام ہوگا۔

ترکیب کشتہ فولاد ابرکی۔ فولاد ایک تولہ۔ ریتی سے رگڑ کر کسی چینی کی پیالی میں ڈال دیں اور اس میں 5 تولہ تیزاب جامن ڈال کر سایہ میں خشک کریں جب خشک ہو جائے تو باریک پیسیں۔ پھر 5 تولہ سرکہ انگوری ڈال کر دھوپ میں خشک کریں۔ اور ہر دفعہ پیس لیا کریں۔ اگر لوہے کا کھرل ہو تو بہت عمدہ ہے۔ آخر دفعہ ابرک سفید جو چار دن تک مولی کے پانی میں کھرل کیا گیا ہو اور 4 تولہ قلمی شورہ ملا کر ہر سہ کو بخوبی پیس لیں اور ایک چھٹانک گڑ میں قدرے پانی ملا کر پھر سب کو کھرل کر ڈالیں اور پانچ سیر کی آگ دیں۔ اب کشتہ تیار ہوگا۔ پیس کر کام میں لائیں۔ جملہ بیماریوں کے لئے مجرب ہے۔

حبوب مقوی باہ

پیاز سفید۔ شقاقل۔ چڑوں کا مغز۔ خوشہ خرما۔ کندر ہر ایک برابر کوٹ چھان کر چڑوں کے مغز کو سکھا کر گرم پانی میں حل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ اور ضرورت کے وقت 7 گولیاں شراب میں حل کر کے کھائیں۔ سات گولیوں سے زیادہ کھانے میں خطرہ ہے کیونکہ اس کی برداشت ہونی ناممکن ہے۔

دیگر

عقرقرحا لونگ۔ کیسر ایرانی۔ سونٹھ۔ پیپل۔ جائفل۔ جاوتری۔ سفید صندل ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ افیون دو تولہ۔ ہر ایک دوائی الگ الگ پیس کر کپڑ چھان کر لیں اور وزن کر کے سب کو ملا کر خوب کھرل کریں بقدر ضرورت شہد ملا کر ایک ایک رتی کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔ خوراک ایک گولی رات کو سوتے وقت دودھ گاؤ کے ساتھ جو تازہ لے کر جوش دیا گیا ہو کھلائیں۔

دیگر

اگر ہندی۔ لونگ۔ کباب چینی۔ تج۔ گول مرچ سفید ہر ایک 9 ماشہ۔ بالنگو 6 ماشہ۔ پیپلا۔ تخم بابونہ (یا گل بابونہ) موتی ان بدھے۔ ہر ایک 3 ماشہ۔ زعفران ڈیڑھ ماشہ کوٹ اور چھان لیں۔ شکر سفید کا گلاب میں قوام کر کے دواؤں میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ بھوک بڑھاتی اور ہاضمہ کو قوی کرتی ہیں۔ مقدار خوراک ایک ماشہ۔

حبوب برائے قوت باہ و افزونی شہوت

اسپند 9 دام۔ در شیر گاؤ مدبر کردہ۔ **جنطیانہ** رومی۔ جدوار خطائی۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ ثعلب مصری۔ ستاور۔ فرفیون۔ جند بید ستر۔ زعفران۔ مغز تخم کونچ۔ جائفل۔ زیرہ سیاہ۔ دار چینی۔ لونگ۔ جاوتری۔ **بالچھڑ**۔ دانہ الائچی خورد۔ موچرس۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ بیخ نفاح۔ بیخ شیبی۔ (در شیر گاؤ جوش دادہ) گل مختوم۔ مصطگی رومی عقرقرحا۔ زرنباد۔ اسارون۔ حب الزلم۔ گل گلاب۔ مشک نافہ

عنراشہب پیپل۔ ست لوبان۔ اندر جو شیریں۔ افیون۔ (در گلاب حل کردہ) مروارید ناسفتہ
فادزہر حیوانی۔ مایہ شتر اعرابی۔ کافور بھیم سینی۔ بیر بہوٹی۔ خراطین پکھان بید۔ عود غرقی۔ تخم
شلغم۔ تخم گاجر۔ تخم مولی۔ تخم سویا۔ مغز تخم بکائن ہر ایک 2 ماشہ پیاز نرگس ایک عدد کوفتہ۔ روغن
عباسی (جو بیج گل عباس کو گائے کے گھی میں پکا کر بنایا گیا ہو) روغن ارنڈ۔ روغن سرس۔ پلاس۔
مین پھل۔ مال کنگنی۔ کچلہ۔ گھونگچی سفید ان سب کا بھی روغن نکال کر بقدر ایک تولہ کے
کریں۔ کچلہ۔ مدبر۔ اجوائن خراسانی۔ در شیر ادہ گاؤ جوشاہندہ۔ درونج عقربی۔ تک چھکنی۔
مومیائی سنگی۔ صندل سفید۔ ورق طلاء۔ کشتہ نقرہ۔ کشتہ تانبہ کشتہ ابرک سیاہ۔ کشتہ سیسہ۔ کشتہ
کشتہ پارہ۔ گندھک آملہ سار مصفی۔ مغز کنجشک خانگی ایک دو ماشہ۔ بیضہ کنجشک 100 عدد۔
گندھک کی پہلے کجلی کریں۔ ریگ ماہی ایک عدد یا سقنقور ایک عدد اور قدرے روغن تخم سرس
مغز۔ تخم سرس۔ مرجان۔ یاقوت۔ کہربا۔ ہر ایک 5 ماشہ لے کر دو تین روز تک پیسیں۔ اسپند
لے کر بھونیں اور نصف کو خام رکھیں۔ روغن بیج ڈھاک روغن زردی بیضہ مرغ ہر دو برابر وزن۔
تمام ادویہ چرب ہو جائیں۔ اس کے بعد شہد خالص ملا کر گولیاں چنے برابر بنائیں۔ ایک گولی
تک شام کے وقت کھائیں۔ اوپر سے شیر گاؤ۔ مصری ڈال کر پئیں اور اوپر سے برگ پان کھائیں۔
مقوی و ممسک ہیں۔

ترکیب لال گولی قوت باہ کے واسطے بے نظیر ہے نیز ادہر نگ اور جھولہ کو فائدہ بخشتی ہے

روغن گندھک آملہ سار۔ پارہ شنگرف سے نکالا ہوا۔ کشتہ طلاء۔ کشتہ نقرہ۔ کشتہ ابرک۔ کشتہ
مصطگی ہر ایک 8 تولہ بریارہ۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ کتھ سفید۔ مغز تخم اوٹنگن۔ مغز تخم
پوست بیخ۔ کنگھون۔ پوست بیخ اونٹ کٹارہ۔ جائفل۔ جوتری۔ لونگ۔ دار چینی۔ زعفران
گوکھرو اور تال مکھانہ۔ عقرقرحا۔ اسگندھ ناگوری ہر ایک 4 تولہ۔ اول روغن گندھک آملہ سار اور پارہ
یکجا کر کے کجلی کریں اور اس وقت تک کھرل کرتے رہیں کہ برنگ شنگرف سرخ ہو جائے۔ بعد ازاں
ادویہ کو باریک کر کے شہد خالص کے ہمراہ مخلوط کر کے کنار جنگلی کے برابر گولیاں بنائیں اور خوراک ایک
گولی۔

ترکیب روغن گندھک آملہ سار نکالنے کی یہ ہے: چونا سنگ مرمر سفید آب نارسیدہ
سیر اکبر شاہی بجی 5 دام دونوں کو باریک پیس کر پانی میں ڈالیں۔ اور کڑاہی آہنی کو آگ کے اوپر چھوڑیں
جب چہارم حصہ پانی جل جائے اور تین حصہ رہے تو اوپر سے صاف پانی لے کر اس میں گندھک آملہ سار
مصفی 25 دام کوٹ کر باریک کر کے ڈالیں اور آگ پر جوش دیں۔ تاکہ روغن پانی کے اوپر نمودار ہو اور
آہستہ آہستہ روغن کو پانی سے اتار کر رکھتے جائیں۔ بعد ازاں استعمال میں لائیں۔

حب جدوار

یہ گولیاں مقوی اعضائے رئیسہ و باہ ہیں--- اور مزاج میں فرح و سرور لاتی ہیں۔ مجرب ہیں
جدوار خطائی۔ اگر ہندی۔ الائچی۔ بالچھڑ۔ دار چینی۔ اندر جو۔ لونگ۔ بہمن سرخ۔ دیہاتی اونٹ کٹارہ

ہر ایک 3 ماشہ۔ زرنباد (نرکچور) درونج عقربی (توس پائرنگ) صندل سفید۔ موتی ان بدھے۔ یاقوت سرخ۔ عود بلسان۔ گول مرچ سفید۔ سونٹھ۔ ریوند چینی۔ بلی لوٹن۔ تیزپات۔ جوتری۔ کباب چینی۔ عود صلیب (فادانیا) ستادری۔ تودری۔ گل سرخ۔ تخم فرنجمشک (تلسی) دوقو (جنگلی گاجر) عقرقرحا ہر ایک 2 ماشہ۔ گاؤزبان پھول۔ ثعلب مصری۔ مصطگی۔ طباشیر۔ ترنج کے چھلکے۔ سمکہ معید (ریگ ماہی) ہر ایک 5 ماشہ۔ گوند ببول 7 ماشہ۔ عنبر اشہب۔ مشک تبتی ہر ایک ایک ماشہ۔ بہمن سفید 7 ماشہ۔ مصری سفید 20 ماشہ کوٹ چھان کر گلاب میں ملا کر گولیاں بقدر چنے کے بنائیں اور چاندی اور سونے کے ورق ہر ایک 3 ماشہ میں لپیٹ کر سایہ میں سکھائیں مقدار خوراک 5 گولیوں سے 7 تک ہمراہ گاجر کے عرق 3 تولہ کے۔

حب فادزہر حیوانی

فادزہر معدنی (زہر مہرہ) 1 تولہ 'موتی (مروارید ناسفتہ) کہربائے شمعی 'یاقوت رمانی زمرد پنا' سبز سفوف صاف پرانا' مونگہ 'شقاقل' بہمن سرخ' بہمن سفید' بنسلوچن' گاؤزبان کے پھول 'صندل سفید' دارچینی' ہر ایک 4 ماشہ 6 رتی' زعفران 2 ماشہ 'عنبر اشہب مشک تبتی' ہر ایک 2 ماشہ 'پہلے جواہرات گلاب میں کھرل کریں 'سونے کے ورق حل کیے ہوئے 2 ماشہ 'چاندی کے ورق حل کیے ہوئے 4 ماشہ اور دواؤں کو کوٹ چھان کر اور عنبر اشہب کو مصری میں گھس کر سب کی گولیاں بقدر چنے کے تیار کریں' ہر روز 4 گولیاں کھائیں۔

دیگر

زہر مہرہ' فادزہر حیوانی' اگر ہندی' لونگ' دارچینی' جائفل جوتری' بالچھڑ' شقاقل' دونوں بہمن' ثعلب مصری ہر ایک 2 ماشہ 'عنبر اشہب 2 رتی' زعفران 6 رتی' کوٹ چھان کر پانی میں گوندھ کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور سونے کے ورق 10 عدد میں لپیٹ کر سایہ میں خشک کریں' خوراک 2 گولیاں۔

حب عنبر مقوی باہ اور ممسک ہے

اور 6 گھنٹے کے بعد انتشار پیدا کرتی ہے' اور اگر منہ میں رکھیں تو ہر وقت انتشار اور تندی رہتی ہے اور دماغ کی مقوی ہے۔

مشک خالص' مصطگی' لونگ ہر ایک 4 ماشہ 'عنبر اشہب' ثعلب مصری' کلنجن ہر ایک 8 ماشہ' دساتی اونٹ کا مایہ' تولہ کوٹ چھان کر گلاب میں ریٹھہ کے برابر گولیاں بنائیں اور ہر روز ایک گولی کھائیں' اور اوپر سے شراب یا تازہ دودھ یا تراتیزک کا پانی' یا کچے چنوں کا پانی پئیں' یہ گولیاں 2 ماشے تک کھائی جا سکتی ہیں' بلکہ تر مزاج اس سے بھی زیادہ برداشت کر سکتے ہیں' یہ گولیاں مجامعت سے 2 گھنٹے پیشتر کھائی جائیں۔

حب جدوار نہایت مبہی ہے

جدوار خطائی' زرکچور' بچ ترکی' ہر ایک 10 ماشہ' مروارید ناسفتہ (موتی ان بندھے) یاقوت رمانی' لعل بدخشانی' مونگہ ہر ایک 9 ماشہ' فادزہر حیوانی 2 ماشہ' بالچھڑ' جوتری' جائفل' مصطگی ہر ایک 9 ماشہ' دارچینی' لونگ' کباب چینی' اگر ہندی 18 ماشہ' مومیائی' افیون خالص' عنبر اشہب' زعفران' قرص افعی ہر ایک 4 ماشہ' مشک خالص 6 رتی' کوٹ چھان کر روغن بلسان میں چرب کر کے گوند کے پانی میں مرچ کے

برابر گولیاں بنائیں، ورق طلا میں لپیٹ کر سایہ میں خشک کریں، خوراک 1 گولی سے 2 گولی تک۔

حب جریان

جریان کی ہر حالت میں مفید ہیں، بفضلہ بیسیوں مریضوں پر تجربہ ہو چکا ہے، مغز سینگ ہرن، مغز تخم املی، کشتہ سہ دہاتہ (جست، سکہ، قلعی) تخم دہاتورہ مساوی الوزن خوب اچھی طرح سے باریک کر کے قدرے بادام روغن کی مدد سے بقدر نخود گولیاں بنالیں، خوراک ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ دودھ بکری یا کسی مناسب بدرقہ سے دیں، انشاء اللہ دو ہفتہ کے استعمال میں فائدہ ہو جائے گا، زیادہ گرم اور ترش اشیاء سے پرہیز رکھیں، اور زیادہ مرغن غذا سے بھی پرہیز رہے، باقی جو چاہے کھائیں۔

دیگر

عنبر اشہب 3 ماشہ، مشک خالص 1 ماشہ، کہربائے شمعی، بیخ مرجان ہر ایک 6 ماشہ، مغز بادام مقشر، جوتری، عود غرقی، موتی ان بدھے، یاقوت رمانی ہر ایک تولہ، رب السوس، گوند ببول، مصری سفید، بیخ بنفشہ افیون خالص ہر ایک 2 تولہ، جواہر کو سنگ سماق میں کھرل کر کے دوسری دوائیوں کو کوٹ چھان کر ایک جگہ کر کے گلاب میں خمیر کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب اذاراتی

مقوی باہ اور ممسک ہے، کچلہ، گول مرچ سیاہ ہموزن پیس کر جوار کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی سے شروع کر کے 9 تولہ تک اضافہ کریں، اگر ممکن ہو تو ایک سال تک کھائیں۔

دیگر

نہایت مقوی باہ و ممسک ہے، جو عورت پر قادر نہ ہو اس کے واسطے مفید ہے، کچلہ 3 تولہ، گائے کے دودھ میں بھگوئیں کہ چھلکا اس کا جدا ہو جائے، چھلکا دور کر کے مرچ سیاہ پیپل ہر ایک 1 تولہ، کوٹ چھان کر سب کو ایک جگہ کر کے موافق 1 ماشہ کے گولیاں بنائیں، سایہ میں خشک کر کے رکھ چھوڑیں، ایک گولی صبح کے وقت نہار منہ کھائیں۔

حب جدوار نہایت ممبھی ہے

گول مرچ 7 تولہ، دار چینی، نرکچور ہر ایک 4 ماشہ، بالچھڑ، دوالہ (چھڑیلہ) دردنج عقربی، عود قماری، لونگ، الائچی خورد ہر ایک 9 ماشہ، پیپل 3 تولہ، موتھ کوفی، میعہ سائلہ، ہر ایک 4 تولہ، سونٹھ مصطگی ہر ایک 5 تولہ، زعفران 13 ماشہ، تخم کرفس 8 تولہ، جائفل، جوتری ہر ایک 2 تولہ، تیزپات کباب چینی، اسارون، حب الفار، مرکی، ہر ایک 2 تولہ، جدوار خطائی 22 ماشہ، مشک خالص 14 ماشہ، ورق سونا 4 ماشہ، ورق چاندی 9 ماشہ، عنبر اشہب زرشک ہر ایک 14 ماشہ، روغن بلسان 32 ماشہ، افیون خالص 10 تولہ 8 ماشہ، گوند ببول اور گلاب بقدر حاجت بدستور گولیاں بنائیں۔

حب مقوی

مشک خالص 1 ماشہ، مصطگی 1 ماشہ، لونگ نصف ماشہ، عنبر اشہب، زعفران ہر ایک 2 ماشہ، ثعلب مصری 3 ماشہ، کلنجن 2 ماشہ، شقاقل مصری، دونوں بہمن ہر ایک 3 ماشہ، باریک کر کے بقدر فندق (رٹھہ)

گولیاں بنائیں۔

دیگر

عقرقرحا، لونگ، خشخاش، موصلی سیاہ، کلونجی، جائفل، اسگندھ، پہلا مول، مساوی کوٹ چھان کر گولیاں جنگلی بیر کے برابر بنا دیں، ہر صبح ایک گولی کھائیں۔

حب موصلی مقوی باہ ہے

موصلی سیاہ پاؤ سیر، ڈیڑھ پاؤ گائے کے دودھ میں جوش دیں، جب دودھ جل جائے تو سایہ میں سکھا کر ہمراہ جائفل، جوتری ہر ایک چھٹانک کوٹ چھان کر ہمراہ شہد قوام کر کے گولیاں بنا کر مزاج کے موافق کھائیں، تھوڑی سی ہینگ ملائیں، نسخہ زیادہ قوی بن سکتا ہے۔

حب جالینوس

یہ گولیاں ان مایوس العلاجوں کے لئے مفید اور تیر بہدف تاثیر رکھتی ہیں، جو مباشرت سے مادی اور بکارت توڑنے سے عاجز ہیں، اعصاب کی کمزوری خواہ جلق سے پیدا ہوئی ہو دور کرتی ہیں، غالب امید ہے کہ جلدی ہی قادر اور طاقتور ہو جائے گا، مغز کنجشک (جنہیں بوقت شہوت پکڑا ہو) شقاقل، تخم پیاز سفید، خرا تخم گندنا، ثعلب مصری، تخم گاجر، ریگ ماہی ہر ایک ہموزن، مشک تھوڑا سا کوٹ چھان کر شہد اور ترا تیزک کے پانی میں ملا کر گولیاں چنے کے برابر بنائیں، 4 ماشہ سے 5 ماشہ تک ہمراہ شراب یا آب انگور شیریں یا اس پانی کے ہمراہ جس میں چنے بھگوئے گئے ہوں کھائیں۔

حب سیماب

باہ اور شہوت خیز ہے، پارہ گندھک، کتھ سفید، لونگ ہر ایک 4 ماشہ، پہلے گندھک اور پارہ خوب پیسیں پھر دوسری دوائیں ملا کر پیسیں، پھر زردی بیضہ مرغ ملا کر بہت زیادہ کھرل کریں، اور گول مرچ کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی کھائیں، اگر ایک ہفتہ تک ایسا کریں اور گولیوں کے اوپر بکری کا شوربہ یا گائے کا گھی نیم گرم پئیں اور بیس روز تک جماع کریں، پھر دیکھیں کہ قوت باہ کس درجہ زیادہ ہوتی ہے، مگر بعض دوسری کتابوں میں یہ نسخہ اس طور پر مندرج ہے۔

پارہ صاف 2 تولہ، گندھک مصفی 6 ماشہ، بارہ گھنٹے کھرل کریں، پھر لونگ 1 تولہ ملا کر کھرل کریں اور زردی ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنا کر ہر روز ایک گولی پان کے ہمراہ کھائیں، پھر شوربہ یا دودھ پئیں، اوپر سے ایک بیڑا پان چبائیں، غذا خون پیدا کرنے والی کھائیں، کھٹائی سے پرہیز لازم ہے، اگر گرمی معلوم ہو تو عرق کاسنی، عرق گاؤ زبان شربت انار یا لنگو پئیں، پارہ اور گندھک صاف کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ پارہ کو دس کپڑے گذرا دیں، اور گندھک پگھلا کر دودھ میں ڈالیں۔

دیگر

پارہ، گندھک 3 ماشہ، اگر آملہ سار نہ ملے تو دوسری قسم لیں، دودھ میں صاف کریں اور سنگ سماق میں 4 گھنٹے کھرل کر کے ثعلب مصری دار چینی، ہر ایک 2 تولہ، مغز اخروٹ مغز بادام ہر ایک 1 تولہ 2 ماشہ، دھتورہ تولہ، مصری، سب کے برابر، ملا کر دو گھنٹے کھرل کر کے ... چنے کے برابر گولیاں بنالیں،

خوراک 1 عدد سوتے وقت اور ایک صبح کو۔

حب مقوی و مصلب

عضو مخصوص میں طاقت پیدا کرتی ہے، خصوصاً تر مزاجوں میں، زعفران، کباب چینی، دار چینی، عقر قرحا، ریگ ماہی، کلنجن ہر ایک برابر شہد کے ساتھ جنگلی بیروں یا آملہ کے برابر گولیاں باندھیں اور صحبت سے پہلے استعمال کریں اور تماشہ ملاحظہ فرمائیں۔

دیگر

نہایت مبہی ہے، افیون خالص تولہ، عنبر اشہب 6 ماشہ، کہربائے شمعی، موتی ان بدھے ہر ایک 1 تولہ، یاقوت رمانی، گوند ببول ہر ایک 6 ماشہ، جدوار خطائی، مغز تخم کدو ہر ایک 2 تولہ، زعفران 9 ماشہ، ثعلب مصری 2 تولہ، پنیر اونٹ 1 تولہ، ورق طلا، ورق چاندی ہر ایک 6 ماشہ، عرق کیوڑہ میں گولیاں بنائیں۔

دیگر

قوت باہ زیادہ کرتی ہے اور امساک میں بے نظیر ہے، جند بید ستر، کافور ہر ایک 2 ماشہ، پوست مگنزو، تخم ریحان، بالچھڑ، کباب چینی، لونگ، جاوتری، موتھ کوفی، نرکچور، دھتورہ، اجوائن خراسانی، مشک، دھنیا خشک، عنبر اشہب ہر ایک 4 ماشہ، مصطگی گل سرخ، صندل سفید، عود القرح (عقر قرحا) ہر ایک 9 ماشہ، جائفل 13 ماشہ، بیخ لفاح (مہنروج) جدوار، زعفران ہر ایک 13 ماشہ، ورق چاندی، ورق سونا ہر ایک 25 عدد کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں۔

دیگر

واسطے شہوت جماع کے نہایت مفید ہے، ایارج فیقرا، سوت ہر ایک 3 ماشہ کالا دانہ، انیسوں ہر ایک 1 ماشہ، تخم حنظل، غاریقون، عقر قرحا، ثعلب مصری ہر ایک 6 رتی، سوا دو چاول، سقمونیا، کتھا سفید ہر ایک 4 رتی 1 چاول، کوٹ چھان کر گلاب میں گولیاں بنائیں۔

حب مجلوق

لونگ، الائچی خورد، جائفل، سونٹھ، گول مرچ، ہلیلہ، بلیلہ، آملہ، پیپل، اسگندھ، ستاور، موصلی سیاہ، کافور، زعفران، مشک خالص، انیسون خالص، تخم اندرائن، تال مکھانہ، گوکھرو، تخم کونچ، تخم اونٹگن برابر کوٹ چھان کر پانی میں بقدر ایک دام کے گولیاں بنادیں ایک گولی صبح ایک شام کھائیں۔

حب مقوی و دافع سستی مجلوق

بیخ سہنجنہ صحرائی کہ نرم اور چھوٹا ہو، ٹکڑے ٹکڑے کر کے سایہ میں سکھالیں، اور اجوائن کہ بھوسی، سیاہ اڑد ہموزن کوٹ کر تینوں کے برابر قند سیاہ ملا کر کوٹ کر ایک ایک تولہ کی گولیاں بنائیں، ایک ایک گولی روزانہ 6 ماہ تک کھائیں۔

حب جدوار

باسم شیرمار مشہور ہیں، شدت انتشار، تقویت باہ امساک کے واسطے خصوصاً مفید ہیں، پارہ مصفیٰ

ثنقاقل ہر ایک برابر وزن نکڑی سے گھوٹ کر دھتورہ کے پھل کے بیچ میں سوراخ کر کے بھر دیں' پھر اس پر چنے کا آٹا چار انگل موٹا لپیٹ کر گائے کے گھی میں بھونیں' جب سرخ رنگ ہو جائے' اس وقت نکال کر پوست سے جدا کر کے کباب چینی' سونٹھ' عقر قرحا' دانہ ہیل' جدوار' زعفران' بوزیدان' ثعلب مصری' مساوی الوزن باریک شدہ ملا کر قدرے مشک اضافہ کر کے باریک پیس کر کیکر کے گوند کے پانی میں چنے برابر گولیاں بنائیں' ایک گولی وقت صبح اور ایک گولی وقت شام کھائیں۔

دیگر

ثنقاقل 7 ماشہ' لونگ 35 عدد' دونوں کو کوٹ کر ملا کر ببول کی تازہ لکڑی بقدر آدھ گز میں سوراخ کر کے اس کے اندر بھر دیں' اوپر سے سوراخ کو بند کر کے دوسرا سرا آگ میں رکھ دیں' جب لکڑی جلتے جلتے تین چار انگل رہ جائے نکال لیں' اور دوائی کو نکال کر ان میں جائفل' جوتری جدوار' عقر قرحا ہر ایک 7 ماشہ' باریک پیس کر گڑ 4 ماشہ ملا کر گولیاں چنے برابر بنا دیں' خوراک ایک گولی روزانہ۔

حب عنبر

مقوی ہے منہ کو خوشبودار بناتی ہے' عنبر اشہب' ثعلب مصری' خولنجاں ہر ایک دو مثقال' مشک' مصطگی لونگ' ہر ایک ایک مثقال' پنیر مایہ شتر اعرابی 3 مثقال' سب کو باریک پیس کر گولیاں بمقدار فندق بنائیں اور ہمیشہ ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ کھائیں۔

حب ریگ ماہی

ریگ ماہی' خولنجاں' زعفران' کبابہ' دار چینی' عقر قرحا' ہر ایک برابر وزن کوٹ چھان کر شہد میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں' روزانہ ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ کھائیں۔

حب کمون

باہ کے لئے مجرب ہے اور لوگ اسی اسرار میں سے سمجھتے ہیں' زیرہ کوہی (پہاڑی) ہلکے آنچ پر بھون کر باریک کریں' اور 7 ماشہ لے کر ہمراہ لونگ 3 ماشہ' مشک تبتی' 4 ماشہ' کھرل کریں' اور عنبر کو روغن چنبیلی میں حل کر کے کسی قدر روغن بلسان' اضافہ کر کے گولیاں بنائیں اور ایک گولی منہ میں رکھ کر صحبت میں مشغول ہوں اور عجائب معائنہ کریں۔

حب ہندی باہ کے لئے مجرب ہے

مال کنگنی' تخم گاجر' عقر قرحا ہر ایک ڈیڑھ تولہ' لونگ' زعفران' ہر ایک 10 ماشہ اسپند تولہ (اور بعضوں نے 2 ماشہ لکھا ہے) خشخاش' تل ہر ایک 1 تولہ' گائے کا گھی' شہد خالص ہر ایک 7 تولہ' زردی بیضہ مرغ 5 عدد' دوائیں کوٹ چھان کر گھی' شہد اور زردی ملا کر بقدر جائفل کے گولیاں بنائیں اور ایک گولی جماع سے پہلے کھائیں' نہایت مقوی ہے' انزال ہونے پر بھی شہوت قائم رہتی ہے' اگر انڈوں کی زردی کی بدبو قابل نفرت ہو تو انڈوں کو جوش دیکر زردی ملائیں۔

ایضاً

نہایت مقوی باہ ہے' نکچھکنی' موصلی' ستاور' تخم کونچ' تخم اوٹنگن' پوست بیخ' اونٹ کٹارہ' مال

کنگنی، گڑ، ہر ایک برابر، کوٹ چھان کر ادرک کے پانی میں جنگلی بیروں کے برابر گولیاں بنائیں اور ہر روز ایک گولی ہمراہ دودھ گائے کھائیں۔

حب خراطین

مقوی باہ اور نہایت ہی پر تاثیر ہے، خراطین (کیچوے) تازہ مٹی سے پاک صاف اور خشک ڈیڑھ تولہ، اجوائن کی بھوسی 6 ماشہ، گڑ، تولہ، ملا کر تولہ کے برابر گولی باندھیں، خوراک ایک گولی 20 روز تک۔

حب چرس

نہایت مقوی باہ اور سرعت انزال کو دفع کرتی ہے، چرس، تخم گندر (گاجر) ثعلب مصری ہر ایک 9 ماشہ، درونج عقربی فرفیون ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ، جدوار خطائی ساڑھے چار ماشہ کوٹ چھان کر کنار کے پانی میں گولیاں بنائیں، خوراک ایک حب۔

دیگر

مغلظ منی و مقوی و دافع جریان، تال مکھانہ، پھلی ببول، گل ببول، زردو ریج بند گل فوفل، موصلی سیاہ، تخم خرفہ ہر ایک چھ ماشہ، تخم املی تین تولہ، کوٹ چھان کر شیر برگد میں تر کرکے سایہ میں خشک کریں، مائیں کلاں، کشنیز خشک ہر ایک چھ ماشہ نبات سفید دونوں ملا کر کوٹ چھان کر ریشہ برگد کے پانی میں خمیر کرکے گولیاں بنائیں، صبح کے وقت گائے کے تازہ دودھ کے ساتھ کھائیں۔

دیگر

نہایت مقوی باہ و دافع جریان ہے، تال مکھانہ، تخم املی، مصطگی ہر ایک 1 تولہ گولر کے دودھ میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنادیں، ترشی سے پرہیز کریں۔

دیگر مقوی باہ

موچرس، درونج عقربی، ثعلب مصری، ہر ایک 9 ماشہ، جدوار خطائی تین ماشہ گولیاں بنائیں۔

دیگر عنی کو مرد کرتی ہے

تخم بیضہ مرغ، سقنقور (بن روہو) ایک عدد، جاوتری، جائفل، زعفران، دار چینی، تخم اونگن، لونگ، عقرقرحا، مصطگی ہر یک ڈیڑھ ماشہ شیرہ نکچھکنی، شیرہ برنڈنڈی ہر ایک ڈیڑھ دام، روغن گاؤ نصف دام اول ریگ ماہی کو روغن میں بریاں کریں پھر تخم مرغ بریاں کریں اور دوائیوں کو کوٹ چھان کر شیرہ داخل کریں، تھوڑا سا شہد خالص اضافہ کرکے چودہ گولیاں بنائیں، ایک صبح ایک شام

دیگر

سم الفار سفید 1 تولہ کو آب بیج جوا سا (عربی شکاعی پنجابی جواہاں) میں آٹھ پہر کھرل کرکے بعدہ دو تولہ برادہ کچلہ مدبر دو تولہ، فلفل سیاہ 6 ماشہ، کافور ملا کر سحق بلیغ کرکے قدرے شہد ملا کر حبوب بقدر موٹھ تیار کرکے رکھیں، خوراک ایک حب ہمراہ شیر کھلانے سے ریزش و نزلہ و غلبہ بلاغم دور ہو اور باہ و امساک۔

حب مجلوق

موميائی ایک تولہ، کشتہ فولاد 4 ماشہ، انہ الاچی خورد 1 تولہ، مغز بادام 2 تولہ، مغز چلغوزہ 2 تولہ، خشخاش 6 ماشہ، ورق طلا 40 عدد، سبکو سفوف کر کے شہد خالص میں ملا کر حب (گولی) بقدر نخود تیار کریں، خوراک ایک گولی صبح ہمراہ دودھ عرصہ 3 یوم استعمال کرو، اس کے ہمراہ طلا کا استعمال بھی لازم ہے۔

حب خراطین

خراطین (کیچوے) صاف آدھ پاؤ، بھون کر عقرقرحا، لونگ، جوتری، دانہ الاچی خورد، ہر ایک ڈیڑھ تولہ، مشک 1 ماشہ، سب کو باریک کر کے شہد میں ملا کر جنگلی بیروں کے برابر گولیاں بنا کر ایک صبح ایک شام ہمراہ دودھ گائے کھائیں۔

حب ریگ ماہی مقوی باہ اور ممسک ہے

ریگ ماہی، شنگرف، مازو سبز، لونگ، ہر ایک 4 حصے، زعفران، مشک، افیون، ہر ایک ایک حصہ، نکچھکنی، ورق سونا، ہر ایک 3 حصے، دار شیشعان (کانپھل) دار چینی ورق چاندی ہر ایک 7 حصے، کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی ہمراہ دودھ گائے ایک پیالہ کھائیں اور 2 گھنٹہ بعد جماع میں مشغول ہوں۔

حب فادزہر حیوانی

تقویت باہ کے لئے بے مثل ہے لیکن یہ نسخہ جوانوں کو یا گرما میں یا گرم مزاجوں میں استعمال کرنا چاہیے، فادزہر حیوانی مروارید ناسفتہ، کہربا شمعی، بیخ مرجان، مونگہ مصفیٰ، لاجورد مغسول (دھلا ہوا) درونج عقربی، حب بلسان، شقاقل، بہمن سفید، بہمن سرخ ہر ایک 2 ماشہ زعفران، جندبید ستر، مومیائی اصلی، مشک خالص، عنبر ہر ایک 12 رتی، دیہاتی اونٹ کا مایہ، ثعلب مصری، چڑوں کا مغز، ہر ایک 6 رتی مومیائی عنبر کو روغن زیتون میں پگھلا کر جواہرات گھس کر باقی دوائیں کوٹ چھان کر گلاب میں چنے کے برابر گولیاں بنادیں اور سونے چاندی کے ورقوں میں لپیٹ کر رکھیں، خوراک 2 گولیاں، مگر بعض دوسرے نسخوں میں کہربا، مونگہ، بیخ مرجان، لاجورد کے بجائے یاقوت رمانی، لعل بدخشانی ہے اور تعداد ورق چاندی کے 10 عدد اور سونے کے 5 عدد ہے۔

دیگر

نہایت مبہی و مقوی ہے اور امساک میں بے نظیر ہے، فادزہر حیوانی ساڑھے چار ماشہ، مروارید ناسفتہ، یاقوت رمانی، جوتری، مشک، درونج عقربی، کباب چینی، اسارون ہر ایک 9 ماشہ، لونگ، فادزہر معدنی، الائچی خورد، مصطگی، بہمن سفید، بہمن سرخ، ثعلب مصری، شقاقل مصری گوند، ببول کتھا، سفید ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ، عنبراشہب ساڑھے چار ماشہ، موتھ کونی، دار چینی، افیون خالص، ہر ایک ساڑھے بائیس ماشہ ورق چاندی 50 عدد ورق سونا 30 عدد، کوٹ چھان کر جواہر کو کھرل میں کھرل کریں، دوائیوں کو اس میں ملائیں، چنے کے برابر گولیاں بنائیں، خوراک ایک گولی۔

حب مومیائی

کمزوری باہ اور کمزوری عام بدن کے لئے بے مثل ہے، مومیائی و آرائی مصطگی ہر ایک 6 رتی، عنبر
ایک حصہ، تینوں دوائیں چینی کی پیالی میں رکھ کر روغن پستہ داخل کر کے پیالی کو تانبے کے برتن میں (جس
میں گلاب عرق بہار نارنج بھرا ہوا ہو) اس طور پر رکھیں کہ عرقیات مذکور پیالی میں نہ آجاویں، پھر اس برتن
کو ایک اور بڑے پتیلہ میں پانی پر رکھیں اور پتیلہ کا منہ خوب اچھی طرح بند کر کے اس کے نیچے آگ
روشن کریں، تاکہ مومیائی وغیرہ پگھل جائے، پھر فاد زہر حیوانی، فاد زہر معدنی (زہر مہرا) مشک خالص، ہر
ایک ایک حصہ، موتی ان بدھے، بنسلوچن، لونگ جوتری، جائفل، بہمن سرخ، بہمن سفید، دار چینی،
شقاقل، سونٹھ درونج عقربی اگر ہندی، عود صلیب، ثعلب مصری، جدوار خطائی، ہر ایک 6 رتی کوٹ چھان کر
دوا مذکور ملا کر گولیاں بنائیں اور ورق سونا 5 عدد لپیٹ کر 5 حصے کریں، ہر روز ایک حصہ استعمال کریں، پھر
مصری سفید 1 تولہ، تخم بالنگو ساڑھے چار ماشہ، عرق گاؤ زبان، گلاب عرق بید مشک ہر ایک ڈیڑھ تولہ پئیں۔

حب جدوار

مقوی باہ بے نظیر ہے، جدوار خطائی 2 ماشہ، فاد زہر حیوانی، ورق سونا، ہر ایک 3 رتی، لونگ زعفران،
عقر قرحا، جند بید ستر، جائفل، جوتری، دانہ الاچی سفید دار چینی، ہر ایک 6 رتی، کوٹ چھان کر چنے کے برابر
گولیاں بنائیں، مقدار خوراک 2 گولی صبح 2 سوتے وقت، اوپر سے ایک پیالہ دودھ گرم کر کے 6 رتی سونٹھ
پیس کر ملا کر ڈھائی تولہ مصری داخل کر کے پئیں۔

حب

ازالہ بکارت پر عاجز لوگوں کے لئے سود مند ہے، عقر قرحا، لونگ، خشخاش، موصلی، شونیز (کلونجی)
جائفل، اسگند، فلفلموبہ پہلا مول) ہر ایک برابر کوٹ چھان کر جنگلی بیروں کے برابر گولیاں بنا کر صبح ایک
گولی کھائیں۔

حبوب دافع ضعف جماع

صحبت کے بعد عام طور پر اور خصوصاً کمزوروں میں سستی پیدا ہو جاتی ہے، یہ گولیاں اس ضعف کے
لئے سود مند ہیں، مومیائی اصلی 3 حصے، گوند ببول ایک حصہ مصری سفید سب کے برابر گلاب میں کھرل کر
کے گولیاں بنائیں اور 2 ماشہ ہمراہ شراب یا شہد کے پانی کے استعمال کریں، مجرب اور مفید ہے۔

دیگر

چوہ عود مصطگی، تخم بنگن، کوٹ چھان کر پھر چوہ ملا کر مرچ کے برابر گولیاں باندھیں، خوراک 2 گولیوں
سے 4 تک، یہ گولیاں معدہ بھی مقوی کرتی ہیں۔

دیگر

باہ اور امساک پیدا کرتی ہیں، ان کے استعمال سے انسان سست نہیں ہوتا ہے، صحبت سے حاصل شدہ
ماندگی اور تھکان کے دور کرنے کے لئے کافی اثر رکھتا ہے، اسپند سوختنی 1 تولہ، اس کا آدھا بھونیں اور
آدھا کچے رہنے دیں، پوست خشخاش 6 ماشہ تل سیاہ 6 ماشہ، گز پرانا 5 تولہ، تینوں دوائیں ہلکی ہلکی کوٹی

جائیں، پھر گڑ ملا کر کوٹیں، جب مل جائیں تو 7 حصے کر کے ضرورت کے وقت ایک حصہ استعمال کیا جاوے، نفع عظیم کا مشاہدہ ہو گا۔

حب جدوار

مقوی باہ اور دافع سرعت ہیں، زعفران 4 تولہ، جدوار 4 تولہ، افیون مصری 1 تولہ، اجوائن خراسانی 6 تولہ، دودھ میں جوش دیں، پھر گول مرچ سیاہ تولہ، بالچھڑ 4 تولہ، جائفل، جوتری ہر ایک 6 تولہ، مغز چلغوزہ، اگر خام ہر ایک تولہ، مصطگی، مشک عنبر، عقرقرحا، ہر ایک 6 ماشہ، لونگ تولہ، ثعلب مصری 2 تولہ، مصری سفید دو تولہ سے آدھی، ورق سونا ورق چاندی بقدر ضرورت، کوٹ چھان کر مصری کے قوام میں گولیاں بنادیں۔

حب مقوی باہ

تودری سرخ، تودری سفید، تودری زرد، کہربا، ناگر موتھ، زعفران، لونگ، سورنجان شیریں ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، جائفل، جوتری، مصطگی، بادیان رومی، کالا دانہ، پوست خشخاش، الائچی کلاں، الائچی خورد، بنسلوچن، گل سرخ، صندل سفید، بالچھڑ، اگر خام درونج عقربی، بوزیداں، گوند ببول، تخم اوٹنگن ہر ایک ساڑھے تین ماشہ، دارچینی، شقاقل مصری، بہمن سفید، تخم خشخاش، اجوائن خراسانی، مایہ اونٹ ہر ایک 7 ماشہ تخم بھنگ، ماشہ ثعلب مصری، خوشہ خرما، روغن بادام ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ، مصری سفید، مغز بادام ہر ایک 3 تولہ، چڑوں کا مغز 4 اتولہ، ساڑھے چار ماشہ گلاب بقدر ضرورت، چڑوں کے مغز کو خوشہ حرما میں ملا کر سکھائیں، دوسری دوائیں خوب کوٹیں، بادام علیحدہ باریک کریں اور گلاب میں اس کا گاڑھا شیرہ نکال کر مصری کو تھوڑے گلاب میں کھرل کریں اور شیرہ مغز بادام میں حل کریں، پھر دوسری دوائیں ملا کر گولیاں بنائیں۔

حب مومیائی

یہ گولیاں ایسے مریض ضعف باہ کے واسطے نہایت مفید ہیں جو نزلہ و زکام کا مریض ہو، صرف نزلہ و زکام کے مریض کے واسطے بھی فائدہ مند ہیں، سرعت انزال کو دور کرتی ہیں، اعصاب کو تقویت بخشتی ہیں، ضعف دماغ، ضعف بصارت کو دور کرتی ہیں، مرکی 1 ماشہ، لونگ 3 ماشہ، دارچینی 3 ماشہ، کندر 3 ماشہ، گوند کیکر 3 ماشہ، اگر 3 ماشہ، رب السوس 3 ماشہ، مصطگی 2 ماشہ، خولنجان 2 ماشہ، بہمن سرخ 2 ماشہ، بہمن سفید 2 ماشہ، ابریشم سوختہ 4 ماشہ، مومیائی کانی 6 ماشہ، میعہ سائیلہ 6 ماشہ، کوٹنے قابل دواؤں کو کوٹ چھان کر دانان کر کے روغن بادام سے چرب کریں، مومیائی اور میعہ سائلہ کو روغن بادام چرب کردہ میں حل کر کے سب ادویہ کو ملا کر پوست خشخاش کے نقوع میں کھرل کر کے گولیاں چنے سے کسی قدر بڑی بڑی بنالیں، خوراک 2 گولی صبح اور 2 گولی شام کے وقت کھائیں، ترشی، تیل اور جماع سے پرہیز رکھیں۔

حب مقوی باہ

کم الفادرہ، ہر ایک ماشہ، مشک خالص 6 ماشہ، سفید 9 ماشہ، سب کو عرق گلاب میں کھرل کر کے بقدر نخود سرخ گولیاں بنادیں، ایک گولی بعد غذا شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں۔

حب مقوی باہ

خالص گاؤ کا گھی آدھ سیر' مالکنگنی کا آٹا ایک سیر' دونوں کو خوب ملائیں' اس کے بعد لونگ' جائفل' دار چینی' فلفل سیاہ' فلفل سفید (مرچ سفید) پپلا مول' مغز ناریل' موصلی سفید ہر ایک 22 ماشہ کوٹ چھان کر پرانا گڑ ایک سیر لیکر تمام کو خوب ملائیں اور اخروٹ کے برابر غلولہ بنائیں' ایک غلولہ روزانہ کھائیں' قوت باہ خوب بڑھے گی۔

گولی مقوی باہ

موصلی سیاہ ایک سیر کو سیر بھر گائے کے دودھ میں جوش دیں' جب تمام دودھ جذب ہو جائے تو سائے میں سکھا کر اور کوٹ چھان کر اس میں جائفل' جوتری ہر ایک پاؤ سیر ملا دیں اور شہد کے ساتھ گولیاں بنا کر روز مرہ ایک گولی کھالیا کریں' اگر موافق مزاج برگ ہینگ پائیں تو نہایت ممسک۔

دیگر

گل دھتورہ سیاہ کو خشک کر کے بقدر نخود گولیاں بنائیں' خوراک ایک گولی

دیگر

نہایت مغلظ منی و مقوی باہ' دودھی خورد سایہ میں خشک کر کے پیسیں اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں' ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔

دیگر

واسطے تقویت باہ اور امساک کے بے نظیر ہے' جوز الطیب (جائفل) شقاقل مصری' سہاگہ' کتھا' ہر ایک چار ماشہ' شنگرف دو ماشہ کوٹ چھان کر ماش کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں' ایک گولی قبل طعام کے گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں اور جب پیاس لگے تو گائے کا دودھ پیویں۔

مان چھید گٹکا

کنڈیاری سیاہ کے بیج' سفید کنڈیاری کے بیج' لیموں' بجوار کے بیج' سمندر سوکھ' چھوارہ' مکھانہ کیسر' جائفل' مصطگی' پاڑھا' ماجو پھل' خراسانی اجوائن' سب برابر وزن لے کر باریک پیس کر 3'3 ماشہ کی گولیاں بنائیں۔ اوپر سے دودھ پئیں۔ ممسک اول درجے کی ہے' روزانہ کھانے سے دن دن بڑھتا ہے' اس کا نام تاتن ان چھید گٹکا ہے۔

کامتی ولاس گٹکا

بہو پھلی' موچرس' موصلی سفید' موصلی سیاہ' مکھانہ' کتھ کے بیج' تال مکھانہ کے بیج' کونچ بیج' گوکھرو' اندر جو' اجوائن خراسانی' مصطگی' سمندر سوکھ' انگن کے بیج' جائفل' طباشیر' ماجو' مال کنگنی کے بیج' پاڑھا' جاوتری' اسگندھ' بابچی زیرہ سیاہ' ست گلو' ست فولاد (ورنہ کشتہ فولاد) ہر ایک ایک تولہ لے کر سب کو اکٹھے پیس کر ایک سیر گائے کے دودھ میں پکاوے' جب پکتے پکتے کھویا ہو جاوے تو اتار کر 3'3 ماشہ کی گولیاں بنادے' ایک گولی دودھ کے ساتھ کھاوے' مقوی باہ و ممسک جُز ہے' جریان' احتلام کو نافع ہے' خاص کر سرعت کو دور کر کے امساک بڑھاتا ہے' کھانسی' دمہ کو مفید ہے' ذیابیطس کو دور کرے۔

باجی کرن گٹکا

کنیر کے بیج، کنڈیاری کا پھل، بدھارے کے بیج، کونچ کے بیج سب برابر وزن لے کر اوّو باریک کر کے پان کے رس میں ایک دن کھرل کر کے 4،4 رتی کی گولیاں بنادے اور حسب طاقت 1/2 گولی سے 2 گولی تک کھاوے، اکسیر دوائی ہے، اگرچہ چیزیں صرف چار ہیں، طاقت کو بڑھاتی ہیں، ممسک ہے، مقوی باہ ہے اور دیرینہ دودھک ہے۔

حب دافع جریان

شقاقل 2 تولہ، مایہ شتر اعرابی 9 ماشہ، بہمن سفید 6 ماشہ، سب کو باریک پیس کر 2 تولہ شہد میں 21 عدد گولیاں بنادیں، ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کے وقت شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں

حب ممسک و مقوی باہ

تودری زرد 3 ماشہ، تودری سفید 3 ماشہ، تودری سرخ 3 ماشہ، مائیں 3 ماشہ، تیزپات 3 ماشہ، ناگرموتھ 3 ماشہ، زعفران 3 ماشہ، لونگ 3 ماشہ، سورنجاں شیریں 3 ماشہ، جائفل 3 ماشہ، جوتری 3 ماشہ، مصطگی 4 ماشہ، انیسوں، 4 ماشہ، حب النیل سفید 4 ماشہ، پوست خشخاش 4 ماشہ، دانہ الائچی خورد 4 ماشہ، بنسلوچن 4 ماشہ، گل سرخ 4 ماشہ، صندل سفید 4 ماشہ، بالچھڑ 4 ماشہ، اگر 4 ماشہ، درونج عقربی 4 ماشہ، ستاور 4 ماشہ، گوند کیکر 4 ماشہ، تخم انٹگن 4 ماشہ، دار چینی قلمی 4 ماشہ، بہمن سفید 6 ماشہ، تخم خشخاس 6 ماشہ، اجوائن خراسانی 6 ماشہ، مایہ شتر اعرابی 6 ماشہ، بہمن سفید 6 ماشہ، ہر ایک تخم بھنگ 5 ماشہ، ثعلب مصری 1 تولہ، چھوارہ ڈیڑھ تولہ، روغن بادام ڈیڑھ تولہ، حمصوی 3 تولہ، مغز بادام شیریں 3 تولہ، مغز کنجشک نر 5 عدد، عرق گلاب میں حل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنادیں، ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کے وقت دودھ کے ہمراہ کھاویں۔

حب سرعت

ثعلب مصری، مصطگی رومی، لاکھ جھربیری، برابر کوٹ چھان کر درخت بڑھ کے دودھ میں جنگلی بیروں کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی دودھ کے ہمراہ استعمال کریں، 40 روز تک استعمال رہنا چاہیے۔

حب جدوار

طاقت بدن اور باہ بڑھاتی ہے، دافع سرعت ہے، مشک خالص 13 رتی، عنبر ڈیڑھ ماشہ، کہربائے شمعی، جدوار، زعفران، دار چینی، جائفل مصطگی، مصطگی رومی، گوند ببول، اگر ہندی، ابریشم کاٹا ہوا، بہمن سفید، رب السوس ہر ایک 3 ماشہ، اونٹ کا پنیرمایہ ساڑھے چار ماشہ، کلنجن، ثعلب مصری، مغز بادام، تخم کاہو، تخم خشخاش سفید، مغز تخم کدو، ہر ایک 6 ماشہ، افیون خالص، تمام دواؤں کا چوتھا حصہ، دوائیں کوٹ چھان کر روغن بادام میں چرب کر کے پوست خشخاش کے پانی میں مونگ کے برابر گولیاں بنائیں اور چاندی کے درقوں میں لپیٹیں اور استعمال کریں گولیاں بڑھاتے بڑھاتے چنے کی مقدار تک پہنچائیں۔

حب موٹھ

مقوی ہے اور سرعت دور کرتی ہے، بیج موٹھ کوٹ کر چھلنی سے چھان کر گائے کے تازہ دودھ میں ملا

کر ٹکیہ بنائیں اور سایہ میں خشک کرنے کے بعد پھر کوٹ کر تازہ دودھ میں ملا کر سایہ میں سکھائیں اسی طرح پانچ مرتبہ کریں اور نگاہ رکھیں اور جائفل 10 عدد' درمیان میں سوراخ کر کے 2 ماشہ' افیون لے کر بتی سی بنا کر جائفل کے سوراخ میں داخل کریں' پھر تمام جائفل کو آٹے سے بند کر کے گھی میں بھونیں' پھر جائفل سے آٹا علیحدہ کر کے ہر ایک جائفل کے مقابلہ میں ٹکیہ مذکور 1 تولہ' دار چینی' لونگ' جوتری' اگر ہندی' مصطگی' دانہ الائچی خورد' بہمن سرخ' شقاقل' اندر جو' ہر ایک 4 ماشہ' مشک خالص' عنبر' ورق سونا ہر ایک 6 رتی' نبات سفید' دواؤں کے برابر کوٹ چھان کر عرق بہار نارنج میں ملا کر چنوں کے برابر گولیاں بنائیں' خوراک 1 سے 2 گولی' اگر چاہیں بدستور پیس کر سفید ملا کر سفوف بنا سکتے ہیں اور اگر معجون بنانا چاہیں تو دواؤں سے تگنے شہد اور شکر سفید کے قوام میں معجون بنا سکتے ہیں' مقدار خوراک 12 رتی سے 6 ماشہ تک' اگر مد نظر ہو کہ اس میں نشہ اور سرور زیادہ ہو تو روغن بھنگ 8 ماشہ اضافہ کریں۔

حب جدوار

یہ گولیاں مذکورہ بالا صفات میں قریب قریب یکساں ہیں' جائفل 5 عدد' افیون 4 ماشہ' بدستور بالا جائفل میں بھر کر بھونیں اور جائفل کو ہمراہ افیون جو اس کے اندر ہے' مندرجہ ذیل دواؤں کے ہمراہ کوٹ چھان کر گوند ببول کے پانی میں ملا کر چنوں کے برابر گولیاں بنائیں اور سایہ میں سکھا کر 2 گولی سے 4 تک استعمال کریں۔

جدوار خطائی' بہمن سفید' بہمن سرخ' شقاقل' ثعلب مصری ہر ایک 1 تولہ' اگر غرقی' زرنجور' درونج عقربی' کباب چینی' گل سرخ' ایرسا' گول مرچ' دانہ الائچی' کلاں دانہ الائچی خورد' زرنب بلی لوٹن' کلنجن' تخم بلمون' مغز چرونجی' مغز پستہ' دار چینی' مغز چلغوزہ' مغز ناریل' مغز بنولہ' ہر ایک 8 ماشہ' اونٹ کا پنیر مایہ کتھوا' گوند ببول ہر ایک 4 ماشہ' تخم خشخاش' مغز حب الفلفل (جنگلی انار دانہ) تخم خرفہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ' عنبر مشک' ورق چاندی' ورق سونا ہر ایک 2 ماشہ' مصری سفید ڈھائی تولہ

حب ممسک

افیون کو برگ کنیر سفید یا سرخ کے شیرہ میں 21 پٹ دیکر سکھالیں' اول گول مرچ اور مسور کے برابر گولیاں بنالیں' افیون کی گولی مرچ کے برابر اور صفوف کی مسور کے برابر شام کے وقت ہمراہ دودھ کے کھائیں' امساک کے لئے مجرب ہے۔

حبوب مقوی باہ دافع پرمیہ

شنگرف رومی 6 ماشہ' مرچ سیاہ 6 ماشہ' پیپل خورد 6 ماشہ' سہاگہ 6 ماشہ' زعفران 6 ماشہ' لونگ 6 ماشہ' کوڑیہ لوبان 6 ماشہ' مشک 1 ماشہ' عرق کیوڑہ سے 2 پہر کھرل کر کے بمقدار نخود گولیاں بنالیں' ایک گولی صبح ہمراہ تازہ دودھ گائے کھالیا کریں' اگر بیماری زیادہ ہی ہو تو شام کو بھی۔

حب جدوار

واسطے سرعت اور تقویت باہ کے نہایت نافع ہے' جائفل 5 عدد' افیون 2 ماشہ' جائفل میں سوراخ کر کے افیون کو اس میں بھر دیں' اور خمیر کر کے روغن گائے میں بریاں کریں' پس خمیر کو اس سے جدا کریں' جائفل کو افیون کے ساتھ جو اس میں ہے اور جدوار' دار چینی' لونگ' زرنب' دانہ الائچی خورد' بہمن سرخ'

بہمن سفید ' سقاقل ہر ایک ساڑھے چار ماشہ ' مایہ شتر ' زعفران ہر ایک 2 ماشہ ' کوٹ چھان کر گوند کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنادیں۔

دیگر

جدوار خطائی ' ثعلب مصری ' جاوتری ہر ایک 22 ماشہ ' فادزہر حیوانی الائچی کلاں ' کلنجن ' جائفل ' عود ہندی ' بالچھڑ ' مایہ شتر اعرابی ' موتھ کوفی ' ناگیسر ' انیسوں ' تخم کرفس ' گوند ببول ' تخم ہلیوں ' لعل بدخشانی ' یاقوت رمانی ' یشب سبز ' مروارید ناسفتہ ' کہربائے شمعی ' ہر ایک 9 ماشہ ' جندبید ستر ' افیون خالص ' کتھا سفید عنبراشہب ' ورق چاندی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ ' زعفران لونگ ' ہر ایک 18 ماشہ ' ورق سونا ' مشک خالص ہر ایک 2 ماشہ ' مصری سفید اور گوند ببول کو عرق دار چینی میں حل کر کے باقی دوائی کو باریک کر کے گولیاں بنادیں۔

حب نہایت مقوی باہ اور دافع سرعت ہے۔

املی کے بیج کا سفوف ' مصطگی ہر ایک 1 تولہ ' کوٹ چھان کر گولر کے دودھ میں تر کر کے خمیر کرے ' اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنادیں اور ترشی سے پرہیز کریں۔

دیگر

برائے سرعت...... یہ نسخہ باوجود سہل الحصول ہونے کے نہایت ممسک ہے ' املی کے بیج چار روز پانی میں بھگو کر چھلکا دور کر کے اس کے مغز کو دو چند قند کے ساتھ کوٹ کر چنوں کے برابر گولیاں بنائیں اور کچھ دیر قبل...... دو گولیاں کھائیں۔

حب افیون ممسک

مصطگی ' کول مرچ ' عود غرقی ' دار چینی ہر ایک ایک دام ' زعفران 010 ماشہ ' جندبید ستر ' نصف دام ' پوست ترنج 2 دام ' افیون خالص ' برابر کوٹ کر گلاب میں خمیر کر کے گولیاں بنادیں۔

دیگر

حکمائے ہند کے مجربات میں سے ہے ' قوت باہ اور امساک کے لئے مجرب ہے ' زعفران اجوائن سفید ' تل مکھانہ جوتری ' لونگ ' بہیڑہ ' افیون ہر ایک برابر کوٹ چھان کر صاف شہد میں ملا کر جنگلی بیروں کے برابر گولیاں بنائیں اور وقت سے 3 گھنٹے پیشتر ایک گولی کھا کر اوپر سے پان کا بیڑا استعمال کریں۔

حب سیماب

بہت ممسک ہیں ' کبھی ترشی کے استعمال کی ضرورت ہوتی ہے۔
پارہ 9 ماشہ کو ایک باریک بنے ہوئے کپڑے میں گذار کر ہمراہ افیون 9 ماشہ ' پان کے عرق میں کھرل کر کے سایہ میں سکھائیں ' اسی طرح سات مرتبہ کریں ' پھر عقرقرحا ' اجوائن ' کلنجن ' جائفل ' لونگ ' ہر ایک 3 ماشہ ' کوٹ چھان کر سب کو یکجا کر کے گولیاں چنوں کے برابر بنادیں اور ضرورت کے وقت دن کے آخری وقت گائے کے گھی کے ساتھ گیہوں کی روٹی استعمال کر کے ایک گھنٹہ اور ایک پہر کے بعد ایک گولی استعمال کریں اور تین گھنٹہ تک انتظار کریں۔

حب برائے امساک

جائفل، کلنجن، ثعلب مصری ہر ایک 6 ماشہ، جوتری، جدوار ہر ایک 3 ماشہ، افیون صاف ساڑھے چار ماشہ، چنوں کے برابر بنا کر استعمال میں لائیں۔

دیگر

کافور، اجوائن خراسانی ہر ایک 1 ماشہ، جائفل 1 عدد، سمندر پھل 12 عدد، افیون 4 رتی، شہد میں چنے کے برابر بنائیں، مقدار خوراک 2 سے 4 گولی تک اکثر" منہ میں آملہ رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

دیگر

لونگ 6 رتی، جوتری 3 ماشہ، افیون ڈیڑھ تولہ مشک 12 رتی، زعفران ڈیڑھ تولہ، عرق برگ پان، عرق ادرک ہر ایک ڈیڑھ تولہ دوائیں کوٹ چھان کر مذکورہ بالا دونوں عرقوں میں کسی قدر شہد اضافہ کر کے کھرل کریں اور ایک ماشہ کے برابر گولیاں بنائیں، کھانے کے ہضم کے بعد ایک گولی کھائیں اور 4 گھنٹے تک انتظار کریں۔

حب ممسک

جائفل جوتری، افیون، مازو، اسپند، مصطگی، زعفران، ناگیسر، موچرس، تخم گوگل سپاری، چھالیہ، دانہ الائچی خورد، بنسلوچن، اجوائن خراسانی، ہر ایک 1 ماشہ، باریک پیس کر لعاب اسبغول اور لعاب بہدانہ میں گولیاں بقدر جنگلی بیروں کے باندھ کر نگاہ رکھیں، بوقت ضرورت ایک گولی تازہ پانی کے ساتھ کھائیں اور 4 گھنٹے کے بعد گائے کا تازہ دودھ مٹھاس کے ساتھ پیویں، اگر زیادہ اثر ہو جاوے تو نمک لاہوری چاٹیں، اکثر آدمیوں میں اس دوا کا اثر پہلے روز ظاہر ہوتا ہے مگر بعض میں دوسرے یا تیسرے دن۔

دیگر

افیون، گوند دھو یعنی دہاوڑے، دانہ الائچی خورد ہر ایک 1 ماشہ، رواں گانجہ چیدہ ڈیڑھ ماشہ، بیر بہوٹی ڈھائی ماشہ، لونگ، مغز بادام، کھوپرہ ہر ایک 2 ماشہ، سب کو پیس کر جنگلی بیروں کے برابر گولیاں بنادیں، جب دو گھنٹے دن کے باقی ہوں یا عین مغرب کے وقت ایک گولی کھائیں اور شب کے وقت غذا میں دودھ چاول اور شکر کھائیں اور کسی قدر پیاس چھوڑ دیں، جب رات کے 4 گھنٹے گذر جائیں تو کار خاص میں مشغول ہوں لیموں کی ترشی یا نمک اثر زائل ہوتا ہے۔

حبوب خوش کیف

ممسک اور مقوی باہ ہے، جدوار، افیون خالص، زعفران خالص، دار چینی جوتری، ہر ایک 1 ماشہ، مغز بادام، جائفل، کلنجن، ثعلب مصری، ہر ایک 2 ماشہ، بھنگ سب کے برابر یعنی 13 ماشہ، کوٹ چھان کر گولیاں بنادیں اور بقدر مناسب استعمال کریں۔

دیگر

جائفل، ایک یا دو (اگر وزن میں 7 ماشہ سے کم نہ ہو) سوراخ کر کے ڈیڑھ ماشہ افیون بھر کر اوپر سے

آتا لپیٹ کر پکائیں، جب سرخ ہو جائے تو آٹا علیحدہ کر کے جائفل کو ہمراہ اسپند، عقرقرحا، مصطگی، جفت بلوط، اجوائن خراسانی، تال مکھانہ، بیج بند، سمندر سوکھ، ہر ایک 2 ماشہ، جوتری 1 ماشہ، لونگ، پیس کر شہد میں ملا کر جنگلی بیروں کے برابر گولیاں باندھ رکھیں اور وقت سے پیشتر استعمال کریں۔

دیگر

افیون، کافور، شنگرف، عقرقرحا، جائفل، مصری سفید، ہر ایک تولہ، زعفران، جندبید ستر، ہر ایک 6 ماشہ، بیر بہوٹی 10 عدد، سب کو خوب اچھی طرح کھرل کر کے بعد جنگلی بیروں کے برابر گولیاں بنا کر رکھیں اور بوقت ضرورت ایک گولی استعمال کریں، بشرطیکہ معدہ خالی ہو، سرد پانی پینے سے اثر زائل ہوتا ہے۔

حب ممسک: بے نظیر ہے، جوتری زعفران، شنگرف، عقرقرحا، دار چینی، دانہ الائچی خورد، بیج شبیے افلاح کی جڑ) بیخ لفاح (**بروج الغسم**) اجوائن، کتھ سفید، ہر ایک برابر، ایک ماشہ کے برابر گولیاں بنادیں اور وقت سے پہلے ایک گولی کھائیں۔

دیگر

مجرب اور نہایت مفید ہے، کافور، مشک، جائفل، جوتری، افیون ہر ایک برابر، پان کے پتوں کے عرق میں پیس کر رتی کے برابر گولیاں بنائیں، بوقت ضرورت پانی کے ہمراہ ایک گولی استعمال کریں۔

دیگر

زعفران، لونگ، جائفل، افیون، مشک ہر ایک برابر، صاف شہد میں چنے کے برابر گولیاں بنادیں اور ایک گولی جماع سے پہلے استعمال کریں اوپر سے دودھ گائے پیویں، دوسرے نسخے میں لونگ اور زعفران کی جگہ عقرقرحا ہے۔

حب منشط

اساک کے لئے بے مثل ہے، اسارون (تگر) زعفران، تخم کرفس، دار چینی ریوند چینی، **بالچھڑ**، مصطگی، ہر ایک 4 ماشہ زرنچور، **حب الغار**، عقرقرحا، لونگ جوتری، ہر ایک 2 ماشہ، اجوائن، **پھل مرچ** ہر ایک 6 ماشہ، افیون 10 ماشہ، فرفیون 1 ماشہ، کوٹ چھان کر گلاب میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنادیں اور 4 گھنٹے...... پہلے استعمال کریں۔

حب ممسک

تخم دھتورہ، تخم پنواڑ، بابچی، مغز بید انجیر، ہر ایک 4 ماشہ، بھیڑ کے دودھ میں پیس کر ایک ماشہ کے برابر گولیاں بنادیں، اور تین ماشہ گائے کے دودھ کیساتھ کھائیں، کبھی ترشی کے استعمال کی ضرورت پڑ جاتی ہے۔

دیگر

جائفل، جاوتری، دار چینی، لونگ، زعفران، کنجد سیاہ، افیون خالص، اسپند مغز بادام مقشر ہر ایک چودہ ماشہ خراطین سیاہ اٹھائیس ماشہ سب کو جدا جدا باریک کر کے شہد خالص میں ملا کر جنگلی بیر کے برابر

حب جدوار

سرعت...... کے واسطے مفید ہے' جدوار خطائی' فلفل سیاہ' فلفل سفید سنبل الطیب (بالچھڑ) گل سرخ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ' کہربائے شمعی' مروارید ناسفتہ یا قوت رمانی' تخم کرفس' ساذج ہندی (تیج پات)' سلیخہ (تج)' حب بلسان' عود بلسان' فرفیون' زنجبیل (سونٹھ) دار چینی' کباب چینی' زراوند مدحرج' اسارون (تگر) زرنب طالیسفر عود قماری پوست بیروں پستہ' صمغ عربی (گوند ببول) دار فلفل عقیق یمنی بسد احمر (بن خام) یشب سبز ہر ایک ڈیڑھ ماشہ' زعفران' جائفل' جاوتری' حب الزلم (بن خام) شقاقل' ریوند چینی' ثعلب مصری ہر ایک 21 ماشہ' عقرقرحا' درونج عقربی ہر یک 14 ماشہ' زرنباد (نرکچور) بزرالبنج (اجوائن خراسانی) سفید ہر یک 7 ماشہ' عنبر اشہب ساڑھے تین ماشہ' ورق نقرہ (چاندی) ایک سو عدد' ورق طلاء (سونا) پچاس عدد باریک کر کے روغن پستہ میں چرب کر کے گوند کے پانی کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنائیں' وقت حاجت 2 عدد گولیاں کھائیں اور تھوڑی دیر تک انتظار کریں۔

دیگر

نہایت ممسک' تخم تمر ہندی مقشر' تخم سرس' تخم کونچ' تخم بارتنگ تالمکھانہ منڈی' موصلی سفید ہر ایک دو تولہ' بھیڑ کے دودھ میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں' خوراک چھ ماشہ دودھ کے ساتھ کھائیں۔

حب امساک

ہستی مدجل' عقرقرحا' پھل' جاوتری' کیسر' افیون' کستوری' ستاور' بیج الائچی خورد ہر ایک ایک ماشہ لے کر 15 گولیاں بنادیں' ایک گولی دو گھنٹے پہلے کھاویں' بہت ممسک اور مجرب ہے۔

حب نشاط

یہ گولیاں گرم مزاجوں کی باہ کو زیادہ کرتی ہیں' گوند ببول' کتیرا سفید' رب السوس' نشاستہ سفید' ہر ایک ساڑھے بائیس ماشہ' افیون خالص 9 ماشہ' حب المحلب (کھیونی) مروارید ناسفتہ (ان بدھے موتی) کہربائے شمعی' یاقوت رمانی' کوٹ چھان کر لعاب بہیدانہ میں گولیاں بنائیں۔

حب ممسک

کریلہ کو معہ پتوں اور جڑھ کے کوٹ کر 6 ورم عرق نکال لیں اور سائے میں خشک کر کے اجمود' افیون' لونگ' لونگ جنگلی' اجوائن خراسانی ہر ایک 8 ماشہ' برگ بھنگ 4 ماشہ' تخم پیاز' تخم گاجر ہر ایک 6 رتی' پرانا گڑ ایک تولہ 8 ماشہ' سب کو کوٹ چھان کر 2'2 رتی کی گولیاں بنالیں' بوقت ضرورت حسب برداشت طبیعت ایک دو گولی کھا کر اوپر سے پان چبائیں' دودھ کے سوا اور کچھ نہ کھائیں۔

دیگر

نہایت مبہی و ممسک' تخم دھتورہ تین ماشہ' اجوائن خراسانی' تخم خشخاش سفید افیون خالص' تخم کاہو' مقشر' زعفران ہر ایک 6 ماشہ' موتھ تین ماشہ' مغز بادام شیریں' مغز کدو' مغز نارجیل' صمغ عربی' کتیرا سفید' ہر ایک چھ ماشہ' بہمن سفید' بہمن سرخ' ثعلب مصری ہر ایک 3 ماشہ' شقاقل مصری' جائفل

جاوتری، لونگ ہر ایک دو ماشہ، عود غرقی (اگر) مصطگی، صندل سفید، طباشیر، کبود ہر ایک تین ماشہ مغز اخروٹ چھ ماشہ، کہربائے شمعی، بیخ مرجان ہر ایک 2 ماشہ، مغز تخم پیٹھ ہندی مغز تخم تربوز، برگ گاؤ زبان ہر ایک چھ ماشہ، مشک خالص ایک ماشہ املی کے بیج کا چھلکا چھ ماشہ، کوٹ کر آب افیون میں گولیاں بنادیں۔

حب نہایت مقوی باہ و ممسک

تخم دھتورہ 5 ماشہ، اجوائن خراسانی سفید 9 ماشہ، تخم موٹ 5 ماشہ، تخم خشخاش سفید 6 ماشہ، زعفران 3 ماشہ، بہمن سفید، شقاقل مصری ہر ایک 6 ماشہ، کوکنار 5 عدد، ثعلب مصری 6 ماشہ، مغز بادام مغز کدوئے شیریں ہر ایک تولہ، تخم کاہو مقشر تخم خرفہ سیاہ ہر ایک 6 ماشے، کتیرا تولہ، جائفل، جوتری، تخم ہلیون، دونوں تودری ہر ایک 6 ماشہ، گاؤ زبان تولہ، دار چینی 6 چینی 6 ماشہ، لونگ 3 ماشہ، مغز تخم خربزہ 6 ماشہ، کوٹ چھان کر گوند کے پانی میں گولیاں بنادیں۔

دیگر

تخم دھتورہ، تخم گاجر، تخم شلجم، گوکھرو، اجوائن، چھالیہ، عقر قرحا، تخم اونٹگن، ریگ ماہی، لونگ، جائفل، دار چینی، سونٹھ، موصلی سیاہ، زعفران، جوتری ہر ایک 5 تولہ، سب کو نیم کوفتہ کر کے ڈھائی لیٹر گائے کے دودھ میں پکائیں، جب گاڑھا ہو جائے، تو پتھر پر پیس کر جائفل کے برابر گولیاں بنائیں، خوراک ایک گولی۔

حب ممسک و مقوی

کبابہ، عقرقرحا، موصلی سفید، موصلی سیاہ، خولنجاں، بہمن سفید، تخم اٹنگن، تخم کرفس، کمارہ، زعفران، لونگ، جائفل، دار چینی، جملہ ادویہ مساوی الوزن لے کر باریک کریں، شہد دو چند کے قوام میں تھوڑا زیرہ سفید اور سونٹھ ملا کر کل ادویہ ملائیں، بعدہ، کل ادویہ کا آٹھواں حصہ افیون ملا کر گولیاں بمقدار نخود بنائیں اور چند گھنٹے پیشتر ایک گولی کھائیں۔

دیگر

شنگرف 5 ماشہ، جائفل دار چینی، جوتری، لونگ، نکھہ زعفران ہر ایک 4 رتی، برگ پان 13 عدد، عرق ادرک 3 تولہ، پوست خشخاش، کسی قدر لے کر پانی میں بھگوئیں، پھر مل چھان کر دواؤں میں ڈال کر پھر کھرل کریں اور مونگ کے برابر گولیاں بنائیں اور .... 5'4 گھنٹے پیشتر ایک گولی استعمال کریں، اوپر سے دودھ جس قدر پی سکیں، پی لیں مگر پانی ہر گز نہ پیویں۔

دیگر

سونٹھ، کباب چینی، عقرقرحا، جائفل، جوتری ہر ایک 5 ماشہ، زعفران، افیون ہر ایک 1 ماشہ سب کو شہد میں گولی بنا کر 1 ماشہ کھائیں۔

دیگر

اجوائن خراسانی، کلونجی، اسپند، تخم کدو، ہر ایک 3 ماشہ، افیون 4 ماشہ، گھسکو چنے کے برابر گولیاں بنائیں، خوراک ایک سے 2 گولی تک۔

دیگر

اسی نسخہ کو پنڈت کوک نے ممسک اور مبہی لکھا ہے' جائفل' جوتری لونگ' دار چینی اسپند افیون ہر ایک 3 ماشہ' تل سیاہ 6 ماشہ' کوٹ چھان کر شہد میں جنگلی بیروں کے برابر گولیاں بنائیں' ایک گولی بوقت شب ہمراہ دودھ۔

دیگر

کوکنار' اسپند بریان' تخم ہلہل' نیم بریاں' کوٹ چھان کر گڑ میں ملا کر اخروٹ کے برابر گولی بنائیں اور بوقت ضرورت ایک گولی استعمال کریں۔

دیگر

اجوائن' عقرقرحا' سمندر سوکھ' اسپند بریاں' شنگرف' گوکھرو' کچلہ جلایا ہوا' برابر کوٹ چھان کر پوست کے پانی میں گولیاں بنائیں اور جماع سے 4 گھنٹے پہلے استعمال کریں' ایک گولی پر ایک پیالہ دودھ پیویں۔

دیگر

اجوائن 5 ماشہ' مغز تخم کدو 6 ماشہ' اسپند سوختنی 9 ماشہ' تخم بھنگ 8 ماشہ' چینی بریان 7 ماشہ' افیون 3 ماشہ' زعفران 4 رتی' کوٹ چھان کر ایسے پانی میں ملا کر گولیاں بنادیں جس میں 2 عدد پوست خشخاش تر کر کے مل چھان لیا گیا ہو' گولیاں جنگلی بیروں کے برابر باندھیں' بوقت ضرورت ایک گولی استعمال کریں' اگر گرمی محسوس ہو تو شیرہ مغز تخم کدو' مغز تخم تربوز' تخم خرفہ پیویں۔

دیگر

تالیف علوی خاں' اس کی صفت یہ ہے کہ افیون سے یہ نسخہ معرا ہے' عقرقرحا تخم ریحان 2 تولہ' شکر سفید 2 تولہ' کوٹ چھان کر گولیاں بنادیں اور 3 ماشہ استعمال کریں' کبھی عرق لیموں چوسنے کی ضرورت پڑ جاتی ہے۔

دیگر: افیون' حرمل (اسپند) بریاں کافور' مرکی' اجوائن ہر ایک برابر ادرک کے پانی میں پیس کر چنوں کے برابر گولیاں بنادیں' خوراک ایک گولی ہمراہ دودھ گائے۔

دیگر

سنکھیا' مصطگی' تخم دھتورہ' خرما کی گٹھلی نکال کر' دانہ الائچی سفید' بیر بہوٹی جوتری' جائفل' لونگ' زعفران' مشک خالص' افیون ہر ایک برابر کوٹ چھان کر شہد یا پان کے پتوں کے عرق میں ملا کر ماش اور چنوں کے برابر گولیاں بنادیں' وقت سے 2 گھنٹے پہلے ایک گولی استعمال کریں۔

دیگر

سرو کی گوند ایک حصہ' بھنگ کے پتے ڈیڑھ حصے کھرل کر کے منڈی کے برابر گولیاں بنادیں' ایک گولی دن کے آخری وقت کھا کر کوئی میٹھی غذا استعمال کریں' مگر پوری سیری کے ساتھ نہ کھائیں بلکہ خواہش

ے آدمی، اور پھر ایک گولی عشا کے وقت کھائیں۔

دیگر

مقوی باہ اور ممسک ہے، سنکھیا، نیلا رنگ 1 رتی، دانہ اسپند 21 عدد، دونوں پیس کر 21 گولیاں بنائیں، ایک گولی وقت سے 2 گھنٹے پہلے استعمال کریں، اگر سرد مزاج ہوں تو 3 بھی کھا سکتے ہیں، مگر گرم مزاجوں میں ایک سے زیادہ دینا خطرناک ہے۔

دیگر

شنگرف، موچرس، افیون ہر ایک 4 ماشہ، سہاگہ 1 ماشہ، گول مرچ کے برابر گولیاں بنادیں اور ایک گولی وقت سے پہلے استعمال کریں۔

دیگر

ترکیب حکیم انطاکی بھلانواں لے کر پہلے اس سے اس کا شہد علیحدہ کریں، پھر پوست (چھلکا) لے کر قینچی سے تل کے برابر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کریں، پھر اگر یہ 3 تولہ ہے تو 15 ماشہ کندر اور 6 ماشہ جاؤشیر اور 3 ماشہ سندروس اور ڈیڑھ ماشہ سقمونیا اضافہ کر کے روغن پستہ میں چراغ کی لو پر ایک ہفتہ پکائیں، پھر گولی باندھ کر ڈیڑھ ماشہ کھائیں، امساک پیدا ہوگا۔

دیگر: امساک کے واسطے مجرب ہے، مشک خالص ساڑھے تین ماشہ بلسان، مرگی عقرقرحا، رب السوس، زرکچور، جندبیدستر، جدوار خطائی، درونج عقربی، مصطگی، عود حام ہر ایک 7 ماشہ، تج، تخم کرفس، لونگ، پیپل، پکھان، بید ہر ایک 010 ماشہ، دار چینی، گول مرچ، سونٹھ، گوندبول، کتھا، زعفران، جوتری ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ، افیون 2 تولہ 9 ماشہ، مصری سفید 8 تولہ، کوٹ چھان کر چنے کے برابر گلاب میں گولیاں بنادیں۔

رتی ولبھ گٹکا

پارہ مصفی ایک تولہ لیکر پانوں کے رس میں کھرل کر کے اہل درگ میں دراوت کرے، بعدہ بشن تنڈ میں رکھ کر بشن سے بند کردے، بعدازاں اس کے گوشت میں اتھاپن کر شدہ کرے، پھر شام کے وقت مرغ کے گوشت کے ساتھ لوہے کے برتن میں دھتورہ کے تیل سے پکاوے، بعدہ بانسوں کی مردو اگنی کے دوار شام سے صبح تک پکاوے، پھر علے الصبح اٹھ کر گولی بنا کر دودھ کے برتن میں ڈال دے جب گولی دودھ کو پی لے تب کام میں لاویں، وقت جماع گولی منہ میں رکھیں جب تک گولی منہ سے علیحدہ نہ ہوگی امساک رہے گا۔

برہمانڈ گٹکا

پان کے رس میں 7 روز تک پارہ مصفی کو لوہے کی کھرل میں کھرل کریں، پھر کانجی سے دھوڈالیں، 16 ماشہ بھینسا کند کے بیچ میں اس کو ڈال دیں، بش سے منہ بند کر کے موٹے خنزیر کے گوشت میں اس پنڈ کو ڈال کر دھاگہ سے سی دیں، شام کے وقت .... چولہے پر کڑاہی میں ایک سیر دھتورہ کے تیل میں نرم نرم آگ پر پکائیں، شام سے لیکر سورج کے نکلنے تک جاگنا چاہیے، بغیر جاگے یہ تیار نہیں ہوتا، صبح کے وقت

نکال کر پنڈ کو دوھ کے برتن میں ڈال دیں' وہ دودھ جلدی سے سوکھنے لگتا ہے' ایک عجیب علامت ہے' یہ دیکھ کر گولیاں بنالیں' منہ میں گولی رکھ کر اور دودھ پی کر' پھر مشغول ہوں جب تک منہ سے گولی نہ نکالیں گے ستمبھن (امساک) رہے گا۔

سوگت گٹکا

پارہ مصفی' گندھک آملہ سار مصفی' ناگ کیسر' کیسر' لونگ' عقرقرحا' اجمود' سمندر سوکھ' جاوتری' جائفل ہر ایک 2 تولہ' افیون مدبر 2 تولہ لے کر سب کو کھرل کر کے بیر کی گٹھلی کے برابر گولیاں بنادیں' ایک گولی رات کے وقت شہد سے کھائے' پھر ایک پہر کے بعد ایک تولہ اجوائن کو تیل میں ملا کر کھائے اس کے کھانے سے عضو سخت ہو' عرصہ تک امساک رہے۔

استمبھن یوگ

کافور' سہاگہ' پارہ تینوں اودیہ ہموزن لے کر پیسیں' پھر اگست کے رس اور شہد میں کھرل کر کے عضو پر لیپ کریں' ایک پہر کے بعد اس لیپ کو دھو کر مشغول ہو تو بے حد امساک پیدا ہو۔

سرسندری گٹکا

ابرک' شہد' ہیرا' دیکرانت' سونا' پارہ' یہ سب برابروزن لے کر گولہ بنا کر چل کے پانی سے پکا کر حب ترکیب استمبھن کر باہر سے لیپ کرے اور تیار ہونے پر گولی بنا کر استعمال کرے' اس کے کھانے سے زہر کا اثر نہ ہو' ایک سال کھاوے تو عمر کو بڑھاوے' جسم کی کل جھٹ اور بالوں کی سفیدی کو بھی دور کرے' بدن میں قوت پیدا کرے۔

گولی ممسک مشکی

سرعت انزال' سستی باہ' کمزوری پشت' ضعف گردہ' ضیق النفس' بواسیر' تپ دق اور سل کے واسطے مفید ہے۔

فلک رومی' مصطگی' زعفران ہر ایک ساڑھے تین ماشہ' لونگ 010 ماشہ' مشک 5 ماشہ' جدوار 1 ماشہ' جوتری ڈیڑھ تولہ' سب کو باریک پیس کر مصری اور گلاب بقدر ضرورت کا شربت بنا کر قدرے گوند کیکر حل کر کے چنے برابر گولیاں بنائیں' خوراک 3 گولی' ایک گھنٹہ پیشتر کھائیں' اس کے بعد مشغول ہوں۔

دیگر

علک رومی ساڑھے تین ماشہ' مشک تبتی خالص' لونگ ہر ایک ڈیڑھ ماشہ' تینوں کو باریک پیس کر سونٹھ کے مربے کے شیرہ میں ملا کر چنے برابر گولیاں بنالیں' مجامعت سے پہلے ایک گولی منہ میں رکھیں۔

حب ممسک

جائفل' خولنجان' ثعلب مصری' ہر ایک 1 تولہ' جاوتری' جدوار خطائی' ہر ایک چھ ماشہ' افیون خالص تین ماشے چنے کے برابر گولیاں بنادیں۔

دیگر

کافور' جھتہ' مشک خالص' جائفل' افیون خالص مساوی کوٹ چھان کر پان کے شیرہ میں پیس کر چنا

کے برابر گولیاں باندیں اور وقت حاجت کے آب گرم میں حل کر کے کھائیں۔

دیگر

تخم تمرہندی (املی) تخم ببول منقشر' تخم سرس' تخم کونچ' تخم پیاز' ہینگ تال مکھانہ' منڈی موصلی سفید ہر ایک 2 تولہ' بھیڑ کے دودھ میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنادیں' خوراک چھ ماشہ گرم دودھ کے ساتھ۔

دیگر

لونگ جائفل' زعفران' مصطگی' قضیب گاؤ' دار چینی' ثعلب مصری ہر ایک ساڑھے تین ماشہ' مشک خالص ڈیڑھ ماشہ' ضیعہ خالص 14 ماشہ' شہد مقوم میں بقدر ڈیڑھ ماشہ گولیاں بنائیں' جس شخص کو عادت افیون کی ہو ایک گولی ورنہ کم کردیں۔

دیگر

جائفل کو درمیان سے خالی کر کے اس کے شکم میں افیون خالص ایک تولہ جدوار خطائی' زعفران ہر ایک تین ماشہ بھر کر آرد گندم میں خمیر کر کے خاکستر گرم میں پکادیں' بعد اس کے جائفل نکال کر آٹے کو دور کر کے خوب کوٹیں کہ باریک دگر مخروج ہو بعد اس کے گولیاں بنادیں۔

دیگر

قرنفل (لونگ) خولنجاں' عقرقرحا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ' گل سرخ' قند سفید' عود ہندی طباشیر' کافور' مشک خالص ہر ایک 9 رتی' باریک کر کے گلاب میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنادیں۔

دیگر

حب مشکل کشا مذی اور ودی کو دفع کرنے کے واسطے مجرب ہے' عقرقرحا جائفل جوتری' دار چینی' لونگ اسپند' کنجد سیاہ' افیون خالص کوٹ چھان کر شہد خالص میں ملا کر بقدر 7 ماشہ کے گولیاں بنادیں۔

دیگر

حب مغلظ منی از جو جریان منی کو نافع ہے' تال مکھانہ (پھلی) ببول' گل ببول' زرورد' بیج بند' گل نوفل' موصلی سیاہ' تخم خرفہ ہر ایک چھ ماشہ' ختہ تمرہندی (تخم املی) 3 تولہ' برگد کے دودھ میں تر کر کے سایہ میں خشک کریں' گرناذج (مائیں کلاں) چھ ماشہ' تخم کاہو نو ماشہ کشنیز خشک (دھنیا) چھ ماشہ' نبات سفید چھ ماشہ کوٹ چھانکر برگد کے دودھ میں خمیر کر کے گولیاں بنادیں' صبح کے وقت گائے کے تازہ دودھ کے ساتھ کھاویں۔

دیگر

حب جریان کے واسطے بہت مفید ہے' زرد چوب 7 ماشہ' مغز تخم تمرہندی (مغز تخم املی) بریاں 7 ماشہ' آملہ مقشر 4 دام کوٹ چھان کر قند سیاہ 8 دام میں ملا کر چھ ماشہ کے گولیاں بنادیں' گائے کے دودھ کے ساتھ کھاویں۔

دافع سرعت

برگ تنبول یک عدد' افیون ایک ماشہ' افیون کو سینگ پر لگا کر چراغ پر گرم کر کے اور قطرہ اس کا پان پر ٹپکا دیں اور .... خرمہ ایک عدد شگاف کر کے پان کو اس میں رکھ دیں' چھوہارہ کو کھوٹی کر کے چولہا میں دبا دیویں جبکہ پختہ ہو جاوے نکال کر کشمش 5 عدد' نخود بریاں 7 دانہ' ان سب کو کوٹ کر گولی موسم گرما میں 4 عدد' موسم سرما میں 8 عدد' قبل طعام ایک حب کھاوی از حد مجرب ہے اور مقوی باہ ہے' اگر اس میں 4 دانہ مال کنگنی ڈال لئے جاویں تو اور بھی زیادہ ممسک ہو۔

حب امساک

کستوری ایک رتی' زعفران 2 ماشہ' افیون 3 ماشہ' تینوں دوائیں ایک شیشی میں بند کی جائیں اور اس میں بڑھ کا دودھ تین روز تک بدستور ڈالیں پھر باہر نکال کر کھرل میں ڈال کر ایک پاؤ شراب ملا کر کھرل کریں' پھر ماش کے برابر گولیاں بناویں' بوقت ضرورت غروب آفتاب سے پیشتر ایک گولی کھا کر مجامعت کے وقت ایک سیر دودھ پیویں' ممسک ہے۔

دیگر

تخم دھتورہ 6 ماشہ' چرس 2 ماشہ' افیون 2 ماشہ' سم الفار 2 ماشہ' کچلہ مدبر 2 ماشہ' مرچ سیاہ 2 ماشہ' جوتری 2 ماشہ' گوند کیکر 2 ماشہ' سب کو باریک پیس کر بھانگ 5 تولہ کے پانی میں کھرل کر کے بقدر دانہ سیاہ مرچ گولیاں بنادیں' خوراک ایک گولی بروقت ضرورت۔

دیگر مجرب المجوب

ایک عدد کھوپرا جو کاٹا ہوا نہ ہو' لے کر تال مکھانہ 6 ماشہ اور افیون ایک ماشہ اور دودھ درخت برگد' پہلے تال مکھانہ و افیون ڈال کر تمام کھوپرا اندر دودھ سے بھر کر آرد گندم سے لت پت کر کے اکیس روز تک انبار گندم میں دبادیں' بعدہ نکال کر پیس کر گولی بمقدار کنار صحرائی وقت سے ایک گھنٹہ پیشتر دودھ کے ساتھ کھاویں۔

دیگر

لونگ' جائفل' مرچ سیاہ' زعفران' مصطگی' جاوتری' دار چینی' سونٹھ' ہر ایک دو حصہ' کافور ایک دام باریک پیس کر دو چند شہد میں ملا کر چنے برابر گولیاں بنادیں' ترشی اثر کو زائل کرتی ہے۔

دیگر: اسپند' جاوتری' جائفل' لونگ' دار چینی' افیون ہر ایک 4 ماشہ' کنجد 7 ماشہ' کوٹ چھان کر 10 ماشہ شہد کے ہمراہ گولیاں بنادیں' بروقت ضرورت ایک گولی کھاوے اور اگر طاقت کم ہو تو دس گولی تین روز کھاوے۔

دیگر

دار چینی' جوتری' جائفل' لونگ ہر ایک 4 ماشہ' افیون 3 ماشہ' سب کو باریک پیس کر چنے برابر گولیاں بناوے اور ایک گھنٹہ پہلے ایک گولی کھاوے۔

دیگر

عقر قرحا 1 ماشہ ' کیسر 2 ماشہ ' جائفل 3 ماشہ ' لونگ 3 ماشہ ' شنگرف 3 ماشہ ' افیون 2 ماشہ سب کو باریک پیس کر شہد میں چنے برابر گولیاں بنادیں ایک گولی بروقت ضرورت کھاویں۔

دیگر

کونچ بیج ' کلیجن ' تمام پتر ' پیپل ' کباب چینی ' جاوتری ' الائچی ' گوکھرو ' چمپا کے پھل ہر ایک 1 تولہ ' لونگ 6 ماشہ ' مشک 1 ماشہ ' کافور 3 ماشہ پیس چھان کر بعد میں مشک و کافور ملا کر بیر برابر گولیاں بنادیں ' ایک گولی بوقت ضرورت کھائے۔

دیگر

کریلا کا پیڑ ' جڑ اور پتوں سمیت لے کر کوٹ کر پانی نچوڑیں اور تقریباً 6 تولہ لے کر اس میں اجمود ' افیون ' لونگ ' اجوائن خراسانی ہر ایک دو تولہ ' بھنگ چار تولہ منڈی 3 تولہ ' تخم پیاز ' تخم گندر ہر ایک 2 ماشہ ' گڑ 5 تولہ ' تمام کو کوٹ چھان کر اور پانی مذکورہ میں گوندھ کر تقریباً ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنادیں ' ایک گولی کھا کر اوپر سے سوائے دودھ کے کوئی چیز نہ پئیں نہ کھائیں اور مقوی باہ ہیں ' نہایت امساک ہو گا۔

دیگر

پوست بیخ کنیر سفید ساڑھے تین تولہ ' جائفل 2 تولہ 7 ماشہ ' مصطگی رومی 3 ماشہ ' افیون 3 ماشہ ' سب دواؤں کو باریک پیس کر گل کیوڑہ کا پانی نکال کر اس میں کھرل کریں اور متواتر دو تین روز تک اس قدر کھرل کریں کہ خوب باریک ہو جائے ' اس کے بعد جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنادیں ' ایک گولی کیوڑہ کے پانی میں کھرل کر کے عضو پر لگائیں اور اوپر سے برگ پان باندھ دیں ' ایک پہر تک بند رہنے دیں ' اس کے بعد کھول کر صاف کر کے ڈالنے سے امساک پیدا ہو گا۔

دیگر

مائیں 3 تولہ ' دیودار 1 تولہ ' جوتری 1 تولہ ' جائفل 1 تولہ ' کچلہ 6 ماشہ ' سہاگہ 6 ماشہ ' سمندر سوکھ 6 ماشہ ' شنگرف رومی 1 تولہ ' افیون 6 ماشہ ' تمام کو باریک کر کے تلوں کے تیل میں پکائیں اور تین سال کا نو تولہ پرانا گڑ لے کر سب کو اچھی طرح ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور بحفاظت چینی کے برتن میں رکھیں ' غذا ہضم ہونے کے بعد ایک گولی کھائیں ' اس کے بعد نہ کچھ کھائیں نہ پئیں ' اگر بھوک لگے تو بھنے ہوئے چنے چبائیں اور پیاس معلوم ہو تو دودھ پئیں ' اس کے استعمال سے بہت امساک ہو گا کہ ترشی اثر زائل کرتی ہے ' اگر فارغ ہونے کے بعد بھوک معلوم ہو تو روٹی شہد میں ملا کر کھائیں۔

دیگر

عقر قرحا ' سونٹھ ' کنکول مرچ ' کیسر ' پیپل جائفل ' لونگ ' چندن ہر ایک 1 تولہ افیون 4 تولہ ' سب کو باریک پیس کر شہد میں چنے برابر گولیاں بنادیں ' ایک گولی روزانہ کھائیں۔

دیگر

کنکول ' کیسر ' افیون ' مصطگی ' جاوتری ' جائفل ' کچور ' عقر قرحا ' انگن ہموزن لے کر باریک پیس کر شہد

کے ہمراہ گولیاں بنا کر استعمال کریں۔

دیگر

افیون پیپل، عقر قرحا، جائفل، جاوتری، الائچی خورد دھتورے کے بیج، کیسر، دار چینی، موچرس، سونٹھ ناگ کیسر ہموزن لے کر سب کو باریک پیس کر ناگر پان کے رس میں ایک پہر کھرل کر کے چنے برابر گولیاں بنادے، ایک گولی رات کے وقت کھاوے۔

دیگر

شنگرف مصفی 1 تولہ، عقر قرحا 1 تولہ، جائفل 1 تولہ، کافور 1 تولہ، افیون 1 تولہ، نبات سفید 1 تولہ، زعفران 6 ماشہ، جندبید ستر 4 ماشہ، بیر بہوٹی 11 عدد باریک پیس کر شہد یا رس پان کے ہمراہ چنے برابر گولیاں بنائیں۔

حب ممسک ودافع جریان منی

ثعلب مصری 4 تولہ، خستہ خرما 4 تولہ، الائچی خورد 2 تولہ، خولنجاں 2 تولہ، سب کو باریک پیس کر شیر بز 12 تولہ میں ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنادیں اور ایک گولی آدھ سیر کے ہمراہ آدھ پاؤ ملائی ملا کر کھاویں۔

حب دافع سرعت

جائفل 5 عدد لے کر ان میں سوراخ کر کے ایک ایک ماشہ افیون داخل کریں اور ایک انار شیریں پختہ لے کر اس میں جوف کر کے جائفل ڈال کر گل حکمت کر کے پکائیں، یہاں تک کہ انار گل جائے، پھر جائفل نکال کر پیس کر چنے برابر گولیاں بنائیں، ایک صبح اور ایک گولی شام کے وقت کھایا کریں، ترشی، بادی سے پرہیز کریں۔

دیگر

علک البطم 14 ماشہ، مصطگی رومی 14 ماش، لونگ 010 ماشہ، مشک خاص 6 داگ جدوار خطائی 7 ماشہ، زعفران 14 ماشہ، ان سب کو سفوف کر کے قدرے مصری عرق گلاب میں حل کر کے بقدر نخود گولی بنا کر صبح و شام ایک یا دو دو گولیاں کھا کر اوپر سے قدرے آب تازہ پی لیں، یہ گولیاں مقوی و ممسک ہونے کے علاوہ دمہ کے واسطے بھی مفید ہیں۔

دیگر

الائچی خورد ایک عدد، مویز منقے ایک عدد، گل کنیر سفید ایک عدد، قدرے افیون کوٹ پیس کر سب کو ملا کر ایک گولی بنادیں، یہ ایک خوراک ہے، اس کو کھا کر اوپر سے شیر گاؤ پئیں۔

حبوب مقوی باہ خوردنی

افیون ایک جزو، شنگرف نصف جزو، سم الفار 1/2 جزو، زعفران ایک جزو مشک ایک جزو، مروارید 2 جزو، چرس مصفی ایک جزو، عقر قرحا تین جزو کچلہ 2 جزو، جائفل ڈیڑھ جزو جاوتری ڈیڑھ جزو بیر بہوٹی ڈیڑھ جزو، خراطین خشک مصفی 4 جزو، شہد یا زردی بیضہ مرغ میں سحق بلیغ کر کے یعنی دو تین روز متواتر سحق

کر کے حبوب بنالیں' اسراری نسخہ ہے۔

دیگر

شنگرف رومی' لوبان کوڑیہ' افیون' کافور سب ایک ایک جزو جائفل' نصف جزو' سب کو ہاون دستہ میں دو پہر متواتر کوٹیں اور خوب زور سے کوٹیں نخود کے برابر گولیاں بنادیں' اکثرین کے واسطے ممسک و مقوی ہے۔

حبوب برائے قوت باہ

پوست بھلاوہ (جو شہد کے ساتھ متصل ہوا کرتا ہے' یا جسم بھلاوہ جس میں سے شہد نکال لیا گیا ہو) سے اس قدر صاف کریں کہ شہد مطلق اس کے ساتھ نہ رہے' تین تولہ ڈیڑھ ماشہ' خوب باریک کتر کر ایک پتھر کے برتن میں ڈال دیں' روغن حب الخضا (جو بادام روغن کی کل کے ذریعہ لگایا گیا ہو) سے اسے خوب چرب کرلیں' مگر زاید نہ رہے' کندرو 6 تولہ باریک پیس کر پاس رکھ لیں' قشر بلادر والا برتن آگ پر رکھ کر پکاویں اور تھوڑا تھوڑا کندر ڈال کر ہلاتے رہیں' ورنہ جلا جاوے گا' جب سب دوا بستہ ہو جاوے تو سقمونیا زرد 6 رتی باریک پیس کر ڈال دیں آگ سے اتار کر تین تین ماشہ کی گولی باندھ دیں' بوقت ضرورت ایک گولی منہ میں رکھ کر چبادیں اور اس کا لعاب نگل جاویں' تھوڑی دیر بعد انتشار ہو گا اور یہ طاقت دیر تک رہے گی' امساک بھی ہو گا ایک گولی تین بار کام دے سکتی ہے۔

نوٹ: مگر اس کی تیاری میں احتیاط ضروری ہے' ورنہ دھوئیں سے منہ پھول جائے گا اور گولیاں بناتے وقت ہاتھوں پر گھی مل لیں' شاید حار مزاج کو مضر ہو (مولف)

حبوب برائے قوت باہ

شمع خالص خام ایک تولہ' سم الفار سفید ایک تولہ' ان دونوں کو ہاون برنجی یا چوبی میں اس قدر کوٹیں کہ اس میں بوئے عنبر پیدا ہو' پھر اس کی 200 عدد گولیاں بنادیں اور ایک چھٹانک روغن گاؤ کے ساتھ ایک گولی ہر صبح کھاویں اور غذائے شیر مسکہ جس قدر کھاویں ہضم ہو' قوت باہ کے علاوہ امساک کے گن گاویں۔

حبوب مجرب اکسیر ضعف برائے باہ و امساک

مال کنگنی' عقرقرحا' تخم زردک جوزبوا ہر واحد ایک تولہ' زعفران' لونگ' اسپند ہر ایک 6 ماشہ' تل تولہ' خشخاش تولہ' روغن گاؤ' 5 تولہ' شہد 4 تولہ' ریگ ماہی 2 تولہ' سب کو ملا کر گھی میں بھون لیں اور شہد ملا کر جائفل کے برابر گولیاں بنا کر وقت سے ایک گھنٹہ پہلے ایک گولی کھاویں' یہ نسخہ امساک میں نہایت موثر ہے امساک کی طاقت اکثر برقرار رہتی ہے۔

حبوب مقوی باہ

زعفران' دار چینی' جائفل' افیون' مشک' عقرقرحا' شنگرف' قرنفل ہر ایک ایک ماشہ' مروارید ڈھائی ماشہ' روغنی سم الفار ڈھائی ماشہ' گولیاں بنادیں' خوراک ایک رتی کاڈلور آئل 10 بوند کے ساتھ' کھانا کھانے کے بعد اور یہ بھی بہت ہی مجرب ہے۔

حبوب برائے قوت باہ بغایت مجرب وبسیار عجیب

سم الفار سفید تولہ، پکھرا کتھہ 2 ماشہ، سورنجاں شیریں تولہ، عرق لیموں کاغذی 360 عدد میں پیس کر کے عرق بھنگتیا خورد نار میں پیس کر باجرہ کے برابر گولیاں بنالیں اور ایک ایک گولی صبح اور شام بارہ روز تک استعمال کریں، کھانا جہاں تک ہو خوب مرغن کھانا چاہیے۔

حبوب مقوی باہ وممسک

سم الفار 2 تولہ، افیون 2 تولہ، سہاگہ 2 تولہ، فلفل سیاہ 2 تولہ، عرق کیوڑہ میں حل کر کے ایک ہزار تین سو گولیاں بنادیں، خوراک ایک گولی، ہمراہ بالائی یا مکھن یا حلوا۔

حبوب مقوی باہ وممسک عجیب وغریب

بھنگرا سیاہ ایک کلو ازاراقی بارہ دانہ بھنگرہ اگر سیاہ دستیاب نہ ہو تو سوسنی پھول کا لیویں اور گرد وغبار سے صاف کر کے کوٹ کر کچلہ ثابت ملا کر ایک لوہے کے نلکہ میں ڈال کر روغن کنجد اس قدر ڈالیں کہ سب تر ہو جائے، پھر اس نلکے کا منہ بند کر کے گل حکمت کر کے اسپ مشکی کے تھان میں جہاں وہ پیشاب کرتا ہو دفن کردیں، بعد چالیس روز کے نکال کر کچلہ کو چھیل کر اس کا پتہ نکال کر بھنگرہ و تیل کے ایک یا دو نار جیل میں بھر کر آٹا گیہوں کا چڑھا کر تنور یا بھاڑ میں پکاویں، جب خوب پک جاوے اور آٹا سرخ ہو جائے، نکال کر ٹھنڈا کر کے دوانار جیل سے نکال کر خوب باریک پیس کر گولیاں جھڑبیری کے برابر بنا کر رکھ لیں؛ ایک گولی صبح تناول کریں اور اوپر سے دودھ اور گھی پیویں اور غذا مرغن کھاویں، اس کے کھانے سے بال بھی سیاہ برآمد ہونے لگتے ہیں مگر ایک دو سال کھاویں، انشاء اللہ تمام بال سیاہ ہو جائیں گے اور قوت اس قدر ہوگی کہ حیرت ہوگی۔

حبوب مقوی باہ ومنعطفہ

جدوار خطائی 3 ماشہ، زعفران 3 ماشہ، عنبر اسہب 3 ماشہ، ورق طلا 3 ماشہ، ثعلب مصری 6 ماشہ، کشتہ سرطان 6 ماشہ، کشتہ مرجان 6 ماشہ، ماہی سقنقور تولہ، باریک پیس کر پان کے عرق میں ملا کر فندق کے برابر گولیاں بنادیں، صبح کو ایک گولی گائے کے دودھ کے ہمراہ کھاویں۔

دیگر

گل دھتورہ، گل مدار، مغز پنبہ دانہ، اسگند فلفل دراز ہموزن لے کر باریک کر کے رکھیں، بعدہ پارہ گندھک کی کجلی کر کے اسی سفوف میں ملادیں اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر ہر روز صبح کے وقت ایک گولی شیر گاؤ سے 21 دن تک کھاویں۔

حبوب ممسک ومقوی باہ

جوزبوا 7 ماشہ، دار چینی 7 ماشہ، زعفران 7 ماشہ، تخم گندر مکد 7 ماشہ، فلفل سیاہ 3 ماشہ، افیون 7 ماشہ، مشک 2 رتی، باریک پیس کر ایک ماشہ روغن الکنگنی ساتھ ملا کر دو ساعت پیشتر کھاویں۔

دیگر

عقرقرحا گجراتی 7 ماشہ، کباب چینی 6 ماشہ، خولنجاں 6 ماشہ، قرنفل 6 ماشہ، بسباسہ 6 ماشہ، موصلی سیاہ

6 ماشہ، تخم خشخاش سفید 6 ماشہ، بہون پھلی 6 ماشہ، کوٹ چھان کر شہد خالص میں حل کر کے حبوب بنالیں، خوراک 3 ماشہ پاؤ بھر شیر گاؤ سے صبح کو۔

دیگر

جند بید ستر، سلاجیت تولہ، زعفران تولہ، مشک خالص 1 ماشہ، عنبر اشہب 1 ماشہ، سہاگہ چوبہ تولہ، جاوتری تولہ، دار چینی تولہ، عقرقرحا 2 تولہ، اندر جو شیریں تولہ، اجوائن خراسانی 4 تولہ، مغز بادام شیریں 2 تولہ، مغز خرپوزہ 2 تولہ، مغز تخم کدوئے شیریں 2 تولہ، مغز تخم خیارین 2 تولہ، دانہ ہیل خورد 2 تولہ، جائفل 2 عدد، قرنفل 2 تولہ، مائیں خورد 6 ماشہ، مائیں کلاں 6 ماشہ، تخم دھتورہ 2 ماشہ، افیون خالص 4 تولہ، سندرس 2 تولہ، ستاور 2 تولہ، ثعلب مصری 2 تولہ، مویز منقی تولہ، طباشیر تولہ، مصطگی رومی 4 ماشہ، گوند ببول 4 تولہ، مغز تل مینڈھا 2 تولہ، مغز تروبج 6 ماشہ، ریگ ماہی تولہ، مغز سر ماہی 6 ماشہ، مغز بال کنگنی 1 تولہ، پیس کر دس کلو شیر گاؤ میں پکاویں، جب دودھ کھویا بن جائے تو اس وقت ناریل نکال لیں اور ادویہ اندرونی معہ مغز نارجیل متعلقہ کوٹ کر نخود کے برابر گولیاں بنادیں، ایک گولی صبح ایک شام، ہمراہ شیر گاؤ۔

حبوب برائے تقویت باہ و جریان منی و سرعت انزال

پوست بیخ ارجن، بالائی کند، بھنگرا، بھون پھلی، پوست بیک، پیلو و ثمر پیلو چتی، تن کے پھول، رودنتی، پوست بیخ سہجنہ، کالسر، کرمری، مانگ مور، تالیسر، تخم کونچ، بیخ گڑھل، پوست بیخ ہار سنگھار، تخم ہلہل، تخم گذر، دار چینی بہمنین، موصلین تودرین، تخم سرال ستاور، ہرن کھری رانگہ۔

ان سب دواؤں کو ہموزن لے کر کوٹ چھان کر نہایت سفید دو چند ادویہ ملا کر سفوف بنادیں، ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ و شہد و آب نخود خام و شہد کے کھلائیں۔

نوٹ: ارجن ہندوستان میں مشہور درخت ہے، پھول پھلی ایک قسم کی گھاس چھتہ دار ہے، جس کے پتے باریک ہوتے ہیں، رنگ سبز، ذائقہ تلخ، چتی، ایک قسم کی گھاس ہے، رنگ سبز، ذائقہ ترش، تن ایک درخت ہے، جن کے پھول نیم کے پھولوں کے مشابہ اور رنگنے کے کام آتے ہیں، رودنتی ایک گھاس ہے، جس کے پتے وغیرہ چنے کے مشابہ ہوتے ہیں، اس پر چیونٹیاں بکثرت ہوتی ہیں۔

کالیسر: ایک درخت کا پھل ہے کہ بقدر بیر و عناب کے ہوتا ہے اور درخت چھوٹا اور پتے باریک ہوتے ہیں، رنگ زرد ذائقہ تلخ مانگ مور ایک گھاس ہے، بنگالہ میں مشابہ پت پاپڑہ، رنگ سبز ذائقہ شیریں تیزی مائل۔

ہرن کھری رانگا، رانگا ہے، صاف و شفاف مشابہ سم ہرن سفید و شفاف ذائقہ پھیکا و کسیلا۔

حب مقوی باہ عجیب العمل

ریگ ماہی نر....... ایک عدد، زعفران سر سرخ، شہد خالص 2 ماشہ، مشک خالص ایک سرخ، جند بید ستر ایک سرخ، بسکو حب بنالیں اور ایک عدد ورق طلا میں لپیٹ کر کھائیں، مغز بادام شیریں تولہ، مغز گردگان تولہ، آرد نخود بریاں تولہ، مغز پستہ تولہ، طباشیر کبود ماشہ، دانہ الائچی خورد ماشہ، پیس کر شیر گاؤ میں جوش دیں، یہاں تک کہ نصف باقی رہ جائے، نبات سفید تولہ ملا کر کھائیں۔

حب مقوی مغلظ منی و ممسک دافع جریان و سیلان

حب الغراب غیر مقشر، حسب حاجت لیکر جوز الماثل کا پیٹ چاک کر کے حب الغراب اس میں رکھ کر آرد گندم سے گل حکمت کر کے ہلکی بھوبھل میں دبا رکھیں، 4 گھنٹہ بعد نکال کر جدید دھتورہ میں کھلہ ۔۔۔ بدکو رکھ کر بکمد تشویہ دیں، اسی طرح ایک ایک کھلہ کو چالیس چالیس دھتورے میں پٹ دیں، اس عمل کے دوران میں اس کا اندرونی چھلکہ دور ہو جائے گا، آنچ تیز نہ ہو ورنہ کھلہ جل جائے گا، پھر دھتورے کے بیج انگ کا رس راج وزن لے کر اس کھلہ مدبر مقشر کو اس میں حل کریں، پھر زعفران جوتری، مشک لسان العصافیر، یاقوت مروارید، کلاں ہر ایک مساوی الوزن اس قدر کہ تمام ادویہ کا آٹھواں حصہ ہو جائیں، اضافہ کر کے حبوب بمقدار نخود تیار کرلیں، خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ، خیال رہے کہ عادت نہ ہو جائے مخدر ہیں۔

حبوب مقوی باہ

ثعلب مصری 2 تولہ، جوتری 1 تولہ، لونگ 6 ماشہ، دار چینی 1 تولہ، اندر جو شیریں 1 تولہ، ناگ کیسر 1 تولہ، عقر قرحا 1 تولہ، اجمود کلاں 6 ماشہ، کباب چینی 1 تولہ، مغز تخم کونچ 1 تولہ، تج 1 تولہ، مغز تخم انگن 1 تولہ، تال مکھانہ 1 تولہ، سونٹھ ستوہ 1 تولہ، نرگنڈی 1 تولہ، ستاور 1 تولہ، پیپل 6 گرام، سمندر سوکھ 1 تولہ، ملٹھی ایک تولہ، اسگند ناگوری 1 تولہ، موصلی سیاہ 1 تولہ، موصلی سفید 1 تولہ، مغز بادام 1 تولہ، جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر اور مغز بادام کو باریک پیس کر سب کو شہد خالص میں بقدر ضرورت گوندھ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنادیں، ایک گولی صبح کے وقت گائے کے دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

حبوب مقوی باہ

سم الفار 1 تولہ، مرچ سیاہ 1 تولہ، مشک خالص ساڑھے تین ماشہ کو عرق لیموں کاغذی 21 عدد میں کھرل کریں، جب عرق جذب ہو جائے تو عرق پان ڈال کر بقدر خشخاش گولیاں بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام کو دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

حب مرکب ازراقی مقوی باہ و دافع ریاح

کچلہ جس قدر ہو اس کو تین روز پانی میں تر رکھو، بعد ازاں تین روز شیر گاؤ میں بھگوئے رکھو، ہر روز دودھ تازہ ڈالتے رہو اور پیلا دودھ زمین میں داب دیا کرو تاکہ کوئی جانور اس زہریلے دودھ کو کھا کر ہلاک نہ ہو، بعد ازاں کچلہ کو مقشر کر کے اندرونی پتہ نکال دو اور بخوبی باریک پیس لو اور اس میں ادویہ ذیل کا سفوف ملا دو

زنجبیل، جاوتری، قرنفل، مرچ سیاہ ہر ایک کا وزن باریک شدہ کچلہ کے برابر ہو گولی ایک گرام میں آٹھ بناؤ، خوراک ایک گولی، بلغمی مزاج والوں کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے اور مجرب۔

قرص عجیب الاثر

برائے نامردی، ضعف باہ، کمی نعوظ، سرت انزال، ضعف جگر، ضعف دل و دماغ، اعصاب کے لئے بمنزلہ اکسیر کے ہے۔

ریگ ماہی چھ تولہ' بسبلہ' شقاقل' موصلی سفید ہر ایک تین تولہ' کشتہ فولاد 1 تولہ' اذراقی مدبر جو شیر گاؤ میں کیا گیا ہو' نمک چھ ماشہ جدوار خطائی' زنجبیل تمال پتر' دار فلفل' فلفل سفید' رب ریش بز' رب چھال بیخ چھچھرا جس کے پتوں میں حلوائی جضوات ڈال کر دیتے ہیں ہر ایک چھ ماشہ' مشک سفید خام دو رتی' سب کو چار یوم خالص پانی سے کھرل کر کے ان کی ایک صد قرص بنادیں' خوراک پہلے نصف قرص صبح کی غذا کے بعد اسی وقت کھاویں' پانی سے اور نصف قرص رات کی غذا کے بعد اسی وقت پانی سے کھاویں' سات یوم تک پھر سالم قرص اسی طرح سالم قرص شام کے بعد کھاویں' پندرہ یوم کھا کر سات یوم ناغہ کریں' پھر پندرہ یوم کھاویں اور خالی معدہ کبھی نہ کھاویں' غذا مقوی۔

حب مجرب المجوب

ثعلب مصری ڈیڑھ تولہ' ریگ ماہی (شرط ہے کہ نر ہی ہو) 3 تولہ' شقاقل مصری ڈیڑھ تولہ' اندر جو شیریں 1 تولہ' تال مکھانہ 9 ماشہ' رومی مصطگی 6 ماشہ' بہمن سرخ 1 تولہ' بہمن سفید 1 تولہ' موصلی سفید 1 تولہ' موصلی سیاہ 1 تولہ' مغز اخروٹ 1 تولہ' مغز بادام 4 تولہ' مغز تخم الںی 4 تولہ' تودری سرخ 1 تولہ' تودری زرد 1 تولہ' گوکھرو خشک 2 تولہ' نشاستہ ڈیڑھ تولہ' مغز فندق ڈیڑھ تولہ' کمر کس 2 تولہ' بوزیدان 1 تولہ' مغز تخم خیارین 1 تولہ' موصلی سنبل 3 تولہ' سنبل .... کے اندر کی جڑھ' جو لکڑی کی چھری سے کاٹی ہو) جدوار اصلی ڈیڑھ تولہ' زنجبیل 1 تولہ' مغز تخم شلغم 1 تولہ' مغز تخم خیارین 1 تولہ' عود ہندی ڈیڑھ تولہ' مایہ شتر اعرابی 2 تولہ' کشتہ چاندی 1 تولہ' کشتہ سنگ یشب 1 تولہ' کشتہ مرجان 1 تولہ' ورق چاندی 5 عدد' بنسلوچن 1 تولہ' الائچی سفید 1 تولہ' مغز تخم کونچ 2 تولہ' مغز تخم سنگھاڑہ 3 تولہ' مروارید ناسفتہ 1 ماشہ' مشک اصلی ڈیڑھ ماشہ' عنبر اشہب 4 رتی' تمام ادویہ کو کوٹ پیس کر شیر بڑھ اور بوٹی آفتاب افروز کے پانی سے گولیاں بہ قدر کنار صحرائی بنادیں اور صبح و شام ایک ایک گولی شیر تازہ گاؤ کے ساتھ کھاویں۔

حبوب سرخ

کافور' شنگرف' افیون' ست لوبان مساوی الوزن لے کر چار پہر کھرل کریں' آب ادرک سے اور حبوب بہ قدر دانہ نخود بنادیں' خوراک ایک حب' قوت باہ اور امساک (بندھیج) کے لئے مجرب ہیں' نیز اسہال کے بند کرنے میں بھی عجیب الاثر ہیں۔

حب دافع سرعت اکسیر و بے نظیر

کشتہ شنگرف' سنکھیا سفید (کشتہ ہو تو بہتر ورنہ ضرورت نہیں)' افیون' زعفران' ہر ایک 1 ماشہ ان سب کو 5 تولہ دودھ بڑھ میں کھرل کریں اور جب وہ ختم ہو جاوے تو 5 تولہ آب پیاز میں کھرل کریں اور جب وہ بھی ختم ہو جاوے تو اس کی بتی بنا کر ایک پیاز میں سوراخ کر کے اس بتی کو اس میں دے کر اور منہ بند کر کے اوپر آٹا گوندھا ہوا لگا کر گولا بنا کر سلگتی ہوئی اپلوں کی آگ میں رکھ دیں جب سرخ ہو جائے باہر نکال لیں اور سرد ہونے پر دوائی نکال کر دوسرے پیاز میں رکھیں (اسی طرح سلگتے (اپلوں کی آنچ میں) اور پھر نکال کر پیس کر موٹھ کے دانہ کے برابر گولیاں بنالیں اور صبح کو نصف گولی سے 3 گولی ہمراہ دودھ روزانہ کھایا کریں اور وقت پر بھی اس سے کام لے سکتے ہیں' ذرا ہمت کر کے اس کو بنالیجئے' پھر دیکھئے کہ سرعت کو آرام آتا ہے یا نہیں۔

حبوب دافع کثرت احتلام و جریان و سوزاک مغلظ مقوی باہ مصفی خون

گل مستہلاسی 3 تولہ' بنسلوچن 2 تولہ' دانہ الائچی خورد 1 تولہ' روغن صندل 2 تولہ' زعفران 6 ماشہ' عرق کیوڑہ بقدر ضرورت میں حل کیا ہوا' کل اجزا بالا کو روغن صندل میں کھرل کر کے نخود کے برابر گولیاں بنادیں اور ایک ایک گولی صبح' دوپہر شام ہمراہ شیر گاؤ دو ہفتہ تک استعمال کریں' بفضلہ کل امراض بالا دفع ہوں گولیاں یہ بہت فائدہ مند اور مجرب ہیں۔

حب اکسیر البدن

واسطے تقویت باہ اعصاب کے و دافع فالج و لقوہ کے بھی مفید ہے' کچلہ مدبر 2 تولہ' جائفل 1 تولہ' جاوتری 1 تولہ' عقر قرحا 1 تولہ' لونگ' تولہ' زعفران 6 ماشہ' افیون 6 ماشہ' ہر ایک الگ الگ پیس کر وزن کر کے ملا کے کھرل کر کے چند قطرے شہد ملا کر بقدر نخود کے گولیاں بنا کے اس پر ورق نقرہ یا طلا لپیٹ دیں۔

دیگر

ہلیلہ 1 تولہ' بلیلہ 1 تولہ' آملہ 1 تولہ' مرچ 1 تولہ' پیپل 1 تولہ' سونٹھ 1 تولہ' چترک 1 تولہ' بابرنگ 1 تولہ' ناگر موتھ 1 تولہ' کشتہ آہن قسم اول 9 تولہ۔ ہر ایک دوائی الگ الگ کوٹ چھان کر وزن اس کا ملادیں اور کشتہ آہن شامل کر کے بخوبی کھرل کریں اور نگاہ رکھیں' 2 سرخ سے لے کر نیم ماشہ تک ہمراہ شہد خالص 6 ماشہ روغن گاؤ 3 ماشہ ورق نقرہ 3 عدد' کھانڈ نیم ماشہ کے ملا کے چاٹ لیا کریں اوپر سے شیر گاؤ تازہ کہ ابھی زمین پر نہ رکھا گیا ہو بقدر نیم پاؤ نوش کریں' زیادتی صفرا یا طبیعت کے لحاظ سے کبھی روغن گاؤ کو ترک کر کے شہد ورق طلاء و کھانڈ سے ملا کے چاٹ کر اوپر سے دو سہ گھونٹ آب سرد کے پینا یا چھاچھ گاؤ وغیرہ سے بلحاظ بیماری استعمال کرانا' امراپانڈوردگ' بھنس' بھگندر' سوجن' کوڑھ اور بواسیر مندا گنی' اروچی' کرمی روگ و جملہ انواع علت ہائے شکم کو دور کرے اور حواس خمسہ ضعیف شدہ کو قوی کرے اور زور اور خوبی اندام بڑھاوے اور خوشنما کرے اور بڑھاپے کو جلد نہ آنے دے اور کمزور نہ ہونے دے' اس کا مدامی استعمال کرنا اور اشیاء مخالف سے پرہیز کرنا ضروری ہے' غذائیں دودھ' گھی' چاول' مکھن' مصری' شہد نان گندم وغیرہ مقوی اشیاء کا استعمال کریں۔

دیگر

واسطے نزلہ و زکام اور درد مفاصل و تقویت باہ کے قوی الاثر ہے اور دیگر امراض باردہ و بلغمیہ ریاحیہ میں مفید ہے۔

کچلہ مدبر 10 ماشہ' مرچ سیاہ 10 ماشہ' عقر قرحا گجراتی 4 ماشہ' دار چینی 4 ماشہ' مصطگی 4 ماشہ' صندل سفید 4 ماشہ' زعفران 4 ماشہ' اول کچلہ اور مرچ سیاہ کو کھرل کریں' پھر دیگر اجزاء ملا کے شہد سے بہ قدر نخود گولیاں بنادیں' بدرقہ مناسب سے استعمال کریں۔

الکبریت الاحمر یعنے نسخہ صحیحہ حبوب اکسیر اعظم سلطانی

برائے قوت باہ و سرخی رنگ و ہضم طعام و رفع سرعت و جریان' امساک قائم وغیرہ' (یہ تین آدمیوں

کا وزن ہے۔
مشک خالص 2 ماشہ 'عنبر اشہاب خالص 3 ماشہ' زعفران 3 ماشہ' جوزبوا 2 ماشہ' عقرقرحا 5 ماشہ' جاوتری 6 ماشہ' الائچی خورد 7 ماشہ' چوب چینی 8 ماشہ' تیزبل 9 ماشہ' کباب چینی 10 ماشہ' بدن مست 11 ماشہ' (پتے اور پھول) ستاور' فلفل دراز 13 ماشہ' تخم اونٹگن 24 ماشہ' تخم کونچ 27 ماشہ' مال کنگنی 28 ماشہ' بیخ بنفشہ 29 ماشہ' سمندر سوکھ 30 ماشہ' موچرس 23 ماشہ' اندرجو شیریں 24 ماشہ' مشکک 24 ماشہ (سعد کوفی) بیخ کونچ 25 ماشہ' ناگ کیسر 27 ماشہ' موصلی سفید 28 ماشہ' موصلی سفید 28 ماشہ' قند کہنہ 30 ماشہ' شنگرف رومی مصفیٰ عمدہ 21 ماشہ۔
این ہمہ ادویہ راکوفتہ و بیختہ باقند آمیزند و مقدار 5 ماشہ' حب بہ بندند وباشیر قدر ڈیڑھ پاؤ جوشیدہ بخورند' بالائیش پان اگر موجود باشد' بخورند' والاذخیر' اما از ترشی وبادی پرہیز نمائند' 14 روز ایک حب بوقت شب ویک حب بوقت نہار بخورند و نان و بے نمک خورند' اکثر خوراک کھچڑی و برنج باشیر والا' نان گندم بے نمک باروغن' زرد خوب چرب کردہ' بخورند' بیضہ نیم برشت زردہ' حلوائے بیضہ و حلوائے ماش چنداں کہ بتواند بخورند' ورزش جسمانی راہم از دست ندہند۔
از میوہ جات تر د خشک پستہ و بادام بہ نبات و سیب شیریں وغیرہ بخورند' و غذا خوب قوئے و مرغن بخورند' مگر از ترشی و بادی احتراز کامل رابکار برند۔
بحالت مرض مثل بخار' سوزاک' آتشک و بواسیر وغیرہ استعمال دوانکنند' تاآنکہ شفائے کامل حاصل گردد' بعد 14 روز معاینہ امری از بس عجیب و غریب و حیرت انگیز خواہند کرد' بشرطیکہ۔
(10) اجزائے نسخہ اصل و عمدہ تازہ بدست آرند' چراکہ ہر دور ادقیت کہ بعد آں کہنہ و بیکار و بے اثر مے شود۔
(2) ادویہ راخوب بہمہ گر آمیزند کہ تناسب کامل ماذ
(3) پرہیز رابکلی بکا بردہ و دستور العل بالا رالعمیل آوردہ باشند۔

حب جدوار

مجرب ہے' سرفہ اوجاع صدر رانافع بود ول دماغ راقوت و فرحت دہد' مقوی اعضائے رئیسہ باشد و الغاز آرد و طعام ہضم نمائد و سرعت انزال رافائدہ بخشد و نزلہ و زکام ہارور اوفع سازوند و رنگ بدن روشن کنند۔
جدوار عمدہ ڈھائی تولہ' زعفران 11 ماشہ' تخم کرفس 11 ماشہ' درونج عقربی 11 ماشہ' فلفل ساڑھے نو ماشہ' زرنباد ساڑھے چھ ماشہ' مصطگی ساڑھے چھ ماشہ' عود عراقی ساڑھے چھ ماشہ' سنبل الطیب ساڑھے چھ ماشہ' قرنفل ساڑھے چھ ماشہ' قاقلہ صغاء ساڑھے چھ ماشہ' صمغ عربی ساڑھے چھ ماشہ' خولنجاں ساڑھے چھ ماشہ' دارچینی ساڑھے چھ ماشہ' عقرقرحا ساڑھے چھ ماشہ' افیون مصری ساڑھے چھ ماشہ' فرفیون 2 ماشہ' ہمہ راعرق گلاب مقدار چہارم گرام حب سازند ہر صبح و شام ہمراہ آب یا شیر مادہ گاؤ ایک ایک حب خورند واز حموزات احتراز کابندو۔

ایک نسخہ بیس امراض

کستوری 1 تولہ' کیسر 1 تولہ' لونگ 3 تولہ' جائفل 4 تولہ' افیون 5 تولہ' ان تمام کو کوٹ پیس کر شہد

دوچند میں ملا کر بقدر دانہ لونگ کے گولیاں بنا رکھیں' یہ عجیب الاثر گولیاں ہیں اور بیسیوں امراض کو مفید ہیں' مختصراً" ذکران کا درج کیا جاتا ہے۔

برائے پڑبال' پانی میں گھس کر آنکھوں میں لگایا کریں۔

برائے امساک' شہد کے ساتھ دو گولیاں شام کو کھلا دیں' ایک گولی ایک گھنٹہ قبل بھی کھائی جاسکتی ہے۔

ملذذ' ایک گولی لعاب دہن اسپ میں گھسیں اور ساتھ ہی مشک کافور ایک رتی ڈال دیں۔

برائے ہاضمہ' ایک گولی پان میں کھاویں۔

برائے اسہال و سنگرہنی' چھاچھ گاؤ یا آب انار دانہ یا دھون چاول سے ایک ایک گولی چار چار گھنٹہ کے بعد دیں۔

مار گزیدہ' کو کھلا دیں اور دودھ آک (مدار) میں گھس کر مقام ڈنگ پر لگادیں اگر پچھ لگادیں تو اور بھی بہتر ہے۔

بھڑ' بچھو' وغیرہ کے کاٹے پر ریٹھہ کے ساتھ گھس کر پانی میں لگا دیں۔

بدن میں جلن ہو تو آملہ کے رس میں گھس کر آنکھوں میں معمولی سلائی سے لگادیں' سرعت انزال' صبح کے وقت موچرس 3 ماشہ کے سفوف میں رکھ کر دودھ گائے تازہ سے کھائیں۔

جریان' مغز تخم املی 1 ماشہ کے سفوف میں رکھ کر دودھ گائے سے کھاویں' منہ سے بدبو' آتی ہو تو روغن خشخاش سے کھلادیں۔

قوت باہ کے واسطے ایک گولی مکھن میں رکھ کر کھایا کریں۔

درد سر' کے واسطے پانی کے ساتھ گھس کر لیپ کریں۔

بانجھ عورت' ایک گولی روزانہ کشتہ سنگ یہود 3 سرخ میں رکھ کر تخم خربزہ سے 40 روز تک کھاوے۔

یرقان میں ترپھلہ کے سفوف 3 ماشہ میں ایک گولی شہد کے ساتھ کھلادیں۔

درد کان' کے واسطے شیر عورت میں تھوڑی سی گھس کر کان میں ڈال دیں۔

شب کوری کے واسطے تھوک سے گھس کر سلائی سے آنکھ میں لگایا کریں۔

پتھری' کے واسطے شیرہ گوکرو سے کھاویں۔

دمہ' کے واسطے پیپل ایک ماشہ میں ملا کر شہد کے ساتھ نزلہ زکام میں تھوڑے پانی کے ساتھ پیس کر ناس لیویں۔

کھانسی' کے واسطے پانی سے کھلادیں۔

درد جوڑوں' کے واسطے جوشاندہ کے ساتھ کھلادیں۔

حبوب مقوی باہ

فولاد خالص کو ریتی سے رگڑ کر ایک چینی کے پیالہ میں ڈال کر اس پر 5 تولہ سرکہ جامن یعنی تیزاب جامن ڈالیں اور دھوپ میں سکھائیں جب خشک ہوجائے تو کھرل کریں' پھر اسی پیالہ میں ڈال کر اس پر 2 تولہ تیزاب گندھک ڈال دیں اور آگ پر رکھیں جب خشک ہوجائے کھرل کریں اس طرح چار دفعہ

کھائیں اس کے بعد فولاد کے ہموزن شنگرف ملا کر کھرل کر کے کسی کلیا میں رکھ دس سیر جنگلی اوپلوں کی آگ دیں، شنگرف بالکل اڑ جائے گا اور فولاد از حد طاقت ور ہو جائے گا' پھر اسی فولاد کے ہموزن کو گل..... لے کر ایک لوہے کے ایرن پر رکھ کر خوب کوٹیں یہاں تک کہ فولاد بالکل امیز ہو جائے' اگر سوا لاکھ چوٹ لگائی جائیں تو بہت ہی عمدہ ہو اور کوٹنے کے درمیان میں بشرط حیثیت 3 ماشہ مشک خالص ملائیں یا ویسے ہی گولی نصف رتی کی... بنائیں' ایک گولی صبح ایک گولی شام دودھ کے ہمراہ کھائیں اس سے بدن کی کل طاقتیں بڑھیں گی۔

حب ضعف باہ

لونگ، شنگرف، کسیس، افیون، دار چینی، مصطگی، سب ہم وزن ملا کر بذریعہ پانی رگڑ کر موٹھ کے برابر گولیاں بنالیں' ایک گولی کھا کر اوپر سے دودھ آدھ لیٹر پیئے تمام دودھ ہضم ہو جائے گا اور باہ بڑھے گی۔

دیگر

عنبر 2 ماشہ، سم الفار 6 ماشہ، کتھ سفید 6 ماشہ، برگ پان 2 عدد سب کو کھرل کر کے ماش کے برابر گولیاں بنالے ایک گولی روز کھا کر اوپر سے دودھ پیے لیکن گولی کھانے سے پہلے حلوا وغیرہ کوئی مرغن غذا تھوڑی سی ضرور کھا لیا کرے' 30 سال تک باہ کی قوت قائم رہتی ہے۔

نسخہ حبوب نہایت مقوی ہے

انسان کو جو کثرت حرکات بدنی کے بعد ضعف لاحق ہو جاتا ہے' ان گولیوں کے استعمال سے فوراً پانچ منٹ میں زائل ہو جاتا ہے' اور آدمی تازہ دم ہو جاتا ہے لیکن بعد استعمال گولیوں کے حلوائے تر اور دودھ کا استعمال لازم ہے۔

جدوار خطائی 6 ماشہ' فاد زہر حیوانی 6 ماشہ' ثعلب مصری 6 ماشہ' ستاور 6 ماشہ' تودری سرخ 6 ماشہ' تودری زرد 6 ماشہ' بہمن سرخ 6 ماشہ' بہمن سفید 6 ماشہ' موصلی سفید 6 ماشہ' بیخ بند گجراتی 6 ماشہ' تخم اوٹنگن 6 ماشہ' سعد کوفی 6 ماشہ' اظفار الطیب 6 ماشہ' تج قلمی 6 ماشہ' دار چینی 6 ماشہ' دانہ ہیل خورد 6 ماشہ' دانہ ہیل کلاں 6 ماشہ' تخم جوز ماثل 6 ماشہ' فلفل سیاہ 6 ماشہ' فلفل سفید 6 ماشہ' دار فلفل 6 ماشہ' زعفران 6 ماشہ' تخم ہلیون 6 ماشہ' جوزبوا 6 ماشہ' بسباسہ 6 ماشہ' کونین 1 تولہ' اسٹرکینا ڈیڑھ ماشہ' مغز بادام شیریں 6 ماشہ' مغز اخروٹ 6 ماشہ' مغز پستہ 6 ماشہ' مغز چلغوزہ 6 ماشہ' عنبر اشہب ڈیڑھ گرام مشک خالص ڈیڑھ ماشہ' باریک کر کے شہد خالص میں حبوب تیار کریں اور ہر گولی میں اسٹرکینا 1/16 گرین رہے گا۔

دیگر

کونین 1 تولہ' زعفران 1 تولہ' جوہر فولاد 1 تولہ' (فارسفور کی قوت دیا گیا ہو) فلفل سیاہ 1 تولہ' مویز حقی 1 تولہ' اسٹرکینا 1 تولہ' عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ مونگ بنالیں اور ایک گولی میں اسٹرکینا 1/16 گرین ہونا چاہیے' خوراک ایک گولی سے 2 گولی تک' یہ حبوب کثرت بول کو بھی مفید ہیں اور حسب برداشت طبیعت مقدار خوراک میں اضافہ بھی ہو سکتا ہے۔

دیگر مجرب

سم الفار سفید 1 ماشہ لونگ ڈیڑھ ماشہ' مرچ سیاہ 50 عدد' اسٹرکینا 1/2 2 گرین (کچلے کے ست کو کہتے ہیں) (یعنی دو چاول کے برابر) اس کے پچاس حصہ کرلئے جاویں اور سنکھیا کے بھی پیس کر پچاس حصہ کرلئے جاویں' لونگ اور مرچ سیاہ کو پیس چھان کر نو عدد منقے میں حل کرلیں اور پچاس گولیاں بنا کر اسٹرکینا اور سنکھیا کی گولی ایک حصہ ملا کر گولی بنالیں اور چاندی کے ورق میں لپیٹ دیں' ایک گولی کھا کر غذا کھا کر صبح اور شام کو ایک گولی کھاویں' نہایت مجرب ہے۔

حب سیماب

برائے تقویت باہ و تقویت معدہ وہاضمہ و امساک نہایت مفید' آب برگ تلسی 5 تولہ' سیماب خالص 1 تولہ' مٹی کے برتن جیسے پیالہ وغیرہ میں پکاویں حتیٰ کہ منجمد ہو جاوے گولی بنا کر خواہ دودھ میں جوش دیکر استعمال کریں' یہ گولی نہایت ممسک اور ملذذ ہے' یہ ایک گولی مدت تک کام دے گی' ہاں یہ خیال رکھیں کہ تمام پتے تلسی کے ہوں اور جب گولی بندھ جاوے تو سوراخ کر کے ایک ڈوری ڈال دیں' آب برگ تلسی 5 تولہ اگر کافی نہ ہو تو اسی قدر اور ڈال دیں' غالباً" پہلی بار میں سیماب منعقد ہو جاوے گا۔

حب افیون غیر قابض

افیون مقطر 4 تولہ' بسباسہ 3 ماشہ' جوزبوا 21 ماشہ' سورنجان شیریں 4 ماشہ' مغز بادام شیریں 2 ماشہ' مغز تخم کدوئے دراز 6 ماشہ' زعفران 9 ماشہ' عاریقون 4 ماشہ' (انگلی سے آہستہ آہستہ مل کر) عنبر اشہب 3 ماشہ' جدوار خطائی 3 ماشہ' بسفائج فستقی 4 ماشہ' درونج عقربی 3 ماشہ' کوٹ چھان کر عرق گاؤزبان کے ساتھ حبوب بمقدار نخود بناویں اور ان کے اوپر ورق طلا لگادیں۔

حبوب ممسک

زعفران خالص' سہاگہ چوکیہ' بزر البنج' ہر ایک 6 ماشہ سب کو باریک کر کے آب پوست کوکنار میں سحق کر کے حبوب نخودی بنالیں' بوقت ضرورت کام میں لاویں۔

حب مقوی باہ

برادہ نقرہ 1 تولہ' مشک خالص 4 ماشہ' عنبر اشہب 2 ماشہ' زعفران 2 ماشہ' دانہ الائچی سرخ 2 ماشہ' مروارید ناسفید 2 ماش' ست سلاجیت 3 ماشہ' طباشیر سفید 4 ماشہ' دانہ الائچی سفید 2 ماشہ' کہربا شمعی 4 ماشہ' صدف صادق 1 ماشہ' اول برادہ نقرہ کو سات روز شیر گاؤ میں حل کریں اور دوسری دواؤں کو عرق کیوڑہ میں کھرل کریں بعدہ' تمام دواؤں کو ملا کر موٹھ کے برابر گولیاں بنالیں۔

ایضاً"

چالیس روز تک استعمال کریں' نارجیل دریائی 6 ماشہ' قرفہ یعنی تج قلمی 6 ماشہ زنجبیل 6 ماشہ' بہمن 6 ماشہ باریک کر کے ایک تولہ شہد خالص میں سحق کر کے حبوب نخودی بنالیں' خوراک ایک حب۔

دیگر

جو مغلظ منی دافع جریان وسیلان مزمنہ ہے' بہمن سرخ ایک تولہ بہمن سفید ایک تولہ' بیج گل عباسی 5

تولہ، مغز ریٹھہ 5 عدد، باریک سفوف کر کے رکھیں گوند ببول پاؤ بھر پختہ پہلے سفوف کرلیں، آدھ سیر پختہ مصری دونوں کو ملا کر کریر کی موٹی تازہ لکڑی سے کھرل میں قدرے پانی ڈال کر گھوٹیں کہ خوب لیس اور چیک پیدا ہو جائے، بعدہ سفوف مذکورہ بالا ملا کر اگر خشک ۔ ہے تو قدرے دودھ ملا کر چار چار ماشہ کی گولیاں بنالیں، ایک گولی صبح ایک گولی شام یا دو گولی کھا کر اوپر سے دودھ پی لیں، ترشی لال مرچ بقولات سے پرہیز، غذا......... مرغن دودھ گھی۔

حبوب مقوی باہ و دافع فالج و لقوہ بلغمی و امراض بلغمیہ مجرب

سم الفار، سفید تولہ، کتھ سفید تولہ، طباشیر سفید ڈھائی تولہ، دانہ الائچی سفید ڈھائی تولہ آب برگ تنبول پختہ 50 عدد، میں خوب کھرل کریں، جب غلیظ ہو جائے، عنبراشہب 6 ماشہ، مشک خالص 6 ماشہ، ست لوبان تولہ، کشتہ طلا 6 ماشہ، باریک پیس کر شامل کر کے گولیاں جو کے برابر بنادیں، ایک گولی صبح کو بعد ناشہ کے کھادیں، غذا مرغن اشیاء بادانگیز ترش و تیز سے پرہیز کریں۔

حبوب مقوی باہ مجرب

عنبراشہب 2 ماشہ، ثعلب مصری 2 ماشہ، خولنجاں 2 ماشہ، قرنفل 2 ماشہ، مشک خالص 2 ماشہ، مصطگی رومی 1 ماشہ، مایہ شتراعرابی 3 ماشہ، برادہ کچلہ مدبر 3 ماشہ، باریک پیس کر پانی میں گوندھ کر نخود کے برابر گولیاں بنادیں، ایک گولی صبح آب غورہ 5 تولہ یا گائے کے دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

گولیاں مقوی باہ و اعضائے رئیسہ و معدہ و منعظ و ممسک

کشتہ فولاد 3 ماشہ، کشتہ شاخ مرجان 3 ماشہ، کشتہ طلا 2 ماشہ، کشتہ قلعی 3 ماشہ، جوہر لوبان 2 ماشہ، زعفران 6 ماشہ، ست سلاجیت 3 ماشہ، ریگ ماہی 6 ماشہ، کچلا، مدبر 6 ماشہ، ریزہ یاقوت احمر 6 ماشہ، زمرد اخضر 6 ماشہ، مروارید ناسفتہ 6 ماشہ، زہر مہرہ خطائی 6 ماشہ، طباشیر کبود 6 ماشہ، عقیق یمنی 6 ماشہ، ورق نقرہ 8 عدد، مشک خالص 2 ماشہ، عرق بید مشک 15 تولہ میں خوب کھرل کر کے مونگ کے برابر گولیاں بنائیں، ایک گولی صبح کو کھا کر اوپر سے آب انگور 7 تولہ یا ماءاللحم سادہ یا آب گذر یا شیر بز پی دیں۔

ترکیب کشتہ قلعی : قلعی گداختہ 2 تولہ، سیماب تولہ ملا کر سرد کر کے پترا بنا کر جو تراش لیں اور پوست درخت برگد اثار، پوست درخت گولر اثار، پوست درخت پیپل اتار خار خسک کہنی اثار، دودھی خورد اثار، سب کو کوٹ کر ٹاٹ پر فرش کر کے قلعی کے جو بچھا کر اوپر سے دوا بچھا کر خوب باندھ کر 20 کلو تھیواں اپلوں کی آگ دیں، سرد ہونے پر جو نکال لیں۔

حبوب سبہی و ممسک و دافع وجع مفاصل امراض باردہ

جدوار خطائی 6 ماشہ، طباشیر سفید 8 ماشہ، الائچی خورد تولہ، سفید 6 ماشہ، سم الفار 4 ماشہ، مشک خالص 1 ماشہ، آب برگ تنبول کلاں پختہ 5 عدد، اول پان کے پانی میں مشک خوب حل کریں، بعد حل ہونے کے علاوہ سم الفار کل ادویہ کوٹ چھان کر ملا دیں اور کھرل کریں، جب کھرل ہو جائے چینی کے پیالہ میں لیپ کریں اور سم الفار کو بھی اس میں رکھ دیں اور ایک اشرفی آگ میں سرخ کر کے سم الفار کی ڈلی پر رکھ کر اوپر ایک چینی کا چھوٹا پیالہ اور ڈھانک دیں، جب تک سم الفار مذکور بالکل معدوم نہ ہو جائے، اسی طرح

کرتے رہیں، جب سم الفار ختم ہو جاوے اور دھواں ہر بار کا پیالہ میں جم جاوے اس دھوئیں کو پیالہ سے لے کر موٹھ کے برابر گولیاں بنادیں، ایک گولی بنادیں ایک گولی کھاویں اور غذا مرغن ہونی چاہیے اور اشیاء بادانگیز و ترش و روغن تلخ وغیرہ سے پرہیز کریں، اگر پانوں کا پانی کم ہو جاوے اور استعمال کریں۔

حب مقوی باہ

برادہ نقرہ 1 تولہ، مشک خالص 4 ماشہ، عنبر اشہب 2 ماشہ، زعفران 2 ماشہ سم الفار سفید 5 تولہ کی سالم ڈلی، مغز بادام 1 تولہ، مویز منقہ 1 تولہ، جاوتری 6 ماشہ جوز 1 عدد، شیر گاؤ میش 5 مار، اول ایک پارچہ باریک ململ کا لیں اور دوا مذکور کا سفوف کر کے کپڑا میں رکھیں اور بیچ میں سنکھیا کی ڈلی رکھ پوٹلی بنا کر ایک لکڑی میں باندھ کر دیگچہ پر رکھیں اور منہ پر دیگچہ کے گاڑھا باندھ دیں، پھر اس طرح جوش دیں کہ ایک گھنٹہ میں سات ابال آویں، جب ابال آویں پانی کا چھینٹا نہ دیں، صرف ترکیب سے ابال نہ آنے دیں، جب سات جوش آچکیں تو ادویہ مذکور کو اتار کر پوٹلی علیحدہ کر لیں اور دودھ کا کھویہ بنا کر قند سفید و عرق کیوڑہ ڈال کر 40 پیڑے بنادیں ہر روز ایک پیڑہ کھاویں، 40 روز جماع سے پرہیز کریں، سم الفار کی ڈلی پھر دوسرے کام میں آوے گی اور سفوف بادام کی گولیاں بنا کر وجع مفاصل والے کو دیں صحت ہوگی۔

حب ممسک و مقوی باہ

عقر قرحا، جائفل، جاوتری، جائفل، شنگرف زعفران ہر ایک 3 ماشہ، ریگ ماہی 9 ماشہ، تمام ادویہ کو باریک کر کے شہد کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنائیں اگر مصطگی 3 ماشہ بھی پیس کر شہد ڈالتے وقت ملا دیں تو گولیاں آسانی سے بندھتی ہیں، اگر کستوری ایک ماشہ ملا دی جائے تو عجیب معطر ہو جاتی ہیں اور امساک کی غرض سے افیون 2 ماشہ شامل کی جاتی ہے، اور بنانے کے بعد اگر ان کو خوش منظر کرنا ہو تو تازہ گولیوں پر ورق ہائے نقرہ کا غلاف چڑھا دیں خواہ ورق طلاء کا خوراک دو گولیاں اگر افیون شامل ہو تو ایک گولی اس دودھ کے ساتھ جس میں کہ دو چھوہارے، پن ماشہ جوتری اور پانچ سات چھوٹی الائچیاں سارا دن جوش کھاتی رہی ہوں اور دودھ پک کر بہت تھوڑا رہ گیا ہو اور شام قبل از غذا اس کا استعمال کرنا چاہیے، گرم مزاجوں کو خصوصاً" موسم گرما میں نہ دیں، گرم مزاجوں کو میٹھی چھاچھ یا کچی لسی (پانی دودھ) جس میں آدھا دودھ اور آدھا پانی ملا ہو کھلانا چاہیے۔

حب مقوی و ممسک بے نظیر

عام طور پر ممسک ادویات مضعف باہ ہوتی ہیں، اگر اس وقت وہ فائدہ بھی دیں تو بعد کا نقصان کرتی ہیں اور آدمی اصلی حالت سے بھی رہ جاتا ہے، سینکڑوں ادویہ بنانے کے بعد ہم نے مندرجہ ذیل نسخہ کو اکسیر پایا ہے جو کہ مقوی بھی ہے اور پھر ممسک بھی ہے اور وقت پر بھی کام دیتا ہے اور روزانہ کھانے سے ضعف باہ اور سرعت وغیرہ کو دور کرتا ہے، یہ کہہ دینا ضروری ہے کہ چاہے کیسی عمدہ دوائی ہو ہمیشہ صرف امساک کی غرض سے اس کو استعمال کرنا اچھا نہیں ہوتا، قدرت نے جتنا کام جس کو سپرد کیا ہے اس سے بہت زیادہ ہمیشہ اسے کام لینا اس کو کمزور کردیگا اولاد کے واسطے موافقت ضروری ہے، اس واسطے کبھی اس کو کھا سکتے ہیں۔

کشتہ سنکھیا سفید 4 ماشہ، کشتہ شنگرف 3 ماشہ، زعفران 6 ماشہ، افیون 4 ماشہ، سب کھرل میں ڈالیں،

عرق پیاز 8 تولہ، شیر بڑھ 3 تولہ ملا کر تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرنا شروع کریں، جب سب حل ہو جاوے تو گولی بنالیوے اور پیاز سفید لے کر اس میں سوراخ کر کے وہ دوائی ڈال کر اوپر سے بانس کی پتلی سیخ دیوے تاکہ منہ بند ہو جاوے پھر گندم کو گوندھ کر اوپر لیپ کر کے گولا سا بنادیں اور اپلوں کو سلگا دے، جب جل جاویں تو ان کے درمیان رکھ دیویں اور جب سرخ ہو کر اوپر کا پردہ جل جاوے تو نکال لیوے اور پھر دوسرے پیاز میں اس طرح کرے اور اسی طرح 5 پیازوں میں کرے اور جتنے پیاز اس طرح کے ہوں ان سب کو کوٹ کر رس نکالے اور پھر ادویہ کو اس رس میں کھرل کرے، جب سب جذب ہو جاوے تو موٹھ کے برابر گولیاں بنادے، روزانہ کے واسطے خوراک ایک گولی صبح و شام بہ ہمراہ دودھ، گرم مزاجوں کے واسطے ست اسپغول ساتھ ملا لینا چاہیے اور اگر دو سے چھ گولی حسب مزاج اور طاقت کے سہ پہر کو کھاوے دودھ ملائی کھاوے مگر نمکین چیز یا کھانا وغیرہ نہ کھاوے تو حسب خواہش امساک ہوتا ہے اور دودھ گھی خوب ہضم ہو جاتا ہے، قوت باہ میں بے نظیر ہے۔

نوٹ: اگر بجائے کشتہ سم الفار و شنگرف کے کچی بھی ڈالی جاویں تو بھی مطلب حاصل ہوتا ہے، مگر کشتہ جات ہوں تو فائدہ بہت دیتا ہے اور جیسے یہ کشتہ جات بہتر ہوویں ویسا فائدہ بھی بہتر ہوتا ہے۔

حبوب امساک

برائے امساک مجرب ہے، عقرقرحا 3 ماشہ، تخم ریحان ڈیڑھ تولہ، قند سفید ڈیڑھ تولہ، شربت خشخاش سے سحق کر کے حبوب بنالیں، خوراک 1 ماشہ کھائیں دو ساعت قبل۔

دیگر

افیون ایک جزو، شنگرف 2 جزو، جائفل چار جزو، شہد میں گولی بنائیں، خواص مذکورہ کے علاوہ انتہا کی مبہی و ممسک ہے۔

دیگر

خرمارات کو بھگوئیں، صبح تخم نکال کر ہر دانہ میں افیون نصف گرام ڈال کر خمیر آرد سے ملفوف کریں اوپر کچا دھاگا لپیٹ کر روغن میں بریاں کریں حتیٰ کہ خمیر سرخ ہو جاوے، خرما معہ افیون پیس کر نخود کے برابر حبوب بنادیں۔

رات کو ایک گھنٹہ پیشتر ایک حب دودھ کے ساتھ کھلا دیں۔

دیگر

گوماں نامی بوٹی کی جڑ پانی میں پیس کر ناف پر لگانے سے فوراً امساک ہوتا ہے۔

دیگر

کافور بھیم سینی، مشک مکہ مین ماشہ، افیون مدبر موصوف، زعفران کشمیری ہر ایک ماشہ، سب کو عرق بید مشک سے سحق کر کے ایک گرام کی آٹھ حبوب بنادیں، ایک صبح ایک شام مسکہ یا بالائی میں لپیٹ کر۔

حبوب امساک بینظیر

بغیر ڈالنے کسی مسکرات کے نہایت امساک کرتا ہے، مایہ شتر ایک چھٹانک، بیر بہوٹی ایک تولہ، رومی

مصطگی ایک تولہ، ہرسہ 3 یوم تک کھرل کریں اور چار چار ماشہ کی گولیاں بنالیں، شام کے وقت کھانا کھائیں، صرف دودھ پیئں اور ایک گولی دو گھنٹہ پیشتر کھائیں۔

حب ممسک جو سرد مزاج اور سرد موسم میں استعمال کر سکتے ہیں

جوزبوا، زنجفر، عقرقرحا، افیون، مساوی الوزن بہت باریک پیس کر شہد میں گوندھ کر بمقدار نخود گولی بنادیں اور دو گھنٹہ قبل ایک دو گولی دودھ سے کھائیں۔

حب ممسک دافع جریان وغیرہ جو موسم گرما میں استعمال کر سکتے ہیں

مغز تخم تمہندی تولہ، سمندر سوکھ 6 ماشہ، پوست اسپغول 6 ماشہ، تالمکھانہ 6 ماشہ، تج 6 ماشہ، طباشیر 6 ماشہ، باریک پیس کر شیر برگد سے تر کر کے گولیاں مثل کنار صحرائی بنادیں اور دو تین گولی بوقت ضرورت دو تین گھنٹہ پیشتر دودھ کے ساتھ یا ایسے ہی پانی کے ساتھ کھاویں اور جریان و سرعت......و احتلام کے واسطے ہرروز صبح و شام ایک ایک گولی دو تین ہفتہ استعمال کرنے سے نہایت فائدہ ہوتا ہے۔

حب ممسک

خصیہ خروس ایک عدد لے کر اسے خشک کریں اس کے ہموزن نمک اندرانی شامل کر کے آگ پر رکھیں کہ وہ پانی خشک ہو جاوے اس وقت اس کے حبوب بنالیں، بوقت ضرورت ایک حب منہ میں رکھیں، عجیب ہے۔

نسخہ تاترشی نخورد......ہمارا تجربہ ہے شیر نخورد

لیکن قریب قریب دونوں درست ہیں، صفت

مشک خالص 3 ماشہ، افیون 3 ماشہ، دو عدد چھوہاروں میں بھر کر اوپر دھاگہ لپیٹ دیں، برگد کے 6 تولہ دودھ میں ان چھوہاروں کو تین روز تک تر رکھیں بعد تین دفعہ کے چھوہارہ معہ مشک دودھ برگد کھرل کر کے ڈالیں، ازاں بعد پاؤ بھر خام وزن شیر گاؤ میں یہ کھرل شدہ ادویات ڈال کر نرم نرم آگ پر کڑچھے میں پکا کر پکادیں، جب اس قابل ہو جاوے کہ گولی باندھی جا سکے بقدر دانہ موٹھ گولیاں بنادیں......... آدھ گھنٹہ پیشتر ایک گولی کھالینی چاہیے، مگر نہار یعنی خالی معدہ۔

حب امساک و تقویت مجربات سے ہے

جوزبوا، شنجرف رومی، عقرقرحا، افیون، ہر ایک 3 ماشہ، سب کو یکجا کوٹ چھان کر شہد ملا کر گولیاں بنالیں، عشا کے وقت ایک گولی کھا کر اوپر سے پان کھالیں۔

دیگر

جوزبوا 1 ماشہ، قرنفل 1 ماشہ، مشک 1 ماشہ، فلفل 1 ماشہ، زنجبیل 1 ماشہ دار چینی 1 ماشہ، خصیہ الثعلب 1 ماشہ، کیسر 1 ماشہ، افیون 1 ماشہ آب بھدانہ سے حبوب بنادیں، ایک حب بوقت حاجت شیر بز کے ساتھ کھاویں۔

حب برائے امساک

مشک 3 ماشہ، جوزبوا 3 ماشہ، بسباسہ 3 ماشہ، قرنفل 3 ماشہ، عقرقرحا 3 ماشہ، دانہ الائچی خورد 2 ماشہ،

افیون 3 ماشہ' شہد 1 تولہ' حسب دستور تخم ریٹھہ کے برابر گولیاں بنالیں اور...... چار گھڑی قبل ایک گولی کھا کر دودھ پی لیں اور کسی قسم کی کوئی چیز نہ کھائیں۔

دیگر

افیون مصری' جوزبوا' قرنفل' مشک' زعفران' فلفل' زنجبیل' قرفہ جملہ برابر' عسل صاف سب کے ہم وزن' خوراک 2 ماشہ' بوقت عصر کھاویں اور بعد عشاء کے اثر دیکھیں' اس اثناء میں کھانا نہ کھاویں بلکہ قدرے شیر پیویں اور اگر کوئی سرعت...... میں مبتلا ہو تو ہر روز اس دوا سے دو نخود برابر چند روز کھائیں انشاءاللہ صحت ہوگی۔

دیگر

بھنگ' افیون' دھتورہ' تینوں دوائیں مساوی دودھک کے عرق میں چار روز تک کھرل کریں' پھر دو رتی کے برابر گولیاں بناویں' اگر دودھک نہ ملے تو عرق برگ دھتورہ سے کھرل کریں' وقت شب ایک گولی تین ساعت قبل """" کھاویں' اگر ضرورت ہو تو نمک مصبر مصری زنجبیل مساوی سفوف کر کے تھوڑی مقدار میں کھاویں۔

دیگر

افیون 2 ماشہ' دار چینی 1 ماشہ' زعفران ایک ماشہ جاوتری 1 ماشہ' مغز بادام 2 ماشہ' جوزبوا 2 ماشہ' ثعلب مصری 2 ماشہ' قنب 14 ماشہ' سب ادویہ کو باریک پیس کر حب' بقدر نخود تیار کریں ایک یا دو حب قبل دو گھنٹہ کے استعمال کریں' مجرب ہے۔

حب مبہی و ممسک

عقرقرحا 3 ماشہ' زعفران 3 ماشہ' جوزبوا 3 ماشہ' جوتری 3 ماشہ' پلنگ توڑ 3 ماشہ' دانہ ہیل خورد 3 ماشہ' اسپند گجراتی 3 ماشہ' مصطگی رومی 3 ماشہ' افیون 3 ماشہ' قرنفل دو عدد' اول پاؤ بھر دودھ میں افیون حل کرکے اور مل چھان کر اس کا کھویہ بناویں' نصف کھویہ میں ادویہ باریک کر کے ملادیں' اس کے چار حصہ کر کے چار انڈوں میں سفیدی نکال کر ڈال دیں اور پھر دیگر انڈوں کے پوست سے بند کر کے عمل حکمت کریں' خشک ہونے پر بالو سے اشیاء نکال کر اس کو بقیہ کھوئے میں ملا کر اور قدرے آب برگ پان ملا کر ہاون دستہ میں خوب کوٹیں کہ مثل سریش ہو جائے پھر کنار صحرائی کے برابر حبوب بنائیں' خوراک نصاف ایک ایک حب سات روز تک۔

حبوب نشاط افزا' قوت باہ کیلئے نہایت مفید

جائفل 5 تولہ' زعفران ایک تولہ' مشک 1 ماشہ' ست سلاجیت 2 ماشہ' ورق طلاء 2 رتی' ورق نقرہ 3 ماشہ' سب کو کھرل میں ڈال کر ہمراہ پانی بھنگ تازہ کے 4 پہر تک کھرل کریں تاکہ بقدر پانچ تولہ پانی بھنگ جذب ہو جائے' اس کے بعد قدرے شہد شامل کر کے نخود کے برابر گولیاں بنائیں اور ان پر ورق نقرہ چڑھا دیں' سوتے وقت ایک گولی دودھ گائے نیم گرم کے ساتھ استعمال کریں تو چند روز میں طاقت از سر نو پیدا ہو جائے گی' پرہیز' ترشی' مچھلی' تیل' گرم اشیاء۔

حبوب مقوی باہ

ایک جوان مرغالو اور ہر روز اکیس دن تک جو کے آٹے میں روح توتیا ملا کر کھلاؤ، پھر اسی طرح آرد جو میں اکیس دن تک ایک ماشہ زرنیخ کھلاؤ، پھر اکیس یوم بدستور سابق ایک ماشہ پارہ کھلاؤ اور خوراک اسکو خروس خراطین کے سوا کچھ نہ دو اور مرغی کے نزدیک نہ جانے دو، اس قسم کے عمل سے تمام پر مرغ مذکور کے گر جائیں گے اور وہ سرخ رنگ کے گوشت کا لوتھڑا سا نظر آنے لگے گا، پھر چونسٹھویں دن اس کو ذبح کرو اور پیٹ صاف کر کے اس کو روغن گاؤ میں بھون کر سرخ کرو، پھر اشیاء ذیل:

جوزبویہ، بسبابہ، دار چینی، قرنفل، جداوار، فلفل سیاہ، زنجبیل، قرنفل جنگلی، مکد، ہر ایک ایک پاؤ، ہر ایک کو باریک کوٹ چھان کر سفوف بنا کر اس میں ڈال کر خوب جلا کرو، گویا کہ گوشت مرغ اور سفوف ہذا کو ایک ذات کرلو۔

حب ممسک

صفت: افیون 1 ماشہ، جائفل 1 ماشہ، لونگ 1 ماشہ، مشک 1 ماشہ، زعفران 1 ماشہ، مرچ سیاہ 1 ماشہ، زنجبیل 1 ماشہ، تج 1 ماشہ باریک کر کے شہد ملا کر گولیاں بقدر فلفل سیاہ بنا کر نوش کریں اور دودھ پئیں اور دو گھنٹہ بعد نزدیکی کرے اور یہ دوسری قسم سے ہیں کہ ممسک ہیں، نزلہ کو دور کرنے میں، کھانسی کو دور کرنے میں، نوبت کے بخار کو، روز کے بخار کو بلغمی درد سر اور بلغمی رمد کو مفید ہے اور افیونی کی افیون اس سے ترک ہوتی ہے اس کو ملاتا جاوے اتنی افیون کم کرتا جاوے اور امساک بہت کرتی ہے۔

دیگر

صفت: تخم دھتورہ 1 تولہ، شیر گاؤ، تار میں جوش دے کر تر رکھیں، صبح آب گرم میں ڈبو کر تخم کو پیس کر ریوند چینی 9 ماشہ، زنجبیل 4 ماشہ، گوند ببول 2 ماشہ، کتیرا 2 ماشہ، دار چینی 1 ماشہ، دانہ الائچی سفید 1 ماشہ پیس کر چھان کر شہد ملا کر بقدر فلفل گرد گولیاں بنا کر ورق نقرہ لپیٹ کر رکھیں۔

امساک کیلئے چوٹی کا نسخہ

جوز کلاں غرقی ایک عدد کو خالی کر کے سیماب اور گندھک آملہ سار ہم وزن پیس کر جوز مذکور میں جس قدر آئے بھر دیں اور جوز کو ثمر دھتورہ میں، تخم نکال کر رکھیں اور ثمر دھتورہ مذکور پر پارچہ لگا کر آرد گندم سے گل حکمت کر کے بھوبل میں گاڑ دیں، جب آرد پک کر سرخ ہو نکال کر سرد کر لیں، بعدہ، آرد گل چھوڑا کر معہ دھتورہ کے پیس کر چنے برابر گولیاں بنالیں، ایک گولی یا دو وقت ضرورت کے نوش کریں۔

نسخہ امساک

صفت: شنگرف رومی سوا ایک تولہ ریزہ ریزہ کر کے پارچہ سفید میں پوٹلی باندھ کر ایک پیاز سفید یا بجر کندہ یعنی جنگلی پیاز کے اندر پوٹلی رکھ کر کھروٹی کر کے دو ڈھائی اپلے کی گرمی میں پکائے، اسی طرح سو بار سو پیاز میں پکائے، بعدہ چالیس بار دھتورہ سیاہ یا سفید کے پھل میں پکائیں تو بہت مناسب ہے، پھر اس پوٹلی کو کوکنار یعنی پوست کے ڈو[illegible] ڈیڑھ سیر پختہ پانی چار لیٹر پختہ میں نرم نرم آنچ پر اس طرح پکائیں کہ پوٹلی برتن کے تلے سے نہ لگے، جب کل پانی قریب جل جائے تو پوٹلی کو نکال لیں، بعدہ اس [illegible]

میں لونگ پھولدار ساڑھے سات ماشہ' عقرقرحا ساڑھے سات ماشہ' کافور بھیم سینی 3 ماشہ' مشک تبتی 3 ماشہ 'کوکنار کے پانی میں خوب پیس کر چار سو گولیاں بنائیں اور ایک گولی 4 گھڑی قبل..... کھاویں ایک پہر کا امساک ہوگا۔

پرہیز: ترشی' شوربا' کباب مچھلی وغیرہ کا ہونا چاہیے' شنگرف پکانے میں آگ کا خوب خیال رکھیں کیونکہ میں نے جب بنایا تو 7 بار شنگرف اڑ گیا' آٹھویں دفعہ درست ہوا۔

حب ممسک

قابل رؤساء و امرا: مروارید ناسفید 3 ماشہ در گلاب سودہ بھنگ 9 ماشہ ورق نقرہ 2 ماشہ' مایہ شتراعرابی 6 ماشہ' مشک خالص 1 ماشہ' جدوار 5 ماشہ' جندبید ستر 1 ماشہ' افیون رتی' سب کو گلاب میں کھرل کر کے حبوب بقدر نخود باندھیں۔

حب امساک مجرب تجربہ شدہ

جائفل 6 ماشہ لونگ 6 ماشہ' عروسک 6 ماشہ' زنجفر 6 ماشہ' عقرقرحا 6 ماشہ' افیون 3 ماشہ' سبکو کوٹ کر باریک کر کے کھرل میں ڈال کر ہمراہ پانی توتڑی 3 روز تک سحق کریں' بعد ازاں قدرے شہد ملا کر برابر نخود گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر کے رکھیں' بوقت ضرورت ایک گھنٹہ پہلے ہمراہ شیر ایک گولی سالم نگل جائیں اور ایک گھنٹہ بعد کم سے کم 40 تولہ شیر نوش فرمائیں""' انشاء اللہ حسب منشا کام ہوگا' زیادہ تعریف فضول ہے' تجربہ شرط ہے' بعد تجربہ آپ کا دل خوش ہوگا' غرض کہ نہایت کار آمد چیز اعلیٰ قسم کا نسخہ' ناظرین ضرور تجربہ کریں' جس روز گولی کھانا ہو تو غذا نہ کھاویں تالید ہے۔

حب ممسک بے نظیر

جائفل تیلیہ ایک عدد کو دھتورہ کے ڈوڈہ میں رکھ کر دھتورہ کا پانی اس میں ڈال دو اور دو دن کے بعد اس کو کسی چاقو سے 4 ٹکڑے کرو' ٹکڑے جدا جدا نہ ہوں' پھر دوسرے ڈوڈہ میں اسی طرح کرو اور ایسا ہی تیسرے ڈوڈہ میں' اب اس کو سمپٹ کر کے بھوبل میں رہنا چاہیے' پھر نکال کر سمپٹ کو دور کر دو اور ڈوڈہ بھی جائفل کو بھی بڑ کے دودھ میں کھرل کر کے خشخاش کے دانہ کے برابر گولیاں بنا لو' اور دودھ کے ساتھ بوقت ضرورت ایک گولی کھاؤ' قدرت کا تماشہ دیکھو۔

ممسک

موچرس 4 رتی' تخم دھتورہ سیاہ' افیون ہر واحد 2 رتی' باریک پیس کر بقدر ماش گولیاں بنادیں' شام کو ایک گولی بھمراہ دودھ کھاویں اور ترش چیز نہ کھاویں۔

برائے قوت باہ

کشتہ مس 1 تولہ جو ہڑتال سے بنایا ہو سم الفار سفید 1 تولہ نمک سنگ 1 تولہ گدھے کے پیشاب میں 12 پہر کھرل کر کے خالص پانی سے دھوئیں پھر مرجان 1 تولہ دار چینی 1 تولہ باریک کر کے ملا کر شہد میں بقدر مونگ کے گولیاں بنادیں' خوراک 1 گولی ہمراہ شیر دشکر۔

حب مومیائی

یہ نسخہ بہت مفید و مجرب ہے' مقوی باہ و ممسک دافع جریان منی مقوی دماغ نافع نزلات ہے' نیز امراض دماغی وغیرہ کے واسطے اکسیر اعظم ہے' مومیائی خالص یک تولہ ثعلب مصری یک تولہ موصلی سفید یک تولہ موچرس یک تولہ صمغ عربی ایک تولہ مصطگی رومی' ایک تولہ' مغز تخم تمہندی ایک تولہ' اقاقیا' ایک تولہ شیر بڑگد دس تولہ سب کو ملا کر بمقدار نخود گولیاں بنادیں اور ایک گولی صبح اور ایک تیسرے پہر کھاویں اور قدرت حق کا مشاہدہ فرماویں۔

حب بینظیر

یہ نسخہ ایک قلمی بیاض سے نقل کیا گیا ہے' اسے بارہا تجربہ کیا' ہمیشہ مفید ثابت ہوا' سرعت انزال رقت منی دھات کی عام شکائتوں کو دور کرتا ہے اور رکاوٹ کے لئے بالخاصہ مفید ہے' بدن کو تیار کرتا اور چمکا دیتا ہے' پژمردہ گالوں پر رونق آجاتی ہے' قوت بدرجہ غایت بڑھ جاتی ہے' امساک کے لئے وقت ضرورت ایک گھنٹہ پیشتر گولی بنا کر دودھ گاؤ پی لیا جائے اور غذا نہ کھائی جائے اور عام امراض مذکورہ بالا کے لئے روزانہ کھانا نافع ہے' اثنائے استعمال دوا بعد میں اگر ...... کیا جائے تو یہ نسخہ عجیب اثر دکھلاویگا' دھوندا شنگرف ایک تولہ ریگ ماہی نر ڈیڑھ تولہ بسبلسہ 5 ماشہ افیون 5 ماشہ' مغز تخم انگن ایک تولہ مغز بادام شیریں 2 تولہ مغز پستہ 2 تولہ' مغز اخروٹ 2 تولہ چرونجی 2 تولہ منقہ 2 تولہ تخم گندر 6 ماشہ' پیاز 6 ماشہ' زعفران 4 ماشہ' جند بید ستر 2 ماشہ پیس کر شہد میں ملا کر پوست بیضہ مرغ چند عدد میں ادویہ ترکر کے اور گل حکمت کر کے خاکستر گرم پاچک دستی میں دفن کریں جب پختہ ہو جائے نکال کر باریک پیس کر کشتہ قلعی اضافہ کر کے گولیاں بقدر جنگلی بیر کے برابر بنالیں اور ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ' مار استعمال کریں۔

حب جواہر

سم الفار سفید 3 ماشہ' شیر آک سفید گل 5 تولہ' طباشیر کبود 9 تولہ' کات سفید مصفی 9 تولہ' ہمراہ آب خالص سہ یوم کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنا کر خشک کرلیں' تمام امراض پر مناسبات کے ہمراہ بلا پس و پیش صرف کریں' صرف بچہ بوڑھے جوان کی مقدار کم و بیش کرنے کا لحاظ ہے۔

برائے رفع سستی جلوق

وضعف باہ و امساک میں عجیب الخواص ہے اور بہت عمدہ اثر رکھتا ہے' کشتہ نقرہ 3 ماشہ' جدوار 3 ماشہ' شنگرف 3 ماشہ' زہر ہلاہل یا قرنفل 3 ماشہ' عود غرقی 3 ماش' جوزبویہ 2 ماشہ' تخم بابوہ 2 ماشہ' تخم بانگور 2 ماشہ' عقرقرحا 1 ماشہ' بھنگ سفید ماشہ مصطگی رومی 1 ماشہ' فلفل دراز 1 ماشہ' مروارید ناسفتہ 1 ماشہ' عنبر 1 ماشہ' جندبید ستر یک ماشہ' زعفران 4 ماشہ' افیون 6 ماشہ' سب کو کوٹ پیس کر نبات سفید مارگلاب کا عرق ملا کر قوام پکا کر ادویہ ملا کر چوالیس قرص بنالیں' ایک قرص وقت عصر ہمراہ شیر گاؤ کھاویں اور کسی قدر شراب برانڈی میں گھس کر ضماد کریں تو زیادہ مفید ہوتا ہے لیکن جب ضماد کرنے کا ارادہ ہو تو قرص بغیر نبات سفید عرق گلاب میں ادویات ملا کر بنائیں۔

حبوب مقوی

زردی بیضہ مرغ 5 عدد' مال کنگنی ڈیڑھ تولہ' تخم گندر ڈیڑھ تولہ' عقرقرحا ڈیڑھ تولہ' قرنفل 7 ماشہ'

زعفران 7 ماشہ، مصطگی رومی 7 ماشہ' اسپند 6 ماشہ' تخم خشخاش سفید 8 تولہ کنجد سفید 100 گرام' کوٹ چھان کر روغن ارد 7 تولہ' شہد خالص 7 تولہ ملا کر حبوب بقدار جائفل بنادیں اور ایک گولی صبح اور ایک وقت خواب کھائیں' اس کے اوپر شہد خالص 3 تولہ شیر گاؤ' ثار پیویں' ترش اور تیز اشیاء سے پرہیز کریں۔

حب عنبر

قوت باہ کے لئے نہایت فائدہ منداور میری مجرب گولیوں کا نسخہ ہے' یہ گولیاں نہایت مقوی باہ ہیں۔ منہ کو خوشبودار کرتی ہیں' عنبراشہب' ثعلب' خولنجاں ہر ایک 2 مثقال' مشک مصطگی لونگ ہر ایک مشقال' پنیرمایہ شتراعرابی میں مشقال کوٹ چھان کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں' شراب یا شیر گاؤ کے ہمراہ ایک گولی کھایا کریں اور صبح کو نہار چنے 5 تولہ بھگویا ہوا اور ترہ تیزک 5 تولہ بھگویا ہوا پانی ایک پیالہ بھرپی لیا کریں' اس کی خوراک آدھے مثقال تک ہے۔

حب مقوی مرکب اس کے فوائد بہت ہیں

مجلوق کو اکسیر حتیٰ کہ اول روز میں ہی اثر معلوم ہوتا ہے' سافٹ پل آف فاسفورس 3 ماشہ' اکسٹراکٹ ڈامیانہ 2 ماشہ' اکسٹراکٹ نکسوامیکا جوہر فولاد 1 ماشہ' جدوار خطائی 1 ماشہ (مومیائی اصلی 1 ماشہ' مشک خالص 1 ماشہ' عنبراشہب 1 ماشہ' مصری 1 ماشہ' ورق نقرہ 3 ماشہ' ورق طلا 1 ماشہ' ریگ ماہی 1 ماشہ' خراطین مصفیٰ 2 ماشہ' بیر بہوٹی 2 ماشہ' مغز پستہ 3 ماشہ' مغز بادام 3 ماشہ' جند بید ستر 1 ماشہ' مغز سر کنجشک خانگی 2 ماشہ' ماہی روبیاں 2 ماشہ' زعفران 2 ماشہ' عقرقرحا 2 ماشہ' صدف صادق 2 ماشہ' مرجان 2 ماشہ' کوٹ چھان کر شیر برگد میں گولیاں بقدار ایک ایک سرخ بنادیں بوقت صبح ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ ثار دکھاویں۔

حب جو کہ قوت بیحد بخشتا ہے اور نہایت ممسک اور سرعت کو نافع ہے

ان گولیوں کو بنا کر موسم سرما میں استعمال کریں' موسم سرما کا تحفہ ہے اگر ایک گولی قبل کھاویں اور ایک منہ میں رکھیں' نہایت قوت اور لذت بخشے' ایک بعد فراغت کھاویں تو سستی وغیرہ تمام نابود ہو' ورق طلا ایک ماشہ' ورق نقرہ 3 ماشہ' کستوری 2 ماشہ' زعفران 4 ماشہ' دانہ الائچی خورد 5 ماشہ' جائفل 6 ماشہ' طباشیر 7 ماشہ' جاوتری 8 ماشہ' ترکیب تمام ادویات کو سہ یوم بکری کے دودھ میں اور سہ یوم پان کے پتوں کے رس میں کھرل کر کے گولی بقدار ایک رتی وزنی بناویں' ایک سے تین گولی تک ہمراہ ملائی ایک تولہ کھاویں' اگر جماع سے پرہیز کریں اور تین ہفتہ متواتر کھاویں تو عجیب لطف حاصل ہو۔

حب مبہی و ممسک

برگ کندش کو دودھ میں بھگو کر پیسیں اور چوبہ بیخ پلاس میں گوندھ کر بقدر نخود گولیاں بناویں اور دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حب دافع سرعت

سرعت انزال کے لئے ایک کتابی مجرب نسخہ بھی درج کیا جاتا ہے' اگر کتابی ہونے کے باعث قابل

اندراج نہ ہو تو اس کا عدم اندراج جناب کے اختیار میں ہے مگر چونکہ مجرب ہے اور میں کئی جگہ تجربہ کرا چکا ہوں اسے عرض کئے دیتا ہوں، خاصہ مفید ہے اور اس کی تیاری بڑی سہل ہے، یعنی عقرقرحا حسب ضرورت لے کر باریک کر کے سات دفعہ بڑ کے دودھ میں تر و خشک کیا جاوے اور اس کے برابر وزن غنچہ شگفتہ انار شیریں، غنچہ ناشگفتہ بوشامل کر کے بڑ کے دودھ سے کنار صحرائی کے برابر گولیاں بنائی جاویں، اور ایک گولی روزانہ دودھ گائے کے ہمراہ استعمال کرائی جاوے، فائدہ کا تجربہ پہلے دن ہی کر لیں، مگر چند یوم کے استعمال سے پورا فائدہ دے گا۔

گولیاں عجیب

دوست محمد خان صاحب کے الفاظ اس کے متعلق مندرجہ ذیل ہیں، ہمہ صفت موصوف گولیاں ہیں، مقوی باہ ہیں، تھوڑے عرصہ میں از کار رفتہ قادر ہوتے ہیں، دواء المسک کا بھی کام دیتی ہیں، حالت نزع میں دو گولیاں دی جائیں تو مریض ہوش میں آوے، اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتی ہیں، میں ان گولیوں کو ہمیشہ کھایا کرتا ہوں، آپ بھی کھایا کریں، طاعون تو ان گولیوں کے کھانے والے کے نزدیک نہیں آتی، آئندہ خدا مالک ہے۔

ورق طلاء خالص 1 تولہ، شنگرف رومی 1 تولہ، ہر دو کو تھوہر ڈنڈا کے پانی میں ایک دن کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں اور دوسرے روز ایک کڑاہی میں برگ مدار (آک) کے اندر لپیٹ کر نیچے اوپر بالو ریت پانچ سیر دے کر دوپہر کی آنچ نیچے سخت دیں اور بعد سرد ہونے کے نکالیں، کشتہ عمدہ ہوگا۔

یہ کشتہ 1 تولہ، مشک خالص 3 ماشہ، زعفران خالص 6 ماشہ، لونگ 6 ماشہ، مرچ سیاہ 6 ماشہ، جوتری 6 ماشہ۔

ان تمام ادویہ کو ردح کیوڑہ میں کھرل کرے، بقدر دانہ مرچ سیاہ گولیاں بنا دیں، یعنی ایک گولی صبح اور ایک گولی شام بہ ہمراہ عرق گاؤ زبان یا دودھ وغیرہ۔

نسخے کے اجزا سے ہی معلوم ہو سکتا ہے کہ واقعی جو جو صفات اس کے حکیم صاحب مرحوم نے فرمائی تھیں بجا اور درست ہیں۔

ڈنڈا تھوہر کا دوسرا نام سینڈ بھی ہے، اس کو کوٹ کر اس کا پانی نکال کر ورق نقرہ اور شنگرف پیسنا چاہیے اور ٹکیہ بنا کر ایک کڑاہی میں نیچے ڈھائی سیر بالو ریت بچھا دیں، اس پر دو تین آک کے پتوں میں وہ ٹکیہ لپیٹ کر رکھیں، اس کے برابر ڈھائی سیر ریت اور بچھا دیں، پہلے نرم پھر ذرا تیز دوپہر تک آنچ دیں، سرد ہونے پر کشتہ طلاء جس میں بہت سا شنگرف بھی ملا ہوگا لے کر باقی اشیاء ملا کر گولیاں بنا دیں، واقعی امرا لوگ ہمیشہ اس کو استعمال کریں تو بہت بہتر ہے۔

حب قوت باہ کے لئے

دار چینی، مغز بادام، زعفران، افیون، جاوتری، خولنجان ہر ایک 54 گرین بھنگ 1 تولہ، تمام کو کھرل کر کے برابر جنگلی بیر کے گولیاں بنا دیں، ایک گولی صبح اور ایک شام کے دودھ کے ساتھ۔

حب اکسیر باہ

یہ نسخہ حکیم دوست محمد خان شیروانی کا تجربہ کیا ہوا ہے، کہتے ہیں اس سے گئے گذرے انسانوں کو بھی

طاقت عود کر آتی ہے۔

سم الفار سفید 1 تولہ' کشتہ سفید 1 تولہ' مغز سنگھاڑا خشک 1 تولہ' تینوں کو کھرل میں ڈالیں اور رس لیموں کا ڈال کر کھرل کرتے رہیں' 360 لیموں کی رس اس میں جاذب ہونی چاہیے' پھر اس میں مشک 3 ماشہ' عنبر 3 ماشہ' ورق طلاء ایک ماشہ داخل کر کے بقدر روانہ موٹھ کے گولیاں بنادیں' پانی کے ہمراہ ایک گولی صبح بعد از ناشتہ اور رات کو سوتے وقت نگل جایا کریں اور مصری پر ڈال کر بادام روغن ضرور کھایا کریں تاکہ گرمی نہ ہو' اور مکھن گھی کا استعمال رکھنا چاہیے' کس قدر آسان نسخہ ہے' ضعف باہ جن کو ہے وہ ضرور تیار کریں' غریب اگر مشک و عنبر و سونا نہ ڈالیں تو بھی میری رائے میں قوت باہ بہتری ہوگی۔

نسخہ حب سیماب عجیب مقوی باہ

پارہ مصفی' گندھک آملہ سار مصفی' کشتہ سفید و لونگ ہر ایک 4 ماشہ' اول پارہ و گندھک کو خوب باریک کریں' پھر دوسری دوائی ملا کر پیسیں' پھر انڈے کی زردی میں صلایہ کریں اور سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنادیں اور ہر روز ایک گولی کھلادیں' اگر 3 ہفتہ متواتر ان گولیوں کو کھائیں اور اوپر سے گائے کا نیم گرم دودھ پویں اور 20 روز مجامعت سے پرہیز کریں تو بہت قوت باہ پیدا ہوگی۔

حبوب دافع ضعف باہ و گرمی مثانہ

کشتہ مروارید 1 تولہ' ورق نقرہ 6 ماشہ' ورق طلاء 3 ماشہ' الائچی خورد 6 ماشہ' بنسلوچن 1 تولہ' سوائے ورق طلاء اور نقرہ کے تمام ادویات کو 6 یوم تک عرق بید مشک یا گلاب میں کھرل کر کے پھر ورق ملا کر بقدر 2 رتی کے گولیاں تیار کر کے دودھ گائے کے ساتھ صبح و شام استعمال کریں' اس سے مثانہ کی گرمی دور ہو بے حد طاقت ہوگی۔

حبوب نادرہ

کم خرچ بالا نشین جو باہ و امساک کے لئے سریع التاثیر بمنزلہ اکسیر کے ہیں' نہایت مجرب' گل جوز ماثل تولہ' گل بید انجیر 1 تولہ' گل کوکنار 1 تولہ' گل عشر 1 تولہ' گل حرمل 2 تولہ' زعفران عمدہ 1 تولہ' دار چینی 1 تولہ' مغز بادام 5 تولہ' قرنفل 2 ماشہ' بیش مدبر 2 ماشہ' مشک 2 ماشہ' سب کو باریک کر کے ملا کر چار پہر تک شیر برد کبیر الاشجار میں سحق کر کے چار چار رتی کی حبوب بنا کر رکھیں' ایک ایک حب صبح و شام ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال میں لاویں' علاوہ مبہی و ممسک ہونے کے ہر قسم کی ریاح کے لئے از بس مفید ہے۔

حب برائے امساک

ایک بھلانوہ لے کر ٹوپی اس کی دور کریں اور افیون ایک ماشہ اس کے اندر داخل کر کے گل حکمت کر کے بھرتہ کریں' سرد ہونے پر نکال کر احتیاط سے کوٹ کر گولیاں برابر نخود بنالیویں' خوراک ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ شیر گاؤ کھایا کریں' نہایت ہی مجرب ہے۔

حبوب مقوی باہ و ممسک

بچھناگ تیلیہ آدھ پاؤ پختہ' تین چار یوم روغن سرشف میں ڈالے رکھیں کہ اس میں چھپا رہے' حتیٰ

کہ وہ نرم ہو جاوے وہ اس کو سروتہ سے چھوٹا چھوٹا ٹکڑہ کر کے بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں' بعدہ شنگرف رومی ایک تولہ کو ایک ایک سیر شیر میں دو تین بار بطور ڈول جنتر پکا کر روغن مذکور میں کھرل کر کے بمقدار باجرہ کے گولیاں رکھ لیویں' پس ایک گولی منقہ میں کھلا دیں' دودھ بقدر ہضم بھی پلا دیویں' ایک فوری ممسک بھی ہے۔

حب مقوی اعصاب ودافع سرفہ وغیرہ

افیون 1 ماشہ' عنبر اشہب 6 ماشہ' کہربائے شمعی تولہ' مروارید ناسفتہ 1 تولہ' یاقوت رمانی 6 ماشہ' رب السوس 6 ماشہ' صمغ عربی 6 ماشہ' جدوار بنفشخی تولہ' مغز تخم کدو تولہ' زعفران 9 ماشہ' ثعلب مصری 2 تولہ' پنیر مایہ شتر اعرابی 2 تولہ' ورق نقرہ تولہ' ورق طلاء 6 ماشہ' بطریق معروف عرق کیوڑہ میں حل کر کے دانہ ماش کے برابر گولیاں بنا دیں' مقدار خوراک ایک ماشہ' نیز کمی و بیشی خوراک دوا بر رائے طبیب' غذا مقوی اور دودھ وغیرہ کا استعمال مناسب ہو جانا چاہیے۔

حبوب مقوی باہ' ممسک و مفرح

افیون تولہ اکیس بار گلاب سے تر کر کے دھو دیں' سم الفار 6 ماشہ' کو پاؤ بھر مغز نارجیل کے نغدہ میں سفوف کر کے دس سیر شیر گاؤ میں ڈول جنتر غرقی کے ذریعہ پکا دیں' پس افیون مذکورہ 3 ماشہ' سم الفار مذکور مدبر ماشہ' بیر بہوٹی 2 ماشہ' زعفران 6 ماشہ' جوزبویہ 6 ماشہ' مشک خالص 3 ماشہ' عنبر اشہب 3 ماشہ' مروارید ناسفتہ 3 ماشہ' سب کو باریک پیس کر ہر ایک سیر عرق گلاب سے سحق کریں' پھر ایک سیر عرق بید مشک سے دانہ مونگ کے برابر حبوب بنالیں' خوراک ایک حب ورق طلاء ایک عدد میں لپیٹ کر شیر گاؤ کے ہمراہ۔

حبوب دافع سرعت انزال

خراطین خشک 6 ماشہ' گوند ببول 1 تولہ' پوست اجوائن دیسی 1 تولہ' قند سیاہ 2 تولہ' سب ادویہ کو پیس کر ہم وزن ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنا دیں' صبح و شام ایک گولی کھائیں یا کھلائیں۔

دوا دافع کمی لغوظ

شقاقل 2 تولہ' مایہ شتر اعرابی 6 ماشہ' بہمن سفید 6 ماشہ' اول مایہ شتر اعرابی کو گلاب میں حل کریں' پھر باقی ادویات کوٹ چھان کر ایک تولہ شہد کے اضافہ سے ملا کر 21 قرص تیار کریں اور سایہ میں خشک کر کے بحفاظت تمام رکھیں' اس میں سے ایک قرص روزانہ دودھ سے کھلایا کریں' ترشی اور جماع سے پرہیز' اگر ادویات اصلی ہوئیں تو 21 یوم کے بعد سختی و نعوظ میں پورا کمال مشاہدہ میں آسکتا ہے۔

حبوب دافع مقوی باہ

روغن بیضہ مرغ میں ایک کپڑا کھدر ایک بالشت مربع تر کر کے اور آملہ سار 2 تولہ باریک پیس کر اور چھڑک دیں اور لپیٹ کر پٹی بنا دیں اور ایک طرف زنبور آہنی سے پکڑ کر دوسرے سرے کو آگ لگائیں اور سیماب مصفی کو ایک برتن میں رکھیں اور جو تیل بتی کو آگ لگانے سے ٹپکے وہ اس سیماب پر گرنا چاہیے' پھر اس سیماب و تیل کو آپس میں کھرل کریں' سیماب اس تیل کے ساتھ مل جائے گا' پھر 4 تولہ' شیر برگد

میں ہر دو اجزا گوند کر گولیاں بقدر نخود کے بنائیں اور دودھ کے ساتھ صبح و شام کھلائیں، مقوی باہ ہے۔
نوٹ: اگر روغن بیضہ کی ترکیب نہ کر سکیں تو روغن گاؤ سے کام میں لائیں، روغن بیضہ نکالنا بہتر ہے۔

حبوب اکسیر جریان

یہ ہر قسم جریان کے دفعیہ کے لئے اکسیر صفت ہے، اس سے بیسیوں مریض صحت یاب ہوئے ہیں، بعض اوقات پرانے مریضوں میں حیرت انگیز اثر دکھاتا ہے کہ ہفتہ بھر میں صحت کلی ہو جاتی ہے۔
مغز تخم املی 5 تولہ، ست برگد، بھو پھلی، مرکب 5 تولہ، موچرس 5 تولہ، کشتہ تردہا 3 تولہ، املی کے بیجوں کو دو چار روز پانی میں بھگو کر مغز نکال لیں اور پیس لیں، نیز موچرس کا بھی سفوف بنالیں اور سب کو ملا کر ایک روز کھرل کر کے پھر ایک ہفتہ متواتر شیر برگد میں سحق کریں، نخود سے کسی قدر بڑی حبوب بنائیں، خوراک ایک حب صبح آدھ سیر پختہ شیر گاؤ کے ساتھ، اگر دودھ کو کسی قدر میٹھا کر کے 9 ماشہ سفوف اسبغول اس میں حل کر کے اس کے ساتھ گولی کھائیں تو اور بہتر ہے، خواہ آرام جلد ہو جائے مگر چالیس روز تک ضروری استعمال کرنا ہوگا، گرم ترش اور تیل کی اشیاء سے پرہیز نیز مباشرت سے مقوی باہ اور ممسک بھی ہیں اور مغلظ منی بھی۔

حب ممسک و مقوی باہ

کچلہ مدبر 1 تولہ، سنکھیا سفید 6 سرخ، ہیرا کسیس سبز ولایتی 10 ماشہ، شنگرف 10 ماشہ، شیر برگد صلایہ کردہ، عقرقرحا ڈیڑھ تولہ، دھتورہ سیاہ 10 ماشہ، بزرالبنج ڈیڑھ تولہ، دار چینی 10 ماشہ، جوزبوا 10 ماشہ، افیون 10 ماشہ، حب بقدر نخود باندھ کر اور ایک حب صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں، نہار نہ کھاویں۔

حب برائے قوت باہ اکسیر

مشک 4 رتی، زعفران 4 رتی، قرنفل، عقرقرحا، الائچی سفید، رومی مصطگی گاؤ شیر شیریں، دار چینی، موصلی سیاہ، چوب چینی، اجوائن خراسانی، بیخ بنفشہ، بیل مدن مست، مال کنگنی گوکھرو، تخم کدو، اسپند سوختہ، مرچ سیاہ، بیخ ستاور ہندی، سمندر سوکھ، تخم ادرک، تخم اسگند، اندر جو بریاں، موچرس، سونٹھ ہر ایک ڈھائی ماشہ سب اشیاء کو کوٹ چھان کر قند سیاہ کہنہ میں بقدر جائفل گولیاں بنادیں، خوراک ایک گولی بوقت خواب ایک ہفتہ تک ہمراہ شیر گاؤ کے، قوت باہ بے حد ہوگی۔

حب ممسک

بھنگ 2 ماشہ، افیون 2 ماشہ، مصطگی 3 ماشہ، عقرقرحا 3 ماشہ، قرنفل 3 ماشہ، دار چینی 3 ماشہ، شنجرف 3 ماشہ، سفوف کر کے شہد میں گولی بمقدار بیج ریٹھہ بنا کر قبل از دو گھنٹہ جماع استعمال کریں۔

حبوب مقوی باہ

کچلہ بھٹی میں نرم آنچ پر بھنالیں، ریت پھینک دیں، زہریلی ہو جاتی ہے، یہ کچلہ مدبر ہے، اس میں سے ایک تولہ کریلا خام جس میں بیج نہ پڑا ہو، آدھ سیر، دونوں کو باریک کھرل کر کے حبوب بقدار نخود تیار کریں، ایک گولی ہمراہ تازہ دودھ دیں۔

نوٹ: نہار نہ دیں دودھ و گھی بکثرت کھائیں، کیمیائے عشرت کا فائدہ دیگا خواہش بکثرت اور دودھ ہضم۔

دیگر

دار چینی، جائفل، افیون، کستوری خالص، عقرقرحا، شنگرف، قرنفل ہر ایک 1 ماشہ، مروارید 2 ماشہ، روغن سم الفار 2 ماشہ، شہد خالص مصفی کی مدد سے گولیاں بنادیں۔

ترکیب روغن سم الفار

شیر گاؤ ایک سیر، زعفران خالص 1 تولہ، سم الفار سفید 1 تولہ، دونوں کو الگ الگ کھرل میں باریک کر کے شیر مذکور میں ملا کر جوش دیں اور ضامن لگا کر جما دیں، مکھن نکال اس کو گرم کر کے چھان لیں، روغن سم الفار یہی ہے۔

نوٹ: میں نے خود یہ گولیاں کئی بار تیار کی ہیں، جو لوگ وقت پر کسی دوا کا اثر دیکھنا چاہتے ہیں وہ اس کے کھانے کے بعد اثر کو تسلیم کرلیتے ہیں، مقوی باہ و مبہی و ممسک ہے۔

دیگر

پٹھ کنڈے کو جلائیں اور اس کی راکھ بطور قاعدہ کے ٹپکائیں، اب وہ ٹپکا ہوا پانی آگ پر رکھیں، یہاں تک کہ جل جائے اور نمک اس کا باقی رہے، اس نمک کو سنکھیا ایک تولہ اور وہ راکھ نیچے اوپر ڈال کر چھوٹی کٹھالی میں ڈال کر دو سیر اپلوں کی آگ دیں، سنکھیا کشتہ ہوگا، اس میں سے 4 رتی اور مرچ سیاہ 4 رتی کھرل کریں اور گولی بقدر مسور کے باندھیں، مستسقی کو ایک گولی ہمراہ روغن زرد کے دیں اور باہ کی کمزوری کے لئے ایک گولی سات دن تک آدھ سیر دودھ کے ساتھ کھاتے رہیں۔

نسخہ جو قوت کو واپس لاتا ہے

ورق نقرہ 3 ماشہ، ورق طلا ایک ماشہ، مشک اصلی 2 ماشہ، زعفران اصلی 4 ماشہ، دانہ الائچی خورد 5 ماشہ، جائفل 6 ماشہ، طباشیر 7 ماشہ، جاوتری 8 ماشہ، ان سب کو تین دن تک بکری کے دودھ میں کھرل کریں، پھر 3 دن پان کے رس میں کھرل کر کے گولیاں ایک گرام کی آٹھ بنائیں، پھر ایک سے 3 گولی بالائی یا مکھن سے کھائیں۔

نوٹ: بعد فراغت ایک سے 3 گولی دودھ سے کھانا کمزوری نہیں ہونے دیتا اور طاقت واپس لاتا ہے، موسم سرما میں ایک گولی روانہ کھانا بہت ہی تقویت رکھتا ہے۔

نسخہ مجرب امراض منی

جس وقت کیکر کا درخت پھولے اور پھلیاں لگ جاویں ابھی ان پھلیوں میں بیج نہ پڑا ہو، بہت سی مقدار توڑ کر کسی صاف چیز سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے اور کسی صاف اوکھلی میں کوٹ کر ایک صاف کڑاہی میں ڈال دو اور ان پھلیوں میں اتنا پانی ڈالو کہ ایک فٹ اونچا ہو جائے، ازاں بعد کڑاہی کے نیچے مدھم مدھم آگ جلاؤ، جب پانی خشک ہوتا ہوتا پھلیوں کے برابر آجائے تو کڑاہی کو نیچے اتار لو، پھلیوں کو پوست ڈوڈہ کی مانند مل کر تمام پانی کپڑے میں سے چھان لو اور پھوک کو پھینک دو، اس اثر والے پانی کو

تھوڑی دیر پڑا رہنے دو تا کہ ریت وغیرہ غیر جنس مادے نیچے بیٹھ جاویں' کچھ عرصہ بعد اس پانی کو آہستگی سے نتھار کر صاف کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھو اور مدھم مدھم آگ جلادیں کیونکہ مادہ کے جل جانے کا اندیشہ ہے' جب خشک ہوتے ہوتے مادہ مانند افیون کے مادہ کے ہو جاوے تو اسے نیچے اتار لو' اب فرض کرو کہ یہ مادہ کیکر ایک سیر ہے تو مفصلہ ذیل اشیاء جو پہلے سے باریک چھان کر رکھی ہوں شامل کر دو۔

بہو پھلی بوٹی 5 تولہ' موصلی سفید 5 تولہ' تال مکھانہ 5 تولہ' ستاور 5 تولہ' ثعلب مصری 5 تولہ' طباشیر 4 تولہ' دانہ الائچی خورد 4 تولہ' ست گلو 4 تولہ' کشتہ چودھاتہ 4 تولہ' کشتہ فولاد 3 تولہ' ان تمام ادویات کو باریک کر کے کپڑچھان کر کے مادہ کیکر میں ملا دو اور ایک گرام میں چار گولیاں بنالو۔

حب ریگ ماہی جہت تقویت باہ و امساک

ریگ ماہی شنگرف' قرنفل ہر ایک 4 ماشہ' زعفران' کستوری افیون ہر ایک ماشہ ماشہ تک چھکنی ورق طلاء ہر ایک 3 ماشہ' دار شیشعان' دار چینی' ورق نقرہ ہر ایک 7 ماشہ' سب کو باریک کوٹ کر اچھی طرح ملائیں اور بقدر نخود گولیاں بنائیں اور دو ساعت قبل دو گولیاں کھا کر ایک پیانہ دودھ کا نوش کریں۔

حب نشاط دافع ضعف باہ و جریان نیز سرعت انزال

کشتہ نقرہ 4 ماشہ' جوتری' زعفران ریگ ماہی ہر ایک ڈیڑھ تولہ جوزبوا' سمندر سوکھ ہر ایک 9 ماشہ' زہر مہرہ 1 ماشہ' مشک ڈیڑھ ماشہ' اول مشک زعفران و کشتہ نقرہ کو گلاب میں حل کریں' پھر بقیہ دوائی کو کوٹ چھان کر ملائیں اور عرق پان میں گولیاں بنائیں' خوراک ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ۔

حبوب مقوی و ممسک عجیب و غریب

زعفران کشمیری جاوتری جوزبوا قرنفل' عقر قرحا' صندل سفید' پیپل' سنڈ' چرس ہر ایک 3 ماشہ' افیون ایک تولہ شیر برگد شہد خالص ہر ایک 3 تولہ ہر ایک ادویات کو باریک کوٹ چھان کر شیر برگد میں کھرل کریں' بعد خوب شہد ملا کر کھرل کر کے بقدار نخود گولیاں بنائیں ہر روز بوقت رات 2 گھنٹہ پہلے دودھ گاؤ سے جن میں شہد اور مصری بقدار مناسب ملائی ہوئی ہو ایک گولی کھلایا کریں عمدہ طاقت پیدا ہوگی۔

حبوب برائے مغلظ منی

دافع سرعت قوت باہ وغیرہ کمال مفید ہے' کستوری 2 حصہ ورق طلاء 1 حصہ' ورق نقرہ 3 حصہ' کیسر 4 حصہ' دار الائچی خورد 5 حصہ' جائفل 6 حصہ' طباشیر 7 حصہ' جاوتری 8 حصہ' ان سب کو کوٹ چھان کر بکری کے دودھ یا پان کے رس میں کھرل کر کے ایک گرام میں آٹھ گولیاں بنا دیں' خوراک ایک گولی سے دو گولی ہمراہ دودھ یا بالائی یا مکھن دیں۔

حب جدوار' جو ممسک اور مقوی باہ و قوی الاثر ہیں

جدوار خطائی' مایہ شتر اعرابی' مصطگی رومی' بہمن سفید' طباشیر سفید' بسباسہ بزر البنج سعد' بیخ لفاح' ہر ایک 9 رتی' شقاقل مصری 2 ماشہ' زعفران' صمغ عربی ہر ایک ایک رتی افیون' نبات سفید ہر ایک ایک تولہ' ورق طلا 15 عدد' ورق نقرہ 50 عدد' سب کو باریک پیس کر اور شہد میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں' خوراک ایک گولی۔

حبوب برائے کثرت احتلام جریان رقت سرعت اور ضعف دماغ کو ازبس مفید ہے

اور طاقت مردی کو بڑھاتا ہے' مولد و مغلظ اس سے آسان نسخہ ملنا مشکل ہے۔

پھلی ببول' بغیر دانہ خشک کردہ 2 تولہ' دودھی خورد سایہ میں خشک کی ہوئی 2 تولہ' بیخ سنبل 1 تولہ' مغز تخم املی' 1 تولہ' موصلی سفید 1 تولہ' اندر جو شیریں 6 ماشہ خولنجاں 6 ماشہ' تال مکھانہ 6 ماشہ' صمغ عربی 6 ماشہ' ثعلب مصری 1 تولہ' کشتہ قلعی 2 تولہ تیار شدہ نغدہ (کونپل ببول) تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر دودھ بڑ میں کھرل کریں' جب گولی باندھنے کے قابل ہو جائے تو حبوب بقدر نخود بنا لیں' ایک صبح ایک شام گائے کے تازہ دودھ بقدر ڈیڑھ پاؤ کے ساتھ کھائیں' ایام استعمال میں گرم خشک اور ترش اشیاء سے پرہیز کریں اور مسکہ گائے گاہے گاہے استعمال کرتے رہیں' جماع سے قطعی پرہیز۔

حب جدوار مقوی باہ نعوظ آور و ممسک ہیں

شقاقل 7 ماشہ' لونگ 35 عدد لے کر دونوں کو اکٹھا کر کے کیکر کی ہرنی اور تازہ لکڑی میں سوراخ کر کے اس میں داخل کریں اور دوسرا کنارہ لکڑی کا آگ میں رکھ دیں' جب لکڑی جلتی [illegible] ئی اس دوا سے چار انگل رہ جائے تو نکال کر سرد کر لیں اور دواؤں کو نکال لیں' پھر اس میں جائفل جاوتری زربنی' عقر قرحا ہر ایک 7 ماشہ' باریک پیس ایک دام کے قریب قند سیاہ ملا کر کوٹ کر چنے کے برابر گولیاں بنا دیں اور ایک گولی ہمراہ شراب یا گائے کے دودھ سے رات کو کھائیں۔

حب عنبر نعوظ آور

عنبر خالص ایک مثقال' ثعلب مصری' ایک مثقال' خولنجاں ایک مثقال' مشک اعلیٰ قسم نیم مثقال' مصطگی نصف مثقال' لونگ نصف' مثقال' پنیر مایہ شتر اعرابی اصلی' 6 گرام لے کر کوٹ چھان کر حبوب بمقدار کنار صحرائی کے بنائیں' خوراک ایک سے 5 گولی حسب برداشت شراب یا گائے کے دودھ سے دیں' قوی انتشار پیدا کرتی ہیں' احتیاط چاہیے۔

حبوب مقوی باہ

آملہ سار گندھک آدھ سیر' تخم پٹھکنڈہ آدھ سیر' تخم سنبھالو' آدھ سیر' بھنگرہ ایک سیر' بھسم ایک سیر' منور مصفی 1 پاؤ بھر' روغن مال کنگنی پاؤ بھر' شہد خالص آدھ سیر' ان سب دواؤں کو علیحدہ علیحدہ کوٹیں' پھر سب کو ایک جگہ کر کے روغن مال کنگنی ملائیں اور لسی والے برتن میں رکھ کر پانچ روز تک پڑا رہنے دیں' اس کے بعد شہد ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں اور ایک گولی ہر روز کھائیں کل امراض رفع ہوں' برص ابیض' غیر طبعی پیری امراض وبائی و ضعف اعضائے رئیسہ کو دور کرتی ہیں۔

دیگر

تخم اونٹکن' گوکھرو' تخم کونچ' تخم پلاس' گوند پلاس' ہموزن گولی شہد میں ایک ایک ماشہ کی بنالو' جریان' احتلام' سوزاک اور نامردی میں مفید ہے' چالیس یوم کھانے سے اولاد پیدا ہوتی ہے۔

نوٹ: یہ دوا اس نامردی کو دور کر سکتی ہے جو بوجہ جریان کے پیدا ہو گیا ہو۔

حبوب جریان کے لئے بے نظیر

درخت بڑھ کے پتے جو درخت کے ساتھ ہوں اور پک کر زرد ہو گئے ہوں ان کو اتار لیں اور ان کو ہاتھ سے توڑ کر ایک بڑے مٹکے کے اندر بھر دیں اور ان کو دبا دبا کر بھرنا چاہیے' پھر اس میں اتنا پانی ڈالیں کہ مٹکا پانی سے بھر جائے اور مٹکہ ایسا ہونا چاہیے جس میں کہ کچھ پانی بھرا رہا ہو' کورہ نہ ہو کیونکہ کورے میں اور پانی جذب ہو جاتا ہے' 8 پہر تک پتوں کے بھیگے رہنے کے بعد پتے معہ پانی کے ایک بڑے لوہے کے کڑاہے میں ڈال دینے چاہئیں' اور نیچے نرم آگ دینی چاہیے' جب آدھا پانی رہ جائے تو اتار لو اور ٹھنڈا کر کے اس کو خوب ملو تاکہ پتوں کا رس پانی میں آجائے' پھر اس پانی کو چھان لو پھر اس چھانے ہوئے پانی کو نرم آنچ پر پکاؤ' جب یہ پک کر شہد کی طرح گاڑھا ہو جائے تو اتار کر اس میں مندرجہ ذیل ادویہ ڈل دیں' اگر وہ 10 تولہ ہو تو ادویات ذیل اس نسبت سے ہوں۔

کشتہ قلعی درجہ اول 1 تولہ' مغز املی 2 تولہ' کشتہ مرجان 1 تولہ' پھلی ببول بلا دانہ 1 تولہ 3 ماشہ' تمام ادویہ ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنا دیں' خوراک ایک گولی صبح کے وقت اور ایک شام کے وقت' اگر مزاج گرم ہو تو ست اسبغول 2 ماشہ' میں ایک گولی داخل کر کے شربت نیلوفر کے ساتھ کھائیں' اگر مزاج سرد ہو تو لونگ' زعفران' جائفل' جاوتری' تج' دار چینی برابر وزن لے کر باریک پیس لیں اور آدھ رتی کے ساتھ ایک گولی تھوڑی ملائی میں رکھ کر کھائیں' اگر خشکی کرے تو مقدار سفوف کم کر دیں۔

ان گولیوں سے علاوہ جریان دور ہونے کے احتلام سرعت دور ہو کر امساک بہت ہوتا ہے۔

حب جواہر

جدوار خطائی اصلی 5 ماشہ' زہر مہرہ خطائی 5 ماشہ' زعفران' دانہ ہیل خورد دانہ ہیل کلاں' جو ہر سم الفار سفید ہر ایک 5 ماشہ' مشک 3 ماشہ' عنبر 2 ماشہ' ورق نقرہ 4 ماشہ' ورق طلا 2 ماشہ' مروارید خورد 2 ماشہ' کشتہ جواہرات 2 رتی دو بوتل عرق گلاب میں کھرل کر کے بقدر دانہ مونگ کے گولیاں بنا دیں اور ایک گولی روزانہ دیں' برائے جمیع اوجاع کے اکسیری فوائد ظاہر ہوتے ہیں' اور ہیجان باہ میں بے نظیر ہیں امراء و صاحب استطاعت اصحاب کے لئے اکسیر اعظم سے کم نہیں۔

حبوب مفید جریان و سرعت انزال

ثعلب مصری 1 تولہ' شقاقل مصری 1 تولہ' موصلی سیاہ 1 تولہ' موصلی سفید 1 تولہ' موصلی سمنبل 1 تولہ' بدھاری قند 1 تولہ' ستاور ایک تولہ' اسگند 1 تولہ' پکھان بید 1 تولہ' تال مکھانہ 1 تولہ' تخم شانہ بی ایک عدد' ورق طلائی 200 عدد سلاجیت سوا 1 تولہ' کشتہ مونگا سوا تولہ' کشتہ قلعی سوا تولہ' ان ادویات کو کوٹ چھان کر پانی کے ساتھ ایک سو چالیس گولیاں بنا دیں۔

گوکھرو کلاں ایک دانہ الائچی ایک تولہ' چھیا گوند 1 تولہ' میدہ لکڑی 1 تولہ' تج 1 تولہ' ورق نقرہ 80

حبوب برائے جریان

اگر 2 تولہ ثعلب 8 تولہ تخم سرس 2 تولہ' باریک پیس کر اس قدر شیر بڑ میں تر کریں کہ ادویہ کے اوپر آجاوے' جب قریب خشک ہونے کے ہو تو سحق کر کے جھربیری کے برابر حبوب بنالیں اور برگ تخم تمر ہندی بریاں مقشر 3 تولہ اس میں شامل کر لیا جاوے تو اور بھی مفید ہوگا۔

حبوب برائے جریان نہایت مفید و مجرب

گندھک تولہ، سندرس تولہ، گوند کیکر تولہ، کشتہ قلعی 9 ماشہ، کشتہ موتی 6 ماشہ، ان کو صاف کر کے دونوں کشتوں کو ملا کر عرق گلاب میں 21 دن کھرل کریں، پھر 2 رتی کی گولی باندھیں، تین گولی روزانہ کھانی چاہیے، دہات اس سے مضبوط ہو گی، طاقت بڑھے گی، دل کی دھڑکن بھی دور ہو گی۔

حبوب برائے احتلام

افیون 2 ماشہ، پھٹکری 1 تولہ، پھٹکڑی کو توا آہنی پر ڈال کر آگ پر رکھیں، جب پگھل جاوے، افیون ڈال دیں اور دونوں کو خوب ملا دیں، جب کھیل ہو جاوے مگر جل نہ جاوے اتار لیں گولی ایک رتی سفوف عود 2 ماشہ کے ساتھ ملا کر شربت نیلوفر سے آٹھ حصے کر کے روزانہ کھائیں۔

حبوب مغلظ

دافع جریان و سیلان منی و مقوی و مبہی و ممسک مجرب ہیں، مغز تخم املی 3 تولہ، مغز تخم سرس 3 تولہ، مغز تخم کیکر 3 تولہ، مغز تخم حرمل 1 تولہ، دانہ الائچی خورد ایک تولہ، سب کو باریک کر کے شیر بڑ و کبیر الاشجار میں چار پہر سحق کر کے حبوب حش کنار خورد بنا کر سایہ میں خشک کر کے رکھیں، خوراک ایک ایک حب صبح و شام ھمراہ شیر مادہ گاؤ۔

حب برائے سرعت انزال بہت مفید ہیں

تخم تمر ہندی مقشر، تخم ببول مقشر، تالمکھانہ، سنبھل کی موصلی، تخم سرس مقشر، تخم کونچ مقشر، تخم انگن، سب ادویہ ہموزن لے کر بھنگوہ کے شیرہ میں کھرل کر کے دانہ نخود کے برابر گولیاں بنا دیں، خوراک 4 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔

حب امساک

افیون 4 ماشہ، زعفران 5 ماشہ، جاوتری 5 ماشہ، جوز بوا ایک عدد، مشک 1 ماشہ، نخود بریاں ایک تولہ، خرما 2 عدد، شیر برگد 9 ماشہ، افیون، شیر برگد ہر دو خرام داخل کردہ در خاک دیگدان گرم باشند، گرم نمائند در گلاب سائیدہ، حبوب بقدر کنار دشتی طیار سازند یک حب پیاز مقاربت ہمراہ شہد شیریں کردہ بخورند۔

دیگر

تخم دھتورہ ایک جزو، سیاہ افیون ایک جزو، خالص چرس 2 جزو، پہلے تخم دھتورہ و افیون کو کھرل کریں اور پھر چرس ڈال کر خوب کھرل کریں تاکہ لائق حبوب بنانے کے ہو جائیں، خوراک ایک ایک حب سے دو حب تک، قبل جماع آدھ گھنٹہ ہمراہ دودھ گاؤ، حبوب سیاہ مرچ کے برابر بنائیں دوا تیز ہے، تھوڑی سے ابتدا کرنی چاہیے۔

حبوب مفید جریان، رقت سرعت کی زیادتی کو ہے

داڑھی مپیل 2 تولہ، مغز تخم سرس 2 تولہ، ثعلب مصری 2 تولہ، تال مکھانہ 2 تولہ، مغز تخم تمر ہندی مقشر 2 تولہ، موصلی سفید 2 تولہ، صمغ عربی 2 تولہ، ان سب کا سفوف بنا کر برگد کے دودھ میں تر کر کے

ایک ایک ماشہ کے برابر گولیاں بنائیں' ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو دودھ گائے کے ساتھ نگل لیں۔

حبوب دافع جریان منی و ندی و ودی

عقر قرحا 3 ماشہ' جوزبوا 3 ماشہ' بسبلسہ 3 ماشہ' دار چینی 3 ماشہ' اسپند ناگوری 3 ماشہ' کنجد سیاہ 3 ماشہ' افیون 3 ماشہ' سب کو باریک کوٹ چھان کر شہد ملا کر نخود کے برابر گولیاں بنادیں' صبح و شام ایک ایک گولی دودھ گائے کے ساتھ۔

حبوب برائے قوت باہ و طلاء معجز اثر نسخہ

سم الفار سفید' سم الفار زرد ہر ایک 2 ماشہ' سم الفار سرخ ایک ماشہ' ہرتال ورقی' شنگرف رومی' گونگچی سفید مقشر ہر ایک 3 ماشہ' زعفران 3 ماشہ' جائفل کلاں 1 عدد' دانہ الائچی کلاں 5 ماشہ' پوست بیخ کنیر سفید 2 تولہ' کٹھ تلخ 2 تولہ' مغز جمال گوٹہ 2 تولہ' زردی بیضہ مرغ 40 عدد' اول جملہ ادویہ خشک کو کوفتہ بیختہ کرلیویں' پھر ان میں جمال گوٹہ پیس کر ملادیویں' بعد ازاں زردی بیضہ مرغ میں تمام پسی ہوئی ادویات کو ملا کر کو کن بیر کے برابر گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں اور پھر کسی آتشی شیشی میں یا بذریعہ پتال جنتر کے تیل نکالیں' جب تیل تیار ہو جائے تو کسی شیشی میں سنبھال رکھیں' باہ کے واسطے نہایت ہی مفید ہے' ہر روز ایک سینک یا ایک دو قطرے تک حسب برداشت پان میں ڈال کر کھلادیں اور طلاء اسی کا کریں۔

برائے قوت باہ و آتشک

یہ گولیاں قوت باہ و آتشک یا جو بیماریاں آتشک مادہ سے پیدا ہوں نیز تصفیہ خون کے لئے بمنزلہ اکسیر ہیں' بروقت تجربہ آپ ہی معلوم ہو گا رسکپور' رسونت' مغز جمال گوٹہ' ہر ایک ایک تولہ' نیلہ تھوتھہ' صدف مروارید' سوختہ ہر ایک 6 ماشہ آب لیموں ایک بوتل جملہ ادویہ مذکورہ میں آب لیموں کی ایک بوتل بذریعہ کھرل جذب کردیں اور بمقدار نخود حبوب تیار کریں۔

ترکیب استعمال

اول رات کو کھچڑی نرم پکا کر اور اس میں روغن زرد اچھا ڈال کر کھائیں' صبح ایک گولی پانی تازہ کے گھونٹ کھالیں ایک قے آوے گی' اس کے بعد گوشت بز میں زیادہ روغن زرد اور معمولی مصالحہ ڈال کر پکائیں اور کھالیں' ایک اسہال ہو گا' اگر پیاس ہو تو دودھ مادہ گاؤ بھینس' جس قدر ہو سکے (ایک من تک دودھ ہضم ہو سکتا ہے میرا تجربہ ہے) اسکے بعد بھی شائد ایک اسہال ہو اسی طرح ایک ہفتہ کے بعد ایک گولی اور کھالیں' چار گولیوں کے کھانے سے قوت رفتہ پھر عود کر آتی ہے' تجربہ شرط ہے۔

حبوب دافع جریان مجرب

گندھک مغسول 2 تولہ' الائچی سفید 2 تولہ' فلفل دراز 2 تولہ' کشتہ قلعی 2 تولہ' مشک خالص 2 ماشہ' سب کو باریک کھرل کر کے حسب ضرورت شہد میں حل کر کے گولیاں کنار صحرائی کے برابر بنادیں' خوراک ایک گولی پاؤ بھر دودھ گائے کے ساتھ۔

حبوب، مسومہ، پرمیہہ، رسائن، جریان کا مجرب علاج

برگ برگد زرد تازہ چالیس کلو کو لے کر تین چار گھڑوں میں ڈال کر پانی سے بھر دیں اور موسم گرما میں آٹھ پہر اور سرما میں تین روز کے بعد پتوں کو پانی موجودہ کے ساتھ کڑاہی آہنی صاف کی ہوئی میں ڈال کر جوش دیں، جب پتے گل جائیں، نیچے اتار کر مل کر چھان لیں اور پانی محصولہ کو کڑاہی میں ڈال کر پھر چولہے پر چڑھائیں اور نرم نرم آنچ سے پکاویں، جب افیون کا قدرے رقیق... قوام ہو جاوے تو آنچ سے اتار کوئلوں پر رکھ کر پکائیں اور کسی لکڑی سے ہلاتے رہیں، احتراق کا خیال رہے جب قوام مثل افیون کے بن جائے تو اتار کر ادویہ ذیل اس میں ملا دیں۔ بھو پھلی 5 تولہ اور مغز تخم املی، بھوسی اسپغول، ست سلاجیت ہر ایک دو دو تولہ، ورق نقرہ 20 عدد یا کشتہ نقرہ 2 ماشہ، ورق طلاء 10 عدد، مروارید ناسفتہ 4 ماشہ، سب کو کھرل میں حل کر کے بقدر کنار دشتی گولیاں بنائیں، مقدار خوراک آدھی رتی سے ایک گولی تک تدریجاً بڑھا دیں، پرہیز سرخ مرچ، اشیاء ترش تلخ و گرم، محرور مزاجوں میں بجائے ست سلاجیت، کشتہ قلعی جو بذریعہ جوزماثل کیا گیا ہو، شامل کریں اور ورق طلاء خارج کر دیں۔

حبوب جریان

مال کنگنی کے بیج و گھنٹہ پانی میں کھرل کر کے گولیاں جنگلی بیر برابر بنا کر دودھ کے ساتھ ہر روز کھلانا جریان کے واسطے ان کا مجرب ہے۔

دیگر

برگ برگد (بوھڑ) پانچ سیر کو کسی گڑھے میں ڈال کر ایک رات دن کے بعد جوش دیکر صاف کر لیں، جب وہ پانی خشک ہوتے ہوتے لئی کی شکل میں آنے لگے، اس وقت اس میں مفصلہ ذیل ادویہ ملا دیں، پھو پھلی تولہ، مغز تخم املی تولہ، موصلی سفید تولہ، ستاور تولہ، تودری سفید تولہ، کمرکس تولہ، موچرس تولہ، پھر ان کو حبوب بقدر بیر بنائیں، ہر روز بوقت صبح دودھ کے ساتھ استعمال کریں، ترشی و بادی و قند سیاہ سے پرہیز۔

حبوب آتشک

اگر آتشک و سوزاک وغیرہ سے بگڑ گئے جریان سرعت وغیرہ کی امراض لاحق ہوں تو چاہیے کہ:
پوست بیخ اونٹ کٹارہ 1 تولہ، مرچ سیاہ 7 عدد، لنگری (دوری) میں گھس کر بہ قدر آدھ پاؤ یا سہ چھٹانک پانی نکال کے پیا کریں ایک ہفتہ تک صبح یا صبح و شام اگر طبیعت قبول کرے دو ہفتہ تک یا 3 ہفتہ تک استعمال کریں، اس کے استعمال سے قرح دیرینہ اور پیشاب کے راستہ کی رگیں مواد سے صاف ہو جاویں گی، بعدہ، کشتہ مرجان 5 تولہ کھٹی بوٹی میں بنایا ہوا، آملہ سار گندھک صاف شدہ 3 تولہ ہر دو کٹھی بوٹی کی رس سے بخوبی کھرل کریں اور بہ قدر نخود گولیاں بنا کر سایہ میں سکھا دیں، خوراک ایک گولی صبح پانی سے اور شام کو دودھ سے یا بالائی سے یا مسکہ سے دیا کریں، 20 روز تک جریان دفع ہو گا۔

حبوب مقوی باہ برائے مجلوقین

سم الفار سفید، کتھ سفید، مغز سنگھاڑہ خشک، ہر ایک ایک تولہ تینوں کو 360 عدد لیموں کے پانی میں

کھرل کرو، جب پانی خشک ہو جاوے تو مشک، عنبر اور زعفران ہر ایک 3 ماشہ، ورق نقرہ، ورق طلا ہر ایک ایک ماشہ، داخل کر کے ایک دن اور کھرل کرو، اور بقدر دانہ موٹھ حبوب بنا کر خشک کر کے محفوظ رکھو، خوراک ایک گولی صبح ایک شام بعد غذا مکھن یا بالائی کے ہمراہ قریب نصف گھنٹہ بعد دودھ گاؤ پی لینا چاہیے، غذا مرغن دودھ گھی کا استعمال زیادہ رکھو۔

حبوب جریان

تخم بالنگا آٹھ حصہ، عقرقرحا ایک حصہ نہایت باریک کر کے مویز منقی میں گولیاں کنار دشتی کے برابر بنائیں، ایک گولی صبح اور ایک شام کو دودھ گائے کے ساتھ کھائیں، ترش اشیاء سے پرہیز کریں، ایک ہفتہ کے استعمال سے مرض کافور ہو جاتا ہے۔

حبوب امساک

یہ امساک کا عجیب و غریب نسخہ ان لوگوں کے واسطے ہے جو بہت کمزور ...... ہوں اور سرعت کے عارضہ میں مبتلا ہوں، دوسرے لوگ بھی استعمال کر سکتے ہیں، مگر خیال ہے کہ یہ بے حد ممسک ہے، تریاق کی ضرورت پڑ جاتی ہے .... افیون 4 رتی، کیچلہ دو عدد، گوڑیک نخود، نخود مقشر رثار، نارجیل ثار، مصری 2 تولہ، افیون کو لوہے کی سیخ کی نوک پر لپیٹ کر کچلے کو ایک کوئلے پر رکھ دو کہ وہ جلنے لگے، اس سے جو دھواں برآمد ہو وہ اس افیون پر لپیٹتے جاؤ اور سیخ کو پھیرتے رہو تاکہ تمام کچلہ جل جائے، بس اس افیون کو چار حصہ کر کے 4 گولی گڑ میں باندھ لو، گویا گڑ کی چار ٹکیاں بنا کر درمیان میں افیون رکھ کر گولی بنا لو اور نخود و کھوپرہ وغیرہ کو کوٹ چھان کر رکھ لو، ایک حب بوقت عصر کھا کر اوپر سے نصف یہ لوازمہ کھا لو اور دوسری خوراک بوقت عشا استعمال کرو، لیکن اور کچھ نہ کھاوے نہ پیوے بعد الفراغ دودھ جلیبی یا صرف دودھ پیوے، عاجز کر دیتا ہے اور ضرورت تریاق کی پڑتی ہے، مجرب ہے۔

حبوب ممسک و مقوی باہ قابل تعریف ہے

جائفل وزنی 14 عدد، برگ سبز، دھتورہ سیاہ کے پانی میں 4'5 روز تک تر رکھیں، جب پانی خشک ہو جاوے، کنجشک خانگی نر 14 عدد پر و بال سے صاف کر کے ہر چڑے کے پیٹ میں ایک جائفل رکھ کر دھاگے سے سی کر بقدار ضرورت گھی میں بریان کر کے ہاون دستہ میں خوب کٹوا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنوالیں .... دو گھنٹہ پہلے ڈیڑھ پاؤ دودھ میں دو تین چھوہارہ جوش دے کر گولی ایک کھا کر دودھ پی لیں۔

دیگر

سہاگہ، افیون، شنجرف، ہموزن لے کر آب برگ تلسی میں چار گھڑی تک کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا دیں اور ایک گولی ضرورت کے وقت کھائیں۔

دہانت گولی

دہانت (جریان) کے بند کرنے میں مجرب کامل اور اکسیر اعظم ہے، صرف ایک ہی روز میں دہانت بند کر دیتی ہے، ایک خاص تجربہ کی شے، زیرہ سفید، برادہ صندل سفید آرد نخود بریاں مقشر ہر ایک دو تولہ، شیر

برگد 10 تولہ سب کو باریک کر کے شیر برگد میں خوب اچھی طرح کھرل کر کے بقدر کوکن بیر گولیاں بنادیں، خوراک ایک گولی شیرہ ریس برگد کے ساتھ کھالیں، تین دن کھلانا کافی ہے گولی کھلا کر تمام بدن پر اور بالخصوص زانو کے نیچے (کھچوں) پر مسکہ کی خوب مالش کریں، یہ نسخہ ایک سنیاسی کا بتایا ہوا ہے، جو نہایت مفید ثابت ہوا۔

حب تقویت باہ

بے حد مفید ہیں، تجربہ کر کے قدرت کا مشاہدہ کریں، فاد زہر ہر حیوانی نصف مثقال مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک دو دانگ یاقوت رمانی، مصطگی رومی، درونج عقربی، حب بسان ہر ایک نصف مثقال، زعفران، جند بید ستر، مومیائی درالی ہر ایک دو دانگ، ورق نقرہ، ورق طلاء ہر ایک 5 عدد، مومیائی عنبر کو روغن زیتون میں گرم کر کے حل کرلیں اور باقی ادویہ کھرل کر کے ملا کر عرق گلاب بقدر ضرورت میں کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بنادیں اور اوپر ورق طلا لپیٹ کر محفوظ رکھیں، خوراک ڈیڑھ ماشہ حبوب مذکور کھلا کر اوپر سے عرق عنبر وماء اللحم ملا کر مصری سے میٹھا کر کے پلادیں۔

حبوب امساک لائق امزجہ باردہ، امزجہ حارہ کیواسطے سخت مضر

شنگرف ڈیڑھ ماشہ، زعفران 2 ماشہ، افیون 2 ماشہ، مشک ڈیڑھ سرخ، کوفتہ خرما کلاں خستہ برآوردہ میں ڈالیں اور شیرہ بڑ بقدار شارک اوپر سے ڈال کر پارچہ کورہ شش تہہ کر کے لپیٹیں، گیری میں پکائیں، جب پک کر نرم ہو جائے نکال کر سحق بلیغ کریں اور بقدر نخود حبوب بنالیں، خوراک ایک حب تین گھنٹہ قبل غذا، صرف شیر برنج (کھیر) استعمال کریں۔

حبوب مغلظ اور ممسک

بلا افیون نسخہ تلاش کرنے والوں کے لئے ایک عجیب اور اسراری تحفہ جو مقوی بھی ہے موچرس جس قدر چاہیں لے کر ایک پیالہ چینی میں رکھ کر شیر برگد سے تر کریں اور شیر اس قدر ڈالیں کہ دو انگل دوا سے اوپر ہو جائے، جس وقت وہ خشک ہو جائے اور ڈال دیں اور باریک ململ کے کپڑے سے پیالہ کو ہمیشہ ڈھانپ رکھیں تاکہ گرد و غبار سے محفوظ رہے، 40 مرتبہ اسی طرح شیر برگد سے تر و خشک کریں، پھر وزن کر کے اگر 50 تولہ ہے تو 20 تولہ شیر برگد کھرل کے ذریعہ جذب کریں اور جب گولیاں باندھنے کے قابل ہو جائے تو چنے کے برابر گولیاں بنا رکھیں اور خشک کر کے شیشی میں بند کرلیں، ایک پہر قبل شیر شیریں سے ایک گولی استعمال کریں، تماشہ ببیند کہ نہ دیدہ باشد، اکثر اوقات اس کا تریاق یعنی نخود بریاں کے استعمال کی ضرورت پڑ جاتی ہے، اس لئے نخود بریاں اپنے پاس رکھیں عموماً" اس غرض کے لئے جو نسخے ہوتے ہیں وہ مضعف باہ ثابت ہوتے ہیں، مگر یہ نسخہ بے حد مقوی اور مغلظ ہے۔

حبوب برائے امساک

پارہ 1 تولہ، ڈنڈا گندھک 1 تولہ، مرچ سیاہ 1 تولہ، جائفل 1 تولہ، میٹھا تیلیہ 1 تولہ، سنکھیا سفید 6 ماشہ کجلی کر کے سب ادویات کو 4 پہر اتیس کے پانی میں کھرل کرے، (اتیس کو پانی میں رات بھر بھگو کر مل چھان لیں) گولی ماش برابر، رات کو بھوجن کے بعد ایک گولی ملائی میں رکھ کر کھاوے جتنا دودھ ہضم ہو پیئے، روٹی کے ساتھ گھی کھائے۔

دیگر

امساک کا نسخہ جو کہ مجھ سے پنڈت درگا پرشاد شرما وید اجودھیا نے لکھوایا اسگندھ، سونٹھ، کیکر ان کی جڑھ، بدار کند، ملٹھی، ملٹھی کے رس میں بیر برابر گولی منہ میں رکھ کر چوسیں۔

حبوب برائے قوت باہ

ورق نقرہ 3 ماشہ، ورق طلا ایک ماشہ، موتی 1 ماشہ، کستوری 1 ماشہ، سم الفار سفید 3 ماشہ، افیون ولسی 3 ماشہ، تمام کو عرق کیوڑہ میں کھرل کریں، ایک بوتل ختم کریں بعد ازیں باجرا کے دانہ کے برابر گولی بنا کر ایک صبح مسکہ گاؤ کے ہمراہ اور ایک شام کو ہمراہ دودھ کے دیویں، مجرب ہے۔

حبوب برائے سرعت انزال و احتلام

طباشیر 2 تولہ، سبوس اسبغول 2 تولہ، الائچی خورد ایک تولہ، ثعلب مصری 1 تولہ، افیون 2 ماشہ، بھنگ کے بیج 9 ماشہ، کشتہ قلعی 6 ماشہ، مصری 5 تولہ، شیر برھ 5 تولہ، شیر بڑ میں حل کر کے چالیس گولیاں بنادیں، خوراک ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ۔

حبوب اکسیر جریان

کشتہ سہ دھاتہ تین تولہ، کشتہ چاندی ایک تولہ، کشتہ فولاد 2 تولہ، آب خیساندہ پوست خشخاش سے برابر تین روز سحق کریں اور گولی بقدر تین سرخ بنادیں خوراک ایک گولی صبح شام ہمراہ شیر تازہ۔

حب مبہی اکسیر الاثر سریع التاثیر مجرب بلا تخلف

ثعلب مصری، شقاقل، خولنجاں، مایہ شتر اعرابی، عنبر اشہب، تخم ہلیون ہر ایک 2 ماشہ، جدوار خطائی، مصطگی رومی، قرنفل، ریگ ماہی، زعفران، عقرقرحا، مشک خالص، مروارید ناسفتہ، کشتہ طلا، کشتہ فولاد، کچلہ مدبر، خراطین مصفی، ہر ایک ایک ماشہ، دانہ ہیل خورد، مغز پستہ، مغز بادام، مغز چلغوزہ ہر ایک 3 ماشہ، شاہ دیمک 5 عدد، خوب باریک کر کے عرق بید مشک میں بقدر سیاہ مرچ گولیاں بنادیں، صبح کو ایک گولی دودھ کے ساتھ کھائیں، اگر ایسڈ آرسنک 4 سرخ اور ایکسٹریکٹ ڈمیانہ 2 ماشہ اضافہ کردیں تو بہت قوی ہوجاتا ہے، کشتہ طلاء کے عوض کلورائیڈ آف گولڈ اور کشتہ فولاد کے عوض فرائی ریڈ کٹم اور کچلہ مدبر کے عوض ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ڈال سکتے ہیں۔

حبوب مقوی باہ

سم الفار سیاہ اصلی 3 ماشہ، زعفران، افیون، ورق چاندی، ہر ایک سات ماشہ چاروں اشیاء کو چار ہفتہ لگاتار بھیڑی کے دودھ میں کھرل کریں اور 200 گولیاں بنالیویں ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کچے دودھ سے استعمال کریں، غذا مرغن کھاویں۔

حبوب ممسک

جائفل، جاوتری، افیون، مازو، اسپند، زعفران، مالکنگنی، موچرس، تج، گوگل، سپاری (چھالیہ) دانہ خورد، طباشیر، اجوائن خراسانی ہر ایک ایک ماشہ سب کو باریک کوٹ چھان کر لعاب اسپغول و ہی

دانہ میں بمقدار جنگلی بیر کے گولیاں بنادیں اور ضرورت کے وقت تازہ پانی کے ایک گولی نگل لیں اور چار گھڑی کے بعد تازہ دودھ گائے میں مصری ملا کر پی لیں اور غذا کچھ نہ کھائیں، تریاق اس گولی کا نمک لاہوری ہے۔

حب ممسک وخوش نشاء مجرب

جائفل، خولنجاں، خصیتہ الثعلب ہر ایک دو تولہ، جاوتری، جدوار ہر ایک ایک تولہ، افیون مصری مصفی 15 گرام، بمقدار نخود گولیاں بنادیں۔

حب مغلظ منی وممسک مقوی باہ ونافع سوزاک

ست سلاجیت، مغز خیار، الائچی خورد، طباشیر، پکھان بید، مصری سفید ہر ایک ایک تولہ، سب کوٹ چھان کر شہد میں گولیاں بنادیں، گولیاں ایک گرام میں چار ہوں، مقدار خوراک چھ گولی تک حسب برداشت وقوت مزاج ہے، ایک گھنٹہ کے لئے چھ گولیاں دو دفعہ کر کے نگل لینی چاہئیں۔

امساک قوی الاثر

مویز منقیٰ اکلاں 8 تولہ، تخم جوز ماثل سیاہ 3 تولہ، اجوائن خراسانی 1 تولہ، آخر الذکر دو اشیاء کو جو کوب کر کے آب شیریں نصف سیر میں اس قدر جوش دیں کہ تیسرا حصہ پانی کا رہ جائے تو سرد کر کے چھان لیں اور تھوڑی دیر رکھ کر بذریعہ بتی مقطر حاصل کریں اور مقطر کو قلعی دار دیگچی میں ڈال کر مذکور الصدر مویز 8 تولہ بھی اسی میں ڈال دیں نرم آنچ سے پکائیں حتیٰ کہ سب عرق جذب ہو جائے اور بار بار سیخ آہنی سے یا چمچے سے ہلاتے رہیں تاکہ برتن کو نہ لگ جائے ورنہ بیکار ہو جائے گا، پھر نکال کر شیشی میں رکھ چھوڑیں، وقت ضرورت، ایک دانہ مویز کھا کر شیر نیم گرم جس میں روغن بادام اور مصری ملے ہوئے ہوں پی لیں سخت امساک رہے گا، نصف دانہ سے طبیعت کی طاقت دیکھیں۔

حبوب تریاق مجلوق

مجلوق کی جملہ قسم کی شکایات رفع کرنے کے علاوہ ہر قسم کی نامردی کے لئے تریاق ہیں جن کا اثر روز اول معلوم ہوتا ہے۔

(1) سافٹ فاسفورس اکسٹراکٹ کوکا جوہر فولاد اکسٹراکٹ نکسوامیکا جملہ اجزا کو یک جا شامل کر کے کریں اور بحفاظت بند کر دیں۔

(2) دوسری کھرل نیم میں مشک خالص 1 ماشہ عنبر اشہب 1 ماشہ مومیائی خالص 1 ماشہ ورق نقرہ 3 ماشہ، طلا 1 ماشہ، زعفران خالص 3 ماشہ، جند بید ستر ماشہ مایہ شتر اعرابی اصلی 3 ماشہ، کرم شاہ دیمک 3 عدد (اگر دستیاب ہو سکیں) بیر بہوٹی جدید 3 ماشہ کف ابابیل خالص 3 ماشہ ست ثعلب مصری 3 ماشہ، مغز ہندی کنجشک خانگی 3 ماشہ برادہ قضیب بجو 3 ماشہ (اگر ہو سکے) ورنہ مجبوراً" برادہ قضیب گاؤ 3 ماشہ ریگ ماہی نر 3 ماشہ، خراطین مصفا 3 ماشہ ماہی روبیان 17 ماشہ جملہ اجزا یک جا کر کے خوب کھرل کریں کہ نہایت باریک ہو جاوے اور در قول کا نشان باقی نہ رہے، بعدہ اس کو نمبر (1) کی کھرل میں شامل کر کے محفوظ رکھیں۔

حبوب مفید تقویت اعضاو دماغ بینظیرو ممسک و دافع نزلہ و زکام

مرکی ایک ماشہ قرنفل دار چینی حسن لبہ صمغ عربی عود ہندی رب السوس ہر ایک 3 ماشہ مصطگی، خولنجان بہمن ہر ایک دو ماشہ ابریشم نقرض چار ماشہ، مومیائی کائی، میعہ سائلہ ہر ایک 6 ماشہ سب کو کوٹ چھان کر روغن بادام میں چرب کریں اور آب کو کنار (پوست) سے گوند کر نخود کے برابر گولیاں بنائیں، مقدار خوراک ایک گولی صبح ایک شام کو دودھ جس میں مصری ملی ہو نگل لیں، یا عرق گلاب اور بادیان کے ساتھ نگل لیں، پرہیز ترشی و بادی اشیاء سے۔

حبوب مقوی باہ

خولنجان 3 ماشہ، بہمن 6 ماشہ، عود صلیب 3 ماشہ، جدوار خطائی اصلی 1 ماشہ، جوزبوا 3 ماشہ، مغزبادام شیریں، مغزپستہ، درونج عقربی، مصطگی رومی، شقاقل مصری، زنجبیل عود خام اصلی، جملہ ادویہ کو یکجا باریک کرکے اس کھرل میں شامل کردیں۔

دیگر

مروارید نا سفتہ ایک ماشہ، یاقوت سرخ ایک ماشہ، زمرد سبز ایک ماشہ، مرجان 3 ماشہ، یشب سبز 3 ماشہ، صدف صادق 3 ماشہ، طباشیر کبود 3 ماشہ، یکجا عرق کیوڑہ و گلاب میں کامل ایک یوم کھرل کروا سے کھرل نمبر 1 کی ادویہ میں شامل کرکے خوب باریک کریں کہ یکساں ہوجاوے، اگر یہ قوام تیار شدہ سخت ہونے کی وجہ سے گولیاں بنانے کے لائق نہ ہو تو حسب ضرورت شہد ملا کر قوام کو لائق حبوب کرلیں، بعدہ، بقدر نخود حبوب تیار کرلیں اور اگر خوبصورت بنانا درکار ہو تو گولیوں پر ورق نقرہ یا طلا چڑھادیں، اس سے دیرپا بھی ہوجائے گی اور صبح و شام ایک ایک گولی شیر گاؤ کے ہمراہ استعمال کریں اور غذا مرغن کھاویں، پندرہ یوم تک 30 گولی استعمال کریں اور ترک کردیں۔

حبوب مقوی باہ، ممسک

سم الفار سفید عمدہ ایک تولہ، افیون خالص 9 ماشہ، زعفران درجہ اول 4 ماشہ اول ہر ایک جزو کو فردا" فردا" پیس کر بعدہ، یکجا کریں اور شیر برگد تازہ 5 تولہ میں خوب سحق کرکے دو ٹکیہ تیار کریں تاکہ اگر ٹکیہ جل جائے یا درست نہ اترے تو دوسرے کے لئے احتیاط ملحوظ رہے، پھر ایک بڑا گٹھا سفید پیاز کالے کر درمیان سے نصف نصف کاٹ کر دو ٹکڑے کریں، ہر دو ٹکڑوں کے عین درمیان سے اتنا اتنا فضلہ نکال کر اس قدر گڑھا بنائیں جس میں ٹکیہ سما جائے، ٹکیہ اندر رکھ کر دونوں ٹکڑوں کو ملا کر آدھ اور پیاز چھل کر چاروں طرف برابر دیگر ہلکا کپڑوٹی یعنی گل حکمت کریں اور دھان کی بھوسی جلا کر جب دھواں نکلنا موقوف ہوجاوے اور انگارہ بھی زیادہ تیز نہ ہوے، اس کے اندر گل حکمت شدہ مذکور رکھ دے، آگ کا اندازہ اس قدر ہو کہ پیاز جلنے نہ پائے، بلکہ مضمحل ہوکر گلابی سی ہوجائے، اگر آگ ذرا بھی تیز ہوگی تو دوا جل کر اڑ جائے گی اور قدرے خاکستر سی رہ جائے گی، سرد ہونے کے بعد نکالیں، سم الفار معہ دیگر اجزاء یکجان ہوکر مومیہ برآمد ہوگا، تار کھینچنے سے ربڑ کی طرح بڑھے گا، پس موٹھ کے برابر گولیاں تیار کریں، ورق نقرہ لگا کر رکھیں، نہایت مقوی باہ، ممسک، مقوی اعضائے رئیسہ، محرد مزاج یا نوجوانوں کے لئے زیادہ مفید نہ ہوگا، موسم سرما اس کے استعمال کے لئے نہایت موزوں ہے، 7 گولی معہ پرہیز بستر کی کمال قوت بخشتی ہے۔

دوران استعمال میں حسب برداشت دودھ گھی، بادام وغیرہ مقوی اغذیہ کا استعمال زیادہ کریں، ترش، قابض اور تلخ اشیاء سے پرہیز رکھیں۔

حبوب سرد مزاجوں کی قوت باہ کے لئے مفید

موصلی سیاہ آدھ سیر کو لے کر ایک سیر دودھ گائے میں جوش دو، جب سارا دودھ جذب ہو جائے تو پھر موصلی کو سایہ میں سکھاؤ، اور پیس لو، پھر جائفل، جاوتری ہر ایک دو چھٹانک لو اور کوٹ چھان کر سفوف بنالو، اور موصلی کے سفوف میں ان دونوں اشیاء کے سفوف کو ملا کر شہد کے ساتھ گولیاں بنالو اور حسب برداشت مزاج کے کھلاؤ یا کھاؤ۔

حبوب مقوی باہ و ممسک

سپند سوختنی (حرمل) 5 تولہ اس میں سے ڈھائی تولہ بھون لو اور ڈھائی تولہ بلا بھونے کے خام رکھو، پھر بھونی اور خام حرمل کو ملا کر باریک کوٹ چھان لو، بعدہ، پوست خشخاش دو تولہ، تل کالے دو تولہ، قند سیاہ (گڑ پرانا) 20 تولہ، پھر تل کالے اور پوست کو بخوبی کوٹ کر باریک کرو، زاں بعد اس میں پرانا گڑ ملا دو اور خوب کوٹو تاکہ یک جان ہو جائے، پھر حرمل کو ملا کر یک جان کر لو، جب کل اجزاء یکجان ہو جائیں تو بندق کے برابر گولیاں بنالو ایک گولی مجامعت سے ایک گھنٹہ پہلے کھا لو یا آدھا گھنٹہ پہلے کھالو، اگر نگلنے میں مشکل ہو تو توڑ کر دو دفعہ کر کے کھالو۔

حبوب مقوی باہ نہایت مفید ہے

سم الفار سفید، شنگرف رومی ہڑتال ورقی ہموزن شراب برانڈی پاؤ بھر میں حبوب بقدر دانہ مونگ تیار فرمادیں، مقدار خوارک ایک گولی بعد از غذا ہمراہ شیر مادہ گاؤ۔

برائے امساک

انبہ ہلدی، شیر مدار دونوں کو کھرل کر کے ملالیں اور گولیاں برابر نخود بنادیں ایک گولی شام کو تین پاؤ دودھ کے ساتھ استعمال کریں، 2 گھنٹہ قبل لیکن اس روز کسی نمکین غذا کا استعمال نہ کیا جائے، ورنہ قے ہو جائے گی، شیرینی دودھ کھا سکتے ہیں، کافی امساک ہوگا۔

حبوب دافع سرعت و احتلام و جریان

دانہ الائچی خورد 18 ماشہ، جائفل 18 ماشہ، دار چینی 18 ماشہ، سپاری ایک تولہ، گل گلاب 1 تولہ، صندل سفید ڈیڑھ ماشہ، کستوری ڈیڑھ ماشہ، ورق طلاء 18 عدد، ورق نقرہ 30 عدد، مومیائی اصل 18 ماشہ، کشتہ فولاد 21 ماشہ، کشتہ ابرک 18 ماشہ، عرق گلاب میں کھرل کر کے نخود کے برابر گولیاں بنادیں۔

نوٹ: صرف مومیائی و سلاجیت بھی ایک رتی اس طرح کھاتے ہیں بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔

حبوب کستوری طلائی

دانہ الائچی خورد 1 تولہ، جائفل 1 تولہ، دار چینی 1 تولہ، سپاری گجراتی 7 ماشہ، گل سرخ 8 ماشہ، ستوری 1 ماشہ، صندل سفید 8 ماشہ، ورق طلاء 3 ماشہ، ورق نقرہ 5 عدد، کشتہ فولاد 3 ماشہ، سلاجیت عمدہ ایک تولہ، سب کو کوٹ چھان کر حبوب بمقدار دانہ نخود تیار کرلیں اور بعد فراغت ایک گولی شہد دودھ سے

کھانا اس دن کی تمام پیدا شدہ کمزوری کو رفع کر دیتا ہے۔

حبوب مقوی و مبہی ممسک اعضائے رئیسہ

سم الفار سفید ایک تولہ افیون خالص 6 ماشہ، زعفران درجہ اول 4 ماشہ، کستوری 3 ماشہ، عنبر 3 ماشہ، ہر ایک کو جدا جدا پیس کر یک جان کرلیں اور شیر برگد تازہ 7 تولہ میں خوب سحق کر کے دو ٹکیہ بنائیں اور ایک بڑا پیاز سفید لے کر درمیان سے کچھ حصہ خالی کریں اور ہر دو ٹکڑوں کے درمیان اتنا اتنا ہی گودا نکالیں کہ چھوٹا سا گڑھا بن جاوے، پھر اس میں ٹکیہ رکھیں، ایک اس میں ایک دوسرے میں پھر منہ ملا کر دو پیاز کچل کر اردگرد رکھ کر مضبوط کپڑمٹ کریں پھر بڑی ہوشیاری سے یہ کام ہو گل حکمت کریں، پھر دھان کی بھوسی جس میں سے دھواں نکلنا موقوف ہو اندر گل حکمت شدہ دوا رکھ کر آنچ دیں گویا پیاز جائے دوا کو ضعف نہ پہنچے پیاز بھی صرف گلابی رنگ کا ہو جائے، ورنہ دوا اڑ جائے گی، پھر نکالیں، سم الفار تمام ادویہ میں مل کر موم سا بن جائے گا اور ربڑ کی طرح سے تار نکلے گی، تمام کو ٹکر سوائے پیاز کے نغدہ کے گولیاں بمقدار دانہ نخود بنالیں اور ورق نقرہ لگا کر رکھیں، مقوی مبہی ممسک مقوی اعضائے رئیسہ الغرض عجیب چیز ہے، دودھ گھی ہضم 7 یا 14 دن کافی ہیں اور نوجوان احتیاط سے کھائیں اور سوائے موسم سرما کے استعمال نہ کریں۔

حبوب الاسرار عنبری

سم الفار 5 تولہ، **کتھ** 10 تولہ، آرد سنگھاڑہ 10 تولہ 2 بوتل عرق لیموں میں کھرل کر کے حبوب **بمقدار** دانہ ماش بنالیں، معمولی کمزوری جو بوجہ عمر کے زیادہ ہو جانے سے ہو جاتی ہے، خون کی خرابی آتشک یا بادی بواسیر یا وجع المفاصل کی شکایت ساتھ ہو، بڑھاپا ستاتا ہو بادی و بلغم کا زور ہو تو یہ گولیاں بعد میں یا ابتدا میں دی جاتی ہیں، بہت مفید ہیں۔

حبوب دافع سرعت انزال

سیماب **مصفی** 5 تولہ، سم الفار 5 تولہ، افیون مدبر 5 تولہ، **کتھ** 15 تولہ، عرق لیموں ایک بوتل، عرق پان ایک بوتل برابر کھرل کرا کر گولیاں دانہ ماش سے نصف بنالیں اور اس میں سے ایک گولی کھلائیں، بعد غذا دودھ و گھی بکثرت ہو گولیاں دافع سرعت انزال ہیں، یہ ان لوگوں کو دی جاتی ہیں جن کو ضعیفی کے سبب سے اسہال، کمزوری سرعت اور اسی قسم کے دیگر امراض نے گھیر رکھا ہو اس صورت میں مجرب ہے۔

حب برائے قوت باہ و امساک مجرب المجوب اور بےنظیر

سالم کھوپرا یعنی ناریل جو کاٹا ہوا نہ ہو ایک عدد جو کہ وزن میں 4 تولہ ہو **تالمکھانہ** 6 ماشہ، افیون 2 ماشہ، بڑھ کا دودھ حسب ضرورت، آٹا گندم گندھا ہوا ایک پاؤ، **ترکیب ساخت**: اول افیون اور تال مکھانہ کو کھوپرے میں سوراخ کر کے ڈالو، پھر دودھ بڑھ سے پر کر کے منہ آٹے سے بند کرلو اور باقی آٹے کو کھوپرے کے اوپر لت پت کر کے اکیس روز غلہ گندم میں دفن کرو، بعد اکیس روز کے نکال کر آٹا وغیرہ اتار لو اور پیس کر جھڑبیری کے بیر کے برابر گولی بناؤ اور ایک گھنٹہ پہلے ایک گولی دودھ گاؤ نیم سیر سے کھاؤ، بہت امساک پیدا کرتی ہے کبھی ترشی کی ضرورت پڑ جاتی ہے۔

حبوب فصل ضعف باہ کے واسطے ازحد مفید ہیں

حب الغراب مدبر یعنی کچلہ تولہ' ستوا سونٹھ 9 ماشہ' دار فلفل 6 ماشہ' نارجیل دریائی تولہ' مروارید نا سفتہ 3 ماشہ' مشک خالص ایک ماشہ' ریگ ماہی نر ڈھائی تولہ' نکچھکنی بوٹی 2 تولہ' مونگا تولہ بکری کے دودھ میں خوب کھرل کر کے حبوب نخود کے برابر تیار کرو' خوراک ایک گولی ایک شام شیر گاؤ سے' اگر اس کے ہمراہ جریان بھی ہو تو وہ تولہ کشتہ قلعی جو بھنگ سے تیار کیا گیا ہو اور 6 ماشہ افیون نسخہ میں زیادہ کرو' نہایت مجرب ہے۔

حبوب جریان سرعت اور سستی باہ کے لئے

دال 2 تولہ' شیر بہہ میں اس قدر گھوٹیں کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو جاوے اور چنا کے برابر گولی بناویں' روزانہ 2 گولی 6 ماشہ بادام روغن سے استعمال کریں۔

حب مقوی

یہ وہ گولیاں ہیں جن کی آج کل دنیا متلاشی ہے' شنگرف رومی 1 تولہ ک پہلے اس قدر کھرل کریں کہ پارہ نابود ہو جاوے' پھر اس میں مروارید ناسفتہ 1 تولہ' مشک 1 تولہ' مشک عنبر ایک تولہ' افیون خالص 1 تولہ' زعفران کشمیری 1 تولہ شامل کریں اور زردی بیضہ مرغ میں ایک ہفتہ کامل کھرل کریں' بعد ازاں حبوب نخودی بنا کر نگاہ رکھیں' حسب ضرورت استعمال کریں۔

حبوب مقوی' مبہی' مغلظ ممسک

(ارکانہ) کشتہ فولاد 6 ماشہ' پھلی ببول بے تخم ایک تولہ صمغ پلاس ایک تولہ' **پہلی ترکیب:** کیکر اور صمغ پلاس کو خوب باریک کر کے کشتہ فولاد ملا کر ایک چینی کی پیالی میں ڈالیں اور اوپر شیر برگد اس قدر ڈالیں کہ اشیائے مذکورہ تر ہو جاویں اور قدرے شہد ملا کر ہاون دستہ میں خوب کوٹیں کہ مثل موم کے ہو جاویں' پھر حبوب بقدر نخود تیار کریں' خوراک یک حب ہمراہ شیر مادہ گاؤ نیم گرم کے یہ حبوب طاقت کے بڑھانے میں ازحد مجرب ہیں۔

حب ممسک امساک کے لئے بینظیر ہیں

لطف یہ ہے کہ اس میں افیون شامل نہیں' عقر قرحا 3 ماشہ' تخم ریحاں 2 تولہ' قند سفید 27 ماشہ' بقدر نخود گولیاں بنالیں' دو گھنٹہ پہلے بقدر 3 ماشہ کھاویں تریاقی پانی ہے۔

حبوب جریان عجیب الاثر

تخم جوز ماثل 1 تولہ' مرچ سیاہ 6 ماشہ دونوں کو علیحدہ علیحدہ خوب باریک کر کے شیر برگد میں ایک روز کھرل کریں اور نخود کے برابر حبوب بناویں' خوراک ایک حب علی الصبح ہمراہ شیر یا دیان یہ جریان کے لئے بارہا کی مجرب ہیں' جریان کے علاوہ امساک میں بھی ازحد مفید ہے۔

گولی قوت باہ' لاجواب

مشک خالص 4 رتی' زعفران چار رتی' لونگ' عقر قرحا' الائچی خورد' مصطگی رومی' جاوتری' موصلی

سیاہ، چوب چینی، اجوائن خراسانی، بیج بنفشہ، تیج بل مدن مست، مالکنگنی، گوگیرد، تخم کونچ، حرمل، کالی مرچ، پیپل، سمندر سوکھ تخم اونٹگن، بیج چناور منڈی، تخم گندر، اندر جو بھنے ہوئے، موچرس، سونٹھ ہر ایک اڑھائی ماشہ سب کو کوٹ چھان کر قند سیاہ (گڑ) میں حل کر کے بقدر جنگلی بیر کے گولیاں بنائیں اور رات کو دو گولیاں دودھ گائے کے ساتھ کھلادیں، مگر کوئی اور غذا نہ کھلائیں اور پان جس قدر مریض چاہے چبانے کی اجازت دیں قابل تعریف قوت پیدا ہوگی۔

حب ممسک

جوزبویہ، بسبلہ، افیون، مازو، اسپند، مصطگی، زعفران، ناگ کیسر موچرس تج، گوگل، سپاری چھالیہ دانہ الائچی خورد اجوائن خراسانی ہر ایک 3 ماشہ، سب کو باریک کوٹ کر اسپغول یا بہی دانہ کے ہمراہ جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنادیں اور ضرورت پر ایک گولی پانی کے ہمراہ کھائیں اور چار گھڑی کے بعد شیر گاؤ مصری سے شیریں کر کے نوش کریں۔

دیگر

افیون، کافور شنگرف، عقرقرحا، جوزبوا، مصری ہر ایک تولہ تولہ، زعفران جندبید ستر ہر ایک 6 ماشہ، بیر بہوٹی 10 عدد سب کو باری کوٹ کر کنار دشتی کے برابر گولیاں بنادیں اور خالی معدہ میں ایک گولی کھائیں۔

حب عجیب قوت باہ زیادہ کندو در امساک بیعدل است، کیف خوب دارد اشتہائے طعام آرد

جندبید ستر، کافور، ہر ایک نیم مثقال، پوست ترنج، فرنجمشک، سنبل الطیب، قرنفل، بسبلہ، سعد زرنباد، جوزماثل، بزرالبنج، سک کشنیز، عنبر ہر ایک اشقال، مصطگی، گل سرخ، صندل، عودالفرح ہر ایک 9 گرام جوزبوا، بیخ الفاح، جدوار، زعفران ہر ایک 14 گرام ورق عملاً ورق نقرہ ہر ایک 35 عدد سب کو باریک کوٹ کر بطریق معمول کنار دشتی کے برابر گولیاں بنادیں اور ضرورت پر ایک گولی کھائیں، اگر یہ گولیاں چند روز تک متواتر ایک گولی ہر روز کھائیں، مذکورہ بالا فوائد ہوں۔

حب جہت امساک نظیر ندارد

جوزبوا، شنگرف رومی، عقرقرحا، افیون ہر ایک ایک درم کو باریک باریک کوٹ کر شہد کی مدد سے بیں گولیاں بنادیں اور وقت عشا ایک گولی کھائیں اور ساتھ ہی ایک بیڑا پان کا کھائیں، بے حد امساک ہوگا۔

گولیاں مقوی باہ

مجرب سلطان ابراہیم خلجی

دار چینی، کباب چینی، عقرقرحا، خولنجان، سونٹھ، لونگ، جائفل، افیون ہر ایک تین تولہ، مشک 2 تولہ، سب کو باریک کر کے کپڑے میں چھان لیں اور شہد خالص میں گولیاں دو دفعہ دانہ نخود کے برابر بنادیں، ایک گولی صبح کے وقت بنگلہ پان کے ساتھ کھائیں اور تھوڑا سا لعاب گولی کا طلاء کردیں، ملذذ بھی ہیں۔

حبوب مقوی باہ و اعضائے رئیسہ

عنبر اشہب 2 ماشہ، خصیتہ الثعلب 2 ماشہ، خولنجاں 2 ماشہ، قرنفل گلدار 2 ماشہ، مشک خالص 2

ماشہ' مایہ شتر اعرابی 2 ماشہ' سب کو باریک کر کے آب تازہ میں بقدر نخود گولیاں بنادیں اور سایہ میں خشک کر کے محفوظ رکھیں' ایک حب علی الصبح ہمراہ عرق گاؤ زبان کے کھلا دیں۔

گولیاں مقوی باہ دافع سرعت انزال اور امساک آور

نکچھکنی' موصلی سیاہ' ستاور' تخم کونچ' اوٹنگن' پوست بیخ' اونٹ کٹارہ مال کنگنی' ان سب ادویہ کو ہموزن لے کر باریک کوٹ چھان لیں پھر کچھ پرانا گڑ لے کر اس کو شیرہ ادرک میں حل کر کے اس سفوف میں اس قدر ملا دیں کہ گولیاں اور بخوبی حل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور روزانہ ایک دودھ کے ساتھ کھائیں' ترشی' بادی اور جماع سے پرہیز کریں۔

نسخہ حبوب مقوی باہ

یہ گولیاں باہ کو بڑھاتی ہیں' خون صالح پیدا کرتی ہیں' فرحت دیتی ہیں اور سستی نامردی' جریان' احتلام اور سرعت رقت وغیرہ کے لئے تحفہ ہیں۔

ثعلب مصری 6 تولہ' شقاقل مصری ڈیڑھ تولہ' بیج بند گجراتی' موصلی سنبل' ریگ ماہی' مغز چرونجی' مغز بادام ہر ایک 2 تولہ' بیج بند گجراتی' موصلی سنبل' ریگ ماہی' مغز چرونجی' مغز بادام ہر ایک 2 تولہ' طباشیر' مایہ شتر اعرابی' تودری سرخ' تودری سفید' تودری زرد' مصری' نارجیل' موچرس' ستاور' گوند کیکر' گوند کتھا ہر ایک 9 گرام الائچی خورد بہمن سرخ سفید روح کیوڑہ' آب برگ پان' آب بوٹی نک چھکنی ہر ایک 12 گرام ست بہو پھلی' ست برگ برگد' کشتہ قلعی' کشتہ مرجان' کشتہ فولاد' کشتہ چاندی' زعفران' افیون ہر ایک 3 ماشہ' سب کو باریک کر کے بقدر نخود گولیاں بنادیں' خوراک 2 گولی ہمراہ دودھ کے۔

نسخہ مجرب برائے قوت باہ

میٹھا تیلیا ایک تولہ' سم الفار 5 رتی' فلفل سیاہ تولہ' دھتورہ کے پھول تولہ آک کے پھول کی کلیاں تولہ' ارنڈ کے پھول تولہ' ہرمل کے پھول تولہ' پوست ببول کی تریاں تولہ' عقر قرحا 9 ماشہ' دار چینی 9 ماشہ اور ہر سہ ادویات ہر یک کھرل کر کے باقی ماندہ علیحدہ علیحدہ کوٹ کر شامل کریں' پھر مکرر کھرل کریں' بقدر ضرورت شہد ملا کر دانہ موٹھ کے برابر گولیاں بنادیں' ہر روز ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

نوٹ:' ہر وزن ہر ایک خشک دوا کا ہے۔

حبوب مقوی ڈاکٹری

سفوف کچلہ 2 گرین' برومائیڈ آئرن 30 گرین' فاسفورس 1/3 گرین' ایکسٹریکٹ آف جنشن' حسب ضرورت' سب کو حل کر کے 40 گولیاں بنادیں اور بوقت خواب ایک گولی کھاویں' اس سے علاوہ تقویت باہ کے جریان منی اور احتلام کو بھی کمال فائدہ ہوتا ہے' اگر نسخہ مذکور میں فاسفورس کی بجائے فاسفورس آئیل ڈالا جاوے تو زیادہ تر فائدہ مند ہے' کیونکہ اکثر اوقات فاسفورس کے ڈالنے سے آگ لگنے کا اندیشہ رہتا ہے' اثنائے استعمال میں مریض کو ہدایت کریں کہ اعضائے تناسل کو گرم پانی سے دھویا کرے اور کشتی وغیرہ ورزش اختیار کرے' غذا مقوی دیں۔

حب مرکب مقوی باہ

یہ دو گولیاں ہیں جو خاص میرے مجربات سے ہیں اور قوت باہ میں بڑی مفید ہونے کے علاوہ کم خرچ و آسان بھی ہیں اور جملہ شکایات کمزوری کو رفع کرتی ہیں۔
ریگ ماہی نر، بیر بہوٹی، خراطین مصفی، ماہی رودیاں، جندبید ستر اصلی، ثعلب مصری، شقاقل مصری، جدوار خطائی، ست سلاجیت، مصطگی رومی عود صلیب زعفران اصلی، عود غرقی اصلی، جوزبوا، جاوتری، قرنفل، دار چینی، خولنجاں، دار فلفل، بہمن سرخ سفید، مغز بادام شیریں، مغز پستہ نارجیل، تک چھکنی، درونج عقربی، عقرقرحا، صدف مرواریدی، مرجان سرخ ہر ایک 3 ماشہ، اور اگر زیادہ قوی کرنا مقصود ہو تو مشک خالص، عنبر اشہب، ورق نقرہ، ورق طلاء ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، اضافہ کریں، ورنہ خیر، سب ادویات کو کوٹ چھان کر ہمراہ شہد، خوب کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بنادیں اور صبح و شام ہمراہ دودھ گائے کے چار سے آٹھ حب تک کھایا کریں، ترشی و جماع سے پرہیز رکھیں۔

حبوب ممسک تا ترشی مجرب

…دگی یہ ہے کہ اس میں نشی کوئی دوا نہیں مغز تخم بید انجیر، تخم پنواڑ باپچی ہر ایک ایک تولہ، عقرقرحا 6 ماشہ، زعفران 3 ماشہ، مشک خالص ورق طلاء و ورق نقرہ ہر ایک 2 ماشہ، سب کو باریک کر کے نخود سے کسی قدر زیادہ گولیاں بنالیں، اور قبل دو ساعت ہمراہ دودھ کے ایک یا دو گولیاں کھالیں، عجیب چیز ہے۔

گولیاں مقوی باہ

یہ گولیاں نہایت مقوی باہ ممسک، مفرح، مولد خون صالح، مقوی اعضائے رئیسہ، دافع سرعت رقت، جریان احتلام اور قبض کشا ہیں، نامردی سستی کے لئے آب حیات ہیں، دو ہزار مایوس مریض ان سے شرطیہ صحت حاصل کر چکے ہیں، ثعلب مصری، شقاقل مصری، مغز تخم املی مقشر، تج سک، ریگ ماہی نر، تخم کھارا، چرونجی، کمرکس، ست بہو پھلی، تخم کنگھی نارجیل تازہ، موصلی سفید، موصلی سیاہ، موصلی درخت سنبل ہر ایک ایک تولہ، گوند کیکر، گوند کتیرا، مایہ شتر اعرابی، اندر جو، بیج بند گجراتی طباشیر، ست برگ برگد، اسگندھ ستاور، آرو سنگھاڑ، گوکھرو، ثمر ببول خورد، عطر فندق، مصری ابابیل، مغز پستہ، مغز چلغوزہ، مغز پنبہ دانہ ہر ایک 7 ماشہ، زردی بیضہ مرغ جوشاندہ، زعفران 72 ماشہ، مروارید محلول، کشتہ مرجان ہر ایک ایک ماشہ، ورق نقرہ 2 عدد ورق طلاء 10 عدد، کشتہ فولاد، کشتہ قلعی ہر ایک 3 ماشہ، روح کیوڑہ 4 تولہ، عرق برگ پان 5 تولہ، تمام اشیاء کو کوٹ چھان کر روح کیوڑہ و عرق برگ پان میں کھرل کر کے گولیاں بقدر کوکن بیر کے بنادیں، خوراک ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ دودھ اس قدر طاقت ہوگی کہ ضبط کرنا دشوار ہو جائے گا اور کیسا ہی ست نامرد ہو نوجوان پہلیتن ہو جاوے گا، بارہا کی مجرب اکسیر صفت ہیں، ان گولیوں کے ہمراہ اگر طلاء کا استعمال کیا جاوے تو سونے پر سہاگہ کا کام دے گا، مجلوقوں کے لئے آب حیات ہے۔

مقوی باہ گولیاں

جائفل دو حصہ، مصطگی پانچ حصہ، گلقند دو حصہ، عقرقرحا ایک حصہ، پرانا گڑ ایک حصہ، عود لوبان ایک حصہ، کباب چینی ایک حصہ، سب کو باریک کوٹ چھان کر شہد میں حل کر کے گولیاں بمقدار جنگلی بیر کے بنادیں اور صبح کے وقت ایک گولی دودھ کے ساتھ نگل لیں۔

امساک کی گولیاں

عقر قرحا، جائفل، افیون، عود، لونگ، سب کو ہموزن لیں اور کوٹ چھان کر شہد میں حل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنادیں اور خلوت سے چار گھڑی پہلے دو گولیاں دودھ کے ساتھ نگل لیں جب تک لیموں کا رس نہ چوسیں گے، امساک قائم رہے گا۔

حب مقوی باہ

عجیب و غریب اور ایک لاجواب تحفہ ہیں جیسی قیمتی ہیں ویسی ہی بفضل خدا فوائد میں بے نظیر ہیں، ہر قسم کی کمزوری، ناطاقتی کو دور کرکے بدن کو اچھی خاصی طاقت پہنچاتی ہیں، ست سلاجیت، ورق نقرہ، کشتہ شنگرف، گوند چھوہارہ، ہر ایک ایک تولہ، مشک خالص، ورق طلاء، کشتہ سم الفار نہ ملنے پر سم الفار خام بھی ڈالا جاسکتا ہے ہر ایک 2 گرام کل اجزاء ملا کر کھرل کریں کل اجزاء آپس میں یک جان ہو جائیں بعدہ ایک گرام میں آٹھ گولیاں بنائیں خوراک ہر صبح ایک گولی مسکہ یا بالائی میں رکھ کر نگل جایا کریں، دس منٹ ٹھہر کر دودھ گائے بقدر برداشت پیویں، غذا عمدہ مرغن اور گھی دودھ ذرا زیادہ کھاویں، دوائی کو نہار منہ نہ کھانا چاہیے بلکہ پہلے کچھ کھا کر پھر استعمال کریں۔

حب مقوی

بچپن کی بے اعتدالیوں یا بدکاریوں کے باعث، نامردی، کمزوری باہ احتلام، جریان درد گردہ یا کمزوری دماغ کے لئے نہایت مفید ہیں۔

کچلہ 5 تولہ، آٹھ پہر آگ پر پانی میں ڈال کر پکاویں، ہر ایک گھنٹہ بعد پانی بدل ڈالیں آٹھ پہر کے بعد گرم گرم کا چھلکا دور کرکے پتہ نکال کر چاقو سے باریک کرکے خوب کوٹیں اور نیم سیر دودھ بھینس کا ڈال کر کھویا بنا کر چینی میں گولیاں بقدر چنے کے بنادیں، ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ یا مطابق طبیعت کے دیں۔

حب اکسیر باہ مقوی اعصاب و اعضائے رئیسہ مشتہی طعام دافع بواسیر

کشتہ طلاء 1 ماشہ، کشتہ نقرہ 1 ماشہ، کشتہ فولاد 2 ماشہ، کشتہ بیضہ مرغ 2 ماشہ، جواہر مہرہ 1 ماشہ، جوہر کچلہ 3 سرخ، جوہر سنکھیا 3 سرخ، کونین 3 ماشہ، سقمونیا 3 ماشہ، ان سب ادویات کو باہم کرکے مویز منقے 14 ماشہ میں گولیاں بقدر یکسرخ بنادیں، خوراک روزانہ ایک گولی بعد از طعام۔

حب کثیر الفوائد

یہ گولیاں خونی اور بادی بواسیر اور خنازیر کے لئے اور خون کی خرابی میں مفید و مجرب ہیں اور بفضلہ تعالٰی ہزار ہا پھوڑے پھنسیوں کے پکڑے ہوئے بیمار آئے دن ان سے صحت یاب ہوئے تھے، اور ایسے موقعے پر معرکے کے ساتھ ان گولیوں کا استعمال کرتے تھے، نسخہ مستر کہ یہ ہے۔

کچلہ نیم بریاں ایک تولہ اجوائن دیسی نیم بریاں ایک تولہ گندھک مغسول 1 تولہ، چاکسو نیم بریاں 1 تولہ، سب کو کوٹ چھان کر رکھیں اور رسوت مصفی 3 تولہ، رات کو عرق عشبہ 8 تولہ میں بھگو دیں، صبح اٹھ کر ذرا ہلا دیں، جب ریت وغیرہ نیچے بیٹھ جاوے، پانی نتھار لیں اور ان اشیاء میں ڈال کر کھرل کریں، جب

پانی خشک ہو کر گولیاں بننے کے قابل ہو جاوے تو حب بقدر نخود بناویں' روزانہ 2 گولی باسی پانی سے گل لیں اگر زخم یا خیار ریا بواسیر کے موکوں پر گھس کر لگادیں اور معمولی زیادہ استعمال کریں' میٹھی اور ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔

حب ممسک

خاص تجربہ کی چیز ہے' اور کمال مفید' علاوہ ازیں رقت' احتلام اور تقویت بدن کے لئے بھی مفید ہے' زعفران 2 رتی' کستوری 4 رتی' جائفل 3 ماشہ' جاوتری 2 ماشہ' چھوہارہ خستنہ بر آوردہ ایک تولہ' افیون منڈی 4 رتی' ورق نقرہ 4 رتی' پہلے چھوہارہ کی گٹھلی نکال کر اس میں افیون ڈال کر منہ بند کر کے اوپر آٹا لگا کر گرم بھوبھل میں پکاویں' جب آٹا سرخ ہو جاوے آٹا نکال کر آٹا دور کر کے چھوہارہ معہ افیون و جائفل و جاوتری شامل کر کے خوب گھوٹیں کہ یکجان ہو جاوے' اس کے باقی اجزا کو الگ الگ باریک پیس کر اس میں ملادیں اور خوب اچھی طرح سے کھرل کر کے یکجان کر کے بقدر ایک ایک رتی کے گولیاں بنالیں اور دو گھنٹہ ایک یا دو گولیاں کھالیں ... عجیب سرور ہوگا اگر غذا نہ کھاویں اور بھوک لگنے پر صرف دودھ پیویں تو نہایت اچھا ہے۔

بیان چوتھا

سفوف یا چورن

سفوف جریان اکسیر

تخم املی مقشر 5 تولہ' گل شکرتری ڈھائی تولہ' سفوف چھال مولسری 1 تولہ' باہم کوٹ چھان کر برگد کے دودھ میں تر کر کے بعد 3 روز کے ایک متوسط ناریل میں بھر کر اوپر سے تراشے ہوئے ٹکڑے ناریل سے بند کر دے' پھر اسے گل حکمت کر کے چولہے کے نیچے دفن کر دے مگر بالشت بھر کھود کر بعد 3 روز کے نکالے اور معہ ناریل کے بعد دور کرنے گل حکمت کے باریک سفوف بنالے اور اس میں پھر قطرہ برگد کا دودھ ملا کر کھالے' اوپر سے دودھ گائے پی لے 40 روز تک خوراک 6 ماشہ روز مجرب و آزمودہ ہے۔

جریان کا مجرب نسخہ سفوف

بہمن سفید' موصلی سفید' موصلی سیاہ' پورانیہ' موصلہ سیمل' تخم تمر ہندی (املی) خولنجاں (کلنجن) تخم سروالی' بیج بند' کمرکس' مغز فندق' مال کنگنی' مغز نارجیل (ناریل) مغز پنبہ دانہ' بنولہ' فوفل (چھالیہ) سفید خار خشک ہر ایک ادویہ 3 ماشہ' ثعلب مصری 6 ماشہ' شقاقل مصری ساڑھے چھ ماشہ' برگد کی ریش 6 ماشہ' اسگند ناگوری 6 ماشہ' صمغ (یعنی گوند) ڈھاک' صمغ ابتہ' پھول مکھانہ ہر ایک ایک تولہ' چھال ارجن 2 تولہ' سبوس اسپغول 3 تولہ' ست بہروزہ 2 تولہ' تمام ادویہ کو کوٹ کر سفوف بناویں' 3 ماشہ شام و 3 ماشہ صبح برابر مصری ملا کر یہ ہمراہ شیر گاؤ 21 شبانہ روز صحت کلی حاصل ہوگی' نہ صرف جریان کو مفید ہے' بلکہ سرعت و رقت کا قلع قمع کرتا اور مقوی باہ ہے۔

سفوف مغلظ جو کہ ممسک و مقوی باہ ہے

موصلی سیاہ، موصلی سفید، مغز سنگھاڑہ، بل بیج، تال مکھانہ، تخم کونچ، تخم انگن، اجوائن خراسانی، موچرس، کمرکس، گوند گجراتی، سونٹھ، بیج گوکھرو تیج بل، جائفل، مالکنگنی (گھی میں بھون کر) سب کو برابر وزن لے کر اور سب کے برابر شکر تری (کھانڈ) ملا دیوے، خوراک 2 ماشہ شہد میں کھاوے۔

دیگر

عقرقرحا، موچرس، موصلی سیاہ، موصلی سفید، بھو پھلی، اندر جو شیریں، گوکھرو (خار خشک) بسد (بیخ مرجان کشتہ یا ویسے) ست گلو، کونچ، لہسوڑیاں، انگن، تخم بل، مکھانہ، کباب چینی، مصطگی رومی کوٹ کر چھان کر سفوف تیار کریں اور کل سفوف سے دگنی مصری ملا دیوے، صبح 3 ماشہ بہمراہ دودھ کے کھاوے لکھا ہے کہ دیر یہ گاڑھا اور زیادہ ہونے کے بعد اتنی قوت ہو کہ 20 عورتوں کا خاوند ہو سکتا ہے۔

نوٹ: اس سے کوئی یہ غلطی سمجھے کہ جہاں 10 عورتیں یا 20 عورتیں لکھی ہیں اس کے معنے یہ ہیں کہ اتنی عورتیں رکھنے کی اجازت ہے "ایک مرد کے واسطے اک عورت قدرت کا اصلی مقصد معلوم ہوتا ہے" ان ادویات کی طاقت کو ذہن نشین کرانے کے واسطے ویدک و یونانی کتب میں ایسی ایسی تعریف کی ہوتی ہیں، ہم ان کو مندرجہ الفاظ میں تھوڑا سا لکھ دیتے ہیں۔

20 قسم کی پرمیہہ کا ستیاناس

پرمیہہ بدھ رس

کشتہ پارہ، کشتہ فولاد، کشتہ لوہا، سلاجیت مصفی، کشتہ سونا مکھی، ہنسل مصفی ترکٹا (مرچ سیاہ، پیپل سونٹھ) ترپھلا (پوست بلیلہ، پوست ہلیلہ، آملہ مقشر) کنکول کے بیج، کیتھ کا گورلہ، ہلدی، کوٹنے والی دوائی کوٹ کر اور کشتہ جات کو ملا کر بھانگرے کے رس کی 20 پٹھ دیوے، ایک پٹھ ایک دن میں آجاوے تو 20 دن میں 20 پٹھیں پوری ہو سکتی ہیں، کسی قسم کا پرمیہہ اور کیسا ہی پرانا ہو اس سے دور ہو سکتا ہے، خوراک 4 رتی سے جہاں تک برداشت ہو سکے اور بکائن کے بیجوں کا سفوف کر کے اس کو 4 تولہ چاولوں کے دھوون میں ملا دیوے اور اس سے اس پرمیہہ بدھ رس کو کھاوے۔

سفوف جریان

پوست بہیڑہ 4 تولہ، الائچی سفید 2 تولہ، دھنیا 4 تولہ، پوست بلیلہ 4 تولہ، ناگ کیسر 4 تولہ، تخم ریحان 4 تولہ، زیرہ کشمیری 4 تولہ، پوست آملہ 4 تولہ، مغز کونچ 4 تولہ، دار چینی 4 تولہ، لونگ 4 تولہ، مصری 7 چھٹانک، خوراک 6 ماشہ دودھ سے۔

سفوف مقوی باہ

موچرس، تخم کونچ، تال مکھانا، ستاور، اسگندھ ناگوری، موصلی سیاہ، موصلی سفید، دار چینی، ہر ایک دو تولہ، پیپل 6 ماشہ، الائچی کلاں 6 ماشہ، تمام کو کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملا کر رکھیں ہر روز صبح کے وقت بقدر دس ماشہ گائے کے دودھ کے ہمراہ کھائیں، بادی ترشی اور جماع سے پرہیز رکھیں۔

سفوف مقوی باہ

ثعلب مصری، تالمکھانہ، موصلی سیاہ، تخم کونچ، اندر جو شیریں، مغز تخم انگن، بیج بند، سمندر سوکھ،

گوند ناگوری، موچرس، ستاور، لہسوڑہ خورد، تخم ہلہل، اپھل پترج، دارچینی، الائچی خورد، بالچھڑ، مصطگی، سورنجان، دودہی خورد، نمتو بالا اسگندھ ناگوری، سونٹھ، ہر ایک 1 تولہ مصری ہموزن اور ان تمام کو کوٹ چھان کر بقدر دس ماشہ قدرے شیر گاؤ کے ہمراہ مصری ڈال کر کھائیں۔

سفوف مغلظ منی و مقوی باہ

رقت منی کے واسطے خواہ بڑھاپے میں کیوں نہ ہو اکسیر ہے، تخم سروالی، اسگندھ تج رال سفید، تخم انگن، مساوی الوزن لے کر کوٹ چھان کر برابر وزن کھانڈ ملا کر رکھیں، بقدر 1 تولہ ہمراہ شیر گاؤ آدھ پاؤ کے کھائیں۔

دیگر

بیجبند سیاہ، تخم چولائی، رال سفید، تالمکھانہ، ست سلاجیت، اسگندھ ناگوری، پیپل کی داڑھی، سب مساوی الوزن لے کر سفوف کریں اور ہر روز صبح کو بھینس کے خام دودھ میں بجائے شکر کے شہد حل کر کے 9 ماشہ سفوف پھانک لیا کریں۔

دافع جریان مردمان و زنان

یہ نسخہ مردوں کے جریان و احتلام کو نافع ہے، اور عورتوں کی سفید رطوبت یعنی جریان الرحم کو مفید ہے، ثعلب مصری مصطگی رومی تالمکھانہ نشاستہ، کتیرا، صمغ عربی، طباشیر سفید، مغز تخم خربزہ، موصلی سفید ہر ایک 6 ماشہ، مغز تخم تمرہندی 9 ماشہ، گل ارمنی 3 ماشہ، گلنار فارسی 3 ماشہ، موصلی سیاہ 3 نبات سفید 4 تولہ سفوف بنا کر ہر صبح 1 تولہ، ہمراہ پاؤ شیر گاؤ تازہ کے نوش کریں۔

سفوف جو جریان اور جریان الرحم دونوں کو فائدہ دیوے

سورانبہ 1 تولہ، گل پستہ، موربول 1 تولہ موچرس 6 ماشہ، ثعلب مصری 1 تولہ تالمکھانہ 1 تولہ، چنیاگوند 6 ماشہ، گل ارمنی 6 ماشہ، مصطگی رومی 6 ماشہ، طباشیر سفید 6 ماشہ، شقاقل 6 ماشہ، ستاور 6 ماشہ موصلی سفید 6 ماشہ، گل سرخ 6 ماشہ، نشاستہ 6 ماشہ، گوکھرو 6 ماشہ، بیج بند 6 ماشہ، مغز تخم تمرہندی مقشر 1 تولہ، نبات سفید ہموزن سفوف بنا کر 1 تولہ صبح شیر گاؤ کے ساتھ کھائیں۔

سفوف برائے جریان و سوزش بول و سوزاک و گرمی مثانہ و

خزانہ بیرج

گوند ببول اور چھال و کونپل ببول، ہر ایک دو دو تولہ کا سفوف بنا کر ہموزن شکر سفید ملالیں اور ہر روز ایک کف دست پھانکتے جائیں، آرام دہ ہے۔

سفوف برائے جریان

جو کہ سوزاک کو نافع ہے، مریضان سوزاک کو اکثر جریان ہو جایا کرتا ہے، جب کہ سوزاک کی بھی شکایت ہو تو اس نسخہ کا استعمال کرنا چاہیے، پیپ کو بھی بہت فائدہ کرتا ہے، احتلام اور سرعت کو مفید ہے، گرم مزاجوں کو بہت ہی مفید ہے، رال 3 تولہ، چنا بھنا ہوا مقشر 2 تولہ، مصطگی رومی 2 تولہ، پوست آملہ مقشر 2 تولہ، طباشیر 1 تولہ، الائچی خورد 1 تولہ، گوکھرو کلاں 2 تولہ، مصری کوزہ ڈیڑھ تولہ تمام ادویہ علیحدہ علیحدہ

کوٹ چھان کر مصری ملا کر بقدر 1 تولہ ہمراہ ایک رتی کشتہ رانگ، شیر گاؤ کے ساتھ ہر روز صبح کو کھانا چاہیے گرم و ترشیر و ثقیل چیزوں سے احتراز کریں۔

سفوف دافع سرعت

پوست درخت سیمبل، کانپل، تخم انگن، تخم پیاز، سرسوں، تره تیزک، فلفل گرد تخم ترب، لونگ عقرقرحہ، بسبایہ (جوتری) پوست خشخاش، موچرس، تخم کونچ سونٹھ ہر ایک 9 ماشہ، زعفران ڈیڑھ ماشہ، مشک اورم، تمام ادویہ کوٹ کر رکھیں، 3 ماشہ روزانہ دودھ کے ساتھ 6 ماشے دو گھنٹے قبل کھاویں تو اس کا بہت سا اثر ملاحظہ فرمادیں، آزمائش شرط ہے۔

دیگر

ستاور، کھرٹی، بیج بند، بداری کند، گوکھرو، آملہ یہ 6 اشیاء خاص طور پر ویریہ کو پیدا کرنے والی و گاڑھا کرنے والی مانی گئی ہیں، ان کا سفوف کر کے گھی و شہد و مصری کے ساتھ چاٹے یا ان میں سے ایک ایک کا سفوف گھی، شہد و مصری کے ساتھ چاٹے اور اوپر سے دودھ پیوے تو یہ نہایت ہی سستی اور بیرونی نظر سے معمولی اشیاء قابل تعریف فائدہ دیتی ہیں، ستاور، گوکھرو کونچ بیج، گل شکری، بدھارا تال مکھانہ کے سفوف کے بھی یہی تعریف لکھی ہے، نیز یہ بھی لکھا ہے کہ اس کے کھانے والا لبس نہیں ہوتا۔

دیگر

ہمارا تجربہ ہے کہ مندرجہ ذیل اشیاء ویریہ کو پیدا کرنے کے واسطے بے نظیر ہیں، نیز ان کا سفوف گاڑھا کرتا ہے، سرعت، احتلام و جریان کو مفید ہے اور مقوی باہ ہے۔

بیج بند، کنگیون کے بیج، سینبھل کا موسلہ، کونچ بیج، بداری کند، ثعلب تال مکھانا، بہو پھلی، موصل سیاہ برابر وزن بطور سفوف ہمراہ نبات سفید ہموزن کھائیں۔

سفوف جریان منی خواہ کیسی ہی سخت حالت ہو

پوست نرم بیخ ڈھاک ایک سیر پوست بیخ لہسوڑہ ایک سیر پوست بیخ درخت، پیپل ایک سیر، پوست بیخ درخت سنبھل ایک سیر، لہسوڑہ خورد ایک سیر، تمام کو ریزہ ریزہ کر کے مٹی کی ہانڈی میں دس سیر پانی ڈال کر یہ دوا پکاویں پکتے پکتے جب ایک سیر پانی باقی رہ جاوے تو پانی کو کپڑے سے چھان لیں اس پانی میں چاول جس قدر پک سکیں، دم پخت کر کے پکاویں، اس کے بعد چاولوں کو سائے میں خشک کریں، خشک ہونے پر نصف کو آگ پر بھونیں اور نصف کو ویسے ہی رکھیں، دونوں کو باریک پیس کر کپڑے سے چھان کر ہموزن شکر سفید ملا کر رکھیں، روزانہ بقدر ایک ڈیڑھ تولہ کھا کر اوپر سے گائے کا دودھ پیویں، متواتر تین ہفتہ تک استعمال کریں۔

سفوف قوت باہ کو بڑھاتا اور منی کو زیادہ کرتا ہے

گوکھرو ایک پاؤ، تج ایک پاؤ، دونوں کو دو سیر گائے کے دودھ میں پکاویں، جب تمام دودھ جذب ہو جاوے، سایہ میں خشک کریں اور باریک پیس کر ہموزن مصری ملا کر بقدر، ایک تولہ گائے کے دودھ کے ہمراہ صبح کے وقت کھاویں۔

سفوف دافع جریان منی

نشاستہ گندم 7 ماسہ گوند ڈھاک 6 ماسہ گوکھرو کوفتہ پختہ 1 تولہ پھل درخت بکائیں پختہ جو درخت ہی میں پک کر زرد ہو گئے ہوں 2 تولہ کشتہ قلعی 9 ماشہ تمام کو کوٹ چھان کر مصری ہموزن ملا کر صبح کے وقت 9 ماشہ کھائیں۔

دیگر

بہمن سرخ، بہمن سفید ہر ایک ایک تولہ، تخم بالنگو 3 تولہ، میدہ لکڑی ڈیڑھ تولہ، ثعلب مصری 2 تولہ، مصطگی رومی 2 تولہ، دار چینی قسم اول 2 تولہ، کوٹ چھان کر مصری ہموزن ملا ر سفوف بنائیں اور 4 ماشہ سے سات ماشے تک حسب طاقت روزانہ کھائیں۔

سفوف مغلظ

ان کے لئے لکھا جاتا ہے، کہ جن کے ماج میں گرمی ہے، اور موسم سرما میں بھی کوئی گرم دوائی کھالیویں تو بجائے فایدے کے نقصان ہوتا ہو تو وہ ذیل کا سفوف بنا کر کھاویں جریان، احتلام رقت منی، سستی، کمزوری کو فایدہ عظیم ہو گا، اور قوت باہ زیادہ ہو گی امساک بڑھاوے گا۔

گوکھرو، طباشیر، الائچی سبز، تالمکھانہ، گوند کتیرا، بہمن سینی کافور 4 ماشہ، چار مغز، مغز تخم تمہندی، کشتہ قلعی 1 تولہ ابرک سفید 1 تولہ، لونگ، اسگندھ کھانڈ دیسی سب وزن میں 3 تولہ ہو، لیکن کشتہ قلعی و ابرک ایک ایک تولہ ہوں اور کافور 4 ماشہ ہو کوٹ پیس کر 6 ماشہ ہر روز تازہ دودھ گائے سے صبح مریض کھالیا کرے اور فایدے دیکھے کیا ہوتے ہیں۔

مہاکامیندر رس

سنکھیا سفید 1 تولہ، پارہ مصفےٰ، شنگرف سے نکالا ہوا 12 تولہ، گندھک مصفا 4 تولہ تینوں چیزوں کو گھیکوار کی رس یں تین دن تک کھرل کرکے اور سیاہ میں خشک کرکے آتشی شیشی میں کھوٹی کرکے اور منہ بند کرکے بالو کا نہتو میں 3 دن پکاویں اور سرد ہونے پر نکال لیں، یہ ایک قسم کا رس سیندور بن جاوے گا۔

یہ رس سیندور 1 تولہ، ورق طلاء 3 ماشہ، برھ کا دودھ 15 ماشہ تین دن تک آک (مار) کے دودھ میں کھرل کرکے اور سایہ میں خشک کرکے آک (مدار) کے پتوں کے درمیان لپیٹ کر ایک سوت سے باندھ لیں اور ایک ہانڈی میں بالو ریت ے درمیان رکھ کر کہ جس سے ہانڈی بالکل بھر جاوے اور پھر کپڑ مٹی کرکے 12 گھنٹہ کی آنچ دیوے، یہ ایک گلابی مائل کشتہ ہو جاوے گا۔

کشتہ مذکورہ بالا 1 تولہ، کشتہ طلاء 1 تولہ، کشتہ مرواریدنا سفتہ 1 تولہ، کشتہ قلعی 1 تولہ، مشک 1 تولہ، عنبر 1 تولہ، زعفران 1 تولہ، جندبید ستر 1 تولہ، مایہ شتر اعرابی 1 تولہ، رومی مصطگی 1 تولہ، لونگ 1 تولہ، جاوتری 1 تولہ جائفل 1 تولہ، تخم بھنگ 1 تولہ کل ادویات کو پان کے رس میں کم از کم تین دن تک کھرل کریں، مقدار خوراک 2 رتی صبح اور 2 رتی رات کو ملائی کے ساتھ۔

گنپتی رس

ورق طلاء 1 ماشہ ' مروارید نا سفتہ 2 ماشہ ' رس سیندور 4 ماشہ ' پیپل چھوٹی 4 ماشہ ' کشتہ ابرک سیاہ 5 ماشہ ' ست گلو خالص 6 ماشہ ' ست سلاجیت خالص 7 ماشہ ' پان کے رس میں تین دان تک کھرل کر کے رکھیں ' مقدار چار رتی صبح اور شام شہد میں ملا کر چاٹیں ' اور اوپر سے بکری کا دودھ گرم مصری ڈال کر نوش کریں ' جیرن جوڑ اور بکھم جوڑ کے لئے میرے تجربہ میں اس سے بہتر دوائی دیکھنے میں نہیں آئی۔

نار سنگھ چورن

ستاوری باریک پیس کر ایک سیر ' گوکھرو کا سفوف ایک سیر ' بداری کند کا آٹا ایک سیر ' گلو کاست ایک سیر ' بلھانواں مدبر کوٹا ہوا 128 تولہ ' چترا کی چھال 40 تولہ تل سیاہ مصفے ایک سیر ' ترکٹا 32 تولہ ' مصری 80 تولہ ' شہد 40 تولہ ' گھی 70 تولہ ' بداری کند کا آٹا ایک سیر ' سب ادویہ کا سفوف علیحدہ علیحدہ لے کر اس میں شہد و گھی ملا کر چرب کر لیوے ' اگر اس چورن کو چکنے برتن میں رکھے اور ہمیشہ 2 تولہ کے قریب کھائے ' اس کے ایک ماہ بعد اس قدر طاقت ہوتی ہے ' کہ برداشت نہیں ہو سکتی ہے ' ایک سال کھانے سے بال جوانی میں سفید شدہ کالے ہو جاتے ہیں ' گنجا پن اور چھائیاں دور ہوتی ہیں جسم طاقت ور ہو تا ہے ' پرمیھہ ' ذیابیطس یرقان ' کمی خون ' بھس ' بنس ' بھگندر ' کھنی ' دمہ ' کھانسی ' ہر 80 اقسام کی امراض بات ' امراض پت ' جذام ' 40 قسم کی امراض صفرا 200 قسم کی امراض بلغم ' سنپات بواسیر ان تمام امراض کو یہ چورن دور کرتا ہے ' نظر گدھ کی طرح تیز ہو جاتی ہے ' نرسنگھ چورن نام ہی اسی واسطے ہے کہ شیر کی طرح جسم ہو جاتا ہے اور گھوڑے کی طرح طاقت اور پھرتی آتی ہے ' اولاد طاقتور اور بہادر پیدا ہوتی ہے۔

موصلی آدی چورن

موصلی سفید ایک تولہ تال مکھانہ 2 تولہ ' گوکھرو 3 تولہ ' اس میں سے 6 ماشہ لیکر آدھ سیر تین پاؤ دودھ کے اندر پکاوے ' پھر مناسب مصری ملا کر گرم گرم کھالیوے لکھا ہے کہ صرف 20 دن کھانے سے بوڑھے کے اندر بھی کام پیدا ہو گا ' اگر جوان اسکا استعمال کرے تو پھر کیا ہی کہنا ہے۔

ایلادی چورن

برائے بند صبیح ' الائچی ' کیسر ' تج ' جاوتری ' تمال پتر ' لونگ ' جا ئفل ' مصطگی ' افیون پیپل ہر ایک 1 تولہ ' مصری 10 تولہ ' کستوری 5 تولہ ' تمام ادویہ ملا کر رکھیں ' یا شہد میں گولیاں بنائیں ' خوراک 4 رتی سے ڈیڑھ ماشہ تک بہمراہ شہد ' بندھیج کو گولیوں میں جو خرابی ہوتی ہے ' وہ اس میں نہیں ہے ' مقوی و مبہی ہے ' طاقت دیتی ہے ' بندھیج حسب خواہش ہوتا ہے ' لکھنے والا 2 پہر لکھتا ہے۔

عقر قرحادی چورن

عقر قرحا ' سونٹھ ' کنکول ' زعفران ' پیپل ' جا ئفل ' لونگ ' صندل سفید ہر ایک 1 تولہ ' افیون 4 تولہ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر اس کے برابر مصری ملا دیویں ' خوراک تقریبا 4 رتی ' شہد کے ساتھ رات کے وقت دو گھنٹے پہلے کھاوے ' اور ترشی وغیرہ سے پرہیز کریں ' سمبتھن کرتا ' و آنند کارک استری میں محبت کرنے والا ہے۔

کام دیو رس

کشتہ ابرک سیاہ، کشتہ تانبہ، زعفران، کشتہ فولاد، جاوتری، تمال پتر، افیون لونگ، دانہ الائچی خورد، کھیر کا لولی، ناگ کیسر، جائفل، کباب چینی، رس سندھور، (اگر چندر اودے ہو تو کیا ہی بات ہے) سمندر سوکھ، ہر ایک 6 ماشہ، سفوف بناویں، خوراک 3 رتی سے ایک ماشہ تک، شہد مصری میں تھوڑا عقرقرحا ملا کر اس میں اس کو دوائی ڈال کر چاٹ لیا کریں، اور اوپر سے دودھ پیئں، پس بچ بچ بوڑھے جوان کی سی طاقت حاصل کریں، لکھا ہے کہ اس چاٹ کا کھانے والا بے حد طاقتور ہو جاتا ہے، بہت ہی طاقت اس کے اندر موجود ہے، بشرطیکہ مداومت کی جائے۔

کارشیہ ہرلوہ

بکسھر سفید کی جڑ، جمال گوٹہ کی جڑ، اسگند، ترکٹا، ترپھلا، ترگندھ (دارچینی، تیج تیر، الائچی خورد) ستاور، کھرنٹی، ہر ایک 1 تولہ، کشتہ فولاد، سب کے برابر یعنی 8 تولہ، خوراک 4 رتی، مقوی باہ ہے، مبہی ہے، قابض نہیں ہے، مقوی ہاضمہ ہے، امراض جگہ و دل کو مفید ہے، یرقان، کمی خون، اور سفیدی رنگ کو دور کرتا ہے۔

سفوف مقوی و مولد منی

تالمکھانا، موصلی سفید، بداری کند، سونٹھ، اسگندھ، کونچ کے بیج، سنبھل کے پھول، کھرنٹی، ستاور موچرس، گوکھرو، جائفل، بھنی ہوئی ارد کی دال، بھانگ بنسلوچن، جملہ ادویہ ہموزن لے کر سفوف بنائیں، پھر ہموزن مصری ملا کر روزانہ 2 تولہ کھائیں، اوپر سے شیر گاؤ پئیں پندرہ بیس روز کے استعمال سے خاطر خواہ فائدہ ہو گا، مرچ سرخ، ترشی، وغیرہ سے پرہیز کریں۔

سفوف قوت باہ

پیاز خشک نمودو سایہ میں خشک کرے، اور کاٹ کر کے ہموزن شکر ملا کر ہر روز ایک ایک تولہ کھاوے، قوت باہ زیادہ ہو جائے گی اور جریان دفع ہو گا مجرب ہے۔

سفوف مقوی

برائے گرم مزاج مجرب ہے، اسپغول 1 تولہ، تخم خرفہ 1 تولہ، تخم کاہو 1 تولہ، کشنیز 1 تولہ، سب کو کوٹ چھان کر اسپغول کو ملا دے، صبح کو پانی کے ساتھ کھاوے قوت ہو گی۔

سفوف جریان

برائے دفع جریان منی و بند شدن رطوبت عورت، تخم سروالی 6 تولہ، رال سفید 1 تولہ، نخود بریان 1 تولہ، سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کر کے ہموزن شکر ملا کر پاؤ ہر روز کھاوے، ترشی بادی سے پرہیز کرے، انشاءاللہ تعالیٰ سات روز میں صحت ہو جائے گی۔

دیگر

ثعلب مصری 1 تولہ، مصطگی 1 تولہ پوست سنبھل 1 تولہ، تخم انگن 1 تولہ، موصلی سفید 1 تولہ ستاور 1

تولہ' تالمکھانہ 1 تولہ نبات سفید 4 تولہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بناوے ہر روز ایک تولہ شیر گاؤ کے ساتھ کھاؤ۔

سفوف موصلی

موصلی سیاہ' موصلی سفید' بداری کند' گلو کاست' تخم کونچ' گوکھرو' موصلی سنبھل' چھ ادویہ ہموزن لیکر ملا کر کوٹ چھان کر سب کے برابر مصری ملاویں روزانہ 1 تولہ سے 10 تولہ تک سفوف کھائیں اور اوپر سے گھی ملا ہوا اور دودھ پیوے' تو دیر یہ پشٹ ہو کر قوت باہ نہایت بڑھ جائے۔

سفوف جریان

موچرس' رال سفید' تالمکھانہ' گوکھرو' دھمایہ' سروالی' گل ملتانی' ہر ایک تولہ' گوند ببول' تخم بھنگ' ہر ایک 6 ماشہ' مصری 7 تولہ' سب کو کوٹ چھان کر بمقدار 7 ماشہ روزانہ صبح کے وقت کھائیں' بادی اور ترش سے پرہیز کریں۔

دیگر

ببول کی پھلی یعنی ثمر' ببول کا انتر چھال' ببول کے پتے یعنی برگ' ببول کے گوند بقدر (ہموزن اس کا نصف برگد کا گودا پختہ یعنی برگد کے درخت کا پھل جو پک کر سرخ ہو جاتا ہے' اور اس کا ڈیوڑھا تخم مندی اور اس کی تہائی دانہ الائچی اور اس کا ہموزن بنسلوچن' ان سب چیزوں کو کوٹ کر کے پارچہ بیز یعنی کپڑ چھان کر کے ملا دیویں اور اس کل کے برابر مصری ملا دیں۔

(یہ تمام چیزیں دیہاتوں کے برنے جنگل میں بھی قریب قریب دستیاب ہو سکتی ہیں' بہ استثناء الائچی یا بنسلوچن)

ترکیب استعمال: 3 ماشہ سفوف مذکورہ بالا ایک چھٹانک ملائی (گائے کے دودھ کی) اور چھ ماشہ شہد ملا کر صبح کے وقت یا شام کو بھی کھائیں)

فائدہ: دھات پشٹ ہو' جریان ہر قسم' احتلام' سنگرھنی' اسہال اور مصفی خون مقوی دل و دماغ ہے اگر بنسلوچن کے برابر ملٹھی ملا دیں تو کھانسی اور چھئی روگ کے لئے بھی نافع ہے۔ اگر ہنگام استعمال پڑا ایکچھوٹا دو چاندی کے ورق زاید کئے جائیں تو نہایت مفید ہے۔

سفوف مرض جریان کے لئے

بشرطیکہ بعد تشخیص اسباب مرض مثلاً بواسیر' قبض یا انشقاق یا خراش مقعد یا خراش خصیتین یا فساد ہضم معدہ امراض آلات بول یار کاوٹ حس مثانہ یا ریگ گردہ ریگ مثانہ ترک جماع مفرط یا کرماۃ دم بسبب غذیہ مقوی ان کے ازالہ کے بعد انشاء اللہ مفید ہو گا' پوست ہلیلہ زرد 1 تولہ' پوست ہلیلہ 1 تولہ' پوست آملہ 1 تولہ' آرد تخم بکائین 5 تولہ' کشتہ ابرک سیاہ 1 تولہ' یا بجائے اس کے خبث الحدید 1 تولہ بجائے اس کے کاربونیٹ آف آئرن 1 تولہ' کشتہ قلعی 1 تولہ' سب کو الگ الگ باریک کوٹ پیس کر چھان کر ملا لیں' ایک ماشہ صبح ایک ماشہ شام کو ہمراہ شہد خالص ماشہ مصفی نبات 1 ماشہ ملا کر چاٹ لیا کریں' ترشی بہت شیرینی و گرم مصالحہ اور ثقیل غذا سے پرہیز

سفوف جریان آتشکی

اگر جریان بوجہ آتشک کے ہو گیا ہو تو اکسیری دوا ہے عقرقرحا گجراتی' گل نوفل موصلی سفید' بہو پھلی' اندر جو شیریں' خار خسک' ست گلو تخم کونچ' تخم انگن' اجوائن اجمود' کباب چینی' کلجن' سورنجاں شیریں' ثعلب شقاقل' تخم کتان' ستاور' تواکھیر دم الاخوین دانہ الائچی سفید ہر ایک تولہ' شکر خام 7 تولہ سب ادویات کو پیس کر چھان کر سفوف بنالیں اور 9 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ خام یک بار کھالیا کریں۔

سفوف مغلظ منی و قوت باہ تجربہ شدہ

درخت سنبل کی دو سالہ جڑ جو سفید اور مولی کی طرح نرم نرم ہو' زمین سے بذریعہ...... لکڑی کی میخ سے کھود کر آس پاس کے باریک باریک ریشہ دور کر کے لکڑی کی ہی چھری سے ورق ورق کر کے اور بانس کی تیلی سے سوراخ کر کے ڈورہ میں پرو کر سایہ میں خشک کریں اور پتھر کے ہاون میں سفوف کر کے پارچہ بیز کرلیں اور ہموزن سفوف کر کے مصری سفوف کردہ ملا کر کانچ کے کاگ کی بوتل میں رکھ چھوڑیں وقت ضرورت اس میں سے دو تولہ لے کر گرم پانی میں ڈال کر لکڑی سے خوب جلادیں تاکہ لعاب نکل آوے پھر اسکو پی جاویں' روزمرہ صرف ایک وقت بوقت صبح پیا کریں 40 روز تک۔

پرہیز: ترشی و جماع کا ایام استعمال میں ضرور ہے' لوہے کی چیز میں نہ کرے' ورنہ کچھ فائدہ نہ ہو گا۔

کامدیو چورن

گوکھرو 4 تولہ' کونچ کے بیج 8 تولہ' کنگھون کے بیج 4 تولہ' ستاور 4 تولہ' بداری گند 8 تولہ' اسگندھ 12 تولہ' اڑوسہ 1 تولہ' موصلی سفید 1 تولہ' گلوئے 1 تولہ' لال چندن 1 تولہ' دار چینی 1 تولہ' الائچی 1 تولہ' تیزپات 1 تولہ' پیپل 1 تولہ' آملہ 1 تولہ' لونگ 1 تولہ' ناگ کیسر ہر ایک 1 تولہ' کھریٹی اور سنبل کی موصلی ہر ایک اکیس اکیس تولہ لیوے' کشا کی جڑھ' کاش کی جڑھ اور پتہ کی جڑھ ہر ایک 8 تولہ' ان سب کو چورن کر کے ہموزن شکر سفید میں ملا کر سفوف بنائیں' یہ سفوف 1 تولہ سے 2 تولہ تک حسب قوت دودھ کے ہمراہ کھائیں' ذیابیطس سلسل البول - جریان منی اور قوت باہ کے بارے میں نہایت مفید دوا ہے۔

سفوف مغلظ منی و مقوی

تج' پیپل' لونگ' چھوٹی الائچی' سفید چندن' آملہ ہر ایک 4 تولہ کشتہ فولاد 6 ماشہ' بھانگ مدبر 8 تولہ' بھیم سینی کافور' مشک خالص ہر ایک 10 ماشہ ان سب کا سفوف کر کے سب کے برابر مصری ملا کر رکھیے 6 ماشے ایک تولہ تک دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

سفوف جریان

یہ نسخہ جریان اور قوت کے لئے مجرب ہے' ثعلب مصری 6 ماشہ' شقاقل 6 ماشہ تالمکھانہ 6 ماشہ' تنگا بند 6 ماشہ' سمندر سوکھ 6 ماشہ' تج 6 ماشہ' چھیا گوند 6 ماشہ ستاور 6 ماشہ' تخم انگن 6 ماشہ' مائیں خورد 6 ماشہ' مائیں کلاں 6 ماشہ' گوکھرو خورد 6 ماشہ' گوکھرو کلاں 6 ماشہ' تودری سرخ 6 ماشہ' بہمن سفید 6 ماشہ' موصلی سفید 6 ماشہ' موصلی سنبل 6 ماشہ' مصطگی رومی 6 ماشہ' تخم کاہو 6 ماشہ' تخم خشخاش سفید 6 ماشہ' بوزیدان کوٹ پیس کر ہموزن مصری ملا کر سفوف بنادیں اور 9 ماشہ سے ایک تولہ تک شیر گاؤ کے ساتھ

کھائیں۔

سفوف مبہی و مغلظ

موصلی سیاہ، موصلی سفید، بیج بند، گوکھرو، تج، رتن جوت، بھو پھلی، سمندر سوکھ سونٹھ، ستاور، سریالہ، تخم کونچ، دودھی خورد، چوب میدہ، گوکھرو، کتھوا، موچرس تخم انٹگن، پھلی کیکر ہر ایک 3 ماشہ، مغز سنگھاڑہ، سنگ جراحت، کشتہ ہر ایک 6 ماشہ، شکر تری کل جزوں کے برابر، خوراک 1 تولہ، دودھ کے ساتھ۔

سفوف مقوی از حکیم بو علی سینا

ناریل، شقاقل، تج، بہمن سرخ و سفید، سونٹھ، کیسر ریگ ماہی نر، مغز چلغوزہ مشک، عنبر اشہب، دار چینی، کلنجن، روغن پستہ، قند صاف، مغز فندق، برابر وزن سفوف بنا دیں، خوراک 3 ماشہ، بہمراہ دودھ استعمال کریں۔

سفوف دفعیہ جریان

ثعلب مصری تولہ، دار چینی 2 تولہ، بہمن سفید 1 تولہ بہمن سرخ 1 تولہ، مصطگی 1 تولہ الائچی کلاں 1 تولہ، الائچی خورد 1 تولہ، شقاقل 2 تولہ، چوب ستاور 2 تولہ، تودری زرد 6 ماشہ، تودری سرخ 6 ماشہ، مغز پنبہ دانہ 2 تولہ، مصری 15 تولہ، سب کو کوٹ چھان کر مصری مساوی الوزن کے ساتھ اکٹھا کریں، خوراک 6 ماشہ، سے ایک تولہ ہمراہ دودھ۔

سفوف عقر قرحا

عقر قرحا، سونٹھ، لونگ، کشنیز، پیپل، جاوتری، چندن سفید ہر ایک 1 تولہ، افیون مصفی 4 تولہ سب کو ملا کر باریک پیسیں اور اس میں سے 2 رتی سفوف ایک ماشہ شہد میں ملا کر چاٹ لیں اوپر سے مصری ملا ہوا دودھ پئیں، نہایت مقوی و ممسک ہے۔

سفوف لکھشمنا

لکھشمنا (بیج کٹائی خورد) لال ارنڈ کی جڑ، ہرڑ، بہیڑہ، آملہ، سونٹھ، مرچ، پیپل دار چینی، الائچی، تیزپات، اسگندھ، جملہ ادویہ ہموزن لے کر سب کے برابر کشتہ فولاد لیکر ملائیں، پھر سب کے برابر مصری ملا کر مناسب مقدار سے روز مرہ کھائیں اوپر سے دودھ پیویں اس کے استعمال سے بدن مضبوط ہوتا، منی بکثرت پیدا ہوتی اور جس کے صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں، اس کے استعمال سے لڑکا پیدا ہوتا ہے۔

ہرش شنگوس

پوست سنبھل لا کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے سایہ میں سکھا کر باریک چورن کریں، اور اسکے برابر گندھک مصفی ملائیں، پھر سنبھل کی چھال کے ہی رس کی پیٹھ دیوے، یعنی اس کا رس ڈال کر کھل کرے، جب سوکھ جاوے اور رس ڈالیں گرمیوں میں 7 دن اور سردیوں میں 14 دن لگتے ہیں، پھر رکھ اس میں سے 4 رتی سے 3 ماشہ تک حسب طاقت شہد و گھی کے ساتھ کھا کر اوپر دودھ پیویں، اس سے معمول سی ادویہ کی اوصاف بے شمار ہیں، مصفی خون، دافع امراض جلدی ہے، لکھا ہے کہ اس کے استعمال سے کام دیو کی طرح خوبصورت ہو جائے بال سیاہ رہیں عمر طبعی کو پاوے، یہاں تک کہ اس کے

کھانے والے کو بوقت موت نہ آوے اور از حد طاقت ہوتی جاوے۔

کام دھینویا کامنی ورپ گھنوس

آملہ کا سفوف گندھک برابر وزن لے کر آملہ کی ہی رس کی 7 پٹھ دیوے اور پھر 7 پٹھ سمبل کے رس کی دیوے، پھر ایک ماشہ کے قریب مصری و شہد ملا کر کھاوے اور اوپر سے دودھ پیوے تو لکھا ہے کہ اسی برس کا بوڑھا بھی طاقت پاوے، جریان کو مفید ہے۔

سدھ شالملی کلپ

بداری کند موصلی سیاہ، اٹ سٹ کی جڑ ہر ایک ایک تولہ گندھک آملہ سار مصفی 1/2 تولہ پارہ مصفا ماشہ، اول پارہ اور گندھک کو دو پہر کھرل کر کے کجلی کرے، پھر دیگر ادویات ملا کر سینبھل سفید کی چھال ملے تو سرخ ہی سہی) کی رس کی پٹھ دیوے، پھر ایک پٹھ بھینس کے دودھ کی دیوے اور سکھا کر چورن کر کے رکھے، خوراک 4 رتی، سے ایک ماشہ تک، شہد، گھی کے ساتھ چاٹ کر اوپر سے دودھ پیوے اس کے کھانے والا بڑھاپے کا دکھ نہیں اٹھاتا، اور بال جوانی میں سفید نہیں ہوتے ہیں، بوڑھا بھی جوان کی سی طاقت حاصل کرتا ہے، لکھا ہے کہ اس کے کھانے والے کی تسلی ہوتی ہی نہیں۔

کام وردھن چورن

جاوتری، جائفل، صندل سفید، زعفران، پیپل، عقرقرحا، لونگ، سونٹھ، ہر ایک تولہ، افیون 4 تولہ سب ادویہ ملا کر ایک، ایک رتی کی گولیاں بناوے، نصف سے لیکر تین گولی تک حسب عادت و طاقت خوراک ہے، شہد میں ملا کر کھاوے ممسک نہایت ہی اعلیٰ ہے۔

موصلی ابرک

بداری کند، موصلہ، سینبھل، چترا، موصلی سفید، موصلی سیاہ، ستاوری، کشتہ ابرک سیاہ 6 تولہ۔ خوراک 4 رتی سے ii ماشہ تک۔ رات کو سوتے وقت دودھ کے ساتھ کھایا کریں۔ جریان کو دور کرتا ہے۔ احتلام و سرعت کو نافع ہے۔ دیر تک کھائیں۔ ناقابل برداشت طاقت اس سے پیدا ہو سکتی ہے۔

گلنائس

کشتہ ابرک سیاہ 3 تولہ، کشتہ فولاد 3 تولہ، الائچی خورد، طباشیر، تخم انار، کھجور، دار چینی، سونٹھ، پیپل، کاکڑا، سینگی، لونگ، اسگند، مرچ سیاہ جائفل، تیج پات ہر ایک 1 تولہ، تمام ادویہ کا سفوف کریں، خوراک 4 رتی، عضلات مضبوط کرتا ہے طاقت بڑھاتا ہے، قوت ہاضمہ تیز کرتا ہے، کھانسی دمہ کو مفید ہے، تمام اقسام پرمیہہ کو نافع ہے، مقوی باہ ہے، خون صالح پیدا کرتا ہے، چہرہ پر سرخی آتی ہے۔

دیوماویہ چورن

پنڈت منی رام مشیر نے برت رتناوتی میں یہ نسخہ لکھا ہے، کشتہ ابرک سیاہ 22 تولہ، جاوتری، جائفل، ترکٹا، موصلی، تخم کونچ، پوست پلاس یا تخم پلاس ہمو کھرا اسگندھ، موصلہ سینبھل، لونگ، ترگند، تیج پات، تج الائچی، برہرا، بدھارا، اجمود اسگند بالا، تالمکھانہ، مصطگی رومی، اجوائن خراسانی، روہن گھاس ترپھلا بھانگ ستاوری، ہر ایک ایک تولہ، سفوف کر کے ابرک کے ساتھ ملا دیں، خوراک 4 رتی سے ایک ماشہ

تک یا زیادہ حسب طاقت لکھا ہے کہ کل امراض کو دور کرنے کے واسطے پارہ کی سی طاقت رکھتا ہے اس
کے اوصاف کہاں تک بیان کیے جائیں' سرعت' جریان' احتلام کو دور کرتا ہے' رنگ و روغن نکھارتی ہے
اتساء اور پراکرم کو بڑھاتا ہے' دمہ' کھانسی' کھشی' بواسیر' امراض آنکھ و امراض دہن امراض ناک
امراض گلو' امراض ست' امراض بات' امرض پت' امراض کف بدہضمی' زکام وغیرہ کو مفید ہے' بڑھاپا
نہیں ستاتا بوڑھے جوان کی طرح طاقت حاصل کرتے ہیں' پنڈت جی لکھتے ہیں کہ میں نے بار بار اسے
آزمایا ہے میں اسے مقوی ادویہ کا راجہ کہتا ہوں نامرد کو مرد کرتا ہے۔

رتی پریاوٹی

تخم ککوی' مین پھل' ناگ کیسر' لونگ' بالچھڑ' سنبھل' اسگند' یہ تمام ادویات برابر مصری کے
لیویں' نیز پیپل' اونگن کے بیج' دوائی کے برابر لیں' سب کو سفوف بنا رکھیں' یہ مقوی' ممسک اور مبہی
ہے' ذیابیطس اور موتر کرچھ (سوزش بول کو مفید ہے)۔

دیگر

تخم کیکر کا سفوف اگر 3 ماشہ یا 6 ماشہ گرم دودھ کے ساتھ ہر روز چند دن تک کھاوے تو نہ صرف
ویرج بڑھتا ہے' بلکہ بے حد گاڑھا بھی ہوتا ہے' جریان منی' ودی و مذی کا نام و نشان نہیں رہتا' زرد
پیشاب کا آنا دور ہو جاتا ہے' ذیابیطس جو گرمی سے ہو' دور ہو جاتی ہے' اسہال کو مفید ہے' عورتوں کے
کثرت طمث کو نافع ہے۔

کپی کچھوگٹی

تخم کونچ' تالمکھانہ' گوکھرو' ہر ایک 3 ماشہ' مصری 9 ماشہ' جوان آدمی کی ایک خوراک ہے' اور
بوقت صبح بہمراہ دودھ کھایا کریں' تو جریان' احتلام کو نافع ہے' مقوی باہ بھی ہے' بیرج بڑھاتی' اور گاڑھا
کرتی ہے' پرمیہہ اور موتر کرچھ (سوزش بول) کو مفید ہے۔

لہسوڑک چورن

تخم لہسوڑہ' میدہ' گوکھرو' تخم تال کھانا' سمندر پھل' ہر ایک 1 تولہ' چینی سفید 1 تولہ' خوراک 1
تولہ' صبح دودھ کے ساتھ کھائیں' تو اس سے جریان سوزاک پرمیہہ دور ہوتا ہے' گرم مزاجوں کو مفید
ہے۔

ریونت چینی آدمی چورن

ریوند چینی' سنگھاڑہ' میدا' سٹھی کے چاول' تال کھانا' ہر ایک 8 تولہ مصری سب سے دگنی' تمام ادویہ
کو اکٹھا کر کے رکھیں' خوراک 1 تولہ' یہ گولیاں علاوہ مقوی باہ' دافع جریان و موتر کرچھ (سوزش بول)
ہونے کے قبض کشا بھی ہے' جن کو قبض ہونے سے جریان ہوتا ہے' ان کے واسطے بہت ہی اچھی دوا
ہے۔

دیگر

پرانا نمک (برتن بنے ہوئے پرانے ملتے ہیں) ایک تولہ بھنے ہوئے چنے کا سفوف ڈیڑھ تولہ دونوں کو

...کرکے ہر روز دو یا چار تولہ کھاوے' تو نہ صرف جریاں دور ہوتا ہے' بلکہ ہاضمہ بڑھتا ہے' اس کا نام ...پیازوٹی رکھ لیجے۔

سفوف بند کشاد

...انگن کے بیج موصلی سفید پیس کر رکھے' اور رات کو 6 ماشہ سے دودھ پیئے تو دیر یہ بہت بڑھتا ہے' ...یان دور ہوتا ہے' بند کشا دور ہوتا ہے' اور سرعت کا ناش ہوتا ہے' لکھا ہے کہ یہ نسخہ خاص سوہی ...راج نے کہا ہے۔

سفوف

یہ سفوف مقوی باہ اور منی پیدا کرنے والا ہے' مغز تخم گز' 3 تولہ تل سیاہ 6 تولہ تخم خشخاش 1 تولہ' مغز ...دانہ' بیج' اندر جو شیریں' ہر ایک 1 تولہ' دار چینی 4 ماشہ مصری تمام دواؤں کے برابر کوٹ چھان کر ایک ...ہمراہ گائے کے دودھ کے کہ جس میں 2 عدد چھوہارے جوش دیئے گئے ہوں استعمال کریں۔

سفوف خراطین

یہ سفوف مذکورہ بالا سفوف کا ہم عمل ہے' دار چینی' جائفل' جاوتری' لونگ' دانہ الائچی' ثعلب ...مصری' مصطگی' زعفران' ہر ایک 3 ماشہ' خراطین (کیچوے) پاک صاف اور خشک کئے ہوئے' تمام دواؤں ...کے برابر' کوٹ چھان کر ایک تولہ استعمال کریں۔

دیگر

یہ بھی مذکورہ بالا سفوف کے ہم رتبہ ہے' ستاور' گوکھرو' بیج بند' تخم کونچ ہر ایک ایک ماشہ' کھرنی کے ...بیج کا مغز' موصلی سیاہ' موصلی سفید' بیج' مصطگی ہر ایک 1 ماشہ' ثعلب مصری 1 تولہ' خرما 2 تولہ' شکر سفید 3 ...تولہ' سب کو سفوف کرکے ہتھیلی کے برابر گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

سفوف مکھانا

یہ سفوف باہ کو طاقت دیتا ہے' تال مکھانہ' موصلی سیاہ' موصلی سفید' بیج بند ہر ایک ساڑھے تین ماشہ ...عقرقرحا 7 ماشہ' کوٹ چھان کر اس کے برابر کچی کھانڈ ملا کر 8 ماشہ سے لے کر ایک تولہ تک گاؤ کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

دیگر

بیج خراسانی' موصلی سفید' ستاور' بیج بند' تال مکھانہ' گوکھرو' اسگند' لہسوڑہ' موصلی سمبھل' گوند ...چکن' بہوپھلی' موچرس' تخم اونگن' تخم کونچ' موصلی سیاہ' گوند ناگوری' سروالی' تخم کرخی' سمندر سوکھ' ...کوٹ چھان کر مصری سفید ملا کر کھلائیں' اگر کمر کس' دونوں تو دریاں بھی زیادہ کریں تو زیادہ مفید نسخہ ہو جائے گا۔

دیگر

یہ سفوف منی اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے' منڈی سوکھا' گوکھرو' موصلی سمبھل' سمبھل کے پھول

نکچھکنی، ہرایک 1 تولہ، کوٹ چھان کر ہرروز صبح کو 3 یا 4 ماشہ کھائیں۔

سفوف مسیحی

حکیم مسیحی نے اس کو منی بڑھانے والا بتایا ہے، تخم ترا تیزک، تخم مولی، تخم اونگن، ہرایک 3 تولہ
کوٹ کر عقرقرحا، ہرایک 1 تولہ، سونٹھ، شقاقل، ہرایک ڈیڑھ تولہ، **کلجن** 5 تولہ، تودری سفید، تودری سرخ
ہرایک 1 تولہ سے 2 تولہ تک کوٹ چھان کر منفج کے ہمراہ جو ایک قسم کی شراب ہے، یا اس کے نہ ملنے کی
صورت میں گائے کے دودھ کے ہمراہ جس میں خرما جوش دیا گیا ہو استعمال کریں۔

سفوف مقوی باہ

یہ سفوف منی کو زیادہ کرنے کے باعث باہ کی بغایت مقوی ہے، نیز یہ وصف اس میں باوجود قلیل
الاجزاء ہونے کے ہے، تخم ترا تیزک، تخم مولی، ہر دو ہموزن پہلے دونوں کو علیحدہ علیحدہ پیس لیں، اس کے
بعد دونوں ملا کر 9 ماشہ لے کر تازہ دودھ کے ہمراہ صبح کے وقت استعمال کریں۔

دیگر

گوکھرو مربی (مدبر کیا ہوا) 3 حصے، عقرقرحا، شکر سفید ہرایک 4 حصے باریک کر کے سفوف کے طور پر
ماشہ پر استعمال کریں اور اوپر سے گرم پانی پئیں۔

دیگر

تربیت گوکھرو، گوکھرو خشک کو تین مرتبہ گوکھرو تر کے پانی میں بھگوئیں اور خشک کرلیں، باہ اور منی کو
زیادہ کرنے کے لئے مستعمل ہے، گوکھرو مدبر کیا ہوا (یعنی خشک گوکھرو کو تر کھرو کے پانی میں تین مرتبہ بھگو کر
اور خشک کیا ہوا) ایک حصہ عقرقرحا، چوتھائی حصہ برابر، سونٹھ ایک حصہ، شکر سب کے برابر کوٹ چھان کر
تولہ کے برابر استعمال کریں۔

دیگر

تخم ترا تیزک اور اس کے برابر شکر ملا کر استعمال کریں، مقدار ایک اخروٹ کے برابر، باہ اور منی کو
بڑھاتا ہے۔

سفوف مبہی

بھنے چنے، گوکھرو، ہرایک برابر کوٹ چھان کر شکر دونوں کے برابر ملا کر صبح و شام استعمال کریں، باہ اور
منی زیادہ ہوگی، اگر مذکورہ بالا دونوں دوائیں اور ناریل ہریک تولہ، خرما، شکر سفید، گھی ہرایک 2 تولہ کوٹ
کر شکر اور گھی ملا کر استعمال کریں تو زیادہ مفید ہے۔

سفوف مبہی و ممسک

اعضائے رئیسہ، گردہ، مثانہ، مضبوط کرتا ہے، گوند کتھیرا، گلنار، صندل سفید، بنسلوچن، نشاستہ،
موچرس، گوکھرو پروردہ (اس کی ترکیب سفوف نمبر 10 میں ہی) مائیں، کشتہ قلعی، ہرایک 4 ماشہ کہربا شمعی
اور پسا ہوا، مصطگی، گل ارمنی، ثعلب مصری شقاقل، اندرجو، بکھان بید، پنیرمایہ شترا اعرابی، لودھ گجراتی ہر

ایک 3 ماشہ بالچھڑ 2 ماشہ دونوں تودریاں، دونوں بہمن ہر ایک 9 ماشہ، مولسری کی جڑ کی چھال، کچنال کی جڑ کی چھال جھڑبیری کی جڑ کی چھال، کیکر کی جڑ کی چھال، سنکھاہولی کی جڑ کی چھال، سنگھاڑہ خشک ہر ایک 5 ماشہ، دانہ الائچی چھوٹی 6 ماشہ، کوٹ چھان کر اس کے برابر مصری ملا کر تولہ سردپانی کے ساتھ کھلائیں۔

سفوف نشاط

یہ سفوف فرحت و نشاط لاتا، باہ اور امساک بڑھاتا ہے، مغز بادام چھلے ہوئے، مغز پستہ بریاں، مغز کڑ ہندی، مغز چلغوزہ بھنے، ثعلب مصری، دار چینی، کلنجن، جوتری، دونوں بہمن، شقاقل، ابریشم تراشے، ہر ایک چار ماشہ، دانہ الائچی 2 ماشہ، زعفران 6 رتی، مشک خالص، عنبر اشہب، سونے کے ورق، چاندی کے ورق، ہر ایک 4 رتی، چرس قسم اعلی 8 ماشہ، مصری سفید ڈیڑھ تولہ، کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، مقدار خوراک 3 رتی سے ساڑھے تین ماشہ تک۔

سفوف کیمیائے عشرت

نہایت مقوی باہ ہے، امساک میں بھی بے مثل نسخہ ہے، نکچھکنی 3 رتی، کانپھل 6 رتی، لونگ، شنگرف، مازو پھل، ورق سونا، ہر ایک 4 رتی، زعفران ایک رتی، دار چینی، مشک، ریگ ماہی، ہر ایک ایک ماشہ، افیون 6 چاول ورق چاندی 7 رتی، سفوف کر کے آٹھ خوراک بنائیں اور ایک خوراک ایک پیالہ دودھ گائے کے ہمراہ کھائیں، اور تین گھنٹہ کے بعد مشغول ہوں، اگر سینہ میں سوزش ہو تو ایک پیالہ دودھ پئیں، اسی طرح ساری رات میں دس سیر پی جائیں، اور ہضم ہو جائے گا اور رات بھر جاگتے رہیں گے۔

دیگر

شہوت باہ بڑھاتا ہے، چنے بھنے ہوئے، مغز بادام دونوں ہموزن سفوف کر کے کھلائیں، بڑے بڑے قیمتی معجون کا مقابلہ کرتا ہے۔

سفوف المعروف دوالخسک

باہ کا مقوی اور منی کا گاڑھا کرنے والا ہے، گوکھرو پیس کر گوکھرو سبز کے پانی میں شب و روز آسمان کے نیچے رکھیں، جب تین حصہ پانی جذب ہو جاوے تو سکھا کر عقر قرحا، سونٹھ، ہر ایک ایک حصہ، شکر سفید دس حصے ملا کر سفوف بنا کر ساڑھے دس ماشہ ہمراہ تازہ دودھ استعمال کریں، اگر مزاج گرم ہو تو سونٹھ اور عقر قرحا شامل نہ کریں۔

مدن کام دیورس

کشتہ چاندی، کشتہ ہیرا، کشتہ سونا، کشتہ تانبہ، پارہ مصفی، گندھک آملہ سا، مصفی، کشتہ فولاد، پہلی دوا سے دوسری دوا دو چند، یعنی کشتہ چاندی 6 ماشہ، کشتہ سونا تولہ، اسی طرح تانبہ 2 تولہ، پارہ 4 تولہ، اور گندھک 8 تولہ، کشتہ فولاد 16 تولہ، لیویں اور سب کو ملا کر ایک دن کھرل کریں، پھر آتشی شیشی میں بھر دیویں اور شیشی پر کپروٹی کریں اور شیشی کا منہ بند کر دیں اور ایک ہانڈی میں قریب 7.5 سیر سیندھا نمک کے درمیان اس شیشی کو رکھ دیویں کہ منہ شیشی کا ہانڈی کے برابر رہے اور آٹھ پہر نرم آگ جلاویں، پھر

جب سرد ہو جاوے تو نکال لیویں اور آک یعنی مار کا دودھ نیز اسگندھ کا کولی، کونچ، موصلی اور تال کھانہ،
ستاور ان کا کاڑھا کرے اور ہر ایک کی 7 بھاونا دیں، بھاونا پٹھ کا نام ہے، پٹھ کا مطلب یہ ہے کہ یہ دوائی
اتنی ڈالی جاوے کہ کھرل کرنے والی دوائی تر ہو جائے اور کھرل ہوتے ہوئے، جب خشک ہو جاوے تو یہ
ایک پٹھ ہوئی، پھر اور رس ڈال کر اسی طرح خشک کریں، پھر دوسری پٹھ ہوئے، علے ہذا القیاس، اب
کستوری، ترکشا، بھسم سینی کافور، کنکول، الاچی اور لونگ برابر وزن لیوے، کل مل کر مندرجہ بالا کشتہ جات
کے کل سے 1/8 ہونی چاہیے مثلاً مندرجہ بالا ادویہ 2 تولہ 9 ماشہ ہیں تو یہ ہر ایک 8 ماشہ ہونی چاہیے،
اب تمام سفوف کے برابر ہی ملادیں، بعدہ، 4 رتی کے برابر دوائی کھائیں اور اوپر سے آدھ سیر دودھ پیویں
اور میٹھی اشیاء کھادیں تو اس کی بدولت طاقت و خوبصورتی تیج بڑھے، بوڑھا بھی جوان ہو۔

مدن اودے پردیپ

تال مکھانہ، موصلی سیاہ، سونٹھ، اسگندھ، کونچ بیج، گل سنبل، کھریٹی یا بیج بند، ستاور، موچرس، گوکھرو
، جائفل، مکھانہ، بھانگ کے بیج، طباشیر، ہر ایک تولہ، مصری کل کے برابر سفوف بنادیں، خوراک 9 ماشہ
سے 2 تولہ تک، رات کو دودھ کے ساتھ سوتے وقت کھائیں، مقوی، مبہی اور دافع جریان، سرعت و
احتلام ہے اور ذیابیطس کو نافع۔

برہد اراہی کند چورن

باراہی کند، سنگھاڑا، بداری کند ہر ایک کا سفوف چار چار تولہ لے کر گھی میں بھون لیں، ازاں بعد دار
چینی، الاچی، تیج پات، ناگ کیسر، لونگ پیپل سونٹھ طباشیر ساتوں دوائیں ملا کر 8 تولہ لیویں اور کل کے برابر
یعنی 20 تولہ مصری ملا کر سفوف تیار کریں، تیسرے پہر رات کو سوتے وقت ایک تولہ سے 2 تولہ تک دوائی
ڈیڑھ پاؤ دودھ بھینس کے ہمراہ کھائیں تو اس سے امساک بھی بڑھتا ہے، جریان بھی دور ہوتا ہے، مقوی باہ
ہے، ذیابیطس کو نافع ہے۔

مدھو پشتی چورن

ملٹھی، طباشیر، آملہ، گوکھرو، سب برابر وزن لے کر سفوف بنادیں، 6 ماشہ لیکر 2 تولہ شہد کے ساتھ
ملا کر کھائیں، کھانسی کو نافع ہے، نزلہ دور کرتا ہے، پتھری والے مریض کو نفع کرتا ہے، رقت اور جریان کو
نافع ہے۔

گگن آدی چورن

کشتہ ابرک سیاہ 2 تولہ، گوکھرو 4 تولہ، ستاوری 4 تولہ، سفوف بنائیں، خوراک 2 ماشہ سے 4 ماشہ
تک، بھینس کے گرم دودھ کے ساتھ کھائیں، لکھا ہے "منی بہت بڑھتی ہے، جریان دور ہوتا ہے، طاقت
زیادہ ہوتی ہے، سرعت کو نفع ہوتا ہے"۔

ایکھشو ادی چورن

گنا لے کر سکھائیں اور اس کا سفوف کر کے جو گیہوں، چاول، اڑد، تل کا سفوف لیں، سب کا وزن
برابر ہو، شہد کے ساتھ کھا کر اوپر سے گائے کا دودھ پیویں، اور 20 دن کے اندر ہی دیکھیں کہ ہماری

روزانہ کی خوردنی اشیاء میں بھی کتنی طاقت ہے' جو کہ عوام بالکل نہیں جانتے' بچوں کو کھلائیں' بچے پھولے پھلیں گے' ان کے اعضا طاقت ور ہونگے' عورتوں کو کھلائیں' ان کی طاقت بڑھے گی' کثرت طمث وغیرہ دور ہوگا' خود کھائیں تو ضعف باہ' رقت منی' کمی منی کو دور کرے گا۔

سفوف مختصر

اسگندھ' تل سیاہ' دو بہت معمولی اشیاء ہیں' مگر سفوف کر کے 1 تولہ گھی اور شہد میں ملا کر کھانے سے یہ پرم واجی کرن (لوحد مقوی باہ) اور دیریہ دودھک یعنی بیرج کو بڑھانے والی ہے۔

سفوف برائے جریان

بیج بند' موصلی سیاہ' موصلی سفید' تالمکھانہ' سمندر سوکھ' سریالہ' چھال سمبل' چھال مولسری' گوند سمبل لسوڑہ' برہم ڈنڈی' بھو پھلی' تج قلمی' میدہ لکڑی' ان جملہ ادویات کو ہموزن لے کر شکر سفید سب کے برابر سفوف بنالیویں اور ایک تولہ ہمراہ دودھ گائے کے استعمال کریں' اگر اس میں پھلی ببول اور گوکھرو بھی ملالیں تو نہایت اچھا ہے۔

جریان کا بینظیر ٹوٹکہ

جو جریان ہر قسم کو بالخاصہ مفید ہے' سنگھاڑہ' دانہ الائچی خورد' ست سلاجیت' مساوی الوزن' شکر تری' سب کے برابر سفوف بنالیں اور بقدر 5 ماشہ صبح اور 5 ماشہ شام ہمراہ چھاچھ گائے کے کھادیں' غذا سوائے برنج ساٹھی اور دال مونگ کے اور کوئی نہ دیویں' جماع سے پرہیز رکھیں۔

گوکھشار آدی چورن

گوکھرو' تال مکھانہ' ستاور' تخم کونچ' کنگھون (گل شکری) کھریٹی یا بیج بند برابر وزن لے کر پیس کر سفوف کر کے 3 ماشہ دودھ کے ساتھ رات کو کھاوے' منی بڑھتی ہے اور گاڑھی ہوتی ہے' صرف گوکھرو اور تخم کونچ کا سفوف بھی ایک جگہ لکھا ہے' مگر سابق الذکر نسخہ میں فائدہ اس سے زیادہ ہے۔

موصلی چورن

موصلی سفید' ست گلو' تخم کونچ' گوکھرو' موصلہ سنبل' مصری برابر وزن لیکر علیحدہ علیحدہ پیس کر ملا کر 4 ماشہ دودھ و گھی کے ساتھ کھانے سے ازحد مقوی باہ ہے۔

ٹوٹکہ

پارہ مصفی 1 تولہ' گندھک آملہ سار مصفی 2 تولہ' جاوتری 6 ماشہ' مصری ساڑھے چار ماشہ' لونگ 4 ماشہ' دانہ الائچی 6 ماشہ' اول پارہ اور گندھک کو کجلی کریں' پھر دیگر ادویات ملا کر تمام دن کھرل کریں' اور نگاہ رکھیں اور بقدر ایک ماشہ یا نیم ماشہ کے کھا کر اوپر سے شیر گاؤ میش میں شکر ملا کر پیویں۔

چندر کا رس

کشتہ تانبہ 1 تولہ' کشتہ پارہ 1 تولہ' کشتہ ابرک سیاہ تول' گندھک آملہ سار 2 تولہ' تمام ادویہ کو باریک پیس کر ناگر موتھ کے کاڑھے اور انار دانہ کے کاڑھے' دوب کے کاڑھے کیتکی کی کونپل کے پانی' مہندی

کے پانی، گھیکوار کے گودے، پت پاپڑہ کے گاڑھے اور ستاوری کے کاڑھے کی ایک ایک بھاونہ دیں اور اتنا پانی ڈالیں کہ تمام ادویات تر ہو جاویں، پھر یہاں تک کھرل کریں کہ خشک ہو جاوے اس کا نام بھاونہ ہے۔

ترکیب کشتہ پارہ

شراب قندی دو آتشہ کہ جس میں عرق پیاز ڈال کر جلایا گیا ہو ایک بوتل، ایک تولہ سیماب پر چھوڑ دیں تو سیماب متحرک شگفتہ ہوگا۔

ترکیب کشتہ تانبہ

ہڑتال ورقی 2 تولہ، لیکر اور بہت باریک پیس کر ایک چھوٹی پیالی میں پیسہ کے نیچے اوپر رکھیں اور منہ بند کر کے دس سیر اپلوں میں آنچ دیں، کشتہ تیار ہوگا۔

سفوف برائے جریان وانجماد منی بسیار نافع و مجرب ہے

زیرہ سفید 6 ماشہ، گوند ببول 6 ماشہ، گوند ڈھاک 6 ماشہ، مصطگی رومی 6 ماشہ، کمرکس 6 ماشہ، باریک کر کے دودھ برھ میں تر کر کے خشک کرلیں، خوراک 6 ماشہ۔

سفوف قوت باہ اور منی کے زیادہ کرنے میں نہایت مفید ہے

لونگ 14 ماشہ، الاچی خورد 7 ماشہ، جائفل ساڑھے تین ماشہ، جوتری ساڑھے تین ماشہ، زعفران ایک ماشہ، مشک نافہ ڈیڑھ ماشہ، دار چینی 14 ماشہ، ناگ کیسر 10 ماشہ، اسگند ناگوری 2 تولہ 8 ماشہ، ست ناور 4 تولہ 4 ماشہ، موصلی سفید 3 تولہ، موصلی سیاہ 2 تولہ 4 ماشہ، تخم گاجر 2 تولہ 8 ماشہ، سنگھاڑہ 6 تولہ 5 ماشہ، گوند سرخ 5 تولہ مصطگی رومی ڈیڑھ تولہ بیخ شبیبی 14 ماشہ، بہمن سفید 2 تولہ، بہمن سرخ 2 تولہ 8 ماشہ۔ اسپغول 2 تولہ 2 ماشہ، مصری سفید کل ادویہ سے ڈیڑھ گنا، کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور ایک ایک تولہ کی پڑیا بنا کر رکھیں، ایک سیر گائے کے دودھ میں ایک سیر کنوئیں کا پانی ڈال کر کڑاہی میں جوش دیں اور نرم نرم آگ جلائیں، جب تین پاؤ رہ جاوے، ثعلب مصری 5 ماشہ باریک پیس کر ڈالیں اور چار عدد چھوہارے بھی ٹکڑے ٹکڑے کر کے ڈال دیں، جب آدھ سیر دودھ باقی رہے تو ادویہ مذکور کی پڑیا دودھ میں ڈال کر کفچہ سے خوب اچھی طرح حل کر کے پئیں، ایک ہفتہ کے استعمال سے معلوم ہو جائے گا کہ کیسی مقوی دوا ہے۔

دیگر

ثعلب مصری، لودھ گجراتی، ہر ایک 14 ماشہ، آرد سنگھاڑہ بیس دام، شکر بیضہ آدھ سیر، نشاستہ سفید 4 تولہ 10 ماشہ، کوٹ چھان کر ایک تولہ اس میں سے ہمراہ گائے کے دودھ کے کھائیں۔

دیگر

زنجبیل (سونٹھ) فلفل دراز (پیپل) اندر جو، تخم گذر، تخم شلغم، تخم ترب (مولی)، تخم پیاز، تخم کونچ، دار چینی، عقرقرحا، ثعلب مصری، تخم اوٹنگن، زعفران، اسپند قرنفل (لونگ) مساوی باریک کر کے سفوف تیار کریں، ایک ماشہ اس میں سے لے کر ایک مرغ کے انڈے میں سوراخ کر کے پر کریں، خمیر میں لپیٹ کر خاکستر گرم میں رکھیں، تاکہ آٹا سرخ ہو جائے، سات انڈے بقدر تحمل طبع کھائیں۔

دیگر

واسطے تقویت باہ کے عظیم النفع ہے' یہاں تک کہ عنی اور مجلوق مایوس العلاج کو بھی مفید ہے' ثعلب مصری' ہلدی فوفل سرخ ہر ایک ایک تولہ نبات سید' چار تولہ کوٹ چھان کرچوبیس پڑیاں بنائیں' ہر صبح ایک پڑیا کھائیں اور اوپر خرما کے ساتھ ابالا ہوا دودھ پیویں اور روغن گاؤ موافق طبیعت اس میں ڈالیں اور ترشی بادی اور جماع سے پرہیز کریں۔

دیگر

نہایت مفید اور مجلوق اور مایوس العلاج کو مرد کامل کرتا ہے' نکچھکنی ہلمی برنگ مساوی کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور بقدر ساڑھے تین ماشہ گائے کے دودھ کے ساتھ بیس روز تک کھائیں۔

دیگر

نہایت مقوی باہ سبوس اجوائن آدھ سیر تخم ترب (مولی) نخود بریاں' تخم زردک کنجد سیاہ ہر ایک پاؤ ہر ایک جاکر کے ہر روز نیم درم ڈیڑھ ماشہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔

دیگر

واسطے تقویت باہ کے مجرب ہے' تخم جرجیر ترا تیزک' تخم خربزہ' تخم ترب' (مولی) مساوی کوٹ چھان کر ساڑھے دس ماشہ اس میں سے 3 تولہ شیر تازہ کے ساتھ کھائیں۔

دیگر

نہایت مقوی باہ گلنار فارسی چھال ببول چھال کچنال چھال' مولسری چھال گوندنی' مازوئے سبز ہر ایک چھ ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔

دیگر

باہ کو زیادہ کرتا ہے' پوست درخت مولسری دار چینی ہریک بوزن یک پیسہ باریک کر کے چودہ حصے کریں' ہر روز ایک حصہ گائے کے دودھ میں جوش دیں' جس وقت پاؤ سیر دودھ رہے' صاف کر کے نبات سفید داخل کر کے پیویں۔

دیگر

گوکھرو' تخم بکائن' تالمکھانہ' مالکنگنی' شکر سرخ برابر وزن کوٹ کر باریک پیس کر بمقدار 7 ماشہ شیر گاؤ کے ہمراہ چند روز کھائیں۔

دیگر

نکچھکنی' ادرک ہر ایک دو ماشہ برگ' سداب ہندی 14 ماشہ' سب کو باریک پیس کر ہمراہ تازہ دودھ 2 روز تک کھائیں' نہایت مقوی باہ ہے۔

دیگر

باہ بڑھاتا' بلغم دور کرتا' اور گردہ کو قوت دیتا ہے' جسم کو صحت دیتا اور بھوک کو حرکت میں لاتا ہے'

سونٹھ، پیپل، گول مرچ، تخم کرفس، نمک طبرزد، نمک جواکھار، زیرہ سفید، ہر ایک 4 ماشہ، لونگ، انار دانہ، ہر ایک 2 تولہ 4 ماشہ، تخم اوٹنگن 11 تولہ 8 ماشہ، اسگند ناگوری چھٹانک کم آدھ سیر، ہینگ ساڑھے تین ماشہ سب کو کوٹ چھان کر نگاہ رکھیں، ہر روز ساڑھے سترہ ماشہ ہمراہ دودھ گائے کے نوش کریں۔

سفوف سنگھاڑہ

یہ سفوف مولد اور مغلظ ہے، سرعت کو بھی دور کرتا ہے، سنگھاڑہ خشک گوند ببول ہر ایک 6 ماشہ، مازو، مصطگی، ہر ایک 3 ماشہ، تال مکھانا ثعلب مصری ہر ایک چار ماشہ، مصری سفید سب کے برابر سفوف بنا کر 5 ماشہ سے 7 ماشہ تک علی الصبح تازہ دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

سفوف سنکھاہولی

مقوی اور مغلظ ہے، پوست بیج، سنکھاہولی، پوست بیج اونٹ کٹارہ، ماش کا آٹا، ہموزن سفوف کر کے صبح کو 7 ماشہ، ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

سفوف عنبر

باہ اور اعضا رئیسہ کا مقوی ہے، منی غلیظ کرتا ہے، عنبر اشہب 1 تولہ، مصطگی موصلی سفید، ثعلب مصری، بنسلوچن سفید، ہر ایک 4 تولہ مصری سفید، ہموزن سفوف بنا کر 6 ماشہ سے تولہ تک ہمراہ شیر گاؤ کھائیں۔

سفوف نافع جریان مقوی

پوست اندرونی درخت انبہ جو کہ سایہ میں خشک کیا گیا ہو، پوست گولر، پوست درخت مولسری، پوست کیکر، بیج بند، مغز تخم اٹنگن، گوکھرو، بیج، دھرس، گوند ناگوری، گوند ڈھاک، خوب کلاں، اندر جو، لھسوڑہ، برہمنڈنڈی، منڈی، بھو پھلی ہر ایک 14 ماشہ، میدہ لکڑی ساڑھے تین تولہ، سریالہ 2 تولہ، عقرقرحا 2 تولہ، تخم مولی، تخم شلغم ہر ایک 14 ماشہ، موصلی سیاہ، تالمکھانہ، بیج بل ہر ایک 2 تولہ، شکر تری کل ادویہ سے دوچند بدستور سفوف بنائیں، روزانہ 1 تولہ ہر روز صبح و شام کھائیں۔

سفوف مقوی باہ

زرود موصلی سیاہ، موصلی سفید، تالمکھانہ، بیجبند، شقاقل مصری، طباشیر کبود، زہر مہرہ خطائی، گل فوفل، تودرین، بہمنین دار چینی، بھو پھلی گل ببول دانہ الائچی خورد، خولنجان ہر ایک 6 ماشہ، مغز بادام، مغز پستہ، مغز تخم کدوئے شیریں مغز حب الزلم (بن خام) تخم خشخاش سفید ہریک یک تولہ نبات سفید، تین تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، چھ ماشہ نہار کھائیں۔

سفوف ضعف منی

منی کو غلیظ کرتا ہے، مجلوق کو نافع ہے، ثعلب مصری، مصطگی، نشاستہ سفید، بھو پھلی، تالمکھانہ، سلیخہ، اسگند ناگوری، نمتو بالا، دانہ ہیل خورد (الائچی) الائچی کلاں، کشتہ قلعی کہ قنب (بھنگ، میں یا ثمر (پھلی) ببول میں تیار کیا ہو، ہر ایک ایک تولہ، کوٹ چھان کر ہموزن مصری ملا کر سفوف بنا دیں، ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ، صبح و شام کھائیں، غذا مرغن کھائیں، سرخ مرچ اور ترشی سے پرہیز کریں۔

دیگر

واسطے تقویت باہ کے مجربات سے ہے' اگر عنی ہو ایک ہفتہ میں مرد کامل ہوتا ہے' نکچھکنی' زنجبیل مساوی' کوٹ چھان کر سفوف بنادیں' ایک تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔

دیگر

نہایت مبہی' ست سلاجیت' پکھان بید' دانہ الائچی خورد' ہر ایک 13 ماشہ پوست درخت انبہ' گوکھرو ہر ایک 4 تولہ 6 ماشہ' مصری برابر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

دیگر

ممسک و مولد منی' سنگھاڑہ خشک' گوند' ہر یک 6 ماشہ' مازوئے سبز مصطگی' ہر یک تین ماشہ' الکھانہ (الائچی) ثعلب مصری ہر یک چار ماشہ نبات سفید' برابر خوراک پانچ ماشہ یا سات ماشہ۔

دیگر

سفوف طرب الجالس تقویت باہ اور امساک اور واسطے دفع سرعت کے مفید ہے' بسباسہ' زعفران' دانہ ہیل (الائچی) خورد' قرنفل (لونگ) دار چینی' بہمن سفید' بہمن سرخ' شقاقل مصری' خولنجان (کلیجن) ہر یک ساڑھے چار ماشہ' مشک خالص عنبر اشہب ساڑھے تیرہ ماشہ' نبات سفید پانچ تولہ' کوٹ چھان کر سفوف بنادیں' خوراک 9 رتی۔

دیگر

یہ سفوف واسطے قوت باہ کے بے نظیر ہے اور اکثر تجربہ میں مفید پایا ہے' دار چینی' مصطگی' ثعلب مصری' ہر ایک بوزن تین پیسے پختہ طباشیر سفید ایک پیسے پختہ سب کو باریک کر کے سفوف بنائیں اور چالیس پوڑیاں بنائیں ایک پوڑیہ صبح کو کھایا کریں' اوپر سے گائے کا دودھ پیویں۔

دیگر

نہایت مبہی ہے' شقاقل مصری 4 تولہ' ثعلب مصری یک تولہ الائچی سفید دس ماشہ' بہمن سفید بہمن سرخ' دار چینی ہر ایک ایک تولہ' موصلی سیاہ' چھوارہ' موصلی سفید' ہر یک دو تولہ گوکھرو برگ گاؤ زبان ہر یک دس ماشہ کوٹ چھان کر مصری برابر ملا کر سفوف بنائیں' نو ماشہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔

دیگر

منی کو زیادہ کرتا ہے' تخم شلغم (مولی) تخم ترب (اسپست) تخم گندنا' تخم پیاز' آرد جو تخم بادیان' تخم جرجر (تراتیزک) مساوی بعض نسخوں میں بجائے آرد جو کے آرد نخود ہے' کوٹ چھان کر صبح و شام دودھ کے ساتھ کھائیں' بعد اسکے چنوں کو دودھ میں تر کر کے کھائیں اور دودھ پیویں۔

دیگر

کسی جوگی نے ہندوستان کے راجہ کے واسطے تجویز کیا تھا' تخم پیاز' تخم کونچ' گوکھرو ہر ایک ایک سیر'

اجمود، مصطگی عود بلسان ہر ایک ساڑھے دس ماشہ، بھوسی اجوائن، ایک سیر منڈی، موصلی سفید، ہر ایک 12 ماشہ، سب کو کوٹ چھان کر ہموزن شکر سرخ ملا کر 1 تولہ روزانہ کھائیں، ترشی سے پرہیز کریں۔

دیگر

اگر کمزوری باہ کی کمی سے ہو تو یہ استعمال کریں، مقوی باہ اور مولد منی ہے، مغز کڑ 3 رتی، تل سیاہ 2 رتی، تخم خشخاش سفید ساڑھے سترہ ماشہ، مغز بنولہ، اندر جو شیریں تج، ہر ایک 14 ماشہ، دار چینی ساڑھے چار ماشہ، مصری برابر سفوف کر کے تولہ ہر روز ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں، اگر شیر گاؤ میں چھوہارے جوش دے کر پیویں تو بہتر ہے۔

دیگر

تخم کونچ، گوکھرو، تخم کھارہ، ہر ایک آدھ سیر، دودھ جوش دیکر خشک کریں، پھر کھرل کر کے ہر روز 10 ماشہ گائے کے کچے دودھ کے ساتھ ایک ہفتہ تک کھائیں، بہت قوت باہ ہوتی ہے۔

دیگر

نہایت مبہی اور منی کو زیادہ کرتا ہے، تخم ہلیون، شقاقل سونٹھ، ہر ایک 17 ماشہ دونوں تودری، دونوں بہمن، کوٹ چھان کر سفوف بنا کر ہموزن شکر سفید ملا دیں اور 6 ماشہ سے 9 ماشہ تک گائے کے دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

دیگر

مقوی باہ ہے، تخم مولی، تخم اسپست، تخم گاجر، تخم ترا تیزک، تخم او ٹنگن، ہر ایک 7 ماشہ، جنگلی پیاز بھنی ہوئے، سرہ سقنقور (بن روہو کی ناف) ہر ایک ساڑھے دس ماشہ حب الرشاد (ہالوں) اندر جو ایک ساڑھے سترہ ماشہ، کوٹ چھان کر شکر سفید 12 تولہ ملا کر سفوف بنائیں، خوراک ساڑھے پندرہ ماشہ۔

دیگر

باہ کو زیادہ کرتا ہے، زعفران، آدھ ماشہ، عنبر اشہب 1 ماشہ، لونگ، مصطگی ہر ایک 6 ماشہ، عود غرقی جائفل ثعلب مصری، ہر ایک تولہ، دار چینی 3 تولہ، مغز بادام 6 تولہ، مویز منقی 12 تولہ، مصری سفید 22 تولہ، سفوف کریں، 6 ماشہ سے 9 ماشہ تک کھائیں۔

دیگر

مقوی باہ ہے، موصلی سیاہ، اسگند ناگوری، گل دھاوا، چنے بھنے، سونٹھ، تخم او ٹنگن، تخم گاجر، گل پستہ، تال مکھانہ ہر ایک 1 تولہ، ان سب کو باریک کر کے شکر سفید برابر ملا کر ایک تولہ ہر روز کھائیں اور پاؤ سیر گائے کا دودھ اوپر سے پیویں۔

دیگر

اگر یہ سفوف متواتر 40 یوم تک استعمال کیا جاوے تو اثر باہ ایک سال تک باقی رہتا ہے، ثعلب مصری، شقاقل مصری، بوزیدان، سورنجان، مساوی کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں، ڈیڑھ ماشہ ایک سیر گاؤ کے

دودھ میں جوش کریں، جب پاؤ بھر رہ جائے تو 2 درم مصری سفید سے شیریں کر کے کھائیں۔

دیگر

نہایت مقوی باہ و ممسک دار فلفل، پیپل ایک سیر تین سیر گائے کے دودھ میں جوش کریں، جب کہ دودھ جذب ہو جاوے، خشک کریں اور تین مرتبہ ایسے ہی کریں، پس خشک کر کے دو چند اس کے نبات سفید ملا کر سفوف بنا دیں، ہر روز صبح کے وقت پانچ درم کھائیں، اوپر سے آدھ سیر شیر بھینس پئیں۔

باراہی کند چورن

سفوف باراہی کند، سفوف بھاگرہ، ہر ایک 32 تولے لے کر ان کو گھی میں بھونیں، پھر دار چینی، تج پات، ناگ کیسر، کیسر، ملٹھی، ہر ایک 4 تولہ لیویں، سب کے برابر کھانڈ ملا دیں، خوراک 6 ماشہ گھی اور دودھ پئیں، لکھا ہے کہ یہ بہت ہی منی کو بڑھاتا ہے۔

ستاوری چورن

ستاوری، گوکھرو کشتہ قلعی، مغز سنگھاڑہ، تخم کونچ، دوب گھاس ہر ایک 1 تولہ، مصری سب کے برابر، خوراک 3 ماشہ دودھ کے ساتھ کھائیں، جریان، ذیابیطس، قرحہ سوزاک، پتھری کو بھی نافع ہے، نیز مقوی باہ ہے۔

سفوف سرعت انزال

لک مغسول (لاکھ دھلا ہوا) تخم سروالی، تج، لودھ پٹھانی، مازو بے سوراخ، ہر ایک 4 تولہ شکر سفید، سب کے برابر سفوف بنا کر 6 ماشہ سے 9 ماشہ تک استعمال کریں، اوپر سے بھیڑ کا دودھ پئیں، یہ اس سرعت کے لئے زیادہ خصوصیت رکھتا ہے، جو ضعف قوت ماسکہ (روکنے والی قوت) سے ہوئی ہے۔

دیگر

امساک پیدا کرتا، منی بڑھاتا ہے، سنگھاڑہ خشک 6 ماشہ، مازو 3 ماشہ، تال مکھانہ، ثعلب مصری، ہر ایک 4 ماشہ، گوند ببول 6 ماشہ، مصطگی 3 مصری برابر جمیع ادویہ، کوٹ چھان کر 5 ماشہ سے 7 ماشہ تک کھائیں، خصوصاً یہ سفوف ضعف ماسکہ منی میں زیادہ مفید ہے۔

دیگر

دھنیا خشک 3 ماشہ، اسپغول 6 ماشہ، تخم خرفہ 9 ماشہ کوٹ چھان کر استعمال کریں، مقدار خوراک ساڑھے چار ماشہ، سرعت خصوصاً اگر ضعف ماسکہ سے ہوا ہو زیادہ مفید ہے، صرف تخم کاہو کو بھی اس کام کے لئے نافع بتلایا ہے۔

دیگر

تخم تمرہندی (املی کے بیج) کا استعمال خواہ بصورت سفوف ہو یا بصورت گولی دونوں صورتوں میں سرعت کے لئے ہندی مجرب دوا ہے۔

دیگر

تخم صد برگ (گیندا کا بیج) اور اس کے برابر شکر ملا کر بقدر ڈیڑھ تولہ استعمال کرنا سرعت کے لئے مجرب ہندی ہے۔

سفوف مقوی باہ

گوند کتیرا سفید، قلعی کشتہ، ہر ایک 4 ماشہ، کہربائی شمعی، مصطگی، گل ارمنی ثعلب مصری، اندر جو، پکھان بید، پنیر مایہ ماؤنٹ، لودھ پٹھانی ہر ایک 3 ماشہ، بالچھڑ، دونوں تودری، دونو بہمن، شقاقل مصری، ہر ایک 9 ماشہ، پوست بیخ سنکھاہولی، سنگھاڑہ خشک، پوست بیخ مولسری، بیخ کچنال، پوست بیخ چھڑبیری، پوست بیخ کیکر، ہر ایک 5 ماشہ دانہ الائچی 6 ماشہ کوٹ چھان کر شکر سفید برابر ملا کر سفوف بنائیں، ایک تولہ سردپانی کے ساتھ کھائیں۔

دیگر

دار فلفل (پیپل) سمندر سوکھ، تج سازوی سبز، جوز السرو (سرو کا پھل) سنگھاڑہ خشک ثعلب مصری، صمغ، سینبل، صمغ ببول، مغز چلغوزہ، خستہ تمرہندی (تخم املی) بہمن سفید، شقاقل مصری، آملہ مقشر ہر یک یک تولہ چرونجی مغز پستہ کتیرا سفید، حب آلاس، مغز بادام شیریں، ہر یک دو تولہ، مغز نارجیل (ناریل) مغز اخروٹ، گل ببول صمغ دہاک موچرس، مورانہ خشک، میداچوب تخم کاجو تخم خرفہ، سیاہ، تخم خشخاش سفید، بزرالبنج، اجوائن خراسانی) چھال گولر طباشیر سفید ہر یک 3 تولہ کوٹ چھان کر شکر سفید برابر ملا کر سفوف بنادیں۔

دیگر

بیجبند موصلی سیاہ موصلی سفید، مغز پستہ، ستاور تالمکھانہ، خستہ تمرہندی (تخم املی) پوست بیخ کنار بکری کے دودھ میں تر کر کے سایہ میں خشک کریں، صمغ عربی، صمغ، سینبل بریاں صمغ ڈھاک بریاں بہو پھلی تخم کونچ، طباشیر سفید، زرورد ہر ایک چھ ماشے کوٹ چھان کر مصری 5 تولہ ملا کر سفوف بنائیں۔

سفوف سرعت

سرعت اور بند کشاد کے لئے مجرب ہے، پوست درخت گولر، پوست رخت سینبل گوند ببول، پھلی ببول، برگ ہیرا جو سایہ میں سکھائے گئے ہوں کوٹ چھان کر ہتھیلی کے برابر دودھ کے ہمراہ کھائیں، ترشی بادی سے پرہیز۔

دیگر

مغلظ منی و مقوی باہ اور سرعت انزال کا زائل کرنے والا ہے، تال مکھانہ بریاں، تخم خشخاش سفید، تل چھلے ہوئے، مغز چرونجی، مغز پستہ، مغز بنولہ، مغز تخم خربزہ، مغز تخم کدو، ہر ایک دو تولہ، خرما 1 چھٹانک، بیج ڈیڑھ تولہ، مغز بادام ڈھائی تولہ، بیجبند، موصلی سیاہ، موصلی سفید، جوتری گوند ببول کتیرا، بہمن سرخ، بہمن سفید، عفاث (بحصونس) دانہ الائچی کلاں، مغز تخم کونچ، شقاقل، چنی گوند، موچرس، تخم اوٹنگن سروالی، موصلی سینبھل، کیلا کھیلی، تودری سفید، تودری سرخ، میدہ چوب، کشتہ قلعی گوکھرو، تخم بھنگ، ہر

ایک 1 تولہ، مصطگی، جوزجندم (گل آسمان جونی) الائچی خورد مع پوست، کباب چینی، بھو پھلی، سورنجان، ستاوری، طباشیر، دار چینی، سونٹھ ہر ایک آدھ تولہ، عقرقرحا 3 ماشہ، سب کو سفوف بنائیں اور ایک تولہ ہمراہ دودھ آدھ پاؤ استعمال کریں۔

ایضاً

نافع سرعت انزال، پھلی ببول خام، سایہ میں خشک کی ہوئی، تال مکھانہ، چینی گوند چنے بھنے ہوئے چھلے ہوئے، برابر مصری سفید سب کے برابر کوٹ چھان کر صبح ایک ہتھیلی کے برابر استعمال کریں۔

ایضاً

کونپل درخت بڑ، چنی گوند، پوست بیخ کھرنی، سپستان، بھوپھلی، ستاور، برابر سفوف بنا کر ایک تولہ ہمراہ دودھ گاؤ استعمال کریں۔

دیگر

اشق پاؤ سیر، برگد کے سایہ میں خشک کر کے موصلی سفید، اسگند ناگوری ہر یک 5 تولہ، مصری سہ چند کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، 1 تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ تناول کریں۔

دیگر

سرعت...... کو بہت مفید ہے، تخم سرس، بہمن سرخ، تخم پلاس، مساوی الوزن سفوف کر کے شکر سفید ہموزن، جملہ ادویہ کے ملا کر بقدر سات ماشہ یا 9 ماشہ تک گائے کے دودھ کی ساتھ کھائیں، ترشی وغیرہ سے پرہیز کریں۔

دیگر

ممسک بلا افیون، عقرقرحا ساڑھے تین ماشہ، تخم ریحان 2 تولہ 4 ماشہ، قند سفید 2 تولہ، کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، خوراک ساڑھے تین ماشہ گلیوں کے استعمال کی ضرورت ہوتی ہے۔

دیگر

سفوف ممسک، اسپند، زعفران، عقرقرحا، تخم زرد کتائی، جاوتری ہر ایک ساڑھے تین ماشہ، سب کو باریک کر کے چھ حصہ کریں، وقت حاجت کے ایک حصہ کھائیں، اس کا پانی تریاق ہے۔

دیگر

گزمازج (مائیں کلاں) طباشیر، کبود زہر مہرہ، خطائی، تالمکھانہ، بہجبند، زرود دانہ، الائچی کلاں، گل سپاری، تخم تمرہندی، (تخم املی) مساوی کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور برگد کے دودھ میں تر کر کے سایہ میں خشک کریں اور موصلی سفید، اور شقاقل ملا کر سفوف تیار کریں، بقدر ساڑھے چار ماشے صبح کو کھائیں۔

دیگر

ممسک و مغلظ منی، طباشیر کبود، موصلی سفید، موصلی سیاہ، آملہ مقشر، زہر مہرہ خطائی ہر ایک 9 ماشہ، بسد

احمر بیخ مرجان سرخ' کہربائی شمعی' دسب سبز کشنیز خشک ہر ایک 6 ماشہ' ستاور' تقاقل' ثعلب مصری' صمغ عربی' صمغ ڈھاک' تالمکھانہ بیجبند سیاہ' ہر یک سات ماشہ پھلی ببول' سپستان مغز خستہ تمہاندی (تخم املی) ہر یک یک تولہ' کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

دیگر

واسطے سرعت""" کے مفید ہے گوند ببول کتھوا' سفید گیرو ہر یک دو جزو زیل الفار' چار جز' نبات سفید برابر سفوف بنائین' وقت حاجت ایک ماشہ شہد خالص میں ملا کر چاٹیں' نجز یہ دوا واسطے سیلان رطوبت زمان کے حکم اکسیر کار رکھتی ہے۔

سفوف دفع کثرت احتلام

نہایت مجرب اور سہل الوجود نسخہ خرمہرہ (کوڑی) سفید جس پر زرد حلقہ نہ ہو' روئی میں لپیٹ کر کوئلوں کی آگ میں جلا کر پیس کر سفوف بنالیں' ایک تولہ کی سات پڑیہ میں بنالیں' ہر روز صبح کے وقت ایک پڑیہ ہمراہ مکھن کے استعمال کریں' غذا سوائے نان گندم اور روغن زرد اور کچھ نہ کھائیں۔

ایضاً

اساک اور باہ بڑھاتا' منی گاڑھی کرتا ہے' پست بیخ کھرنی' میدہ وچوب' تج ہر ایک تولہ' شکر سفید برابر سفید بنا کر بقدر' ماشہ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

ایضاً

دافع سرعت' انزال' تخم سرس بیجبند سرخ' تخم پلاس' برابر کوٹ چھان کر سب کے برابر مصری ملا کر بقدر 7 ماشہ یا 9 ماشہ' یا تولہ ہمراہ دودھ گاؤ آدھ سیر استعمال کریں' اور اس کے اوصاف کا معائنہ کریں۔

ایضاً

دافع سرعت انزال' نول درخت بڑ (ریش برگد) انول درخت پلاس' ستاور' آم کی گٹھلی' یا آم کی کیری (جو چنوں کے برابر ہو) پوست بیخ کھرنی' پوست بیخ سنبھل' پوست بیخ انجیر' پھلی ببول' سپستان' بجر دنتی (یا گوکھرو) کوٹ چھان کر سب کے برابر مصری ملا کر سفوف بنائیں اور 6 ماشہ سے 9 ماشہ تک ہمراہ دودھ گائے گرما گرم استعمال کریں' ایک ہفتہ تک کریں' ترشی سے پرہیز۔

ایضاً

خرفہ چھیلا ہوا 20 تولہ' تخم کرفس' تخم دھنیا 2 تولہ' شگوفہ (کلی) لار (جو کھلی نہ ہو) تولہ' دانہ الائچی خورد تولہ' تخم اوٹنگن' پوست بہیرہ' ہر ایک دو تولہ' مصری سب کے برابر' خوراک تولہ' ہمراہ شربت خشخاش۔

سفوف ممسک

اسپند لاہوری' زعفران' عقر قرحا' تخم کتائی زرد' جوتری ہر ایک 14 ماشہ' کوٹ چھان کر 6 پڑیہ بنائیں' اور بوقت ضرورت ایک پڑیہ کھائیں' پانی اس کا تریاق ہے۔

سفوف مقوی باہ

منڈی موصلی سفید' بابونگ' برابر وزن لے کر پانچ سیر گائے کے دودھ میں جوش دے کر باریک پیس کر مصری ملا کر ایک ہفتہ تک کھائیں۔

ایضاً

مقوی ہے' تخم کونچ' باریک پیس کر بقدر 7 ماشہ گائے کے دودھ میں ڈال کر پئیں۔

ایضاً

ازحد مقوی باہ ہے' بھنے ہوئے چنوں کی دال ڈیڑھ تولہ باریک پیس کر اس میں ڈیڑھ تولہ شکر سرخ ملائیں اور سوتے وقت روزانہ کھائیں۔

ایضاً

اسگندھ کی جڑ کو باریک پیس کر کپڑے میں چھان کر رکھیں' ہر روز سات ماشہ' سفوف آدھ سیر گائے کے دودھ کے ہمراہ کھائیں' قوت زیادہ ہو گی۔

ایضاً

مقوی باہ' آملہ سیاہ پختہ 3 سیر خشک کر کے پیسیں' اور مصری ہموزن ملا کر چودہ ماشہ سفوف روزانہ آدھ سیر گائے کے تازہ دودھ کے ساتھ تین ہفتہ تک استعمال کریں۔

ایضاً

مقوی باہ و بیخ سہس مولی سیاہ میں خشک کر کے کوٹ چھان کر برابر وزن کھانڈ ملا کر سفوف بنائیں' روزانہ ایک تولہ سفوف آدھ سیر تازہ دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

سفوف ممسک

مجرب اور عجیب نسخہ ہے' کبھی ترش کے استعمال کی ضرورت پڑ جاتی ہے' جائفل' مال کنگنی' زعفران' افیون' لونگ' اجوائن' اسپند' بھنگ جلایا ہوا' ہر ایک برابر (بھنگ کو ایک لوہے کے برتن میں جلا کر باقی دوائیں کوٹ چھان کر باہم ملائیں) 6 رتی سے 12 رتی تک شام کے وقت استعمال کریں' اس کے بعد سوائے دودھ کے جس میں مٹھاس کے لئے کسی قدر شیرینی ملائیں سوائے دوائیہ کے اور کوئی غذا استعمال نہ کریں' دو گھنٹے کے بعد مشغول ہوں۔

سفوف ممسک و مقوی باہ

جائفل نمکوب کر کے پوست خشخاش کے پانی میں 7 مرتبہ بھگو اور خشک کر کے لونگ' سونٹھ پیپل' شکر سفید' تخم بھنگ' گل بھنگ' ہر ایک برابر کوٹ چھان کر بقدر 3 ماشہ شام کے وقت استعمال کریں' پھر جتنا چاہیں استعمال کریں' اگر گانجہ کے عوض چرس اضافہ کریں تو بہت زیادہ ہو گا۔

سفوف دافع جریان وغیرہ

ریش برہ 2 تولہ خستہ خرما (گٹھلی خرما) 4 تولہ' سبوس اسپغول 2 تولہ' تال مکھانہ 2 تولہ گوکھرو 2

تولہ، ثعلب مصری 2 تولہ، مصری کوزہ دیسی کھانڈ کی 14 تولہ۔

ترکیب

ڈراہی اور چھوہارے کی گٹھلیاں گوکھرو اور ثعلب مصری اور کوزہ کی مصری کو الگ الگ خوب پیس کر کوٹ کر کپڑچھان کریں، بعد ازاں اسپغول کی بھوسی و تال مکھانہ ملا کر ایک ایک تولہ کی 28 پڑیاں بنالیں اور ہر روز ایک پڑیہ صبح اور ایک پڑیہ شام ہمراہ دودھ گاؤ تازہ ڈیڑھ پاؤ کے استعمال کریں، پرہیز معمولی ہے، ہر موسم میں استعمال کر سکتے ہیں، میں نے دسمبر اور جنوری میں استعمال کرا کر دیکھا ہے، کچھ نقصان نہیں ہوا۔

سفوف آملہ ٹانک برائے جریان

تازے آملوں کا بیج دور کر کے جتنی ضرورت ہو کھرل میں ڈالیں اور تازہ آملہ کا ہی رس نکال کر اس کو کھرل کرنا شروع کریں، جب یہ رس خشک ہو جاوے اور رس ڈالیں اس طرح 21 پٹھ دیں، ایک ایک پٹھ 2 دن میں آسکتی ہے، اس طرح 42 دن لگیں گے جب تیار ہو جاوے، سفوف بنا کے رکھیں، خوراک 4 رتی سے 1 ماشہ تک صبح و شام ہمراہ لعاب اسپغول ان اصحاب کے واسطے ہے، جو گرم مزاج ہیں اور سرعت یا جریان کے شاکی ہیں اور باہ میں کوئی خاص فرق نہیں ہے، ایسے اشخاص کو سرعت کا یہ خاص علاج ہے۔

سفوف ملح سلیمانی

ضعف معدہ کو دور کر کے بھوک پیدا کرتا ہے، گٹھیا، عرق النساء کولہے کا درد، ضیق النفس کو دور کرتا، اور قوت باہ میں نہایت ترقی بخشتا ہے، علاوہ ازیں زہروں کا تریاق ہے، نمک طعام 5 تولہ کو پانی میں جوش دیں اور ایک مٹی کے برتن میں ڈال کر تنور میں رکھ دیں، اس کے بعد نمک ہندی، نوشادر معدنی ہر ایک ڈھائی تولہ، نمک لاہوری ساڑھے اٹھارہ تولہ، تخم کرفس 11 تولہ، شگوفہ اذخر 5 تولہ، ساڑھے سات ماشہ، مرچ سیاہ ساڑھے سات تولہ، افسون، بالچھڑ، جلیتہ، زیرہ کرمانی دار چینی ہر ایک ساڑھے تین تولہ کوٹ چھان کر برگ بھنگ حسب ضرورت و برداشت، طبیعت داخل کر کے سفوف بنائیں، خوراک 3 ماشہ سے 5 ماشہ تک۔

سفوف مقوی باہ

پوست چھتہ دو سیر، کھانڈ دو سیر سے سفوف بنا کر ہر روز ایک کف دست کھائیں نہایت مقوی ہے۔

دیگر

موصلی سفید، موصلی سیاہ، اندر جو، گوکھرو، بوپھلی، موچرس، ست گلو، عقرقرحا، تخم کھارہ، تخم اونٹکن، تخم کونچ، کباب چینی، لوبان، الائچی، تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر دو د چند وزن شکر سرخ ملا کر سفوف بنائیں، ہر روز صبح کے وقت ایک کف دست کھائیں۔

دیگر

تخم پیاز، مغز تخم کونچ، گوکھرو، مغز بادام، ہر ایک ایک سیر، اجوود مصطگی، اگر لوبان ساڑھے دس ماشہ،

بھوسی' اجوائن ایک سیر' منڈی موصلی ہر ایک 1 تولہ کوٹ چھان کر برابر وزن شکر سرخ ملا کر اکیس روز تک روز مرہ 10 ماشہ کھائیں' ترشی وغیرہ سے پرہیز کریں۔

سفوف جریان

املی کے بیجوں کو چنے کے مانند بھون کر چھلکا علیحدہ کریں اور اس کے برابر شکر سفید ملا کر بطور سفوف دودھ کے ہمراہ ایک ہتھیلی استعمال کریں' ترشی اور بادی سے پرہیز' اگر سب کے برابر دال ماش بریان ملائیں تو بند کشاد کے لئے نافع ثابت ہو گا۔

دیگر

گل مولسری' شکر سفید' دونوں ہموزن باریک کر کے ہمراہ گائے کے دودھ پاؤ سیر' ایک ہتھیلی کھائیں' جریان کے لئے سودمند ہے' اگر مزاج مریض گرم ہو تو بھوسی اسپغول اضافہ کریں۔

دیگر

پھلی ببول' جو محض چھوٹی ہو' اور تخم اس میں پیدا ہوئے ہوں لے کر سایہ میں سکھا کر ہموزن اس کے شکر سفید ملا کر بطور سفوف کے ایک تولہ ہر روز ہمراہ شیر گاؤ کے استعمال کریں' جریان دور ہوتا ہے۔

دیگر

پوست ببول' گوند ببول' گل ببول (یا بجائے گل ببول کے کونپل ہوں) بیخ ببول' چاروں برابر' اور مصری ان سب کے برابر بطور سفوف 10 ماشہ ہمراہ دودھ گائے' دو ہفتہ تک استعمال کریں منی غلیظ ہو جائے گی۔

دیگر

درخت بڑ کے کچے پھلوں کو خشک کر کے گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

دیگر

مائیں گجراتی 9 تولہ' کوٹ چھان کر 7 حصے کریں اور ایک حصہ علی الصباح ہمراہ گائے کے دہی کے جو کھٹا نہ ہو کھائیں اور غذا بھی گیہوں کی روٹی گھی سے چپڑی ہوئی' بے نمک استعمال کریں۔

سفوف بیجبند

جریان کے لئے استعمال ہے' بیجبند سیاہ' تخم ہلہل' ہر ایک 9 ماشہ' گوکھرو' تال مکھانہ' ملٹھی شیریں' ہر ایک ڈیڑھ تولہ' مہستان 6 تولہ' کوٹ چھان کر ہموزن شکر ملا کر ہر روز تولہ سرد پانی کے ہمراہ کھائیں۔

سفوف دافع جریان منی و مذی و مقوی و ممسک

پکھان بید 1 تولہ' بہمن سفید 1 تولہ' بہمن سرخ 1 تولہ' بنسلوچن 1 تولہ' ست گلو 1 تولہ' موصلی سیاہ 1 تولہ' موصلی سفید 1 تولہ' سبوس اسپغول 1 تولہ' تالمکھانہ 1 تولہ' ستاور 1 تولہ' گل سرخ 1 تولہ' الائچی کلاں 1 تولہ' کشتہ قلعی 1 تولہ' شکر سفید ہموزن ملا کر سفوف بنائیں' 1 تولہ سفوف پاؤ سیر شیر گاؤ کے ...

روزانہ کھائیں۔

دیگر

میدہ لکڑی، تخم بکائن، تالمکھانہ، گوکھرو، تخم خیارین، بیج بند، گوند ببول، گوند ڈھاک، ثعلب مصری، ہر ایک تولہ، سب کو کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملا کر سفوف بنائیں، ایک تولہ سفوف صبح کے وقت اور ایک تولہ شام کے وقت گائے کے پاؤ بھر دودھ کے ساتھ کھائیں۔

سفوف دافع جریان منی

ست گلو 2 تولہ، عقرقرحا 1 تولہ، شکر سفید ہموزن ملا کر 1 تولہ سفوف روزانہ صبح کے وقت پاؤ سیر شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں۔

دیگر

موصلی سینبھل، موصلی سفید، موصلی سیاہ بہمن سرخ، ستاور، تخم گندنا، تخم پیاز، تخم شلغم، اندر جو شیریں، ثعلب مصری، شقاقل مصری، ہر ایک 1 تولہ کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملا کر 1 تولہ صبح اور 1 تولہ شام کے وقت ہمراہ شیر گاؤ پاؤ سیر شہد سے شیریں کیا ہوا ہمیشہ۔

دیگر

اندر جو شیریں، تالمکھانہ بیج بند، تخم سروالی، مغز تخم کونچ، موچرس، گوند ڈھاک، مساوی الوزن کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملا کر سفوف بنائیں، 1 تولہ سفوف صبح کے وقت شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں۔

سفوف جریان منی

بھونہ خشک 2 تولہ، دانہ الائچی کلاں 1 تولہ، بنسلوچن 1 تولہ، سفوف کر کے رکھیں، صبح کے وقت 6 ماشہ سفوف شہد دو تولہ میں ملا کر کھائیں۔

دیگر

گوند ڈھاک میدہ لکڑی ہر ایک 5 تولہ، دونوں کو سفوف بنا کر ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام کے وقت ہمراہ دودھ گاؤ کھائیں۔

دیگر

جائفل، عقرقرحا، گوکھرو، تخم کونچ پوست، کیکر ہر ایک 6 ماشہ، سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور 2 ماشہ سفوف 2 تولہ شہد میں ملا کر کھائیں۔

دیگر

سریالی، رال سفید ہر ایک 1 تولہ، شکر سرخ 2 تولہ سفوف بنا کر روزانہ 6 ماشہ سفوف شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں۔

دیگر

لکڑی گوند ڈھاک ہر ایک 2 تولہ، شکر سفید 4 تولہ سفوف بنا کر 6 ماشہ 1 تولہ سفوف روزانہ شیر

گاؤ کے ہمراہ کھائیں۔

دیگر

گل کیکر نخود بریاں' رال سفید ہر ایک 2 تولہ' شکر سفید ہموزن سفوف بنا کر 1 تولہ سفوف روزانہ شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں۔

دیگر

چھال ڈھاک' چھال مولسری' چھال گولر' گوند سمبنھل' مجیٹھ' گوند ببول' گوند ڈھاک' گوند گولر چنے بھنے ہوئے' ہر ایک مساوی الوزن لے کر کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملا کر سفوف بنا رکھیں' 1 تولہ سفوف روزانہ شیر گاؤ کے ہمراہ دکھائیں۔

سفوف دافع جریان منی ومقوی

تخم سداب 1 تولہ' انیسون 1 تولہ' اجوائن خراسانی 10 تولہ' جندبید ستر 1 تولہ' گل سرخ 3 تولہ گلنار 3 تولہ' سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنادیں' 7 ماشہ سفوف شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں۔

دیگر

گل دھاوا' مغز جامن' پکھان بید' رسوت' موچرس' مائیں خورد' اتیس موتھ' زعفران' بیل گری' لودھ گیرو' کانبھل' مرچ سیاہ' سونٹھ' اندر جو' صندل سرخ' پوست گز' جواسہ' گل دہاوا' بدھارہ' ارجن' گل کیلہ' گل سمبنھل ہر ایک 1 تولہ سب کو کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملا کر سفوف بنائیں' صبح وشام 6 ماشہ' سفوف ہمراہ شیرہ برنج 2 تولہ کے شہد ملا کر کھائیں۔

دیگر

مغز خستہ جامن' مغز خستہ انبہ' ہتھ جوڑی' رسوت' موچرس' مجیٹھ' اتیس' موتھ' مغز بیل' لودھ پٹھانی' کانبھل' مرچ سیاہ' شہد انج' صندل سرخ' مازومائیں' دھامہ' گل دہادہ' ملٹھی' پوست درخت سانج ہر ایک 1 تولہ کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملا کر سفید بنادیں' 1 تولہ سفوف شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں۔

دیگر

سنگھاڑہ خشک' مازوئے سبز' تالمکھانہ' نشاستہ' گوند کیکر' ثعلب مصری' ہر ایک 1 تولہ کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملا کر سفوف بنائیں' 1 تولہ سفوف روزانہ شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں۔

سفوف جریان

جریان کے واسطے نہایت نافع ہے' اور مقوی بھی ہے' موصلی' تال مکھانہ' تخم کونچ' تخم اونٹگن' موچرس' پوست بیخ' اونٹ کٹارہ' بیجبند سیاہ' بھو پھلی' کمرکس' تخم کاہو' ستاور' برنج ساٹھی' سمند سوکھ' اندرجو' ہر ایک ساڑھے تین ماشہ' سنگھاڑا خشک ساڑھے چار ماشہ' سریار 61 تولہ' کوٹ چھان کر شکر سفید برابر ملا کر سفوف بنائیں' گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔

دیگر

جریان منی کے واسطے نہایت مفید ہے' آملہ مقشر ایک چھٹانک ہلدی 2 تولہ' کوٹ چھان کر شہد خالص آدھ پاؤ ملا کر صبح و شام کھائیں۔

دیگر

یہ سفوف اس جریان کے لئے از حد مفید ہے' جو قوت ماسکہ کی کمزوری سے پیدا ہوا ہو' اقاقیا چوتھائی حصہ' گل ارمنی' گلنار بریان' آدھا حصہ' کشنیز خشک' دال مسور چھلی ہوئی' تخم کاہو' ہر ایک ایک حصہ کوٹ چھان کر شربت آس کے ساتھ دیں۔

دیگر

رقت منی اور جریان کے لئے بے انتہا مفید ہے' طباشیر کبود آملہ مقشر تخم املی مقشر ہر ایک 9 تولہ' بیخ مرجان سرخ' کہربائی شمعی' یشب سبز' صندل' دھنیا خشک ہر ایک 6 ماشہ' پھلی ببول' پوست سہستان ہر ایک تولہ سفوف کر کے بقدر 6 ماشہ لے کر مصری سفید 3 ماشہ ملا کر کھاویں' اوپر سے شربت انارین 2 تولہ عرق گاؤ زبان عرق کیوڑہ' ہر ایک 7 تولہ میں ملا کر پیویں۔

سفوف بند کشاد

کشتہ قلعی' ست گلو' ست سلاجیت' درخت کتائی خورد سایہ خشک کردہ' دار چینی' جائفل' کوکنار' مصطگی' موصلی سیاہ' گوکھرو پرورہ' پوست درخت سمبھل' دانہ الائچی خورد' موچرس مائیں خورد' ہر ایک 1 تولہ' ہلیلہ زرد ہلیلہ' آملہ' اسگندھ ناگوری چھلی خام' درخت کیکر ہر ایک 1 تولہ باریک کوٹ چھان کر تمام کے ہموزن مصری ملا کر مقدار 4 ماشہ ہمراہ شیرہ برگ شیشم صبح کے وقت کھائیں اور آہستہ آہستہ 4 ماشہ سے شروع کر کے 1 تولہ تک پہنچادیں' اثنائے استعمال میں جغرات دال عدس' مولی' بادنجان اور دیگر اشیاء ترش اور بادی سے پرہیز کریں' ایک ماہ تک متواتر کھانا چاہیے۔

سفوف برائے بند کشاد و تولید منی

تالمکھانہ' سرالہ' رال سفید' غنچہ گل از و سایہ خشک کردہ' تج جملہ ادویہ بوزن برابر باریک پیس کر دوچند شکر ملا کر روزانہ صبح کے وقت بمقدار 9 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ کھائیں' اگر مزاج سرد ہو تو شیر گاؤ کو گرم کرلیں اور اس کے ہمراہ کھائیں۔

دیگر

تالمکھانہ' مغز تخم انگن' موصلی سیاہ' مغز تخم کونچ' موچرس' گوند ڈھاک' سمند سوکھ' سرالہ' گوکھرو' دودھی خورد' لہسوڑہ خورد' پوست درخت' سمبھل گل درخت سمبھل' کویل سرونج' تال مکھانہ' ناگ بلا' بو پھلی' میدہ لکڑی اتی بلا' جملہ ادویہ مساوی الوزن لے کر باریک کوٹ چھان کر ہموزن شکر ملا کر بقدار ایک کف دست گائے کے دودھ کے ہمراہ چند روز تک کھائیں۔

دیگر

جریان اور رقت منی اور تیزی منی کے لئے سودمند ہے' طباشیر' صندل سفید' کہربا' تخم خشخاش' گل

ارنی، ثعلب مصری، موچرس، دانہ الائچی خورد، تخم خرفہ بریان، دھنیا بھلی، ہر ایک تولہ، سنگھاڑہ خشک 5 تولہ، مصری برابر، خوراک 7 ماشہ ہمراہ بکری کے دودھ۔

ایضاً

یہ سفوف جریان کے ماسوا سوزاک کے لئے بھی سودمند ہے، ست گلو، ست سلاجیت، دانہ الائچی، پھان بید، کنول کھاتا، بیجبند، سمندر سوکھ، تج، گوکھرو، گوند ببول، ہر ایک تولہ، مصری دو چند، خوراک 9 ماشہ۔

ایضاً

جریان کے لئے مجرب النفع ہے، املی کے بیج پانی میں بھگو کر چھیل لیں، تولہ مغز تخم کیکان، مصطگی سفید ہر ایک 7 ماشہ خوراک 8 ماشہ، ہمراہ شیرہ تخم خرفہ، شیرہ تخم خیارین، شیرہ خشخاش ہر ایک 7 ماشہ، شربت نیلوفر یا شربت خشخاش 2 تولہ۔

ایضاً

منی پیدا کرنا اور گاڑھی کرنا ہے، تخم کونچ، تخم اوٹنگن، گوند ببول، اندر جو شیریں، بہمن سفید، بسلوچن، موصلی سفید، سنبھل تودری سرخ، گل سنبھل، ست سلاجیت، ہر ایک 7 ماشہ، تودری ساڑھے تین ماشہ، مصری سب کے برابر خوراک 9 ماشہ، ہمراہ گاؤ کے دودھ کے سوتے وقت۔

دیگر

کنول کھاتا، تج، ستاور، بیجبند، گوکھرو، موچرس، تخم اٹنگن، گوند ببول ہر ایک ساڑھے نو ماشہ، سنگھاڑہ خشک، اسگندھ ناگوری، چنیہ گوند، شقاقل ہر ایک 6 ماشہ موصلی سفید، موصلی سیاہ، ہر ایک تولہ، کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملا کر بکری کے دودھ کے ہمراہ کھائیں ترشی بادی سے پرہیز۔

دیگر

گوار کے بڑ کی شاخوں کی چھال (جو زمین کے اندر ہوتی ہیں) خشک گوکھرو، کنول کھاتا، مغز کنول گٹہ ہر ایک 5 تولہ، بسو بھلی، کھاتا بیجبند، تخم سرداری، چینی گوند، ہر ایک 3 تولہ، کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، خوراک تولہ ہمراہ دودھ گاؤ۔

سفوف پرمیو کے دافع کرنے کے واسطے نہایت نافع ہے

سمندر سوکھ 7 ماشہ، زال سفید، غنچہ گل انار در سایہ خشک کردہ، بیج بند، سربالہ ست سلاجیت، ست گلو، کشتہ قلعی ہر ایک 7 ماشہ، مائیں خورد، بارتنگ خوب کلاں، گوند ڈھاک، مازو پھل بریاں، سنگھاڑہ، سمندر پھل، ہر ایک ساڑھے تین ماشہ تمام کو کوٹ چھان کر شکر تری ملا کر بوقت صبح بکری کے دودھ کے ہمراہ بقدر 7 ماشہ کھائیں۔

دیگر

کمر کس خام، تالمکھانہ، دال مونگ مقشر ثعلب مصری، پکھان بید مساوی کوٹ چھان کر شکر سفید برابر

ملا کر سفوف بنائیں، ہر روز ایک تولہ دودھ کے ساتھ۔

دیگر

نہایت بے نظیر ہے، **کتیرا** سفید، گلنار، صندل سفید، طباشیر سفید، **بسباسہ** (جوتری) موچرس ہگوکھرو، خوردمائیں، کشتہ قلعی، ہر ایک 4 ماشہ کہربائے شمعی مصطگی، گل ارمنی، ثعلب مصری، شقاقل، اندرجو پکھان بید، مایہ شتر اعرابی لودھ گجراتی، ہر ایک 3 ماشہ، **سنبل الطیب (بالچھڑ)** دو ماشہ تودری سفید، تودری سرخ، بہمن سفید بہمن سرخ، ہر ایک 5 ماشہ، پوست بیخ مولسری، پوست بیخ کچنال، پوست بیخ جھڑبیری، پوست بیخ ببول، پوست بیخ **سنکھاہولی**، سنگھاڑہ خشک، ہر ایک 5 ماشہ، دانہ الائچی سفید چھ ماشے سفوف کر کے سب برابر شکر سفید ملا کر ایک تولہ صبح کے وقت سرد پانی کے ساتھ کھاویں۔

دیگر

جریان منی کے واسطے نہایت مجرب ہے، چوب چینی عمدہ 5 تولہ ورق تراش کر ایک سبز گائے کے دودھ میں جوش کریں، یہاں تک کہ دودھ کا کھویا ہوجائے، پس ورق نکال کر سایہ میں خشک کریں اور باریک پیس کر چھ ماشہ ہر روز گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔

دیگر

سرعت انزال کو بہت مفید ہے، کونپل درخت بڑھ پوست بیخ کہنی **سپستان** بھو پھلی، ستاور، مساوی کوٹ چھان کر سفوف بنادیں، ایک تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔

دیگر

واسطے **انجماد** منی کے مجرب و آزمودہ ہے، خرما گیارہ دام مصطگی رومی، موصلی دکھنی ایک دام، شکر سفید چودہ دام سفوف کر کے تیرہ حصہ کریں، ایک حصہ سوتے وقت کھائیں، اوپر سے گائے کا دودھ ایک سیر لے کر جوش کریں، جب تین پاؤ باقی رہے، تار رکھیں اور سفوف کھا کر اوپر سے دودھ پیویں تا استعمال دوا ترشی، بادی و جماع سے پرہیز کریں۔

دیگر

خرفہ مقشر کشنیز خشک (دھنیا) تخم اوٹنگن پوست ہلیلہ ہر ایک دو تولہ تخم کرفس 9 ماشہ، شگوفہ انار ناشگفت دانہ الائچی خورد، ہر ایک ایک تولہ نبات سفید مساوی خوراک ایک تولہ۔

دیگر

مغلظ منی، بسد احمر (بیخ مرجان) کہربائے شمعی بزرالبنج (اجوائن خراسانی سفید، زرنبلوفر ہر ایک 3 ماشہ، **صمغ** عربی، آملہ مقشر، کشنیز خشک، بلوط گلنار، طباشیر، کبود، **تالمکھانہ**، تخم اوٹنگن **بیجبند**، سرالی، موصلی سفید گل دھاوہ، گل ببول، موصلی **سمبھل**، سمندر سوکھ، **ثعلب** مصری، **صمغ سیمبھل**، ستاور، بہمن سفید ہر ایک چھ ماشہ، **آڑوسنگھاڑہ** ایک تولہ، مغز بادام شیریں، مغز تخم پیٹھ، مغز تخم تربوز ہر ایک دو تولہ نارجیل تازہ تخم خشخاش سفید، تخم خرفہ سیاہ ہر ایک تین تولہ کوٹ چھان کر شکر سفید ملا کر سفوف کریں۔

سفوف ماسک منی

سخت جریان کے لئے مفید ہے' **بیجبند** گجراتی' ستاور' تال مکھار' شقاقل ثعلب مصری' موچرس' سروالی' گل منڈی' سنگھاڑہ خشک' کمرکس' گوند ببول' گوند **سینبھل**' گل ببول' گل دھاوا' تج میدہ لکڑی' ہر ایک 6 ماشہ' تخم املی' ماش کی چھلی دال' ہر ایک 4 تولہ شکر سفید ہموزن کوٹ چھان کر سفوف بنائیں' خوراک بوقت صبح تو ہمراہ گائے کے دودھ کے اور 9 ماشہ سردپانی کیساتھ شام کو کھائیں۔

ایضاً

اگر دس سال سے جریان بھی ہو تو مفید ہے' **بیجبند** موصلی سیاہ موصلی سفید تال مکھانا' سمندر سوکھ' سریالہ' چھال **سینبھل**' مولسری' گوند **سینبھل**' تخم اوٹنگن' لہسوڑہ' برم ڈانڈی' بھو پھلی' تج' میدہ لکڑی' ہر ایک تولہ' پھلی ببول' گوکھرو' ہر ایک تولہ' کوٹ چھان ہموزن شکر سفید ملا کر صبح کے وقت ہتھیلی بھر ہمراہ دودھ استعمال کریں' **مٹھاس کھٹاس** سے پرہیز۔

ایضاً

رقت منی کو زائل کرتا' ترکیب حکیم حمید الدین صاحب' بارہا آزمایا گیا ہے' ستاور' موصلی سفید' سمندر سوکھ' **بیجند**' سروالی' تخم تمرہندی مقشر (چھدا ہوا) موصلی **سینبھل**' تج' تال مکھ' خشخاش' سیند' دانہ الائچی کلاں' سنگھاڑہ خشک' ہر ایک برابر' کوٹ چھان کر ہموزن شکر سفید ملا کر ہمراہ دودھ گاؤ ایک ہتھیلی استعمال کریں۔

ایضاً

جریان کے لئے مجرب ہے' میدہ لکڑی' گوند چنیہ ہر ایک تولہ' مغز تخم املی 3 تولہ' کوٹ چھان کر ہمراہ گائے کے دودھ پاؤ سیر استعمال کریں۔

ایضاً

جریان منی اور سرعت انزال کے لئے مجرب ہے' تال مکھانا' موصلی سیاہ' موصلی سفید' تخم کونچ' تخم اوٹنگن' موچرس' **بیجبند** سیاہ' **بیجبند** سفید' پوست بیخ اونٹ کٹارہ' بھو پھلی' چاول ساٹھی' کمرکس' موچرس' تخم کاہو' اندر جو شیریں' سمندر سوکھ' ستاور' ہر ایک 6 ماشہ' سنگھاڑہ خشک 9 ماشہ تخم سروالی تولہ' شکر سفید ہموزن' خوراک 6 ماشہ' ہمراہ پانی یا بکری یا گائے کے دودھ کے لسی کے ہمراہ استعمال کریں۔

سفوف جریان

بنسلوچن' دانہ الائچی خورد' ہر ایک 1 تولہ لے کر دونوں کو پیس کر 25 عدد ورق نقرہ' ایک ایک عدد ڈال کر کھرل کریں اور 7 پوڑیہ بنالیں' شام کے وقت ایک پوڑیہ بکری کے دودھ کے ساتھ ایک مٹی کے کوزے میں ڈالیں اور اوپر سرپوش دیکر اس کو ایک پانی کے برتن میں لٹکا دیں' اس طرح کہ پانی کوزے کے گلے تک رہے' اندر دودھ میں نہ جانے پائے صبح کے وقت اس دودھ کو لے کر اس میں ایک بوتل شربت کاہنی 7 حصہ داخل کر کے پلادیں' اس طرح ساتوں پڑیاں کھلادیں۔

دیگر

احتلام و سرعت کے واسطے مفید ہے، ضعف دماغ کو دور کرتا ہے، منی کو پیدا کرتا اور نیز مقوی باہ ہے، گوند ڈھاک 2 تولہ، گوند کیکر 2 تولہ، پھلی کیکر 2 تولہ، چھال کیکر 2 تولہ، موصلی سیاہ 2 تولہ، موصلی سفید 2 تولہ، موصلی **سینبھل** 2 تولہ، تال مکھانہ دو تولہ، اندر جو شیریں دو تولہ، بہمن سرخ 2 تولہ، سب کو کوٹ چھان کر مصری ہموزن ملا کر سفوف بنا دیں، ایک تولہ روزانہ صبح کے وقت گائے کے نیم گرم دودھ کے ہمراہ کھاویں، تین ہفتہ کے استعمال سے کل امراض مذکورہ بالا دور ہو جائیں گے۔

دیگر

واسطے جریان کے نافع ہے، **بیجبند** موصلی سیاہ، موصلی سفید، موصلی **سینبھل** ستاور، **تالمکھانہ**، پوست بیج کنار خستہ جامن ہریک 6 ماشہ، تخم تمرہندی، املی 25 گرام، شیر برگد میں تر کر کے سایہ میں خشک کریں، گوند انبہ بریاں، گوند **سینبھل** بریاں، گوند ببول، گوند ڈھاک بریاں، بہو پھلی، پھلی ببول، تخم کونچ، طباشیر، کبود زرد ہر ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر مصری برابر ملا کر سفوف کریں۔

دیگر

جریان منی کے واسطے مجرب ہے، **تالمکھانہ**، **بیجبند** گوند ڈھاک، مور انبہ ثعلب مصری، خستہ خرما، رسوت مساوی باریک کر کے شکر خام ملا کر ایک تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ نوش فرمائیں۔

دیگر

واسطے جریان کے، طباشیر سفید، گلنار فارسی، گل پستہ ہریک یک تولہ زہر مہرہ خطائی، دم الاخوین گل سرخ، حب الاس ہریک چھ ماشہ باریک کر کے سفوف بنائیں، چھ ماشہ شربت بزوری کے ساتھ کھائیں۔

دیگر

رقت منی اور جریان کے واسطے تخم کاہو گلنار، تخم خشخاش سفید، برگ سداب اصل السوس ہریک یک تولہ، کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، چھ ماشہ دہی کے ساتھ کھائیں۔

دیگر

جریان کے واسطے **تالمکھانہ**، **بیجبند**، سریالی، مغز تخم کونچ، بہو پھلی سمندر سوکھ، تخم اونگن، موصلی سفید، موصلی سیاہ، اندر جو طباشیر سفید، تخم تودری سفید، بہمن سفید ہریک 6 ماشہ، ثعلب مصری، شقاقل مصری، ہر ایک 9 ماشہ، کشتہ قلعی ایک تولہ، مصطگی دانہ الائچی خورد ہریک چار ماشہ، تخم تمرہندی (املی) دو تولہ کوٹ چھان کر نبات سفید برابر ملا کر سفوف بنائیں، ایک تولہ گاؤ زبان کے عرق کے ساتھ کھائیں۔

دیگر

جریان کے واسطے، موچرس، موصلی سیاہ، موصلی **سینبھل**، موصلی دکھنی گوند ڈھاک **تالمکھانہ** ہر یک دو تولہ **بیجبند** ایک تولہ، مائیں خورد سمند، سوکھ گر کھرو دکھنی گوند کیکر ہریک دو تولہ، مازو سبز، چھ ماشہ، اندر جو مغز تخم کونچ گوند **سہجنہ**، دانہ الائچی کلاں، ہریک یک تولہ، مغز تخم پنبہ دانہ (املی) دو تولہ پپل 6 ماشہ
[illegible]

دیگر

جریان کے واسطے بہت مفید ہے، تخم تمرہندی (املی) تالمکھانہ پھلی ببول ہریک 10 ماشہ نخود بریاں مغز، مغز ختہ جامن، ہریک تولہ، رال سفید چھ ماشہ کوٹ چھان کر شکر سفید برابر ملا کر سفوف بنائیں، خوراک ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔

دیگر

یہ سفوف منی کی اصلاح کرتا ہے، شقاقل مصری، ثعلب مصری، دار چینی بنسلوچن، تج، تالمکھانہ، گوکھرو، سنگھاڑہ خشک، مہستان، ہریک یک دام مصری 3 دام، کوٹ چھان کر چودہ پڑیاں بناویں، ہر روز ایک تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں، ترشی و جماع سے پرہیز کریں۔

دیگر

واسطے جریان دندی دودی کے نہایت مفید ہے، طباشیر سفید (بنسلوچن) گل پستہ، ہریک تین ماشہ گل، مہیاری، کشنیز خشک، کنول گٹہ، تال مکھانہ، صمغ (گوند) دھاک، پھول مکھانہ، ہریک چھ ماشہ، بیجبند، تخم خشخاش سفید، ہریک 4 ماشہ تخم اونٹگن، سبوس اسپغول، ہریک یک تولہ باریک کر کے سفوف بنائیں، چھ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان پاؤ سیر کے کھاویں۔

دیگر

جریان و سرعت .... کے واسطے بہت مفید ہے، پوست ببول پھلی ببول خام، صمغ عربی، کونپل ببول، مساوی کوٹ چھان کر شکر سفید برابر ملا کر سفوف بنائیں، خوراک ایک تولہ۔

ایضاً

سیلان منی (جریان منی) کو دور کرتا ہے، نقل از حکیم قطب الدین، گوکھرو تج، تال مکھانہ، گوند ناگوری، ہریک تولہ، سروالی 8 تولہ، مصری 32 تولہ، کوٹ چھان کر نہار منہ ہمراہ لسی دودھ گائے (دودھ پاؤ سیر پانی آدھ پاؤ) استعمال کریں، ترشی اور جماع سے پرہیز۔

ایضاً

منی کو گاڑھا کرتا ہے، بیجبند، تخم کونچ، اونٹگن، موچرس، بہو پھلی، تج، اندر جو شیریں، تال مکھانا، سمندر سوکھ، موصلی سیاہ، موصلی سفید، ست گلو، سنگھاڑہ خشک، مصطگی رومی، ثعلب مصری، کباب چینی، دانہ الائچی کلاں، بنسلوچن، گوکھرو، ہر ایک 6 ماشہ، نشاستہ، گوند ناگوری، لہسوڑہ، تخم خشخاش ہر ایک 4 ماشہ کوٹ چھان کر برابر شکر ملا کر تولہ ہمراہ سرد پانی کے استعمال کریں۔

سفوف قلعی

معمول اور مجرب ہے، جریان سوزاک تازہ کہنہ میں بے حد فائدہ بخشتا ہے، ست گلو ست سلاجیت، الائچی خورد، پکھان بید، ملٹھی، تال مکھانہ، بنسلوچن، قلعی کشتہ ہر ایک تولہ، مصری سب کے برابر، ہر روز 9 ماشہ سے تولہ تک کھائیں۔

ایضاً

منی گاڑھی کرتا ہے، نقل از میر کوچک علی بیخ سینبھل 4 تولہ، تج، میدہ لکڑی موصلی سیاہ، موصلی سفید، ہر ایک 2 تولہ، گوند ببول، گوند چنیا، موچرس، اندر جو شیریں، مغز بنولہ، تال مکھانا، تخم سروالی، ثعلب مصری، سپستان ہر ایک تولہ بنسلوچن، کتھوا، ہر ایک 6 ماشہ، مصری سب کے برابر خوراک 14 ماشہ، ہمراہ کشتہ قلعی 1 رتی، دودھ گاؤ مجرب ہے۔

سفوف برائے جریان و کثرت احتلام و سرعت

بیر خام ایک سیر جو کہ کاٹھے ہوں اور جن کی گٹھلی بہت نرم ہو یہاں تک کہ دانت سے بخوبی چبائی جاسکے لے کر سایہ میں خشک کریں اور سفوف بنادیں، اس میں مغز تخم املی 10 تولہ کا سفوف بنا کر ملادیں، خوراک 6 ماشہ سے 9 ماشہ تک اوپر سے ایک پاؤ شیر گاؤ بیش، 40 یوم تک استعمال کریں، دودھ خوب پیویں، ترشی، جماع اور گرم اشیا سے پرہیز رکھیں۔

دیگر

جریان منی کے واسطے مجرب ہے، تالمکھانہ، بیجبند سیاہ شقاقل مصری، موصلی سفید، موصلی سیاہ، موچرس، خار خسک (گوکھرو) خود تخم کونچ، ثعلب مصری، تخم خیار، ہر ایک ایک تولہ، موصلی سینبھل، صمغ (گوند) سینبھل، گل سینبھل، ہر یک دو تولہ تودری سرخ، تودری زرد، مائیں خورد، مائیں کلاں، مصطگی، گڑ گوھل، ہر ایک ایک تولہ باریک کر کے اسپغول مسلم دو تولہ، شکر خام برابر ملا کر سفوف بنائیں اور بقدر ایک تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ صبح کے وقت کھائیں۔

دیگر

سیلان منی کو نہایت مفید ہے۔ الائچی خرد 9 ماشہ۔ نوا کھیر سنگ پلیتہ کہ پتھر کی قسم سے ہے اور مشہور ہے۔ ہر یک 6 ماشہ۔ گوکھرو خورد 4 تولہ 6 ماشہ۔ شکر 11 تولہ کوٹ چھان کر 9 ماشہ دودھ کی لسی کے ساتھ استعمال کریں۔

دیگر

مغلظ منی ہے۔ گل پستہ، گل سپاری، مازو سبز، ثمر مولسری خام، ہر ایک دو تولہ۔ کیری انبہ 3 تولہ۔ پودینہ بستانی دو تولہ۔ ثعلب مصری پانچ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ چھ ماشہ تازہ دودھ کے ساتھ کھائیں۔

دیگر

مقوی باہ و دافع جریان، گل دھاوہ، گل فوفل، گل پستہ، اسگند ناگوری، برادہ تخم تمہندی (املی)، صمغ (گوند) ببول، صمغ (گوند) سینبھل، ہر ایک دو تولہ، برادہ ثمر (پھلی) برگد، صمغ (گوند) دھاڑہ، مغز تخم کنول کند، کرکس، کونپل درخت بڑھ ستاور، پوست درخت انجیر، پوست درخت کھرنی، زردی گل نیلوفر، ہر ایک یک تولہ، کوٹ چھان کر شکر سفید بابر ملا کر سفوف بنائیں، گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

دیگر

منی کو غلیظ کرتا ہے' گوند' طباشیر سفید' کتھا سفید' نشاستہ' ثعلب مصری دار چینی' الائچی' مغز بادام' نارجیل' ناریل' عیک البطم' مغز چلغوزہ' مصطگی نبات سفید مساوی باریک کر کے سفوف بنائیں۔

دیگر

سیلان منی کو نافع ہے' تالاب کی کائی مٹی کے برتن میں جلا کر اس کے برابر شکر ملا کر بقدر چار ماشے ہر روز کھائیں۔

دیگر

سرعت انزال کے واسطے بہت مفید ہے' موصلی سیاہ' موصلی سفید' تخم کونچ' تخم اونٹگن' موچرس' بیجبند سیاہ' بیجبند سرخ' تیج پل' پوست بیخ اونٹ کنارہ بھو پھلی قند سفید برابر سفوف بنادیں۔

دیگر

سرعت انزال اور قوت باہ کو مجرب ہے' عقرقرحا بیجبند' تخم کونچ گلنار' تخم اونٹگن' موچرس' بھو پھلی' اندر جو' تالمکھانہ' سمندر سوکھ' موصلی سیاہ موصلی سفید' ست گلو' سنگھاڑہ' خشک مصطگی' ثعلب مصری' کباب چینی' دانہ الائچی کلاں طباشی سفید' کار خسک (گوکھرو) ہر ایک 3 ماشہ نشاستہ گوند ناگوری' لہسوڑہ' تخم خشخاش سفید ہر ایک 4 ماشہ کوٹ چھان کر شکر سفید برابر ملا کر سفوف بنائیں اور تولہ سرد پانی کے ساتھ کھائیں۔

کثرت احتلام

دو پیسہ بھر چرونجی کچل کر 3 پاؤ گائے کے دودھ میں جوش کریں' جب نصف رہ جائے' شب کو سوتے وقت 3 روز تک نوش کریں' بہت عمدہ اور مجرب ہے۔

سفوف دافع سرعت

پوست درخت ببول 2 تولہ' کونل ڈھاک 2 تولہ' ستاور 2 تولہ' تخم انبہ 2 تولہ' پوست بیخ کھرنی 2 تولہ' بیخ سینھبل 1 تولہ' پوست انجیر دیسی 3 تولہ' پھلی ببول 2 تولہ' سپستان 2 تولہ' بجرونتی 2 تولہ' سب کو کوٹ چھان کر نبات سفید ہموزن ملا کر سفوف بنائیں' 6 ماشہ صبح اور 6 ماشہ شام کے وقت آب سرد کے ہمراہ 7 روز تک کھائیں۔

دیگر

سفوف دافع جریان .... و سرعت ...... گلنار 2 تولہ' گل نیلوفر 2 تولہ گل سرخ 2 تولہ' کشنیز خشک 3 تولہ' اسپغول مسلم' 2 تولہ' تخم کاہو 2 تولہ' تخم خرفہ 2 تولہ' کافور 1 تولہ' سب کو کوٹ چھان کر بقدر 5 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ روزانہ کھائیں۔

دیگر

بہمن سفید' شقاقل' تودہ چھانی' تخم گندر' ہر ایک 1 تولہ کوٹ چھان کر 6 ماشہ سفوف صبح اور 6 ماشہ

شام کے وقت شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں، ترشی اور بادی سے پرہیز کریں۔

دیگر

پنیر مایہ شتر اعرابی 3 ماشہ، ثعلب مصری 3 ماشہ، کشنیز خشک 3 ماشہ، مصطگی 3 ماشہ، عود عرقی 3 ماشہ، الائچی خورد 3 ماشہ، تخم ریحان 3 ماشہ، تخم بالنگو 3 ماشہ، تخم بادر نجویہ 3 ماشہ، بنسلوچن 3 ماشہ، سمک صیدا 3 ماشہ، گوکھرو در شیر پروردہ 3 ماشہ، شقاقل 3 ماشہ، صدف سوختہ 3 ماشہ، مروارید ایک ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، 9 ماشہ صبح اور 9 ماشہ شام کے وقت ہمراہ شیر گاؤ کھائیں۔

دیگر

لودھ پٹھانی، گوکھرو، شکر سفید ہموزن لے کر سفوف بنائیں، 9 ماشہ صبح اور 9 ماشہ شام کے وقت ہمراہ شیر گاؤ کھائیں۔

سفوف دافع جریان

گوکھرو، تالمکھانہ، گوند ڈھاک، لک منسول، موچرس، کشتہ قلعی، مصطگی رومی ہر ایک 1 تولہ، مصری کالپی 10 تولہ، کوٹ چھان کر سفوف بنائیں 1 تولہ سفوف روزانہ دودھ کے ساتھ کھاویں۔

ایضاً"

کشتہ قلعی، سنگھاڑہ خشک کا آٹا، پرانی اینٹ، پھلی ببول، پوست آم، پست کنال، پوست مولسری، ہر ایک تولہ، مازو، مائین، گلسنار، گیروج آسا ایک 6 ماشہ، بنسلوچن 3 ماشہ، کوٹ چھان کر انجیر کے دودھ اور شکر سفید ہموزن میں ملا کر چٹکی بھر روزمرہ استعمال کریں، ہمراہ دہی میٹھا۔

ایضاً"

منی گاڑھی کرتا، نطفہ کو برے اخلاط سے پاک کرتا، دانہ الائچی کلاں تخم ریحاں (تلسی) کمرکس، گوند ناگوری، گوند ببول، کتیرا، پوست درخت سنبھل، کباب چینی، برگل مغرہ (گیرو) بنسلوچن ہر ایک 6 ماشہ، تخم خبازی تال مکھانہ بیجبند، گوکھرو، سہستان، مغز کنول گٹہ، تخم سروالی، سمندر سوکھ، الائچی سفید، مغز بیل موچرس، مصطگی، موصلی سنبھل، لاکھ جھڑبیری، چتاور، پوست درخت فراش ست سلاجیت بہت گل، نشاستہ منڈی سنگھاڑہ خشک، برم ڈنڈی بھو پھلی دودھی خورد سنگھاہولی، گری آم، ثعلب مصری کشتہ قلعی، اندھاہولی، فرید بوٹی ہلیلہ سیاہ ہلیلہ زرد، آملہ، بڑ کے پھل سکھائے ہوئے، ہر ایک 3 تولہ، مصری دونوں کے برابر پیس کر سفوف بنائیں، 4 ماشہ سے 9 ماشہ تک ہمراہ دودھ گائے، مصری سے شیریں کیا ہوا، استعمال کریں، پچاس دن تک ایسا ہی کریں، ترشی، بادی سے پرہیز، یہ منی پیدا کرتا اور ممسک بھی ہے۔

ایضاً"

دافع جریان کے لئے عجیب نسخہ ہے، گوکھرو 1 تولہ، سنگھاڑہ خشک چاول، ساٹھی، مغز کنول گٹہ ہر ایک 9 ماشہ، تال مکھانہ 6 ماشہ، سمندر سوکھ، سریال بیجبند، ہر ایک 3 ماشہ، شکر سفید، ہموزن خوراک بطور ایک تولہ۔

سفوف مقوی باہ و ممسک

جریان سرعت .... دور کرتا ہے اور منی گاڑھی کرتا گوند ببول، بھو پھلی برابر کوٹ چھان کر شکر سفید دو چند ملا کر سفوف کریں اور گائے کے دودھ کے ہمراہ 40 روز تک کھائیں۔

سفوف جریان و سرعت انزال

مائیں خورد مائیں کلاں، تج، میدہ لکڑی، مالکنگنی، دونوں چھالیا، موچرس گل پتہ، گوند پلاس، ہر ایک ہموزن لے کر کوٹ چھان لیں، اور سفوف بنا کر حصے شکر سفید ملا کر ہمراہ دودھ یا سرد پانی کے ڈیڑھ تولہ تک کھائیں۔

سفوف سرعت انزال

تخم کرنب، مغز بادام شیریں، مغز بادام تلخ، پودینہ، ہر ایک ساڑھے چار ماشہ، اجوائن تتلی، زیرہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ چھان کر انار کے پانی میں ملا کر کھائیں، خوراک ساڑھے دس ماشہ۔

دیگر

پھلی ببول خام، سایہ میں خشک کر کے تال مکھانہ، نخود بریان مقشر (چنے بھنے ہوئے) مساوی، مصری سفید، برابر، صبح ایک ہتھیلی بھر کر کھائیں۔

دیگر

تخم تتلی، تخم سنبھالو بیخ سوسن، ہر ایک 7 ماشہ، گلنار، گلاب کے پھول ہر ایک 5 ماشہ، کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور 7 ماشہ ہمراہ آب انگور یا چھاچھ کے تناول کریں۔

دیگر

بنسلوچن سفید، تخم خشخاش سفید، افیون، کندر، ہر ایک ساڑھے تین ماشہ (جھاڑ کے پھل ساڑھے دس ماشہ، کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، خوراک 7 ماشہ، شربت خشخاش کے ساتھ۔

دیگر

مورانبہ دو دام، دونوں موصلی، موچرس، ہر ایک نصف دام، کوکنار اعدد بھنگ 2 ماشہ، خوراک تولہ گاؤ دودھ کے ساتھ کھائیں۔

ایضاً

یہ نسخہ منی کی اصلاح کرتا اور عقر (لاولدی) کے لئے مفید ہے، شقاقل مصری ثعلب مصری، مصطگی رومی، دار چینی، سوجی، بنسلوچن تج، میدہ لکڑی، تال مکھانا، گوکھرو، سنگھاڑا خشک، سپستان ہر ایک 14 ماشہ، مصری ساڑھے تین تولہ کوٹ چھان کر 3 پڑیہ بنائیں اور روزمرہ ایک پڑیہ استعمال کریں، اوپر سے گاؤ کا تازہ دودھ پئیں، ترشی بادی اور جماع سے پرہیز۔

ایضاً

منی گاڑھی کرتا ہے۔ تالمکھانہ تخم املی پھلی ہوئی سفوف کر کے تین مرتبہ بڑ کے دودھ میں تر اور

خشک کر کے مصری ہموزن ملا کر سفوف بنائیں اور بقدر 6 ماشہ ہمراہ گاؤ کے دودھ کے استعمال کریں۔

ایضاً

گوکھرو کلاں، موچرس، تال مکھانہ، لاکھ مغسول (دھلی ہوئی) گوند ڈھاک اندر جو بیجبند، سروالی، مغز تخم، کونچ برابر کوٹ چھان کر ہموزن مصری ملا کر ہمراہ گاؤ کے دودھ پاؤ بھر ہر روز تولہ کھائیں۔

ایضاً

کونپل درخت برگد، پوست بیخ کھرنی، مغز تخم، سپستان، موچرس، پھلی ببول، پچی، برابر پیس کر سفوف بنائیں، خوراک تولہ ہمراہ گائے کے دودھ کے۔

ایضاً

گوکھرو، تخم سروالی، سنگھاڑ خشک، تال مکھانہ، گوند ببول، ہر ایک تولہ مصری 5 تولہ، ایک ہتھیلی بھر کر گائے کے دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

ایضاً

تال مکھانہ، بیجبند، تخم اونٹگن، سروالی، گوکھرو، سمندر سوکھ، موصلی سفید، گوند بیر، گوند سنبھل، ست گلو، موچرس، گوند بڑ، برابر کوٹ چھان کر 4 ماشہ لیکر ہمراہ گائے کے دودھ کے استعمال کریں۔

سفوف جریان

جریان جدید و قدیم اور احتلام کے واسطے نہایت مفید و مجرب ہے، تخم بھنگ تالمکھانہ سمندر سوکھ، بیج بند، ہر ایک مساوی الوزن لے کر کوٹ چھان کر ملائیں اور 2 ماشہ سے تین ماشہ تک آب تازہ کے ہمراہ کھائیں۔

سفوف جریان

تخم خشخاش، تخم کاہو، تخم سنبھالو، ہر ایک تین ماشہ، ملٹھی 9 ماشہ، گل سرخ گلنار، ہر ایک 3 ماشہ، کوٹ چھان کر

3 ماشہ لیکر ہمراہ دہی کے پانی یا گائے کے دہی کے یا کچے انگور۔ کے خرفہ کے پانی کے استعمال کریں، ان میں سے جو بھی ہو وزن اس کا 3 تولہ ہونا چاہیے۔

دیگر

ترکیب حکیم الیاس، تخم کاہو، تخم سداب، تخم سنبھالو، ہر ایک 9 ماشہ موٹھ، بھنگ، ہر ایک 6 ماشہ، گلنار 3 ماشہ، کوٹ چھان کر 9 ماشہ لے کر سرد پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

سفوف جریان

تالیف میر عوض، گوند سنبھل، گوند پلاس، ہر ایک 1 تولہ، عقرقرحا پرانی اینٹ، ہر ایک 6 ماشہ، تال مکھانہ ڈیڑھ تولہ، لونگ ڈیڑھ ماشہ، کوٹ چھان کر شکر سفید ملا کر تولہ لیکر ہمراہ دودھ گائے آدھ سیر استعمال کریں۔

دیگر

ترکیب حکیم موصوف یہ دوا جریان‘ احتلام ضعف باہ‘ ضعف معدہ‘ کمی بھوک‘ بدرنگی بدن و چہرہ کے لئے مفید ہے‘ پوست نانخواہ (دیسی اجوائن کا چھلکا) سیر بھر ایک گاڑھے کپڑے کی تھیلی میں باندھ کر بڑی ہانڈی میں لٹکا دیں۔ اس طور پر کہ ہانڈی کے پیندے تک نہ پہنچے‘ پھر 5 سیر گائے کا دودھ ڈال کر سرپوش سے بند کر کے آٹا لگا کر ہلکی آنچ پر جوش دیں‘ جب دودھ سارا جذب ہو جائے تو پھر 5 سیر دودھ ڈال کر یہی عمل کریں‘ تین مرتبہ ایسا کر کے تھیلی سے دوا نکال کر چینی کے تھالوں میں پھیلا کر سایہ میں سکھائیں اور سوتے وقت ہتھیلی بھر کر استعمال کریں‘ اگر چوتھی مرتبہ گنے کے پانی میں جوش دیں تو نہایت لذیذ اور خوش مزہ ہو جائے گا۔

دیگر

ترکیب حکیم خضر‘ یہ سفوف جریان منی اور کثرت پیشاب کے لئے مفید ہے‘ اجوائن 6 ماشہ‘ شاہ بلوط‘ تخم کاہو‘ موتھ‘ ہر ایک 9 ماشہ‘ سک ست آملہ 3 ماشہ‘ زیرہ 6 ماشہ تخم خرفہ 3 تولہ‘ ہڑ کابلی‘ آملہ بہیڑہ‘ ہر ایک 2 تولہ‘ سفوف بنا کر استعمال کریں‘ اگر شہد کے قوام میں معجون بنا کر تولہ استعمال کریں تو بھی نافع ہے۔

ایضاً

دافع جریان‘ مغلظ منی اور ممسک ہے۔ تال مکھانا‘ بیجبند‘ شقاقل‘ موچرس‘ بہو پھلی ہر ایک تولہ۔ گوکھرو‘ ثعلب مصری‘ مغز تخم خیار‘ ہر ایک 2 تولہ۔ موصلہ سینبھل‘ تخم کونچ‘ گوند ببول‘ گوند سینبھل‘ مائیں چھوٹی‘ مائیں بڑی ہر ایک 9 ماشہ کوٹ چھان کر 9 ماشہ لے کر ہمراہ دودھ 12 تولہ استعمال کریں۔

ایضاً

بنسلوچن‘ ثعلب مصری‘ ست گلو‘ گوند پلاس‘ الائچی سفید‘ ہر یک تولہ‘ مصری‘ دوائی سے نصف وزن‘ سفوف کر کے صبح و شام 9 ماشہ ہمراہ گائے کے دودھ کے 21 روز تک استعمال کریں۔

ایضاً

جریان منی دور کرنا‘ منی بنانا اور اس کی مناسب اصلاح کرتا ہے‘ پھلی ببول (نہایت چھوٹے چھوٹے) لہسوڑہ (نہایت چھوٹے) دودی خورد‘ کونپل بڑ‘ چاروں دوائیں سایہ میں سکھا کر تال مکھانہ‘ بیج‘ موصلی سیاہ‘ موصلی سفید‘ گوکھرو بیجبند‘ ثعلب مصری‘ پوست بیخ‘ اونٹ کٹار‘ سورنجان برابر لے کر کوٹ چھان کر مصری ہموزن ملا کر ہتھیلی بھر کر 21 روز تک گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

ایضاً

منی گاڑھی کرتا ہے‘ پھلی ببول خام‘ پوست مسلوی‘ ستاور‘ موچرس‘ برابر لے کر ہموزن مصری ملا کر ہتھیلی بھر کر استعمال کریں۔

ایضاً

پوست درخت کھرنی‘ تج‘ میدہ لکڑی‘ دونوں ہموزن لیکر اس کے برابر مصری ملا کر ایک تولہ لے کر

گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

سفوف

جریان، سرعت، بول الدم (خون کا پیشاب) منی الم، استحاضہ (عورتوں میں خون جاری رہنا) وغیرہ کے لئے مجرب ہے، بسر (بیخ مونگہ) کہربا، بنسلوچن، حب آلاس، دھنیا خشک، اجوائن، گوند ببول، کتھا ہر ایک 3 ماشہ خشخاش سفید 5 ماشہ، مصری سفید 3 تولہ، سفوف بنا کر روزمرہ 7 ماشہ ہمراہ عرق کاہو یا بکری کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں، ترشی سے پرہیز۔

ایضاً

جریان منی اور ندی کے لئے مجرب ہے، ملٹھی 9 ماشہ، تخم کاہو 9 ماشہ، گلنار تولہ، گل سرخ، تخم سداب، تخم سنبھالو، ہر ایک 1 تولہ 1 ماشہ، کوٹ چھانکر 9 ماشہ استعمال کریں۔

سفوف جریان

حکیم ابو سہل، بانس کی جڑ سکھائی ہوئی، پودینہ، تخم کاہو تخم سداب تخم سنبھالو، گل سرخ، گلنار ہر ایک 9 ماشہ، کوٹ چھان کر سردپانی کے ہمراہ 7 ماشہ استعمال کریں یا پانی ملائے ہوئے سرکہ میں ملا کر کھائیں۔

دیگر

تخم سداب، انیوں، ہر ایک 6 ماشہ، گل سرخ، گلنار ہر ایک 9 ماشہ، کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، خوراک 6 ماشہ ہمراہ پانی سرد۔

دیگر

ترکیب حکیم موصوف تخم کاہو 9 ماشہ بھنگ ساڑھے دس ماشہ، تخم سداب 6 ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، خوراک 6 ماشہ ہمراہ سکنجبین۔

دیگر

تخم سنبھالو، تخم سداب، ہر ایک 3 ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور پانی ملے ہوئے سرکہ کے ساتھ استعمال کریں۔

نوٹ: جب کسی جریان کی دوا میں سرکہ دہی یا کوئی اور ترش شے شامل کی جائے تو سمجھ لینا چاہیے کہ یہ دوا اس خاص جریان میں مفید ہے، جس کا باعث منی کی زیادتی ہو کیونکہ ترشی سے منی اور خون کی کمی ہوتی ہے۔

دیگر

ایلاقی و جرجانی کا قول ہے کہ اگر جریان کثرت منی سے ہو تو یہ نسخہ دیں، تخم کاہو خرفہ ہر ایک 6 ماشہ، اسپغول، دھنیا خشک، ہر ایک 9 ماشہ، گل نیلوفر ہر ایک 1 ماشہ، کافور 10 رتی، خوراک 9 ماشہ ایک ہفتہ تک۔

دیگر

از حکیم موصوف، یہ نسخہ عورتوں اور مردوں کے جریان میں مفید ہے، تخم سداب تخم سنبھالو گلنار ہموزن، سفوف کرکے 9 ماشہ لیکر ہمراہ سکنجبیں کھائیں۔

ایضاً

جریان دور کرتا اور منی گاڑھی کرتا ہے گوند چنیہ، بہو پھلی، دونوں برابر لے کر اس کے برابر مصری ملا کر تولہ لے کر کسی قدر دودھ کے ہمراہ روزمرہ استعمال کریں، 40 روز تک یہ دوا استعمال میں رہنی چاہیے۔

ایضاً

سمندر سوکھ، تال مکھانہ، تخم ریحان ہر ایک 5 تولہ، سفوف تیار کرکے 7 ماشہ نہار منہ استعمال کریں، ترشی اور بادی سے پرہیز۔

ایضاً

جریان منی اور ندی کو دور کرتا، منی گاڑھی کرتا ہے، سنگھاڑہ خشک گوند چنیہ، سمندر سوکھ ہر ایک دو حصہ، بیجبند، موچرس، تال مکھانہ گوکھرو، تخم کونچ، دھنیا خشک، میدہ لکڑی ہر ایک ایک حصہ، تخم کاہو آدھا حصہ، شکر سفید دواؤں کے برابر خوراک تولہ۔

ایضاً

پھلی ببول خام، دودہی خرومع جڑ اور پتوں کے سایہ میں سکھا کر خشک کرکے ہموزن لے کر سب کے برابر مصری ملا کر سفوف بنائیں۔

ایضاً

منی کو گاڑھی کرتا اور مقوی ہے، پوست ڈھاک، گوند ڈھاک، پوست درخت گولر، گوند گولر، موصلہ سینبھل، گوند سینبھل، چھال مولسری، چنے بریان، تج ببول، ہر ایک برابر کوٹ چھان کر تولہ استعمال کریں۔

ایضاً

منڈی، گوند چنیہ، موصلی سیاہ، مغز تخم خیارین، برادہ صندل سفید، گوند ببول موصلی سفید، تال مکھانہ، بیجبند، بہو پھلی، لعاب اسپغول خشک کیا ہوا، ہر ایک 5 ماشہ، سفوف بنا کر ہموزن شکر سفید ملا کر دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

ایضاً

یہ سفوف مغلظ اور مقوی ہے از مجربات حکیم نوازش علی صاحب، پوست بیخ ڈھاک 2 سیر، پوست گولر اسیر، پانچ سیر پانی میں جوش دیں، جب آدھ سیر باقی رہے، تو صاف کرکے چاول ساٹھی پاؤ سیر پکائیں اور کپڑے پر پھیلا کر سکھائیں، پھر ثعلب مصری، بنسلوچن، ست سلاجیت، عقرقرحا، دار چینی، تال مکھانہ،

موصلی سیاہ، موصلی سفید، تخم اونٹگن، ہر ایک دو تولہ، پیس کر شکر سفید آدھ سیر کر ایک ہتھیلی بھر کر ہمراہ گائے کے دودھ کے 40 روز تک استعمال کریں، پرہیز، ترشی و بادی ہے۔

ایضاً

ترکیب حکیم ممدوح جریان کا دافع مولد منی بھی ہے، دال ماش چھلی، گاؤ کے دودھ میں بھگو کر سکھا لیں، پھر پوست کے ایک پاؤ پانی میں بھگو کر سکھائیں، پھر کمسڑ کچا چھیلا ہوا، ثعلب مصری، مغز بنولہ، پکھان بید برابر کوٹ و چھان کر سفوف بنائیں، خوراک تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔

سفوف برنج

منی کو گاڑھی کرتی ہے، چھال گولر چھال گوندی چھال ڈھاک چھال ببول چھال سنبھل، چھال لسوڑہ، چھال بیری، چھال مولسری، ہر ایک 4 ماشہ، ٹکڑے ٹکڑے کر کے ہانڈی میں ڈال کر ایک سیر پانی ڈالیں اور جوش دیں جب کسی قدر پانی باقی رہے تو صاف کر کے چاول ساٹھی ایک سیر ڈال کر جوش دیں، یہاں تک کہ پانی سوکھ جائے پھر چانول سایہ میں سکھا کر آدھ سیر بھون لیویں اور دو دو چانولوں کو پیس کر شکر سفید ملا کر 14 ماشہ ہر روز دودھ گائے کے ہمراہ استعمال کریں۔

ایضاً

منی گاڑھی کرتا ہے اور ثعلب مصری 16 ماشہ، نشاستہ 9 ماشہ، جائفل جوتری الاچی کلاں، ہر ایک 3 ماشہ، اجوائن، لونگ، ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، موچرس 4 ماشہ، مصری دواؤں کے برابر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور 8 ماشہ کھائیں۔

ایضاً

دافع جریان و سرعت انزال ہے، منی گاڑھی کرتا ہے اور مجرب ہے، ثعلب مصری، موصلی سیاہ، موصلی سفید، میدہ لکڑی، پست بیخ اونٹ کٹارہ، ہر ایک 2 تولہ، کوٹ چھان کر ایک قلعی دار پتیلہ میں ڈال کر آدھ سیر گائے کے دودھ میں رات کے وقت بھگوئیں، صبح سوا سیر دودھ اور بھی اضافہ کر کے اس قدر جوش دیں کہ سخت کھویہ ہو جائے بلکہ کسی قدر جل جائے، بعدہ، مصطگی تولہ پیس کر ملائیں پھر چند عدد مٹی کی کوری تھالیاں لے کر گھی ملا کر تھوڑا تھوڑا کھویہ ہر ایک میں پھیلا کر سکھائیں اور سایہ میں رکھیں، پھر جدا کر کے ہاتھ سے مل کر اس کے ہموزن شکر سفید ملا کر نہار منہ 9 ماشہ ہمراہ دودھ گاؤ استعمال کریں، منی سخت گاڑھی ہوگی، امساک پیدا ہوگا، لذت بھی زیادہ ہوگی۔

سفوف مقوی باہ و انجماد کو نافع و مجرب ہے

بالچھڑ کہربا شمعی گل ارمنی، ثعلب مصری اندر جو شیریں، پودینہ خشک، پکھان بید مائیہ شترا عرابی لودھ بٹھالی ہر ایک 3 ماشہ، کتیرا گلنار، صندل سفید، طباشیر، موچرس نشاستہ، خار خسک، مائیں خورد کشتہ قلعی ہر ایک 3 ماشہ، پوست بیخ مولسری، پوست کچنال، پوست بیخ کنار صحرائی، پوست بیخ ببول، پوست بیخ سنکھاہولی، سنگھاڑہ خشک ہر ایک 5 ماشہ، تودری سرخ سفید زرد بہمن سرخ سفید ہر ایک 9 ماشہ دانہ الائچی خورد 6 ماشہ کوٹ چھان کر مصری سفید ہموزن تمام ادویہ کے ملا کر سفوف بنائیں، خوراک 9 ماشہ

ہمراہ شیر گاؤ یا آب تازہ کے۔

سفوف مقوی باہ و مغلظ منی و دافع سرعت انزال

تال مکھانہ، بریان، تخم خشخاش سفید، کنجد مقشر، حب السمنہ، مغز پستہ، مغز دانہ، مغز خربوزہ، مغز تخم قرطم (تل سفید) ہر ایک 4 تولہ، چھوہارے دو چھٹانک 3 تولہ، مغز بادام پانچ تولہ، بہمن سفید، بہمن سرخ، نشاستہ، صمغ عربی، کتیرا بہمن مناث دانہ، الائچی کلاں، مغز تخم کو انچ، شقاقل، گوند چینا، موصلی سیاہ، موصلی سنبھل، کھہلا کھہلی، تودریں، میدہ چوب، قلعی کشتہ، خار خسک، موچرس، تخم اوٹنگن سروالی، مصطگی جوزجند، الائچی خورد مع پوست، کباب چینی، بھو پھلی، سورنجان (بھکھڑا) بھنگ ہر واحد دو تولہ زنجبیل (سونٹھ) ہر واحد ایک تولہ، عقرقرحا 6 ماشہ سب کا سفوف بنائیں، دو بوزیدان، طباشیر، دار چینی، چھٹانک مصری ملے ہوئے دودھ کے ساتھ تولہ پھانک لیں۔

سفوف جریان

عام طور پر نسخہ جات سفوف سے قبض ہو جاتا ہے اور قبض کے بعد کوئی دوا جریان میں مفید نہیں پڑتی، اس سفوف سے علی العموم قبض نہیں ہوتا ہے، علاوہ ازیں اس نسخہ کا مزاج بھی زیادہ گرم یا زیادہ سرد نہیں ہے، اس لئے یہ اکثر حالتوں میں بلا کسی خاص مضرت کے استعمال کیا جاتا ہے، بعض نسخہ جات جریان میں لعابات کی اس قدر کثرت ہوتی ہے کہ معدہ خراب ہو جاتا ہے لیکن یہ سفوف اس عیب سے بھی پاک ہے، اس کا مزا بھی زیادہ برا نہیں ہے، ثعلب مصری، تج قلمی، اسگند ناگوری، دانہ الائچی خورد، دانہ الائچی کلاں، مصطگی رومی، تالا، بھو پھلی، کشتہ قلعی، نشاستہ، تالمکھانہ، سب دوائیں ہموزن کوٹ چھان کر اور ہموزن مصری ملا کر سفوف بنا دیں اور 7 ماشہ سے 9 ماشہ تک یہ سفوف دودھ کے ساتھ صبح کے وقت استعمال کریں۔

دیگر

شاہ دیمک یک عدد جو اکثر زمین میں سے گولے مٹی میں ہوتا ہے، لے کر شیشی میں معہ چھ سات لونگوں کے ڈال دو، چند روز میں پانی ہو کر لونگوں میں خشک ہو جائے گا، ایک لونگ کا تیسرا حصہ یا نصف غرض بتدریج بقدار تحمل طبع استعمال کریں اور غذا مرغن کھائیں، دیکھئے کہ کیا کیفیت ہوتی ہے، مجرب ہے۔

سفوف مقوی جسم و اعضاء رئیسہ

چاندی خالص کا پتر بنا کا عرق گھیکوار میں 7 بار بجھاؤ دیں، بعدہ لعاب کنوار میں پتر ذکور کو لپیٹ کر 2 چراغ گلی میں بند کر کے ڈھائی سیر وزن انگریزی پاچک صحرائی (اوپلہ) کی آنچ دیں، سرد ہونے پر نکال لیں، چاندی کشتہ ہو جائے گی، کشتہ نقرہ 3 ماشہ، ثعلب مصری 2 تولہ، موصلی سفید 2 تولہ، بہمن سفید 2 ت لہ سب کو باریک پیس کر سفوف سا نبالیں، ہر صبح ڈیڑھ ماشہ کے قریب حلوا یا بالائی میں رکھ کر نگل جایا کریں اور اوپر سے تازہ دودھ گائے کا میٹھا ڈال کر پی لیا کریں، انشاء اللہ چند ہی خوراک میں مایوس العلاج مریض جو رقت اور جریان سے گھل گھل کر مردہ بن گئے ہوں وہ اپنے آپ کو عالم شباب میں دیکھیں گے، لیکن دوران عمل دوائی میں ترشی بادی جماع سے ضرور پرہیز رکھیں۔

سفوف امساک اور دافع سرعت انزال

ثعلب مصری ایک تولہ، مصطگی رومی ایک تولہ، جونتری ایک تولہ، دار چینی ایک تولہ، شکرتری (چینی) تین تولہ، سب ادویہ کو باریک کوٹ چھان کر شکرتری ملادیں اور اس کی چودہ پڑیاں بنائیں اور صبح کو ایک پوڑی ایک پاؤ دودھ کے ساتھ پھانک لیں، سرعت انزال دور ہو کر امساک پیدا کرتا ہے۔

سفوف جو منی کو گاڑھا اور سرعت انزال کو دور کرتا ہے

عقرقرحا سپاری، موصلی سفید، تخم اونٹگن، اجمود، کباب چینی، کلنجن، سورنجاں شیریں، ثعلب مصری، شقاقل مصری، تخمالسی، ستاور، طباشیر، دانہ الائچی سفید، کل اجزا ہموزن لیں اور کپڑے چھان کر ہموزن ادویہ کے شکرتری ملادیں اور ہر صبح ایک تولہ دودھ گاؤ کے ساتھ جس میں کہ میٹھا پڑا ہو، پھانک لیں، ایک ہفتہ کے استعمال میں پورا انجملہ ظاہر ہوگا۔

برائے قوت باہ اور جریان و امراض منی کو دور کرنے والی دوا

اول چھ تولہ تال مکھانہ کو کبیر الاشجار کے دودھ تر کر کے خشک کریں اور لوبان کوڑیہ اور زعفران ہر ایک تین ماشہ کو لے کر دوائے اول کے ساتھ ملا کر نارجیل تازہ میں سوراخ کر کے داخل کریں اور اس کا سوراخ اجزائے متخرجہ سے بند کر کے آرد گندم کے خمیر کا ضماد کریں، خشک ہونے پر کیری کی آگ میں دبا دیں، آٹا سرخ ہوجاوے تو اسے دور کر کے نارجیل کو معہ ادویہ کوٹ لیں اور راس کے اور شکرتری کو فقط ایک چھ تولہ ملا کر رکھ لیں، خوراک ایک کف دست روانہ شیر گاؤ مطبوخ کے ہمراہ۔

سفوف برائے باہ دافع رقت منی

تخم سروالی، اسگندرتج، رال سفید، تخم اونٹگن، ہموزن لے کر کوٹ چھان کر سب کے برابر شکرتری ملا کر رکھیں، ساڑھے تین ماشہ سفوف مذکور ہمراہ دودھ آدھ پاؤ

سفوف برائے قوت باہ و جریان و ذیابیطس و اعضائے رئیسہ

بہمن سرخ 6 ماشہ بہمن سفید 6 ماشہ، تخم تال مکھانہ 6 ماشہ تودرین 6 ماشہ، ثعلب مصری 6 ماشہ شقاقل مصری 6 ماشہ، مغز تخم تمرہندی 6 ماشہ، زہر مہرہ خطائی 6 ماشہ، مشک خالص 2 ماشہ ستاور 6 ماشہ، موصلی سیاہ 6 ماشہ، موصلی سفید 6 ماشہ، تمام ادویات کو باریک کوٹ چھان کر کشتہ شنگرف 3 ماشہ ملا کر رکھ چھوڑیں، علی الصبح 3 ماشہ کھا کر اوپر سے شیر گاؤ تازہ نصف سیر پی لیں۔

سفوف گوکھرو

نہایت مقوی باہ و مصلب و مسمن و ممسک و مبہی نیز مغلظ و جریان منی و ندی کو مفید ہے، خار خسک یعنی گوکھرو صاف کردہ تین بار خار خسک سبز مدبر کر کے سایہ میں خشک کریں، 6 چھٹانک، مغز تخم ابلی، موصلی دکھنی، ثعلب مصری، بھوسی اسپغول، گوند کتیرا چھوہارہ، معہ ختہ شیر درخت بڑ میں تر کر کے سایہ میں خشک کیا ہوا تال مکھانہ ہر ایک 5 تولہ، تج 2 تولہ، مصری دیسی سب ادویہ کے برابر سفوف بنادیں خوراک 6 ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ دودھ مادہ گاؤ صبح شام کھایا کریں، جمع ترشی، سرخ مرچ سے پرہیز۔

سفوف مقوی باہ

گوند ڈھاک 2 تولہ گوند کیکر 2 تولہ، پھل کیکر 2 تولہ، چھال کیکر 2 تولہ، موصلی سفید 2 تولہ، موصلی سیاہ 2 تولہ، موصلی سینبھل 2 تولہ، تال مکھانہ 2 تولہ، اندر جو شیریں 2 تولہ، بہمن سرخ 2 تولہ، کوٹ چھان کر ہم وزن مصری ملا دی جائے ایک تولہ ہر روز بوقت صبح دودھ گاؤ نیم گرم کے ساتھ کھایا جاوے، تین ہفتہ میں احتلام، سرعت و ضعف دماغ وغیرہ جملہ شکایات رفع ہو جائیں گی، قوت باہ میں افزائش اور مادہ منویہ کی تولید میں زیادتی ہو جائے گی۔

دافع جریان، مغلظ منی

بہو پھلی 6 ماشہ، پھلی مغیلاں 6 ماشہ، موصلی سفید 6 ماشہ، موصلی سیاہ 6 ماشہ، ثعلب مصری 6 ماشہ، تخم سلمبارا 3 ماشہ، ستاور 6 ماشہ، کشتہ قلعی تولہ، سفوف بنائیں، خوراک 2 ماشہ ہمراہ دودھ یا مناسب شربت کے ساتھ دیں۔

دہانت چورن ہر قسم کی جریان و دہانت کے لئے مفید ہے

کتیرا، تج، طباشیر، سفیدہ گل سرخ، ہر ایک 6 ماشہ تال مکھانہ، لسوڑہ، بہمن سرخ، بہمن سفید، ہر ایک ایک تولہ شکر تری سب کے برابر سفوف بنا دیں اور بقدر ایک تولہ کے ہمراہ دودھ بکری استعمال کریں۔

سفوف مقوی باہ

شقاقل 6 ماشہ، ستاور 6 ماشہ، ثعلب مصری 6 ماشہ، تودرین کلاں 6 ماشہ، تالمکھانہ 6 ماشہ، تج سک 6 ماشہ، سلیارہ 6 ماشہ، تخم کونچ 6 ماشہ، تخم اوٹنگن 6 ماشہ، مغز پنبہ دانہ 6 ماشہ، الائچی خورد 6 ماشہ، طباشیر 6 ماشہ، موصلی سفید 6 ماشہ، موصلی سیاہ 6 ماشہ، بہمن سفید 6 ماشہ، بہمن سیاہ 6 ماشہ، مغز پھلی ببول یعنی کیکر 6 ماشہ، سب کو باریک پیس کر برابر وزن ہمہ ادویہ مصری کوزہ ڈال کر 6 ماشہ روزمرہ ساتھ دودھ گائے کے کھائیں، پرہیز ترشی۔

نسخہ جریان و قوت باہ مجرب ہے

بہمن سرخ، بہمن سفید، موصلی سیاہ، موصلی سفید، موصلی سینبل، خولنجان تخم سروالی، ستاور، بیجبند کرکس، ثعلب، مصری، نرلی، شقاقل مصری، صمغ عربی، موچرس سبوس اسبغول، ستاور طباشیر گوکھرو، گوند ڈھاک، مغز تخم تمہندی ختہ، مغز خربوزہ، الائچی خورد، جوتری، مغز بادام، مغز چرونجی کباب چینی، تج، تخم اوٹنگن، سنگھاڑہ، مغز نارجیل، مغز فندق چھوہارہ، مغز پنبہ دانہ، دار چینی، کتیرا، زنجبیل، اندر جو شیریں، سورنجاں شیریں، مالکنگنی، تخم ہلہل، کونچ، عقرقرحا، مکھانہ، اسگندھ ناگوری، تج کنجد، گوند ھک، آنولہ سار، گل منڈی ہر ایک 6 ماشہ لے کر سفوف تیار کریں اور ہموزن شکر سفید یا مصری ملا لیں، خوراک 6 ماشہ صبح و 6 ماشہ دودھ گاؤ سے استعمال چالیس یوم تک کریں، بے حد مفید ہے۔

سفوف مقوی باہ

برائے قوت باہ و شدت انتشار، تولید و تغلیظ منی، دافع جریان و سیلان رطوبت مرداں و نسواں، اگرچہ مایوس العلاج ہو، چالیس دن کے استعمال سے مرد کامل ہو جاتا ہے، یہ نسخہ سہل الحصول ہے۔

تالمکھانہ، موصلین، ثعلب، بیج بند، یہ پانچوں ادویہ برابر وزن لے کر باریک کوٹ کر چھان لیں اور ہم وزن چھانے ہوئے سفوف کے مصری سفید پیس کر ملادیں، خوراک 9 ماشہ سے ایک تولہ تک ہے، صبح و شام استعمال میں لاویں، لیکن صبح کو مویز منقی و مغز بادام مقشر ہر دو گیارہ گیارہ دانے رگڑ کر پانچ تولہ مکھن تازہ میں ملا کر چاٹیں۔

سفوف مقوی

سرعت رقت احتلام ضعف دماغ، ضعف بصارت کہ بوجہ جلق وغیرہ ہو مفید ہے، ثعلب مصری، دانہ ہیل خورد، تج، تال، مکھانہ، بیج بند، تخم تمرہندی، بریاں مقشر، طباشیر سفید، بہمن سرخ ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر ایک کھوپرا نارجیل میں ڈالیں، اور شیر برھ 2 تولہ اضافہ کر کے اوپر آرد گندم کا لیپ کر دیں اور گرم تنور میں رکھیں، جب آٹا سرخ ہو جاوے، نکال کر آرد اتار کر ناریل معہ ادویہ کو باریک کر کے کشتہ قلعی ایک تولہ، ست بیروزہ ایک تولہ، کشتہ صدف 6 ماشہ، کشتہ بیضہ مرغ 6 ماشہ، بنات سفید، مار شامل کر کے سفوف بنادیں، خوراک 3 ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ۔

سفوف مقوی باہ، دافع جریان و سرعت اور مغلظ منی ہے

تالمکھانہ، **سلیخہ**، موچرس، کمرکس، موصلی سیاہ، تودرین، **بہمنین** خار خسک، ثعلب مصری، شقاقل، ستاور، مصطگی، ہر ایک ایک تولہ مازو، مائیں ہر ایک چھ چھ ماشہ، آرد پنبہ دانہ ولعاب اسبغول خشک ہر ایک دو دو تولہ، کتیرا، **صمغ** عربی، دونوں ایک تولہ، سب کو کوٹ چھان کر مصری سفید ہم وزن ملا کر رکھ چھوڑیں، ایک تولہ صبح ایک تولہ شام کو دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

سفوف مقوی باہ و ممسک

موصلہ درخت **سینبھل** سہ سالہ اثار تال مکھانہ، اثار، تخم زیرہ اثار، اسگند ناگوری ایک اثار، سب کو کوٹ چھان کر کھانڈ سفید ہموزن ملادیں اور صبح و شام دودھ گائے کے ساتھ ایک ایک تولہ کھائیں، اس کے کھانے سے قوت بڑھتی ہے، میرا ذاتی مجرب نسخہ ہے۔

سفوف مقوی باہ

یہ نسخہ رقت و حدت منی اور گرم مزاج والوں کے واسطے گویا کہ اکسیر ہے، سوزاک کے باعث جو جریان ہوتا ہے اور نیز حرارت آلات بول و حرارت مثانہ اور گردہ کو نہایت مفید ہے، نسخہ یہ ہے۔ طباشیر اصلی درجہ اول، کہربا شمعی، صندل سفید، خشخاش سفید گل ارمنی، ثعلب مصری موچرس، دانہ ہیل، تخم خرفہ بریاں، کشنیز مقشر، مغز کنول گٹہ، کتیرا کشتہ مرجان کشتہ صدف، مروارید، شیر نبر، ہر ایک ایک تولہ، سنگھاڑہ خشک، 3 تولہ مصری کوزہ مساوی، ہمہ قدر شربت از 6 ماشہ تا ایک تولہ یا دودھ بکری، پرہیز اشیائے گرم و ترش

سفوف مقوہ باہ

یہ منی بکثرت پیدا کرتا ہے اور مقوی باہ بے نظیر ہے، ستاور، گوکھرو، کونچ بیج، تال مکھانہ، موصلی سیاہ، سنبل کا موسلہ، **گنگیرن** کے بیج، کھرپٹی کے بیج، ترکیب کونچ بیج کو گھی میں بھون لیں اور پھر اس کو اور

تمام دیگر ادویات کو علیحدہ علیحدہ کپڑ چھان کرلیں اور ملا کر رکھیں' خوراک 6 ماشہ سے 7 ماشہ تک سوتے وقت دودھ گرم کے ساتھ۔

سفوف مقوی باہ و ممسک

الائچی خورد' موصلی سفید' ثعلب مصری' تودری سرخ' تال مکھانہ ہر ایک 6 ماشہ' مغز خیارین' مغز بادام' مغز چلغوزہ ہر ایک 1 تولہ' کوکنار 1 تولہ' سب کو باریک پیس کر اور چھان کر ہموزن مصری ملا دیں' 3 ماشہ صبح 3 ماشہ بعد دوپہر دودھ گائے سے پھانکیں' از حد مفید ہے۔

سفوف جو نافع سرعت ہے اور امساک اور باہ لاتا ہے

سمندر سوکھ تال مکھانہ' تخم ریحان ہر ایک مساوی الوزن لو اور کوٹ چھان کر سفوف بناؤ اور اس میں ہموزن شکر تری سفید (چینی) ملا کر ہر صبح کو دودھ میٹھا ملے ہوئے کے ساتھ 2 ماشہ سے 7 ماشہ تک کھائیں۔

سفوف دوائی مقوی باہ و سختی عضو مخصوص

اسگند ناگوری' سونٹھ' موصلی سیاہ' سبکو ہموزن لے کر اور کوٹ چھان کر ہموزن مصری یا کھانڈ کا سفوف ملا کر ایک کف دست دودھ گائے میٹھا ملے ہوئے کے ساتھ پھانکنے سے سختی بھی آجاتی ہے

سفوف دافع جریان

چھوٹی ہڑ کو صاف کر کے سیاہ بھنگرہ کے پتوں کے عرق میں تر کرے' اگر سیاہ بھنگرہ دستیاب نہ ہو تو معمولی بھنگرہ کے پتوں کا عرق لیا جائے' چوبیس گھنٹہ اس میں تر رکھو پھر نکال لو اور صاف کر کے سایہ میں خشک کرو' اسی طرح سے پھر گائے کے دودھ میں تر کر کے سکھائیں' پھر ہڑوں کو گائے کے تازہ گھی میں بھونیں اور اوپر سے نمک' سنگ نمک' سیاہ' مساوی الوزن ڈال دیں' سوتے وقت کھایا کریں' ہر ایک شخص اپنے موافق خوراک طے کر سکتا ہے' اتنا کھانا چاہیے کہ جس سے پاخانہ اچھی طرح کھل کر ہو جائے' کچھ دنوں تک اتنی مقدار کھانی چاہیے' پھر آہستہ آہستہ گھٹانی شروع کردینی چاہیے' حتیٰ کہ ترک ہو جائے۔

سفوف مغلظ منی

سفوف بجی 1 تولہ' سفوف سنگھاڑہ 2 تولہ' سفوف طباشیر 1 تولہ' سفوف موصلی سفید 6 ماشہ' مصری کوزہ پاؤ ثار' مغز بادام شیریں 5 دانہ' مغز چلغوزہ 3 دانہ' شہد خالص 3 ماشہ' کل ادویہ کو باہم ملا کر 6 ماشہ کے قریب ہر روز کھائیں' گیارہ روز متواتر۔

برائے جریان مجرب

مغز تمر ہندی 4 تولہ' دال ماش برشتہ چار تولہ' ثعلب مصری 2 تولہ' شقاقل 2 تولہ' بہمن سرخ 2 تولہ' بہمن سفید 2 تولہ' بیج بند 2 تولہ' تال مکھانہ 2 تولہ' مغز تخم کونچ 2 تولہ' گوند ببول 2 تولہ' گوند ڈھاک 2 تولہ' کتیرا گوند 2 تولہ' گوند سنبل 2 تولہ' نشاستہ 2 تولہ' آرد سنگھاڑہ 2 تولہ' ان سب کو باریک پیس کر بادام روغن میں چرب کر کے شیشی میں رکھ چھوڑیں' خوراک 6 ماشہ' ہمراہ شیر گاؤ مادہ تازہ پھانکیں' صرف بوقت صبح۔

برائے جریان قدیم و جدید

ہمیشہ مفید پایا' ایک بار بھی ناکامیابی نہیں ہوئی' زیادہ تعریف فضول ہے' الائچی خورد 1 تولہ' ارزیز 2 تولہ' سرب 2 تولہ' سمندر سوکھ 6 ماشہ' اول قلعی اور سکہ پگھلا کر پتر بنالیں اور قینچی سے باریک کتر کر ہاون دستہ آہنی میں کوٹ کر باریک سفوف بنا کر چھان رکھیں' جو ریزے باقی رہیں' دوبارہ کوٹ چھان لیں اور مصری دیسی 3 تولہ ملا رکھیں' خوراک 6 ماشہ ہمراہ شیر تازہ خام گاؤ صبح ایک ہفتہ تناول کریں' اگر کہنہ جریان ہے تو دو ہفتہ کافی ہے' ایسا کم خرچ اور آسان نسخہ کم ملتا ہے' اس کی خوراک ایک تولہ تک بھی مفید و بے ضرر ہے۔

جریان کی دوائی

بھوسی اسبغول 5 تولہ' ست بہروزہ 5 تولہ' رال 3 تولہ' مصطگی 3 تولہ' پوست ہلیلہ 3 تولہ' طباشیر 1 تولہ' الائچی خورد 1 تولہ' کشتہ قلعی 1 تولہ' کشتہ مرجان 1 تولہ' مصری کوزہ 5 تولہ' تمام ادویہ کو کوٹ کر پیس کر سفوف بنادیں' خوراک 3 ماشہ' بہ ہمراہ دودھ' یہ نسخہ جریان کے واسطے نہایت ہی مفید ہے اور خاص کر گرم مزاجوں کے واسطے جنہیں پیشاب کرتے وقت جلن بھی ہوتی ہے' بے نظیر ہے' سوزاک کے بعد جریان ہوجاتا ہے' اس کے واسطے اکسیر ہے' اس کے علاوہ پیچش خونی اور سرعت احتلام کو بھی نافع ہے' بہت اشخاص کو ایام گرم میں جریان شروع ہوجاتا ہے' وہ اس کا ضرور استعمال کریں' اور کشتہ قلعی اور کشتہ مرجان کی جنہیں توفیق نہ ہو' وہ سب باقی اشیاء ملا کر دودھ کے ساتھ کھایا کریں' اللہ فضل کرے گا۔

برائے جریان اکسیر

نوٹ: گوالیار میں مسمی جود ہراج عطار کی دوکان پر اتفاق سے میرا گذر ہوا ایک شخص دکان پر بیٹھا ہوا تھا' شانے کانوں سے لگے ہوئے ایک ہڈیوں کا ڈھانچہ مدقوق سا معلوم ہوتا تھا' طبیعت نہ رہی' دریافت کرنے پر اس نے بیان کیا کہ 18 سال سے جریان کے مرض میں مبتلا ہوں' گھر تک بیچ کر علاج میں لگا دیا' کھانے تک کو محتاج ہوں' بہت کچھ علاج کئے مرض سے رہائی نہ پائی' اب قریب المرگ ہوں' اسی وقت اسی دکان سے دوا لے کر دیدی' دس روز کے استعمال سے شافی مطلق نے صحت عطا فرمائی' اور بہت سے مریض اس دوا کے استعمال سے صحت پاچکے ہیں' نسخہ یہ ہے۔

ستاور' سنگ جراحت ہر ایک 5 تولہ' شکر سفید دس تولہ سفوف کر کے ایک تولہ صبح ایک تولہ شام کو شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں' اور بیسنی روٹی زیادہ روغن زرد کے ساتھ استعمال کریں' اشیائے گرم و ترش سے پرہیز کریں

سفوف برائے تغلیظ منی مردان و زنان

مورانیہ 1 تولہ' گل پستہ 6 ماشہ' موربول 1 تولہ' موچرس 6 ماشہ' ثعلب مصری 1 تولہ' شقاقل' ستاور' موصلی سفید' گل سرخ' چنیا گوند' گل ارمنی' مصطگی' طباشیر' نشاستہ خارخسک خورد' بیجبند' ہر یک 6 ماشہ' تال مکھانہ 1 تولہ' مغز تخم تمر ہندی مقشر 1 تولہ نبات 15 تولہ سفوف بنا کر 1 تولہ صبح شیر گاؤ کے ساتھ کھائیں۔

سفوف مقوی باہ و مغلظ منی

مصطگی رومی، شقاقل، گل پستہ، گل سپاری، بہمن سفید، بہمن سرخ، صمغ عربی، ہر واحد 6 ماشہ، ثعلب مصری 2 تولہ، مغز تخم تمرہندی مقشر 1 تولہ، سفوف بنا کر کر شکر سفید 10 تولہ کو شیر درخت بڑ میں تر کریں اور اس میں سے نصف یعنی 5 تولہ لے کر اس سفوف میں ملا دیں، اور بعد 20 روز ہر روز 6 ماشہ سے 9 ماشہ تک شیر گاؤ کے ساتھ کھائیں۔

سفوف مغلظ منی

برگد کی کونپل، دس تولہ، برگد کی ڈاڑھی پانچ تولہ، گولر کی جڑ کا پوست دس تولہ، تخم تمرہندی مقشر 5 تولہ، موصلی سیاہ اصل ڈھائی تولہ، ہر پنج اشیاء کو نہایت باریک پیس کر سب کے ہم وزن برگد کا دودھ ملا کر خشک کر لیں، جب سب مل ملا کر سفوف کی صورت ہو جائیں تو ان میں چنا گھاس چھ تولہ باریک کر کے ملا دیں، پھر اس سفوف سے چھ ماشہ لے کر چھ ماشہ کھانڈ ملا کر پاؤ بھر تازہ شیر مادہ گاؤ کے ساتھ استعمال کرائیں، اکیس دن تک کسی کو بھی اس کے استعمال کی ضرورت نہیں پڑی، عجیب نادر تحفہ ہے۔

سفوف مغلظ و مبہی و مجرب

مغز تخم کونچ 2 تولہ، موصلی سفید 2 تولہ، تج قلمی 1 تولہ، رال سفید 2 تولہ، جفت بلوط 1 تولہ، مغز تخم انب 2 تولہ، مغز تخم جامن 2 تولہ، سب کو باریک کر کے ہموزن مصری 12 تولہ ملا کر صبح و شام ہمراہ آب کھائیں، ایک آدمی کو ایک ہی نسخہ کافی ہے۔

سفوف مقوی باہ

سونٹھ کا سفوف 3 ماشہ، اگر جسم بڑا قوی ہو تو 6 ماشہ دودھ تازہ مصری ملے ہوئے کے ساتھ یا دودھ گرم کر کے ٹھنڈا کئے ہوئے اور مصری یا کھانڈ ملے ہوئے کے ساتھ پھانکنا، قوت باہ پیدا کرتا ہے۔

دیگر

نکچھکنی اور ادرک ہموزن لے کر ان کا سفوف بنائیں، 7 ماشہ دودھ گاؤ کے ساتھ صبح کے وقت نہار منہ کھائیں، قوت باہ جوش میں آتی ہے۔

سفوف مقوی باہ و مغلظ منی

بکھان بید، بیج بند، تخم اوٹنگن، تخم سردائی، گوند ڈھاک، سنگھاڑہ ہر ایک ایک تولہ سب کو پیس چھان کر مصری ملا کر 6 ماشہ آدھا سیر دودھ گاؤ کے ساتھ جس میں میٹھا ملا ہو، کھائیں، باہ اور منی گاڑھا کرنے کے لئے نہایت مفید ہے۔

سفوف مقوی باہ

بنولہ روئی کا ایک چھٹانک، صندل سرخ و سفید، پترج، کلیجن، سلاجیت، کافور پیپل، سونٹھ ہر ایک ایک تولہ، کالی مرچ 6 ماشہ، روغن مادہ گاؤ، شہد خالص مصری ہر ایک ایک پاؤ، سب ادویہ کو کوٹ چھان کر اور آپس میں ملا کر سفوف بنائیں اور ایک تولہ ہر روز دودھ مصری یا سفید چینی ملے ہوئے کے ساتھ پھانکیں، چند روز میں بے نظیر قوت پیدا ہوگی۔

سفوف سرعت و رقت مقوی باہ و امساک آور

گوند ڈھاک، گوند کیکر، پھلی کیکر، چھال کیکر، موصلی سفید و سیاہ، سینبل کی جڑھ، تال مکھانہ، اندرجو شیریں، بہمن سرخ و سفید، ہر ایک 2 تولہ، سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف مذکور کے برابر مصری ڈال کر کھائیں یا کھلائیں، مقدار خوراک ایک تولہ ہر روز وقت صبح دودھ گائے تازہ کے ساتھ۔

سفوف دافع سرعت و جریان

ثعلب مصری، شقاقل، سنگھاڑہ خشک ہر ایک 5 ماشہ، تال مکھانا، مازو سبز تودری سرخ، تودری سفید، ہر ایک 4 ماشہ، موصلی سفید، تج، دانہ الائچی، کلاں ہر ایک 3 ماشہ، رومی مصطگی 2 ماشہ، نبات سفید ہموزن سب کا سفوف بنا کر بقدار 9 ماشہ صبح و شام دودھ گرم کے ساتھ جس میں میٹھا ملا ہو کھائیں، سات روز جماع سے پرہیز کریں اور سات دن لال مرچ اور اچار نہ کھائیں، یہ دوائی موسم برسات میں بھی کھائی جاسکتی ہے، میں نے دو تین آدمیوں پر اس کا تجربہ کیا، بڑا عمدہ اور کم قیمت نسخہ ہے۔

دیگر

طباشیر کبود 1 تولہ، دانہ الائچی خورد 1 تولہ، دونوں کو پیس کر 25 عدد ورق نقرہ ایک ایک ڈال کر کھرل کر ڈالیں اور 7 پڑیا بنالیں، شام کو ایک پڑیا ایک پاؤ بکری کے دودھ کے ساتھ ایک کوزہ گلی میں ڈالیں اور سر پوش اوپر دے کر اس کو ایک پانی کے برتن میں لٹکا دیں، اس طرح کہ پانی کوزہ کے گلے تک رہے، دودھ میں داخل نہ ہوے، صبح اس دودھ کو لے کر اس میں ایک بوتل شربت انار کا 1/7 حصہ داخل کر کے پلاویں، اسی طرح ساتوں پڑیاں کھاویں۔

سفوف دافع احتلام و جریان

گو بظاہر معمولی اجزا ہیں، مگر فوائد میں خصوصاً احتلام کے لئے بلیغ النفع ہے، دال ماش مقشر حسب ضرورت کوزہ مصری مساوی باریک کوٹ کر سفوف بنا دیں اور ایک چھٹانک صبح کے وقت خشک پھانک لیویں اور دو گھنٹہ کے بعد دودھ گائے بقدر ایک پاؤ نوش فرماویں، گرم ترش اشیاء مثلاً لال مرچ قند سیاہ بینگن مچھلی وغیرہ سے سخت پرہیز ہے۔

سفوف اکسیر جریان

خواہ کسی قسم کا کسی وجہ سے کسی مدت کا ہو، سب کے واسطے اکسیر پر تاثیر ہے، اس کے اجزاء پر جانا نہ چاہیے بلکہ استعمال کر کے اس کے استعمال کا تجربہ کردہ ستاور 6 ماشہ، سروالی 6 ماشہ، سمندر سوکھ 6 ماشہ، بیجبند 6 ماشہ، بہو پھلی 6 ماشہ، تال مکھانہ 6 ماشہ، طباشیر سفید 6 ماشہ، موصلی سفید 6 ماشہ، موصلی سیاہ 6 ماشہ، تخم اوٹنگن 6 ماشہ، اندرجو شیریں 6 ماشہ، طباشیر سفید 6 ماشہ، تخم تودری سفید 6 ماشہ، بہمن سفید 6 ماشہ، شقاقل مصری 1 تولہ، ثعلب مصری 1 تولہ، کشتہ قلعی عمدہ 1 تولہ، دانہ الائچی خورد 4 ماشہ، مصطگی رومی 4 ماشہ، مغز تخم تربوز ہندی مقشر 1 تولہ، ان سب کا سفوف کر کے مصری 6 تولہ ملا کر 1 تولہ ہر روز ہمراہ عرق گاؤ زبان کے ساتھ کھائیں، مجرب المجرب ہے۔

سفوف برائے جریان

بلیاتد، سونٹھی مقشر، موصلی، سفید، بادیان، شقاقل مصری، پانچوں برابر لے کر خوب باریک کوٹ لیں، پھر کپڑا لے کر چھان لیں، صبح کو ایک تولہ سفوف مساوی مصری کالپی ملا کر آدھ لیٹر دودھ گائے تازہ کے ساتھ جس میں کہ مصری ملی ہو کھائیں۔

دیگر

خواہ کہنہ ہو یا جدید ہو، صرف چند ہی خوراکوں میں بالکل جریان دفع ہو جاتا ہے، پھل درخت آم خام جس کی گٹھلی سخت نہ ہو گئی ہو، نرم ہی ہو، پھل درخت کیکر خام جس میں تخم پڑ کر سخت نہ ہو گئے ہوں، پھل درخت گوندنی مذکورہ بالا صفات کا ہو شیر مادہ گاؤ، مندرجہ ذیل صفات کا ہو، گائے کا ایک نگ ہو اور پہلی مرتبہ بچہ دیا ہو، بچہ نر ہو، رنگ بھی سرخ ہو، اس کا پہلا دودھ لے کر نرم آنچ پر رکھ کر خشک کریں، بعدہ، جمع اجزاء مساوی الوزن کا سفوف بنائیں، یہ میرا تجربہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ سات خوراکوں میں مریض کو اچھی طرح سے صحت ہو جاتی ہے، خوراک 5 ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ مجربا' مرارا' کیثرا'۔

نسخہ دیگر برائے جریان مجرب المرجب

جو کبھی خطا نہیں کرتا، ہزاروں مریضوں پر آزمایا ہے، ورق نقرہ 50 عدد، کشتہ قلعی 3 ماشہ، سرد چینی تولہ، دانہ الائچی خورد تولہ، طباشیر آسمان کوئی 9 ماشہ، ثعلب مصری 21 ماشہ، سفوف اصل السوس مقشر 21 ماشہ، تمام کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، خوراک 3 ماشہ، ہمراہ شیرہ گاؤ۔

سفوف دافع جریان مزمنہ

بیجبند 3 تولہ، تخم تالمکھانہ 3 تولہ، مغز سپستان 3 تولہ، اندر جو شیریں ڈیڑھ تولہ، خار خسک خورد ڈیڑھ تولہ، دانہ الائچی خورد ڈیڑھ تولہ، سب کو کوٹ چھان کر نصف وزن شکر سفید ملا لیں، مقدار خوراک 6 ماشہ صبح 6 ماشہ شام کو دودھ گائے کے ساتھ پھانک لیں۔

سفوف برائے جریان

اس سے جریان اور رقت منی دیرینہ ہفتہ عشرہ میں دور ہوتی ہے، کلونجی ثعلب مصری، شقاقل مصری، طباشیر، تخم خشخاش، ستاور، موصلی سیاہ و سفید، گوند ببول، گوند سمبل، گوند ڈھاک گوند ناگوری، سب ادویہ کو تین تین ماشہ لے کر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور ہموزن شکر سفید ملا کر ایک تولہ کشتہ قلعی ملا کر سات ماشہ کی پڑیا بنا کر ایک پڑیا دودھ کے ساتھ کھائیں۔

سفوف برائے جریان

مقوی و مبہی بارہا کا مجرب و مفید ثابت ہوا ہے، ثعلب مصری، موصلی سیاہ، موصلی سفید، تالمکھانہ، زرلی، بیخ بند، گل ببول، بال پھلی ببول در سایہ خشک شدہ، گوند ببول، ہر ایک 6 ماشہ لے کر سفوف کریں، اور قند سفید تمام اجزا کے مساوی روزانہ صبح میں چھ ماشہ، پرہیز از بادانگیز، ترش اشیاء۔

سفوف دافع جریان مجرب

صمغ عربی آدھ سیر باریک کر کے دودھ درخت برگد میں بھگو کر خشک کرو پھر موصلی سفید پاؤ، موصلی

سیاہ پاؤ' تالمکھانہ پاؤ' سب کو کوٹ چھان کر صمغ عربی کے سفوف اولذ کر میں ملادو' پھر شکر سفید 1 اثار ملا کر رکھ چھوڑو' مقدار خوراک ایک تولہ دودھ گائے کے ساتھ روزمرہ چالیس دن تک موسم سرمامیں

سفوف مقوی باہ

خراطین سرخ مصفا خشک 5 تولہ' دوالمطر تین تولہ' ریگ ماہی اصل 2 تولہ' ثعلب مصری ایک تولہ' جائفل' قرنفل' جاوتری' عقرقرحا ہر ایک 6 ماشہ سب کا سفوف بنا کر رکھیں' خوراک نصف ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک بالائی یا مکھن میں دیں' مقوی و لنوظ آور ہے۔

سفوف چندر پربھا گٹکا

نرکچور' ناگر موتھ' چرائتہ' دیو دار' زردچوب' اتیس' دار ہلدی' پپلا مول' چترک' کشیز' ترپھلہ' چب گج پیپل' جواکھار ساجی' سیندھا نمک' نمک سیاہ سانبھر نمک ہر ایک ایک درم' سپاری 5 درم' مصری' سلاجیت' مصفی 4 درم' گوگل مصفی 4 درم' سب کو باریک کر کے پارہ ایک درم' گندھک ایک درم ابرک ایک ایک درم کی کجلی بنا کر سفوف بنائیں' خوراک حسب برداشت شہد اور گھی سے ملا کر دیں' نہایت مفید ہے

سفوف دوا مقوی باہ جبکہ دماغ' جگر و معدہ و گردہ ضعیف ہوں

ترنجبین خراسانی' نبات سفید ہر ایک نو تولہ شہد خالص 18 تولہ' شیر گاؤ دو سیر میں پکاویں' جب مثل کھویہ کے ہو تو اتار کر' مغز تخم کونچ ایک تولہ' شقاقل' ستاور' مغز بادام' مغز چلغوزہ' مغز پستہ' تین تین تولہ' نرکچور' جوتری' ہر ایک 6 ماشہ' زعفران 3 ماشہ کا سفوف ملا کر بقدر مناسب کھاویں' بہت فائدہ مند ہے' مقوی باہ' گردہ و مثانہ' مغلظ منی دافع سرعت ہے۔

سفوف خمسہ دافع جریان

بوٹی دودھی خورد افتادہ برزمین 1 تولہ' بوٹی سنکھاولی 1 تولہ' بوٹی برہمی 1 تولہ' برگ کنگھی بوٹی 1 تولہ' دار چینی 1 تولہ' نبات سفید 5 تولہ' سفوف تیار کر کے بمقدار ایک کف دست صبح و شام دودھ کے ساتھ' یہ سفوف برسوں سے بیماروں کو فائدہ بخش رہا ہے' اسی طرح بجائے دودھ کے آب برنج ساٹھی کے ساتھ کھلانا' امراض مستورات مثلاً سیلان الرحم کو فائدہ بخشتی ہے۔

سفوف برائے تغلظ منی و امساک و مقوی معدہ مجرب

ثمر مولسری تولہ' پوست بیخ مولسری تولہ' نبات سفید 2 تولہ' کوفتہ بیختہ سفوف تیار کریں' 4 ماشہ صبح کو دودھ بکری کے ساتھ تناول کریں' مجرب ہے۔

سفوف جریان

خبث الحدید کہنہ' مدبر مائیں اور ثمر زم مغیلاں' مغز تخم تمرہندی مساوی الوزن سفوف کر کے ہموزن نبات سفید ملا کر بقدر مناسب کھانا مفید ہے

سفید جریان

کیلہ خام پانچ تولہ سایہ میں خشک ہوا' ثعلب مصری' دار چینی' تخم گذر' تخم اوٹنگن' ہر واحد ایک تولہ'

دال ماش مقشر' آرد تخم تمہندی ہر ایک پاؤ سیر سنگجراحت پانچ تولہ' شکر خام ہموزن دوا کو باریک پیس کر ملا کر ایک تولہ ہر روز ہمراہ شیر گاؤ کے کھاویں۔

سفوف جریان منی کا بے خطا نسخہ

ست گلو 9 ماشہ' ست سلاجیت 6 ماشہ' طباشیر تولہ' کشتہ قلعی 6 ماشہ' دانہ الائچی خورد 9 ماشہ' مروارید ناسفتہ 3 ماشہ' مصری ساڑھے تین تولہ' اول مروارید کو عرق گلاب میں گھس کر کشتہ کر لیں' پھر باقی دواؤں کا سفوف کر کے ملا دیں' خوراک 2 ماشہ' شیر تازہ کے ساتھ۔

سفوف مغلظ و ملذذ

سبوس اسبغول تالمکھانہ مغز تخم جامن' نبات سفید' مساوی الوزن' سفوف بنا دیں خوراک ایک دام ہمراہ شیر گاؤ۔

سفوف برائے جریان عجیب

میدہ لکڑی تولہ' سپاری دکنی تولہ' موصلین' تولہ' تخم تمہندی مقشر تولہ' پوست ہلیلہ زرد 2 تولہ' سورنجان شیریں 2 تولہ' ثعلب مصری 2 تولہ' کشتہ قلعی تولہ کوٹ چھان کر ترنجبین خراسانی 25 تولہ ملا کر سفوف تیار کریں' ایک تولہ دودھ کے ساتھ کھائیں' مقوی و ممسک و مغلظ ہے

برائے دہات و سرعت انزال

تال کھانہ' سمندر سوکھ' تخم ریحان برابر وزن خوب باریک کر کے 6 ماشہ صبح 6 ماشہ شام ہمراہ دودھ گاؤ سرد کے جس میں بقدر ضرورت میٹھا ملایا گیا ہو' کم از کم ہفتہ زیادہ سے زیادہ دو ہفتہ استعمال کر کے قدرت ایزدی کا تماشہ دیکھو۔

سفوف دافع جریان و رقت

ست سلاجیت' ست گلو' الائچی خورد' تال کھانہ' طباشیر کبود' پکھان بید' سنگھاڑہ' خشک ہر ایک ایک تولہ' کشتہ قلعی ایک ماشہ نبات سفید ہم وزن ہمہ ادویہ سفوف بنا کر اس میں سے بمقدار 5 ماشہ لے کر شیر گاؤ ایک پاؤ کے ساتھ ہر روز صبح کو کھلاویں۔

سفوف جریان اور قوت کیلئے بارہا تجربہ میں آیا

آرد ماش' سیاہ مقشر ساڑھے چار تولہ' ستاور' مغز سنگھاڑہ' خشک' موصلین' ہر ایک 8 تولہ' قلفل دراز ڈھائی تولہ کوٹ پیس کر سفوف بنالیں' ہر روز 1 تولہ' آدھ سیر شیر گاؤ جوشیدہ شیریں کردہ کے ساتھ پھانک لیا کریں' غذا خوب مرغن کھائیں' ترشی کا پرہیز ہے۔

سفوف جریان کیلئے معمول طب

ست بہروزہ اکیس مرتبہ کا صاف کیا ہوا دو تولہ دانہ ہیل 1 تولہ'' تالمکھانہ 1 تولہ' بیج بند 1 تولہ' ثعلب مصری 1 تولہ' موصلی سفید 1 تولہ' کشتہ قلعی 6 ماشہ' بہمن سفید 6 ماشہ' بسبلسہ 6 ماشہ' دار چینی 3 ماشہ' مصری سفید 10 تولہ' کوٹ چھان کر سفوف بنا کر ایک تولہ روزانہ گائے کے دودھ کے ساتھ صبح کے

...زت کھائیں' انشاء اللہ اکیس روز میں صحت کلی ہو جائے گی۔

سفوف تغلیظ منی' پرمیہ' سرعت انزال کے واسطے مجرب

خصیتہ الثعلب تازہ 2 تولہ' موصلی سفید 2 تولہ' موصلی سیاہ 2 تولہ' چوب میدہ 2 تولہ' پوست بیخ اونٹ کٹارہ زرد گل 2 تولہ' مصطگی رومی 1 تولہ' سوائے مصطگی کے اور دواؤں کو کوٹ پیس کر چھان کر قلعی دار پتیلہ میں آدھ سیر گائے کے دودھ کے ساتھ تر کریں' رات بھر تر رہے' صبح سوا سیر اور شیر تازہ شامل کر کے نرم آگ پر پکاویں' جب غلیظ مثل کھوہ ہو جاوے' اس وقت اتار کر مصطگی سائیدہ شامل کریں' پھر رکابی گلی میں جو روغن گاؤ سے چرب کی گئی ہو پھیلا کر خشک کر کے سفوف بنالیں اور سب کے ہم وزن مصری ملا کر ایک تولہ روزانہ پاؤ سیر دودھ کے ہمراہ صبح کے وقت کھالیا کریں۔

سفوف برائے جریان منی

طباشیر 1 تولہ' مغز تمرہندی بریان ڈھائی تولہ' مغز بنولہ' سفوف برگ ببول 1 تولہ' شکر سفید 4 تولہ' خوراک 9 ماشہ' بکری کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں' پرہیز ترشی بادی جماع سے۔

سفوف برائے جریان

تخم تمرہندی 3 تولہ کو سات یوم شیر گاؤ میں تر رکھیں اور ہر روز دودھ بدلتے رہیں بعد سات روز کے سخت کپڑے سے مل کر سیاہ چھلکا دور کردیں اور سایہ میں خشک کر کے نخود خام ادام' دال ماش ادام' پوست خشخاش کے پانی میں تر کر کے بعد ایک رات دن نکال کر سایہ میں خشک کر کے کوٹ لیں' تخم ہلیھل 6 ماشہ' صمغ سینبھل 6 ماشہ' صمغ ڈھاک 6 ماشہ' صمغ ببول 6 ماشہ' اندر جو شیریں 6 ماشہ' پکھان بید 6 ماشہ' مجیٹھ 6 ماشہ' پوست بیخ کچنال 6 ماشہ' پوست بیخ ببول 6 ماشہ' پوست بیخ کنار دشتی 6 ماشہ' پوست بیخ مولسری 6 ماشہ' پوست بیخ سنکھاھولی 6 ماشہ' گل دھاوا 6 ماشہ' کمرکس 6 ماشہ' موچرس 6 ماشہ' تخم اونٹگن 6 ماشہ' تخم خشخاش سفید 6 ماشہ' سمندر سوکھ 6 ماشہ' کوٹ چھان کر نبات سفید ہموزن کل دواؤں کے ملا کر سفوف کریں' قدر شربت 9 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ کھاویں۔

سفوف برائے جریان و انجماد منی و مقوی باہ مجرب ہے

معجون نوشدارو سادہ 6 تولہ' ثعلب مصری 3 تولہ' برگ کوپل بکیل خشک 3 تولہ' باریک کر کے نوشدارد میں مخلوط کریں اور صبح و شام 7 ماشہ سردپانی کے ہمراہ کھائیں' پرہیز ترش اشیاء کا ہے۔

نوٹ: برگ بکیل (بجرونتی) کو زبان تلگو میں تلی آکو کہتے ہیں' درخت مانند بلسی پنڈو چکٹ دار اور اس میں سے دودھ نکلتا ہے۔

سفوف جہت امساک و تغلیظ منی

میدہ لکڑی' تج قلمی' دار چینی ثعلب مصری' پوست بیخ کھرنی' ستاور بیجبند' اندر جو شیریں' مساوی کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملا کر بقدر 1 تولہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ نصف لیٹر چالیس روز تک کھائیں۔

سفوف برائے جریان تیر بہدف دوا ہے

موصلی سفید 4 ماشہ' ثعلب مصری 1 تولہ' سبوس اسپغول 1 تولہ' بیجبند 6 تولہ' کمرکس 1 تولہ

موچرس 1 تولہ 'گوند سپھجنہ 1 تولہ 'گوند کیکر 1 تولہ 'گوند کتیرا 1 تولہ 'تج 1 تولہ 'پشاوری موصلی 2 تولہ 'بہمن سرخ 2 تولہ 'بہمن سفید 2 تولہ 'سمندر سوکھ 1 تولہ 'کشتہ قلعی 7 ماشہ 'دانہ الائچی خورد 1 تولہ 'طباشیر 1 تولہ 'اوٹنگن 2 تولہ 'مصری کوزہ 5 تولہ 'موصلی سمبنل 2 تولہ 'چاول ساٹھی 2 تولہ 'اسگند ناگوری 2 تولہ 'آرد سنگھاڑہ 2 تولہ 'شقاقل 1 تولہ 'تالمکھانہ 3 تولہ 'موصلی سیاہ 4 ماشہ 'مغز بادام 2/1 تولہ مغز خیارین 2/1 تولہ 'ڈاڑھی بوخشک 1 تولہ 'بھو پھلی 3 تولہ 'مغز کدو 2 تولہ 'بنفشہ 2/1 تولہ 'مغز خربزہ 2/1 تولہ 'سب ادویات کوٹ چھان کر سفوف بنادیں 'خوراک 1 تولہ 'ہمراہ شیر مادہ گاؤ مار کے استعمال کریں' ہر دو وقت اور پھر قدرت کا تماشہ دیکھیں' میرا خیال ہے کہ جریان کے لئے شائد اس سے بہتر سفوف اور نہ ہو بارہا کا تجربہ شدہ ہے 'اور ہمیشہ یہی استعمال کراتا ہوں۔

نسخہ مکمل احتلام

رومی مصطگی 1 تولہ 'طباشیر کبود 2 تولہ 'تبکھر 1 تولہ 'ست گرج 1 تولہ 'تالمکھانہ 2 تولہ 'موصلی سفید 2 تولہ 'موصلی سیاہ 2 تولہ 'بھوسی اسپغول 2 تولہ 'بیج بند 2 تولہ۔

سفوف برائے بریان مجرب

سفوف بسد 3 ماشہ 'کہربا 3 ماشہ 'طباشیر 3 ماشہ 'حسب الاس 3 ماشہ 'کشنیز خشک 3 ماشہ 'اجوائن خراسانی 3 ماشہ 'گوند کیکر 3 ماشہ 'کتیرا 3 ماشہ 'خشخاش 5 ماشہ 'تخم کاہو 5 ماشہ 'مصری 3 تولہ 'کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور 6 ماشہ بکری کے دودھ سے کھاویں۔

سفوف دافع سرعت

یہ سفوف مجرب و مفید ہے 'پوست ہلیلہ زرد 6 ماشہ 'ہلیلہ سیاہ 6 ماشہ 'پوست ہلیلہ 6 ماشہ 'آملہ منقی 6 ماشہ 'کشنیز خشک 1 تولہ 'کوٹ چھان کر روغن بادام میں چرب کر کے کشمش 5 تولہ اور نبات سفید 10 تولہ میں قوام کرلیں 'قدر خوراک 6 ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ کے ساتھ استعمال فرمائیں۔

سفوف برائے رقت

تخم سرس 'نبات سفید مساوی سفوف کر کے 6 ماشہ صبح 'ماء دودھ سے کھائیں۔

نصیر بوٹی 'اس کا سفوف سوزاک کو مفید ہے

یہ ایک چوڑی اور لمبی پتی کی بیلدار بوٹی ہے جو دوسرے درختوں پر لپٹ جاتی ہے اور دور تک پھیلتی ہے 'ٹھنڈی جگہ بافراط ہوتی ہے 'پہاڑوں پر بہت پائی گئی ہے 'پانی میں اسکے چند پتے ملنے سے پانی برف کی طرح جم کر سخت ہوجاتا ہے 'فرید بوٹی سے اتنا نہیں جمتا جس قدر اس سے جمتا ہے اور ایک دن رات تک جما رہتا ہے 'پھر آہستہ آہستہ پگھلنا شروع ہوتا ہے 'آخر کار بالکل پانی ہو کر اصلی حالت پر آجاتا ہے 'جریان کے لئے نہایت قابل قدر چیز ہے 'کئی بار اس کا استعمال کیا گیا ہے 'ہمیشہ کامیاب رہا 'نیز اکثر اس کے پتے معجون کی صورت میں استعمال کرائے گئے ہیں 'شربت بھی تیار کرایا ہے اور سفوف کی شکل میں بھی مگر ہر حالت میں مفید ثابت ہوئی 'دستوں کو بھی خوب روکتی ہے 'خواہ پانی جما کر نوش کریں یا دیگر اجزاء کے ساتھ پتے خشک ہونے پر کسی قدر طاقت کم ہوجاتی ہے 'بہتے ہوئے خون پر پیس کر رکھ دینے سے فوراً خون کو بند

کردیتی ہے' قوت تریاقیت اس قدر ہے کہ کل گرم خشک زہروں کی تریاق ہے' پیاس کو ایک بتی منہ میں رکھ لینا کافی ہے' منجمد ہے' مگر قابض نہیں' آنتوں میں پھسلن پیدا کرتی ہے' سوزاک کی سوزش و تکلیف پر قرحہ کو صرف تین خوراک میں حکمی فائدہ مند ہے' مفرد ادویات میں یہ بھی ایک لاثانی چیز ہے' برگ بربار ابرگ نصیر کے ہمراہ ملا کر چبالینا اور پاؤں کے تلوؤں پر ملنا بے حد ممسک ہے' ایک کاغذی لیموں کھانے تک ضرورت ہوتی ہے۔

ء سفوف برائے رقت منی

مغز تخم تمرہندی مقشر 2 تولہ' ستاور 2 تولہ' سنگجراحت 2 تولہ' سبوس اسپغول 3 تولہ' نبات سفید 8 تولہ ملا کر کوٹ چھان کر سفوف تیار کرلیں اور ہر صبح بقدر 1 تولہ لیکر خواہ شیر گاؤ یا آب سرد سے کھائیں۔

سفوف برائے جریان مغلظ منی اور ممسک بھی ہے

صمغ عربی 4 ماشہ' فوفل 4 ماشہ' کتھہ سفید 4 ماشہ' صمغ پلاس 4 ماشہ' ہلیلہ سیاہ 4 ماشہ' زعفران 3 ماشہ' جوزبوا 2 ماشہ' مصطگی 2 ماشہ' قرنفل 2 ماشہ' عقرقرحا 2 ماشہ' جاوتری 2 ماشہ' پوست خشخاش سفید 2 ماشہ' بذرالبنج 6 ماشہ' دانہ ہیل 6 ماشہ' موچرس 6 ماشہ' مغز تخم املی تولہ' مغز پنبہ دانہ 6 ماشہ' مغز نارجیل 6 ماشہ' مغز بادام شیریں 6 ماشہ' مغز پستہ 6 ماشہ' مغز گردگان 6 ماشہ' مغز چلغوزہ 6 ماشہ' نبات سفید ہموزن کل ادویہ سفوف بنالیں' خوراک 7 ماشہ شیر گاؤ۔

ء سفوف واسطے قوت باہ

تخم بلھون 4 تولہ' مایہ شتر اعرابی 2 تولہ' زعفران تولہ' مشک 1 ماشہ' عنبر 4 ماشہ' سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور اکیس خوراک بنا کر ایک خوراک گائے کے دودھ میں یا روغن بادام میں ڈال کر جوش دے کر شہد خالص ڈال کر پیئیں۔

ء سفوف برائے جریان

روغن بھیڑہ ایک سیر کتیرا نیم بریان مار' آرد برنج ساٹھی' ماء نبات' سفید اسیر' کشتہ رانگا مسلم ڈلی 1 تولہ' گھی کو کڑاہی میں ڈال کر آرد ملادیں اور بھون لیں' بعدہ کتیرا کا سفوف ملالیں' پھر پسی ہوئی مصری بعدہ کشتہ رانگا شامل کردیں اور خوب ملادیں' خوراک 1 تولہ سے ڈیڑھ تولہ استعمال ایک ہفتہ تا دو ہفتہ۔

دیگر

تخم تال مکھانہ تولہ' تخم سردالی تولہ' تج قلمی تولہ' پھلی ببول تولہ' ثعلب مصری تولہ' ستاور تولہ' موصلی سفید تولہ سفوف بنالیں۔

دیگر

تقریباً" ہر قسم کے جریان کا تیر بہدف ایک ہی نسخہ آزمودہ پایا دال ماش جس قدر چاہیں' لے کر مقشر کریں اور بارک میدہ چکی میں پسوالیں' پھر درخت ببول یعنی کیکر کی پھلیاں جو کہ نیم پختہ ہوگئی ہوں اور شیر دار ہوں لے کر گھوٹ کر ان کا شیرہ نکالیں اور اس شیرہ میں میدہ دال ماش مذکور کو فقط تر کردیں اور سایہ م[illegible] خشک کرلیں' اسی طرح سات مرتبہ تر و خشک کریں اور باریک پیس لیں' جس قدر وزن میں یہ دوائی ہو'

اس سے نصف وزن سفوف ماجو پھل جو خوب باریک پیس کر کپڑ چھان کرلیا ہو لے کر دونوں کو اچھی طرح آمیز کردیں' اب اس کل دوائی سے دو چند عمدہ دیسی کھانڈ یا بورا شامل کردیں اور ہر روز 6 ماشہ سے ایک تولہ تک نہار منہ تازہ پانی یا شیر گاؤ پاؤ بھر کے ساتھ پھکائیں' اکیس روز یا چالیس روز تک حسب ضرورت مریض استعمال کرانا چاہیے گرم اشیاء اور بادی ترشی وغیرہ سے قطعی پرہیز چاہیے

دیگر

یہ نسخہ حرارت مزاج و رقت و جذب منی کے واسطے ازحد مفید ثابت ہوا ہے' جریان کے لئے نہایت مجرب ہے' اس نسخہ نے اکثر بہت ہی فائدہ پہنچایا ہے' طباشیر عمدہ تولہ' صندل سفید تولہ' کہ باشمی تولہ' تخم خشخاش سفید تولہ' گل ارمنی تولہ' ثعلب مصری تولہ' موچرس تولہ' الائچی دانہ تولہ' خرفہ بریان تولہ' کشنیز مقشر تولہ' سنگھاڑہ خشک 3 تولہ' کشتہ ارزیر 9 ماشہ' کشتہ مرجان 9 ماشہ' کشتہ صدف مروارید 9 ماشہ' کشتہ عقیق 9 ماشہ' مصری کوزہ مساوی' سفوف تیار کریں اور تولہ بھر ہر روز شیر بز کے ساتھ کھاویں' پرہیز لال مرچ' ترشی' تیز مصالحے' استعمال چاول' دودھ دہی' دال پھلکا وغیرہ بفضلہ تعالیٰ بہت مفید ہے' آئندہ شفا ہر حالت میں خدا کے حکم میں ہے۔

سفوف ممسک و دافع جریان

ثعلب مصری 6 ماشہ' تخم خرفہ 6 ماشہ' کشتہ قلعی 6 ماشہ' بنسلوچن 6 ماشہ کہرباشمی 6 ماشہ' گلنار 6 ماشہ' مغز تخم کدوئے شیریں 6 ماشہ' بہمن سرخ 6 ماشہ' مصطگی رومی 6 ماشہ' مازو سبز 3 ماشہ' تخم ریحاں 3 ماشہ' کوٹ چھان کر ہموزن نبات سفید ملا کر سفوف بنائیں' اور 3 ماشہ ہمراہ شربت نبات وقت صبح کھائیں' اگر اسی قدر شام کے وقت کھائیں' تو امساک ہوگا' ترشی بادی اور گرم اشیاء سے پرہیز کریں' اور ترک جماع واجب ہے

سفوف سرعت انزال و سیلان و قرحہ تازہ کیلئے

پوست بیضہ مرغ' مصطگی' خصیتہ الثعلب' دار چینی ہر ایک 1 تولہ' دار قاقلہ کبار 6 ماشہ' نبات ہموزن' جملہ اجزاء کوٹ پیس کر سفوف بنالیں' نصف تولہ شیر گاؤ کے ہمراہ صبح یا رات کو پھانک لیں' حموضات سے پرہیز رکھ کر"" مرغن غذا کھاتے رہیں' چند روز جماع سے بھی پرہیز رکھا جائے' تو بہت بہتر ہے

سفوف مغلظ منی و دافع جریان

صمغ عربی ساڑھے تین ماشہ' کتیرا ساڑھے تین ماشہ' گلنار ساڑھے تین ماشہ' صندل سفید ساڑھے تین ماشہ' طباشیر ساڑھے تین ماشہ' نشاستہ ساڑھے تین ماشہ' موچرس ساڑھے تین ماشہ' خار خسک ساڑھے تین ماشہ' مائیں خورد ساڑھے تین ماشہ' مائیں کلاں ساڑھے تین ماشہ' کہربائے شمعی ساڑھے تین ماشہ' مصطگی ساڑھے تین ماشہ' گیرو ساڑھے تین ماشہ' ثعلب مصری 1 تولہ' اندر جو 7 ماشہ' مکھان بید 7 ماشہ' تودری زرد 7 ماشہ' تودری سفید 7 ماشہ' پوست درخت مولسری 1 تولہ 11 ماشہ' پوست درخت کچنال 1 تولہ 11 ماشہ پوست بیخ میل 1 تولہ 11 ماشہ' آرد سنگھاڑا 1 تولہ 11 ماشہ' دانہ ہیل 9 ماشہ' دار چینی 9 ماشہ' تال مکھانہ 9 ماشہ' [illegible]

چاہیے۔

سفوف برائے جریان مجرب

تال مکھانہ 1 تولہ، کہربا 1 تولہ، عقرقرحا 6 ماشہ، اتیس 1 تولہ، گیروا 1 تولہ، بائیں کلاں 1 تولہ، لودھ 1 تولہ، رسوت 1 تولہ، سنگ جراحت 1 تولہ، چینا گوند 1 تولہ، گل گاؤ زبان 6 ماشہ، دم الخوایں 6 ماشہ، گلنار 6 ماشہ، کوٹ چھان کر 6 ماشہ، عرق گاؤ زبان مار کے ساتھ استعمال کریں۔

سفوف دافع جریان

تال مکھانہ 9 ماشہ، سبوس اسغول 9 ماشہ، ستاور 9 ماشہ، تودری سفید 6 ماشہ، اسگند ناگوری 6 ماشہ، تخم حنا 6 ماشہ، صمغ عربی 6 ماشہ، تخم ریحاں 6 ماشہ، گوند پلاس 9 ماشہ، سفوف گابھ ساڑھے تین تولہ، بنات سفید 2 تولہ، کوٹ چھان کر 2 خوراک سفوف بنالیں اور ہر روز ایک خوراک صبح کے وقت دودھ مار کے ساتھ کھائیں، (نوٹ) گابھ پھل ہے، اس کا گودا مستعمل ہے، اس کا درخت بہت بڑا املی کے درخت کے مانند ہوتا ہے، اس کا پھل اور پوست بیل کی طرح سخت ہوتا ہے، مگر مقدار میں اس سے چھوٹا باغوں میں اکثر ہوتا ہے، دافع جریان مرداں اور اس کا حلوا مقوی الرحم زناں و دافع یبوست رحم و معدہ ہے۔

سفوف دافع احتلام

کہربائے شمعی 6 ماشہ، بسد احمر 6 ماشہ، طباشیر کبود 6 ماشہ، بیخ انجبار 9 ماشہ، کشنیز خشک 9 ماشہ، بہجبند 9 ماشہ، بزر البنج 9 ماشہ، صمغ عربی 9 ماشہ، گل سیپاری 1 تولہ، تخم خرفہ 9 ماشہ، تخم کاہوئے مقشر 9 ماشہ، گل نیلوفر 9 ماشہ، گلنار فارسی 9 ماشہ، دم الاخوین 6 ماشہ، گل ارمنی 6 ماشہ، سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور صبح کے وقت آب تازہ کے ساتھ 9 ماشہ کھالیں۔

سفوف برائے اصلاح منی

شقاقل، ثعلب مصری، مصطگی، دار چینی، طباشیر، تج تالمکھانہ، گوکھرو خورد، آرد سنگھاڑہ، سہستان جملہ ساڑھے تین تین ماشہ، مصری 2 تولہ، سفوف کر کے بارہ پڑیہ بنادیں، ایک پڑیہ ہر روز پانی کے ساتھ بوقت صبح استعمال کریں۔

سفوف کشتہ قلعی تقویت باہ اور جریان اور سرت انزال کو مجرب ہے

رانگ ۶ ثار کو چھاچھ گاؤ ترش اور روغن تلخ میں اکیس بار بجھائیں، بعد اس کے جو تراش کر انار کی پتی نیچے اوپر رکھ کر اپلوں میں پھونکیں، کشتہ ہو جاوے گا، ایک رتی لے کر موصلی سنبل 6 ماشہ پیس کر ملالیں اور ہموزن اس کے شکر سفید ملادیں اور آٹھ خوراکیں بنالیں پھانکیں اوپر سے شیر گاؤ، ثار شیریں کر کے پیویں۔

سفوف عجیب جریان کے لئے بے حد مفید کبھی خطا نہ ہوا

گل سپاری 2 تولہ، گوکھرو 2 تولہ، گوند سنبل، گوند ڈھاک 2 تولہ، بیج بند 2 تولہ، سمندر سوکھ 2 تولہ، شکر سرخ 12 تولہ، کوٹ چھان کر سفوف بنادیں ایک تولہ شیر گاؤ نصف ثار سے کھادیں۔

نسخہ دافع جریان ہر قسم مجرب العجوب

ست برگ مغیلاں، ست پو ـ مغیل، ست پھلی خام مغیل، ست گل خام مغیل، گوند مغیل، ست
ساریت ہر ایک تولہ تولہ، موصلی سفید 3 تولہ، موچرس تولہ، کوکنار 2 تولہ، ثعلب مصری 3 تولہ، بہمن سفید
پوست اسپغول 2 تولہ، تال مکھانہ تولہ، مغز تخم کونچ 2 تولہ، ست سپاری تولہ، ست بھوبلی 2 تولہ،
مصطگی رومی درجہ خاص 3 تولہ، الائچی خورد تولہ، تخم ٹونگن 2 تولہ، طباشیر کبود 2 تولہ، ہر ایک علیحدہ علیحدہ
کوٹ چھان کر سفوف بناویں، بعد کشتہ قلعی جو بھنگ میں تیار کیا گیا ہو 6 ماشہ، کشتہ سرب جو درخت مغیل
کے ذریعہ بنایا گیا ہو 6 ماشہ، کشتہ فولاد جامن کے ذریعہ تیار شدہ ہو 6 ماشہ شامل کریں، مصری سنگری 9 تولہ
سفوف میں ملاویں، خوراک سفوف ایک تولہ ہمراہ دودھ مادہ گاؤ استعمال کراویں، ایک ماہ متواتر استعمال کرانا
ہے انشاءاللہ خواہ کسی قسم کا جریان ہو وہ رفع ہو جائے گا۔

سفوف برائے جریان منی و دہات

باعث سرخی و پیچش و قراقر و سل و قروح ظاہری نہایت سل مجرب ہے، خرمہرہ ہائے خورد (پچ کوڈی) 5
تولے کو بقدر برگ نیم 1 کلو برگ زخم حیات، ثار میں ملفوف کر کے بیس سیر اپلہ کی آنچ دیں، سرد ہونے
پر نکال کر باریک پیس کر رکھیں، بقدر 4 رتی شہد 5 ماشہ میں یا بتاشہ میں کھلا دیں اور ظاہری قروح پر ذرور
کی طرح چھڑکیں۔

سفوف دافع جریان

موچرس 2 تولہ، چینا گوند ڈھائی تولہ، تال مکھانہ ڈھائی تولہ، گل سینبل ڈھائی تولہ، مصری ساڑھے نو
تولہ ان سب اجزاء کو سفوف کر کے روز صبح کو یک تولہ کھا کر اوپر سے شیر گاؤ اتار پی لیا کریں۔

سفوف مغلظ منی

تخم ستاور، گوکھرو، بیج بند، تال مکھانہ، موچرس، تخم انجرہ، صمغ عربی ہر ایک 9 ماشہ، سنگھاڑہ خشک،
کلو چینہ گوند، شقاقل ہر ایک 6 ماشہ، موصلی سفید 1 تولہ، موصلی سیاہ 1 تولہ، شکر نیم پاؤ، کوٹ چھان کر
سفوف تیار کر کے رکھیں، ایک تولہ ہر صبح شیر گاؤ سے کھایا کریں، مولد و مغلظ منی ہے۔

سفوف برائے جریان وطمث و رطوبت سفید زنان و حرب مثانہ

تخم کرس، منتشر، دانہ الائچی خورد مصری سفید مساوی الوزن کوٹ چھان کر تیار کریں، خوراک دو نیم
ماشہ دیں۔

سفوف احتلام

ایک شخص اس بیماری میں عرصہ تک مبتلا رہ چکا تھا، بہت علاج معالجہ کیا، کچھ فائدہ نہ ہوا، دو سال کے
بعد ایک نسخہ اتفاقاً مل گیا، جس نے مفصلہ ذیل دوا بتائی اس سے وہ چار یوم میں اچھا ہو گیا (پرہیز
مکمل علاج 15 دن) دوائی آٹھ دن دو وقت دودھ یا پانی سے کھائی جائے، کھانڈ 3 تولہ، خشخاش 2 تولہ،
سنگھاڑہ تولہ، پوست 2 تولہ، سب کھرل کر کے یا کوٹ کر سفوف بنالیں، خوراک 5 ماشہ یہ دوا اور مریضوں پر
کی آزمانے سے مفید ثابت ہوئی ہے

سفوف واسطے جریان کہنہ و احتلام ضعف ماسکہ و ضعف گردہ و قوت باہ کیلئے تیر بہدف ہے، قوت امساکیہ خوب لاتی ہے

مغز تخم تمہندی 2 تولہ، مصطگی رومی 2 تولہ، ثعلب مصری 2 تولہ، موصلی سفید 2 تولہ، الائچی سفید ... ماشہ، طباشیر کبود 1 تولہ، مغز خیارین 2 تولہ، مغز بنولہ 1 تولہ، زعفران 3 ماشہ، کشتہ قلعی عمدہ 2 تولہ، مصری کالپی 5 تولہ، سفوف بنادیں، خوراک 6 ماشہ صبح ہمراہ تازہ دودھ گائے ایک پاؤ کے 4 خوراک میں مفید ثابت ہوگا، 5 روز تک ترش اشیاء و قابض زیادہ گرم، سرخ مرچ وغیرہ سے پرہیز ضروری ہے

سفوف امساک

پوست خشخاس 1 ماشہ حرمل 1 ماشہ، زعفران نیم ماشہ، اسپغول 1 ماشہ، کوٹ چھان کر بوقت عصر ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرنا چاہیے، یہ ایک خوراک ہے

سفوف برائے جریان و رقت منی

یہ سفوف مادہ منویہ کو گاڑھا کرتا ہے، سیلان منی کو روکتا ہے، قوت بڑھاتا ہے، ستاور 3 تولہ، گوکھرو کلاں 3 تولہ، بیج بند 3 تولہ، تال مکھانہ 3 تولہ، تخم کونچ 3 تولہ، تخم اوٹنگن 3 تولہ، شکر سفید 26 تولہ، یعنی دو چند مجموع ادویہ خوراک 3 تولہ بوقت خواب اوپر سے ڈیڑھ پاؤ گائے کا دودھ گرم گرم پی کر سو جائیں۔

سفوف دافع کثرت احتلام و جریان

ست گلو، اسپغول، پوست بیخ بوٹی، ستیاناسی مساوی خشک کردہ کوفتہ بیختہ کر کے سفوف بنا کر صبح و شام 4 ماشہ ہمراہ شربت خشخاش خالص کے استعمال کرنا چاہیے

سفوف مغلظ منی

تخم کونچ 2 تولہ، تال مکھانہ 2 تولہ، بہمن سرخ و سفید 2، ڈھائی تولہ، تودری زرد و سفید ڈھائی، ڈھائی تولہ، ثعلب مصری ڈھائی تولہ، جاوتری ڈھائی تولہ، جوزبویہ 4 عدد، خرما سنگ شکنی پاؤ پختہ، گوکھرو پاؤ پختہ، تخم سریالی 5 تولہ، تخم اوٹنگن ڈھائی تولہ، خشخاش پاؤ پختہ، عقرقرحا 1 تولہ، سونٹھ 1 تولہ، تادر ڈھائی تولہ، شقاقل ڈھائی تولہ، سپاری 3 تولہ، گل پستہ 3 تولہ، کوٹ پیس کر سب کے دو چند شکر تری (کھانڈ) ملا کر صبح و شام ایک کف دست تازہ دودھ کے ساتھ کھائیں، بادی ترشی سے پرہیز

سفوف جریان

قوت باہ کے لئے مجرب ہے، بارہا تجربہ میں آیا ہے، آرد ماش سیاہ ساڑھے چار تولہ مقشر، ستاور، مغز سنگھاڑہ خشک، موسلین، ہر ایک 8 تولہ، فلفل دراز ڈھائی تولہ کوٹ پیس کر سفوف بنالیں، ہر روز ایک تولہ، شیرہ گاؤ جوشیدہ شیریں کردہ کے ساتھ پھانک لیا کریں، غذا خوب مرغن کھائیں، ترشی کا پرہیز ہے

سفوف برائے جریان

بیج بند تولہ، تخم سروالی تولہ، سمندر سوکھ تولہ، ہلیلہ سیاہ 4 تولہ، کوٹ چھان کر سفوف بنادیں، خوراک صرف 3 ماشہ، اگر کشتہ قلعی کے ساتھ دیں تو سفوف 8 گرام میں کشتہ قلعی ایک گرام ملا کر آٹھ خوراک

بنائیں اور ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

سفوف برائے جریان

سبز کاہی ٹھہرے ہوئے پانی پر آجاتی ہے اور حقیقت میں ایک نہایت نرم گھاس ہے۔ لے لیں اور ایک گلی سکورہ میں خوب اچھی طرح سے گل حکمت کر کے اتنی آگ دیں جس سے وہ بھسک ہو جاوے نہ جلے اور نہ کچی رہے' پھر سکورے کو سرد کر کے دوائی اندر سے نکال لیں اور برابر وزن مصری کوزہ ملا لیں' خوراک نیم ماشہ سے ایک ماشہ' چند خوراکوں سے برسوں کی بیماری جریان سرعت و احتلام بند ہو جاتا ہے' اپنی تاثیر میں جادو اثر ہے' یہ نسخہ ایک بزرگ خضر منش سے حاصل ہوا تھا۔

سفوف دافع احتلام

گلنار فارسی 1 تولہ' تخم بھنگ 1 تولہ' دونوں پیس کر پانچ حصہ کریں اور پانچ پڑیا بنائیں' پانچ روز صبح و شام ایک ایک پڑیا پھانکیں' احتلام کا نام ونشان نہ رہے گا۔

سفوف مفید جریان ہر قسم

ریش بڑھ 1 تولہ' کونپل بڑھ 10 تولہ' آرد گاجر 10 تولہ' گل مغیلاں 10 تولہ' سک سپستان خام 10 تولہ' پانچوں ادویہ کو سایہ میں خشک کر کے باریک پیس لیں' اور ہم وزن اس کے شکر تری سفید ملا دیں' خوراک 3 تولہ دودھ گائے کے ساتھ مجرب ہے' خوراک نان گندم اور گھی میں ملا کر یا چوری کر کے کھائیں' پرہیز ترش اور گرم اشیاء۔

برائے جریان منی

ماجو مدبر ساڑھے چار ماشہ' گلی یعنی گندھک 2 ماشہ' پارہ مصفا 2 تولہ' ستاور 2 تولہ' سنگ جراحت 6 تولہ' سفوف بنا کر 4 ماشہ بدرقہ عناب سے نوش کریں' ماجو عمدہ 3 تولہ لے کر دال ماش میں اتنا جوش دیں کہ ماجو نرم ہو جاویں نکال کر خشک کر لویں یہ مدبر ہیں۔

برائے امساک مجرب ہے

ہر چہار اجوائن بقدر ایک تولہ پھانک کر اوپر شیر گاؤ استعمال کریں' سہ گنا امساک ہوگا' یعنی اگر قوت پانچ منٹ قائم رہنے کی ہے تو 15 منٹ کی ہو جاوے گی۔

سفوف مقوی باہ و ممسک

کچھوا مصفا 4 حصہ' تک چھکنی ایک حصہ' شکر سفید نصف وزن' خوراک 6 ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ' جس میں چھوارا 4 عدد ڈال کر پکایا گیا ہو' یہ قیمتی نسخوں سے اچھا ہے۔

سفوف برائے جریان

بہت مفید ہے' تخم انگن' شقاقل مصری' مغز تخم تمر ہندی بریاں' مصطگی رومی' بھوسی اسپغول سروالی' تخم کونچ' زیرہ سفید' سمندر سوکھ ہر ایک ایک تولہ رال سفید 9 ماشہ' برم ڈنڈی 9 ماشہ سب کو کوٹ چھان کر شکر سفید ملا کر خوراک 9 ماشہ صبح 9 ماشہ شام۔

سفوف دافع جریان و احتلام

بارہا تجربہ کی کسوٹی پر آزمایا ہوا ہے' تال مکھانہ کند' نشاستہ آرد سنگھاڑہ مازو ہر ایک 6 تولہ' کشتہ آدھانہ 3 ماشہ' کشتہ مرجان 3 ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں' خوراک 3 ماشہ صبح و 3 ماشہ رات کو خواب کے وقت ہمراہ دودھ گاؤ۔

دوا برائے سوزاک

گندھک 2 تولہ' شورہ قلمی 4 تولہ' ہنسل دو تولہ' چونہ قلعی 16 تولہ' صدف صادق 2 تولہ' سم الفار سفید 2 تولہ' سہاگہ 3 تولہ' شب یمانی 4 تولہ' سب اشیاء کو باریک کر کے دوپہر تک لعاب گھیکوار میں اچھی طرح کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی قرص بنادیں' خشک ہونے کے بعد گل حکمت کے سیر اپلوں کی آنچ دیں' سرد ہونے کے بعد نکال کر پیس کر محفوظ رکھیں' خوراک ایک گرام کی آٹھ خوراکیں بنائیں اور ایک خوراک مکھن میں دیں اور دوسرے وقت یعنی اگر دوا صبح کو دیں تو سفوف ذیل شام کو' اگر دوا شام کو لیں تو سفوف صبح کو لیں۔

سفوف مقوی باہ

اسگند ناگوری 2 تولہ' مصری 2 تولہ' کا سفوف بنالیں اور 9 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں' منی کو زیادہ کرتا ہے اور مقوی باہ ہے۔

سفوف مغلظ منی

تج' ستاور' گوکھرو' بیج بند' تال مکھانہ' موچرس' تخم انجرہ' صمغ عربی' ہر ایک 9 ماشہ' سنگھاڑہ خشک' اسگند چنہ' گوند' شقاقل' ہر ایک 6 ماشہ' موصلی سفید 25 گرام' اس کو ہانڈی میں لٹکا دیں' اس طور پر کہ ہانڈی کے پیندے تک نہ پہنچے' پھر 5 لیٹر دودھ ڈالکر پھر کر سرپوش سے بند کر کے آٹا لگا کر ہلکی آنچ پر جوش دیں' جب نصف لیٹر رہ جائے تو پھر 5 سیر دودھ ڈال کر یہی عمل کریں' تین مرتبہ ایسا کر کے ادویہ نکال کر چینی کے تھالوں میں پھیلا کر سایہ میں سکھائیں اور سفوف کرلیں اور سوتے وقت ہتھیلی بھر کر کھائیں کریں' اگر چوتھے مرتبہ گنے کے پانی میں جوش دیں تو نہایت لذیذ اور خوش مزہ ہو جائے گا۔

دیگر

ترکیب حکیم خضر' یہ سفوف جریان منی اور کثرت پیشاب کیلئے مفید ہے' اجوائن 6 ماشہ' شاہ بلوط' تخم کاہو' موتھہ' ہر ایک 9 ماشہ' سک (ست آملا 3 ماشہ' زیرہ 6 ماشہ' تخم خرفہ 3 تولہ' ہڑ کابلی' آملہ' بہیڑہ' ہر یک 2 تولہ' سفوف بنا کر استعمال کریں' اگر سے شہد کے قوام میں معجون بنا کر 1 تولہ استعمال کریں تو بھی نافع ہے

ایضاً

دافع جریان' مغلظ منی اور ممسک ہے' تال مکھانہ بیج بن' شقاقل' موچرس' بہو پھلی' ہر ایک تولہ' گوکھرو' ثعلب مصری' مغز تخم خیار' ہر ایک 2 تولہ' موصلہ سمنبھل' تخم کونچ' گوند ببول' گوند سمنبھل' مائیں چھوٹی' مائیں بڑی' ہر ایک 9 ماشہ کو کوٹ چھان کر 9 ماشہ لے کر ہمراہ دودھ 30 گرام استعمال کریں

ایضاً

ہنسلوچن، ثعلب مصری، ست گلو، گوند پلاس، الائچی سفید، ہر یک تولہ، مصری دواؤں سے نصف وزن، سفوف کر کے صبح و شام 9 ماشہ ہمراہ گائے کے دودھ کے 2 روز تک استعمال کریں۔

ایضاً

جریان منی دور کرتا، منی بناتا اور اس کی مناسب اصلاح کرتا ہے، پھلی ببول (نہایت چھوٹے چھوٹے) لہسوڑہ (نہایت چھوٹی) دودی خورد، کونپل بڑ، چاروں دوائیں سایہ میں سکھا کر تال مکھانہ، تج موصلی سیاہ، موصلی سفید، گوکھرو، بیجبند، ثعلب مصری، پوست بیخ اونٹ کٹارہ، سورنجاں برابر لے کر کوٹ چھان کر مصری ہموزن ملا کر ہتھیلی بھر کر 21 روز تک گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔